✧✧ حضرت جابر بن عبداللہ رضی اللہ عنہما بیان کرتے ہیں' انہوں نے فتح مکہ کے موقع پر مکہ میں نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کو یہ ارشاد فرماتے ہوئے سنا' بے شک اللہ تعالیٰ اور اس کے رسول نے شراب' مردار' خنزیر اور بتوں کی خرید وفروخت کو حرام قرار دیا ہے۔ عرض کی گئی یارسول اللہ! مردار کی چربی کے بارے میں آپ کی کیا رائے ہے کیونکہ وہ کشتیوں کو لگائی جاتی ہے' چمڑے پر استعمال کی جاتی ہے' چراغ میں استعمال کی جاتی ہے۔ نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: نہیں وہ حرام ہے پھر نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے اسی موقع پر ارشاد فرمایا: اللہ تعالیٰ یہودیوں کو برباد کرے' جب اللہ تعالیٰ نے چربی کو ان کے لئے حرام قرار دیا تو انہوں نے اسے پگھلا کر فروخت کرنا شروع کر دیا' اس کی قیمت کھانا شروع کر دی۔

أخرجه البخاري في: 34 كتاب البيوع: 112 باب بيع الميتة والأصنام
رقم الجزء: 1 رقم الصفحة: 490 (جہانگیری صحیح بخاری، مطبوعہ شبیر برادرز، رقم الحدیث:2121)

1019 حديث عُمَرَ عَنِ ابْنِ عَبَّاسٍ رَضِيَ اللّٰهُ عَنْهُمَا،

قَالَ: بَلَغَ عُمَرَ أَنَّ فُلَانًا بَاعَ خَمْرًا فَقَالَ: قَاتَلَ اللّٰهُ فُلَانًا، أَلَمْ يَعْلَمْ أَنَّ رَسُوْلَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ،

رقم الحديث: **1019**

اخرجه ابومحمد الدارمی فی ''سننه'' طبع دارالکتاب العربی، بیروت، لبنان، **1407**ھ، **1987**ء، رقم الحدیث: **2104** اخرجه ابوعبدالله الشیبانی فی ''مسنده'' طبع موسسه قرطبه، قاہره، مصر، رقم الحدیث: **170** اخرجه ابوحاتم البستی فی ''صحیحه'' طبع موسسه الرساله، بیروت، لبنان، **1414**ھ/**1993**ء، رقم الحدیث: **6252** ذکره ابوبکر البیهقی فی ''سننه الکبری'' طبع مکتبه دارالباز، مکه مکرمه، سعودی عرب **1414**ھ/**1994**ء، رقم الحدیث: **18518** اخرجه ابوبکر الحمیدی فی ''مسنده'' طبع دارالکتب العلمیه، مکتبه المتنبی، بیروت، قاہره، رقم الحدیث: **14** اخرجه ابوالقاسم الطبرانی فی ''معجمه الاوسط'' طبع دارالحرمین، قاہره، مصر، **1415**ھ، رقم الحدیث: **7993** اخرجه ابوبکر الصنعانی فی ''مصنفه'' طبع المکتب الاسلامی، بیروت لبنان، (طبع ثانی) **1403**ھ، رقم الحدیث: **10046**

Marfat.com

قَالَ: قَاتَلَ اللّٰهُ الْيَهُوْدَ، حُرِّمَتْ عَلَيْهِمُ الشُّحُومُ فَجَمَلُوْهَا فَبَاعُوهَا

✧✧ حضرت ابن عباس رضی اللہ عنہما بیان کرتے ہیں' حضرت عمر رضی اللہ عنہ کو پتہ چلا کہ فلاں صاحب شراب کا کاروبار کرتے ہیں انہوں نے فرمایا: اللہ تعالیٰ فلاں شخص کو ہلاک کرے' کیا اسے پتہ نہیں ہے؟ نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے ارشاد فرمایا ہے: اللہ تعالیٰ یہود کو ہلاک کرے ان پر چربی حرام کی گئی تو انہوں نے اسے پگھلا کو فروخت کرنا شروع کر دیا۔

أخرجه البخاري في: 34 كتاب البيوع: 103 باب لا يذاب شحم الميتة ولا يباع ودكه

رقم الجزء: 1 رقم الصفحة: 490 (جہانگیری صحیح بخاری، مطبوعہ شبیر برادرز، رقم الحدیث: 2110)

1020 حديث أَبِي هُرَيْرَةَ رَضِيَ اللّٰهُ عَنْهُ،

أَنَّ رَسُوْلَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ، قَالَ: قَاتَلَ اللّٰهُ يَهُوْدَ، حُرِّمَتْ عَلَيْهِمُ الشُّحُومُ فَبَاعُوهَا وَأَكَلُوْا أَثْمَانَهَا

✧✧ حضرت ابو ہریرہ رضی اللہ عنہ بیان کرتے ہیں: نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے ارشاد فرمایا ہے: اللہ تعالیٰ یہودیوں کو ہلاک کرے ان پر چربی حرام کیا گیا تو انہوں نے اسے فروخت کرنا شروع کر دیا اور اس کی قیمت کھانا شروع کر دی۔

أخرجه البخاري في: 34 كتاب البيوع: 103 باب لا يذاب شحم الميتة ولا يباع ودكه

رقم الجزء: 1 رقم الصفحة: 490 (جہانگیری صحیح بخاری، مطبوعہ شبیر برادرز، رقم الحدیث: 2111)

•••———•••———•••

الربا

سود کا بیان

1021 حديث أَبِي سَعِيْدٍ الْخُدْرِيِّ رَضِيَ اللّٰهُ عَنْهُ،

أَنَّ رَسُوْلَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ، قَالَ: لَا تَبِيْعُوا الذَّهَبَ بِالذَّهَبِ إِلَّا مِثْلاً بِمِثْلٍ، وَلَا تَشِفُّوا بَعْضَهَا عَلَى بَعْضٍ، وَلَا تَبِيْعُوا الْوَرِقَ بِالْوَرِقِ إِلَّا مِثْلاً بِمِثْلٍ، وَلَا تَشِفُّوا بَعْضَهَا عَلَى بَعْضٍ، وَلَا تَبِيْعُوا مِنْهَا غَائِبًا بِنَاجِزٍ

رقم الحديث: **1021**

اخرجه ابوعبدالله الاصبحي في "الموطا" طبع داراحياء التراث العربي (تحقيق فواد عبدالباقي)، رقم الحديث: **1299** اخرجه ابوالحسين مسلم النيسابوري في "صحيحه" طبع داراحياء التراث العربي، بيروت، لبنان، رقم الحديث: **1584** اخرجه ابوعبدالرحمن النسائي في "سننه" طبع مكتب المطبوعات الاسلاميه، حلب، شام، **1406**ھ، **1986**ء، رقم الحديث: **4570** اخرجه ابوعبدالله الشيباني في "مسنده" [illegible] قرطبه، قاهره، مصر، رقم الحديث: **11602** اخرجه ابوحاتم البستي في "صحيحه" طبع موسسه الرساله، بيروت، لبنان، **1414**ھ/**1993**ء، رقم الحديث: **5016** ذكره ابوبكر البيهقي في "سننه الكبرى" طبع مكتبه دارالباز، مكه مكرمه، سعودي عرب **1414**ھ/**1994**ء، رقم الحديث: **10255** اخرجه ابوعبدالرحمن النسائي في "سننه" طبع مكتب المطبوعات الاسلاميه، حلب، شام، **1406**ھ، **1986**ء، رقم الحديث: **6162** اخرجه ابوجعفر الطحاوي في "شرح معاني الآثار" طبع دارالكتب العلميه، بيروت، الطبعة الاولى، **1399**ھ، رقم الحديث: **5330**

Marfat.com

✧✧ حضرت ابوسعید خدری رضی اللہ عنہ بیان کرتے ہیں: نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے ارشاد فرمایا ہے: سونے کے عوض سونے کو فروخت نہ کرو البتہ اگر برابر ہو تو ٹھیک ہے اس میں سے ایک کو دوسرے سے کم یا زیادہ نہ کرو اور چاندی کے عوض میں چاندی کا سودا نہ کرو اگر برابر ہو تو ٹھیک ہے اس میں سے ایک کو دوسرے سے کم یا زیادہ نہ کرو اور ان میں سے غیر موجود کے عوض موجود کا سودا نہ کرو۔

أخرجه البخاري في: 34 كتاب البيوع: 78 باب بيع بالفضة

رقم الجزء: 1 رقم الصفحة: 491 (جہانگیری صحیح بخاری، مطبوعہ شبیر برادرز، رقم الحدیث:2068)

•••———•••———•••

النهي عن بيع الورق بالذهب ديناً

سونے کے عوض میں چاندی کو بطور ادھار فروخت کرنے کی ممانعت

﴿1022﴾ حديث الْبَرَاءِ بْنِ عَازِبٍ وَزَيْدِ بْنِ أَرْقَمٍ رَضِيَ اللّٰهُ عَنْهُمَا،

عَنْ أَبِي الْمِنْهَالِ، قَالَ: سَأَلْتُ الْبَرَاءَ بْنَ عَازِبٍ، وَزَيْدَ بْنَ أَرْقَمٍ عَنِ الصَّرْفِ فَكُلُّ وَاحِدٍ مِّنْهُمَا يَقُوْلُ: هٰذَا خَيْرٌ مِّنِّي، فَكِلاَهُمَا يَقُوْلُ: نَهٰى رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ عَنْ بَيْعِ الذَّهَبِ بِالْوَرِقِ دَيْنًا

✧✧ ابومنہال بیان کرتے ہیں: میں نے حضرت براء بن عازب رضی اللہ عنہ سے اور حضرت زید بن ارقم رضی اللہ عنہ سے کرنسی کے لین دین کے بارے میں دریافت کیا تو ان دونوں میں سے ہر ایک نے یہ کہا: یہ مجھ سے بہتر ہیں' اور ان دونوں نے یہ بات بتائی: نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے چاندی کے عوض میں سونے کی ادھار بیع سے منع کیا ہے۔

أخرجه البخاري في: 34 كتاب البيوع: 80 باب بيع الورق بالذهب نسيئة

رقم الجزء: 1 رقم الصفحة: 491 (جہانگیری صحیح بخاری، مطبوعہ شبیر برادرز، رقم الحدیث:2070)

﴿1023﴾ حديث أَبِي بَكْرَةَ رَضِيَ اللّٰهُ عَنْهُ،

قَالَ: نَهَى النَّبِيُّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ عَنِ الْفِضَّةِ بِالْفِضَّةِ، وَالذَّهَبِ بِالذَّهَبِ إِلَّا سَوَاءً بِسَوَاءٍ، وَأَمَرَنَا أَنْ نَبْتَاعَ الذَّهَبَ بِالْفِضَّةِ كَيْفَ شِئْنَا، وَالْفِضَّةَ بِالذَّهَبِ كَيْفَ شِئْنَا

✧✧ حضرت ابوبکرہ رضی اللہ عنہ بیان کرتے ہیں، نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے چاندی کے عوض چاندی کو فروخت کرنے اور سونے کے عوض میں سونے کو فروخت کرنے سے منع کیا ہے۔ البتہ اگر برابر ہو تو درست ہے آپ نے ہمیں یہ ہدایت کی ہے کہ ہم چاندی کے عوض میں سونا خرید سکتے ہیں جیسے ہم چاہیں' یا سونے کے عوض میں چاندی خرید سکتے ہیں جیسے ہم چاہیں۔

أخرجه البخاري في: 34 كتاب البيوع: 81 باب بيع الذهب بالورق يدًا بيد

رقم الجزء: 1 رقم الصفحة: 491 (جہانگیری صحیح بخاری، مطبوعہ شبیر برادرز، رقم الحدیث:2070)

•••———•••———•••

Marfat.com

بيع الطعام مثلًا بمثل

اناج کی خرید وفروخت' برابر' برابر ہوگی (جبکہ دونوں طرف ایک ہی قسم ہو)

1024 حديث أَبِي سَعِيْدٍ الْخدْرِيِّ وَأَبِي هُرَيْرَةَ رَضِيَ اللّٰهُ عَنْهُمَا،

أَنَّ رَسُوْلَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ اسْتَعْمَلَ رَجُلاً عَلٰى خَيْبَرَ، فَجَاءَهُ بِتَمْرٍ جَنِيبٍ، فَقَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: أَكُلُّ تَمْرِ خَيْبَرَ هٰكَذَا قَالَ: لاَ، وَاللّٰهِ يَا رَسُوْلَ اللّٰهِ إِنَّا لَنَأْخُذُ الصَّاعَ مِنْ هٰذَا بِالصَّاعَيْنِ، وَالصَّاعَيْنِ بِالثَّلاَثَةِ؛ فَقَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: لاَ تَفْعَلْ، بِعِ الْجَمْعَ بِالدَّرَاهِمِ، ثُمَّ ابْتَعْ بِالدَّرَاهِمِ جَنِيبًا

✧✧ حضرت ابوسعید خدری رضی اللہ عنہ اور حضرت ابوہریرہ رضی اللہ عنہ بیان کرتے ہیں: نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے ایک شخص کو خیبر کی وصولی کا نگران مقرر کیا وہ شخص وہاں سے اچھی کھجوریں لے آیا نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے دریافت کیا: خیبر میں ساری کھجوریں اسی طرح کی ہوتی ہیں؟ اس نے عرض کی: نہیں' اللہ کی قسم! یارسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم! میں نے دوسری (عام) کھجوروں کے دو صاع کے عوض میں اس (عمدہ) کا ایک صاع وصول کیا ہے اور ان کے تین صاع کے عوض میں اس کے دو صاع وصول کئے ہیں نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: اب ایسا نہ کرنا! بلکہ کھجوریں درہموں کے عوض میں فروخت کردو پھر ان درہموں کے ذریعے اچھی کھجوریں خرید لو۔

أخرجه البخاري في: 34 كتاب البيوع: 89 باب إذا باع تمر بتمر خير منه

رقم الجزء: 1 رقم الصفحة: 492 (جہانگیری صحیح بخاری مطبوعہ شبیر برادرز، رقم الحدیث: 2089)

1025 حديث أَبِي سَعِيْدٍ الْخُدْرِيِّ رَضِيَ اللّٰهُ عَنْهُ،

قَالَ: جَاءَ بِلاَلٌ إِلَى النَّبِيِّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ بِتَمْرٍ بَرْنِيٍّ، فَقَالَ لَهُ النَّبِيُّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: مِنْ أَيْنَ هٰذَا قَالَ بِلاَلٌ: كَانَ عِنْدَنَا تَمْرٌ رَدِيٌّ، فَبِعْتُ مِنْهُ صَاعَيْنِ بِصَاعٍ لِنُطْعِمَ النَّبِيَّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ فَقَالَ النَّبِيُّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ عِنْدَ ذٰلِكَ أَوَّهْ أَوَّهْ عَيْنُ الرِّبَا عَيْنُ الرِّبَا لاَ تَفْعَلْ وَلٰكِنْ إِذَا أَرَدْتَ أَنْ تَشْتَرِيَ، فَبِعِ التَّمْرَ

رقم الحديث: 1024

اخرجه ابوعبدالله الاصبحی فی "الموطا" طبع داراحیاء التراث العربی، تحقیق فواد عبدالباقی، رقم الحدیث: 1292 اخرجه ابوالحسین مسلم النیسابوری فی "صحیحه" طبع داراحیاء التراث العربی، بیروت، لبنان، رقم الحدیث: 1593 اخرجه ابوعبدالرحمن النسائی فی "سننه" طبع مکتب المطبوعات الاسلامیه، حلب، شام، 1406ھ، 1986ء، رقم الحدیث: 4553 اخرجه ابومحمد الدارمی فی "سننه" طبع دارالکتاب العربی، بیروت، لبنان، 1407ھ، 1987ء، رقم الحدیث: 2577 اخرجه ابوالحسن الدارقطنی فی "سننه" طبع دارالمعرفة، بیروت، لبنان، 1966ء / 1386ھ، رقم الحدیث: 54 ذکره ابوبکر البیهقی فی "سننه الکبری" طبع مکتبه دارالباز، مکه مکرمه، سعودی عرب، 1414ھ، 1994ء، رقم الحدیث: 10298 اخرجه ابوعبدالرحمن النسائی فی "سننه" طبع مکتب المطبوعات الاسلامیه، حلب، شام، 1406ھ، 1986ء، رقم الحدیث: 6145 اخرجه ابوجعفر الطحاوی فی "شرح معانی الآثار" طبع دارالکتب العلمیه، بیروت، الطبعة الاولی، 1399ھ، رقم الحدیث: 5332

Marfat.com

بِبَيْعٍ اٰخَرَ ثُمَّ اشْتَرِهِ

✧✧ حضرت ابوسعید خدری رضی اللہ عنہ بیان کرتے ہیں' حضرت بلال رضی اللہ عنہ نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کی خدمت میں برنی (عمدہ) کھجوریں لے کر حاضر ہوئے تو نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: یہ کہاں سے آئی ہیں؟ حضرت بلال رضی اللہ عنہ نے عرض کی: ہمارے پاس کچھ ردی کھجوریں تھیں میں نے ان کے ایک صاع کے عوض ان کے دو صاع فروخت کر دیئے تا کہ میں نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کو اچھی کھجوریں کھلاؤں، نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: افوہ! افوہ! یہ تو سود ہے مکمل سود ہے تم ایسا نہ کرو، جب تم نے ایسی کوئی چیز خریدنی ہو تو پہلے عام کھجوروں کو کسی دوسری چیز کے عوض میں فروخت کرو اور پھر اس کے عوض میں اسے خرید لو۔

أخرجه البخاري في: 40 كتاب الوكالة: 11 باب إذا باع الوكيل شيئًا فاسدًا فبيعه مردود

رقم الجزء: 1 رقم الصفحة: 492 (جہانگیری صحیح بخاری مطبوعہ شبیر برادرز، رقم الحدیث:2188)

1026 حديث أَبِي سَعِيْدٍ رَضِيَ اللّٰهُ عَنْهُ،

قَالَ: كُنَّا نُرْزَقُ تَمْرَ الْجَمْعِ، وَهُوَ الْخِلْطُ مِنَ التَّمْرِ، وَكُنَّا نَبِيْعُ صَاعَيْنِ بِصَاعٍ، فَقَالَ النَّبِيُّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: لاَ صَاعَيْنِ بِصَاعٍ، وَلاَ دِرْهَمَيْنِ بِدِرْهَمٍ

✧✧ حضرت ابوسعید خدری رضی اللہ عنہ بیان کرتے ہیں: ہمیں (مختلف اقسام کی) ملی ہوئی کھجوریں ملا کرتی تھیں تو ہم ایک صاع کے عوض میں دو صاع فروخت کر دیتے تھے۔ نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے ارشاد فرمایا: (ایک ہی قسم کی چیز کے) ایک صاع کے عوض میں دو صاع فروخت نہیں کئے جا سکتے اور ایک درہم کے عوض دو درہم فروخت نہیں کئے جا سکتے۔

أخرجه البخاري في: 34 كتاب البيوع: 20 باب بيع الخلط من التمر

رقم الجزء: 1 رقم الصفحة: 493 (جہانگیری صحیح بخاری مطبوعہ شبیر برادرز، رقم الحدیث:1974)

1027 حديث أَبِي سَعِيْدٍ الْخُدْرِيِّ رَضِيَ اللّٰهُ عَنْهُ

وَأُسَامَةَ عَنْ أَبِي صَالِحٍ الزَّيَّاتِ أَنَّهُ سَمِعَ أَبَا سَعِيْدٍ الْخُدْرِيَّ رَضِيَ اللّٰهُ عَنْهُ، يَقُوْلُ: الدِّيْنَارُ بِالدِّيْنَارِ وَالدِّرْهَمُ بِالدِّرْهَمِ (قَالَ) فَقُلْتُ لَهُ: فَإِنَّ ابْنَ عَبَّاسٍ لاَ يَقُوْلُهُ: فَقَالَ أَبُوْ سَعِيْدٍ: سَأَلْتُهُ فَقُلْتُ سَمِعْتَهُ مِنَ النَّبِيِّ

رقم الحديث : 1025

اخرجه ابوعبدالرحمن النسائی فی ''سننه'' طبع مکتب المطبوعات الاسلامیه، حلب شام، 1406ھ، 1986ء، رقم الحدیث:4557 اخرجه ابوعبدالله الشیبانی فی ''مسنده'' طبع موسسه قرطبه، قاہره، مصر، رقم الحدیث: 11613 اخرجه ابوعبدالرحمن النسائی فی ''سننه'' طبع مکتب المطبوعات الاسلامیه، حلب، شام، 1406ھ، 1986ء، رقم الحدیث:6149 ذکره ابوبکر البیهقی فی ''سننه الکبریٰ'' طبع مکتبه دار الباز، مکه مکرمه، سعودی عرب 1414ھ/1994ء، رقم الحدیث:10347 اخرجه ابویعلی الموصلی فی ''مسنده'' طبع دارالمامون للتراث، دمشق، شام، 1404ھ-1984ء، رقم الحدیث:5710 اخرجه ابوحاتم البستی فی ''صحیحه'' طبع موسسه الرساله، بیروت، لبنان، 1414ھ/1993ء، رقم الحدیث: 5022 اخرجه ابوالحسین مسلم النیسابوری فی ''صحیحه'' طبع داراحیاء التراث العربی، بیروت، لبنان، رقم الحدیث:1594 اخرجه ابوبکر الکوفی، فی ''مصنفه'' طبع مکتبه الرشد، ریاض، سعودی عرب، (طبع اول) 1409ھ، رقم الحدیث:22490

Marfat.com

صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ أَوْ وَجَدْتَهُ فِي كِتَابِ اللّٰهِ قَالَ كُلُّ ذٰلِكَ لاَ أَقُولُ، وَأَنْتُمْ أَعْلَمُ بِرَسُوْلِ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ مِنِّي، وَلٰكِنَّنِي أَخْبَرَنِي أُسَامَةُ أَنَّ النَّبِيَّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَالَ: لاَ رِبَا إِلَّا فِي النَّسِيئَةِ

✧✧ ابوصالح زیات بیان کرتے ہیں' حضرت ابوسعید خدری رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں: دینار کے عوض میں دینار کا سودا ہوسکتا ہے اور درہم کے عوض میں درہم کا سودا ہوسکتا ہے میں نے ان سے کہا: حضرت ابن عباس رضی اللہ عنہ تو یہ فتویٰ نہیں دیتے ہیں۔ حضرت ابوسعید خدری نے کہا: میں نے ان سے دریافت کیا' کیا آپ نے نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کی زبانی یہ بات سنی ہے یا پھر اللہ کی کتاب میں یہ حکم پایا ہے انہوں نے جواب دیا: ایسی کوئی بات نہیں ہے یعنی ان میں سے کوئی بات نہیں۔

آپ نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کے بارے میں مجھ سے زیادہ جانتے ہیں البتہ حضرت اُسامہ رضی اللہ عنہ نے مجھے یہ بات بتائی تھی کہ نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا ہے: سود صرف ادھار کے سودے میں ہوتا ہے۔

أخرجه البخاري في: 34 كتاب البيوع: 79 باب بيع الدينار بالدينار نسأ

رقم الجزء: 1 رقم الصفحة: 493 (جہانگیری صحیح بخاری مطبوعہ شبیر برادرز، رقم الحدیث: 2069)

•••————•••————•••

أخذ الحلال وترك الشبهات

حلال چیز کو حاصل کرنا اور مشتبہ چیز کو چھوڑ دینا

1028 ۔ حديث النُّعْمَانِ بْنِ بَشِيرٍ رَضِيَ اللّٰهُ عَنْهُ،

قَالَ: سَمِعْتُ رَسُوْلَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ يَقُوْلُ: الْحَلاَلُ بَيِّنٌ، وَالْحَرَامُ بَيِّنٌ، وَبَيْنَهُمَا مُشَبَّهَاتٌ لاَ يَعْلَمُهَا كَثِيْرٌ مِّنَ النَّاسِ؛ فَمَنِ اتَّقَى الْمُشَبَّهَاتِ اسْتَبْرَأَ لِدِيْنِهِ وَعِرْضِهِ، وَمَنْ وَّقَعَ فِي الشُّبُهَاتِ كَرَاعٍ يَرْعَى

رقم الحديث : **1028**

خرجه ابوالحسين مسلم النيسابوري في "صحيحه" طبع داراحياء التراث العربي، بيروت، لبنان، رقم الحديث: **1599** خرجه ابوداؤد سجستاني في "سننه" طبع دارالفكر، بيروت، لبنان، رقم الحديث: **3329** اخرجه ابوعيسى الترمذي في "جامعه" طبع دار احياء التراث العربي، بيروت، لبنان، رقم الحديث: **1205**، اخرجه ابوعبدالرحمن النسائي في "سننه" طبع مكتب المطبوعات الاسلاميه، حلب، شام، **1406**ھ، **1986**ء، رقم الحديث: **4453** اخرجه ابوعبدالله القزويني في "سننه" طبع دارالفكر، بيروت، لبنان، رقم الحديث: **3984** اخرجه ابومحمد الدارمي في "سننه" طبع دارالكتاب العربي، بيروت، لبنان، **1407**ھ، **1987**ء، رقم الحديث: **2531** اخرجه ابوعبدالله الشيباني في "مسنده" طبع موسسه قرطبه، قاهره، مصر، رقم الحديث: **18394** اخرجه ابوحاتم البستي في "صحيحه" طبع موسسه الرساله، بيروت، لبنان، **1414**ھ / **1993**ء، رقم الحديث: **721** اخرجه ابوعبدالرحمن النسائي في "سننه" طبع مكتب المطبوعات الاسلاميه، حلب، شام، **1406**ھ، **1986**ء، رقم الحديث: **5219** ذكره ابوبكر البيهقي في "سننه الكبرىٰ" طبع مكتبه دارالباز، مكه مكرمه، سعودي عرب **1414**ھ / **1994**ء، رقم الحديث: **10180** اخرجه ابويعلى الموصلي في "مسنده" طبع دارالمامون للتراث، دمشق، شام، **1404**ھ، **1984**ء، رقم الحديث: **1653** اخرجه ابوالقاسم الطبراني في "معجمه الاوسط" طبع دارالحرمين، قاهره، مصر، **1415**ھ، رقم الحديث: **1735**

Marfat.com

حَوْلَ الْحِمٰى يُوشِكُ أَنْ يُّوَاقِعَهُ؛ أَلاَ وَإِنَّ لِكلِّ مَلِكٍ حِمًى، أَلاَ إِنَّ حِمٰى اللّٰهِ فِيْ أَرْضِهِ مَحَارِمُهُ، أَلاَ وَإِنَّ فِي الْجَسَدِ مُضْغَةً إِذَا صَلَحَتْ صَلَحَ الْجَسَدُ كُلُّهُ، وَإِذَا فَسَدَتْ فَسَدَ الْجَسَدُ كُلُّهُ، أَلاَ وَهِيَ الْقَلْبُ

✧✧ حضرت نعمان بن بشیر رضی اللہ عنہ روایت کرتے ہیں: میں نے نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کو یہ ارشاد فرماتے ہوئے سنا ہے: ''حلال بھی واضح ہے اور حرام بھی واضح ہے اور ان دونوں کے درمیان کچھ امور مشتبہ ہیں جن کے بارے میں بہت سے لوگ یہ نہیں جانتے (یہ حرام ہیں یا حلال ہیں) پس جو شخص ایسی مشتبہ چیزوں سے بچے گا' وہ اپنا دین اور اپنی عزت محفوظ کر لے گا اور جو شخص ایسی کسی مشتبہ چیز میں گرفتار ہو گیا تو اس کی مثال اس چرواہے کی مانند ہو گی جو (اپنے جانوروں کو بادشاہ کی) چراگاہ کے آس پاس چرنے کے لیے چھوڑ دیتا ہے اس بات کا امکان موجود ہے کہ کوئی جانور اس چراگاہ میں داخل ہو جائے۔ خبردار! ہر بادشاہ کی ایک مخصوص چراگاہ ہوتی ہے اور اللہ تعالیٰ کی چراگاہ دنیا میں اس کی حرام کردہ اشیاء ہیں۔ جان لو! جسم میں گوشت کا ایک ٹکڑا ہے جب وہ درست ہو تو پورا جسم تندرست ہوتا ہے اور جب وہ خراب ہو جائے تو پورا جسم خراب ہو جاتا ہے۔ خبردار! (گوشت کا وہ ٹکڑا) دل ہے۔

أخرجه البخاري في: 2 كتاب الإيمان: 39 باب فضل من استبرأ لدينه

رقم الجزء: أرقم الصفحة: 494 (جہانگیری صحیح بخاری، مطبوعہ شبیر برادرز، رقم الحدیث:52)

•••———•••———•••

بيع الْبعير واستثناء ركوبه

اونٹ کو فروخت کرنا اور (مخصوص مدت کے لئے) اُس پر سوار ہونے کا استثناء کر لینا

1029 ◦ حديث جَابِرٍ رَضِيَ اللّٰهُ عَنْهُ،

أَنَّهُ كَانَ يَسِيرُ عَلٰى جَمَلٍ لَّهُ قَدْ أَعْيَا، فَمَرَّ النَّبِيُّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ فَضَرَبَهُ، فَدَعَالَهُ، فَسَارَ بِسَيْرٍ لَيْسَ يَسِيرُ مِثْلَهُ. ثُمَّ قَالَ: بِعْنِيهِ بِوَقِيَّةٍ قُلْتُ: لاَ ثُمَّ قَالَ: بِعْنِيهِ بِوَقِيَّةٍ فَبِعْتُهُ، فَاسْتَثْنَيْتُ حُمْلاَنَهُ إِلٰى أَهْلِي، فَلَمَّا قَدِمْنَا أَتَيْتُهُ بِالْجَمَلِ. وَنَقَدَنِي ثَمَنَهُ، ثُمَّ انْصَرَفْتُ، فَأَرْسَلَ عَلٰى إِثْرِي، قَالَ: مَا كُنْتُ لآخُذَ جَمَلَكَ، فَخُذْ جَمَلَكَ ذٰلِكَ فَهُوَ مَالُكَ

✧✧ حضرت جابر رضی اللہ عنہ بیان کرتے ہیں: وہ ایک ایسے اونٹ پر سفر کر رہے تھے جو تھک چکا تھا' نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم (ان کے پاس سے) گزرے تو آپ نے (چھڑی کے ذریعے) اُسے مارا اور اُس کے لیے دعا کی تو وہ اِس طرح (تیزی کے ساتھ) چلنے لگا کہ پہلے اس طرح نہیں چلتا تھا (یا اُس کی مانند تیزی کے ساتھ کوئی نہیں چلتا تھا) پھر آپ صلی اللہ علیہ وسلم نے ارشاد فرمایا: تم ایک اوقیہ کے عوض میں یہ (اونٹ) مجھے فروخت کر دو۔ تو میں نے' اپنے گھر پہنچنے تک اس پر سوار رہنے کا استثناء کر لیا جب ہم لوگ (مدینہ منورہ) آ گئے تو میں اونٹ کے ہمراہ آپ کی خدمت میں حاضر ہوا آپ نے اس کی قیمت مجھے ادا کی' جب میں واپسی کے لیے چل پڑا تو آپ صلی اللہ علیہ وسلم نے میرے پیچھے (پیغام بھیج کر) مجھے بلوایا اور ارشاد فرمایا: میں تمہارا اونٹ حاصل نہیں کرنا چاہتا تھا تم اپنا اونٹ لے لو' اور یہ مال بھی تمہارا ہے۔

Marfat.com

أخرجه البخاري في: 54 كتاب الشروط: 4 باب إذا اشترط البائع ظهر الدابة إلى مكان مسمى جاز

رقم الجزء: 1 رقم الصفحة: 494 (جہانگیری صحیح بخاری مطبوعہ شبیر برادرز رقم الحدیث 2569)

1030 حديث جَابِرِ بْنِ عَبْدِ اللّٰهِ رَضِيَ اللّٰهُ عَنْهُمَا،

قَالَ: غَزَوْتُ مَعَ رَسُوْلِ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ، قَالَ: فَتَلاَحَقَ بِيَ النَّبِيُّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ وَأَنَا عَلَى نَاضِحٍ لَنَا قَدْ أَعْيَا فَلاَ يَكَادُ يَسِيرُ، فَقَالَ لِيْ: مَا لِبَعِيْرِكَ قَالَ: قُلْتُ: عَيِيَ قَالَ: فَتَخَلَّفَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ فَزَجَرَهُ وَدَعَا لَهُ، فَمَا زَالَ بَيْنَ يَدَيِ الْإِبِلِ قُدَّامَهَا يَسِيرُ، فَقَالَ لِيْ: كَيْفَ تَرَى بَعِيْرَكَ قَالَ قُلْتُ: بِخَيْرٍ، قَدْ أَصَابَتْهُ بَرَكَتُكَ قَالَ: أَفَتَبِيْعُنِيهِ قَالَ: فَاسْتَحْيَيْتُ، وَلَمْ يَكُنْ لَنَا نَاضِحٌ غَيْرُهُ، قَالَ فَقُلْتُ: نَعَمْ قَالَ: فَبِعْنِيهِ فَبِعْتُهُ إِيَّاهُ عَلَى أَنَّ لِيْ فَقَارَ ظَهْرِهِ حَتَّى أَبْلُغَ الْمَدِيْنَةَ، قَالَ، فَقُلْتُ: يَا رَسُوْلَ اللّٰهِ إِنِّي عَرُوسٌ فَاسْتَأْذَنْتُهُ فَأَذِنَ لِيْ فَتَقَدَّمْتُ النَّاسَ إِلَى الْمَدِيْنَةِ، حَتَّى أَتَيْتُ الْمَدِيْنَةَ، فَلَقِيَنِيْ خَالِيْ فَسَأَلَنِيْ عَنِ الْبَعِيْرِ، فَأَخْبَرْتُهُ بِمَا صَنَعْتُ فِيْهِ فَلاَمَنِيْ قَالَ: وَقَدْ كَانَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَالَ لِيْ حِيْنَ اسْتَأْذَنْتُهُ: هَلْ تَزَوَّجْتَ بِكْرًا أَمْ ثَيِّبًا فَقُلْتُ: تَزَوَّجْتُ ثَيِّبًا فَقَالَ: هَلَّا تَزَوَّجْتَ بِكْرًا تُلاَعِبُهَا وَتُلاَعِبُكَ قُلْتُ يَا رَسُوْلَ اللّٰهِ تُوُفِّيَ وَالِدِي، أَوِ اسْتُشْهِدَ وَلِيْ أَخَوَاتٌ صِغَارٌ، فَكَرِهْتُ أَنْ أَتَزَوَّجَ مِثْلَهُنَّ فَلاَ تُؤَدِّبُهُنَّ وَلاَ تَقُوْمُ عَلَيْهِنَّ، فَتَزَوَّجْتُ ثَيِّبًا لِتَقُوْمَ عَلَيْهِنَّ وَتُؤَدِّبُهُنَّ قَالَ: فَلَمَّا قَدِمَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ الْمَدِيْنَةَ، غَدَوْتُ عَلَيْهِ بِالْبَعِيْرِ، فَأَعْطَانِيْ ثَمَنَهُ وَرَدَّهُ عَلَيَّ

✧✧ حضرت جابر بن عبداللہ رضی اللہ عنہ بیان کرتے ہیں' میں نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کے ہمراہ ایک جنگ میں شریک ہوا نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم میرے قریب آئے میں اس وقت ایک ایسے اونٹ پر سوار تھا جو تھک چکا تھا اور چل نہیں رہا تھا آپ نے دریافت کیا تمہارے اونٹ کو کیا ہوا ہے؟ میں نے عرض کی: یہ تھک چکا ہے۔ حضرت جابر رضی اللہ عنہ بیان کرتے ہیں' نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم مجھ سے پیچھے ہوئے آپ نے اس اونٹ کو زجر کیا اس کے لیے دعا کی' تو وہ تمام اونٹوں سے آگے نکلنے لگا آپ نے مجھ سے دریافت کیا: اب تمہارے اونٹ کا کیا حال ہے؟ میں نے عرض کی: بہت بہتر ہے۔ اسے آپ کی برکت نصیب ہوئی ہے۔ نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے دریافت کیا، کیا تم اسے مجھے فروخت کرو گے۔ حضرت جابر رضی اللہ عنہ بیان کرتے ہیں' مجھے شرم آ گئی کیونکہ میرے پاس اس کے علاوہ اور کوئی اونٹ نہیں تھا میں نے عرض کی: جی ہاں۔ نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: پھر تم یہ مجھے فروخت کر دو! میں نے وہ آپ کو فروخت کر دیا اس شرط پر کہ میں مدینہ منورہ پہنچنے تک اس پر سوار رہوں گا۔

حضرت جابر رضی اللہ عنہ بیان کرتے ہیں' میں نے عرض کی: یارسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم! میری نئی نئی شادی ہوئی ہے میں نے آپ سے اجازت لی تو آپ نے مجھے اجازت دے دی میں لوگوں سے پہلے مدینہ منورہ آ گیا۔ جب میں مدینہ منورہ آیا تو میرے ماموں مجھ سے ملے انہوں نے مجھ سے اونٹ کے بارے میں دریافت کیا: میں نے اس کا جو سودا کیا تھا میں نے اس کے بارے میں انہیں بتایا تو انہوں نے مجھے ملامت کی۔

Marfat.com

حضرت جابر رضی اللہ عنہ بیان کرتے ہیں' جب میں نے نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم سے اجازت لی تو آپ نے مجھ سے دریافت کیا: کیا تم نے کنواری لڑکی کے ساتھ شادی کی ہے یا طلاق یافتہ کے ساتھ؟ میں نے عرض کی: طلاق یافتہ کے ساتھ۔ آپ نے دریافت کیا: تم نے کسی کنواری لڑکی کے ساتھ شادی کیوں نہیں کی؟ تا کہ وہ تمہارے ساتھ خوش مزاجی کرتی اور تم اس کے ساتھ خوش مزاجی کرتے' میں نے عرض کی: یارسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم! میرے والد فوت ہو چکے ہیں (راوی کو شک ہے شاید یہ لفظ ہیں: شہید ہو چکے ہیں) میری کمسن بہنیں ہیں مجھے یہ اچھا نہیں لگا کہ میں ان کی ہم عمر لڑکی کے ساتھ شادی کرلوں جو ان کی تربیت بھی نہ کر سکے اور ان کا خیال بھی نہ رکھ سکے اس لیے میں نے طلاق یافتہ کے ساتھ شادی کر لی ہے تا کہ وہ ان کا خیال رکھے اور ان کی تربیت کرے۔

حضرت جابر رضی اللہ عنہ بیان کرتے ہیں' جب نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم مدینہ منورہ تشریف لائے اور میں اونٹ لے کر آپ کی خدمت میں حاضر ہوا تو آپ نے اس کی قیمت بھی مجھے عطا کی اور وہ اونٹ بھی مجھے واپس کر دیا۔

أخرجه البخاري في: 56 كتاب الجهاد: 113 باب استئذان الرجل الإمام

رقم الجزء: 1 رقم الصفحة: 495 (جہانگیری صحیح بخاری، مطبوعہ شبیر برادرز، رقم الحدیث:2805)

1031 حديث جَابِرِ بْنِ عَبْدِ اللّٰهِ رَضِيَ اللّٰهُ عَنْهُمَا،

قَالَ: اشْتَرَى مِنِّي النَّبِيُّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ بَعِيرًا بِوَقِيَّتَيْنِ وَدِرْهَمٍ أَوْ دِرْهَمَيْنِ، فَلَمَّا قَدِمَ صِرَارًا أَمَرَ بِبَقَرَةٍ فَذُبِحَتْ، فَأَكَلُوا مِنْهَا، فَلَمَّا قَدِمَ الْمَدِينَةَ أَمَرَنِي أَنْ آتِيَ الْمَسْجِدَ فَأُصَلِّيَ رَكْعَتَيْنِ، وَوَزَنَ لِي ثَمَنَ الْبَعِيرِ

✧✧ حضرت جابر بن عبداللہ رضی اللہ عنہما بیان کرتے ہیں' نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے مجھ سے ایک اونٹ خریدا تھا جو دو اوقیہ اور دو یا شاید ایک درہم کے عوض میں تھا۔

جب آپ صلی اللہ علیہ وسلم ''صرار'' تشریف لائے تو آپ کے حکم سے ایک گائے ذبح کی گئی لوگوں نے اس کا گوشت کھالیا۔

اس کے بعد جب مدینہ منورہ تشریف لائے تو آپ نے ہدایت کی: میں مسجد میں آ کر دو رکعت ادا کروں پھر آپ نے مجھے اونٹ کی قیمت وزن کروا کر دی۔

أخرجه البخاري في: 56 كتاب الجهاد: 199 باب الطعام عند القدوم

رقم الجزء: 1 رقم الصفحة: 496 (جہانگیری صحیح بخاری، مطبوعہ شبیر برادرز، رقم الحدیث:2923)

•••————•••————•••

رقم الحديث 1031:

اخرجه ابوداؤد السجستانی فی ''سننه'' طبع دارالفکر بیروت، لبنان، رقم الحدیث: **3747** اخرجه ابوعبدالله الشیبانی فی ''مسنده'' طبع موسسه قرطبه، قاهره، مصر، رقم الحدیث: **14251** ذکره ابوبکر البیهقی فی ''سننه الکبریٰ'' طبع مکتبه دارالباز، مکه مکرمه، سعودی عرب **1414**ھ/**1994**ء، رقم الحدیث: **10160** اخرجه ابوالحسن الجوہری فی ''مسنده'' طبع موسسه نادر، بیروت، لبنان، **1410**ھ/**1990**ء، رقم الحدیث: **727**

Marfat.com

من استسلف شيئًا فقضى خيرًا منه وخير كم أحسنكم قضاء

جو شخص کوئی چیز ادھار لے تو (قرض واپس کرتے ہوئے) اس سے بہتر چیز ادا کریں (ارشاد نبوی ہے) ''تم میں سب سے بہتر وہ شخص ہے جو اچھے طریقے سے قرض ادا کرے''

1032 حديث أَبِي هُرَيْرَةَ رَضِيَ اللّٰهُ عَنْهُ،

أَنَّ رَجُلاً أَتَى النَّبِيَّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ يَتَقَاضَاهُ فَأَغْلَظَ، فَهَمَّ بِهِ أَصْحَابُهُ، فَقَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: دَعُوهُ، فَإِنَّ لِصَاحِبِ الْحَقِّ مَقَالاً ثُمَّ قَالَ: أَعْطُوهُ سِنًّا مِثْلَ سِنِّهِ قَالُوْا: يَا رَسُوْلَ اللّٰهِ إِلَّا أَمْثَلَ مِنْ سِنِّهِ فَقَالَ: أَعْطُوهُ، فَإِنَّ مِنْ خَيْرِكُمْ أَحْسَنُكُمْ قَضَاءً

✧✧ حضرت ابوہریرہ رضی اللہ عنہ بیان کرتے ہیں ایک شخص نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کی خدمت میں حاضر ہوا (قرض کی واپسی کا) تقاضا کرنے لگا اس نے ذرا سخت لہجے میں گفتگو کی صحابہ کرام رضی اللہ عنہم اسے مارنے کے لئے بڑھے، نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: اسے چھوڑ دو جس شخص کا حق ہو اسے بات کہنے کا حق ہوتا ہے۔ پھر آپ نے فرمایا: اسے اس کے اونٹ کی مانند ایک اونٹ دے دو، لوگوں نے عرض کی: یارسول اللہ! اس کے اونٹ سے بہتر اونٹ ہے، نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: اسے وہی دے دو کیونکہ تم میں سب سے بہتر شخص وہی ہوتا ہے جو قرض بہتر طریقے سے ادا کرے۔

أخرجه البخاري في: 40 كتاب الوكالة: 6 باب الوكالة في قضاء الديون

رقم الجزء: 1 رقم الصفحة: 497 (جہانگیری صحیح بخاری مطبوعہ شبیر برادرز، رقم الحدیث 2183)

•••———•••———•••

الرهن وجوازه في الحضر كالسفر

رہن کا بیان، سفر کی طرح، حضر میں اس کا جائز ہونا

1033 حديث عَائِشَةَ رَضِيَ اللّٰهُ عَنْهَا،

أَنَّ النَّبِيَّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ اشْتَرَى طَعَامًا مِنْ يَهُوْدِيٍّ إِلَى أَجَلٍ، وَرَهَنَهُ دِرْعًا مِنْ حَدِيْدٍ

✧✧ سیدہ عائشہ صدیقہ رضی اللہ عنہا بیان کرتی ہیں: نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے ایک یہودی سے غلہ خریدا جو طے شدہ مدت کے ادھار کے عوض میں تھا اور آپ نے اپنی لوہے کی زرہ اس کے پاس رہن رکھ دی۔

رقم الحديث: 1033

خرجه ابوالحسين مسلم النيسابوري في "صحيحه" طبع دار احياء التراث العربي بيروت لبنان، رقم الحديث: 1603 خرجه ابوعبدالرحمن النسائي في "سننه" طبع مكتب المطبوعات الاسلامية حلب شام، 1406ھ 1986ء، رقم الحديث: 4609 اخرجه ابوعبدالله القزويني في "سننه" طبع دار الفكر بيروت لبنان، رقم الحديث: 2436 اخرجه ابوعبدالله الشيباني في "مسنده" طبع مؤسسة

Marfat.com

أخرجه البخاري في: 34 كتاب البيوع: 14 باب شراء النبي صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ بالنسيئة
رقم الجزء: 1 رقم الصفحة: 497 (جہانگیری صحیح بخاری، مطبوعہ شبیر برادرز، رقم الحدیث:1962)

•••———•••———•••

السلم

بیع سلم کا بیان

1034 حديث ابْنُ عَبَّاسٍ رَضِيَ اللّٰهُ عَنْهُمَا،

قَالَ: قَدِمَ النَّبِيُّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ الْمَدِيْنَةَ وَهُمْ يُسْلِفُوْنَ بِالتَّمْرِ السَّنَتَيْنِ وَالثَّلاَثَ، فَقَالَ: مَنْ أَسْلَفَ فِيْ شَيْءٍ فَفِيْ كَيْلٍ مَعْلُومٍ وَوَزْنٍ مَعْلُومٍ إِلٰى أَجَلٍ مَعْلُومٍ

✧✧ حضرت ابن عباس رضی اللہ عنہما بیان کرتے ہیں' جب نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم مدینہ منورہ تشریف لائے تو لوگ دو یا تین سال کے لئے کھجوروں میں بیع سلم کر لیتے تھے آپ نے فرمایا: جس شخص نے سلم کرنی ہو اسے معین ماپ یا معین وزن کی معین مدت کے لئے بیع سلم کرنی چاہیے۔

یہی روایت ایک اور سند کے ہمراہ بھی منقول ہے تاہم اس میں الفاظ کا کچھ اختلاف ہے۔

أخرجه البخاري في: 35 كتاب السلم: 2 باب السلم فِيْ وزن معلوم
رقم الجزء: 1 رقم الصفحة: 498 (جہانگیری صحیح بخاری، مطبوعہ شبیر برادرز، رقم الحدیث:2125)

•••———•••———•••

النهي عن الحلف في البيع
سودے میں قسم اٹھانے کی ممانعت

1035 حديث أَبِيْ هُرَيْرَةَ رَضِيَ اللّٰهُ عَنْهُ،

بقیہ حاشیہ رقم الحدیث: **1033** قرطبہ، قاہرہ، مصر، رقم الحدیث: **24192** اخرجہ ابوحاتم البستی فی "صحیحہ" طبع موسسہ الرسالہ، بیروت، لبنان، **1414**ھ/**1993**ء، رقم الحدیث: **5938** اخرجہ ابوعبدالرحمن النسائی فی "سننہ" طبع مکتب المطبوعات الاسلامیہ، حلب، شام، **1406**ھ، **1986**ء، رقم الحدیث: **6202** ذکرہ ابوبکر البیہقی فی "سننہ الکبریٰ" طبع مکتبہ دارالباز، مکہ مکرمہ، سعودی عرب **1414**ھ/**1994**ء، رقم الحدیث: **10871** اخرجہ ابن راہویہ الحنظلی فی "مسندہ" طبع مکتبہ الایمان، مدینہ منورہ، (طبع اول) **1412**ھ/**1991**ء، رقم الحدیث: **1962** اخرجہ ابوبکر الکوفی، فی "مصنفہ" طبع مکتبہ الرشد، ریاض، سعودی عرب، (طبع اول) **1409**ھ، رقم الحدیث:**20014**

رقم الحدیث: **1035**: اخرجہ ابوالحسین مسلم النیسابوری فی "صحیحہ" طبع داراحیاء التراث العربی، بیروت، لبنان، رقم الحدیث:**1606** اخرجہ ابوداؤد السجستانی فی "سننہ"، طبع دارالفکر، بیروت، لبنان، رقم الحدیث:**3335** اخرجہ ابوعبدالرحمن النسائی فی "سننہ" طبع مکتب المطبوعات الاسلامیہ، حلب، شام، **1406**ھ، **1986**ء، رقم الحدیث:**4460** اخرجہ ابو عبداللہ القزوینی فی

Marfat.com

قَالَ: سَمِعْتُ رَسُوْلَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ يَقُوْلُ: اَلْحَلِفُ مَنْفَقَةٌ لِلسِّلْعَةِ، مَمْحَقَةٌ لِلْبَرَكَةِ

✧✧ حضرت ابوہریرہ رضی اللہ عنہ بیان کرتے ہیں' میں نے نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کو یہ ارشاد فرماتے ہوئے سنا ہے: قسم اٹھانے سے سامان بک جاتا ہے مگر برکت ختم ہو جاتی ہے۔

أخرجه البخاري في: 34 كتاب البيوع: 26 باب يمحق الله الربا ويربي الصدقات والله لا يحب كل كفار أثيم
رقم الجزء: 1 رقم الصفحة: 498 (جہانگیری صحیح بخاری، مطبوعہ شبیر برادرز، رقم الحدیث 1981)

•••———•••———•••

الشفعة

شفعہ کے احکام

1036 حديث جَابِرِ بْنِ عَبْدِ اللّٰهِ رَضِيَ اللّٰهُ عَنْهُمَا،

قَالَ: قَضَى رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ بِالشُّفْعَةِ فِيْ كُلِّ مَا لَمْ يُقْسَمْ، فَإِذَا وَقَعَتِ الْحُدُوْدُ وَصُرِّفَتِ الطُّرُقُ فَلَا شُفْعَةَ

✧✧ حضرت جابر بن عبداللہ رضی اللہ عنہما بیان کرتے ہیں' نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے شفعہ کے بارے میں یہ فیصلہ دیا تھا: شفعہ ایسے مال میں ہو سکتا ہے جو تقسیم نہ ہوا ہو لیکن اگر حد بندی ہو چکی ہو' راستے الگ ہو چکے ہوں تو شفعہ نہیں ہوگا۔

أخرجه البخاري في: 36 كتاب الشفعة: 1 باب الشفعة فيما لم يقسم فإذا وقعت الحدود فلا شفعة
رقم الجزء: 1 رقم الصفحة: 498 (جہانگیری صحیح بخاری، مطبوعہ شبیر برادرز، رقم الحدیث 2138)

•••———•••———•••

غرز الخشب فِيْ جدار الجار

پڑوسی کی دیوار میں شہتیر گاڑنا

1037 حديث أَبِيْ هُرَيْرَةَ رَضِيَ اللّٰهُ عَنْهُ،

أَنَّ رَسُوْلَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ، قَالَ: لَا يَمْنَعُ جَارٌ جَارَهُ أَنْ يَّغْرِزَ خَشَبَهُ فِيْ جِدَارِهِ، ثُمَّ يَقُوْلُ أَبُوْ هُرَيْرَةَ: مَالِيْ أَرَاكُمْ عَنْهَا مُعْرِضِيْنَ وَاللّٰهِ لَأَرْمِيَنَّ بِهَا بَيْنَ أَكْتَافِكُمْ

بقیہ حاشیہ رقم الحدیث: **1035**: "سننہ" طبع دار الفکر بیروت لبنان رقم الحدیث: **2209** اخرجہ ابوعبداللہ الشیبانی فی "مسندہ" طبع موسسہ قرطبہ قاہرہ مصر رقم الحدیث: **22624** اخرجہ ابوعبدالرحمن النسائی فی "سننہ" طبع مکتب المطبوعات الاسلامیہ حلب شام **1406**ھ **1986**ء رقم الحدیث: **6052** ذکرہ ابوبکر البیہقی فی "سننہ الکبریٰ" طبع مکتبہ دار الباز مکہ مکرمہ سعودی عرب **1414**ھ/**1994**ء رقم الحدیث: **10186** اخرجہ ابوعبداللہ القضاعی فی "مسندہ" طبع موسسۃ الرسالۃ بیروت لبنان **1407**ھ/**1986**ء رقم الحدیث: **258**

Marfat.com

✧✧ حضرت ابو ہریرہ رضی اللہ عنہ نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کا یہ فرمان نقل کرتے ہیں: کوئی شخص اپنے پڑوسی کو اپنی دیوار میں شہتیر گاڑنے سے منع نہ کرے۔ پھر حضرت ابو ہریرہ رضی اللہ عنہ نے فرمایا: میں دیکھ رہا ہوں تم لوگ اس حکم کی خلاف ورزی کرتے ہو۔ اللہ کی قسم! میں تمہارے کندھوں کے درمیان ماروں گا (کیونکہ تم اس کی خلاف ورزی کرتے ہو)

أخرجه البخاري في: 46 كتاب المظالم: 20 باب لا يمنع جار جاره أن يغرز خشبه في جداره

رقم الجزء: 1 رقم الصفحة: 498 (جہانگیری صحیح بخاری، مطبوعہ شبیر برادرز، رقم الحدیث: 2331)

تحريم الظلم وغصب الأرض وغيرها

ظلم کرنا، زمین غصب کرلینا وغیرہ حرام ہے

1038 حديث سَعِيْدِ بْنِ زَيْدِ بْنِ عَمْرِو بْنِ نفَيْلٍ رَضِيَ اللّٰهُ عَنْهُ،

أَنَّـهُ خَـاصَمَتْه أَرْوى فِيْ حَقٍّ، زَعَمَتْ أَنَّهُ انْتَقَصَهُ لَهَا، إِلٰى مَرْوَانَ، فَقَالَ سَعِيْدٌ: أَنَا أَنْتَقِصُ مِنْ حَقِّهَا شَيْئًا أَشْهَدُ لَسَمِعْتُ رَسُوْلَ اللّٰـهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ يَقولُ: مَنْ أَخَذَ شِبْرًا مِّنَ الْأَرْضِ ظُلْمًا فَإِنَّهُ يُطَوَّقُهُ يَوْمَ الْقِيَامَةِ مِنْ سَبْعِ أَرَضِيْنَ

✧✧ حضرت سعید بن زید رضی اللہ عنہ کے بارے میں منقول ہے ''اروی'' نامی خاتون نے ایک حق کے بارے میں ان سے اختلاف کیا۔ اس خاتون کا یہ کہنا تھا: حضرت سعید نے اسے زمین تھوڑی دی ہے۔ یہ بات اس نے مروان سے کہی تو حضرت سعید رضی اللہ عنہ نے فرمایا: کیا میں اس کے حق میں کوئی کمی کروں گا۔ میں گواہی دیتا ہوں کہ میں نے اللہ کے رسول صلی اللہ علیہ وسلم کو یہ ارشاد فرماتے ہوئے سنا ہے: جو شخص ظلم کے طور پر کسی کی زمین ایک بالشت کے برابر بھی ہتھیا لے گا تو قیامت کے دن سات زمینوں کے وزن جتنا طوق اس کے گلے میں ڈالا جائے گا۔

رقم الحديث: **1037**

اخرجه ابوالحسين مسلم النيسابوري في ''صحيحه'' طبع داراحياء التراث العربي، بيروت، لبنان، رقم الحديث: **1609** اخرجه ابوداؤد السجستاني في ''سننه'' طبع دارالفكر، بيروت، لبنان، رقم الحديث: **3634** اخرجه ابو عيسىٰ الترمذي، في ''جامعه''، طبع داراحياء التراث العربي، بيروت، لبنان، رقم الحديث: **1358** اخرجه ابو عبدالله القزويني في ''سننه''، طبع دارالفكر، بيروت، لبنان، رقم الحديث: **2335** اخرجه ابوعبدالله الاصبحي في ''المؤطا'' طبع داراحياء التراث العربي (تحقيق فواد عبدالباقي)، رقم الحديث: **1430** اخرجه ابوعبدالله الشيباني في ''مسنده'' طبع موسسه قرطبه، قاہره، مصر، رقم الحديث: **7276** اخرجه ابوحاتم البستي في ''صحيحه'' طبع موسسه الرساله، بيروت، لبنان، **1414**ھ/**1993**ء، رقم الحديث: **515** ذكره ابوبكر البيهقي في ''سننه الكبرىٰ'' طبع مكتبه دارالباز، مكه مكرمه، سعودي عرب **1414**ھ/**1994**ء، رقم الحديث: **11155** اخرجه ابويعلى الموصلي في ''مسنده'' طبع دارالمامون للتراث، دمشق، شام، **1404**ھ-**1984**ء، رقم الحديث: **6249** اخرجه ابوبكر الحميدي في ''مسنده'' طبع دارالكتب العلميه، مكتبه المتنبي، بيروت، قاہره، رقم الحديث: **1076** اخرجه ابوالقاسم الطبراني في ''مسند الشاميين'' طبع موسسة الرساله، بيروت، لبنان، **1405**ھ/**1984**ء، رقم الحديث: **369**

Marfat.com

أخرجه البخاري في: 59 كتاب بدء الخلق: 2 باب ما جاء في سبع أرضين

رقم الجزء: 1 رقم الصفحة: 499 (جہانگیری صحیح بخاری مطبوعہ شبیر برادرز، رقم الحدیث: 3026)

1039 حديث عَائِشَةَ رَضِيَ اللّٰهُ عَنْهَا

عَنْ أَبِي سَلَمَةَ، أَنَّهُ كَانَتْ بَيْنَهُ وَبَيْنَ أُنَاسٍ خُصُومَةٌ، فَذَكَرَ لِعَائِشَةَ، فَقَالَتْ: يَا أَبَا سَلَمَةَ اجْتَنِبِ الْأَرْضَ، فَإِنَّ النَّبِيَّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَالَ: مَنْ ظَلَمَ قِيدَ شِبْرٍ مِّنَ الْأَرْضِ طُوِّقَهُ مِنْ سَبْعِ أَرَضِينَ

✧✧ ابوسلمہ نے یہ بات بتائی ہے ان کے اور کچھ لوگوں کے درمیان (زمین کے بارے میں) کچھ جھگڑا چل رہا تھا۔ انہوں نے اس بات کا تذکرہ سیدہ عائشہ صدیقہ رضی اللہ عنہا سے کیا تو انہوں نے فرمایا: ابوسلمہ! اس زمین کو چھوڑ دو کیونکہ نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے ارشاد فرمایا ہے: جو شخص ایک بالشت کے برابر زمین کے معاملے میں کسی کے ساتھ زیادتی کرے گا اسے سات زمینوں کے وزن جتنا طوق پہنایا جائے گا۔

أخرجه البخاري في: 46 كتاب المظالم: 13 باب أثم من ظلم شيئا من الأرض

رقم الجزء: 1 رقم الصفحة: 499 (جہانگیری صحیح بخاری مطبوعہ شبیر برادرز، رقم الحدیث: 2321)

•••———•••———•••

قدر الطريق إذا اختلفوا فيه

آپس کے اختلاف کی صورت میں راستے کی مقدار

1040 حديث أَبِي هُرَيْرَةَ رَضِيَ اللّٰهُ عَنْهُ،

رقم الحديث : **1039**

اخرجه ابوالحسين مسلم النيسابوري في "صحيحه" طبع داراحياء التراث العربي بيروت لبنان، رقم الحديث **1612** اخرجه ابوعبدالله الشيباني في "مسنده" طبع موسسه قرطبه، قاہرہ، مصر، رقم الحديث: **2498** ذكره ابوبكر البيهقي في "سننه الكبرى" طبع مكتبه دارالباز مكه مكرمه، سعودي عرب **1414**ھ/**1994**ء، رقم الحديث:**11314**

رقم الحديث : 1040: اخرجه ابوالحسين مسلم النيسابوري في "صحيحه" طبع داراحياء التراث العربي بيروت لبنان، رقم الحديث **1613** اخرجه ابوداؤد السجستاني في "سننه" طبع دارالفكر بيروت، لبنان، رقم الحديث: **3633** اخرجه ابوعيسى الترمذي في "جامعه" طبع داراحياء التراث العربي بيروت، لبنان، رقم الحديث: **1356** اخرجه ابوعبدالله القزويني في "سننه" طبع دارالفكر بيروت لبنان، رقم الحديث:**2339** اخرجه ابوعبدالله الشيباني في "مسنده" طبع موسسه قرطبه، قاہرہ، مصر، رقم الحديث: **9533** اخرجه ابوحاتم البستي في "صحيحه" طبع موسسه الرساله بيروت، لبنان، **1414**ھ/**1993**ء، رقم الحديث:**5067** ذكره ابوبكر البيهقي في "سننه الكبرى" طبع مكتبه دارالباز مكه مكرمه، سعودي عرب **1414**ھ/**1994**ء، رقم الحديث:**11162** اخرجه ابوالقاسم الطبراني في "معجمه الكبير" طبع مكتبه العلوم والحكم موصل، **1404**ھ/**1983**ء، رقم الحديث: **11737** اخرجه ابوداؤد الطيالسي في "مسنده" طبع دارالمعرفه بيروت لبنان، رقم الحديث:**2555** اخرجه ابن راهويه الحنظلي في "مسنده" طبع مكتبه الايمان مدينه منوره، طبع اول، **1412**ھ/**1991**ء، رقم الحديث:**136** اخرجه ابومحمد الكسي في "مسنده" طبع مكتبة السنة، قاہرہ، مصر، **1408**ھ/**1988**ء، رقم الحديث:**600**

Marfat.com

قَالَ: قَضَى النَّبِيُّ، إِذَا تَشَاجَرُوْا فِي الطَّرِيْقِ، بِسَبْعَةِ أَذْرُعٍ

✧✧ حضرت ابو ہریرہ رضی اللہ عنہ بیان کرتے ہیں' جب لوگوں نے راستے کے بارے میں اختلاف کیا تو نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے سات گز (راستہ چھوڑنے کا) فیصلہ دیا تھا۔

أخرجه البخاري في: 46 كتاب المظالم: 29 باب إذا اختلفوا في الطريق الميتاء

رقم الجزء: 1 رقم الصفحة: 499 (جہانگیری صحیح بخاری، مطبوعہ شبیر برادرز، رقم الحدیث:2341)

Marfat.com

كتاب الفرائض

وراثت کا بیان

ألحقوا الفرائض بأهلها، فما بقي فلأولى رجل ذكر

فرض حصے ان کے حق داروں کو ادا کیے جائیں اور پھر جو مال بچ جائے

وہ (میت کے) قریبی مرد رشتے دار کو ملے گا

1041 حديث ابْنِ عَبَّاسٍ رَضِيَ اللّٰهُ عَنْهُمَا،

عَنِ النَّبِيِّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَالَ: أَلْحِقُوا الْفَرَائِضَ بِأَهْلِهَا، فَمَا بَقِيَ فَهُوَ لِأَوْلَى رَجُلٍ ذَكَرٍ

✧✧ حضرت ابن عباس رضی اللہ عنہما بیان کرتے ہیں: نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے ارشاد فرمایا ہے: طے شدہ حصے ان کے حق داروں کو دو اور جو باقی بچ جائے وہ (میت کے) سب سے قریبی مرد رشتے دار کے لئے ہوگا۔

أخرجه البخاري في: 85 كتاب الفرائض: 5 باب ميراث الولد من أبيه وأمه

رقم الجزء: 1 رقم الصفحة: 500 (جہانگیری صحیح بخاری مطبوعہ شبیر برادرز، رقم الحدیث: 6351)

•••———•••———•••

ميراث الكلالة

''کلالہ'' کی وراثت (کے احکام)

رقم الحديث: **1041**

اخرجه ابوالحسين مسلم النيسابوري في "صحيحه" طبع داراحياء التراث العربي بيروت لبنان، رقم الحديث: **1615** اخرجه ابوعيسى الترمذي في "جامعه" طبع داراحياء التراث العربي بيروت لبنان، رقم الحديث: **2098** اخرجه ابومحمد الدارمي في "مسنده" طبع دارالكتاب العربي بيروت لبنان، **1407**ھ **1987**ء، رقم الحديث: **12987** اخرجه ابوعبدالله النيسابوري في "المستدرك" طبع دارالكتب العلميه بيروت لبنان **1411**ھ/**1990**ء، رقم الحديث: **7973** اخرجه ابوعبدالله الشيباني في "مسنده" طبع موسسه قرطبه قاهره مصر، رقم الحديث: **2657** اخرجه ابوحاتم البستي في "صحيحه" طبع موسسه الرساله بيروت لبنان، **1414**ھ/**1993**ء، رقم الحديث: **6029**

Marfat.com

﴿1042﴾ حديث جَابِرِ بْنِ عَبْدِ اللّٰهِ رَضِيَ اللّٰهُ عَنْهُمَا،

قَالَ: مَرِضْتُ مَرَضًا فَأَتَانِيْ النَّبِيُّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ يَعُوْدُنِيْ وَأَبُوْ بَكْرٍ، وَهُمَا مَاشِيَانِ، فَوَجَدَانِيْ أُغْمِيَ عَلَيَّ، فَتَوَضَّأَ النَّبِيُّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ، ثُمَّ صَبَّ وَضُوءَهُ عَلَيَّ، فَأَفَقْتُ، فَإِذَا النَّبِيُّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ فَقُلْتُ: يَا رَسُوْلَ اللّٰهِ كَيْفَ أَصْنَعُ فِيْ مَالِيْ كَيْفَ أَقْضِي فِيْ مَالِي فَلَمْ يُجِبْنِيْ بِشَيْءٍ حَتّٰى نَزَلَتْ اٰيَةُ الْمِيْرَاثِ

✧✧ حضرت جابر بن عبداللہ رضی اللہ عنہما بیان کرتے ہیں: میں بیمار ہوگیا نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم میری عیادت کے لئے حضرت ابوبکر رضی اللہ عنہ کے ساتھ تشریف لائے۔ یہ دونوں حضرات پیدل آئے تھے۔ ان دونوں نے مجھے بیہوشی کی حالت میں پایا۔ نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے وضو کیا پھر آپ نے اپنے وضو کا پانی مجھ پر چھڑکا تو مجھے ہوش آ گیا (تو میں نے دیکھا) نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم موجود ہیں میں نے عرض کی: یا رسول اللہ! میں اپنے مال کو کیسے تقسیم کروں؟ آپ نے مجھے کوئی جواب نہیں دیا یہاں تک کہ میراث سے متعلق آیت نازل ہوئی۔

أخرجه البخاري في: 75 كتاب المرضى: 5 باب عيادة المغمىٰ عليه

رقم الجزء: 1 رقم الصفحة: 500 (جہانگیری صحیح بخاری، مطبوعہ شبیر برادرز، رقم الحدیث:5327)

•••———•••———•••

آخر اٰية أنزلت اٰية الكلالة

سب سے آخر میں نازل ہونے والی آیت' کلالہ سے متعلق آیت ہے

﴿1043﴾ حديث الْبَرَاءِ رَضِيَ اللّٰهُ عَنْهُ،

قَالَ: اٰخِرُ سُوْرَةٍ نَزَلَتْ بَرَاءَةٌ، وَاٰخِرُ اٰيَةٍ نَزَلَتْ يَسْتَفْتُوْنَكَ

✧✧ حضرت براء رضی اللہ عنہ بیان کرتے ہیں: سب سے آخر میں سورۂ توبہ نازل ہوئی تھی اور سب سے آخر میں یہ آیت نازل ہوئی تھی۔ (يَسْتَفْتُوْنَكَ قُلِ اللّٰهُ يُفْتِيكُمْ فِي الْكَلَالَةِ) ۔

''لوگ تم سے مسئلہ دریافت کرتے ہیں' تم فرمادو! اللہ تعالیٰ' کلالہ کے بارے میں تمہیں یہ حکم دیتا ہے''۔

أخرجه البخاري في: 65 كتاب التفسير: 4 سورة النساء: 27 باب يستفتونك قل الله يفتيكم في الكلالة

رقم الجزء: 1 رقم الصفحة: 500 (جہانگیری صحیح بخاری، مطبوعہ شبیر برادرز، رقم الحدیث:4329)

•••———•••———•••

Marfat.com

من ترك مالًا فلورثته

جو شخص مال چھوڑ کر جائے وہ اس کے وارثوں کو ملے گا

1044 حديث أَبِي هُرَيْرَةَ رَضِيَ اللّٰهُ عَنْهُ،

أَنَّ رَسُوْلَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ كَانَ يُؤْتٰى بِالرَّجُلِ الْمُتَوَفّٰى، عَلَيْهِ الدَّيْنُ، فَيَسْأَلُ: هَلْ تَرَكَ لِدَيْنِه فَضْلاً فَإِنْ حُدِّثَ أَنَّهُ تَرَكَ لِدَيْنِه وَفَاءً صَلّٰى وَإِلَّا، قَالَ لِلْمُسْلِمِيْنَ: صَلُّوْا عَلٰى صَاحِبِكُمْ فَلَمَّا فَتَحَ اللّٰهُ عَلَيْهِ الْفُتُوْحَ، قَالَ: أَنَا أَوْلٰى بِالْمُؤْمِنِيْنَ مِنْ أَنْفُسِهِمْ، فَمَنْ تُوُفِّيَ مِنَ الْمُؤْمِنِيْنَ فَتَرَكَ دَيْنًا فَعَلَيَّ قَضَاؤُهُ. وَمَنْ تَرَكَ مَالًا فَلِوَرَثَتِه

✧✧ حضرت ابو ہریرہ رضی اللہ عنہ بیان کرتے ہیں، نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کے سامنے ایک مرحوم شخص لایا گیا جس کے ذمے قرض تھا، آپ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: کیا اس نے اپنے قرض کی ادائیگی کے لئے کوئی مال چھوڑا ہے؟ اگر آپ کو بتا دیا جاتا کہ اس نے اپنے قرض کی ادائیگی کے لئے کچھ چھوڑا ہے تو آپ نماز جنازہ ادا کر لیا کرتے تھے ورنہ مسلمانوں سے فرماتے: اپنے ساتھی کی نماز پڑھ لو، جب اللہ تعالیٰ نے آپ کو فراخی عطا کی تو آپ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: میں مومنین کی جانوں سے زیادہ قریب ہوں اب کوئی مرے گا تو اس کے قرض کی ادائیگی میرے ذمے ہوگی اور اگر وہ مال چھوڑ کر جائے گا تو وہ اس کے وارثوں کو ملے گا۔

أخرجه البخاري في: 39 كتاب الكفالة: 5 باب الدين

رقم الجزء: 1 رقم الصفحة: 501 (جہانگیری صحیح بخاری مطبوعہ شبیر برادرز، رقم الحدیث 2176)

•••———•••———•••

رقم الحديث 1044

خرجه ابوداؤد السجستاني في "سننه" طبع دار الفكر بيروت، لبنان، رقم الحديث: **3343** اخرجه ابوعبدالرحمن النسائي في "سننه" طبع مكتب المطبوعات الاسلاميه، حلب، شام، **1406**ھ، **1986**ء، رقم الحديث: **1962** اخرجه ابوعبدالله الشيباني في "مسنده" طبع موسسه قرطبه، قاهره، مصر، رقم الحديث: **7886** اخرجه ابوحاتم البستي في "صحيحه" طبع موسسه الرساله، بيروت، لبنان، **1414**ھ / **1993**ء، رقم الحديث: **3064** اخرجه ابوالقاسم الطبراني في "معجمه الاوسط" طبع دار الحرمين قاهره، مصر **1415**ھ، رقم الحديث: **8810** اخرجه ابوبكر الصنعاني في "مصنفه" طبع المكتب الاسلامي، بيروت لبنان، طبع ثاني، **1403**ھ، رقم الحديث: **15257** ذكره ابوبكر البيهقي في "سننه الكبرىٰ" طبع مكتبه دار الباز، مكه مكرمه، سعودي عرب **1414**ھ / **1994**ء، رقم الحديث: **11179** اخرجه ابومحمد الكسي في "مسنده" طبع مكتبة السنة، قاهره، مصر، **1408**ھ / **1988**ء، رقم الحديث: **1081**

Marfat.com

كتاب الهبات

ہبہ کا بیان

كراهة شراء الإنسان ما تصدق به ممن تصدق عليه

آدمی نے جو چیز صدقہ کی ہو جس شخص کو کی ہو اس سے وہی چیز خرید لینا مکروہ ہے

1045 حديث عُمَرَ رَضِيَ اللّٰهُ عَنْهُ،

قَالَ: حَمَلْتُ عَلٰى فَرَسٍ فِيْ سَبِيْلِ اللّٰهِ، فَأَضَاعَهُ الَّذِيْ كَانَ عِنْدَهُ، فَأَرَدْتُ أَنْ أَشْتَرِيَهُ، وَظَنَنْتُ أَنَّهُ يَبِيْعُهُ بِرُخْصٍ، فَسَأَلْتُ النَّبِيَّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ، فَقَالَ: لاَ تَشْتَرِ، وَلاَ تَعُدْ فِيْ صَدَقَتِكَ وَإِنْ أَعْطَاكَهُ بِدِرْهَمٍ، فَإِنَّ الْعَائِدَ فِيْ صَدَقَتِهِ كَالْعَائِدِ فِيْ قَيْئِهِ

✧✧ حضرت عمر رضی اللہ عنہ بیان کرتے ہیں' میں نے اپنا ایک گھوڑا اللہ کی راہ میں دے دیا جس شخص کے پاس وہ گھوڑا تھا اس نے اس کا خیال نہیں رکھا میں نے اس گھوڑے کو خریدنے کا ارادہ کیا میں نے یہ اندازہ لگایا کہ وہ شخص اس گھوڑے کو سستا فروخت کر دے گا۔ میں نے اس بارے میں نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم سے سوال کیا تو آپ نے ارشاد فرمایا: تم اسے نہ خریدو اور اپنے صدقے کو واپس نہ لو خواہ وہ شخص تمہیں ایک درہم کے عوض میں دے رہا ہو۔ اس کی وجہ یہ ہے کہ صدقہ واپس لینے والا شخص اسی طرح ہے جیسے کوئی شخص اپنی قے کو دوبارہ لوٹانے (چاٹنے) کی کوشش کرے۔

أخرجه البخاري في: 24 كتاب الزكاة: 59 باب هل يشتري صدقته

رقم الجزء: 1 رقم الصفحة: 501 (جہانگیری صحیح بخاری، مطبوعہ شبیر برادرز، رقم الحدیث:1419)

1046 حديث عَبْدِ اللّٰهِ بْنِ عُمَرَ رَضِيَ اللّٰهُ عَنْهُ،

أَنَّ عُمَرَ بْنَ الْخَطَّابِ حَمَلَ عَلٰى فَرَسٍ فِيْ سَبِيْلِ اللّٰهِ، فَوَجَدَهُ يُبَاعُ، فَأَرَادَ أَنْ يَّبْتَاعَهُ، فَسَأَلَ رَسُوْلَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ، فَقَالَ: لاَ تَبْتَعْهُ وَلاَ تَعُدْ فِيْ صَدَقَتِكَ

✧✧ حضرت عبداللہ بن عمر رضی اللہ عنہما بیان کرتے ہیں: انہوں نے اللہ تعالیٰ کی راہ میں ایک گھوڑا دیا پھر اس گھوڑے کو فروخت ہوتے ہوئے پایا تو اسے خریدنا چاہا انہوں نے اس بارے میں نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم سے دریافت کیا تو آپ نے فرمایا: تم اسے نہ خریدو اور اپنا صدقہ واپس نہ لو۔

Marfat.com

أخرجه البخاري في: 56 كتاب الجهاد: 119 باب الجمائل والحملان في السبيل

رقم الجزء: 1 رقم الصفحة: 502 (جہانگیری صحیح بخاری مطبوعہ شبیر برادرز، رقم الحدیث:2809)

•••———•••———•••

تحريم الرجوع في الصدقة والهبة بعد القبض إلا ما وهبه لولده وإن سفل

(دوسرے فریق کے چیز کو) قبضے میں لینے کے بعد صدقہ یا ہبہ کو واپس لینا حرام ہے البتہ آدمی نے اپنی اولاد یا اولاد کی اولاد کو جو چیز ہبہ کی ہو (اس کا حکم مختلف ہے)

1047 حديث ابْنِ عَبَّاسٍ رَضِيَ اللّٰهُ عَنْهُمَا،

قَالَ: قَالَ النَّبِيُّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: الْعَائِدُ فِي هِبَتِهِ كَالْكَلْبِ يَقِيءُ ثُمَّ يَعُودُ فِي قَيْئِهِ

✧✧ حضرت ابن عباس رضی اللہ عنہما بیان کرتے ہیں، نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے ارشاد فرمایا: ہبہ کو واپس لینے والا اس کتے کی مانند ہے جو قے کرنے کے بعد اسے چاٹ لے۔

أخرجه البخاري في: 51 كتاب الهبة: 14 باب هبة الرجل لامرأته والمرأة لزوجها

رقم الجزء: 1 رقم الصفحة: 502 (جہانگیری صحیح بخاری مطبوعہ شبیر برادرز، رقم الحدیث:2449)

•••———•••———•••

كراهة تفضيل بعض الأولاد في الهبة

ہبہ میں کسی ایک اولاد کو اضافی ادائیگی مکروہ ہے

1048 حديث النُّعْمَانِ بْنِ بَشِيرٍ رَضِيَ اللّٰهُ عَنْهُ،

رقم الحديث: **1047**

اخرجه ابوالحسين مسلم النيسابوري في "صحيحه" طبع داراحياء التراث العربي، بيروت، لبنان، رقم الحديث: **1622** اخرجه ابوداؤد السجستاني في "سننه" طبع دارالفكر، بيروت، لبنان، رقم الحديث: **3538** اخرجه ابوعبدالرحمن النسائي في "سننه" طبع مكتب المطبوعات الاسلاميه، حلب، شام، **1406**ھ، **1986**ء، رقم الحديث: **3691** اخرجه ابو عبدالله القزويني في "سننه" طبع دارالفكر، بيروت، لبنان، رقم الحديث: **2386** اخرجه ابوعبدالله الشيباني في "مسنده" طبع موسسه قرطبه، قاهره، مصر، رقم الحديث: **1872** اخرجه ابوحاتم البستي في "صحيحه" طبع موسسه الرساله، بيروت، لبنان، **1414**ھ/**1993**ء، رقم الحديث: **5121** اخرجه ابوعبدالرحمن النسائي في "سننه" طبع مكتب المطبوعات الاسلاميه، حلب، شام، **1406**ھ، **1986**ء، رقم الحديث: **6527** ذكره ابوبكر البيهقي في "سننه الكبرى" طبع مكتبه دارالباز، مكه مكرمه، سعودي عرب **1414**ھ/**1994**ء، رقم الحديث: **11798** اخرجه ابويعلى الموصلي في "مسنده" طبع دارالمامون للتراث، دمشق، شام، **1404**ھ.**1984**ء، رقم الحديث: **2405** اخرجه ابوالقاسم الطبراني في "معجمه الصغير" طبع المكتب الاسلامي، دارعمار، بيروت، لبنان/عمان، **1405**ھ **1985**ء، رقم الحديث: **1056** اخرجه ابوالقاسم الطبراني في "معجمه الكبير" طبع مكتبه العلوم والحكم، موصل، **1404**ھ/**1983**ء، رقم الحديث: **10693**

Marfat.com

أَنَّ أَبَاهُ أَتَى بِهِ إِلَى رَسُوْلِ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ، فَقَالَ: إِنِّيْ نَحَلْتُ ابْنِيْ هٰذَا غُلَامًا، فَقَالَ: أَكُلَّ وَلَدِكَ نَحَلْتَ مِثْلَهُ قَالَ: لاَ، قَالَ: فَارْجِعْهُ

✧✧ حضرت نعمان بن بشیر رضی اللہ عنہ بیان کرتے ہیں' ان کے والد انہیں لے کر نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کے پاس آئے اور بتایا: میں نے اپنے اس بیٹے کو غلام تحفے کے طور پر دیا ہے، نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے دریافت کیا: تم نے اپنے سب بچوں کو اسی کی مانند تحفے کے طور پر دیا ہے۔ انہوں نے بتایا: نہیں' تو نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: پھر تم اس سے واپس لے لو۔

أخرجه البخاري في: 51 كتاب الهبة: 12 باب الهبة للولد

رقم الجزء: 1 رقم الصفحة: 502 (جہانگیری صحیح بخاری، مطبوعہ شبیر برادرز، رقم الحدیث:2446)

1049 حديث النُّعْمَانِ بْنِ بَشِيرٍ رَضِيَ اللّٰهُ عَنْهُ

عَنْ عَامِرٍ، قَالَ: سَمِعْتُ النُّعْمَانَ بْنَ بَشِيرٍ وَهُوَ عَلَى الْمِنْبَرِ يَقُوْلُ: أَعْطَانِيْ أَبِيْ عَطِيَّةً، فَقَالَتْ عَمْرَةُ بِنْتُ رَوَاحَةَ، لاَ أَرْضَى حَتّٰى تُشْهِدَ رَسُوْلَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ فَأَتٰى رَسُوْلَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ، فَقَالَ: إِنِّيْ أَعْطَيْتُ ابْنِيْ مِنْ عَمْرَةَ بِنْتِ رَوَاحَةَ عَطِيَّةً، فَأَمَرَتْنِيْ أَنْ أُشْهِدَكَ يَا رَسُوْلَ اللّٰهِ قَالَ: أَعْطَيْتَ سَائِرَ وَلَدِكَ مِثْلَ هٰذَا قَالَ: لاَ قَالَ فَاتَّقُوْا اللّٰهَ وَاعْدِلُوْا بَيْنَ أَوْلاَدِكُمْ قَالَ: فَرَجَعَ، فَرَدَّ عَطِيَّتَهُ

✧✧ حضرت نعمان بن بشیر رضی اللہ عنہ بیان کرتے ہیں' وہ اس وقت منبر پر موجود تھے، میرے والد نے مجھے ایک عطیہ دیا تو

رقم الحديث: **1048**

اخرجه ابوالحسين مسلم النيسابوری فی ''صحيحه'' طبع داراحياء التراث العربی، بيروت، لبنان، رقم الحديث:**1623** اخرجه ابوداؤد السجستانی فی ''سننه'' طبع دارالفكر، بيروت، لبنان، رقم الحديث:**3543** اخرجه ابو عيسىٰ الترمذی، فی ''جامعه''، طبع داراحياء التراث العربی، بيروت، لبنان، رقم الحديث: **1367** اخرجه ابوعبدالرحمن النسائی فی ''سننه'' طبع مكتب المطبوعات الاسلاميه، حلب، شام، **1406**ھ، **1986**ء، رقم الحديث: **3672** اخرجه ابوعبدالله الاصبحی فی ''المؤطا'' طبع داراحياء التراث العربی (تحقيق فواد عبدالباقی)، رقم الحديث: **1437** اخرجه ابوعبدالله الشيبانی فی ''مسنده'' طبع موسسه قرطبه، قابره، مصر، رقم الحديث:**18384** اخرجه ابوحاتم البستی فی ''صحيحه'' طبع موسسه الرساله، بيروت، لبنان، **1414**ھ/**1993**ء، رقم الحديث: **5098** اخرجه ابوعبدالرحمن النسائی فی ''سننه'' طبع مكتب المطبوعات الاسلاميه، حلب، شام، **1406**ھ، **1986**ء، رقم الحديث: **6499** ذكره ابوبكر البيهقی فی ''سننه الكبریٰ'' طبع مكتبه دارالباز، مكه مكرمه، سعودی عرب **1414**ھ/**1994**ء، رقم الحديث: **11772** اخرجه ابوالقاسم الطبرانی فی ''معجمه الاوسط'' طبع دارالحرمين، قابره، مصر، **1415**ھ، رقم الحديث:**30** اخرجه ابوداؤد الطيالسی فی ''مسنده'' طبع دارالمعرفة، بيروت، لبنان، رقم الحديث: **789** اخرجه ابوبكر الحميدی فی ''مسنده'' طبع دارالكتب العلميه، مكتبه المتنبی، بيروت، قابره، رقم الحديث:**922** اخرجه ابوبكر الشيبانی فی ''الاحادوالمثانی'' طبع دارالراية، رياض، سعودی عرب، **1411**ھ/**1991**ء، رقم الحديث:**2025** اخرجه ابوعبدالله البخاری فی ''الادب المفرد'' طبع دارالبشائر الاسلاميه، بيروت، لبنان، **1409**ھ/**1989**ء، رقم الحديث: **93** اخرجه ابوالحسن الجوبری فی ''مسنده'' طبع موسسه نادر، بيروت، لبنان، **1410**ھ/**1990**ء، رقم الحديث:**2649** اخرجه ابوبكر الكوفی، فی ''مصنفه'' طبع مكتبه الرشد، رياض، سعودی عرب، (طبع اول) **1409**ھ، رقم الحديث:**30990** اخرجه ابوبكر الصنعانی فی ''مصنفه'' طبع المكتب الاسلامی، بيروت لبنان، (طبع ثانی) **1403**ھ، رقم الحديث:**16496**

Marfat.com

میری والدہ سیدہ عمرہ بنت رواحہ رضی اللہ عنہا نے کہا: میں اس وقت تک راضی نہیں ہوں گی جب تک آپ اللہ کے رسول کو اس کا گواہ نہ بنائیں۔ وہ نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کی خدمت میں حاضر ہوئے اور عرض کی: میں نے اپنے اور عمرہ کے بیٹے کو ایک عطیہ دیا ہے، انہوں نے مجھے یہ کہا ہے کہ میں آپ کو گواہ بناؤں، نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے دریافت کیا: کیا تم نے اپنے سب بچوں کو اسی کی مانند عطیہ دیا ہے؟ انہوں نے عرض کی نہیں، نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: پھر اللہ سے ڈرو اور اپنی اولاد کے بارے میں انصاف سے کام لو۔

راوی بیان کرتے ہیں' وہ واپس آئے اور انہوں نے اپنا عطیہ واپس لے لیا۔

أخرجه البخاري في: 51 كتاب الهبة: 13 باب الإشهاد في الهبة

رقم الجزء: 1 رقم الصفحة: 502 (جہانگیری صحیح بخاری مطبوعہ شبیر برادرز، رقم الحدیث: 2447)

•••———•••———•••

العمرى

عمریٰ کا حکم

1050 حديث جَابِرٍ رَضِيَ اللّٰهُ عَنْهُ،

قَالَ: قَضَى النَّبِيُّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ بِالْعُمْرٰى، أَنَّهَا لِمَنْ وُهِبَتْ لَهُ

✧✧ حضرت جابر رضی اللہ عنہ بیان کرتے ہیں' نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے عمریٰ کے بارے میں یہ فیصلہ دیا ہے: یہ اس کا ہوگا جس کو ہبہ کیا گیا ہو۔

أخرجه البخاري في: 51 كتاب الهبة: 32 باب ما قيل في العمرى والرقبى

رقم الجزء: 1 رقم الصفحة: 503 (جہانگیری صحیح بخاری مطبوعہ شبیر برادرز، رقم الحدیث: 2482)

1051 حديث أَبِي هُرَيْرَةَ رَضِيَ اللّٰهُ عَنْهُ،

عَنِ النَّبِيِّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ، قَالَ: الْعُمْرٰى جَائِزَةٌ

✧✧ حضرت ابو ہریرہ رضی اللہ عنہ نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کا یہ فرمان نقل کرتے ہیں: عمریٰ جائز ہے۔

أخرجه البخاري في: 51 كتاب الهبة: 32 باب ما قيل في العمرى والرقبى

رقم الجزء: 1 رقم الصفحة: 503 (جہانگیری صحیح بخاری مطبوعہ شبیر برادرز، رقم الحدیث: 2483)

•••———•••———•••

Marfat.com

كتاب الوصية
وصیت کا بیان

1052 حديث عَبْدِ اللّٰهِ بْنِ عُمَرَ رَضِيَ اللّٰهُ عَنْهُ،

أَنَّ رَسُوْلَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ، قَالَ: مَا حَقُّ امْرِىءٍ مُسْلِمٍ لَّهُ شَيْءٌ يُوصِي فِيْهِ يَبِيتُ لَيْلَتَيْنِ إِلَّا وَوَصِيَّتُهُ مَكْتُوبَةٌ عِنْدَهُ

حضرت عبداللہ بن عمر رضی اللہ عنہما بیان کرتے ہیں' نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے ارشاد فرمایا ہے: جس مسلمان کے پاس ایسی چیز موجود ہو جس میں وہ وصیت کرسکتا ہو اسے اس بات کا حق نہیں ہے کہ وہ دو راتیں گزار دے اور اس کی وصیت اس کے پاس نہ لکھی ہو۔

أخرجه البخاري في: 55 كتاب الوصايا: 1 باب الوصايا

رقم الجزء: 1 رقم الصفحة: 503 (جہانگیری صحیح بخاری مطبوعہ شبیر برادرز، رقم الحدیث:2587)

•••———•••———•••

الوصية بالثلث
وصیت ایک تہائی (حصے کے بارے میں ہوسکتی ہے)

1053 حديث سَعْدِ بْنِ أَبِي وَقَّاصٍ رَضِيَ اللّٰهُ عَنْهُ،

قَالَ: كَانَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ يَعُوْدُنِي عَامَ حَجَّةِ الْوَدَاعِ، مِنْ وَّجَعٍ اشْتَدَّ بِي، فَقُلْتُ: إِنِّي قَدْ بَلَغَ بِي مِنَ الْوَجَعِ وَأَنَا ذُو مَالٍ، وَلَا يَرِثُنِي إِلَّا ابْنَةٌ، أَفَأَتَصَدَّقُ بِثُلُثَيْ مَالِي قَالَ: لَا فَقُلْتُ: بِالشَّطْرِ فَقَالَ: لَا ثُمَّ قَالَ: الثُّلُثُ، وَالثُّلُثُ كَبِيرٌ أَوْ كَثِيرٌ، إِنَّكَ أَنْ تَذَرَ وَرَثَتَكَ أَغْنِيَاءَ خَيْرٌ مِّنْ أَنْ تَذَرَهُمْ عَالَةً يَتَكَفَّفُوْنَ النَّاسَ، وَإِنَّكَ لَنْ تُنْفِقَ نَفَقَةً تَبْتَغِي بِهَا وَجْهَ اللّٰهِ إِلَّا أُجِرْتَ بِهَا حَتّٰى مَا تَجْعَلُ فِي فِي امْرَأَتِكَ فَقُلْتُ: يَا رَسُوْلَ اللّٰهِ

رقم الحديث: 1052

اخرجه ابوالحسين مسلم النيسابوري في "صحيحه" طبع داراحياء التراث العربي، بيروت، لبنان، رقم الحديث: **1627** اخرجه ابوداؤد السجستاني في "سننه" طبع دارالفكر، بيروت، لبنان، رقم الحديث: **2862** اخرجه ابو عيسى الترمذي، في "جامعه"، طبع داراحياء التراث العربي، بيروت، لبنان، رقم الحديث: **974** اخرجه ابوعبدالرحمن النسائي في "سننه" طبع مكتب المطبوعات الاسلاميه، حلب، شام، **1406**ھ، **1986**ء، رقم الحديث: 3613

Marfat.com

أُخَلَّفُ بَعْدَ أَصْحَابِي قَالَ: إِنَّكَ لَنْ تُخَلَّفَ فَتَعْمَلَ عَمَلاً صَالِحًا إِلَّا ازْدَدْتَ بِهِ دَرَجَةً وَرِفْعَةً، ثُمَّ لَعَلَّكَ أَنْ تُخَلَّفَ حَتَّى يَنْتَفِعَ بِكَ أَقْوَامٌ وَيُضَرَّ بِكَ آخَرُونَ، اللَّهُمَّ أَمْضِ لِأَصْحَابِي هِجْرَتَهُمْ وَلَا تَرُدَّهُمْ عَلَى أَعْقَابِهِمْ، لَكِنِ الْبَائِسُ سَعْدُ ابْنُ خَوْلَةَ، يَرْثِي لَهُ رَسُولُ اللَّهِ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ أَنْ مَاتَ بِمَكَّةَ

✧✧ (حضرت سعد بن ابی وقاص رضی اللہ عنہ) یہ بیان کرتے ہیں۔ حجۃ الوداع کے موقع پر نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم میری بیمار پرسی کے لیے آئے۔ جب میں شدید بیمار ہو چکا تھا۔ میں نے عرض کیا: میرے پاس کافی مال جمع ہو چکا ہے اور میری ایک بیٹی ہے کیا میں اپنا دو تہائی مال صدقہ کر دوں؟ تو آپ نے فرمایا: نہیں میں نے کہا: نصف؟ آپ نے فرمایا: نہیں۔ پھر آپ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: ایک تہائی (مال صدقہ) کر دو ویسے ایک تہائی بھی کافی ہے۔ (یا فرمایا) زیادہ ہے۔ اگر تم اپنے ورثاء کو خوشحال چھوڑ کر جاؤ گے تو یہ اس سے بہتر ہے کہ تم انہیں غریب چھوڑ کر جاؤ اور وہ لوگوں سے مانگتے پھریں۔ تم اللہ کی رضا کے حصول کے لیے جو بھی خرچ کرو گے حتی کہ جو چیز بھی اپنی بیوی کے منہ میں ڈالو گے تو تم کو اس کا اجر ملے گا۔

(حضرت سعد رضی اللہ عنہ بیان کرتے ہیں) میں نے عرض کی: یارسول اللہ! کیا میں اپنے ساتھیوں سے پیچھے رہ جاؤں گا تو آپ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: تم پیچھے نہیں رہو گے۔ تم نے جو بھی نیک عمل کیا اس کے ذریعے تمہارے درجہ اور قدر و منزلت میں اضافہ ہوگا اور ہو سکتا ہے کہ تم کافی عرصہ زندہ رہو اور لوگوں کو نفع دو اور بعض دیگر لوگوں کو تمہاری وجہ سے نقصان کا سامنا کرنا پڑے۔

پھر آپ نے دعا کی: ''اے اللہ! میرے اصحاب رضی اللہ عنہم کی ہجرت کو پورا کر دے انہیں ایڑیوں کے بل واپس نہ لے جا لیکن مجھے افسوس سعد بن خولہ پر ہے۔

راوی بیان کرتے ہیں' نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے ان پر افسوس کا اظہار اس لیے کیا کیونکہ ان کا انتقال مکہ میں ہو گیا تھا۔

أخرجه البخاري في: 23 كتاب الجنائز: 37 باب رثي النبي صلى الله عليه وسلم سعد بن خولة

رقم الجزء: 1 رقم الصفحة: 504 (جہانگیری صحیح بخاری مطبوعہ شبیر برادرز، رقم الحدیث: 1233)

1054 حديث ابْنِ عَبَّاسٍ رَضِيَ اللَّهُ عَنْهُمَا،

قَالَ: لَوْ غَضَّ النَّاسُ إِلَى الرُّبُعِ؛ لِأَنَّ رَسُولَ اللَّهِ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ، قَالَ: الثُّلُثُ، وَالثُّلُثُ كَثِيرٌ أَوْ كَبِيرٌ

✧✧ حضرت ابن عباس رضی اللہ عنہما بیان کرتے ہیں، اگر لوگ چوتھائی حصے کی وصیت کرنے پر ہی اکتفا کریں تو یہ مناسب ہوگا کیونکہ نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے ارشاد فرمایا ہے: تہائی حصے کی وصیت کرنا جائز ہے ویسے تہائی بھی زیادہ ہے۔ (راوی کو شک ہے یا شاید یہ الفاظ ہے) بڑا ہے۔

أخرجه البخاري في: 55 كتاب الوصايا: 3 باب الوصية بالثلث

رقم الجزء: 1 رقم الصفحة: 505 (جہانگیری صحیح بخاری مطبوعہ شبیر برادرز، رقم الحدیث 2592)

Marfat.com

وصول ثواب الصدقات إلى الميت

صدقے کا ثواب میت تک پہنچتا ہے

﴿1055﴾ حديث عَائِشَةَ رَضِيَ اللّٰهُ عَنْهَا،

أَنَّ رَجُلاً قَالَ لِلنَّبِيِّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: إِنَّ أُمِّي افْتُلِتَتْ نَفْسُهَا وَأَظُنُّهَا لَوْ تَكَلَّمَتْ تَصَدَّقَتْ، فَهَلْ لَّهَا أَجْرٌ إِنْ تَصَدَّقْتُ عَنْهَا قَالَ: نَعَمْ

✧✧ سیّدہ عائشہ صدیقہ رضی اللہ عنہا بیان کرتی ہیں' نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کے پاس ایک شخص آیا اور عرض کی: میری والدہ اچانک فوت ہوگئی ہیں۔ اگر انہیں کوئی موقع ملتا تو وہ مجھے صدقہ کرنے کی ہدایت کرتیں۔ اس شخص نے دریافت کیا: اگر میں صدقہ کردوں تو انہیں اس کا ثواب ملے گا؟ آپ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: ہاں۔

أخرجه البخاري في: 23 كتاب الجنائز: 95 باب موت الفجأة البغتة

رقم الجزء: 1 رقم الصفحة: 505 (جہانگیری صحیح بخاری، مطبوعہ شبیر برادرز، رقم الحدیث:1322)

•••———•••———•••

رقم الحديث: 1055

اخرجه ابوالحسين مسلم النيسابوري في "صحيحه" طبع داراحياء التراث العربي، بيروت، لبنان، رقم الحديث:**1004** اخرجه ابوداؤد السجستاني في "سننه" طبع دارالفكر بيروت، لبنان، رقم الحديث:**2881** اخرجه ابو عيسىٰ الترمذي، في "جامعه"، طبع داراحياء التراث العربي، بيروت، لبنان، رقم الحديث:**669** اخرجه ابوعبدالرحمن النسائي في "سننه" طبع مكتب المطبوعات الاسلاميه، حلب، شام، **1406**ھ، **1986**ء، رقم الحديث:**3649** اخرجه ابو عبدالله القزويني في "سننه"، طبع دارالفكر، بيروت، لبنان، رقم الحديث:**2717** اخرجه ابوعبدالله الاصبحي في "المؤطا" طبع داراحياء التراث العربي (تحقيق فواد عبدالباقي)، رقم الحديث:**1451** اخرجه ابوعبدالله الشيباني في "مسنده" طبع موسسه قرطبه، قابره، مصر، رقم الحديث:**24296** اخرجه ابوحاتم البستي في "صحيحه" طبع موسسه الرساله، بيروت، لبنان، **1414**ھ/**1993**ء، رقم الحديث:**3353** اخرجه ابوبكر بن خزيمة النيسابوري، في "صحيحه" طبع المكتب الاسلامي، بيروت، لبنان، **1390**ھ/**1970**ء، رقم الحديث:**2499** اخرجه ابوعبدالرحمن النسائي في "سننه" طبع مكتب المطبوعات الاسلاميه، حلب، شام، **1406**ھ، **1986**ء، رقم الحديث:**6476** ذكره ابوبكر البيهقي في "سننه الكبرىٰ" طبع مكتبه دارالباز، مكه مكرمه، سعودي عرب **1414**ھ/**1994**ء، رقم الحديث:**6895** اخرجه ابويعلى الموصلي في "مسنده" طبع دارالمامون للتراث، دمشق، شام، **1404**ھ.**1984**ء، رقم الحديث:**4434** اخرجه ابوالقاسم الطبراني في "معجمه الاوسط" طبع دارالحرمين، قابره، مصر، **1415**ھ، رقم الحديث:**703** اخرجه ابوبكر الحميدي في "مسنده" طبع دارالكتب العلميه، مكتبه المتنبي، بيروت، قابره، رقم الحديث:**243** اخرجه ابن راهويه الحنظلي في "مسنده" طبع مكتبه الايمان، مدينه منوره، (طبع اول) **1412**ھ/**1991**ء، رقم الحديث:**751** اخرجه ابوعبدالله البخاري في "الادب المفرد" طبع دارالبشائر الاسلاميه، بيروت، لبنان، **1409**ھ/**1989**ء، رقم الحديث:**93** اخرجه ابوبكر الكوفي، في "مصنفه" طبع مكتبه الرشد، رياض، سعودي عرب، (طبع اول) **1409**ھ، رقم الحديث:**12077**

Marfat.com

الوقف

وقف کا بیان

﴿1056﴾ حديث ابْنِ عُمَرَ رَضِيَ اللّٰهُ عَنْهُمَا،

أَنَّ عُمَرَ بْنَ الْخَطَّابِ أَصَابَ أَرْضًا بِخَيْبَرَ، فَأَتَى النَّبِيَّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ يَسْتَأْمِرُهُ فِيهَا، فَقَالَ: يَا رَسُوْلَ اللّٰهِ إِنِّي أَصَبْتُ أَرْضًا بِخَيْبَرَ لَمْ أُصِبْ مَالاً قَطُّ أَنْفَسَ عِنْدِي مِنْهُ، فَمَا تَأْمُرُ بِهِ قَالَ: إِنْ شِئْتَ حَبَّسْتَ أَصْلَهَا وَتَصَدَّقْتَ بِهَا قَالَ: فَتَصَدَّقَ بِهَا عُمَرُ أَنَّهُ لاَ يُبَاعُ وَلاَ يُوهَبُ وَلاَ يُورَثُ، وَتَصَدَّقَ بِهَا فِي الْفُقَرَاءِ وَفِي الْقُرْبَى وَفِي الرِّقَابِ وَفِي سَبِيْلِ اللّٰهِ وَابْنِ السَّبِيْلِ وَالضَّيْفِ، لاَ جُنَاحَ عَلَى مَنْ وَّلِيَهَا أَنْ يَّأْكُلَ مِنْهَا بِالْمَعْرُوْفِ وَيُطْعِمَ، غَيْرَ مُتَمَوِّلٍ قَالَ (الرَّاوِي): فَحَدَّثْتُ بِهِ ابْنَ سِيرِيْنَ، فَقَالَ: غَيْرَ مُتَأَثِّلٍ مَالاً

✧✧ حضرت ابن عمر رضی اللہ عنہما بیان کرتے ہیں، حضرت عمر بن خطاب رضی اللہ عنہ کو خیبر میں کوئی زمین ملی وہ نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کی خدمت میں حاضر ہوئے تا کہ اس بارے میں کوئی مشورہ لیں۔ تو انہوں نے عرض کی: یارسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم! مجھے خیبر میں زمین ملی ہے، مجھے اس سے زیادہ عمدہ مال کبھی نہیں ملا' آپ اس بارے میں مجھے کیا ہدایت کرتے ہیں۔ نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: اگر تم مناسب سمجھو تو زمین اپنے پاس رہنے دو اور اس کی پیداوار کو صدقہ کر دو۔ راوی بیان کرتے ہیں، حضرت عمر رضی اللہ عنہ نے اس کی پیداوار کو صدقہ کر دیا (یوں کہ) نہ اسے فروخت کیا جا سکے گا اور نہ ہی اسے ہبہ کیا جا سکے گا اور نہ ہی وہ کسی کو وراثت میں ملے گی۔

حضرت عمر رضی اللہ عنہ نے اسے غریبوں میں، اپنے قریبی رشتہ داروں میں غلاموں میں، اللہ کی راہ میں، مسافروں میں اور مہمانوں میں صدقہ کیا۔ اس کے نگران کو کوئی گناہ نہیں ہوگا اگر وہ اس میں مناسب طریقے سے خود بھی حاصل کرلے اور دوسرے کو بھی کھلائے۔ بشرطیکہ وہ مال جمع کرنے والا نہ ہو۔

أخرجه البخاري في: 54 كتاب الشروط: 19 باب الشروط في الوقف

رقم الجزء: 1 رقم الصفحة: 505 (جہانگیری صحیح بخاری، مطبوعہ شبیر برادرز، رقم الحدیث 2586)

ترك الوصية لمن ليس له شيء يوصي فيه

جس شخص کے پاس کوئی ایسی چیز نہ ہو جس کے بارے میں وہ وصیت کر سکے اس کا وصیت نہ کرنا

﴿1057﴾ حديث عَبْدِ اللّٰهِ بْنِ أَبِي أَوْفَى رَضِيَ اللّٰهُ عَنْهُ

عَنْ طَلْحَةَ ابْنِ مُصَرِّفٍ قَالَ: سَأَلْتُ عَبْدَ اللّٰهِ بْنَ أَبِي أَوْفَى هَلْ كَانَ النَّبِيُّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ أَوْصَى قَالَ: لاَ فَقُلْتُ: كَيْفَ كُتِبَ عَلَى النَّاسِ الْوَصِيَّةُ، أَوْ أُمِرُوْا بِالْوَصِيَّةِ قَالَ: أَوْصَى بِكِتَابِ اللّٰهِ

✧✧ طلحہ بن مصرف بیان کرتے ہیں' میں نے حضرت عبداللہ بن ابی اوفی رضی اللہ عنہ سے دریافت کیا، کیا نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے کوئی وصیت کی تھی۔ انہوں نے جواب دیا: نہیں، میں نے دریافت کیا: پھر یہ لوگوں پر کیوں لازم کی گئی ہے؟

Marfat.com

(راوی کوشک ہے یا شاید یہ الفاظ ہیں) لوگوں کو وصیت کا حکم کیوں دیا گیا ہے، انہوں نے فرمایا: نبی اکرم ﷺ نے اللہ تعالیٰ کی کتاب کے بارے میں وصیت کی تھی۔

أخرجه البخاري في: 55 كتاب الوصايا: 1 باب الوصايا وقول النبي صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ وصية الرجل مكتوبة عنده رقم الجزء: 1 رقم الصفحة: 506 (جہانگیری صحیح بخاری، مطبوعہ شبیر برادرز، رقم الحدیث:2589)

1058 حديث عَائِشَةَ رَضِيَ اللّٰهُ عَنْهَا،

عَنِ الْأَسْوَدِ، قَالَ: ذَكَرُوْا عِنْدَ عَائِشَةَ أَنَّ عَلِيًّا رَضِيَ اللّٰهُ عَنْهُ كَانَ وَصِيًّا فَقَالَتْ: مَتٰى أَوْصَى إِلَيْهِ وَقَدْ كُنْتُ مُسْنِدَتَهُ إِلٰى صَدْرِي، أَوْ قَالَتْ: حَجْرِي، فَدَعَا بِالطَّسْتِ، فَلَقَدِ انْخَنَثَ فِيْ حَجْرِيْ فَمَا شَعَرْتُ أَنَّهُ قَدْ مَاتَ، فَمَتٰى أَوْصٰى إِلَيْهِ

✧✧ اسود بیان کرتے ہیں' سیّدہ عائشہ رضی اللہ عنہا کے سامنے کچھ لوگوں نے اس بات کا تذکرہ کیا' حضرت علی رضی اللہ عنہ نبی اکرم ﷺ کے ''وصی تھے'' تو سیّدہ عائشہ رضی اللہ عنہا نے فرمایا: نبی اکرم ﷺ نے ان کے بارے میں وصیت کب کی تھی۔ آپ نے میرے سینے کے ساتھ (راوی کو شک ہے یا شاید یہ الفاظ ہیں) میری گود میں ٹیک لگائی ہوئی تھی آپ نے طشت منگوایا۔ اسی دوران آپ میری گود میں ڈھلک گئے اور مجھے یہ پتہ بھی نہیں چلا: آپ وصال فرما چکے ہیں۔ تو آپ نے ان کے بارے میں وصیت کب کی؟

أخرجه البخاري في: 55 كتاب الوصايا: 1 باب الوصايا وقول النبي صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ وصية الرجل مكتوبة عنده رقم الجزء: 1 رقم الصفحة: 506 (جہانگیری صحیح بخاری، مطبوعہ شبیر برادرز، رقم الحدیث:2590)

1059 حديث ابْنِ عَبَّاسٍ رَضِيَ اللّٰهُ عَنْهُمَا،

أَنَّهُ قَالَ: يَوْمُ الْخَمِيسِ، وَمَا يَوْمُ الْخَمِيسِ ثُمَّ بَكٰى حَتّٰى خَضَبَ دَمْعُهُ الْحَصْبَاءَ، فَقَالَ: اشْتَدَّ بِرَسُوْلِ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ وَجَعُهُ يَوْمَ الْخَمِيسِ، فَقَالَ: ائْتُوْنِيْ بِكِتَابٍ، أَكْتُبْ لَكُمْ كِتَابًا لَنْ تَضِلُّوْا بَعْدَهُ أَبَدًا فَتَنَازَعُوا، وَلَا يَنْبَغِي عِنْدَ نَبِيٍّ تَنَازُعٌ فَقَالُوْا: هَجَرَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ، قَالَ: دَعُوْنِيْ فَالَّذِيْ أَنَا فِيْهِ خَيْرٌ مِمَّا تَدْعُوْنِيْ إِلَيْهِ وَأَوْصٰى عِنْدَ مَوْتِهِ بِثَلَاثٍ: أَخْرِجُوا الْمُشْرِكِيْنَ مِنْ جَزِيرَةِ الْعَرَبِ، وَأَجِيزُوْا الْوَفْدَ

رقم الحديث : **1057**

اخرجه ابوعبدالله الشيبانی فی ''مسنده'' طبع موسسه قرطبه، قابره، مصر، رقم الحديث: **191416** اخرجه ابومحمد الدارمی فی ''سننه'' طبع دارالكتاب العربی، بيروت، لبنان، **1407**ھ، **1987**ء، رقم الحديث: **3180** اخرجه ابوحاتم البستی فی ''صحيحه'' طبع موسسه الرساله، بيروت، لبنان، **1414**ھ/**1993**ء، رقم الحديث: **6023** اخرجه ابوداؤد الطيالسی فی ''مسنده'' طبع دارالمعرفة، بيروت، لبنان، رقم الحديث: **821** ذكره ابوبكر البيهقی فی ''سننه الكبرىٰ' طبع مكتبه دارالباز، مكه مكرمه، سعودی عرب **1414**ھ/**1994**ء، رقم الحديث:**12332** اخرجه ابوبكر الحميدی فی ''مسنده'' طبع دارالكتب العلميه، مكتبه المتنبی، بيروت، قابره، رقم الحديث:**722**

رقم الحديث : 1058: اخرجه ابوالحسين مسلم النيسابوری فی ''صحيحه'' طبع داراحياء التراث العربی، بيروت، لبنان، رقم الحديث:**1636** اخرجه ابو عبدالله القزوينی فی ''سننه''، طبع دارالفكر، بيروت، لبنان، رقم الحديث:**1626** اخرجه ابوعبدالله الشيبانی فی ''مسنده'' طبع موسسه قرطبه، قابره، مصر، رقم الحديث:**24085**

Marfat.com

بِنَحْوِ مَا كُنْتُ أُجِيزُهُمْ وَنَسِيتُ الثَّالِثَةَ

✧✧ حضرت ابن عباس رضی اللہ عنہما بیان کرتے ہیں' جمعرات کا دن بھی کیسا دن تھا؟ پھر وہ رونے لگے' یہاں تک کہ ان کے آنسوؤں نے کنکریوں کو گیلا کر دیا انہوں نے بتایا: جمعرات کے دن نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کی طبیعت بہت زیادہ خراب ہوئی تھی آپ نے حکم دیا: میرے لئے کوئی تحریر لاؤ تا کہ میں تمہیں ایک ایسی تحریر لکھ دوں اس کے بعد تم کبھی گمراہ نہیں ہو گے۔ لوگوں نے اس بارے میں اختلاف کیا حالانکہ نبی کے سامنے ایسا کوئی اختلاف نہیں ہونا چاہیے۔ لوگوں نے کہا: نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم اس وقت دنیا سے رخصت ہو رہے ہیں۔ آپ نے فرمایا: مجھے چھوڑ دو! میں جس حالت میں ہوں یہ اس سے بہتر ہے جس کی طرف تم مجھے بلاتے ہو نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے اپنے وصال کے وقت تین چیزوں کی وصیت کی۔ مشرکین کو جزیرۂ عرب سے نکال دو، وفود کو اسی طرح عطیات دو جس طرح میں دیا کرتا تھا اور (راوی کہتے ہیں) تیسری بات میں بھول گیا ہوں۔

أخرجه البخاري في: 56 كتاب الجهاد: 176 باب هل يستشفع إلى أهل الذمة ومعاملتهم

رقم الجزء: 1 رقم الصفحة: 507 (جہانگیری صحیح بخاری مطبوعہ شبیر برادرز، رقم الحدیث: 2888)

1060 حديث ابْنِ عَبَّاسٍ رَضِيَ اللّٰهُ عَنْهُمَا،

قَالَ: لَمَّا حُضِرَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ، وَفِي الْبَيْتِ رِجَالٌ، فَقَالَ النَّبِيُّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: هَلُمُّوا أَكْتُبْ لَكُمْ كِتَابًا لاَ تَضِلُّوْا بَعْدَهُ فَقَالَ بَعْضُهُمْ: إِنَّ رَسُوْلَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَدْ غَلَبَهُ الْوَجَعُ، وَعِنْدَكُمُ الْقُرْآنُ، حَسْبُنَا كِتَابُ اللّٰهِ فَاخْتَلَفَ أَهْلُ الْبَيْتِ وَاخْتَصَمُوا: فَمِنْهُمْ مَنْ يَقُوْلُ: قَرِّبُوْا يَكْتُبْ لَكُمْ كِتَابًا لاَ تَضِلُّوْا بَعْدَهُ وَمِنْهُمْ مَنْ يَقُوْلُ غَيْرَ ذٰلِكَ فَلَمَّا أَكْثَرُوا اللَّغْوَ وَالاخْتِلاَفَ، قَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: قُوْمُوْا

قَالَ عُبَيْدُ اللّٰهِ (الرَّاوِي) فَكَانَ يَقُوْلُ ابْنُ عَبَّاسٍ رَضِيَ اللّٰهُ عَنْهُمَا: إِنَّ الرَّزِيَّةَ كُلَّ الرَّزِيَّةِ مَا حَالَ بَيْنَ رَسُوْلِ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ وَبَيْنَ أَنْ يَكْتُبَ لَهُمْ ذٰلِكَ الْكِتَابَ، لاِخْتِلاَفِهِمْ وَلَغَطِهِمْ

✧✧ حضرت ابن عباس رضی اللہ عنہما بیان کرتے ہیں: جب نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کے وصال کا وقت قریب آیا تو آپ کے گھر میں کچھ افراد موجود تھے۔ نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: کوئی چیز میرے پاس لے کر آؤ! میں تم کو لکھ کر دوں تم اس کے بعد گمراہ نہیں ہو گے ان میں سے بعض لوگوں نے کہا: نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم پر تکلیف کا غلبہ ہے ہمارے پاس قرآن (ہے یہ کافی ہے) ہمارے لئے اللہ کی کتاب کافی ہے۔ گھر میں موجود لوگوں نے اس بات پر اختلاف کیا۔ آپس میں بحث کرنے لگے۔ ان میں سے کچھ لوگوں نے کہا: کوئی چیز دو! تا کہ نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم تمہیں کوئی ایسی تحریر لکھ دیں تا کہ اس کے بعد تم گمراہی کا شکار نہ ہو اور کچھ لوگوں نے دوسری بات کہی' جب ان کے درمیان بحث اور اختلاف زیادہ ہو گیا تو نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: یہاں سے اٹھ جاؤ۔

حضرت ابن عباس رضی اللہ عنہما بیان کرتے ہیں: اس سے بڑی مصیبت اور کیا ہو سکتی ہے جو نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم اور آپ کی تحریر کے درمیان حائل ہو گئی اور یہ لوگوں کے اختلاف اور ان کی بحث کی وجہ سے ہوا۔

أخرجه البخاري في: 64 كتاب المغازي: 83 باب مرض النبي صلى الله عليه وسلم ووفاته

رقم الجزء: 1 رقم الصفحة: 507 (جہانگیری صحیح بخاری مطبوعہ شبیر برادرز، رقم الحدیث: 4169)

Marfat.com

كتاب النذر
نذر کا بیان

•••———•••———•••

الأمر بقضاء النذر
نذر پوری کرنے کا حکم

1061 حديث ابْنِ عَبَّاسٍ رَضِيَ اللّٰهُ عَنْهُمَا،
أَنَّ سَعْدَ بْنَ عُبَادَةَ رَضِيَ اللّٰهُ عَنْهُ، اسْتَفْتٰى رَسُوْلَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ فَقَالَ: إِنَّ أُمِّي مَاتَتْ وَعَلَيْهَا نَذْرٌ، فَقَالَ: اقْضِهِ عَنْهَا

✧✧ حضرت ابن عباس رضی اللہ عنہما بیان کرتے ہیں' حضرت سعد بن عبادہ رضی اللہ عنہ نے نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم سے دریافت کیا۔ میری والدہ کا انتقال ہوگیا ہے۔ان پر ایک نذر لازم تھی، نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: تم ان کی طرف سے ادا کرو۔

أخرجه البخاري في: 55 كتاب الوصايا: 19 باب ما يستحب لمن يتوفى فجأة أن يتصدقوا عنه' وقضاء النذور عن الميت

رقم الجزء: 1 رقم الصفحة: 508 (جہانگیری صحیح بخاری، مطبوعہ شبیر برادرز، رقم الحدیث:2610)

•••———•••———•••

رقم الحديث: 1061

اخرجه ابوعبدالله الاصبحی فی ''المؤطا'' طبع داراحیاء التراث العربی (تحقیق فواد عبدالباقی)، رقم الحدیث: **1007** اخرجه ابوداؤد السجستانی فی ''سننه'' طبع دارالفکر، بیروت، لبنان، رقم الحدیث: **3307** اخرجه ابوعبدالرحمن النسائی فی ''سننه'' طبع مکتب المطبوعات الاسلامیه، حلب، شام، **1406**ھ، **1986**ء، رقم الحدیث: **3663** اخرجه ابوحاتم البستی فی ''صحیحه'' طبع موسسه الرساله، بیروت، لبنان، **1414**ھ/**1993**ء، رقم الحدیث: **4393** اخرجه ابوالقاسم الطبرانی فی ''معجمه الکبیر'' طبع مکتبه العلوم والحکم، موصل، **1404**ھ/**1983**ء، رقم الحدیث: **5371** اخرجه ابویعلی الموصلی فی ''مسنده'' طبع دارالمامون للتراث، دمشق، شام، **1404**ھ.**1984**ء، رقم الحدیث: **2683** ذکره ابوبکر البیهقی فی ''سننه الکبریٰ'' طبع مکتبه دارالباز، مکه مکرمه، سعودی عرب **1414**ھ/**1994**ء، رقم الحدیث: **8021** اخرجه ابوعبدالرحمن النسائی فی ''سننه'' طبع مکتب المطبوعات الاسلامیه، حلب، شام، **1406**ھ، **1986**ء، رقم الحدیث: **4761**

Marfat.com

النهي عن النذر وأنه لا يرد شيئًا

نذر کی ممانعت' یہ کسی چیز (یعنی مصیبت یا بلا) کو واپس نہیں کرتی

1062 حديث ابْنِ عُمَرَ رَضِيَ اللّٰهُ عَنْهُمَا،

قَالَ: نَهى النَّبِيُّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ عَنِ النَّذْرِ، قَالَ: إِنَّهُ لا يَرُدُّ شَيْئًا، وَإِنَّمَا يُسْتَخْرَجُ بِهِ مِنَ الْبَخِيلِ

✧✧ حضرت ابن عمر رضی اللہ عنہما بیان کرتے ہیں: نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے نذر ماننے سے منع کیا ہے اور فرمایا ہے: یہ کسی چیز کو واپس نہیں کرتی بلکہ اس کے ذریعے کنجوس سے مال نکلوایا جاتا ہے۔

أخرجه البخاري في: 82 كتاب القدر: 6 باب إلقاء النذر العبد إلى القدر

رقم الجزء: 1 رقم الصفحة: 509 (جہانگیری صحیح بخاری مطبوعہ شبیر برادرز، رقم الحدیث: 6234)

1063 حديث أَبِي هُرَيْرَةَ رَضِيَ اللّٰهُ عَنْهُ،

قَالَ: قَالَ النَّبِيُّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: لا يَأْتِي ابْنَ ادَمَ النَّذْرُ بِشَيْءٍ لَمْ يَكُنْ قُدِّرَ لَهُ، وَلٰكِنْ يُلْقِيهِ النَّذْرُ إِلَى الْقَدَرِ قَدْ قُدِّرَ لَهُ، فَيَسْتَخْرِجُ اللّٰهُ بِهِ مِنَ الْبَخِيلِ، فَيُؤْتِي عَلَيْهِ مَا لَمْ يَكُنْ يُؤْتِي عَلَيْهِ مِنْ قَبْلُ

✧✧ حضرت ابو ہریرہ رضی اللہ عنہ بیان کرتے ہیں: نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے ارشاد فرمایا ہے: نذر ابن آدم کے پاس کوئی چیز نہیں لے کر آتی جو اس کے مقدر میں نہ ہو' نذر آدمی کو تقدیر کی طرف ہی لے جاتی ہے جو آدمی کے مقدر میں ہو۔ اللہ تعالیٰ اس کے ذریعے کنجوس آدمی سے مال نکلواتا ہے اور اس شخص کو دے دیتا ہے جسے اس سے پہلے نہیں ملا تھا۔

أخرجه البخاري في: 83 كتاب الأيمان والنذور: 26 باب الوفاء بالنذر وقوله (يوفون بالنذر)

رقم الجزء: 1 رقم الصفحة: 509 (جہانگیری صحیح بخاری مطبوعہ شبیر برادرز، رقم الحدیث: 6316)

رقم الحديث : 1062

اخرجه ابوالحسين مسلم النيسابوري في "صحيحه" طبع داراحياء التراث العربي بيروت لبنان رقم الحديث: **1639** اخرجه ابوداؤد السجستاني في "سننه" طبع دارالفكر بيروت لبنان رقم الحديث: **3287** اخرجه ابو عيسى الترمذي في "جامعه" طبع داراحياء التراث العربي بيروت لبنان رقم الحديث: **1538** اخرجه ابوعبدالرحمن النسائي في "سننه" طبع مكتب المطبوعات الاسلاميه حلب شام - **1406**ھ **1986**ء رقم الحديث: **3801** اخرجه ابو عبدالله القزويني في "سننه" طبع دارالفكر بيروت لبنان رقم الحديث: **2123** اخرجه ابوعبدالله النيسابوري في "المستدرک" طبع دارالكتب العلميه بيروت لبنان **1411**ھ/**1990**ء رقم الحديث: **7838** اخرجه ابوعبدالله الشيباني في "مسنده" طبع موسسه قرطبه قاهره مصر رقم الحديث: **5275** اخرجه ابوحاتم البستي في "صحيحه" طبع موسسه الرساله بيروت لبنان **1414**ھ/**1993**ء رقم الحديث: **4376** ذكره ابوبكر البيهقي في "سننه الكبرى" طبع مكتبه دارالباز مكه مكرمه سعودي عرب **1414**ھ/**1994**ء رقم الحديث: **19890** اخرجه ابويعلى الموصلي في "مسنده" طبع دارالمامون للتراث دمشق شام **1404**ھ-**1984**ء رقم الحديث: **6355** اخرجه ابوداؤد الطيالسي في "مسنده" طبع دارالمعرفة بيروت لبنان رقم الحديث: **1865** اخرجه ابوبكر الحميدي في "مسنده" طبع دارالكتب العلميه مكتبه المتنبي بيروت قاهره رقم الحديث: **1112**

Marfat.com

من نذر أن يمشي إلى الكعبة
جوشخص خانہ کعبہ تک پیدل جانے کی نذر مانے

1064 حديث أَنَسٍ رَضِيَ اللّٰهُ عَنْهُ،

أَنَّ النَّبِيَّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ رَأَى شَيْخًا يُهَادٰى بَيْنَ ابْنَيْهِ، قَالَ: مَا بَالُ هٰذَا قَالُوْا: نَذَرَ أَنْ يَّمْشِيَ؛ قَالَ: إِنَّ اللّٰهَ عَنْ تَعْذِيبِ هٰذَا نَفْسَهُ لَغَنِيٌّ وَأَمَرَهُ أَنْ يَّرْكَبَ

✧✧ حضرت انس رضی اللہ عنہ بیان کرتے ہیں' نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے ایک بزرگ کو دیکھا جو اپنے دو بیٹوں کے درمیان سہارا لے کر جا رہا تھا۔ نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے دریافت کیا' اسے کیا ہوا ہے؟ لوگوں نے بتایا' اس نے پیدل (حج کے لیے جانے کی) نذر مانی ہے۔ نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: اللہ تعالیٰ اس شخص کے اپنی ذات کو تکلیف دینے سے بے نیاز ہے۔ پھر نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے اس شخص کو سوار ہونے کی ہدایت کی۔

أخرجه البخاري في: 28 كتاب جزاء الصيد: 27 باب من نذر المشي إلى الكعبة

رقم الجزء: 1 رقم الصفحة: 509 (جہانگیری صحیح بخاری، مطبوعہ شبیر برادرز، رقم الحدیث:1766)

1065 حديث عُقْبَةَ بْنِ عَامِرٍ رَضِيَ اللّٰهُ عَنْهُ،

قَالَ: نَذَرَتْ أُخْتِي أَنْ تَمْشِيَ إِلٰى بَيْتِ اللّٰهِ، وَأَمَرَتْنِي أَنْ أَسْتَفْتِيَ لَهَا النَّبِيَّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ، فَاسْتَفْتَيْتُهُ فَقَالَ عَلَيْهِ السَّلَامُ: لِتَمْشِ وَلْتَرْكَبْ

✧✧ حضرت عقبہ بن عامر رضی اللہ عنہ بیان کرتے ہیں: میری بہن نے یہ نذر مانی کہ وہ بیت اللہ تک پیدل جائے گی۔ اس نے مجھ سے یہ کہا' کہ میں اس بارے میں نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم سے حکم دریافت کروں۔ میں نے آپ صلی اللہ علیہ وسلم سے دریافت کیا' تو آپ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: وہ (کچھ) پیدل بھی چلے (اور پھر) سوار بھی ہو جائے۔

أخرجه البخاري في: 28 كتاب جزاء الصيد: 37 باب من نذر المشي إلى الكعبة

رقم الجزء: 1 رقم الصفحة: 509 (جہانگیری صحیح بخاری، مطبوعہ شبیر برادرز، رقم الحدیث:1767)

رقم الحديث: **1064**: اخرجه ابو الحسين مسلم النيسابوري في "صحيحه" طبع داراحياء التراث العربي، بيروت، لبنان، رقم الحديث:**1642** اخرجه ابوداؤد السجستاني في "سننه"، طبع دارالفكر، بيروت، لبنان، رقم الحديث:**3301** اخرجه ابو عيسىٰ الترمذي، في "جامعه"، طبع داراحياء التراث العربي، بيروت، لبنان، رقم الحديث:**1537**

رقم الحديث: **1065**: اخرجه ابوداؤد السجستاني في "سننه"، طبع دارالفكر، بيروت، لبنان، رقم الحديث:**3293** اخرجه ابو عيسىٰ الترمذي، في "جامعه"، طبع داراحياء التراث العربي، بيروت، لبنان، رقم الحديث:**1544** اخرجه ابوعبدالرحمن النسائي في "سننه" طبع مكتب المطبوعات الاسلاميه، حلب، شام، **1406**ھ، **1986**ء، رقم الحديث:**3814** اخرجه ابو عبدالله القزويني في "سننه"، طبع دارالفكر، بيروت، لبنان، رقم الحديث:**2134** اخرجه ابومحمد الدارمي في "سننه" طبع دارالكتاب العربي، بيروت، لبنان، **1407**ھ، **1987**ء، رقم الحديث:**2334** اخرجه ابوعبدالله الشيباني في "مسنده" طبع موسسه قرطبه، قاہره، مصر، رقم الحديث:**1767** اخرجه ابوحاتم البستي في "صحيحه" طبع موسسه الرساله، بيروت، لبنان، **1414**ھ/**1993**ء، رقم الحديث:**4384** اخرجه ابوبكر بن خزيمة النيسابوري، في "صحيحه" طبع المكتب الاسلامي، بيروت، لبنان، **1390**ھ/**1970**ء، رقم الحديث:**3045**

Marfat.com

كِتَابُ الْاَيْمَانِ
قسم کے احکام

النهي عن الحلف بغير الله تعالى
اللہ تعالیٰ کی بجائے کسی اور کے نام کی قسم اٹھانے کی ممانعت

1066 حديث عُمَرَ رَضِيَ اللّٰهُ عَنْهُ،

قَالَ: قَالَ لِي رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: إِنَّ اللّٰهَ يَنْهَاكُمْ أَنْ تَحْلِفُوْا بِآبَائِكُمْ

قَالَ عُمَرُ: فَوَاللّٰهِ مَا حَلَفْتُ بِهَا مُنْذُ سَمِعْتُ النَّبِيَّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ، ذَاكِرًا وَّلَا آثِرًا

حضرت عمر رضی اللہ عنہ یہ بیان کرتے ہیں: نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے مجھ سے ارشاد فرمایا: اللہ تعالیٰ نے تم لوگوں کو اس بات سے منع کیا ہے

رقم الحديث1066:

اخرجه ابوالحسين مسلم النيسابوری فی "صحيحه" طبع داراحياء التراث العربی، بيروت، لبنان، رقم الحديث: **1646** اخرجه ابوداؤد السجستانی فی "سننه" طبع دارالفكر، بيروت، لبنان، رقم الحديث: **3249** اخرجه ابوعيسى الترمذی فی "جامعه" طبع داراحياء التراث العربی، بيروت، لبنان، رقم الحديث: **1533** اخرجه ابوعبدالرحمن النسائی فی "سننه" طبع مكتب المطبوعات الاسلاميه، حلب شام، **1406**ھ، **1986**ء، رقم الحديث: **3765** اخرجه ابوعبدالله القزوينی فی "سننه"، طبع دارالفكر، بيروت، لبنان، رقم الحديث: **2094** اخرجه ابومحمد الدارمی فی "سننه" طبع دارالكتاب العربی، بيروت، لبنان، **1407**ھ، **1987**ء، رقم الحديث: **2341** اخرجه ابوعبدالله الاصبحی فی "الموطا" طبع داراحياء التراث العربی (تحقيق فواد عبدالباقی)، رقم الحديث: **1020** اخرجه ابوعبدالله الشيبانی فی "مسنده" طبع موسسه قرطبه، قاهره، مصر، رقم الحديث: **112** اخرجه ابوحاتم البستی فی "صحيحه" طبع موسسه الرساله، بيروت، لبنان، **1414**ھ، **1993**ء، رقم الحديث: **4359** اخرجه ابوعبدالرحمن النسائی فی "سننه" طبع مكتب المطبوعات الاسلاميه، حلب، شام، **1406**ھ، **1986**ء، رقم الحديث: **4706** ذكره ابوبكر البيهقی فی "سننه الكبرىٰ" طبع مكتبه دارالباز، مكه مكرمه، سعودی عرب، **1414**ھ، **1994**ء، رقم الحديث: **19605** اخرجه ابوالقاسم الطبرانی فی "معجمه الكبير" طبع مكتبه العلوم والحكم، موصل، **1404**ھ، **1983**ء، رقم الحديث: **81** اخرجه ابويعلى الموصلی فی "مسنده" طبع دارالمامون للتراث، دمشق، شام، **1404**ھ **1984**ء، رقم الحديث: **5430** اخرجه ابومحمد الكسی فی "مسنده" طبع مكتبة السنة، قاهره، مصر، **1408**ھ / **1988**ء، رقم الحديث: **9** اخرجه ابوبكر الصنعانی فی "مصنفه" طبع المكتب الاسلامی، بيروت لبنان (طبع ثانی)، **1403**ھ، رقم الحديث: **15992** اخرجه ابوبكر الحسدی فی "مسنده" طبع دارالكتب العلميه، مكتبه المتنبی، بيروت، قاهره، رقم الحديث: **1814** اخرجه ابوبكر الشيبانی فی "الاحاد والمثانی" طبع دارالرايه، رياض، سعودی عرب، **1411**ھ / **1991**ء، رقم الحديث: **114**

Marfat.com

کہ تم لوگ اپنے باپ دادا کے نام کی قسم اٹھاؤ۔ حضرت عمر رضی اللہ عنہ بیان کرتے ہیں: جب سے میں نے نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کی زبانی یہ سنا ہے تو میں نے کبھی بھی جان بوجھ کر یا بھول کر (باپ دادا کے نام کی) قسم نہیں اٹھائی۔

أخرجه البخاري في: 83 كتاب الأيمان: 4 باب لا تحلفوا بآبائكم

رقم الجزء: 1 رقم الصفحة: 510 (جہانگیری صحیح بخاری، مطبوعہ شبیر برادرز، رقم الحدیث: 6271)

﴿1067﴾ حديث ابْنِ عُمَرَ رَضِيَ اللّٰهُ عَنْهُمَا

أَنَّهُ أَدْرَكَ عُمَرَ بْنَ الْخَطَّابِ فِي رَكْبٍ وَهُوَ يَحْلِفُ بِأَبِيهِ، فَنَادَاهُمْ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: أَلاَ إِنَّ اللّٰهَ يَنْهَاكُمْ أَنْ تَحْلِفُوْا بِآبَائِكُمْ، فَمَنْ كَانَ حَالِفًا فَلْيَحْلِفْ بِاللّٰهِ، وَإِلَّا فَلْيَصْمُتْ

✧✧ حضرت ابن عمر رضی اللہ عنہما بیان کرتے ہیں: انہوں (یعنی نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم) نے حضرت عمر بن خطاب رضی اللہ عنہ کو کچھ سواروں میں پایا' وہ اپنے والد کے نام کی قسم اٹھا رہے تھے' نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے بلند آواز میں ان سے کہا: خبردار! اللہ تعالیٰ نے تمہیں اس بات سے منع فرمایا ہے کہ تم اپنے باپ دادا کے نام کی قسم اٹھاؤ' جس نے قسم اٹھانی ہے وہ اللہ تعالیٰ کے نام کی قسم اٹھائے ورنہ خاموش رہے۔

أخرجه البخاري في: 78 كتاب الأدب: 74 باب من لم ير إكفار من قال ذلك متأولاً أو جاهلاً

رقم الجزء: 1 رقم الصفحة: 510 (جہانگیری صحیح بخاری، مطبوعہ شبیر برادرز، رقم الحدیث: 5757)

من حلف باللات والعزى فليقل لا إله إلا الله

جو شخص لات اور عزّیٰ کی نام کی قسم اٹھائے اسے کلمہ پڑھ لینا چاہئے

﴿1068﴾ حديث أَبِي هُرَيْرَةَ رَضِيَ اللّٰهُ عَنْهُ،

قَالَ: قَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: مَنْ حَلَفَ فَقَالَ فِي حَلِفِهِ وَاللَّاتِ وَالْعُزَّى، فَلْيَقُلْ، لاَ إِلٰهَ إِلَّا اللّٰهُ، وَمَنْ قَالَ لِصَاحِبِهِ، تَعَالَ أُقَامِرْكَ، فَلْيَتَصَدَّقْ

رقم الحديث: 1068

اخرجه ابوالحسين مسلم النيسابوري في "صحيحه" طبع داراحياء التراث العربي، بيروت، لبنان، رقم الحديث: 1647 اخرجه ابوداؤد السجستاني في "سننه" طبع دارالفكر، بيروت، لبنان، رقم الحديث: 3247 اخرجه ابو عيسىٰ الترمذي، في "جامعه"، طبع داراحياء التراث العربي، بيروت، لبنان، رقم الحديث: 1545 اخرجه ابوعبدالرحمن النسائي في "سننه" طبع مكتب المطبوعات الاسلاميه، حلب، شام، 1406ھ، 1986ء، رقم الحديث: 3775 اخرجه ابوعبدالله الشيباني في "مسنده" طبع موسسه قرطبه، قاہره، مصر، رقم الحديث: 8073 اخرجه ابوبكر بن خزيمة النيسابوري، في "صحيحه" طبع المكتب الاسلامي، بيروت، لبنان، 1390ھ/1970ء، رقم الحديث: 45 اخرجه ابوعبدالرحمن النسائي في "سننه" طبع مكتب المطبوعات الاسلاميه، حلب، شام، 1406ھ 1986ء، رقم الحديث: 4716 ذكره ابوبكر البيهقي في "سننه الكبرىٰ" طبع مكتبه دارالباز، مكه مكرمه، سعودي عرب 1414ھ/1994ء، رقم الحديث: 666 اخرجه ابوعبدالله البخاري في "الادب المفرد" طبع دارالبشائر الاسلاميه، بيروت، لبنان، 1409ھ/1989ء، رقم الحديث: 1262

Marfat.com

✧✧ حضرت ابو ہریرہ رضی اللہ عنہ بیان کرتے ہیں: نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے ارشاد فرمایا ہے: جو شخص اپنی قسم میں لات اور عزیٰ کے نام کی قسم اٹھالے تو اسے کلمہ دوبارہ پڑھنا چاہیے اور جو شخص اپنے ساتھی سے یہ کہے: کہ آؤ میں تمہارے ساتھ جوا کھیلتا ہوں تو اس شخص کو صدقہ کرنا چاہیے۔

أخرجه البخاري في: 65 كتاب التفسير: 53 سورة والنجم: 2 باب أفرأيتم اللات العزى

رقم الجزء: 1 رقم الصفحة: 510 (جہانگیری صحیح بخاری مطبوعہ شبیر برادرز، رقم الحدیث: 4579)

•••———•••———•••

ندب من حلف يمينًا فرأى غيرها خيرًا منها

أن يأتي الذي هو خير ويكفّر عن يمينه

جو شخص کوئی قسم اٹھائے اور پھر اس کے برعکس کام کو زیادہ بہتر سمجھے اس کے لئے

یہ بات مستحب ہے کہ وہ اس کام کو کرے جو زیادہ بہتر ہے اور اپنی قسم کا کفارہ دے۔

1069 حديث أَبِي مُوسَى رَضِيَ اللّٰهُ عَنْهُ،

قَالَ: أَرْسَلَنِي أَصْحَابِي إِلَى رَسُوْلِ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ، أَسْأَلُهُ الْحُمْلاَنَ لَهُمْ إِذْ هُمْ مَعَهُ فِي جَيْشِ الْعُسْرَةِ، وَهِيَ غَزْوَةُ تَبُوكَ فَقُلْتُ: يَا نَبِيَّ اللّٰهِ إِنَّ أَصْحَابِي أَرْسَلُونِي إِلَيْكَ لِتَحْمِلَهُمْ، فَقَالَ: وَاللّٰهِ لاَ أَحْمِلُكُمْ عَلَى شَيْءٍ وَوَافَقْتُهُ وَهُوَ غَضْبَانُ، وَلاَ أَشْعُرُ، وَرَجَعْتُ حَزِينًا مِّنْ مَنْعِ النَّبِيِّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ، وَمِنْ مَخَافَةِ أَنْ يَكُوْنَ النَّبِيُّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ وَجَدَ فِي نَفْسِهِ عَلَيَّ، فَرَجَعْتُ إِلَى أَصْحَابِي فَأَخْبَرْتُهُمُ الَّذِي قَالَ النَّبِيُّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ فَلَمْ أَلْبَثْ إِلَّا سُوَيْعَةً إِذْ سَمِعْتُ بِلاَلاً يُنَادِي، أَيْ عَبْدَ اللّٰهِ بْنَ قَيْسٍ فَأَجَبْتُهُ، فَقَالَ: أَجِبْ رَسُوْلَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ يَدْعُوكَ، فَلَمَّا أَتَيْتُهُ قَالَ: خُذْ هٰذَيْنِ الْقَرِيْنَيْنِ وَهٰذَيْنِ الْقَرِيْنَيْنِ لِسِتَّةِ أَبْعِرَةٍ ابْتَاعَهُنَّ حِيْنَئِذٍ مِّنْ سَعْدٍ فَانْطَلِقْ بِهِنَّ إِلَى أَصْحَابِكَ، فَقُلْ إِنَّ اللّٰهَ أَوْ قَالَ: إِنَّ رَسُوْلَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ يَحْمِلُكُمْ عَلَى هٰؤُلاَءِ فَارْكَبُوهُنَّ فَانْطَلَقْتُ إِلَيْهِمْ بِهِنَّ فَقُلْتُ: إِنَّ النَّبِيَّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ يَحْمِلُكُمْ عَلَى هٰؤُلاَءِ، وَلٰكِنِّي، وَاللّٰهِ لاَ أَدَعُكُمْ حَتّٰى يَنْطَلِقَ مَعِي بَعْضُكُمْ إِلَى مَنْ سَمِعَ مَقَالَةَ رَسُوْلِ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ، لاَ تَظُنُّوْا أَنِّي حَدَّثْتُكُمْ شَيْئًا لَمْ يَقُلْهُ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: فَقَالُوْا لِي: إِنَّكَ عِنْدَنَا لَمُصَدَّقٌ وَلَنَفْعَلَنَّ مَا أَحْبَبْتَ فَانْطَلَقَ أَبُوْ مُوْسَى بِنَفَرٍ مِّنْهُمْ حَتّٰى أَتَوُا الَّذِيْنَ سَمِعُوا قَوْلَ رَسُوْلِ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ مَنْعَهُ إِيَّاهُمْ، ثُمَّ إِعْطَاءَ هُمْ بَعْدُ، فَحَدَّثُوهُمْ بِمِثْلِ مَا حَدَّثَهُمْ بِهِ أَبُوْ مُوْسَى

✧✧ حضرت ابوموسیٰ اشعری رضی اللہ عنہ بیان کرتے ہیں: میرے ساتھیوں نے مجھے نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کے پاس بھیجا تا کہ میں آپ سے سواری کے لئے اونٹ مانگوں یہ اس وقت کی بات ہے جب یہ لوگ ان کے ساتھ ''جیش عسرہ'' میں شریک ہونے لگے تھے جو

Marfat.com

غزوہ تبوک ہے' میں نے عرض کی: اللہ کے نبی میرے ساتھیوں نے مجھے آپ کے پاس بھیجا ہے تا کہ آپ مجھے سواری کے لئے اونٹ دیں۔ نبی اکرم ﷺ نے فرمایا: اللہ کی قسم! میں تمہیں سواری کے لئے کوئی چیز نہیں دوں گا۔ حضرت ابوموسیٰ رضی اللہ عنہ بیان کرتے ہیں: جب میں آپ کی خدمت میں حاضر ہوا تو آپ اس وقت غصے کے عالم میں تھے مجھے اس بات کا پتہ نہیں تھا نبی اکرم ﷺ کے انکار کی وجہ سے میں بہت غم زدہ ہو کر واپس آیا اور مجھے یہ بھی خوف تھا کہ نبی اکرم ﷺ مجھ سے ناراض ہوں گے۔ میں اپنے ساتھیوں کے پاس واپس آیا اور انہیں نبی اکرم ﷺ کے جواب کے بارے میں بتایا تو تھوڑی ہی دیر کے بعد میں نے حضرت بلال رضی اللہ عنہ کو بلند آواز میں یہ کہتے ہوئے سنا: اے عبداللہ بن قیس! میں نے انہیں جواب دیا تو انہوں نے فرمایا: نبی اکرم ﷺ تمہیں بلا رہے ہیں آپ ان کی خدمت میں حاضر ہوں۔ جب میں نبی اکرم ﷺ کی خدمت میں حاضر ہوا تو آپ نے فرمایا: یہ دو اونٹ لے لو! اور یہ دو اونٹ لے لو! آپ نے چھ اونٹوں کے بارے میں یہ فرمایا' جو آپ نے اس وقت حضرت سعد رضی اللہ عنہ سے خریدے تھے آپ نے فرمایا: انہیں لے کر اپنے ساتھیوں کے پاس جاؤ اور انہیں یہ بتانا کہ اللہ تعالیٰ نے (راوی کو شک ہے شاید یہ الفاظ ہیں:) اللہ کے رسول نے تمہیں سواری کے لئے دیئے ہیں تم لوگ ان پر سوار ہو جاؤ۔ حضرت ابوموسیٰ اشعری رضی اللہ عنہ بیان کرتے ہیں: پھر میں اپنے ساتھیوں کے پاس آیا میں نے کہا نبی اکرم ﷺ نے تم لوگوں کو سواری کے لئے یہ اونٹ دیئے ہیں لیکن اللہ کی قسم! میں تمہیں اس وقت تک نہیں چھوڑوں گا جب تک تم میں سے کوئی میرے ساتھ اس شخص کے پاس جائے جس نے نبی اکرم ﷺ کا وہ جواب سنا تھا۔ تم لوگ یہ نہ سمجھو کہ میں نے تمہیں کوئی ایسی بات بتائی ہے جو نبی اکرم ﷺ نے ارشاد نہیں فرمائی۔ میرے ساتھیوں نے مجھ سے کہا: اللہ کی قسم! ہم آپ کو سچا سمجھتے ہیں لیکن آپ جو کہتے ہیں ہم وہ بھی کر لیتے ہیں' پھر حضرت ابوموسیٰ رضی اللہ عنہ ان میں سے کچھ لوگوں کو ساتھ لے کر ان حضرات کے پاس آئے جنہوں نے نبی اکرم ﷺ کا پہلا جواب سنا تھا۔ جس میں آپ نے انہیں دینے سے انکار کر دیا تھا اور پھر بعد میں عطا کیا تھا تو ان لوگوں نے بھی وہی بات بیان کی کہ جو حضرت ابوموسیٰ رضی اللہ عنہ نے انہیں بیان کی تھی۔

أخرجه البخاري في: 64 كتاب المغازي: 78 باب غزوة تبوك وهي غزوة العسرة

رقم الجزء: 1 رقم الصفحة: 511 (جہانگیری صحیح بخاری، مطبوعہ شبیر برادرز، رقم الحدیث:4153)

1070 حديث أَبِي مُوسَى رَضِيَ اللّٰهُ عَنْهُ

عَنْ زَهْدَمٍ، قَالَ: كُنَّا عِنْدَ أَبِي مُوسَى فَأُتِيَ ذَكَرَ دَجَاجَةً، وَعِنْدَهُ رَجُلٌ مِّنْ بَنِي تَيْمِ اللّٰهِ أَحْمَرُ، كَأَنَّهُ مِنَ الْمَوَالِي، فَدَعَاهُ لِلطَّعَامِ، فَقَالَ: إِنِّي رَأَيْتُهُ يَأْكُلُ شَيْئًا فَقَذِرْتُهُ؛ فَحَنَثْتُ لاَ آكُلُ فَقَالَ: هَلُمَّ فَلأُحَدِّثْكُمْ عَنْ ذَاكَ إِنِّي أَتَيْتُ النَّبِيَّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ فِي نَفَرٍ مِّنَ الْأَشْعَرِيِّينَ نَسْتَحْمِلُهُ، فَقَالَ: وَاللّٰهِ لاَ أَحْمِلُكُمْ، وَمَا عِنْدِي مَا أَحْمِلُكُمْ وَأُتِيَ رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ بِنَهْبِ إِبِلٍ، فَسَأَلَ عَنَّا، فَقَالَ: أَيْنَ النَّفَرُ الْأَشْعَرِيُّونَ فَأَمَرَ لَنَا بِخَمْسِ ذَوْدٍ، غُرِّ الذُّرَى، فَلَمَّا انْطَلَقْنَا قُلْنَا: مَا صَنَعْنَا لاَ يُبَارَكُ لَنَا فَرَجَعْنَا إِلَيْهِ، فَقُلْنَا: إِنَّا سَأَلْنَاكَ أَنْ تَحْمِلَنَا فَحَلَفْتَ أَنْ لاَ تَحْمِلَنَا، أَفَنَسِيتَ قَالَ: لَسْتُ أَنَا حَمَلْتُكُمْ، وَلَكِنَّ اللّٰهَ حَمَلَكُمْ، وَإِنِّي وَاللّٰهِ إِنْ شَاءَ اللّٰهُ، لاَ أَحْلِفُ عَلَى يَمِينٍ فَأَرَى غَيْرَهَا خَيْرًا مِّنْهَا إِلَّا أَتَيْتُ الَّذِي هُوَ خَيْرٌ. وَتَحَنَّثْتُهَا

✧✧ زہدم بیان کرتے ہیں' ہم لوگ حضرت ابوموسیٰ رضی اللہ عنہ کے پاس موجود تھے ان کے سامنے ایک مرغا لایا گیا ان کے

Marfat.com

پاس بنو تیم سے تعلق رکھنے والا ایک شخص موجود تھا' وہ غلام محسوس ہوتا تھا۔ حضرت ابوموسیٰ رضی اللہ عنہ نے اسے کھانے کے لئے بلایا اس نے جواب دیا: میں نے اسے ایک ایسی چیز کھاتے ہوئے دیکھا ہے جو مجھے گندی لگتی ہے میں نے یہ قسم اٹھائی ہے کہ میں اسے نہیں کھاؤں گا۔ حضرت ابوموسیٰ رضی اللہ عنہ نے فرمایا: تم آگے آؤ! میں تمہیں اس بارے میں ایک بات بتاتا ہوں۔ بنو اشعر سے تعلق رکھنے والے چند افراد کے ہمراہ' میں نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کی خدمت میں حاضر ہوا' ہم نے آپ سے سواری کے لئے اونٹ مانگے آپ نے فرمایا: اللہ کی قسم! میں تمہیں اونٹ نہیں دوں گا اور میرے پاس تمہیں دینے کے لئے ہیں اونٹ بھی نہیں۔ پھر نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کی خدمت میں چھ اونٹ پیش کئے گئے آپ نے ہمارے بارے میں دریافت کیا: اشعر قبیلے کے لوگ کہاں ہیں؟ تو آپ نے ہمیں سفید کوہان والے پانچ اونٹ دینے کا حکم دیا۔ ہم وہاں سے روانہ ہونے لگے تو ہم نے سوچا: ہم نے یہ کیا' کیا ہے؟ ہمیں تو اس میں برکت نصیب نہیں ہوگی' ہم واپس آپ کی خدمت میں حاضر ہوئے اور عرض کی: ہم نے آپ سے سواری کے لئے اونٹ مانگے تھے تو آپ نے یہ قسم اٹھائی تھی کہ آپ ہمیں اونٹ نہیں دیں گے' کیا آپ بھول گئے ہیں۔ نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: یہ میں نے تمہیں نہیں دیئے ہیں بلکہ اللہ تعالیٰ نے دیئے ہیں اللہ کی قسم! اگر اللہ نے چاہا تو میں جب بھی کوئی قسم اٹھاؤں گا اور پھر اس کے برعکس کام کو زیادہ بہتر محسوس کروں گا تو میں وہ کام کروں گا جو زیادہ بہتر ہوگا اور قسم کا کفارہ دے دوں گا۔

أخرجه البخاري في: 57 كتاب فرض الخمس: 15 باب ومن الدليل على أن الخمس لنوائب المسلمين

رقم الجزء: 1 رقم الصفحة: 512 (جہانگیری صحیح بخاری مطبوعہ شبیر برادرز، رقم الحدیث: 2964)

1071 حديث عَبْدِ الرَّحْمٰنِ بْنِ سَمُرَةَ رَضِيَ اللّٰهُ عَنْهُ،

قَالَ: قَالَ النَّبِيُّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: يَا عَبْدَ الرَّحْمٰنِ بْنَ سَمُرَةَ لاَ تَسْأَلِ الْإِمَارَةَ، فَإِنَّكَ إِنْ أُوْتِيتَهَا عَنْ مَسْئَلَةٍ وُكِلْتَ إِلَيْهَا، وَإِنْ أُوْتِيتَهَا مِنْ غَيْرِ مَسْئَلَةٍ أُعِنْتَ عَلَيْهَا، وَإِذَا حَلَفْتَ عَلٰى يَمِيْنٍ فَرَأَيْتَ غَيْرَهَا خَيْرًا مِّنْهَا فَكَفِّرْ عَنْ يَّمِيْنِكَ وَأْتِ الَّذِيْ هُوَ خَيْرٌ

✧✧ حضرت عبدالرحمن بن سمرۃ رضی اللہ عنہ بیان کرتے ہیں: نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے ارشاد فرمایا: عبدالرحمن بن سمرۃ حکومت نہ مانگنا کیونکہ اگر یہ تمہیں مانگنے کے نتیجے میں ملی تو تمہیں اس کے حوالے کر دیا جائے گا اور اگر یہ تمہیں مانگے بغیر مل گئی تو اس کے بارے میں تمہاری مدد کی جائے گی اور جب تم کوئی قسم اٹھاؤ اور اس قسم کے برعکس کو زیادہ بہتر سمجھو تو اپنی قسم کا کفارہ دے دو اور وہ کام کرو جو زیادہ بہتر ہو۔

أخرجه البخاري في: 83 كتاب الأيمان والنذور: 1 باب قول الله تعالى (لا يؤاخذكم الله باللغو في أيمانكم)

رقم الجزء: 1 رقم الصفحة: 513 (جہانگیری صحیح بخاری مطبوعہ شبیر برادرز، رقم الحدیث: 6248)

رقم الحديث : 1071

اخرجه ابوداؤد السجستانی فی "سننه" طبع دارالفکر بیروت، لبنان، رقم الحدیث: **2929** اخرجه ابومحمد الدارمی فی "سنه" طبع دارالکتاب العربی، بیروت، لبنان، **1407**ھ، **1987**ء، رقم الحدیث: **2346** اخرجه ابوعبدالرحمن النسائی فی "سنه" طبع مکتب المطبوعات الاسلامیه، حلب، شام، **1406**ھ، **1986**ء، رقم الحدیث: **8745** ذکره ابوبکر البیهقی فی "سننه الکبریٰ" طبع مکتبه دارالباز، مکه مکرمه، سعودی عرب **1414**ھ/**1994**ء، رقم الحدیث: **19739**

Marfat.com

الاستثناء

(قسم میں) استثناء کرنا

1072 حديث أَبِي هُرَيْرَةَ رَضِيَ اللّٰهُ عَنْهُ،

قَالَ: قَالَ سُلَيْمَانُ بْنُ دَاوُدَ عَلَيْهِمَا السَّلَامُ: لَأَطُوفَنَّ اللَّيْلَةَ بِمِائَةِ امْرَأَةٍ، تَلِدُ كُلُّ امْرَأَةٍ غُلَامًا يُقَاتِلُ فِي سَبِيلِ اللّٰهِ فَقَالَ لَهُ الْمَلَكُ: قُلْ إِنْ شَاءَ اللّٰهُ فَلَمْ يَقُلْ، وَنَسِيَ؛ فَأَطَافَ بِهِنَّ، وَلَمْ تَلِدْ مِنْهُنَّ إِلَّا امْرَأَةٌ نِصْفَ إِنْسَانٍ قَالَ النَّبِيُّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: لَوْ قَالَ إِنْ شَاءَ اللّٰهُ لَمْ يَحْنَثْ، وَكَانَ أَرْجَى لِحَاجَتِهِ

✧✧ حضرت ابوہریرہ رضی اللہ عنہ بیان کرتے ہیں: حضرت سلیمان بن داؤد رضی اللہ عنہ نے کہا: آج رات میں اپنی سو بیویوں کے ساتھ صحبت کروں گا۔ ان میں سے ہر ایک عورت ایک ایک بیٹے کو جنم دے گی جو اللہ تعالیٰ کی راہ میں جنگ کرے گا۔ فرشتے نے ان سے کہا آپ انشاء اللہ کہہ دیں۔ انہوں نے نہیں کہا وہ بھول گئے۔ انہوں نے تمام بیویوں کے ساتھ صحبت کی ان میں سے صرف ایک کے ہاں بچہ پیدا ہوا لیکن وہ بھی نامکمل تھا۔ نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: اگر وہ انشاء اللہ کہہ دیتے تو ان کی قسم نہ ٹوٹتی اور انشاء اللہ کہنے سے کام ہو جاتا ہے۔

أخرجه البخاري في: 67 كتاب النكاح: 119 باب قول الرجل لأطوفن الليلة على نسائه

رقم الجزء: 1 رقم الصفحة: 514 (جہانگیری صحیح بخاری، مطبوعہ شبیر برادرز، رقم الحدیث: 4944)

1073 حديث أَبِي هُرَيْرَةَ رَضِيَ اللّٰهُ عَنْهُ،

عَنِ النَّبِيِّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَالَ: قَالَ سُلَيْمَانُ بْنُ دَاوُدَ، لَأَطُوفَنَّ اللَّيْلَةَ عَلَى سَبْعِينَ امْرَأَةً، تَحْمِلُ كُلُّ امْرَأَةٍ فَارِسًا يُجَاهِدُ فِي سَبِيلِ اللّٰهِ فَقَالَ لَهُ صَاحِبُهُ، إِنْ شَاءَ اللّٰهُ، فَلَمْ يَقُلْ، وَلَمْ تَحْمِلْ شَيْئًا إِلَّا وَاحِدًا سَاقِطًا إِحْدَى شِقَّيْهِ فَقَالَ النَّبِيُّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: لَوْ قَالَهَا لَجَاهَدُوا فِي سَبِيلِ اللّٰهِ

✧✧ حضرت ابوہریرہ رضی اللہ عنہ نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کا یہ فرمان نقل کرتے ہیں، حضرت سلیمان بن داؤد علیہما السلام نے ایک مرتبہ یہ کہا: آج رات میں اپنی 70 بیویوں کے پاس جاؤں گا اور ان میں سے ہر ایک ایسے شہسوار پیدا کرے گی جو اللہ کی راہ میں جہاد کرے گا۔ ان کے ساتھی نے کہا: انشاء اللہ (کہہ دیجئے) لیکن انہوں نے نہیں کہا۔ تو ان بیویوں میں سے کوئی ایک بھی حاملہ نہیں ہوئی صرف ایک نے ایسے بچے کو جنم دیا جس کا ایک پہلو نامکمل تھا۔

نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم فرماتے ہیں: اگر وہ انشاء اللہ کہہ دیتے تو (ان کے ہاں وہ سب بچے ہوتے اور) وہ اللہ کی راہ میں جہاد کرتے۔

رقم الحديث: 1073

أخرجه أبو الحسين مسلم النيسابوري في "صحيحه" طبع دار احياء التراث العربي، بيروت، لبنان، رقم الحديث: **1654** أخرجه أبو عبد الرحمن النسائي في "سننه" طبع مكتب المطبوعات الاسلامية، حلب، شام، **1406**ھ، **1986**ء، رقم الحديث: **3831** أخرجه أبو عبد الله الشيباني في "مسنده" طبع مؤسسة قرطبة، قاهرة، مصر، رقم الحديث: **7137**

Marfat.com

ایک روایت میں 90 بیویوں کے الفاظ ہیں اور یہی روایت زیادہ مستند ہے۔

أخرجه البخاري في: 60 كتاب الطلاق: 40 باب قول الله تعالى (ووهبنا لداود سليمان نعم العبد إنه أواب)

رقم الجزء: 1 رقم الصفحة: 514 (جہانگیری صحیح بخاری مطبوعہ شبیر برادرز رقم الحدیث: 3242)

•••———•••———•••

النهي عن الإصرار على اليمين فيما يتأذى به أهل الحالف مما ليس بحرام

جس قسم کو پورا کرنے سے قسم اٹھانے والے کے اہل خانہ کو اذیت ہوتی ہو اگرچہ وہ کام حرام نہ ہو تو بھی اس قسم پر اصرار کرنے کی ممانعت

1074 حديث أَبِي هُرَيْرَةَ

قَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: وَاللّٰهِ لَأَنْ يَلِجَّ أَحَدُكُمْ بِيَمِيْنِهِ فِيْ أَهْلِهِ اٰثَمُ لَهُ عِنْدَ اللّٰهِ مِنْ أَنْ يُعْطِيَ كَفَّارَتَهُ الَّتِيْ افْتَرَضَ اللّٰهُ عَلَيْهِ

✧✧ حضرت ابوہریرہ رضی اللہ عنہ نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کا یہ فرمان نقل کرتے ہیں: تم بعد میں آنیوالے لوگ ہیں مگر قیامت کے دن سب سے پہلے ہوں گے۔ نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے ارشاد فرمایا ہے: اللہ کی قسم! کسی شخص کا اپنی بیوی کے بارے میں قسم پر اصرار کرنا اللہ تعالیٰ کی بارگاہ میں اس سے زیادہ گناہ کا کام ہے کہ وہ کفارہ ادا کردے جو اللہ تعالیٰ نے اس پر واجب کیا ہے۔

أخرجه البخاري في: 83 كتاب الأيمان والنذور: 1 باب قول الله تعالى (لا يؤاخذكم الله باللغو في أيمانكم

رقم الجزء: 1 رقم الصفحة: 515 (جہانگیری صحیح بخاری مطبوعہ شبیر برادرز رقم الحدیث: 6250)

•••———•••———•••

نذر الكافر وما يفعل فيه إذا أسلم

کافر کی نذر کا حکم جب وہ اسلام قبول کرے تو کیا کرے

1075 حديث ابْنِ عُمَرَ رَضِيَ اللّٰهُ عَنْهُمَا،

أَنَّ عُمَرَ بْنَ الْخَطَّابِ رَضِيَ اللّٰهُ عَنْهُ،قَالَ: يَا رَسُوْلَ اللّٰهِ إِنَّهُ كَانَ عَلَيَّ اعْتِكَافُ يَوْمٍ فِي الْجَاهِلِيَّةِ، فَأَمَرَهُ أَنْ يَفِيَ بِهِ قَالَ: وَأَصَابَ عُمَرُ جَارِيَتَيْنِ مِنْ سَبْيِ حُنَيْنٍ فَوَضَعَهُمَا فِيْ بَعْضِ بُيُوْتِ مَكَّةَ، قَالَ: فَمَنَّ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ عَلَى سَبْيِ حُنَيْنٍ، فَجَعَلُوْا يَسْعَوْنَ فِي السِّكَكِ: فَقَالَ عُمَرُ: يَا عَبْدَ اللّٰهِ انْظُرْ مَا هٰذَا فَقَالَ: مَنَّ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ عَلَى السَّبْيِ، قَالَ: اذْهَبْ فَأَرْسِلِ الْجَارِيَتَيْنِ

✧✧ حضرت عمر بن خطاب رضی اللہ عنہ کے بارے میں منقول ہے انہوں نے عرض کی، یارسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم! زمانہ جاہلیت میں میرے اوپر ایک دن کا اعتکاف کرنا لازم تھا تو نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے انہیں اس نذر کو پورا کرنے کا حکم دیا۔

Marfat.com

راوی بیان کرتے ہیں' حضرت عمر رضی اللہ عنہ کو حنین کے قیدیوں میں سے دو کنیزیں ملیں انہوں نے وہ مکہ کے ایک گھر میں رکھ لیں۔ پھر نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے حنین کے قیدیوں پر احسان کیا (اور انہیں آزاد کر دیا) وہ لوگ مکہ کی گلیوں میں گھوم پھر رہے تھے۔ حضرت عمر رضی اللہ عنہ نے کہا: اے عبداللہ! ذرا جائزہ لو! یہ کیا معاملہ ہے؟ انہوں نے بتایا: نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے قیدیوں پر احسان کر کے (انہیں آزاد کر دیا ہے) حضرت عمر رضی اللہ عنہ نے فرمایا: جاؤ! اور جا کر ان دونوں کنیزوں کو بھی آزاد کر دو۔

أخرجه البخاري في: 57 كتاب فرض الخمس: 19 باب ما كان النبي صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ يعطي المؤلفة قلوبهم

رقم الجزء: 1 رقم الصفحة: 515 (جہانگیری صحیح بخاری، مطبوعہ شبیر برادرز، رقم الحدیث:2975)

•••———•••———•••

التغليظ على من قذف مملوكه بالزنا

اس شخص کی شدید مذمت جو اپنے مملوک پر زنا کا الزام لگائے

1076 حديث أَبِيْ هُرَيْرَةَ رَضِيَ اللّٰهُ عَنْهُ،

قَالَ: سَمِعْتُ أَبَا الْقَاسِمِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ يَقُوْلُ: مَنْ قَذَفَ مَمْلُوكَهُ، وَهُوَ بَرِيءٌ مِمَّا قَالَ، جُلِدَ يَوْمَ الْقِيَامَةِ، إِلَّا أَنْ يَكُوْنَ كَمَا قَالَ

✧✧ حضرت ابو ہریرہ رضی اللہ عنہ بیان کرتے ہیں: میں نے حضرت ابوالقاسم صلی اللہ علیہ وسلم کو یہ فرماتے ہوئے سنا ہے: جو شخص اپنے غلام پر تہمت لگائے اور غلام اس سے بری ہو جو اس نے کہا ہے' تو اس شخص کو قیامت کے دن کوڑے مارے جائیں گے البتہ اگر وہ غلام ویسا ہی ہو (تو حکم مختلف ہوگا۔)

أخرجه البخاري في: 86 كتاب الحدود: 45 باب قذف العبيد

رقم الجزء: 1 رقم الصفحة: 516 (جہانگیری صحیح بخاری، مطبوعہ شبیر برادرز، رقم الحدیث:6466)

•••———•••———•••

إطعام المملوك مما يأكل وإلباسه مما يلبس ولا يكلفه ما يغلبه

مملوک کو وہ چیز کھلانا جو آدمی خود کھاتا ہے اور ویسا لباس پہنانا جو آدمی خود پہنتا ہے

رقم الحديث1076

اخرجه ابوداؤد السجستانی فی ''سننه'' ،طبع دارالفکر،بیروت، لبنان، رقم الحدیث: **5165** اخرجه ابو عیسیٰ الترمذی، فی ''جامعه''، طبع دار احیاء التراث العربی، بیروت، لبنان، رقم الحدیث: **1947** اخرجه ابوعبدالله الشیبانی فی ''مسنده'' طبع موسسه قرطبه، قاہره، مصر، رقم الحدیث: **9563** اخرجه ابوعبدالرحمن النسائی فی ''سننه'' طبع مکتب المطبوعات الاسلامیه، حلب، شام، **1406**ھ، **1986**ء، رقم الحدیث: **7352** اخرجه ابومحمد الکسی فی ''مسنده'' طبع مکتبة السنة، قاہره، مصر، **1408**ھ/**1988**ء، رقم الحدیث: **1468** اخرجه ابن ابویعلی الحنظلی فی ''مسنده'' طبع مکتبه الایمان، مدینه منوره، (طبع اول) **1412**ھ/**1991**ء، رقم الحدیث:**243**

Marfat.com

اور اسے اس چیز کا پابند نہ کرنا جو اسے مغلوب کر دے

1077 حديث أَبِي ذَرٍّ رَضِيَ اللّٰهُ عَنْهُ

عَنِ الْمَعْرُوْرِ، قَالَ: لَقِيتُ أَبَا ذَرٍّ بِالرَّبَذَةِ، وَعَلَيْهِ حُلَّةٌ وَعَلَى غُلَامِهِ حُلَّةٌ، فَسَأَلْتُهُ عَنْ ذٰلِكَ. فَقَالَ: إِنِّي سَابَبْتُ رَجُلاً فَعَيَّرْتُهُ بِأُمِّهِ، فَقَالَ لِيَ النَّبِيُّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: يَا أَبَا ذَرٍّ أَعَيَّرْتَهُ بِأُمِّهِ إِنَّكَ امْرُؤٌ فِيكَ جَاهِلِيَّةٌ. إِخْوَانُكُمْ خَوَلُكُمْ جَعَلَهُمُ اللّٰهُ تَحْتَ أَيْدِيكُمْ، فَمَنْ كَانَ أَخُوهُ تَحْتَ يَدِهِ فَلْيُطْعِمْهُ مِمَّا يَأْكُلُ، وَلْيُلْبِسْهُ مِمَّا يَلْبَسُ، وَلَا تُكَلِّفُوهُمْ مَا يَغْلِبُهُمْ، فَإِنْ كَلَّفْتُمُوهُمْ فَأَعِينُوهُمْ

✧✧ معرور (نامی تابعی) فرماتے ہیں: ''ربذہ'' کے مقام پر میری ملاقات (صحابی رسول) حضرت ابوذر غفاری رضی اللہ عنہ سے ہوئی اس وقت حضرت ابوذر غفاری رضی اللہ عنہ اور ان کے غلام نے ایک جیسے کپڑے پہن رکھے تھے' میں نے اس کا سبب دریافت کیا تو انہوں نے بتایا (عہد رسالت مآب میں) ایک مرتبہ میں نے اپنے ایک غلام کو برا بھلا کہا اور اس کی والدہ کی شان میں نامناسب الفاظ استعمال کیے تو نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے مجھے مخاطب کرتے ہوئے فرمایا:

''اے ابوذر! تم نے اس کی ماں کو برا بھلا کہا ہے؟ تمہارے اندر ابھی بھی جاہلیت کی خو بو باقی ہے' تمہارے غلام بھی تمہارے بھائی ہیں جنہیں اللہ تعالیٰ نے تمہارے ماتحت کر دیا ہے لہٰذا جو تم کھاتے ہو وہی کچھ انہیں بھی کھلاؤ اور جو تم خود پہنتے ہو وہی کچھ انہیں بھی پہناؤ اور انہیں ایسا کام نہ سونپو جو ان کی بساط سے زیادہ ہو اور اگر کوئی ایسا کام آن پڑے تو تم خود بھی ان کی مدد کرو۔''

أخرجه البخاري في: 2 كتاب الإيمان: 22 باب المعاصي من أمر الجاهلية

رقم الجزء: 1 رقم الصفحة: 516 (جہانگیری صحیح بخاری مطبوعہ شبیر برادرز، رقم الحدیث: 30)

1078 حديث أَبِي هُرَيْرَةَ رَضِيَ اللّٰهُ عَنْهُ،

عَنِ النَّبِيِّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ، قَالَ: إِذَا أَتَى أَحَدَكُمْ خَادِمُهُ بِطَعَامِهِ، فَإِنْ لَمْ يُجْلِسْهُ مَعَهُ فَلْيُنَاوِلْهُ أُكْلَةً أَوْ أُكْلَتَيْنِ، أَوْ لُقْمَةً أَوْ لُقْمَتَيْنِ، فَإِنَّهُ وَلِيَ حَرَّهُ وَعِلَاجَهُ

✧✧ حضرت ابوہریرہ رضی اللہ عنہ نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کا یہ فرمان نقل کرتے ہیں: جب کسی شخص کا خادم اس کے پاس کھانا لے کر آئے اگر وہ اسے اپنے ساتھ نہیں بٹھا سکتا تو اسے ایک یا دو لقمے دیدے کیونکہ اس نے کھانا تیار کرنے کی مشقت اور گرمی برداشت کی ہے۔

أخرجه البخاري في: 70 كتاب الأطعمة: 55 باب الأكل مع الخادم

رقم الجزء: 1 رقم الصفحة: 517 (جہانگیری صحیح بخاری مطبوعہ شبیر برادرز، رقم الحدیث: 5144)

رقم الحديث: **1077**

أخرجه أبوعبدالله الشيباني في "مسنده" طبع موسسه قرطبه، قاهره، مصر، رقم الحديث: **21469** ذكره أبوبكر البيهقي في "سننه الكبرى" طبع مكتبه دار الباز، مكه مكرمه، سعودي عرب **1414**ھ / **1994**ء، رقم الحديث: **15555** أخرجه أبومحمد الكسي في "مسنده" طبع مكتبة السنة، قاهره، مصر، **1408**ھ / **1988**ء، رقم الحديث: **189**

Marfat.com

ثواب العبد وأجره إذا نصح لسيده وأحسن عبادة الله

اس غلام کا اجروثواب جواپنے آقا کا خیرخواہ ہواور اللہ تعالیٰ کی عبادت بھی اچھے طریقے سے کرے

1079 ◦ حديث ابْنِ عُمَرَ رَضِيَ اللّٰهُ عَنْهُمَا،

أَنَّ رَسُوْلَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ، قَالَ: الْعَبْدُ إِذَا نَصَحَ سَيِّدَهُ وَأَحْسَنَ عِبَادَةَ رَبِّهِ، كَانَ لَهُ أَجْرُهُ مَرَّتَيْنِ

✧✧ حضرت ابن عمر رضی اللہ عنہما نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کا یہ فرمان نقل کرتے ہیں: جب کوئی شخص اپنے آقا کا خیرخواہ ہواور اپنے پروردگار کی اچھی طرح عبادت کرے تو اسے دوگنا اجر ملے گا۔

أخرجه البخاري في: 49 كتاب العتق: 16 باب العبد إذا أحسن عبادة ربه ونصح سيده

رقم الجزء: 1 رقم الصفحة: 517 (جہانگیری صحیح بخاری، مطبوعہ شبیر برادرز، رقم الحدیث:2408)

1080 ◦ حديث أَبِي هُرَيْرَةَ رَضِيَ اللّٰهُ عَنْهُ،

قَالَ: قَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ لِلْعَبْدِ الْمَمْلُوكِ الصَّالِحِ أَجْرَانِ وَالَّذِي نَفْسِي بِيَدِهِ، لَوْلاَ الْجِهَادُ فِي سَبِيلِ اللّٰهِ وَالْحَجُّ وَبِرُّ أُمِّي، لَأَحْبَبْتُ أَنْ أَمُوْتَ وَأَنَا مَمْلُوكٌ

✧✧ حضرت ابوہریرہ رضی اللہ عنہ بیان کرتے ہیں، نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے ارشادفرمایا ہے: نیک مملوک غلام کے لیے دواجر ہیں (حضرت ابوہریرہ رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں:) اس ذات کی قسم! جس کی دستِ قدرت میں میری جان ہے اگر اللہ کی راہ میں جہاد کرنے، حج کرنے اور والدہ کے ساتھ حسن سلوک کرنے کے احکام نہ ہوتے تو میں اس بات کو پسند کرتا کہ میں اِس حالت میں مروں کہ میں غلام ہوں۔

أخرجه البخاري في: 49 كتاب العتق: 16 باب العبد إذا أحسن عبادة ربه ونصح سيده

رقم الجزء: 1 رقم الصفحة: 517 (جہانگیری صحیح بخاری، مطبوعہ شبیر برادرز، رقم الحدیث:2410)

1081 ◦ حديث أَبِي هُرَيْرَةَ رَضِيَ اللّٰهُ عَنْهُ،

قَالَ: قَالَ النَّبِيُّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: نِعْمَ مَا لأَحَدِهِمْ يُحْسِنُ عِبَادَةَ رَبِّهِ، وَيَنْصَحُ لِسَيِّدِهِ

✧✧ حضرت ابوہریرہ رضی اللہ عنہ بیان کرتے ہیں، نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے ارشادفرمایا ہے: کسی (غلام) کے لیے یہ بات کتنی اچھی ہے کہ وہ اچھی طرح سے اپنے پروردگار کی عبادت کرے اور اپنے آقا کا خیرخواہ بھی ہو۔

رقم الحديث: 1079

أخرجه عبد بن حميد الكشي في "المنتخب" طبع دار احياء التراث العربي (تحقيق فواد عبدالباقي)، رقم الحديث: **1772** اخرجه ابوعبدالله الشيباني في "مسنده" طبع مؤسسة قرطبة، قاهرة، مصر، رقم الحديث: **4673** اخرجه ابوالقاسم الطبراني في "مسند الشاميين" طبع مؤسسة الرسالة، بيروت، لبنان، **1405**ھ / **1984**ء، رقم الحديث: **102**

Marfat.com

أخرجه البخاري في: 49 كتاب العتق: 16 باب العبد إذا أحسن عبادة ربه ونصح سيده
رقم الجزء: 1 رقم الصفحة: 518 (جہانگیری صحیح بخاری مطبوعہ شیخ برادرز رقم الحدیث 2411)

•••———•••———•••

من أعتق شركًا له فِي عبد
جو شخص کسی غلام میں اپنے حصے کو آزاد کر دے

1082 ۔ حديث عَبْدِ اللّٰهِ بْنِ عُمَرَ رَضِيَ اللّٰهُ عَنْهُ.

أَنَّ رَسُوْلَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ، قَالَ: مَنْ أَعْتَقَ شِرْكًا لَهُ فِي عَبْدٍ، فَكَانَ لَهُ مَالٌ يَبْلُغُ ثَمَنَ الْعَبْدِ. قُوِّمَ الْعَبْدُ قِيْمَةَ عَدْلٍ، فَأَعْطَى شُرَكَاءَهُ حِصَصَهُمْ وَعَتَقَ عَلَيْهِ، وَإِلَّا فَقَدْ عَتَقَ مِنْهُ مَا عَتَقَ

✧✧ حضرت عبداللہ بن عمر رضی اللہ عنہ بیان کرتے ہیں، نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے ارشاد فرمایا ہے جو شخص غلام میں اپنے حصے کو آزاد کر دے اور اس شخص کے پاس اتنا مال ہو جو غلام کی قیمت جتنا ہو تو اس غلام کی منصفانہ قیمت لگا کر اس کے دیگر شراکت داروں کو ان کے حصے دے دیے جائیں گے اور وہ غلام اس شخص کی طرف سے آزاد ہو جائے گا ورنہ جو حصہ اس نے آزاد کیا ہے وہی حصہ آزاد ہوگا۔

أخرجه البخاري في: 49 كتاب العتق: 4 باب إذا أعتق عبدًا بين اثنين
رقم الجزء: 1 رقم الصفحة: 518 (جہانگیری صحیح بخاری مطبوعہ شیخ برادرز رقم الحدیث 2386)

1083 ۔ حديث أَبِي هُرَيْرَةَ رَضِيَ اللّٰهُ عَنْهُ.

عَنِ النَّبِيِّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ، قَالَ: مَنْ أَعْتَقَ شَقِيصًا مِنْ مَمْلُوكِهِ، فَعَلَيْهِ خَلَاصُهُ فِي مَالِهِ. فَإِنْ لَمْ يَكُنْ لَهُ مَالٌ قُوِّمَ الْمَمْلُوكُ قِيمَةَ عَدْلٍ ثُمَّ اسْتُسْعِيَ غَيْرَ مَشْقُوقٍ عَلَيْهِ

✧✧ حضرت ابوہریرہ رضی اللہ عنہ نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کا یہ فرمان نقل کرتے ہیں: جو شخص اپنے مملوک میں سے اپنے حصے کو آزاد کر دے اس کے اوپر لازم ہوگا وہ اپنے مال میں سے اسے مکمل آزاد کرے اگر اس کے پاس اتنا مال نہ ہو تو اس سے غلام کی منصفانہ قیمت لگوائی جائے گی اور پھر اس سے (مزدوری کروا کے) بقیہ قیمت ادا کی جائے گی اسے کسی مشقت کا شکار کیے بغیر (ایسا کیا جائے گا)

أخرجه البخاري في: 47 كتاب الشركة: 5 باب تقويم الأشياء بين الشركاء بقيمة عدل
رقم الجزء: 1 رقم الصفحة: 518 (جہانگیری صحیح بخاری مطبوعہ شیخ برادرز رقم الحدیث 2360)

•••———•••———•••

Marfat.com

جواز بيع المدبر

مدبر غلام کو فروخت کرنا جائز ہے

1084 حديث جَابِرٍ رَضِيَ اللّٰهُ عَنْهُ،

أَنَّ رَجُلاً مِّنَ الْأَنْصَارِ دَبَّرَ مَمْلُوكًا لَهُ، وَلَمْ يَكُنْ لَّهُ مَالٌ غَيْرُهُ، فَبَلَغَ النَّبِيَّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ، فَقَالَ: مَنْ يَّشْتَرِيْهِ مِنِّيْ فَاشْتَرَاهُ نُعَيْمُ بْنُ النَّحَّامِ بِثَمَانِمِائَةِ دِرْهَمٍ

✧✧ حضرت جابر رضی اللہ عنہ بیان کرتے ہیں: ایک انصاری نے اپنے غلام کو مدبر کر دیا اس انصاری کے پاس اس غلام کے علاوہ کوئی مال نہیں تھا اس کی اطلاع نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کو ملی تو آپ نے فرمایا: اسے مجھ سے کون خریدے گا؟ تو حضرت نعیم بن نحام رضی اللہ عنہ نے آٹھ سو درہم کے عوض میں اسے خرید لیا۔

أخرجه البخاري في: 84 كتاب الكفارات: 7 باب عتق المدبر

رقم الجزء: 1 رقم الصفحة: 519 (جہانگیری صحیح بخاری، مطبوعہ شبیر برادرز، رقم الحدیث:6338)

Marfat.com

كتاب الْقسامة

قسامت کا بیان

القسامة

قسامت کا بیان

1085 حديث رَافِعِ بْنِ خَدِيجٍ وَسَهْلِ بْنِ أَبِي حَثْمَةَ رَضِيَ اللّٰهُ عَنْهُ

عَنْ بُشَيْرِ بْنِ يَسَارٍ، مَوْلَى الْأَنْصَارِ، أَنَّهُمَا حَدَّثَاهُ: أَنَّ عَبْدَ اللّٰهِ بْنَ سَهْلٍ وَمُحَيِّصَةَ بْنَ مَسْعُوْدٍ أَتَيَا خَيْبَرَ، فَتَفَرَّقَا فِي النَّخْلِ، فَقُتِلَ عَبْدُ اللّٰهِ بْنُ سَهْلٍ فَجَاءَ عَبْدُ الرَّحْمٰنِ بْنُ سَهْلٍ، وَحُوَيِّصَةُ وَمُحَيِّصَةُ ابْنَا مَسْعُوْدٍ إِلَى النَّبِيِّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ، فَتَكَلَّمُوْا فِي أَمْرِ صَاحِبِهِمْ، فَبَدَأَ عَبْدُ الرَّحْمٰنِ، وَكَانَ أَصْغَرَ الْقَوْمِ. فَقَالَ النَّبِيُّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: كَبِّرِ الْكُبْرَ (قَالَ يَحْيى أَحَدُ رِجَالِ السَّنَدِ: لِيَلِيَ الْكَلَامَ الْأَكْبَرُ) فَتَكَلَّمُوْا فِي أَمْرِ صَاحِبِهِمْ، فَقَالَ النَّبِيُّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: أَتَسْتَحِقُّوْنَ قَتِيلَكُمْ أَوْ قَالَ صَاحِبَكُمْ بِأَيْمَانِ خَمْسِينَ مِنْكُمْ قَالُوْا: يَا رَسُوْلَ اللّٰهِ أَمْرٌ لَمْ نَرَهُ قَالَ: فَتُبْرِئُكُمْ يَهُوْدُ فِي أَيْمَانِ خَمْسِينَ مِنْهُمْ قَالُوْا: يَا رَسُوْلَ اللّٰهِ قَوْمٌ كُفَّارٌ، فَوَدَاهُمْ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ مِنْ قِبَلِهِ

قَالَ سَهْلٌ: فَأَدْرَكْتُ نَاقَةً مِنْ تِلْكَ الْإِبِلِ، فَدَخَلَتْ مِرْبَدًا لَهُمْ فَرَكَضَتْنِي بِرِجْلِهَا

✧✧ حضرت رافع بن خدیج رضی اللہ عنہ اور حضرت سہل بن ابی حثمہ رضی اللہ عنہ بیان کرتے ہیں: حضرت عبداللہ بن سہل رضی اللہ عنہ اور حضرت محیصہ بن مسعود رضی اللہ عنہ خیبر آئے یہ دونوں ایک باغ میں جدا ہو گئے حضرت عبداللہ بن سہل کو وہاں قتل کر دیا گیا۔ حضرت عبدالرحمان بن سہل، حضرت حویصہ رضی اللہ عنہ اور حضرت محیصہ رضی اللہ عنہ یہ دونوں مسعود کے صاحبزادے ہیں' نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کی خدمت میں حاضر ہوئے اور اپنے ساتھی کے بارے میں بات چیت کی۔ عبدالرحمٰن بات کا آغاز کرنے لگے جو عمر میں سب سے کم تھے تو نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے ان سے فرمایا: پہلے بڑے کو موقع دو انہوں نے اپنے ساتھی کے بارے میں بات چیت کی نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: یا تم لوگ پچاس قسمیں اٹھا کر اپنے ساتھی کے قتل کا بدلہ لینا چاہتے ہو؟ انہوں نے کہا: ہم نے تو اس قاتل کو دیکھا ہی نہیں' نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: پھر یہودی پچاس قسمیں اٹھا کر تم سے بری الذمہ ہو جائیں گے' انہوں نے عرض کی: یا رسول اللہ! یہ لوگ کافر ہیں۔

نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے پھر انہیں اپنی طرف سے دیت ادا کی۔

Marfat.com

حضرت سہل رضی اللہ عنہ بیان کرتے ہیں: ان اونٹوں میں سے ایک اونٹنی نے مجھے لات ماری تھی جب میں اونٹوں کے باڑے میں داخل ہوا تھا۔

أخرجه البخاري في: 78 كتاب الأدب: 89 باب إكرام الكبير

رقم الجزء: 7 رقم الصفحة: 519 (جہانگیری صحیح بخاری، مطبوعہ شبیر برادرز، رقم الحدیث: 5791)

•••————•••————•••

حكم المحاربين والمرتدين

ڈاکوؤں اور مرتدین کے احکام

1086 حديث أَنَسِ بْنِ مَالِكٍ رَضِيَ اللّٰهُ عَنْهُ،

اَنَّ نَفَرًا مِنْ عُكْلٍ ثَمَانِيَةً قَدِمُوا عَلٰى رَسُوْلِ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ فَبَايَعُوْهُ عَلَى الْاِسْلَامِ فَاسْتَوْخَمُوا الْاَرْضَ فَسَقِمَتْ اَجْسَامُهُمْ فَشَكَوْا ذٰلِكَ اِلٰى رَسُوْلِ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَالَ اَفَلَا تَخْرُجُوْنَ مَعَ رَاعِيْنَا فِيْ اِبِلِهٖ فَتُصِيْبُوْنَ مِنْ اَلْبَانِهَا وَاَبْوَالِهَا قَالُوْا بَلٰى فَخَرَجُوْا فَشَرِبُوْا مِنْ اَلْبَانِهَا وَاَبْوَالِهَا فَصَحُّوْا فَقَتَلُوْا رَاعِيَ رَسُوْلِ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ وَاَطْرَدُوا النَّعَمَ فَبَلَغَ ذٰلِكَ رَسُوْلَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ فَاَرْسَلَ فِيْ اٰثَارِهِمْ فَاُدْرِكُوْا فَجِيْءَ بِهِمْ فَاَمَرَ بِهِمْ فَقُطِّعَتْ اَيْدِيْهِمْ وَاَرْجُلُهُمْ وَسَمَرَ اَعْيُنَهُمْ ثُمَّ نَبَذَهُمْ فِي الشَّمْسِ حَتّٰى مَاتُوْا

حضرت انس رضی اللہ عنہ بیان کرتے ہیں: عکل قبیلے کے 8 افراد نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کی خدمت میں حاضر ہوئے۔ انہوں نے آپ کے دست اقدس پر اسلام قبول کیا۔ انہیں آب و ہوا موافق نہیں آئی وہ بیمار ہو گئے۔ انہوں نے اس کی شکایت نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم سے کی تو آپ نے فرمایا: تم ہمارے چرواہے کے ساتھ اونٹوں کے پاس چلے جاؤ اور وہاں تم ان کے دودھ اور پیشاب کو پینا۔ انہوں نے کہا: ٹھیک ہے تو وہ لوگ چلے گئے انہوں نے وہاں ان اونٹوں کا دودھ اور پیشاب پیا تو وہ تندرست ہو گئے۔ انہوں نے نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کے چرواہے کو قتل کر دیا اور اونٹ بھگا کر لے گئے۔ اس بات کا علم نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کو ہوا۔ آپ نے ان کے پیچھے لوگوں کو بھجوایا۔ انہیں پکڑ لیا گیا، انہیں لایا گیا۔ نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کے حکم کے تحت ان کے ہاتھ اور پاؤں کاٹ دیئے گئے، ان کی آنکھوں میں سلائیاں پھروا دی گئیں، پھر آپ نے انہیں دھوپ میں پھینکوا دیا یہاں تک کہ وہ لوگ مر گئے۔

أخرجه البخاري في: 87 كتاب الديات: 22 باب القسامة

رقم الجزء: 1 رقم الصفحة: 519 (جہانگیری صحیح بخاری، مطبوعہ شبیر برادرز، رقم الحدیث: 6503)

•••————•••————•••

Marfat.com

ثبوت القصاص في القتل بالحجر وغيره من المحددات والمثقلات وقتل الرجل بالمرأة

پتھر وغیرہ جیسی کسی دھاری دار یا وزنی چیز کے ذریعے قتل کرنے پر قصاص کا ثبوت عورت کے عوض میں مرد کو (قصاص کے طور پر) قتل کر دیا جائیگا

1087 حديث أَنَسِ بْنِ مَالِكٍ رَضِيَ اللّٰهُ عَنْهُ،

قَالَ: عَدَا يَهُودِيٌّ، فِي عَهْدِ رَسُوْلِ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ، عَلَى جَارِيَةٍ، فَأَخَذَ أَوْضَاحًا كَانَتْ عَلَيْهَا، وَرَضَخَ رَأْسَهَا؛ فَأَتَى بِهَا أَهْلُهَا رَسُوْلَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ وَهِيَ فِي آخِرِ رَمَقٍ، وَقَدْ أُصْمِتَتْ فَقَالَ لَهَا رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: مَنْ قَتَلَكِ، فُلَانٌ لِغَيْرِ الَّذِي قَتَلَهَا، فَأَشَارَتْ بِرَأْسِهَا أَنْ لَا قَالَ، فَقَالَ لِرَجُلٍ آخَرَ غَيْرِ الَّذِي قَتَلَهَا فَأَشَارَتْ أَنْ لَا، فَقَالَ: فَفُلَانٌ لِقَاتِلِهَا فَأَشَارَتْ أَنْ نَعَمْ؛ فَأَمَرَ بِهِ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ فَرُضِخَ رَأْسُهُ بَيْنَ حَجَرَيْنِ

✧✧ حضرت انس بن مالک رضی اللہ عنہ بیان کرتے ہیں: ایک یہودی نے نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کے زمانہ اقدس میں کسی لڑکی کے ساتھ زیادتی کی۔ اس نے اس کے زیورات اتار لیے جو اس نے پہنے ہوئے تھے اور پھر اس کا سر کچل دیا۔ اس لڑکی کے گھر والے اس لڑکی کو لے کر نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کی خدمت میں حاضر ہوئے۔ وہ آخری سانسیں لے رہی تھی اور تقریبات خاموش ہو چکی تھی۔ نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے اس سے فرمایا: تم کو کس نے قتل کیا ہے۔ فلاں نے، آپ نے اس شخص کے علاوہ کسی کا نام لیا جس نے اسے قتل کیا تھا تو اس نے اپنے سر کے ذریعے اشارہ کیا کہ نہیں۔ نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے دریافت کیا: فلاں نے، آپ نے اس شخص کے علاوہ کا نام لیا تھا جس نے اسے قتل کیا تھا۔ اس نے اشارے کے ذریعے کہا کہ نہیں۔ نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے دریافت کیا: فلاں نے، آپ نے اس کے قاتل کا نام لیا تو اس نے سر کے ذریعے اشارہ کیا، جی ہاں! تو نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کے حکم کے تحت اس یہودی کا سر دو پتھروں کے درمیان رکھ کر کچل دیا گیا۔

أخرجه البخاري في: 68 كتاب الطلاق: 24 باب الإشارة في الطلاق والأمور

رقم الجزء: 1 رقم الصفحة: 521 (جہانگیری صحیح بخاری مطبوعہ شبیر برادرز، رقم الحدیث 4989)

•••———•••———•••

الصائل على نفس الإنسان أو عضوه إذا دفعه المصول عليه فأتلف نفسه أو عضوه لا ضمان عليه

انسان کی جان یا اس کے کسی عضو پر حملہ کرنے والے شخص کو دوسرا فریق جانی یا جسمانی نقصان پہنچا دے تو اس پر تاوان کی ادائیگی لازم نہیں ہوگی

Marfat.com

1088 حديث عِمْرَانَ بْنِ حُصَيْنٍ رَضِيَ اللّٰهُ عَنْهُ،

أَنَّ رَجُلاً عَضَّ يَدَ رَجُلٍ، فَنَزَعَ يَدَهُ مِنْ فَمِهِ فَوَقَعَتْ ثَنِيَّتَاهُ فَاخْتَصَمُوْا إِلَى النَّبِيِّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ، فَقَالَ: يَعَضُّ أَحَدُكُمْ أَخَاهُ كَمَا يَعَضُّ الْفَحْلُ لاَ دِيَةَ لَكَ

✧✧ حضرت عمران بن حصین رضی اللہ عنہ بیان کرتے ہیں: ایک شخص نے دوسرے شخص کے ہاتھ پر کاٹا، دوسرے نے اپنا ہاتھ اس کے منہ سے کھینچا تو پہلے شخص کے دو دانت گر گئے وہ اپنا مقدمہ لے کر نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کی خدمت میں حاضر ہوا تو آپ نے فرمایا: کیا کوئی اپنے بھائی کو اس طرح کاٹتا ہے جیسے کوئی اونٹ کاٹتا ہے۔ تمہیں کوئی دیت نہیں ملے گی۔

أخرجه البخاري في: 87 كتاب الديات: 8 باب إذا عض رجلاً فوقعت ثناياه

رقم الجزء: 1 رقم الصفحة: 522 (جہانگیری صحیح بخاری، مطبوعہ شبیر برادرز، رقم الحدیث:6497)

1089 حديث يَعْلَى بْنِ أُمَيَّةَ رَضِيَ اللّٰهُ عَنْهُ،

قَالَ: غَزَوْتُ مَعَ النَبِيِّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ جَيْشَ الْعُسْرَةِ، فَكَانَ مِنْ أَوْثَقِ أَعْمَالِي فِي نَفْسِي، فَكَانَ لِي أَجِيرٌ، فَقَاتَلَ إِنْسَانًا، فَعَضَّ أَحَدُهُمَا إِصْبَعَ صَاحِبِهِ، فَانْتَزَعَ إِصْبَعَهُ، فَأَنْدَرَ ثَنِيَّتَهُ فَسَقَطَتْ فَانْطَلَقَ إِلَى النَّبِيِّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ، فَأَهْدَرَ ثَنِيَّتَهُ، وَقَالَ: أَفَيَدَعُ إِصْبَعَهُ فِي فِيكَ تَقْضَمُهَا قَالَ أَحْسِبُهُ قَالَ: كَمَا يَقْضَمُ الْفَحْلُ

رقم الحديث: 1089

اخرجه ابوالحسن مسلم النيسابوری فی ''صحيحه'' طبع داراحياء التراث العربی، بيروت، لبنان، رقم الحديث:**1679** اخرجه ابوداؤد السجستانی فی ''مسنده'' طبع دارالفكر، بيروت، لبنان، رقم الحديث:**4584** اخرجه ابو عيسى الترمذی، فی ''جامعه''، طبع داراحياء التراث العربی، بيروت، لبنان، رقم الحديث:**1416** اخرجه ابوعبدالرحمن النسائی فی ''سننه'' طبع مكتب المطبوعات الاسلاميه، حلب، شام، **1406**ھ، **1986**ء، رقم الحديث:**4758** اخرجه ابو عبدالله القزوينی فی ''سننه''، طبع دارالفكر، بيروت، لبنان، رقم الحديث:**2657** اخرجه ابومحمد الدارمی فی ''سننه'' طبع دارالكتاب العربی، بيروت، لبنان، **1407**ھ، **1987**ء، رقم الحديث:**2376** اخرجه ابوعبدالله الشيبانی فی ''مسنده'' طبع موسسه قرطبه، قاہره، مصر، رقم الحديث:**17978** اخرجه ابوحاتم البستی فی ''صحيحه'' طبع موسسه الرسالته، بيروت، لبنان، **1414**ھ/**1993**ء، رقم الحديث:**5997** اخرجه ابوعبدالرحمن النسائی فی ''سننه'' طبع مكتب المطبوعات الاسلاميه، حلب، شام، **1406**ھ، **1986**ء، رقم الحديث:**6960** ذكره ابوبكر البيهقی فی ''سننه الكبرىٰ'' طبع مكتبه دارالباز، مكه مكرمه، سعودی عرب **1414**ھ/**1994**ء، رقم الحديث:**17419** اخرجه ابوالقاسم الطبرانی فی ''معجمه الاوسط'' طبع دارالحرمين، قاہره، مصر، **1415**ھ، رقم الحديث:**214** اخرجه ابوالقاسم الطبرانی فی ''معجمه الكبير'' طبع مكتبه العلوم والحكم، موصل، **1404**ھ/**1983**ء، رقم الحديث:**6363** اخرجه ابوداؤد الطيالسی فی ''مسنده'' طبع دارالمعرفة، بيروت، لبنان، رقم الحديث:**1324** اخرجه ابوالحسن الجوبری فی ''مسنده'' طبع موسسه نادر، بيروت، لبنان، **1410**ھ/**1990**ء، رقم الحديث:**248** اخرجه ابوبكر الشيبانی فی ''الاحادوالمثانی'' طبع دارالرايه، رياض، سعودی عرب، **1411**ھ/**1991**ء، رقم الحديث:**1170** اخرجه ابوبكر الكوفی، فی ''مصنفه'' طبع مكتبه الرشد، رياض، سعودی عرب، طبع اول، **1409**ھ، رقم الحديث:**27649** اخرجه ابوبكر الحميدی فی ''مسنده'' طبع دارالكتب العلميه، مكتبه المتنبی، بيروت، قاہره، رقم الحديث:**788**

Marfat.com

✧✧ حضرت یعلیٰ بن امیہ رضی اللہ عنہ بیان کرتے ہیں' میں نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کے ہمراہ غزوہ تبوک میں شامل ہوا ہوں۔ میرے ذہن کے مطابق وہ میرا سب سے اہم عمل ہے میرا ایک مزدور میرے ساتھ تھا وہ ایک شخص کے ساتھ جھگڑ پڑا' ان دونوں میں سے ایک نے دوسرے کی انگلی چبائی' دوسرے نے اپنی انگلی پیچھے کھینچی تو پہلے والے کے دانت باہر آ گئے' وہ نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کی بارگاہ میں مقدمہ لے کر حاضر ہوا۔ نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے اس کے دانتوں کو بیکار قرار دیا اور فرمایا: کیا وہ (اپنی انگلی تمہارے منہ میں) رہنے دیتا تاکہ تم اسے چبا لیتے۔

راوی کو شک ہے یا شاید یہ الفاظ ہیں: اسے اونٹ کی طرح چبا لیتے۔

اخرجه البخاري في: 37 كتاب الإجارة: 5 باب الأجير في الغزو

رقم الجزء: 1 رقم الصفحة: 522 (جہانگیری صحیح بخاری مطبوعہ شبیر برادرز، رقم الحدیث: 2146)

•••———•••———•••

إثبات الْقصاص فِي الأسنان وما فِيْ معناها

دانتوں اور اس جیسے دیگر اعضاء میں قصاص کا اثبات

1090 حديث أَنَسٍ رَضِيَ اللّٰهُ عَنْهُ

قَالَ: كَسَرَتِ الرُّبَيِّعُ، وَهِيَ عَمَّةُ أَنَسِ بْنِ مَالِكٍ رَضِيَ اللّٰهُ عَنْهُ، ثَنِيَّةَ جَارِيَةٍ مِّنَ الْأَنْصَارِ. فَطَلَبَ الْقَوْمُ الْقِصَاصَ، فَأَتَوُا النَّبِيَّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ، فَأَمَرَ النَّبِيُّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ بِالْقِصَاصِ. فَقَالَ أَنَسُ بْنُ النَّضْرِ، عَمُّ أَنَسِ بْنِ مَالِكٍ رَضِيَ اللّٰهُ عَنْهُ: لَا وَاللّٰهِ لَا تُكْسَرُ سِنُّهَا يَا رَسُوْلَ اللّٰهِ فَقَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: يَا أَنَسُ كِتَابُ اللّٰهِ الْقِصَاصُ فَرَضِيَ الْقَوْمُ وَقَبِلُوا الْأَرْشَ. فَقَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: إِنَّ مِنْ عِبَادِ اللّٰهِ مَنْ لَّوْ أَقْسَمَ عَلَى اللّٰهِ لَأَبَرَّهُ

✧✧ حضرت انس رضی اللہ عنہ بیان کرتے ہیں: حضرت انس رضی اللہ عنہ کی پھوپھی سیدہ ربیع رضی اللہ عنہا نے ایک انصاری لڑکی کے دانت توڑ دیئے اس کے گھر والوں نے قصاص کا مطالبہ کیا یہ لوگ نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کی خدمت میں آئے نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے قصاص دینے کا حکم دیا تو حضرت انس رضی اللہ عنہ کے چچا حضرت انس بن نضر رضی اللہ عنہ نے کہا: نہیں! اللہ تعالیٰ کی قسم! اس کے دانت نہیں توڑے جائیں گے یا رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم! نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: اے انس! اللہ تعالیٰ نے قصاص کا حکم دیا ہے پھر وہ دوسرا فریق راضی ہو گیا اور انہوں نے دیت وصول کی تو نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: اللہ کے کچھ بندے ایسے ہوتے ہیں اگر وہ اللہ کے نام کی قسم اٹھا لیں تو اللہ تعالیٰ اسے پوری کر دیتا ہے۔

أخرجه البخاري في: 65 كتاب التفسير: 5 سورة المائدة: 6 باب قوله (والجروح قصاص)

رقم الجزء: 1 رقم الصفحة: 522 (جہانگیری صحیح بخاری مطبوعہ شبیر برادرز، رقم الحدیث: 4335)

•••———•••———•••

Marfat.com

ما يباح به دم المسلم

کس وجہ سے مسلمان کا قتل جائز ہو جاتا ہے؟

1091 حديث عَبْدِ اللّٰهِ بْنِ مَسعُوْدٍ رَضِيَ اللّٰهُ عَنْهُ،

قَالَ: قَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: لاَ يَحِلُّ دَمُ امْرِىءٍ مُسْلِمٍ يَشْهَدُ أَنْ لاَ إِلٰهَ إِلَّا اللّٰهُ وَأَنِّيْ رَسُوْلُ اللّٰهِ إِلَّا بِإِحْدٰى ثَلَاثٍ: النَّفْسُ بِالنَّفْسِ، وَالثَّيِّبُ الزَّانِيْ، وَالْمَارِقُ مِنَ الدِّيْنِ التَّارِكُ الْجَمَاعَةَ

حضرت عبداللہ رضی اللہ عنہ یہ بیان کرتے ہیں، نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے ارشاد فرمایا ہے: جو مسلمان اس بات کی گواہی دیتا ہو کہ اللہ کے علاوہ اور کوئی معبود نہیں ہے اور میں اللہ تعالیٰ کا رسول ہوں اس کا خون بہانا صرف تین حصوں میں جائز ہے۔ جان کے بدلے میں جان، شادی شدہ زانی اور دین کو چھوڑ کر مسلمانوں کی جماعت کو ترک کرنے والا۔

أخرجه البخاري في: 87 كتاب الديات: 6 باب قوله تعالىٰ (أن النفس بالنفس)

رقم الصفحة: 523 (صہائیری صحیح بخاری، مطبوعہ شبیر برادرز، رقم الحدیث:6484)

•••———•••———•••

بيان إثم من سنّ الْقتل

اس شخص کے گناہ کا بیان جس نے قتل کا طریقہ آغاز کیا

رقم الحديث 1091

أخرجه أحمد بن حنبل في "صحيحه" طبع دار احياء التراث العربي، بيروت، لبنان، رقم الحديث: **1676** اخرجه ابوداؤد السجستاني في "مسنده" طبع دار الفكر بيروت، لبنان، رقم الحديث: **4352** اخرجه ابو عيسى الترمذي، في "جامعه"، طبع دار احياء التراث العربي بيروت لبنان، رقم الحديث: **1402** اخرجه ابوعبدالرحمن النسائي في "سننه" طبع مكتب المطبوعات الاسلاميه، حلب، سنه 1406ھ 1986ء، رقم الحديث: **4017** اخرجه ابومحمد الدارمي في "سننه" طبع دار الكتاب العربي، بيروت، لبنان، **1407**ھ، 1987ء، رقم الحديث: **2298** اخرجه ابوعبدالله الشيباني في "مسنده" طبع موسسه قرطبه، قاهره، مصر، رقم الحديث: **3621** اخرجه ابوحاتم البستي في "صحيحه" طبع موسسه الرساله، بيروت، لبنان، **1414**ھ/**1993**ء، رقم الحديث: **4408** اخرجه ابوعبدالرحمن النسائي في "سننه" طبع مكتب المطبوعات الاسلاميه، حلب، شام، **1406**ھ، **1986**ء، رقم الحديث: **6945** ذكره ابوبكر البيهقي في "سننه الكبرىٰ" طبع مكتبه دار الباز مكه مكرمه، سعودي عرب **1414**ھ/**1994**ء، رقم الحديث: **15622** اخرجه ابوبكر الحميدي في "مسنده" طبع مكتبه المتنبي بيروت، قاهره، رقم الحديث: **119** اخرجه ابوداؤد الطيالسي في "مسنده" طبع دار المعرفة، بيروت، لبنان، رقم الحديث: **289** اخرجه ابويعلىٰ الموصلي في "مسنده" طبع دار المامون للتراث، دمشق، شام، **1404**ھ-**1984**ء، رقم الحديث: **5202** اخرجه ابوبكر احمد بن عمرو البزار في "مسنده" طبع مكتبه الايمان، مدينه منوره، (طبع اول) **1412**ھ/**1991**ء، رقم الحديث: **1603** اخرجه ابوبكر الصنعاني في "مصنفه" طبع المكتب الاسلامي، بيروت لبنان، (طبع ثاني) **1403**ھ، رقم الحديث: **18702** اخرجه ابوبكر الكوفي في "مصنفه" طبع مكتبه الرشد، رياض، سعودي عرب، (طبع اول) **1409**ھ، رقم الحديث: **27902**

Marfat.com

1092 ۔ حديث عَبْدِ اللّٰهِ بْنِ مَسْعُوْدٍ رَضِيَ اللّٰهُ عَنْهُ،

قَالَ: قَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: لَا تُقْتَلُ نَفْسٌ ظُلْمًا إِلَّا كَانَ عَلَى ابْنِ اٰدَمَ الْأَوَّلِ كِفْلٌ مِنْ دَمِهَا، لِأَنَّهُ أَوَّلُ مَنْ سَنَّ الْقَتْلَ

حضرت عبداللہ رضی اللہ عنہ بیان کرتے ہیں نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے ارشاد فرمایا: جس بھی شخص کو ظلم کے طور پر قتل کیا جائے گا اس کا وبال حضرت آدم علیہ السلام کے اس پہلے بیٹے کے سر ضرور ہوگا کیونکہ یہی وہ شخص ہے جس نے قتل کا طریقہ ایجاد کیا۔

أخرجه البخاري في: 60 كتاب الأنبياء: 1 باب خلق آدم صلوات الله عليه وذريته

رقم الجزء: 1 رقم الصفحة: 523 (صحیح بخاری مطبوعہ شبیر برادرز، رقم الحدیث 3157)

•••———•••———•••

المجازاة بالدماء في الْآخرة، وأنها أول ما يقضى فيه بين الناس يوم الْقيامة

آخرت میں خون کا بدلہ لیا جائے گا اور قیامت کے دن لوگوں کے درمیان

سب سے پہلے اس بارے میں فیصلہ ہوگا

1093 ۔ حديث عَبْدِ اللّٰهِ بْنِ مَسْعُوْدٍ رَضِيَ اللّٰهُ عَنْهُ.

رقم الحديث 1092

أخرجه أبو الحسين مسلم النيسابوري في "صحيحه" طبع دار إحياء التراث العربي بيروت لبنان رقم الحديث 1677 أخرجه أبو عيسى الترمذي في "جامعه" طبع دار إحياء التراث العربي بيروت لبنان رقم الحديث 2673 أخرجه أبو عبد الرحمن النسائي في "سننه" طبع مكتب المطبوعات الإسلامية حلب شام 1406ھ 1986ء رقم الحديث 3985 أخرجه أبو عبد الله القزويني في "سننه" طبع دار الفكر بيروت لبنان رقم الحديث 2616 أخرجه أبو عبد الله الشيباني في "مسنده" طبع مؤسسة قرطبة قاهرة مصر رقم الحديث 3630 أخرجه أبو حاتم البستي في "صحيحه" طبع مؤسسة الرسالة بيروت لبنان 1414ھ 1993ء رقم الحديث 5983 أخرجه أبو عبد الرحمن النسائي في "سننه" طبع مكتب المطبوعات الإسلامية حلب شام 1406ھ 1986ء رقم الحديث 3447 أخرجه أبو بكر البيهقي في "سننه الكبرى" طبع مكتبة دار الباز مكة مكرمة سعودي عرب 1414ھ 1994ء رقم الحديث 15602 أخرجه أبو يعلى الموصلي في "مسنده" طبع دار المأمون للتراث دمشق شام 1404ھ 1984ء رقم الحديث 5179 أخرجه عبد الله بن محمد الصنعاني في "مصنفه" طبع المكتب الإسلامي بيروت لبنان 1403ھ 1983ء رقم الحديث 10429 أخرجه أبو بكر الحميدي في "مسنده" طبع دار الكتب العلمية مكتبة المتنبي بيروت قاهرة رقم الحديث 118

رقم الحديث: 1093 أخرجه أبو عيسى الترمذي في "جامعه" طبع دار إحياء التراث العربي بيروت لبنان رقم الحديث 1397 أخرجه أبو عبد الرحمن النسائي في "سننه" طبع مكتب المطبوعات الإسلامية حلب شام 1406ھ 1986ء رقم الحديث 3993 أخرجه أبو عبد الله القزويني في "سننه" طبع دار الفكر بيروت لبنان رقم الحديث 2617 أخرجه أبو عبد الله الشيباني في "مسنده" طبع مؤسسة قرطبة قاهرة مصر رقم الحديث 3674 أخرجه أبو حاتم البستي في "صحيحه" طبع مؤسسة الرسالة بيروت لبنان 1414ھ 1993ء رقم الحديث 7344 أخرجه أبو عبد الرحمن النسائي في "سننه" طبع مكتب المطبوعات الإسلامية حلب شام 1406ھ 1986ء رقم

Marfat.com

قَالَ النَّبِيُّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: أَوَّلُ مَا يُقْضى بَيْنَ النَّاسِ بِالدِّمَاءِ

✧✧ حضرت عبداللہ رضی اللہ عنہ بیان کرتے ہیں: نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے ارشاد فرمایا ہے: (قیامت کے دن) لوگوں کے درمیان سب سے پہلے خون (قتل) کا حساب ہوگا۔

أخرجه البخاري في: 81 كتاب الرقاق: 48 باب القصاص يوم القيامة

رقم الجزء: 1 رقم الصفحة: 524 (جہانگیری صحیح بخاری، مطبوعہ شبیر برادرز، رقم الحدیث:6168)

•••———•••———•••

تغليظ تحريم الدماء والأعراض والأموال

(لوگوں کی) جان، عزت وآبرو اور اموال کے قابل احترام ہونے کی شدید تاکید

1094 حديث أَبِي بَكْرَةَ رَضِيَ اللّٰهُ عَنْهُ،

عَنِ النَّبِيِّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ، قَالَ: الزَّمَانُ قَدِ اسْتَدَارَ كَهَيْئَةِ يَوْمَ خَلَقَ السَّمٰوَاتِ وَالْأَرْضَ، السَّنَةُ اثْنَا عَشَرَ شَهْرًا: مِنْهَا أَرْبَعَةٌ حُرُمٌ، ثَلَاثَةٌ مُتَوَالِيَاتٌ: ذو الْقَعْدَةِ وَذُو الْحِجَّةِ وَالْمُحَرَّمُ، وَرَجَبُ مُضَرَ، الَّذِي بَيْنَ جُمَادى وَشَعْبَانَ: أَيُّ شَهْرٍ هٰذَا قُلْنَا: اللّٰهُ وَرَسُوْلُهُ أَعْلَمُ فَسَكَتَ حَتّٰى ظَنَنَّا أَنَّهُ سَيُسَمِّيهِ بِغَيْرِ اسْمِهِ، قَالَ: أَلَيْسَ ذُو الْحِجَّةِ قُلْنَا: بَلٰى قَالَ: فَأَيُّ بَلَدٍ هٰذَا قُلْنَا: اللّٰهُ وَرَسُوْلُهُ أَعْلَمُ فَسَكَتَ حَتّٰى ظَنَنَّا أَنَّهُ سَيُسَمِّيهِ بِغَيْرِ اسْمِهِ، قَالَ: أَلَيْسَ الْبَلْدَةَ قُلْنَا: بَلٰى قَالَ: فَأَيُّ يَوْمٍ هٰذَا قُلْنَا: اللّٰهُ وَرَسُوْلُهُ أَعْلَمُ فَسَكَتَ حَتّٰى ظَنَنَّا أَنَّهُ سَيُسَمِّيهِ بِغَيْرِ اسْمِهِ قَالَ: أَلَيْسَ يَوْمَ النَّحْرِ قُلْنَا: بَلٰى قَالَ: فَإِنَّ دِمَاءَكُمْ وَأَمْوَالَكُمْ قَالَ مُحَمَّدٌ (أَحَدُ رِجَالِ السَّنَدِ) وَأَحْسِبُهُ قَالَ: وَأَعْرَاضَكُمْ عَلَيْكُمْ حَرَامٌ كَحُرْمَةِ يَوْمِكُمْ هٰذَا فِي بَلَدِكُمْ هٰذَا فِي شَهْرِكُمْ هٰذَا؛ وَسَتَلْقَوْنَ رَبَّكُمْ فَيَسْأَلُكُمْ عَنْ أَعْمَالِكُمْ، أَلَا فَلَا تَرْجِعُوا بَعْدِي ضُلَّالًا يَضْرِبُ بَعْضُكُمْ رِقَابَ بَعْضٍ، أَلَا لِيُبَلِّغِ الشَّاهِدُ الْغَائِبَ، فَلَعَلَّ بَعْضَ مَنْ يُبَلَّغُهُ أَنْ يَكُوْنَ أَوْعٰى لَهُ مِنْ بَعْضِ مَنْ سَمِعَهُ فَكَانَ مُحَمَّدٌ إِذَا ذَكَرَهُ يَقُوْلُ: صَدَقَ مُحَمَّدٌ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ ثُمَّ قَالَ: أَلَا هَلْ بَلَّغْتُ مَرَّتَيْنِ

✧✧ حضرت ابوبکرہ رضی اللہ عنہ نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کا یہ فرمان نقل کرتے ہیں: زمانہ اسی رفتار سے چل رہا ہے جیسے اس دن تھا جس دن اللہ تعالیٰ نے آسمان اور زمین کو پیدا کیا تھا۔ سال بارہ مہینے کا ہوتا ہے، اس میں سے چار مہینے حرمت والے ہیں جن میں سے تین لگاتار آتے ہیں۔ ذوالعقدہ، ذوالحجہ اور محرم جبکہ (چوتھا مہینہ) رجب مضر ہے جو جمادی الثانی اور شعبان کے درمیان ہوتا ہے۔ پھر

بقیہ حاشیہ رقم الحدیث: **1093**: الحدیث:**3453** ذکرہ ابوبکر البیہقی فی "سننہ الکبریٰ" طبع مکتبہ دارالباز، مکہ مکرمہ، سعودی عرب، **1414**ھ - **1994**ء، رقم الحدیث: **15638** اخرجہ ابوالقاسم الطبرانی فی "معجمہ الکبیر" طبع مکتبہ العلوم والحکم، موصل، **1404**ھ - **1983**ء، رقم الحدیث:**10425** اخرجہ ابویعلی الموصلی فی "مسندہ" طبع دارالمامون للتراث، دمشق، شام، **1404**ھ-**1984**ء، رقم الحدیث:**5099** اخرجہ ابوعبداللہ القضاعی فی "مسندہ" طبع موسسۃ الرسالۃ، بیروت، لبنان **1407**ھ / **1986**ء، رقم الحدیث:**212** اخرجہ ابوداؤد الطیالسی فی "مسندہ" طبع دارالمعرفۃ، بیروت، لبنان، رقم الحدیث:**269**

Marfat.com

آپ نے دریافت کیا: یہ کون سا مہینہ ہے؟ ہم نے عرض کی: اللہ اور اس کا رسول زیادہ بہتر جانتے ہیں۔ آپ خاموش رہے' ہم یہ سمجھے کہ شاید آپ اس کا کوئی دوسرا نام تجویز کریں گے۔ آپ نے دریافت کیا: کیا یہ ذوالحج کا مہینہ نہیں ہے؟ ہم نے عرض کی: جی ہاں! نبی اکرم ﷺ نے دریافت کیا: یہ کون سا شہر ہے؟ ہم نے عرض کی: اللہ اور اس کا رسول زیادہ بہتر جانتے ہیں۔ نبی اکرم ﷺ خاموش رہے' یہاں تک کہ ہم سمجھے کہ شاید آپ اس کا کوئی دوسرا نام تجویز کریں گے۔ آپ نے دریافت کیا: کیا یہ خاص شہر نہیں ہے؟ ہم نے عرض کی: جی ہاں! نبی اکرم ﷺ نے دریافت کیا: یہ کون سا دن ہے؟ ہم نے عرض کی: اللہ اور اس کا رسول زیادہ بہتر جانتے ہیں نبی اکرم ﷺ خاموش رہے' یہاں تک کہ ہم یہ سمجھے کہ شاید آپ اس کا کوئی دوسرا نام تجویز کریں گے' آپ نے دریافت کیا: کیا یہ قربانی کا دن نہیں ہے؟ ہم نے عرض کی: جی ہاں! نبی اکرم ﷺ نے فرمایا: تمہارے خون اور تمہارے اموال (راوی کو شک ہے شاید یہ لفظ بھی ہے) اور تمہاری عزت' آپس میں اسی طرح قابل احترام ہیں جیسے اس مہینے میں اس شہر میں یہ دن قابل احترام ہے اور جب تم اپنے پروردگار کی بارگاہ میں حاضر ہو گے تو وہ تمہارے اموال کے بارے میں دریافت کرے گا۔ میرے بعد گمراہ نہ ہو جانا کہ تم آپس میں قتل و غارت شروع کر دو اور ہر موجود شخص غیر موجود تک یہ پیغام پہنچا دے کیونکہ ہو سکتا ہے جس تک وہ پیغام پہنچائے گا وہ اس کی بہ نسبت زیادہ بہتر طور پر اسے یاد رکھے' جس نے براہ راست اسے سنا تھا۔

محمد (بن سیرین) نامی راوی جب اس روایت کو نقل کرتے تھے تو ساتھ ہی یہ کہا کرتے تھے۔ حضرت محمد صلی اللہ علیہ وسلم نے سچ فرمایا ہے۔

(پھر نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے ارشاد فرمایا:) خبردار! کیا میں نے تبلیغ کر دی ہے؟

(راوی کہتے ہیں:) یہ بات آپ نے دو مرتبہ ارشاد فرمائی۔

أخرجه البخاري في: 64 كتاب المغازي: 77 باب حجة الوداع

رقم الجزء: 1 رقم الصفحة: 524 (جہانگیری صحیح بخاری مطبوعہ شبیر برادرز، رقم الحدیث: 4144)

•••———•••———•••

دية الجنين ووجوب الدية فِيْ قتل الخطأ وشبه العمد على عاقلة الجاني

پیٹ میں موجود بچے کی دیت (ہوتی ہے) قتل خطا میں دیت واجب ہوتی ہے

قتل شبہ عمد میں قتل کرنے والے کے خاندان پر ادائیگی لازم ہوتی ہے

1095 حديث أَبِيْ هُرَيْرَةَ رَضِيَ اللّٰهُ عَنْهُ،

أَنَّ رَسُوْلَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَضى فِيْ امْرَأَتَيْنِ مِنْ هُذَيْلٍ اقْتَتَلَتَا، فَرَمَتْ إِحْدَاهُمَا الْأُخْرى بِحَجَرٍ، فَأَصَابَ بَطْنَهَا وَهِيَ حَامِلٌ، فَقَتَلَتْ وَلَدَهَا الَّذِيْ فِيْ بَطْنِهَا فَاخْتَصَمُوْا إِلَى النَّبِيِّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ، فَقَضى أَنَّ دِيَةَ مَا فِيْ بَطْنِهَا غُرَّةٌ: عَبْدٌ أَوْ أَمَةٌ: فَقَالَ وَلِيُّ الْمَرْأَةِ الَّتِيْ غَرِمَتْ: كَيْفَ أَغْرَمُ، يَا رَسُوْلَ اللّٰهِ مَنْ لاَ شَرِبَ وَلاَ أَكَلَ، وَلاَ نَطَقَ وَلاَ اسْتَهَلَّ، فَمِثْلُ ذٰلِكَ بَطَلَ فَقَالَ النَّبِيُّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: إِنَّمَا هٰذَا مِنْ إِخْوَانِ

Marfat.com

الْكِهَانِ

✧✧ حضرت ابو ہریرہ رضی اللہ عنہ بیان کرتے ہیں: نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے ہذیل قبیلے سے تعلق رکھنے والی دوخواتین کے بارے میں یہ فیصلہ دیا ان دونوں کی لڑائی ہوگئی تھی ان دونوں میں سے ایک نے دوسری کو پتھر مارا تھا جو اس کے پیٹ پر لگا تھا دوسری عورت حاملہ تھی تو پہلی عورت نے اس کے پیٹ میں موجود بچے کو قتل کر دیا لوگ یہ مقدمہ لے کر نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کے پاس آئے تو آپ نے ارشاد فرمایا: اس کے پیٹ میں موجود بچے کی دیت ایک غلام یا کنیز ہوگی تو جس عورت نے جرم کا ارتکاب کیا تھا اس کا سرپرست بولا یارسول اللہ! میں کیسے اس کا معاوضہ ادا کروں جس نے کچھ پیا نہیں، کچھ کھایا نہیں نہ ہی وہ کچھ بولا اور نہ ہی اونچی آواز میں رویا ایسا قتل تو رائیگاں جاتا ہے۔ نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: یہ کاہنوں کا بھائی لگتا ہے۔

أخرجه البخاري في: 76 كتاب الطب: 46 باب الكهانة

رقم الجزء: 1 رقم الصفحة: 525 (جہانگیری صحیح بخاری، مطبوعہ شبیر برادرز، رقم الحدیث: 5426)

1096 حديث الْمُغِيرَةِ بْنِ شُعْبَةَ وَمُحَمَّدِ بْنِ مَسْلَمَةَ

عَنْ عُمَرَ رَضِيَ اللّٰهُ عَنْهُ، أَنَّهُ اسْتَشَارَهُمْ فِي إِمْلاَصِ الْمَرْأَةِ، فَقَالَ الْمُغِيرَةُ: قَضى النَّبِيُّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ بِالْغُرَّةِ: عَبْدٍ أَوْ أَمَةٍ فَشَهِدَ مُحَمَّدُ بْنُ مَسْلَمَةَ أَنَّهُ شَهِدَ النَّبِيَّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَضى بِهِ

✧✧ حضرت مغیرہ بن شعبہ رضی اللہ عنہ بیان کرتے ہیں: حضرت عمر رضی اللہ عنہ نے لوگوں سے عورت کے حمل ضائع کرنے کے بارے میں مشورہ دیا تو حضرت مغیرہ رضی اللہ عنہ نے بتایا: نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے اس بارے میں بطور تاوان ایک غلام یا کنیز کو ادا کرنے کا فیصلہ دیا تھا تو حضرت محمد بن مسلمہ رضی اللہ عنہ نے یہ گواہی دی: نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے یہی فیصلہ دیا تھا۔

أخرجه البخاري في: 87 كتاب الديات: 25 باب جنين المرأة

رقم الجزء: 1 رقم الصفحة: 526 (جہانگیری صحیح بخاری، مطبوعہ شبیر برادرز، رقم الحدیث: 6509)

Marfat.com

كتاب الحدود

حدود کا بیان

•••———•••———•••

حد السرقة ونصابها

چوری کرنے کی حد اور اس کا نصاب

1097 حديث عَائِشَةَ رَضِيَ اللّٰهُ عَنْهَا،

عَنِ النَّبِيِّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ، قَالَ: تُقْطَعُ يَدُ السَّارِقِ فِيْ رُبُعِ دِيْنَارٍ

✧✧ سیدہ عائشہ صدیقہ رضی اللہ عنہا بیان کرتی ہیں: نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے ارشاد فرمایا ہے: چوتھائی دینار (کے برابر قیمت والی) چیز کی چوری میں چور کا ہاتھ کاٹا جائے گا۔

أخرجه البخاري في 86 كتاب الحدود: 13 باب قول الله تعالى (والسارق والسارقة فاقطعوا أيديهما)

رقم الجزء: 1 رقم الصفحة: 526 (جہانگیری صحیح بخاری مطبوعہ شبیر برادرز، رقم الحدیث: 6407)

1098 حديث عَبْدِ اللّٰهِ بْنِ عُمَرَ رَضِيَ اللّٰهُ عَنْهُ،

رقم الحديث 1097

اخرجه ابوداؤد السجستانی فی "سننه" طبع دار الفکر بیروت لبنان، رقم الحدیث: **4384** اخرجه ابوعبدالرحمن النسائی فی "سننه" طبع مکتب المطبوعات الاسلامیه حلب شام، **1406**ھ، **1986**ء، رقم الحدیث: **4916** اخرجه ابومحمد الدارمی فی "مسنده" طبع دار الکتاب العربی بیروت لبنان، **1407**ھ، **1987**ء، رقم الحدیث: **2300** اخرجه ابوداؤد الطیالسی فی "مسنده" طبع دار المعرفه بیروت لبنان، رقم الحدیث: **1582** اخرجه ابوعبدالله الشیبانی فی "مسنده" طبع موسسه قرطبه قاہره مصر، رقم الحدیث: **24125** اخرجه ابوبکر البیهقی فی "صحیحه" طبع موسسه الرساله بیروت لبنان، **1414**ھ/**1993**ء، رقم الحدیث: **4455** اخرجه ابوعبدالرحمن النسائی فی "سننه" طبع مکتب المطبوعات الاسلامیه حلب شام، **1406**ھ، **1986**ء، رقم الحدیث: **7403** ذکره ابوبکر البیهقی فی "سننه الکبری" طبع مکتبه دار الباز مکه مکرمه سعودی عرب **1414**ھ/**1994**ء، رقم الحدیث: **16933** اخرجه ابویعلی الموصلی فی "مسنده" طبع دار المامون للتراث دمشق شام، **1404**ھ.**1984**ء، رقم الحدیث: **4411** اخرجه ابن راہویه الحنظلی فی "مسنده" طبع مکتبه الایمان مدینه منوره طبع اول، **1412**ھ/**1991**ء، رقم الحدیث: **984**

رقم الحديث 1098: اخرجه ابوداؤد السجستانی فی "سننه" طبع دار الفکر بیروت لبنان، رقم الحدیث: **4385** اخرجه ابوعبدالرحمن النسائی فی "سننه" طبع مکتب المطبوعات الاسلامیه حلب شام، **1406**ھ، **1986**ء، رقم الحدیث: **4907**

Marfat.com

قَالَ: قَطَعَ النَّبِيُّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ يَدَ سارِقٍ فِيْ مِجَنٍّ ثَمَنُهُ ثَلَاثَةُ دَرَاهِمَ

✧✧ حضرت عبداللہ بن عمر رضی اللہ عنہما بیان کرتے ہیں: نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے ایک ڈھال کی چوری کی وجہ سے چور کا ہاتھ کٹوا دیا تھا جس کی قیمت تین درہم تھی۔

أخرجه البخاري في: 86 كتاب الحدود: 13 باب قول الله تعالى (والسارق والسارقة فاقطعوا أيديهما)
رقم الجزء: 1 رقم الصفحة: 527 (جہانگیری صحیح بخاری، مطبوعہ شبیر برادرز، رقم الحدیث: 6411)

1099 حديث أَبِيْ هُرَيْرَةَ رَضِيَ اللّٰهُ عَنْهُ،

عَنِ النَّبِيِّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ، قَالَ: لَعَنَ اللّٰهُ السَّارِقَ، يَسْرِقُ الْبَيْضَةَ فَتُقْطَعُ يَدُهُ؛ وَيَسْرِقُ الْحَبْلَ فَتُقْطَعُ يَدُهُ

✧✧ حضرت ابو ہریرہ رضی اللہ عنہ نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کا یہ فرمان نقل کرتے ہیں: اللہ تعالیٰ چور پر لعنت کرتا ہے جو ایک انڈہ چراتا ہے اور اس وجہ سے اس کا ہاتھ کاٹ دیا جاتا ہے ایک رسی چراتا ہے تو اس کی وجہ سے اس کا ہاتھ کاٹ دیا جائے۔

أخرجه البخاري في: 86 كتاب الحدود: 7 باب لعن السارق إذا لم يُسَمّ
رقم الجزء: 1 رقم الصفحة: 527 (جہانگیری صحیح بخاری، مطبوعہ شبیر برادرز، رقم الحدیث: 6401)

•••———•••———•••

قطع السارق الشريف وغيره والنهي عن الشفاعة في الحدود

چور خواہ بڑے خاندان کا ہو یا عام فرد ہو اس کا ہاتھ کاٹا جائیگا

نوٹ: اعمش بیان کرتے ہیں: علماء نے یہ بات بیان کی ہے: یہاں حدیث میں استعمال ہونے والے لفظ "الْبَيْضَةَ" سے مراد (انڈہ نہیں) بلکہ لوہا ہے۔ اور رسی سے مراد علماء کے نزدیک وہ رسی ہے جو کئی درہم کی قیمت کی ہوتی ہے۔

رقم الحديث: **1099**

اخرجه ابوالحسين مسلم النيسابوري في "صحيحه" طبع داراحياء التراث العربي، بيروت، لبنان، رقم الحديث: **1687** اخرجه ابوعبدالرحمن النسائي في "سننه" طبع مكتب المطبوعات الاسلاميه، حلب، شام، **1406**ھ، **1986**ء، رقم الحديث: **4873** اخرجه ابو عبدالله القزويني في "سننه"، طبع دارالفكر، بيروت، لبنان، رقم الحديث: **2583** اخرجه ابو عبدالله النيسابوري في "المستدرک" طبع دارالكتب العلميه، بيروت، لبنان **1411**ھ/**1990**ء، رقم الحديث: **8140** اخرجه ابوعبدالله الشيباني في "مسنده" طبع موسسه قرطبه، قاهره، مصر، رقم الحديث: **7430** اخرجه ابوحاتم البستي في "صحيحه" طبع موسسه الرساله، بيروت، لبنان، **1414**ھ/**1993**ء، رقم الحديث: **5748** اخرجه ابوعبدالرحمن النسائي في "سننه" طبع مكتب المطبوعات الاسلاميه، حلب، شام، **1406**ھ، **1986**ء، رقم الحديث: **7358** ذكره ابوبكر البيهقي في "سننه الكبرىٰ" طبع مكتبه دارالباز، مكه مكرمه، سعودي عرب **1414**ھ/**1994**ء، رقم الحديث: **16931** اخرجه ابوبكر الكوفي في "مصنفه" طبع مكتبه الرشد، رياض، سعودي عرب، (طبع اول) **1409**ھ، رقم الحديث: **28102**

Marfat.com

حدود کے بارے میں سفارش کرنے کی ممانعت

1100 حدیث عَائِشَةَ رَضِيَ اللّٰهُ عَنْهَا،

أَنَّ قُرَيْشًا أَهَمَّهُمْ شَأْنُ الْمَرْأَةِ الْمَخْزُومِيَّةِ الَّتِي سَرَقَتْ، فَقَالَ: وَمَنْ يُكَلِّمُ فِيهَا رَسُولَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ فَقَالُوا: وَمَنْ يَجْتَرِي عَلَيْهِ إِلَّا أُسَامَةُ بْنُ زَيْدٍ، حِبُّ رَسُولِ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ فَكَلَّمَهُ أُسَامَةُ. فَقَالَ رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: أَتَشْفَعُ فِي حَدٍّ مِنْ حُدُودِ اللّٰهِ ثُمَّ قَامَ فَاخْتَطَبَ. ثُمَّ قَالَ: إِنَّمَا أَهْلَكَ الَّذِينَ قَبْلَكُمْ أَنَّهُمْ كَانُوا، إِذَا سَرَقَ فِيهِمُ الشَّرِيفُ تَرَكُوهُ، وَإِذَا سَرَقَ فِيهِمُ الضَّعِيفُ أَقَامُوا عَلَيْهِ الْحَدَّ، وَايْمُ اللّٰهِ لَوْ أَنَّ فَاطِمَةَ ابْنَةَ مُحَمَّدٍ سَرَقَتْ، لَقَطَعْتُ يَدَهَا

سیدہ عائشہ صدیقہ رضی اللہ عنہا بیان کرتی ہیں: قریش ایک خاتون کے بارے میں بہت پریشان ہوئے جس کا تعلق بنو مخزوم سے تھا اور اس نے چوری کی تھی لوگوں نے کہا اس عورت کے بارے میں نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم سے کون بات کر سکتا ہے؟ پھر انہوں نے خود ہی مشورہ دیا کہ اس بارے میں حضرت اسامہ بن زید رضی اللہ عنہما بات کر سکتے ہیں جو نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کے محبوب ہیں۔ حضرت اسامہ رضی اللہ عنہ نے اس بارے میں نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم سے بات کی تو آپ نے ارشاد فرمایا: کیا تم اللہ کی حد کے بارے میں مجھ سے سفارش کر رہے ہو؟ پھر آپ کھڑے ہوئے اور آپ نے خطبہ دیتے ہوئے ارشاد فرمایا: تم سے پہلے لوگ اس وجہ سے ہلاکت کا شکار ہو گئے کہ جب ان میں سے کوئی بڑے خاندان کا آدمی چوری کرتا تھا تو اسے چھوڑ دیتے تھے اور جب کوئی چھوٹے خاندان کا آدمی چوری کرتا تھا تو اس پر حد جاری کر دیتے تھے۔ اللہ کی قسم! اگر محمد صلی اللہ علیہ وسلم کی بیٹی فاطمہ رضی اللہ عنہا نے چوری کی ہوتی تو میں اس کا ہاتھ بھی کاٹ دیتا۔

أخرجه البخاري في: 60 كتاب الأنبياء: 54 باب حدثنا أبو اليمان

رقم الجزء: 1 رقم الصفحة: 527 (صحیح بخاری مطبوعہ شبیر برادرز رقم الحدیث 3288)

•••———•••———•••

رجم الثيب في الزنى

زنا کرنے والے شادی شدہ شخص کو سنگسار کیا جائیگا

1101 حدیث عُمَرَ بْنِ الْخَطَّابِ رَضِيَ اللّٰهُ عَنْهُ

إِنَّ اللّٰهَ بَعَثَ مُحَمَّدًا صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ بِالْحَقِّ، وَأَنْزَلَ عَلَيْهِ الْكِتَابَ فَكَانَ مِمَّا أَنْزَلَ اللّٰهُ آيَةُ الرَّجْمِ، فَقَرَأْنَاهَا وَعَقَلْنَاهَا وَوَعَيْنَاهَا رَجَمَ رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ وَرَجَمْنَا بَعْدَهُ فَأَخْشَى، إِنْ طَالَ بِالنَّاسِ زَمَانٌ، أَنْ يَقُولَ قَائِلٌ: وَاللّٰهِ مَا نَجِدُ آيَةَ الرَّجْمِ فِي كِتَابِ اللّٰهِ، فَيَضِلُّوا بِتَرْكِ فَرِيضَةٍ أَنْزَلَهَا اللّٰهُ وَالرَّجْمُ فِي كِتَابِ اللّٰهِ حَقٌّ عَلَى مَنْ زَنَى، إِذَا أُحْصِنَ، مِنَ الرِّجَالِ وَالنِّسَاءِ، إِذَا قَامَتِ الْبَيِّنَةُ، أَوْ كَانَ الْحَبَلُ أَوِ الِاعْتِرَافُ

حضرت عمر رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں: اللہ تعالیٰ نے حضرت محمد صلی اللہ علیہ وسلم کو حق کے ہمراہ مبعوث کیا اور ان پر کتاب نازل کی۔ اللہ تعالیٰ نے جو نازل کیا اس میں رجم سے متعلق آیت بھی تھی جسے ہم نے پڑھا، اسے سمجھا اور اسے یاد رکھا۔ نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے رجم

Marfat.com

کروایا اور آپ کے بعد ہم نے بھی رجم کروایا مجھے یہ اندیشہ ہے کہ جب لوگوں پر طویل زمانہ گزر جائے گا تو کوئی شخص کہے گا اللہ تعالیٰ کی قسم! ہم رجم سے متعلق آیت اللہ تعالیٰ کی کتاب میں نہیں پاتے ہیں' تو وہ لوگ ایک ایسے فرض کو ترک کرنے کی وجہ سے گمراہ ہو جائیں گے جسے اللہ تعالیٰ نے نازل کیا ہے۔ اللہ تعالیٰ کی کتاب میں رجم (کا حکم ہونا) حق ہے اور یہ اس شخص پر لاگو ہوگا جو مرد یا عورت شادی شدہ ہونے کے باوجود زنا کا ارتکاب کرے جبکہ گواہی کے ذریعے یہ بات ثابت ہو جائے یا عورت حاملہ ہو جائے یا وہ اعتراف کرلے۔

أخرجه البخاري في: 86 كتاب الحدود: 31 باب رجم المحبلى من الزنا إذا أحصنت

رقم الجزء: 1 رقم الصفحة: 528 (جہانگیری صحیح بخاری، مطبوعہ شبیر برادرز، رقم الحدیث:6442)

•••———•••———•••

من اعترف على نفسه بالزنى
جو شخص زنا کرنے کا اعتراف کرے

1102 حديث أَبِي هُرَيْرَةَ وَجَابِرٍ رَضِيَ اللّٰهُ عَنْهُمَا

قَالَ أَبُوْ هُرَيْرَةَ: أَتٰى رَجُلٌ رَّسُوْلَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ وَهُوَ فِي الْمَسْجِدِ، فَنَادَاهُ فَقَالَ: يَا رَسُوْلَ اللّٰهِ إِنِّي زَنَيْتُ فَأَعْرَضَ عَنْهُ، حَتّٰى رَدَّدَ عَلَيْهِ أَرْبَعَ مَرَّاتٍ؛ فَلَمَّا شَهِدَ عَلٰى نَفْسِهِ أَرْبَعَ شَهَادَاتٍ دَعَاهُ النَّبِيُّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ فَقَالَ: أَبِكَ جُنُونٌ قَالَ: لَا قَالَ: فَهَلْ أَحْصَنْتَ قَالَ: نَعَمْ، فَقَالَ النَّبِيُّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: اذْهَبُوْا بِهِ فَارْجُمُوْهُ

قَالَ جَابِرٌ: فَكُنْتُ فِيمَنْ رَجَمَهُ، فَرَجَمْنَاهُ بِالْمُصَلّٰى؛ فَلَمَّا أَذْلَقَتْهُ الْحِجَارَةُ هَرَبَ، فَأَدْرَكْنَاهُ بِالْحَرَّةِ، فَرَجَمْنَاهُ

✧✧ حضرت ابوہریرہ رضی اللہ عنہ بیان کرتے ہیں: ایک شخص نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کی خدمت میں حاضر ہوا۔ آپ اس وقت مسجد میں موجود تھے۔ اس نے بلند آواز میں عرض کی: یارسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم! میں نے زنا کا ارتکاب کیا، آپ نے اس سے منہ پھیر لیا۔ اس نے چار مرتبہ اپنی بات آپ کے سامنے دہرائی جب اس نے اپنی ذات کے بارے میں چار مرتبہ یہ گواہی دی تو نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے اسے بلا کر یہ دریافت کیا: کیا تم پاگل ہو؟ اس نے عرض کی: نہیں، نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے دریافت کیا: کیا تم شادی شدہ ہو، اس نے عرض کی: جی ہاں۔ نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: اسے لے جاؤ اور سنگسار کردو۔

حضرت جابر بن عبداللہ رضی اللہ عنہما بیان کرتے ہیں: میں بھی اسے سنگسار کرنے والوں میں شامل تھا ہم نے اسے عیدگاہ میں سنگسار کیا جب اسے پتھر لگے تو وہ بھاگا ہم نے پتھریلی زمین میں اسے پالیا اور اسے سنگسار کردیا۔

أخرجه البخاري في: 86 كتاب الحدود: 22 باب لا يرجم المجنون والمجنونة

رقم الجزء: 1 رقم الصفحة: 528 (جہانگیری صحیح بخاری، مطبوعہ شبیر برادرز، رقم الحدیث:6430)

Marfat.com

1103 حديث أَبِي هُرَيْرَةَ وَزَيْدِ بْنِ خَالِدٍ الْجُهَنِيِّ رَضِيَ اللّٰهُ عَنْهُمَا

قَالاَ: جَاءَ رَجُلٌ إِلَى النَّبِيِّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ، فَقَالَ: أَنْشُدُكَ اللّٰهَ إِلاَّ قَضَيْتَ بَيْنَنَا بِكِتَابِ اللّٰهِ، فَقَامَ خَصْمُهُ، وَكَانَ أَفْقَهَ مِنْهُ، فَقَالَ: صَدَقَ، اقْضِ بَيْنَنَا بِكِتَابِ اللّٰهِ، وَأْذَنْ لِي يَا رَسُوْلَ اللّٰهِ فَقَالَ النَّبِيُّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: قُلْ فَقَالَ: إِنَّ ابْنِي كَانَ عَسِيفًا فِي أَهْلِ هذَا، فَزَنَى بِامْرَأَتِهِ، فَافْتَدَيْتُ مِنْهُ بِمِائَةِ شَاةٍ وَخَادِمٍ، وَإِنِّي سَأَلْتُ رِجَالاً مِنْ أَهْلِ الْعِلْمِ فَأَخْبَرُوْنِي أَنَّ عَلَى ابْنِي جَلْدَ مِائَةٍ وَتَغْرِيبَ عَامٍ، وَأَنَّ عَلَى امْرَأَةِ هذَا الرَّجْمَ، فَقَالَ: وَالَّذِي نَفْسِي بِيَدِهِ لأَقْضِيَنَّ بَيْنَكُمَا بِكِتَابِ اللّٰهِ: الْمِائَةُ وَالْخَادِمُ رَدٌّ عَلَيْكَ، وَعَلَى ابْنِكَ جَلْدُ مِائَةٍ وَتَغْرِيبُ عَامٍ: وَيَا أُنَيْسُ اغْدُ عَلَى امْرَأَةِ هذَا فَسَلْهَا، فَإِنِ اعْتَرَفَتْ فَارْجُمْهَا فَاعْتَرَفَتْ، فَرَجَمَهَا

✧✧ حضرت ابو ہریرہ رضی اللہ عنہ اور حضرت زید بن خالد جہنی رضی اللہ عنہ بیان کرتے ہیں: ایک شخص نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کی خدمت میں حاضر ہوا اور بولا: میں آپ کو اللہ تعالیٰ کا واسطہ دے کر کہتا ہوں کہ آپ ہمارے درمیان اللہ تعالیٰ کی کتاب کے مطابق فیصلہ کیجئے۔ اس کے مخالف فریق نے، جو اس سے زیادہ سمجھ دار تھا، کہا: یہ ٹھیک کہہ رہا ہے۔ آپ ہمارے درمیان اللہ تعالیٰ کی کتاب کے مطابق فیصلہ کریں لیکن یارسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم! آپ مجھے اجازت دیں کہ میں کچھ کہوں۔ نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: بولو! اس شخص نے عرض کیا کہ میرا بیٹا اس کے ہاں ملازم تھا اس نے اس کی بیوی کے ساتھ زنا کرلیا۔ میں نے فدیہ کے طور پر اسے ایک سو بکریاں اور ایک خادم دیا۔ میں نے اہل علم سے دریافت کیا تو انہوں نے مجھے بتایا: تمہارے بیٹے کو ایک سو کوڑے مارے جائیں گے اور ایک سال کے لیے جلاوطن کیا جائے گا اور اس شخص کی بیوی کو سنگسار کیا جائے گا۔ نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: اس ذات کی قسم! جس کے دست قدرت میں میری جان ہے میں تم دونوں کے درمیان اللہ تعالیٰ کی کتاب کے مطابق فیصلہ کروں گا۔ ایک سو بکریاں اور خادم تمہیں واپس مل جائیں گے اور تمہارے بیٹے کو ایک سو کوڑے لگیں گے اور ایک سال کے لیے جلاوطن کیا جائے گا۔ اے انیس! کل تم اس عورت کے پاس جاؤ، اس سے دریافت کرو اگر وہ اعتراف کرے تو اس کو سنگسار کروادو۔ (راوی بیان کرتے ہیں) اس عورت نے اعتراف کرلیا تو حضرت انیس نے اسے سنگسار کروادیا۔

أخرجه البخاري في: 86 كتاب الحدود: 46 باب هل يأمر الإمام رجلاً فيضرب الحد غائبًا عنه

رقم الجزء: 1 رقم الصفحة: 529 (جہانگیری صحیح بخاری مطبوعہ شبیر برادرز، رقم الحدیث 6467)

•••———•••———•••

رجم اليهود أهل الذمة في الزنى

زنا کرنے کی وجہ سے یہودی ذمیوں کو سنگسار کرنا

1104 حديث عَبْدِ اللّٰهِ بْنِ عُمَرَ رَضِيَ اللّٰهُ عَنْهُ،

أَنَّ الْيَهُوْدَ جَاءُوْا إِلَى رَسُوْلِ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ، فَذَكَرُوْا لَهُ أَنَّ رَجُلاً مِنْهُمْ وَامْرَأَةً زَنَيَا فَقَالَ لَهُمْ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: مَا تَجِدُوْنَ فِي التَّوْرَاةِ فِي شَأْنِ الرَّجْمِ فَقَالُوْا: نَفْضَحُهُمْ وَيُجْلَدُوْنَ فَقَالَ

Marfat.com

عَبْدُ اللّٰهِ بْنُ سَلاَمٍ: كَذَبْتُمْ إِنَّ فِيْهَا الرَّجْمَ فَأَتَوْا بِالتَّوْرَاةِ فَنَشَرُوْهَا، فَوَضَعَ أَحَدُهُمْ يَدَهُ عَلٰى اٰيَةِ الرَّجْمِ، فَقَرَأَ مَا قَبْلَهَا وَمَا بَعْدَهَا؛ فَقَالَ لَه عَبْدُ اللّٰهِ بْنُ سَلاَمٍ: ارْفَعْ يَدَكَ فَرَفَعَ يَدَهُ، فَإِذَا فِيْهَا اٰيَةُ الرَّجْمِ فَقَالُوْا: صَدَقَ يَا مُحَمَّدُ فِيْهَا اٰيَةُ الرَّجْمِ فَأَمَرَ بِهِمَا رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ، فَرُجِمَا

قَالَ عَبْدُ اللّٰهِ بْنُ عُمَرَ: فَرَأَيْتُ الرَّجُلَ يَجْنَأُ عَلَى الْمَرْأَةِ، يَقِيهَا الْحِجَارَةَ

✧✧ حضرت عبداللہ بن عمر رضی اللہ عنہما بیان کرتے ہیں' کچھ یہودی نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کی خدمت میں حاضر ہوئے۔انہوں نے آپ کے سامنے یہ بات ذکر کی ان میں سے ایک عورت اور ایک مرد نے زنا کا ارتکاب کیا ہے۔ نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے ان سے فرمایا تم سنگسار کرنے کے بارے میں توریت میں کیا حکم پاتے ہو۔انہوں نے جواب دیا ہم تو ایسے لوگوں کو رسوا کرتے ہیں اور انہیں کوڑے لگائے جاتے ہیں۔ حضرت عبداللہ بن سلام رضی اللہ عنہ نے کہا تم لوگ جھوٹ بول رہے ہو توریت میں سنگسار کرنے کا حکم موجود ہے۔ وہ لوگ توریت لے کر آئے اور اسے کھولا ان میں سے ایک شخص نے اپنا ہاتھ رجم سے متعلق آیت پر رکھ دیا اور اس سے پہلے اور بعد والا حصہ پڑھ لیا تو حضرت عبداللہ بن سلام رضی اللہ عنہ نے اس سے کہا تم اپنا ہاتھ اٹھاؤ۔اس نے اپنا ہاتھ اٹھایا تو وہاں سنگسار کرنے کے بارے میں آیت موجود تھی۔ یہودیوں نے کہا انہوں نے سچ کہا ہے اے محمد! اس میں رجم سے متعلق آیت موجود ہے تو نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کے حکم کے تحت ان دونوں مرد اور عورت کو سنگسار کر دیا گیا۔

حضرت عبداللہ (بن عمر) رضی اللہ عنہ کہتے ہیں میں نے اس شخص کو دیکھا کہ وہ اس عورت کو پتھروں سے بچانے کے لیے اس کے اوپر

رقم الحدیث : 1104

خرجه ابو الحسين مسلم النيسابوری فی ''صحيحه'' طبع داراحياء التراث العربی، بيروت، لبنان، رقم الحديث: **1699** اخرجه ابوداؤد السجستانی فی ''سننه'' طبع دارالفكر، بيروت، لبنان، رقم الحديث: **4446** اخرجه ابو عيسىٰ الترمذی، فی ''جامعه''، طبع داراحياء التراث العربی، بيروت، لبنان، رقم الحديث: **1436** اخرجه ابو عبدالله القزوينی فی ''سننه''، طبع دارالفكر، بيروت، لبنان، رقم الحديث: **2557** اخرجه ابوعبدالله الاصبحی فی ''المؤطا'' طبع داراحياء التراث العربی (تحقيق فواد عبدالباقی)، رقم الحديث: **1497** اخرجه ابومحمد الدارمی فی ''سننه'' طبع دارالكتاب العربی، بيروت، لبنان، **1407**ھ، **1987**ء، رقم الحديث: **2321** اخرجه ابوعبدالله الشيبانی فی ''مسنده'' طبع موسسه قرطبه، قاہره، مصر، رقم الحديث: **4498** اخرجه ابوحاتم البستی فی ''صحيحه'' طبع موسسه الرساله، بيروت، لبنان، **1414**ھ/**1993**ء، رقم الحديث: **4434** اخرجه ابوعبدالله النيسابوری فی ''المستدرک'' طبع دارالكتب العلميه، بيروت، لبنان **1411**ھ/**1990**ء، رقم الحديث: **8088** اخرجه ابوعبدالرحمن النسائی فی ''سننه'' طبع مكتب المطبوعات الاسلاميه، حلب، شام، **1406**ھ، **1986**ء، رقم الحديث: **7213** ذكره ابوبكر البيهقی فی ''سننه الكبریٰ' طبع مكتبه دارالباز، مكه مكرمه، سعودی عرب **1414**ھ - **1994**ء، رقم الحديث: **16709** اخرجه ابويعلی الموصلی فی ''مسنده'' طبع دارالمامون للتراث، دمشق، شام، **1404**ھ-**1984**ء، رقم الحديث: **7451** اخرجه ابوالقاسم الطبرانی فی ''معجمه الاوسط'' طبع دارالحرمين، قاہره، مصر، **1415**ھ، رقم الحديث: **137** اخرجه ابوالقاسم الطبرانی فی ''معجمه الكبير'' طبع مكتبه العلوم والحكم، موصل، **1404**ھ/**1983**ء، رقم الحديث: **10820** اخرجه ابوداؤد الطيالسی فی ''مسنده'' طبع دارالمعرفة، بيروت، لبنان، رقم الحديث: **1856** اخرجه ابوبكر الحميدی فی ''مسنده'' طبع دارالكتب العلميه، مكتبه المتنبی، بيروت، قاہره، رقم الحديث: **696** اخرجه ابوبكر الصنعانی فی ''مصنفه'' طبع المكتب الاسلامی، بيروت لبنان، طبع ثانی، **1403**ھ، رقم الحديث: **13332**

Marfat.com

رر رہا تھا۔

أخرجه البخاري في: 61 كتاب المناقب: 26 باب قول الله تعالى (يعرفونه كما يعرفون أبناءهم)

رقم الجزء: 1 رقم الصفحة: 530 (جہانگیری صحیح بخاری مطبوعہ شبیر برادرز رقم الحدیث 3436)

1105 حديث عَبْدِ اللّٰهِ بْنِ أَبِي أَوْفى رَضِيَ اللّٰهُ عَنْهُ

عَنِ الشَّيْبَانِيِّ، قَالَ: سَأَلْتُ عَبْدَ اللّٰهِ بْنَ أَبِي أَوْفى، هَلْ رَجَمَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَالَ: نعم قُلْتُ: قَبْلَ سُوْرَةِ النُّوْرِ أَمْ بَعْدُ قَالَ: لاَ أَدْرِي

✧✧ شیبانی بیان کرتے ہیں: میں نے حضرت عبداللہ بن ابواوفی رضی اللہ عنہ سے دریافت کیا کیا نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے رجم کروایا تھا؟ انہوں نے جواب دیا: جی ہاں۔ میں نے دریافت کیا: کیا سورۂ نور کے نازل ہونے سے پہلے یا اس کے بعد؟ انہوں نے جواب دیا: یہ مجھے پتہ نہیں ہے۔

أخرجه البخاري في: 86 كتاب الحدود: 21 باب رجم المحصن

رقم الجزء: 1 رقم الصفحة: 531 (جہانگیری صحیح بخاری مطبوعہ شبیر برادرز رقم الحدیث 6428)

1106 حديث أَبِي هُرَيْرَةَ رَضِيَ اللّٰهُ عَنْهُ،

قَالَ: قَالَ النَّبِيُّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: إِذَا زَنَتِ الأَمَةُ فَتَبَيَّنَ زِنَاهَا، فَلْيَجْلِدْهَا وَلاَ [illegible] فَلْيَجْلِدْهَا وَلاَ يُثَرِّبْ، ثُمَّ إِنْ زَنَتِ الثَّالِثَةَ فَلْيَبِعْهَا وَلَوْ بِحَبْلٍ مِنْ شَعَرٍ

✧✧ حضرت ابوہریرہ رضی اللہ عنہ بیان کرتے ہیں: نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے ارشاد فرمایا: اگر کنیز زنا کرے اور اس کا زنا ثابت ہو جائے تو اسے کوڑے لگاؤ لیکن زبانی طور پر برا بھلا نہ کہو! پھر اگر وہ زنا کرے تو اسے کوڑے لگاؤ لیکن اسے زبانی طور پر [illegible]

رقم الحديث: 1105

اخرجه ابوالحسين مسلم النيسابوري في "صحيحه" طبع دار احياء التراث العربي بيروت لبنان رقم الحديث 1732

رقم الحديث: 1106: اخرجه ابوالحسين مسلم النيسابوري في "صحيحه" طبع دار احياء التراث العربي بيروت لبنان رقم الحديث: **1703** اخرجه ابوداؤد السجستاني في "سننه" طبع دار الفكر بيروت لبنان رقم الحديث: **4470** اخرجه عيسى بن عيسى في "جامعه" طبع دار احياء التراث العربي بيروت لبنان رقم الحديث: **1440** اخرجه ابوعبدالله القزويني في "سننه" طبع دار الفكر بيروت لبنان رقم الحديث: **2566** اخرجه ابوعبدالله الاصبحي في "الموطا" طبع دار احياء التراث العربي بيروت لبنان رقم الحديث: **1510** اخرجه ابومحمد الدارمي في "مسنده" طبع دار الكتاب العربي بيروت لبنان 1407ھ 1987ء رقم الحديث: **2326** اخرجه ابوعبدالله الشيباني في "مسنده" طبع موسسه قرطبه قاهره مصر رقم الحديث: **7389** اخرجه ابوعبدالرحمن النسائي في "صحيحه" طبع موسسه الرساله بيروت لبنان 1414ھ/1993ء رقم الحديث: **4444** اخرجه ابوعبدالرحمن النسائي في "سننه" طبع مكتب المطبوعات الاسلاميه حلب شام 1406ھ 1986ء رقم الحديث: **7238** ذكره ابوبكر بيهقي في "سننه الكبرى" طبع مكتبه دار الباز مكه مكرمه سعودي عرب 1414ھ/1994ء رقم الحديث: **16863** اخرجه ابويعلى الموصلي في "مسنده" طبع دار المامون للتراث دمشق شام 1404ھ 1984ء رقم الحديث: **6541** اخرجه ابوالقاسم الطبراني في "معجمه الكبير" طبع مكتبه العلوم والحكم موصل 1404ھ 1983ء رقم الحديث: **5205** اخرجه ابوداؤد الطيالسي في "مسنده" طبع دار المعرفه بيروت لبنان رقم الحديث 952

Marfat.com

وہ تیسری مرتبہ بھی زنا کرے تو اسے فروخت کردو خواہ بالوں کی ایک رسی کے عوض میں ہو۔

أخرجه البخاري في: 34 كتاب البيوع: 66 باب بيع العبد الزانى

رقم الجزء: 1 رقم الصفحة: 531 (جہانگیری صحیح بخاری، مطبوعہ شبیر برادرز، رقم الحدیث:2045)

1107 حديث أَبِي هُرَيْرَةَ وَزَيْدِ بْنِ خَالِدٍ رَضِيَ اللّٰهُ عَنْهُمَا،

أَنَّ رَسُوْلَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ سُئِلَ عَنِ الْأَمَةِ، إِذَا زَنَتْ وَلَمْ تُحْصِنْ، قَالَ: إِنْ زَنَتْ فَاجْلِدُوْهَا، ثُمَّ إِنْ زَنَتْ فَاجْلِدُوْهَا، ثُمَّ إِنْ زَنَتْ فَبِيْعُوْهَا وَلَوْ بِضَفِيرٍ

✧✧ حضرت ابوہریرہ رضی اللہ عنہ اور حضرت زید بن خالد رضی اللہ عنہ یہ بات کہتے ہیں: نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم سے ایک کنیز کے بارے میں دریافت کیا گیا' جو زنا کرتی تھی اور وہ شادی شدہ نہیں تھی نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے ارشاد فرمایا: اگر وہ زنا کرے تو اسے کوڑے لگاؤ اور اگر پھر وہ زنا کرے تو اسے کوڑے لگاؤ اگر پھر وہ زنا کرے تو اسے فروخت کردو خواہ بالوں کی ایک رسی کے عوض میں ہو۔

أخرجه البخاري في: 34 كتاب البيوع: 66 باب بيع العبد الزانى

رقم الجزء: 1 رقم الصفحة: 532 (جہانگیری صحیح بخاری، مطبوعہ شبیر برادرز، رقم الحدیث:2046)

•••———•••———•••

حد الخمر

شراب نوشی کی حد

1108 حديث أَنَسٍ رَضِيَ اللّٰهُ عَنْهُ،

قَالَ: جَلَدَ النَّبِيُّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ، فِي الْخَمْرِ، بِالْجَرِيْدِ وَالنِّعَالِ؛ وَجَلَدَ أَبُوْ بَكْرٍ أَرْبَعِيْنَ

✧✧ حضرت انس رضی اللہ عنہ بیان کرتے ہیں: نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے شراب پینے کی وجہ سے شاخوں اور جوتوں کے ذریعے پٹائی کروائی تھی اور حضرت ابوبکر رضی اللہ عنہ نے چالیس کوڑے لگوائے تھے۔

أخرجه البخاري في: 86 كتاب الحدود: 4 باب الضرب بالجريد والنعال

رقم الجزء: 1 رقم الصفحة: 532 (جہانگیری صحیح بخاری، مطبوعہ شبیر برادرز، رقم الحدیث:6394)

1109 حديث عَلِيِّ بْنِ أَبِي طَالِبٍ رَضِيَ اللّٰهُ عَنْهُ،

قَالَ: مَا كُنْتُ لِأُقِيْمَ حَدًّا عَلَى أَحَدٍ فَيَمُوْتَ، فَأَجِدَ فِيْ نَفْسِيْ، إِلَّا صَاحِبَ الْخَمْرِ، فَإِنَّهُ لَوْ مَاتَ وَدَيْتُهُ؛

رقم الحديث1109

اخرجه ابوداؤد السجستانی فی "سننه" طبع دار الفکر بیروت، لبنان، رقم الحدیث: **4486** اخرجه ابو عبدالله القزوینی فی "سننه" طبع دار الفکر بیروت، لبنان، رقم الحدیث: **2569** اخرجه ابوعبدالله الشیبانی فی "مسنده" طبع موسسه قرطبه، قاهره، مصر، رقم الحدیث: **1024** اخرجه ابوعبدالرحمن النسائی فی "سننه" طبع مکتب المطبوعات الاسلامیه، حلب، شام، **1406**ھ، **1986**ء، رقم الحدیث: **5271** ذکره ابوبکر البیهقی فی "سننه الکبریٰ" طبع مکتبه دار الباز، مکه مکرمه، سعودی عرب **1414**ھ/**1994**ء، رقم الحدیث:**17327**

Marfat.com

وَذٰلِكَ أَنَّ رَسُوْلَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ لَمْ يَسُنَّهُ

✧✧ حضرت علی بن ابوطالب رضی اللہ عنہ بیان کرتے ہیں: اگر کسی شخص پر کسی بھی حد کو قائم کرتے ہوئے وہ شخص فوت ہو جائے تو مجھے اس پر افسوس نہیں ہوگا البتہ شراب پینے والے کے ساتھ ایسا ہو تو مجھے افسوس ہوگا اگر وہ مر جائے تو میں اس کی دیت ادا کروں گا اس کی وجہ یہ ہے کہ نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے اس کے بارے میں کوئی باقاعدہ سزا مقرر نہیں کی۔

أخرجه البخاري في: 86 كتاب الحدود: باب الضرب بالجريد والنعال

رقم الجزء: 1 رقم الصفحة: 532 (جہانگیری صحیح بخاری مطبوعہ شبیر برادرز، رقم الحدیث: 6396)

•••———•••———•••

قدر أسواط التعزير

تعزیر کے کوڑوں کی تعداد

1110 حديث أَبِي بُرْدَةَ رَضِيَ اللّٰهُ عَنْهُ،

قَالَ: كَانَ النَّبِيُّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ يَقُوْلُ: لاَ يُجْلَدُ فَوْقَ عَشْرِ جَلَدَاتٍ، إِلَّا فِي حَدٍّ مِنْ حُدُوْدِ اللّٰهِ

✧✧ حضرت ابو بردہ رضی اللہ عنہ بیان کرتے ہیں: نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم ارشاد فرماتے ہیں: اللہ تعالیٰ کی (مقرر کردہ) حدود کے علاوہ کسی اور جرم کے ارتکاب پر دس سے زیادہ کوڑے نہیں مارے جائیں گے

أخرجه البخاري في: 86 كتاب الحدود: 42 باب كم التعزير والأدب

رقم الجزء: 1 رقم الصفحة: 532 (جہانگیری صحیح بخاری مطبوعہ شبیر برادرز، رقم الحدیث: 6456)

•••———•••———•••

الحدود كفارات لأهلها

حدود (کا اجراء) مجرم کے لئے کفارہ بن جاتا ہے

رقم الحديث 1110

✧✧ حضرت ابن عمر رضی اللہ عنہما بیان کرتے ہیں' نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم جو مہمات روانہ کرتے تھے بعض اوقات ان میں سے بعض افراد کو بطور خاص اضافی ادائیگی کر دیتے تھے جو مہم کے عام افراد کو نہیں کرتے تھے۔

أخرجه البخاري في: 57 كتاب فرض الخمس: 15 باب ومن الدليل على أن الخمس لنوائب المسلمين
رقم الجزء: 1 رقم الصفحة: 546 (جہانگیری صحیح بخاری مطبوعہ شبیر برادرز، رقم الحدیث 2966)

•••———•••———•••

رقم الحديث: 1142

اخرجه ابوالحسين مسلم نيسابوري في "صحيحه" طبع داراحياء التراث العربي بيروت لبنان رقم الحديث: **1749** اخرجه ابوداؤد السجستاني في "سننه" طبع دارالفكر بيروت لبنان رقم الحديث: **2744** اخرجه ابومحمد الدارمي في "مسنده" طبع دارالكتب العربي بيروت لبنان **1407**ھ **1987**ء رقم الحديث: **2481** اخرجه ابوعبدالله الاصبحي في "المؤطا" طبع داراحياء التراث العربي تحقيق فواد عبدالباقي رقم الحديث: **970** اخرجه ابوعبدالله الشيباني في "مسنده" طبع موسسه قرطبه قاهره مصر رقم الحديث: **5180** اخرجه ابوحاتم بستي في "صحيحه" طبع موسسه الرساله بيروت لبنان **1414**ھ/**1993**ء رقم الحديث: **4833** ذكره ابوبكر بيهقي في "سننه الكبرى" طبع مكتبه دارالباز مكه مكرمه سعودي عرب **1414**ھ/**1994**ء رقم الحديث: **12572** اخرجه ابوبكر حميدي في "مسنده" طبع دارالكتب العلميه مكتبه المتنبي بيروت قاهره رقم الحديث: **694** اخرجه ابوالقاسم الطبراني في "معجمه الكبير" طبع مكتبه العلوم والحكم موصل **1404**ھ/**1983**ء رقم الحديث: **13426** اخرجه ابوبكر الصنعاني في "مصنفه" طبع المكتب الاسلامي بيروت لبنان طبع ثاني **1403**ھ رقم الحديث: **9335**

رقم الحديث 1143: اخرجه ابوداؤد السجستاني في "سننه" طبع دارالفكر بيروت لبنان رقم الحديث: **2746** اخرجه ابوعبدالله النيسابوري في "المستدرك" طبع دارالكتب العلميه بيروت لبنان **1411**ھ/**1990**ء رقم الحديث: **2597** اخرجه ابوعبدالله الشيباني في "مسنده" طبع موسسه قرطبه قاهره مصر رقم الحديث: **6250** ذكره ابوبكر البيهقي في "سننه الكبرى" طبع مكتبه دارالباز مكه مكرمه سعودي عرب **1414**ھ/**1994**ء رقم الحديث: **12586** اخرجه ابويعلى الموصلي في "مسنده" طبع دارالمامون للتراث دمشق شام **1404**ھ.**1984**ء رقم الحديث: **5579**

Marfat.com

استحقاق القاتل سلب القتيل

مقتول کے سامان کا حقدار قتل کرنے والا ہوگا

1144 حديث أَبِي قَتَادَةَ رَضِيَ اللّٰهُ عَنْهُ،

قَالَ: خَرَجْنَا مَعَ رَسُوْلِ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ عَامَ حُنَيْنٍ فَلَمَّا الْتَقَيْنَا كَانَتْ لِلْمُسْلِمِيْنَ جَوْلَةٌ، فَرَأَيْتُ رَجُلاً مِّنَ الْمُشْرِكِيْنَ عَلاَ رَجُلاً مِّنَ الْمُسْلِمِيْنَ فَاسْتَدَرْتُ حَتّٰى أَتَيْتُهُ مِنْ وَّرَائِهِ حَتّٰى ضَرَبْتُهُ بِالسَّيْفِ عَلٰى حَبْلِ عَاتِقِهِ، فَأَقْبَلَ عَلَيَّ فَضَمَّنِيْ ضَمَّةً وَّجَدْتُ مِنْهَا رِيحَ الْمَوْتِ ثُمَّ أَدْرَكَهُ الْمَوْتُ فَأَرْسَلَنِيْ فَلَحِقْتُ عُمَرَ بْنَ الْخَطَّابِ، فَقُلْتُ: مَا بَالُ النَّاسِ قَالَ: أَمْرُ اللّٰهِ ثُمَّ إِنَّ النَّاسَ رَجَعُوا، وَجَلَسَ النَّبِيُّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ، فَقَالَ: مَنْ قَتَلَ قَتِيلاً لَهُ عَلَيْهِ بَيِّنَةٌ، فَلَهُ سَلَبُهُ فَقُمْتُ فَقُلْتُ: مَنْ يَّشْهَدُ لِيْ ثُمَّ جَلَسْتُ ثُمَّ قَالَ: مَنْ قَتَلَ قَتِيلاً لَهُ عَلَيْهِ بَيِّنَةٌ، فَلَهُ سَلَبُهُ فَقُمْتُ فَقُلْتُ: مَنْ يَّشْهَدُ لِيْ ثُمَّ جَلَسْتُ ثُمَّ قَالَ الثَّالِثَةَ مِثْلَهُ فَقَالَ رَجُلٌ: صَدَقَ يَا رَسُوْلَ اللّٰهِ وَسَلَبُهُ عِنْدِي، فَأَرْضِهِ عَنِّيْ فَقَالَ أَبُوْ بَكْرٍ الصِّدِّيق رَضِيَ اللّٰهُ عَنْهُ: لاَهَا اللّٰهِ، إِذًا يَعْمِدُ إِلٰى أَسَدٍ مِّنْ أُسْدِ اللّٰهِ، يُقَاتِلُ عَنِ اللّٰهِ وَرَسُوْلِهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ، يُعْطِيْكَ سَلَبَهُ فَقَالَ النَّبِيُّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: صَدَقَ فَأَعْطَاهُ، فَبِعْتُ الدِّرْعَ فَابْتَعْتُ بِهِ مَخْرِفًا فِيْ بَنِيْ سَلِمَةَ، فَإِنَّهُ لَأَوَّلُ مَالٍ تَأَثَّلْتُهُ فِي الْإِسْلاَمِ

✧✧ حضرت ابوقتادہ رضی اللہ عنہ بیان کرتے ہیں' غزوہ حنین کے موقع پر ہم لوگ نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کے ساتھ روانہ ہوئے جب ہم دشمن کے سامنے آئے تو مسلمانوں میں کچھ انتشار ہوا میں نے مشرکین کے ایک شخص کو دیکھا جو مسلمانوں کے ایک فرد پر غالب آنے لگا تھا میں گھوم کر اس کے پیچھے سے آیا اور اس کے پیچھے سے حملہ کیا میں نے تلوار اس کے کندھے پر ماری اس نے مڑ کر میری طرف دیکھا اور اس نے مجھے بھینچ لیا مجھے موت کی بو محسوس ہوئی لیکن پھر وہ شخص مر گیا اور اس نے مجھے آزاد کر دیا۔

پھر میری ملاقات حضرت عمر بن خطاب رضی اللہ عنہ سے ہوئی میں نے دریافت کیا: لوگوں کو کیا ہوا ہے؟ انہوں نے فرمایا: اللہ تعالیٰ کا حکم ہے' پھر جب لوگ واپس آ رہے تھے تو نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم تشریف فرما ہوئے آپ نے فرمایا: جس نے کسی کو قتل کیا ہو اور اس کا گواہ موجود ہو تو مقتول کا سامان اسے ملے گا' میں کھڑا ہوا لیکن میں نے سوچا میرے حق میں گواہی کون دے گا؟ پھر میں بیٹھ گیا پھر آپ نے فرمایا: جس نے کسی کا قتل کیا ہو اور اس کا گواہ موجود ہو تو مقتول کا سامان اس کو ملے ہوگا۔ میں پھر کھڑا ہوا لیکن میں نے پھر سوچا میرے حق میں گواہی کون دے گا؟ تو میں پھر بیٹھ گیا۔ نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے تیسری مرتبہ یہی ارشاد فرمایا: تو میں کھڑا ہوا، نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: اے ابوقتادہ! تمہارا کیا مسئلہ ہے؟ میں نے آپ کو یہ قصہ سنایا تو ایک شخص نے عرض کی: یارسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم! یہ سچ کہہ رہے ہیں اس مقتول کا سامان میرے پاس ہے انہیں میری طرف سے راضی کر دیجئے۔ (یعنی وہ سامان میرے پاس رہنے دیجئے) حضرت ابوبکر صدیق رضی اللہ عنہ نے فرمایا: نہیں! ہرگز نہیں! اللہ تعالیٰ کا ایک شیر' اللہ تعالیٰ اور اس کے رسول کی طرف سے جنگ میں حصہ لے اور نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم اس کا سامان تمہیں دے دیں' ایسا نہیں ہوگا۔ نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: یہ ٹھیک کہہ رہا ہے! پھر نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے وہ سامان انہیں دے دیا۔ وہ بیان کرتے ہیں' میں نے اس زرہ کو بیچ کر اس کے ذریعے بنوسلمہ کے محلے میں ایک زمین خریدی' یہ وہ پہلا مال تھا

Marfat.com

جو اسلام قبول کرنے کے بعد میں نے خریدا تھا۔

أخرجه البخاري في: 7 كتاب فرض الخمس: 18 باب من لم يخمس الأسلاب ومن قتل قتيلاً فله سلبه
رقم الجزء: 1 رقم الصفحة: 546 (جہانگیری صحیح بخاری مطبوعہ شبیر برادرز، رقم الحدیث 2973)

1145 حديث عَبْدِ الرَّحْمنِ بْنِ عَوْفٍ رَضِيَ اللّٰهُ عَنْهُ،

قَالَ: بَيْنَا أَنَا وَاقِفٌ فِي الصَّفِّ يَوْمَ بَدْرٍ، فَنظَرْتُ عَنْ يَّمِيْنِي وَشِمَالِي، فَإِذَا أَنَا بِغُلَامَيْنِ مِنَ الْأَنْصَارِ حَدِيْثَةٍ أَسْنَانُهُمَا، تَمَنَّيْتُ أَنْ أَكُوْنَ بَيْنَ أَضْلَعَ مِنْهُمَا، فَغَمَزَنِي أَحَدُهُمَا، فَقَالَ: يَا عَمِّ هَلْ تَعْرِفُ أَبَا جَهْلٍ قُلْتُ: نَعَمْ، مَا حَاجَتُكَ إِلَيْهِ يَا ابْنَ أَخِي قَالَ: أُخْبِرْتُ أَنَّهُ يَسُبُّ رَسُوْلَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ، وَالَّذِي نَفْسِي بِيَدِهِ لَئِنْ رَأَيْتُهُ لَا يُفَارِقُ سَوَادِي سَوَادَهُ حَتّٰى يَمُوْتَ الْأَعْجَلُ مِنَّا فَتَعَجَّبْتُ لِذٰلِكَ فَغَمَزَنِي الْاٰخَرُ، فَقَالَ لِي مِثْلَهَا فَلَمْ أَنْشَبْ أَنْ نَظَرْتُ إِلٰى أَبِي جَهْلٍ يَجُوْلُ فِي النَّاسِ، قُلْتُ: أَلَا إِنَّ هٰذَا صَاحِبُكُمَا الَّذِي سَأَلْتُمَانِي فَابْتَدَرَاهُ بِسَيْفَيْهِمَا، فَضَرَبَاهُ حَتّٰى قَتَلَاهُ، ثُمَّ انْصَرَفَا إِلٰى رَسُوْلِ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ، فَأَخْبَرَاهُ، فَقَالَ: أَيُّكُمَا قَتَلَهُ قَالَ كُلُّ وَاحِدٍ مِّنْهُمَا: أَنَا قَتَلْتُهُ، فَقَالَ: هَلْ مَسَحْتُمَا سَيْفَيْكُمَا قَالَا: لَا فَنَظَرَ فِي السَّيْفَيْنِ، فَقَالَ: كِلَاكُمَا قَتَلَهُ، سَلَبُهُ لِمُعَاذِ بْنِ عَمْرِو بْنِ الْجَمُوحِ وَكَانَا مُعَاذَ بْنَ عَفْرَاءَ، وَمُعَاذَ بْنَ عَمْرِو بْنِ الْجَمُوحِ

✧✧ حضرت عبدالرحمن بن عوف رضی اللہ عنہ بیان کرتے ہیں' غزوۂ بدر کے دن میں ایک جگہ کھڑا ہوا تھا' میں نے اپنے دائیں اور بائیں طرف دیکھا تو دو انصاری نوجوان کھڑے ہوئے تھے جن کی عمر زیادہ نہیں تھی میں نے یہ آرزو کی تھی کہ کاش کوئی طاقتور لوگ میرے پاس کھڑے ہوتے' ان دونوں میں سے ایک نے مجھے ٹہوکا دیا اور بولا: اے چچا جان! کیا آپ ابوجہل کو پہچانتے ہیں؟ میں نے جواب دیا: ہاں۔ تمہیں اس سے کیا کام ہے؟ اے میرے بھتیجے! اس نے کہا: مجھے یہ پتہ چلا ہے کہ وہ نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کو برا کہتا تھا اس ذات کی قسم! جس کے دست قدرت میں میری جان ہے میں نے اسے دیکھ لیا تو میرا جسم اس کے جسم سے ملے گا اور اس وقت تک جدا نہیں ہوگا جب تک ہم میں سے وہ مر نہ جائے جسے زیادہ جلدی ہو' مجھے اس پر حیرانگی ہوئی' دوسرے نے مجھے ٹہوکا دیا اور مجھ سے یہی بات کہی' کچھ دیر بعد میں نے ابوجہل کو دیکھا کہ وہ لوگوں کے درمیان گھوم پھر رہا تھا میں نے کہا: یہ ہے وہ آدمی جس کے بارے میں تم نے مجھ سے پوچھا تھا۔ ان دونوں نے اپنی تلوار لی اور اس کی طرف چلے گئے اور اس پر حملہ کر کے اسے قتل کر دیا پھر وہ

رقم الحديث: 1145

اخرجه ابوالحسين مسلم النيسابوري في "صحيحه" طبع داراحياء التراث العربي بيروت لبنان، رقم الحديث: **1752** اخرجه ابوعبدالله الشيباني في "مسنده" طبع موسسه قرطبه قاهره مصر، رقم الحديث: **1673** اخرجه ابوحاتم البستي في "صحيحه" طبع موسسه الرساله بيروت لبنان، **1414**ھ/**1993**ء، رقم الحديث: **4840** اخرجه ابوعبدالله النيسابوري في "المستدرک" طبع دارالكتب العلميه بيروت لبنان **1411**ھ/**1990**ء، رقم الحديث: **5796** ذكره ابوبكر البيهقي في "سننه الكبرىٰ" طبع مكتبه دارالباز مكه مكرمه سعودي عرب **1414**ھ/**1994**ء، رقم الحديث: **12539** اخرجه ابوالقاسم الطبراني في "معجمه الكبير" طبع مكتبه العلوم والحكم موصل **1404**ھ/**1983**ء، رقم الحديث: **381** اخرجه ابويعلى الموصلي في "مسنده" طبع دارالمامون للتراث دمشق شام **1404**ھ.**1984**ء، رقم الحديث: **866**

Marfat.com

دونوں نبی اکرم ﷺ کی خدمت میں حاضر ہوئے اور اس بارے میں آپ کو بتایا۔ نبی اکرم ﷺ نے دریافت کیا: تم میں سے کس نے اسے قتل کیا ہے؟ دونوں نے جواب دیا: میں نے اسے قتل کیا ہے۔ نبی اکرم ﷺ نے فرمایا: کیا تم نے اپنی تلواروں کو صاف کر لیا ہے؟ انہوں نے جواب دیا: نہیں۔ نبی اکرم ﷺ نے دونوں کی تلواروں کا جائزہ لیا تو فرمایا: تم دونوں نے اسے قتل کیا ہے' لیکن اس کا سامان معاذ بن عمرو کو ملے گا۔

راوی بیان کرتے ہیں' وہ دونوں حضرات' معاذ بن عفراء اور معاذ بن عمرو تھے۔

أخرجه البخاري في: 57 كتاب فرض الخمس: 18 باب من لم يخمس الأسلاب ومن قتل قتيلاً فله سلبه

رقم الجزء: 1 رقم الصفحة: 548 (جہانگیری صحیح بخاری، مطبوعہ شبیر برادرز، رقم الحدیث:2972)

•••———•••———•••

حكم الفيء
مال فے کا حکم

1146 حديث عُمَرَ رَضِيَ اللّٰهُ عَنْهُ،

قَالَ: كَانَتْ أَمْوَالُ بَنِي النَّضِيرِ مِمَّا أَفَاءَ اللّٰهُ عَلٰى رَسُوْلِهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ مِمَّا لَمْ يُوجِفِ الْمُسْلِمُوْنَ عَلَيْهِ بِخَيْلٍ وَلاَ رِكَابٍ، فَكَانَتْ لِرَسُوْلِ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ خَاصَّةً، وَكَانَ يُنْفِقُ عَلٰى أَهْلِهِ نَفَقَةَ سَنَتِهِ. ثُمَّ يَجْعَلُ مَا بَقِيَ فِي السِّلاَحِ وَالْكُرَاعِ، عُدَّةً فِي سَبِيْلِ اللّٰهِ

✧✧ حضرت عمر رضی اللہ عنہ بیان کرتے ہیں: بنونضیر کے اموال (زرعی زمین) اللہ نے اپنے رسول کو بطور فے عطا کی تھی جنہیں حاصل کرنے کے لیے مسلمانوں نے اپنے گھوڑے اور اونٹ نہیں دوڑائے یہ نبی اکرم ﷺ کے ساتھ مخصوص تھا نبی اکرم ﷺ وہاں سے اپنے اہل خانہ کا سال بھر کا خرچ ادا کرتے تھے جو باقی بچ جاتا تھا اسے ہتھیار اور جہاد کے سامان کی تیاری میں خرچ کرتے تھے۔

أخرجه البخاري في: 34 كتاب الجهاد والسير: 80 باب المجن ومن يترس بترس صاحبه

رقم الجزء: 1 رقم الصفحة: 549 (جہانگیری صحیح بخاری، مطبوعہ شبیر برادرز، رقم الحدیث:2748)

رقم الحديث: **1146**

اخرجه ابوالحسين مسلم النيسابوري في "صحيحه" طبع داراحياء التراث العربي، بيروت، لبنان، رقم الحديث: **1757** اخرجه ابوداؤد السجستاني في "سننه" طبع دارالفكر بيروت، لبنان، رقم الحديث: **2965** اخرجه ابو عيسى الترمذي في "جامعه"، طبع داراحياء التراث العربي، بيروت، لبنان، رقم الحديث: **1719** اخرجه ابوعبدالرحمن النسائي في "سننه" طبع مكتب المطبوعات الاسلاميه، حلب، شام، **1406**ھ، **1986**ء، رقم الحديث: **4140** اخرجه ابوعبدالله الشيباني في "مسنده" طبع موسسه قرطبه، قاہره، مصر، رقم الحديث: **171** اخرجه ابوحاتم البستي في "صحيحه" طبع موسسه الرساله، بيروت، لبنان، **1414**ھ/**1993**ء، رقم الحديث: **6357** اخرجه ابوبكر الحميدي في "مسنده" طبع دارالكتب العلميه، مكتبه المتنبي، بيروت، قاہره، رقم الحديث: **22** اخرجه ابوعبدالرحمن النسائي في "سننه" طبع مكتب المطبوعات الاسلاميه، حلب، شام، **1406**ھ، **1986**ء، رقم الحديث: **4442** ذكره ابوبكر البيهقي في "سننه الكبرىٰ" طبع مكتبه دارالباز، مكه مكرمه، سعودي عرب، **1414**ھ/**1994**ء، رقم الحديث: **12746**

Marfat.com

1147 ۔ حدیث عُمَرَ بْنِ الْخَطَّابِ رَضِيَ اللّٰهُ عَنْهُ،

عَنْ مَالِكِ بْنِ أَوْسِ بْنِ الْحَدَثَانِ النَّصْرِيِّ، أَنَّ عُمَرَ بْنَ الْخَطَّابِ رَضِيَ اللّٰهُ عَنْهُ، دَعَاهُ. إِذْ جَاءَهُ حَاجِبُهُ يَرْفَا، فَقَالَ: هَلْ لَكَ فِي عُثْمَانَ وَعَبْدِ الرَّحْمٰنِ وَالزُّبَيْرِ وَسَعْدٍ يَسْتَأْذِنُونَ فَقَالَ: نَعَمْ، فَأَدْخَلَهُمْ فَلَبِثَ قَلِيلاً. ثُمَّ جَاءَ فَقَالَ: هَلْ لَكَ فِي عَبَّاسٍ وَعَلِيٍّ يَسْتَأْذِنَانِ قَالَ: نَعَمْ فَلَمَّا دَخَلاَ قَالَ عَبَّاسٌ: يَا أَمِيرَ الْمُؤْمِنِينَ اقْضِ بَيْنِي وَبَيْنَ هٰذَا، وَهُمَا يَخْتَصِمَانِ فِي الَّذِي أَفَاءَ اللّٰهُ عَلَى رَسُولِهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ مِنْ بَنِي النَّضِيرِ: فَاسْتَبَّ عَلِيٌّ وَالْعَبَّاسُ فَقَالَ الرَّهْطُ: يَا أَمِيرَ الْمُؤْمِنِينَ اقْضِ بَيْنَهُمَا وَأَرِحْ أَحَدَهُمَا مِنَ الْاٰخَرِ فَقَالَ عُمَرُ: اتَّئِدُوا. أَنْشُدُكُمْ بِاللّٰهِ الَّذِي بِإِذْنِهِ تَقُومُ السَّمَاءُ وَالْأَرْضُ هَلْ تَعْلَمُونَ أَنَّ رَسُولَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ. قَالَ: لاَ نُورَثُ، مَا تَرَكْنَا صَدَقَةٌ يُرِيدُ بِذٰلِكَ نَفْسَهُ قَالُوا: قَدْ قَالَ ذٰلِكَ فَأَقْبَلَ عُمَرُ عَلَى عَبَّاسٍ وَعَلِيٍّ، فَقَالَ: أَنْشُدُكُمَا بِاللّٰهِ هَلْ تَعْلَمَانِ أَنَّ رَسُولَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَدْ قَالَ ذٰلِكَ قَالاَ: نَعَمْ قَالَ: فَإِنِّي أُحَدِّثُكُمْ عَنْ هٰذَا الْأَمْرِ، إِنَّ اللّٰهَ سُبْحَانَهُ كَانَ خَصَّ رَسُولَهُ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ فِي هٰذَا الْفَيْءِ بِشَيْءٍ لَمْ يُعْطِهِ أَحَدًا غَيْرَهُ. فَقَالَ جَلَّ ذِكْرُهُ وَمَا أَفَاءَ اللّٰهُ عَلَى رَسُولِهِ مِنْهُمْ فَمَا أَوْجَفْتُمْ عَلَيْهِ مِنْ خَيْلٍ وَلاَ رِكَابٍ إِلَى قَوْلِهِ قَدِيرٌ فَكَانَتْ هٰذِهِ خَالِصَةً لِرَسُولِ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ ثُمَّ، وَاللّٰهِ مَا احْتَازَهَا دُونَكُمْ. وَلاَ اسْتَأْثَرَهَا عَلَيْكُمْ. لَقَدْ أَعْطَاكُمُوهَا وَقَسَمَهَا فِيكُمْ حَتّٰى بَقِيَ هٰذَا الْمَالُ مِنْهَا، فَكَانَ رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ يُنْفِقُ عَلَى أَهْلِهِ نَفَقَةَ سَنَتِهِمْ مِنْ هٰذَا الْمَالِ، ثُمَّ يَأْخُذُ مَا بَقِيَ فَيَجْعَلُهُ مَجْعَلَ مَالِ اللّٰهِ فَعَمِلَ ذٰلِكَ رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ حَيَاتَهُ ثُمَّ تُوُفِّيَ النَّبِيُّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ، فَقَالَ أَبُو بَكْرٍ: فَأَنَا وَلِيُّ رَسُولِ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ فَقَبَضَهُ أَبُو بَكْرٍ، فَعَمِلَ فِيهِ بِمَا عَمِلَ بِهِ رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ، وَأَنْتُمْ حِينَئِذٍ فَأَقْبَلَ عَلَى عَلِيٍّ وَعَبَّاسٍ، وَقَالَ: تَذْكُرَانِ أَنَّ أَبَا بَكْرٍ فِيهِ كَمَا تَقُولاَنِ، وَاللّٰهُ يَعْلَمُ إِنَّهُ فِيهِ لَصَادِقٌ بَارٌّ رَاشِدٌ تَابِعٌ لِلْحَقِّ ثُمَّ تَوَفَّى اللّٰهُ أَبَا بَكْرٍ، فَقُلْتُ: أَنَا وَلِيُّ رَسُولِ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ وَأَبِي بَكْرٍ، فَقَبَضْتُهُ سَنَتَيْنِ مِنْ إِمَارَتِي أَعْمَلُ فِيهِ بِمَا عَمِلَ رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ وَأَبُو بَكْرٍ، وَاللّٰهُ يَعْلَمُ أَنِّي فِيهِ صَادِقٌ بَارٌّ رَاشِدٌ تَابِعٌ لِلْحَقِّ ثُمَّ جِئْتُمَانِي كِلاَكُمَا وَكَلِمَتُكُمَا وَاحِدَةٌ، وَأَمْرُكُمَا جَمِيعٌ، فَجِئْتَنِي (يَعْنِي عَبَّاسًا) فَقُلْتُ لَكُمَا: إِنَّ رَسُولَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ، قَالَ: لاَ نُورَثُ، مَا تَرَكْنَا صَدَقَةٌ فَلَمَّا بَدَا لِي أَنْ أَدْفَعَهُ إِلَيْكُمَا. قُلْتُ: إِنْ شِئْتُمَا دَفَعْتُهُ إِلَيْكُمَا، عَلَى أَنَّ عَلَيْكُمَا عَهْدَ اللّٰهِ وَمِيثَاقَهُ، لَتَعْمَلاَنِ فِيهِ بِمَا عَمِلَ فِيهِ رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ وَأَبُو بَكْرٍ، وَمَا عَمِلْتُ فِيهِ مُذْ وَلِيتُ، وَإِلاَّ فَلاَ تُكَلِّمَانِي فَقُلْتُمَا: ادْفَعْهُ إِلَيْنَا بِذٰلِكَ. فَدَفَعْتُهُ إِلَيْكُمَا أَفَتَلْتَمِسَانِ مِنِّي قَضَاءً غَيْرَ ذٰلِكَ فَوَاللّٰهِ الَّذِي بِإِذْنِهِ تَقُومُ السَّمَاءُ وَالْأَرْضُ لاَ أَقْضِي فِيهِ بِقَضَاءٍ غَيْرِ ذٰلِكَ حَتّٰى تَقُومَ السَّاعَةُ، فَإِنْ عَجَزْتُمَا عَنْهُ فَادْفَعَاهُ إِلَيَّ، فَأَنَا أَكْفِيكُمَاهُ

✧✧ حضرت مالک بن اوس رضی اللہ عنہ بیان کرتے ہیں: حضرت عمر بن خطاب رضی اللہ عنہ نے انہیں بلوایا (یہ جب ان کی خدمت

Marfat.com

میں حاضر ہوئے) اس دوران ان کے خادم ''یرفا'' نے آکر انہیں بتایا: حضرت عثمان رضی اللہ عنہ، حضرت عبدالرحمٰن رضی اللہ عنہ، حضرت زبیر رضی اللہ عنہ اور حضرت سعد رضی اللہ عنہ اندر آنے کی اجازت چاہتے ہیں حضرت عمر رضی اللہ عنہ نے فرمایا: ٹھیک ہے انہیں اندر آنے دو! تھوڑی دیر کے بعد وہ خادم پھر آیا اور بولا: حضرت عباس رضی اللہ عنہ اور حضرت علی رضی اللہ عنہ اندر آنے کی اجازت مانگتے ہیں۔ حضرت عمر رضی اللہ عنہ نے فرمایا: ٹھیک ہے! جب وہ دونوں حضرات اندر آئے تو حضرت عباس رضی اللہ عنہ نے کہا: اے امیر المومنین! آپ میرے اور ان صاحب کے درمیان فیصلہ کردیں (راوی بیان کرتے ہیں) ان دونوں کے درمیان بنونضیر کے ان باغات کے بارے میں جھگڑا چل رہا تھا جو اللہ تعالیٰ نے بطور فے نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کو عطا کئے تھے۔ حضرت علی رضی اللہ عنہ اور حضرت عباس رضی اللہ عنہ کے درمیان تکرار ہوگئی۔ حاضرین نے کہا: اے امیر المومنین! آپ ان دونوں کے درمیان فیصلہ کر کے ان میں سے ایک کو دوسرے کی طرف سے سکون دیں۔ حضرت عمر رضی اللہ عنہ نے کہا: آپ اطمینان سے کام لیں، میں آپ لوگوں کو اس اللہ تعالیٰ کے نام کی قسم دے کر دریافت کرتا ہوں جس کے اذن کے تحت آسمان اور زمین قائم ہیں کیا آپ لوگ یہ بات جانتے ہیں کہ نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے یہ ارشاد فرمایا تھا:

ہمارا کوئی وارث نہیں ہوتا ہم جو چھوڑ کر جاتے ہیں وہ صدقہ ہوتا ہے۔

نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کی مراد آپ کی اپنی ذات تھی۔ حاضرین نے کہا: نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے یہ بات ارشاد فرمائی تھی؟

حضرت عمر رضی اللہ عنہ، حضرت عباس رضی اللہ عنہ اور حضرت علی رضی اللہ عنہ کی طرف متوجہ ہوئے اور بولے: میں آپ دونوں کو اس اللہ تعالیٰ کے نام کی قسم دے کر دریافت کرتا ہوں کہ کیا آپ دونوں یہ بات جانتے ہیں کہ نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے یہ بات ارشاد فرمائی تھی؟ ان دونوں نے جواب دیا: جی ہاں۔ حضرت عمر رضی اللہ عنہ نے فرمایا: پھر میں اس معاملے کے بارے میں آپ کے ساتھ بات کرتا ہوں اللہ تعالیٰ نے یہ مال فے بطور خاص اپنے رسول کو عطا کیا ہے نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کے علاوہ اس نے یہ کسی کو عطا نہیں کیا اللہ تعالیٰ نے ارشاد فرمایا ہے:

''جو مال فے اللہ تعالیٰ نے اپنے رسول کو عطا کیا ہے یہ وہ ہے جس کے لئے تم نے اپنے گھوڑے یا اونٹ نہیں دوڑائے تھے''

یہ آیت لفظ ''قدیر'' تک ہے۔

حضرت عمر رضی اللہ عنہ نے فرمایا: یہ صرف نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کے لئے مخصوص ہے لیکن نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے اسے تمہیں چھوڑ کر اپنے لئے جمع نہیں کیا آپ نے اپنے آپ کو تم لوگوں پر ترجیح نہیں دی یہ مال نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے تم لوگوں کو بھی دیا، تمہارے درمیان تقسیم کیا یہاں تک کہ اس میں سے کچھ مال باقی بچا جو نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم اپنے اہل خانہ کے سال بھر کے خرچ کے لئے استعمال فرمایا کرتے تھے اس میں سے بھی جو باقی بچتا تھا وہ اللہ تعالیٰ کی راہ میں مختلف امور میں استعمال کرلیا کرتے تھے نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم اپنی زندگی میں اسی طریقے سے اسے استعمال کرتے رہے جب آپ کا وصال ہوگیا تو حضرت ابوبکر رضی اللہ عنہ نے یہ کہا: میں اللہ تعالیٰ کے رسول کا جانشین ہوں حضرت ابوبکر رضی اللہ عنہ نے اس مال کو اپنے قبضے میں لے لیا اور اسے اسی طرح استعمال کرتے رہے جیسے نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم استعمال کرتے رہے تھے اور آپ لوگ بھی اس کے گواہ ہیں پھر حضرت عمر رضی اللہ عنہ حضرت علی رضی اللہ عنہ اور حضرت عباس رضی اللہ عنہ کی طرف متوجہ ہوئے اور کہا: آپ دونوں نے اس وقت حضرت ابوبکر رضی اللہ عنہ کو اس بارے میں جو کہا تھا وہ آپ کو پتہ ہے' اللہ تعالیٰ جانتا ہے' وہ اس بارے میں سچے تھے، نیک تھے، ہدایت یافتہ تھے، حق کے پیروکار تھے۔ پھر اللہ تعالیٰ نے حضرت ابوبکر رضی اللہ عنہ کو وفات دی تو میں نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم اور حضرت ابوبکر رضی اللہ عنہ کا جانشین بنا میں نے اپنی حکومت کے ابتدائی دو برسوں میں اس مال کو اپنے قبضے میں رکھا اور میں

Marfat.com

اسے اسی طرح استعمال کرتا رہا جس طرح نبی اکرم ﷺ اور حضرت ابوبکر رضی اللہ عنہ اسے استعمال کرتے رہے اللہ تعالیٰ جانتا ہے کہ میں اس بارے میں سچا تھا، نیک تھا، ہدایت یافتہ تھا اور حق کا پیروکار تھا پھر آپ دونوں حضرات میرے پاس تشریف لائے آپ دونوں کی بات ایک ہی تھی آپ دونوں کا معاملہ اکٹھا تھا آپ یعنی حضرت عباس، میرے پاس آئے تو میں نے آپ دونوں سے یہ کہا کہ نبی اکرم ﷺ نے یہ ارشاد فرمایا تھا:

ہمارا کوئی وارث نہیں ہوتا ہم جو چھوڑ کر جاتے ہیں وہ صدقہ ہوتا ہے

لیکن پھر مجھے مناسب لگا کہ میں اسے آپ دونوں کے سپرد کر دوں تو میں نے یہ کہا تھا: اگر آپ دونوں چاہیں تو میں اسے آپ دونوں کے سپرد کر دیتا ہوں اس شرط پر کہ آپ دونوں اللہ تعالیٰ کے نام کا عہد اور میثاق کریں کہ آپ اس کا وہی استعمال کریں گے جو نبی اکرم، حضرت ابوبکر رضی اللہ عنہ اور ابتدائی زمانے میں میں کرتا رہا ہوں اگر نہیں تو میرے ساتھ آپ اس بارے میں کوئی بات نہ کریں تو آپ دونوں نے یہ کہا تھا: اسے ہمارے سپرد کر دیں! میں نے اسے آپ دونوں کے سپرد کر دیا اب آپ مجھ سے اس بارے میں اس کے برعکس فیصلہ چاہتے ہیں؟ اس ذات کی قسم! جس کے اذن کے تحت آسمان اور زمین قائم ہیں میں اس کے بارے میں اس کے علاوہ اور کوئی فیصلہ نہیں کر سکتا یہاں تک کہ قیامت قائم ہو جائے اگر آپ دونوں اس سے عاجز آ گئے ہیں تو اسے میرے حوالے کر دیں میں آپ دونوں کی جگہ خود ہی اسے سنبھال لوں گا۔

أخرجه البخاري في: 64 كتاب المغازي: 14 باب حديث بني النضير

رقم الجزء: 1 رقم الصفحة: 549 (جہانگیری صحیح بخاری مطبوعہ شبیر برادرز رقم الحدیث 3809)

قول النبي صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ لا نورث ما تركنا فهو صدقة

فرمان نبوی ہے: ''ہمارا کوئی وارث نہیں ہوتا ہم جو چھوڑ کر جائیں وہ صدقہ ہوگا''

﴿1148﴾ حديث عَائِشَةَ رَضِيَ اللّٰهُ عَنْهَا،

أَنَّ أَزْوَاجَ النَّبِيِّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ، حِينَ تُوُفِّيَ رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ، أَرَدْنَ أَنْ يَبْعَثْنَ عُثْمَانَ إِلَى بَكْرٍ يَسْأَلْنَهُ مِيرَاثَهُنَّ، فَقَالَتْ عَائِشَةُ: أَلَيْسَ قَالَ رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: لاَ نُورَثُ، مَا تَرَكْنَا صَدَقَةٌ

✧✧ سیدہ عائشہ صدیقہ رضی اللہ عنہا بیان کرتی ہیں: نبی اکرم ﷺ کی ازواج نے جب نبی اکرم ﷺ کا وصال ہو گیا یہ ارادہ کیا کہ حضرت عثمان رضی اللہ عنہ کو حضرت ابوبکر رضی اللہ عنہ کی خدمت میں بھیج دیں اور ان سے نبی اکرم ﷺ کی وراثت مانگیں تو سیدہ عائشہ رضی اللہ عنہا نے فرمایا: کیا نبی اکرم ﷺ نے یہ ارشاد نہیں فرمایا: ہمارا کوئی وارث نہیں ہوتا ہم جو چھوڑ کر جاتے ہیں وہ صدقہ ہوتا ہے۔

أخرجه البخاري في: كتاب الفرائض: باب قول النبي صلى الله عليه وسلم: لا نورث ما تركنا صدقة

رقم الجزء: 1 رقم الصفحة: 553 (جہانگیری صحیح بخاری مطبوعہ شبیر برادرز رقم الحدیث: 6349)

﴿1149﴾ حديث عَائِشَةَ رَضِيَ اللّٰهُ عَنْهَا،

Marfat.com

أَنَّ فَاطِمَةَ عَلَيْهَا السَّلَامُ، بِنْتَ النَّبِيِّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ، أَرْسَلَتْ إِلٰى أَبِي بَكْرٍ تَسْأَلُهُ مِيرَاثَهَا مِنْ رَسُوْلِ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ، مِمَّا أَفَاءَ اللّٰهُ عَلَيْهِ بِالْمَدِيْنَةِ وَفَدَكٍ وَمَا بَقِيَ مِنْ خُمُسِ خَيْبَرَ فَقَالَ أَبُوْ بَكْرٍ: إِنَّ رَسُوْلَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ، قَالَ: لَا نُورَثُ، مَا تَرَكْنَا صَدَقَةٌ، إِنَّمَا يَأْكُلُ اٰلُ مُحَمَّدٍ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ فِيْ هٰذَا الْمَالَ وَإِنِّي، وَاللّٰهِ لَا أُغَيِّرُ شَيْئًا مِّنْ صَدَقَةِ رَسُوْلِ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ عَنْ حَالِهَا الَّتِيْ كَانَ عَلَيْهَا فِيْ عَهْدِ رَسُوْلِ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ، وَلَأَعْمَلَنَّ فِيْهَا بِمَا عَمِلَ بِهٖ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ فَأَبٰى أَبُوْ بَكْرٍ أَنْ يَّدْفَعَ إِلٰى فَاطِمَةَ مِنْهَا شَيْئًا فَوَجَدَتْ فَاطِمَةُ عَلٰى أَبِيْ بَكْرٍ فِيْ ذٰلِكَ، فَهَجَرَتْهُ، فَلَمْ تُكَلِّمْهُ حَتّٰى تُوُفِّيَتْ وَعَاشَتْ بَعْدَ النَّبِيِّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ سِتَّةَ أَشْهُرٍ، فَلَمَّا تُوُفِّيَتْ دَفَنَهَا زَوْجُهَا عَلِيٌّ لَيْلًا، وَلَمْ يُؤْذِنْ بِهَا أَبَا بَكْرٍ، وَصَلّٰى عَلَيْهَا وَكَانَ لِعَلِيٍّ مِنَ النَّاسِ وَجْهٌ حَيَاةَ فَاطِمَةَ فَلَمَّا تُوُفِّيَتِ اسْتَنْكَرَ عَلِيٌّ وُجُوهَ النَّاسِ، فَالْتَمَسَ مُصَالَحَةَ أَبِيْ بَكْرٍ وَمُبَايَعَتَهُ، وَلَمْ يَكُنْ يُبَايِعُ تِلْكَ الْأَشْهُرَ فَأَرْسَلَ إِلٰى أَبِيْ بَكْرٍ: أَنِ ائْتِنَا، وَلَا يَأْتِنَا أَحَدٌ مَّعَكَ (كَرَاهِيَةً لِمَحْضَرِ عُمَرَ) فَقَالَ عُمَرُ: لَا، وَاللّٰهِ لَا تَدْخُلُ عَلَيْهِمْ وَحْدَكَ فَقَالَ أَبُوْ بَكْرٍ: وَمَا عَسِيْتَهُمْ أَنْ يَّفْعَلُوْا بِيْ وَاللّٰهِ لَآتِيَنَّهُمْ فَدَخَلَ عَلَيْهِمْ أَبُوْ بَكْرٍ، فَتَشَهَّدَ عَلِيٌّ، فَقَالَ: إِنَّا قَدْ عَرَفْنَا فَضْلَكَ

وَمَا أَعْطَاكَ اللّٰهُ، وَلَمْ نَنْفَسْ عَلَيْكَ خَيْرًا سَاقَهُ اللّٰهُ إِلَيْكَ، وَلٰكِنَّكَ اسْتَبْدَدْتَّ عَلَيْنَا بِالْأَمْرِ، وَكُنَّا نَرٰى، لِقَرَابَتِنَا مِنْ رَسُوْلِ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ، نَصِيبًا حَتّٰى فَاضَتْ عَيْنَا أَبِيْ بَكْرٍ فَلَمَّا تَكَلَّمَ أَبُوْ بَكْرٍ قَالَ: وَالَّذِيْ نَفْسِيْ بِيَدِهٖ لَقَرَابَةُ رَسُوْلِ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ أَحَبُّ إِلَيَّ أَنْ أَصِلَ مِنْ قَرَابَتِيْ، وَأَمَّا الَّذِيْ شَجَرَ بَيْنِيْ وَبَيْنَكُمْ مِنْ هٰذِهِ الْأَمْوَالِ فَلَمْ اٰلُ فِيْهَا عَنِ الْخَيْرِ، وَلَمْ أَتْرُكْ أَمْرًا رَأَيْتُ رَسُوْلَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ يَصْنَعُهُ فِيْهَا إِلَّا صَنَعْتُهُ فَقَالَ عَلِيٌّ لِأَبِيْ بَكْرٍ: مَوْعِدُكَ الْعَشِيَّةَ لِلْبَيْعَةِ فَلَمَّا صَلّٰى أَبُوْ بَكْرٍ الظُّهْرَ، رَقِيَ عَلَى الْمِنْبَرِ فَتَشَهَّدَ، وَذَكَرَ شَأْنَ عَلِيٍّ وَتَخَلُّفَهُ عَنِ الْبَيْعَةِ، وَعُذْرَهُ بِالَّذِيْ اعْتَذَرَ إِلَيْهِ ثُمَّ اسْتَغْفَرَ، وَتَشَهَّدَ عَلِيٌّ، فَعَظَّمَ حَقَّ أَبِيْ بَكْرٍ، وَحَدَّثَ أَنَّهُ لَمْ يَحْمِلْهُ عَلَى الَّذِيْ صَنَعَ، نَفَاسَةً عَلٰى أَبِيْ بَكْرٍ، وَلَا إِنْكَارًا لِلَّذِيْ فَضَّلَهُ اللّٰهُ بِهٖ، وَلٰكِنَّا نَرٰى لَنَا فِيْ هٰذَا الْأَمْرِ نَصِيبًا، فَاسْتَبَدَّ عَلَيْنَا، فَوَجَدْنَا فِيْ أَنْفُسِنَا فَسُرَّ بِذٰلِكَ الْمُسْلِمُوْنَ، وَقَالُوْا: أَصَبْتَ وَكَانَ الْمُسْلِمُوْنَ إِلٰى عَلِيٍّ قَرِيبًا، حِيْنَ رَاجَعَ الْأَمْرَ الْمَعْرُوْفَ

✧✧ حضرت عائشہ صدیقہ رضی اللہ عنہا بیان کرتی ہیں: نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کی صاحبزادی (سیّدہ فاطمہ رضی اللہ عنہا) نے حضرت ابوبکر صدیق رضی اللہ عنہ کو یہ پیغام بھیجا جو نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کی اس وراثت کا مطالبہ کر رہی تھیں جو مالِ غنیمت میں اور فدک میں اور خیبر کے پانچویں حصے میں باقی بچا تھا۔ حضرت ابوبکر رضی اللہ عنہ نے جواب دیا: نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے یہ ارشاد فرمایا ہے:

ہمارا کوئی وارث نہیں ہوتا ہم جو چھوڑتے ہیں وہ صدقہ ہوتا ہے محمد کے گھر والے اس مال میں سے کھاتے رہیں گے۔

اللہ کی قسم! نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کے صدقے میں کوئی تبدیلی نہیں کروں گا یہ ویسے ہی رہے گا جیسے نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کے زمانہ میں تھا اور میں اسے ویسے ہی استعمال کروں گا جیسے نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم اسے استعمال کرتے تھے۔ حضرت ابوبکر رضی اللہ عنہ نے اس میں سے کچھ بھی سیّدہ فاطمہ رضی اللہ عنہا کو دینے سے انکار کر دیا اس بات سے سیّدہ فاطمہ رضی اللہ عنہا حضرت ابوبکر رضی اللہ عنہ سے ناراض ہو گئیں انہوں نے حضرت

Marfat.com

ابوبکر رضی اللہ عنہ سے الگ تعلقی اختیار کی اور وصال تک انہوں نے حضرت ابوبکر رضی اللہ عنہ سے کوئی بات نہیں کی نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کے وصال کے بعد وہ چھ ماہ تک زندہ رہیں جب ان کا انتقال ہو گیا تو ان کے شوہر حضرت علی رضی اللہ عنہ نے رات کے وقت انہیں دفن کر دیا انہوں نے حضرت ابوبکر رضی اللہ عنہ کو بھی اس بارے میں نہیں بتایا خود ہی ان کی نماز جنازہ ادا کی حضرت فاطمہ رضی اللہ عنہا کی زندگی میں لوگوں کے رویے میں تبدیلی محسوس ہو چکی تھی جب ان کا انتقال ہوا تو حضرت علی رضی اللہ عنہ کو اس چیز کا زیادہ احساس ہوا وہ حضرت ابوبکر رضی اللہ عنہ سے صلح کے طلبگار ہوئے وہ ان سے صلح کرنا چاہتے تھے کیونکہ انہوں نے اس تمام عرصے کے دوران بیعت نہیں کی تھی۔ انہوں نے حضرت ابوبکر رضی اللہ عنہ کو پیغام بھیجا کہ آپ ہمارے ہاں تشریف لائیں مگر آپ کے ساتھ اور کوئی تشریف نہ لائے۔ انہیں یہ بات پسند نہیں تھی کہ حضرت عمر رضی اللہ عنہ بھی ان کے ساتھ آئیں حضرت عمر رضی اللہ عنہ نے کہا: نہیں۔ اللہ کی قسم! آپ اکیلے (یعنی حضرت ابوبکر رضی اللہ عنہ اکیلے) نہیں جائیں گے حضرت ابوبکر رضی اللہ عنہ نے کہا کیا ہو گیا ہے کیا تمہیں یہ ڈر ہے کہ وہ مجھے کوئی نقصان پہنچا دیں گے اللہ کی قسم! میں ان کے ہاں ضرور جاؤں گا' پھر حضرت ابوبکر رضی اللہ عنہ آئے حضرت علی رضی اللہ عنہ نے کلمہ شہادت پڑھا اور بولے ہمیں آپ کی فضیلت کا علم ہے اور اللہ تعالیٰ نے جو آپ کو عطا کیا ہے اس پر حسد نہیں کرتے جو بڑائی اللہ تعالیٰ نے آپ کو عطا کی ہے لیکن آپ نے خمس کے معاملے میں ہمیں پس پشت ڈال دیا ہے۔ ہمارا یہ خیال تھا کہ نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کے ساتھ قریبی تعلق کی وجہ سے اس میں ہمارا بھی حصہ ہوگا۔ حضرت ابوبکر رضی اللہ عنہ کی آنکھوں سے آنسو جاری ہو گئے جب حضرت ابوبکر رضی اللہ عنہ نے گفتگو شروع کی تو فرمایا اس ذات کی قسم! جس کے دست قدرت میں میری جان ہے نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کے رشتہ داروں کے ساتھ اچھا سلوک کرنا میرے لئے اپنے رشتہ داروں کے ساتھ اچھا سلوک کرنے سے زیادہ محبوب ہے لیکن ہمارے اور آپ کے درمیان اموال کے بارے میں اختلاف پایا جاتا ہے میں اس بارے میں خیر کے راستے سے الگ نہیں ہوں گا اور میں اس کام کو ترک نہیں کروں گا جو میں نے نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کو کرتے ہوئے دیکھا ہے آپ جو کیا کرتے تھے میں بھی وہی کیا کروں گا۔ حضرت علی رضی اللہ عنہ نے حضرت ابوبکر رضی اللہ عنہ سے کہا میں دوپہر کے وقت آپ کی بیعت کر لوں گا۔ حضرت ابوبکر رضی اللہ عنہ نے ظہر کی نماز پڑھائی، منبر پر چڑھے کلمہ شہادت پڑھا اور حضرت علی رضی اللہ عنہ کی شان بیان کی اور بیعت نہ کرنے کی وجوہات کا تذکرہ کیا جو حضرت علی رضی اللہ عنہ نے ان کے سامنے بیان کیں پھر حضرت ابوبکر رضی اللہ عنہ نے کلمہ شہادت پڑھا پھر حضرت علی رضی اللہ عنہ نے کلمہ شہادت پڑھا تو انہوں نے حضرت ابوبکر رضی اللہ عنہ کے حق کی عظمت کو اجاگر کیا اور یہ بات بیان کی کہ انہوں نے حضرت ابوبکر رضی اللہ عنہ کے ساتھ کسی حسد یا کسی اختلاف کی وجہ سے ایسا نہیں کیا جو فضیلت اللہ تعالیٰ نے حضرت ابوبکر رضی اللہ عنہ کو عطا کی ہے وہ اسے تسلیم کرتے ہیں لیکن ہم یہ سمجھتے ہیں کہ خمس کے مال میں ہمارا بھی حصہ ہونا چاہیے تھا جس میں ہمیں شریک نہیں کیا گیا اس وجہ سے ہمیں الجھن محسوس ہوئی۔

راوی بیان کرتے ہیں: اس بات سے مسلمان بہت خوش ہو گئے اور انہوں نے کہا: آپ ٹھیک کہہ رہے ہیں اس کے بعد مسلمان حضرت علی رضی اللہ عنہ کے قریب ہو گئے کیونکہ انہوں نے جب دیکھا کہ حضرت علی رضی اللہ عنہ نے عام معاملے کی طرف رجوع کر لیا ہے۔

أخرجه البخاري في: 64 كتاب المغازي: 38 باب غزوة خيبر

رقم الجزء: 1 رقم الصفحة: 553 (جہانگیری صحیح بخاری مطبوعہ شبیر برادرز رقم الحدیث 3998)

Marfat.com

﴿1150﴾ حديث عَائِشَةَ رَضِيَ اللّٰهُ عَنْهَا أُمِّ الْمُؤْمِنِيْنَ،

أَنَّ فَاطِمَةَ عَلَيْهَا السَّلَامُ، ابْنَةَ رَسُوْلِ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ، سَأَلَتْ أَبَا بَكْرٍ الصِّدِّيقَ، بَعْدَ وَفَاةِ رَسُوْلِ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ، أَنْ يَّقْسِمَ لَهَا مِيْرَاثَهَا مَا تَرَكَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ، مِمَّا أَفَاءَ اللّٰهُ عَلَيْهِ فَقَالَ لَهَا أَبُوْ بَكْرٍ: إِنَّ رَسُوْلَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ، قَالَ: لَا نُورَثُ، مَا تَرَكْنَا صَدَقَةٌ فَغَضِبَتْ فَاطِمَةُ بِنْتُ رَسُوْلِ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ، فَهَجَرَتْ أَبَا بَكْرٍ، فَلَمْ تَزَلْ مُهَاجِرَتَهُ حَتّٰى تُوُفِّيَتْ وَعَاشَتْ بَعْدَ رَسُوْلِ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ سِتَّةَ أَشْهُرٍ قَالَتْ: وَكَانَتْ فَاطِمَةُ تَسْأَلُ أَبَا بَكْرٍ نَصِيبَهَا مِمَّا تَرَكَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ مِنْ خَيْبَرَ وَفَدَكٍ، وَصَدَقَتِهِ بِالْمَدِيْنَةِ فَأَبَى أَبُوْ بَكْرٍ عَلَيْهَا ذٰلِكَ وَقَالَ: لَسْتُ تَارِكًا شَيْئًا كَانَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ يَعْمَلُ بِهِ إِلَّا عَمِلْتُ بِهِ، فَإِنِّي أَخْشٰى، إِنْ تَرَكْتُ شَيْئًا مِّنْ أَمْرِهِ، أَنْ أَزِيغَ فَأَمَّا صَدَقَتُهُ بِالْمَدِيْنَةِ فَدَفَعَهَا عُمَرُ إِلٰى عَلِيٍّ وَعَبَّاسٍ فَأَمَّا خَيْبَرُ وَفَدَكٌ فَأَمْسَكَهَا عُمَرُ، وَقَالَ: هُمَا صَدَقَةُ رَسُوْلِ اللّٰهِ كَانَتَا لِحُقُوقِهِ الَّتِي تَعْرُوْهُ وَنَوَائِبِهِ، وَأَمْرُهُمَا إِلٰى مَنْ وَّلِيَ الْأَمْرَ فَهُمَا عَلٰى ذٰلِكَ إِلَى الْيَوْمِ

✧✧ عروہ بن زبیر کہتے ہیں: سیّدہ عائشہ صدیقہ رضی اللہ عنہا انہیں بتایا۔ نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کی صاحبزادی سیّدہ فاطمہ رضی اللہ عنہا نے حضرت ابوبکر صدیق رضی اللہ عنہ سے کہا: نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کے وصال کے بعد ان کی وراثت کا حصہ انہیں دیں' اس میں سے جو نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے ترکے کے طور پر چھوڑا ہے' اس مال میں سے جو اللہ تعالیٰ نے آپ کو بطور ''فیٔ'' عطا کیا تھا۔ حضرت ابوبکر رضی اللہ عنہ نے ان سے کہا' نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا ہے:

ہمارا کوئی وارث نہیں ہوتا جو ہم چھوڑ جاتے ہیں وہ صدقہ ہوتا ہے۔

اس پر سیّدہ فاطمہ رضی اللہ عنہا ناراض ہوگئیں اور انہوں نے حضرت ابوبکر رضی اللہ عنہ سے لاتعلقی اختیار کی۔ ان کی یہ لاتعلقی اس وقت تک برقرار رہی جب تک کہ ان کی وفات نہ ہوگئی۔ نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کے وصال کے بعد سیّدہ فاطمہ رضی اللہ عنہا نے حضرت ابوبکر رضی اللہ عنہ سے اپنے اس حصے کا بھی مطالبہ کیا تھا۔ جو نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے خیبر اور فدک میں چھوڑا تھا اور جو مدینہ منورہ میں آپ کے صدقات تھے تو حضرت ابوبکر رضی اللہ عنہ نے ان سب کو ادا کرنے سے انکار کیا اور یہ کہا: نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے جو طریقہ اختیار کیا تھا میں اس کو ترک نہیں کروں گا میں اسی طرح عمل کروں گا کیونکہ مجھے اندیشہ ہے کہ اگر میں نے اس طریقے میں سے کوئی بھی چیز ترک کی تو میں بھٹک جاؤں گا۔

راوی بیان کرتے ہیں' جہاں تک مدینہ منورہ میں صدقات کا تعلق ہے تو وہ حضرت عمر رضی اللہ عنہ نے (اپنے دورِ خلافت میں) اپنے پاس رکھے تھے اور یہ کہا تھا: یہ اللہ کے رسول کے صدقات ہیں جو آپ کے حقوق کی ادائیگی کے لئے مخصوص ہیں۔ جنہیں آپ اپنے اخراجات کے لئے استعمال کیا کرتے تھے۔ یہ دونوں حاکم وقت کے سپرد رہیں گے۔

راوی بیان کرتے ہیں' یہ دونوں آج بھی اسی حیثیت میں ہیں۔

أخرجه البخاري في: 57 كتاب فرض الخمس: 1 باب فرض الخمس

رقم الجزء: 1 رقم الصفحة: 556 (جہانگیری صحیح بخاری، مطبوعہ شبیر برادرز، رقم الحدیث:2926)

Marfat.com

1151 حديث أَبِي هُرَيْرَةَ رَضِيَ اللّٰهُ عَنْهُ،

أَنَّ رَسُوْلَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ، قَالَ: لاَ يَقْتَسِمْ وَرَثَتِي دِيْنَارًا، مَا تَرَكْتُ، بَعْدَ نَفَقَةِ نِسَائِي وَمُؤْنَةِ عَامِلِي، فَهُوَ صَدَقَةٌ

✧✧ حضرت ابوہریرہ رضی اللہ عنہ بیان کرتے ہیں نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے ارشاد فرمایا: ہماری وراثت دینار یا درہم کی شکل میں تقسیم نہیں ہوگی۔ اپنی بیویوں کے خرچ کے بعد جو بھی میں چھوڑوں گا اور اپنے عاملوں کے معاوضے کے بعد جو کچھ چھوڑوں گا وہ صدقہ ہو گا۔

أخرجه البخاري في: 55 كتاب الوصايا: 32 باب نفقة القيم للوقف

رقم الجزء: 1 رقم الصفحة: 557 (جہانگیری صحیح بخاری مطبوعہ شبیر برادرز، رقم الحدیث 2624)

•••———•••———•••

ربط الأسير وحبسه وجواز المن عليه

قیدی کو باندھ دینا اور اس کو قید رکھنا' اس پر احسان کرنا جائز ہے

1152 حديث أَبِي هُرَيْرَةَ رَضِيَ اللّٰهُ عَنْهُ،

قَالَ: بَعَثَ النَّبِيُّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ خَيْلاً قِبَلَ نَجْدٍ، فَجَاءَتْ بِرَجُلٍ مِّنْ بَنِي حَنِيفَةَ يُقَالُ لَهُ ثُمَامَةُ بْنُ أُثَالٍ، فَرَبَطُوهُ بِسَارِيَةٍ مِّنْ سَوَارِي الْمَسْجِدِ، فَخَرَجَ إِلَيْهِ النَّبِيُّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ، فَقَالَ: مَا عِنْدَكَ يَا ثُمَامَةُ فَقَالَ: عِنْدِي خَيْرٌ يَا مُحَمَّدُ إِنْ تَقْتُلْنِي تَقْتُلْ ذَا دَمٍ، وَإِنْ تُنْعِمْ تُنْعِمْ عَلَى شَاكِرٍ، وَإِنْ كُنْتَ تُرِيْدُ الْمَالَ فَسَلْ مِنْهُ مَا شِئْتَ حَتّٰى كَانَ الْغَدُ ثُمَّ قَالَ لَهُ: مَا عِنْدَكَ يَا ثُمَامَةُ قَالَ: مَا قُلْتُ لَكَ، إِنْ تُنْعِمْ تُنْعِمْ عَلَى شَاكِرٍ فَتَرَكَهُ حَتّٰى كَانَ بَعْدَ الْغَدِ فَقَالَ: مَا عِنْدَكَ يَا ثُمَامَةُ فَقَالَ عِنْدِي مَا قُلْتُ لَكَ فَقَالَ: أَطْلِقُوْا ثُمَامَةَ فَانْطَلَقَ إِلٰى نَخْلٍ قَرِيبٍ مِّنَ الْمَسْجِدِ فَاغْتَسَلَ، ثُمَّ دَخَلَ الْمَسْجِدَ فَقَالَ: أَشْهَدُ أَنْ لاَ إِلٰهَ إِلاَّ اللّٰهُ، وَأَشْهَدُ أَنَّ مُحَمَّدًا رَّسُوْلُ اللّٰهِ يَا مُحَمَّدُ وَاللّٰهِ مَا كَانَ عَلَى الْأَرْضِ وَجْهٌ أَبْغَضَ إِلَيَّ مِنْ وَّجْهِكَ، فَقَدْ أَصْبَحَ وَجْهُكَ أَحَبَّ الْوُجُوهِ إِلَيَّ وَاللّٰهِ مَا كَانَ مِنْ دِيْنٍ أَبْغَضَ إِلَيَّ مِنْ دِيْنِكَ، فَأَصْبَحَ دِيْنُكَ أَحَبَّ الدِّيْنِ إِلَيَّ وَاللّٰهِ مَا كَانَ مِنْ بَلَدٍ أَبْغَضَ إِلَيَّ مِنْ بَلَدِكَ،

رقم الحديث: 1151

اخرجه ابو الحسين مسلم النيسابوري في "صحيحه" طبع دار احياء التراث العربي بيروت لبنان رقم الحديث: 1760 اخرجه ابو داؤد السجستاني في "سننه" طبع دار الفكر بيروت لبنان رقم الحديث: 2974 اخرجه ابو عبدالله الاصبحي في "الموطأ" طبع دار احياء التراث العربي تحقيق فواد عبدالباقي رقم الحديث: 1803 اخرجه ابو عبدالله الشيباني في "مسنده" طبع مؤسسة قرطبة قاهره مصر رقم الحديث: 7301 اخرجه ابو حاتم البستي في "صحيحه" طبع مؤسسه الرساله بيروت لبنان 1414ھ 1993ء رقم الحديث: 6609 ذكره ابوبكر البيهقي في "سننه الكبرى" طبع مكتبه دار الباز مكه مكرمه سعودي عرب 1414ھ 1994ء رقم الحديث: 12519 اخرجه ابو بكر الحميدي في "مسنده" طبع دار الكتب العلميه مكتبه المتنبي بيروت قاهره رقم الحديث: 1134

Marfat.com

فَأَصْبَحَ بَلَدُكَ أَحَبَّ الْبِلَادِ إِلَيَّ، وَإِنَّ خَيْلَكَ أَخَذَتْنِي وَأَنَا أُرِيدُ الْعُمْرَةَ، فَمَاذَا تَرَى فَبَشَّرَهُ رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ وَأَمَرَهُ أَنْ يَعْتَمِرَ فَلَمَّا قَدِمَ مَكَّةَ، قَالَ قَائِلٌ: صَبَوْتَ قَالَ: لاَ، وَلٰكِنْ أَسْلَمْتُ مَعَ مُحَمَّدٍ رَسُولِ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ، وَلاَ، وَاللّٰهِ لاَ يَأْتِيكُمْ مِنَ الْيَمَامَةِ حَبَّةُ حِنْطَةٍ حَتّٰى يَأْذَنَ فِيهَا النَّبِيُّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ

✧✧ حضرت ابو ہریرہ رضی اللہ عنہ بیان کرتے ہیں: نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے ایک مہم نجد کی طرف روانہ کی' وہ لوگ بنو حنیفہ سے تعلق رکھنے والے ایک شخص کو پکڑ کر لے آئے جس کا نام ثمامہ بن اثال تھا انہوں نے اسے مسجد کے ایک ستون کے ساتھ باندھ دیا۔ نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم اس کے پاس تشریف لائے اور دریافت کیا: اے ثمامہ! تمہارے پاس کیا ہے؟ اس نے جواب دیا: اے محمد! میرے پاس بھلائی ہے آپ مجھے قتل کر دیں گے تو آپ ایک بڑے آدمی کو قتل کریں گے اور اگر مہربانی کریں گے تو آپ ایک شکر گزار شخص پر مہربانی کریں گے۔ اگر آپ مال چاہتے ہیں تو آپ جو چاہیں مجھ سے مانگ لیں۔ نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے اسے چھوڑ دیا۔ اگلے دن پھر نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے اس سے دریافت کیا: اے ثمامہ! تمہارے پاس کیا ہے؟ اس نے جواب دیا: میں نے آپ سے پہلے بھی کہا تھا کہ اگر آپ مہربانی کریں گے تو ایک شکر گزار شخص پر مہربانی کریں گے نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے پھر اسے چھوڑ دیا اس سے اگلے دن آپ تشریف لائے اور دریافت کیا: اے ثمامہ! تمہارے پاس کیا ہے؟ اس نے جواب دیا: میرے پاس وہی ہے جو میں نے آپ کو بتا دیا ہے۔ نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: ثمامہ کو چھوڑ دو۔ ثمامہ وہاں سے اٹھ کر مسجد کے قریب موجود ایک باغ میں گیا وہاں اس نے غسل کیا اور پھر مسجد میں آ کر کہا: میں گواہی دیتا ہوں کہ اللہ کے سوا اور کوئی معبود نہیں ہے اور میں یہ گواہی دیتا ہوں کہ حضرت محمد صلی اللہ علیہ وسلم اللہ کے رسول ہیں۔

اے محمد! (صلی اللہ علیہ وسلم) اللہ کی قسم! میرے نزدیک روئے زمین پر آپ سے زیادہ ناپسندیدہ کوئی شخص نہیں تھا لیکن اس وقت آپ سے زیادہ محبوب اور کوئی شخص نہیں ہے۔ اللہ کی قسم! آپ کے دین سے زیادہ ناپسندیدہ میرے لئے اور کوئی دین نہیں تھا لیکن اب آپ کے دین سے زیادہ محبوب دین میرے نزدیک اور کوئی دین نہیں ہے۔ اللہ کی قسم! آپ کے شہر سے زیادہ ناپسندیدہ شہر میرے نزدیک اور کوئی نہیں تھا لیکن اب آپ کا شہر مجھے تمام شہروں سے زیادہ محبوب ہے۔ آپ کے سواروں نے مجھے پکڑ لیا تھا میں عمرہ کرنے کے لئے جا رہا تھا۔ اب آپ کی کیا رائے ہے؟ نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے اسے خوشخبری دی اور اسے یہ ہدایت دی کہ وہ عمرہ کر لے تو مکہ میں اس سے کسی شخص نے کہا: کیا تم نے اپنا دین تبدیل کر لیا ہے۔ اس نے جواب دیا: نہیں! بلکہ میں نے حضرت محمد صلی اللہ علیہ وسلم کے ہاتھ پر اسلام قبول کر لیا ہے' اللہ کی قسم! یمامہ سے تمہارے پاس گندم کا ایک دانہ بھی نہیں آئے گا جب تک نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم اس کی اجازت نہ دیں۔

أخرجه البخاري في: 64 كتاب المغازي: 70 باب وفد بني حنيفة وحديث ثمامة ابن أثال

رقم الجزء: 1 رقم الصفحة: 557 (جہانگیری صحیح بخاری مطبوعہ شبیر برادرز، رقم الحدیث:4114)

Marfat.com

إجلاء اليهود من الحجاز

یہودیوں کو حجاز سے جلاوطن کرنا

1153 ۔ حديث أَبِي هُرَيْرَةَ رَضِيَ اللّٰهُ عَنْهُ،

قَالَ: بَيْنَمَا نَحْنُ فِي الْمَسْجِدِ، إِذْ خَرَجَ عَلَيْنَا رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ، فَقَالَ: انْطَلِقُوْا إِلَى يَهُوْدَ فَخَرَجْنَا مَعَهُ حَتّٰى جِئْنَا بَيْتَ الْمِدْرَاسِ، فَقَامَ النَّبِيُّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ فَنَادَاهُمْ: يَا مَعْشَرَ يَهُوْدَ أَسْلِمُوْا تَسْلَمُوْا فَقَالُوْا: قَدْ بَلَّغْتَ، يَا أَبَا الْقَاسِمِ فَقَالَ: ذٰلِكَ أُرِيْدُ ثُمَّ قَالَهَا الثَّانِيَةَ فَقَالُوْا: قَدْ بَلَّغْتَ، يَا أَبَا الْقَاسِمِ ثُمَّ قَالَ الثَّالِثَةَ، فَقَالَ: اعْلَمُوْا أَنَّ الْأَرْضَ لِلّٰهِ وَرَسُوْلِهِ، وَإِنِّي أُرِيْدُ أَنْ أُجْلِيَكُمْ، فَمَنْ وَجَدَ مِنْكُمْ بِمَالِهِ شَيْئًا فَلْيَبِعْهُ، وَإِلَّا فَاعْلَمُوْا أَنَّمَا الْأَرْضُ لِلّٰهِ وَرَسُوْلِهِ

✧✧ حضرت ابوہریرہ رضی اللہ عنہ بیان کرتے ہیں: ایک دفعہ ہم مسجد میں موجود تھے نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم تشریف لائے آپ نے فرمایا یہودیوں کی طرف چلو! ہم لوگ چل پڑے۔ یہاں تک کہ ہم ان کی درس گاہ کے اندر آئے۔ نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا تم لوگ اسلام قبول کرلو سلامت رہو گے۔ یہ بات جان لو۔ زمین اللہ اور اس کے رسول کی ملکیت ہے میں یہ چاہتا ہوں کہ تمہیں اس زمین سے جلاوطن کردوں۔ تم میں سے جس شخص کے پاس کوئی مال موجود ہو وہ اسے فروخت کردے۔ ورنہ یہ بات یاد رکھنا کہ یہ زمین اللہ اور اس کے رسول کی ملکیت ہے۔

أخرجه البخاري في: 89 كتاب الإكراه: 2 باب في بيع المكره ونحوه في الحق وغيره

رقم الجزء: 1 رقم الصفحة: 559 (مرتبہ شیر برادرز، رقم الحدیث 2996)

1154 ۔ حديث ابْنِ عُمَرَ رَضِيَ اللّٰهُ عَنْهُمَا،

قَالَ: حَارَبَتِ النَّضِيْرُ وَقُرَيْظَةُ، فَأَجْلٰى بَنِي النَّضِيْرِ وَأَقَرَّ قُرَيْظَةَ وَمَنَّ عَلَيْهِمْ، حَتّٰى حَارَبَتْ قُرَيْظَةُ فَقَتَلَ رِجَالَهُمْ، وَقَسَمَ نِسَاءَهُمْ وَأَوْلَادَهُمْ وَأَمْوَالَهُمْ بَيْنَ الْمُسْلِمِيْنَ، إِلَّا بَعْضَهُمْ، لَحِقُوْا بِالنَّبِيِّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ فَآمَنَهُمْ وَأَسْلَمُوْا وَأَجْلٰى يَهُوْدَ الْمَدِيْنَةِ كُلَّهُمْ، بَنِي قَيْنُقَاعَ، وَهُمْ رَهْطُ عَبْدِ اللّٰهِ بْنِ سَلَامٍ، وَيَهُوْدَ بَنِي حَارِثَةَ، وَكُلَّ يَهُوْدِ الْمَدِيْنَةِ

✧✧ حضرت ابن عمر رضی اللہ عنہما بیان کرتے ہیں: بنونضیر اور بنوقریظہ نے جنگ کی تو نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے بنونضیر کو جلاوطن کردیا اور

رقم الحديث1154

أخرجه أبو الحسن مسلم النيسابوري في "صحيحه" طبع دار احياء التراث العربي بيروت لبنان، رقم الحديث 1766 أخرجه ابن ماجة القزويني في "سننه" طبع دار الفكر بيروت لبنان، رقم الحديث 3005 أخرجه أبو عبد الله الشيباني في "مسنده" طبع مؤسسة قرطبة مصر، رقم الحديث 6567 ذكره أبو بكر البيهقي في "سننه الكبرى" طبع مكتبة دار الباز مكة مكرمة سعودي عرب 1414ھ 1994ء، رقم الحديث 12632 أخرجه أبو بكر الصنعاني في "مصنفه" طبع المكتب الإسلامي بيروت لبنان، طبع ثاني 1403ھ، رقم الحديث 19364

Marfat.com

بنوقریظہ کو وہاں رہنے دیا اور ان پر احسان کیا لیکن جب بنوقریظہ نے دوبارہ جنگ کی تو نبی اکرم ﷺ نے ان کے مردوں کو قتل کروادیا ان کی خواتین اور ان کے بچوں اور مال کو مسلمانوں کے درمیان تقسیم کردیا' ماسوائے ان لوگوں کے' جو نبی اکرم ﷺ کے ساتھ مل گئے تھے۔ آپ نے انہیں امان دی کیونکہ ان لوگوں نے اسلام قبول کرلیا تھا۔

نبی اکرم ﷺ نے مدینہ منورہ کے بنوقینقاع جو حضرت عبداللہ بن سلام رضی اللہ عنہ کا قبیلہ ہے کے تمام یہودیوں کو جلاوطن کردیا تھا۔ آپ نے بنوحارثہ کے بھی تمام یہودیوں کو جلاوطن کردیا تھا آپ نے مدینہ منورہ میں رہنے والے ہر یہودی کو جلاوطن کردیا تھا۔

أخرجه البخاري في: 64 كتاب المغازي: 14 باب حديث بني النضير

رقم الجزء: 1 رقم الصفحة: 560 (جہانگیری صحیح بخاری، مطبوعہ شبیر برادرز، رقم الحدیث:3804)

•••———•••———•••

جواز قتال من نقض العهد، وجواز إنزال أهل الحصن على حكم حاكم عدل أهل للحكم

جو شخص عہد کو توڑ دے اس کے ساتھ جنگ کرنا جائز ہے اور قلعہ والوں کو کسی عادل شخص کی ثالثی کی بنیاد پر ہتھیار ڈالنے کی اجازت دینا جائز ہے

1155 حديث أَبِي سَعِيْدٍ الْخدْرِيّ رَضِيَ اللّٰهُ عَنْهُ،

قَالَ: لَمَّا نَزَلَتْ بَنُو قُرَيْظَةَ عَلٰى حُكْمِ سَعْدٍ، هُوَ ابْنُ مُعَاذٍ، بَعَثَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ، وَكَانَ قَرِيبًا مِّنْهُ، فَجَاءَ عَلٰى حِمَارٍ، فَلَمَّا دَنَا قَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: قُوْمُوْا إِلٰى سَيِّدِكُمْ فَجَاءَ فَجَلَسَ إِلٰى رَسُوْلِ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ، فَقَالَ لَهُ: إِنَّ هٰؤُلَاءِ نَزَلُوْا عَلٰى حُكْمِكَ قَالَ: فَإِنِّي أَحْكُمُ أَنْ تُقْتَلَ الْمُقَاتِلَةُ، وَأَنْ تُسْبَى الذُّرِّيَّةُ قَالَ: لَقَدْ حَكَمْتَ فِيْهِمْ بِحُكْمِ الْمَلِكِ

رقم الحديث : 1155

اخرجه ابوالحسين مسلم النيسابوری فی ''صحيحه'' طبع داراحياء التراث العربی، بيروت، لبنان، رقم الحديث: **1768** اخرجه ابوداؤد السجستانی فی ''سننه'' طبع دارالفكر، بيروت، لبنان، رقم الحديث: **5215** اخرجه ابوداؤد الطيالسی فی ''مسنده'' طبع دارالمعرفة، بيروت، لبنان، رقم الحديث: **2240** اخرجه ابوعبدالله الشيبانی فی ''مسنده'' طبع موسسه قرطبه، قاہره، مصر، رقم الحديث: **11184** اخرجه ابوحاتم البستی فی ''صحيحه'' طبع موسسه الرساله، بيروت، لبنان، **1414**ھ/**1993**ء، رقم الحديث: **7026** اخرجه ابوعبدالرحمن النسائی فی ''سننه'' طبع مكتب المطبوعات الاسلاميه، حلب، شام، **1406**ھ، **1986**ء، رقم الحديث: **5938** ذكره ابوبكر البيهقی فی ''سننه الكبرىٰ'' طبع مكتبه دارالباز، مكه مكرمه، سعودی عرب **1414**ھ/**1994**ء، رقم الحديث: **11096** اخرجه ابويعلی الموصلی فی ''مسنده'' طبع دارالمامون للتراث، دمشق، شام، **1404**ھ-**1984**ء، رقم الحديث: **1188** اخرجه ابوعبدالله البخاری فی ''الادب المفرد'' طبع دارالبشائر الاسلاميه، بيروت، لبنان، **1409**ھ/**1989**ء، رقم الحديث: **945** اخرجه ابومحمد الكسی فی ''مسنده'' طبع مكتبة السنة، قاہره، مصر، **1408**ھ/**1988**ء، رقم الحديث: **995**

Marfat.com

✧✧ حضرت ابوامامہ رضی اللہ عنہ حضرت ابوسعید خدری رضی اللہ عنہ بیان کرتے ہیں: جب بنوقریظہ نے حضرت سعد رضی اللہ عنہ کے فیصلہ کو ثالث تسلیم کرلیا تو نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے انہیں بلوایا وہ قریب ہی موجود تھے وہ اپنے گدھے پر سوار ہوکر آئے جب وہ قریب پہنچے تو نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: اپنے سردار کے لئے کھڑے ہوجاؤ وہ آئے اور نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کے پاس آکر بیٹھ گئے تو آپ نے فرمایا: ان لوگوں نے تمہیں ثالث تسلیم کیا ہے۔ انہوں نے فرمایا: میں یہ فیصلہ کرتا ہوں ان کے جنگجو لوگوں کو قتل کر دیا جائے اور عورتوں اور بچوں کو قیدی بنالیا جائے نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: تم نے ان لوگوں کے بارے میں ایک بادشاہ کی طرح فیصلہ سنایا ہے۔

أخرجه البخاري في: 56 كتاب الجهاد: 168 باب إذا نزل العدو على حكم رجل

رقم الجزء: 1 رقم الصفحة: 560 (جہانگیری صحیح بخاری مطبوعہ شبیر برادرز، رقم الحدیث 2878)

1156 حديث عَائِشَةَ رَضِيَ اللّٰهُ عَنْهَا،

قَالَتْ: أُصِيبَ سَعْدٌ يَوْمَ الْخَنْدَقِ، رَمَاهُ رَجُلٌ مِنْ قُرَيْشٍ يُقَالُ لَهُ حِبَّانُ بْنُ الْعَرِقَةِ، رَمَاهُ فِي الْأَكْحَلِ، فَضَرَبَ النَّبِيُّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ خَيْمَةً فِي الْمَسْجِدِ لِيَعُودَهُ مِنْ قَرِيبٍ. فَلَمَّا رَجَعَ رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ مِنَ الْخَنْدَقِ وَضَعَ السِّلاَحَ واغْتَسَلَ. فَأَتَاهُ جِبْرِيلُ عَلَيْهِ السَّلاَمُ وَهُوَ يَنْفُضُ رَأْسَهُ مِنَ الغُبَارِ، فَقَالَ: قَدْ وَضَعْتَ السِّلاَحَ وَاللّٰهِ مَا وَضَعْتُهُ، اخْرُجْ إِلَيْهِمْ قَالَ النَّبِيُّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: فَأَيْنَ فَأَشَارَ إِلَى بَنِي قُرَيْظَةَ، فَأَتَاهُمْ رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ، فَنَزَلُوا عَلَى حُكْمِهِ، فَرَدَّ الحُكْمَ إِلَى سَعْدٍ قَالَ: فَإِنِّي أَحْكُمُ فِيهِمْ أَنْ تُقْتَلَ المُقَاتِلَةُ، وَأَنْ تُسْبَى النِّسَاءُ وَالذُّرِّيَّةُ، وَأَنْ تُقْسَمَ أَمْوَالُهُمْ

✧✧ سیدہ عائشہ صدیقہ رضی اللہ عنہا بیان کرتی ہیں غزوۂ خندق کے موقع پر حضرت سعد رضی اللہ عنہ زخمی ہوئے انہیں قریش کے حبان بن عرقہ نامی شخص نے تیر مارا تھا جو ان کے بازو کی ایک رگ پر لگا تھا پھر نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے ان کے لئے مسجد میں خیمہ لگوا دیا تاکہ قریب سے ان کی عیادت کرتے رہیں جب نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم خندق سے واپس تشریف لائے اور ہتھیار اتار دیئے اور غسل کر لیا تو حضرت جبرائیل علیہ السلام آپ کی خدمت میں حاضر ہوئے وہ اپنے سر سے غبار جھاڑ رہے تھے انہوں نے عرض کی آپ نے ہتھیار اتار دیئے ہیں ہم نے ابھی ہتھیار نہیں اتارے آپ ان لوگوں کی طرف روانہ ہوں۔ نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے دریافت کیا کن کی طرف؟ تو انہوں نے بنوقریظہ کی طرف اشارہ کیا نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم ان کے پاس آئے بنوقریظہ نے آپ کو ثالث مقرر کیا۔ نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے حضرت سعد رضی اللہ عنہ کو ثالث بنا دیا تو حضرت سعد رضی اللہ عنہ نے کہا: میں ان کے بارے میں یہ فیصلہ کرتا ہوں کہ ان کے جنگجو لوگوں کو قتل کر دیا جائے ان کی عورتوں اور بچوں کو قید کرلیا جائے اور ان کے اموال کو تقسیم کرلیا جائے۔

أخرجه البخاري في: 64 كتاب المغازي: 30 باب مرجع النبي صلى الله عليه وسلم من الأحزاب

رقم الجزء: 1 رقم الصفحة: 561 (جہانگیری صحیح بخاری مطبوعہ شبیر برادرز، رقم الحدیث 3896)

1157 حديث عَائِشَةَ رَضِيَ اللّٰهُ عَنْهَا،

Marfat.com

أَنَّ سَعْدًا قَالَ: اللّٰهُمَّ إِنَّكَ تَعْلَمُ أَنَّهُ لَيْسَ أَحَدٌ أَحَبَّ إِلَيَّ أَنْ أُجَاهِدَهُمْ فِيكَ مِنْ قَوْمٍ كَذَّبُوا رَسُولَكَ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ وَأَخْرَجُوهُ، اللّٰهُمَّ فَإِنِّي أَظُنُّ أَنَّكَ قَدْ وَضَعْتَ الْحَرْبَ بَيْنَنَا وَبَيْنَهُمْ، فَإِنْ كَانَ بَقِيَ مِنْ حَرْبِ قُرَيْشٍ شَيْءٌ فَأَبْقِنِي لَهُ حَتّٰى أُجَاهِدَهُمْ فِيكَ؛ وَإِنْ كُنْتَ وَضَعْتَ الْحَرْبَ فَافْجُرْهَا وَاجْعَلْ مَوْتَتِي فِيهَا فَانْفَجَرَتْ مِنْ لَبَّتِهِ فَلَمْ يَرْعُهُمْ، وَفِي الْمَسْجِدِ خَيْمَةٌ مِّنْ بَنِي غِفَارٍ، إِلَّا الدَّمُ يَسِيلُ إِلَيْهِمْ فَقَالُوا: يَا أَهْلَ الْخَيْمَةِ مَا هٰذَا الَّذِي يَأْتِينَا مِنْ قِبَلِكُمْ فَإِذَا سَعْدٌ يَغْذُو جُرْحُهُ دَمًا، فَمَاتَ مِنْهَا رَضِيَ اللّٰهُ عَنْهُ

سیدہ عائشہ صدیقہ رضی اللہ عنہا بیان کرتی ہیں: حضرت سعد رضی اللہ عنہ نے یہ دعا کی:

''اے اللہ! تو جانتا ہے کہ میرے نزدیک سب سے زیادہ پسندیدہ بات یہ ہے کہ میں ان لوگوں کے ساتھ جنگ کروں جنہوں نے تیرے رسول کو جھٹلایا اور انہیں اپنی جگہ سے نکلنے پر مجبور کیا' اے اللہ! میرا خیال ہے تو نے ہمارے اور ان کے درمیان جنگ ختم کر دی ہے اگر تو قریش کے ساتھ جنگ باقی ہے تو مجھے بھی زندہ رکھ تا کہ میں تیری راہ میں ان سے جنگ کروں اگر تو نے اسے ختم کر دیا ہے تو مجھے اسی زخم میں موت دے۔

راوی بیان کرتے ہیں: اس زخم سے خون بہنا شروع ہو گیا' مسجد میں موجود بنو غفار کے ایک خیمے کی طرف خون بہہ کر آنا شروع ہوا تو انہوں نے کہا: اے خیمے والو! یہ خون کہاں سے آ رہا ہے؟ وہ حضرت سعد رضی اللہ عنہ کا خون تھا جو ان کے زخم سے جاری ہو رہا تھا اور اسی زخم سے ان کا انتقال ہو گیا۔

أخرجه البخاري في: 64 كتاب المغازي: 30 باب مرجع النبي صلى الله عليه وسلم من الأحزاب

رقم الجزء: 1 رقم الصفحة: 562 (جہانگیری صحیح بخاری، مطبوعہ شبیر برادرز، رقم الحدیث:3896)

•••———•••———•••

من لزمه أمر فدخل عليه أمر آخر

جس شخص کے ذمے کوئی کام ہو اور پھر کوئی دوسرا اہم کام آن پڑے تو (وہ کیا کرے؟)

1158 حديث ابْنِ عُمَرَ رَضِيَ اللّٰهُ عَنْهُمَا،

قَالَ: قَالَ النَّبِيُّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ لَنَا، لَمَّا رَجَعَ مِنَ الْأَحْزَابِ: لَا يُصَلِّيَنَّ أَحَدٌ الْعَصْرَ إِلَّا فِي بَنِي قُرَيْظَةَ فَأَدْرَكَ بَعْضُهُمُ الْعَصْرَ فِي الطَّرِيقِ فَقَالَ بَعْضُهُمْ: لَا نُصَلِّي حَتّٰى نَأْتِيَهَا وَقَالَ بَعْضُهُمْ: بَلْ نُصَلِّي، لَمْ يُرَدْ مِنَّا ذٰلِكَ فَذُكِرَ لِلنَّبِيِّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ، فَلَمْ يُعَنِّفْ وَاحِدًا مِّنْهُمْ

رقم الحديث 1158

خرجه ابن حبيش مسلم النيسابوري في "صحيحه" طبع دار احياء التراث العربي، بيروت، لبنان، رقم الحديث: **1770** اخرجه ابوحاتم البستي في "صحيحه" طبع موسسه الرساله، بيروت، لبنان، **1414**ھ/**1993**ء، رقم الحديث:**1462** اخرجه ابوحاتم البستي في "صحيحه" طبع موسسه الرساله، بيروت، لبنان **1414**ھ/**1993**ء، رقم الحديث: **4719** ذكره ابوبكر البيهقي في "سننه الكبرى" طبع مكتبه دار الباز، مكه مكرمه، سعودي عرب **1414**ھ/**1994**ء، رقم الحديث:**20157**

Marfat.com

✧✧ حضرت عبداللہ بن عمر رضی اللہ عنہما بیان کرتے ہیں: جب ہم غزوہ احزاب سے واپس آئے تو نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے ہمیں ہدایت کی کہ کوئی بھی شخص بنوقریظہ کے علاقے میں پہنچنے سے پہلے عصر کی نماز ادا نہ کرے۔ بعض لوگوں کو راستے میں ہی عصر کا وقت ہو گیا۔ ان میں سے بعض نے یہ کہا کہ ہم اس وقت تک نماز ادا نہیں کریں گے جب تک اس جگہ پر پہنچ نہیں جاتے اور بعض نے کہا ہم تو نماز ابھی پڑھیں گے کیونکہ ہمیں اس بات کا پابند نہیں کیا گیا بعد میں لوگوں نے اس بات کا تذکرہ نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم سے کیا تو آپ صلی اللہ علیہ وسلم نے ان میں سے کسی ایک کو بھی غلط قرار نہیں دیا۔

أخرجه البخاري في: 12 كتاب صلاة الخوف: 5 باب صلاة الطالب والمطلوب راكبا وإيماء
رقم الجزء: 1 رقم الصفحة: 563 (جہانگیری صحیح بخاری مطبوعہ شبیر برادرز رقم الحدیث 904)

•••———•••———•••

رد المهاجرين إلى الأنصار منائحهم من الشجر والثمر حين استغنوا عنها بالفتوح

مہاجرین کا انصار کو درختوں اور پھلوں کی شکل میں دیئے گئے عطیات واپس کرنا

جب فتوحات کے نتیجے میں وہ لوگ ان سے بے نیاز ہو گئے

1159 ۔ حديث أَنَسِ بْنِ مَالِكٍ رَضِيَ اللّٰهُ عَنْهُ،

قَالَ: لَمَّا قَدِمَ الْمُهَاجِرُوْنَ الْمَدِيْنَةَ مِنْ مَكَّةَ، وَلَيْسَ بِأَيْدِيهِمْ، يَعْنِي شَيْئًا؛ وَكَانَتِ الْأَنْصَارُ أَهْلَ الْأَرْضِ وَالْعَقَارِ فَقَاسَمَهُمُ الْأَنْصَارُ عَلَى أَنْ يُعْطُوهُمْ ثِمَارَ أَمْوَالِهِمْ كُلَّ عَامٍ، وَيَكْفُوهُمُ الْعَمَلَ وَالْمَئُونَةَ؛ وَكَانَتْ أُمُّهُ، أُمَّ أَنَسٍ، أُمُّ سُلَيْمٍ، كَانَتْ أُمَّ عَبْدِ اللّٰهِ بْنِ أَبِي طَلْحَةَ، فَكَانَتْ أَعْطَتْ أُمُّ أَنَسٍ رَسُوْلَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ عِذَاقًا، فَأَعْطَاهُنَّ النَّبِيُّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ أُمَّ أَيْمَنَ مَوْلَاتَهُ، أُمَّ أُسَامَةَ بْنِ زَيْدٍ وَأَنَّ النَّبِيَّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ لَمَّا فَرَغَ مِنْ قَتْلِ أَهْلِ خَيْبَرَ، فَانْصَرَفَ إِلَى الْمَدِيْنَةِ، رَدَّ الْمُهَاجِرُوْنَ إِلَى الْأَنْصَارِ مَنَائِحَهُمُ الَّتِي كَانُوا مَنَحُوْهُمْ مِنْ ثِمَارِهِمْ، فَرَدَّ النَّبِيُّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ إِلَى أُمِّهِ عِذَاقَهَا، وَأَعْطَى رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ أُمَّ أَيْمَنَ مَكَانَهُنَّ مِنْ حَائِطِهِ

✧✧ حضرت انس بن مالک رضی اللہ عنہ بیان کرتے ہیں: جب مہاجرین مکہ سے مدینہ منورہ آئے تو ان کے پاس کوئی چیز نہیں تھی۔ انصار کے پاس زمینیں بھی تھیں اور گھر بھی تھے۔ انصار نے اپنا مال تقسیم کر کے انہیں دے دیا اور اپنے باغات کے پھل ہر سال

رقم الحديث 1159

اخرجه ابو الحسين مسلم النيسابوري في "صحيحه" طبع دار احياء التراث العربي بيروت لبنان، رقم الحديث: 1771 اخرجه ابوعبدالله البستي في "صحيحه" طبع موسسه الرساله بيروت لبنان 1414ھ 1993ء، رقم الحديث: 6282 اخرجه ابوعبدالرحمن النسائي في "سننه" طبع مكتب المطبوعات الاسلاميه حلب شام، 1406ھ 1986ء، رقم الحديث: 8320 ذكره ابوبكر البيهقي في "سننه الكبرى" طبع مكتبه دار الباز مكه مكرمه سعودي عرب 1414ھ 1994ء، رقم الحديث: 11413

Marfat.com

انہیں دینے شروع کئے۔ مہاجرین وہاں کام کیا کرتے تھے۔ حضرت انس رضی اللہ عنہ کی والدہ سیدہ اُمّ انس' جو سیدہ ام سلیم رضی اللہ عنہا ہیں اور حضرت عبداللہ بن ابی طلحہ رضی اللہ عنہ کی بھی والدہ ہیں انہوں نے اپنے کچھ کھجوروں کے درخت نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کی خدمت میں پیش کئے۔ نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے وہ درخت سیدہ ام ایمن رضی اللہ عنہا کو دے دیئے جو آپ کی کنیز تھیں اور حضرت اسامہ بن زید رضی اللہ عنہما کی والدہ تھیں۔

حضرت انس بن مالک رضی اللہ عنہ بیان کرتے ہیں' جب نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم اہلِ خیبر کے ساتھ جنگ کر کے فارغ ہوئے اور آپ مدینہ منورہ تشریف لائے تو مہاجرین نے وہ تمام عطیات انصار کو واپس کر دیئے جو انصار نے انہیں دیئے تھے۔ نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے ان کی والدہ کو ان کے درخت واپس کر دیئے اور آپ نے سیدہ ام ایمن رضی اللہ عنہا کو ان درختوں کی جگہ اپنے باغ میں سے کچھ درخت عطا کر دیئے۔

أخرجه البخاري في: 51 كتاب الهبة: 35 باب فضل المنيحة

رقم الجزء: 1 رقم الصفحة: 563 (جہانگیری صحیح بخاری مطبوعہ شبیر برادرز، رقم الحدیث:2487)

1160 حديث أَنَسٍ رَضِيَ اللّٰهُ عَنْهُ،

قَالَ: كَانَ الرَّجُلُ يَجْعَلُ لِلنَّبِيِّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ النَّخَلاَتِ، حَتّٰى افْتَتَحَ قُرَيْظَةَ وَالنَّضِيرَ وَإِنَّ أَهْلِي أَمَرُونِي أَنْ آتِيَ النَّبِيَّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ فَأَسْأَلَهُ الَّذِيْنَ كَانُوا أَعْطَوْهُ أَوْ بَعْضَهُ؛ وَكَانَ النَّبِيُّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَدْ أَعْطَاهُ أُمَّ أَيْمَنَ: فَجَاءَتْ أُمُّ أَيْمَنَ فَجَعَلَتِ الثَّوْبَ فِي عُنُقِي، تَقُوْلُ: كَلَّا وَالَّذِي لا إِلٰهَ إِلَّا هُوَ لاَ يُعْطِيكَهُمْ وَقَدْ أَعْطَانِيهَا أَوْ كَمَا قَالَتْ وَالنَّبِيُّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ يَقُوْلُ: لَكِ كَذَا وَتَقُوْلُ: كَلَّا وَاللّٰهِ حَتّٰى أَعْطَاهَا عَشَرَةَ أَمْثَالِهِ، أَوْ كَمَا قَالَ

✧✧ حضرت انس رضی اللہ عنہ بیان کرتے ہیں: پہلے لوگ نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کی خدمت میں کھجوروں کے درخت پیش کر دیا کرتے تھے جب آپ نے قریظہ اور نظیر کو فتح کر لیا تو میرے گھر والوں نے مجھے حکم دیا: میں نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کی خدمت میں حاضر ہو جاؤں اور آپ سے وہ درخت واپس مانگ لوں جو انہوں نے نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کو پیش کئے تھے یا اس میں سے کچھ درخت واپس مانگ لوں نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے وہ درخت سیدہ اُمّ ایمن رضی اللہ عنہا کو دے دیئے تھے۔ حضرت اُمّ ایمن رضی اللہ عنہا آئیں انہوں نے ایک کپڑا میری گردن میں ڈالا اور یہ کہا: نہیں ہرگز نہیں' اس ذات کی قسم! جس کے دستِ قدرت میں میری جان ہے جس کے سوا کوئی معبود نہیں ہے نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے وہ تمہیں نہیں دینے' انہوں نے وہ تو مجھے دے دیئے تھے' وہ اسی طرح کی بات کرتی رہیں۔

راوی بیان کرتے ہیں: نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم ان سے یہ کہتے رہے: تمہیں یہ مل جائے گا' وہ آگے یہ کہتی تھیں نہیں اللہ کی قسم! ہرگز نہیں حتی کہ نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے انہیں دس گنا زیادہ عطا کیا۔

أخرجه البخاري في: 64 كتاب المغازي: 30 باب مرجع النبي صلى الله عليه وسلم من الأحزاب

رقم الجزء: 1 رقم الصفحة: 564 (جہانگیری صحیح بخاری مطبوعہ شبیر برادرز، رقم الحدیث:3894)

Marfat.com

أخذ الطعام من أرض العدو

دشمن کی سرزمین سے کھانے پینے کا سامان لینا

1161 ۔ حديث عَبْدِ اللّٰهِ بْنِ مُغَفَّلٍ رَضِيَ اللّٰهُ عَنْهُ.

قَالَ: كُنَّا مُحَاصِرِيْنَ قَصْرَ خَيْبَرَ، فَرَمَى إِنْسَانٌ بِجِرَابٍ فِيْهِ شَحْمٌ، فَنَزَوْتُ لآخُذَهُ، فَالْتَفَتُّ فَإِذَا النَّبِيُّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ، فَاسْتَحْيَيْتُ مِنْهُ

☆☆ حضرت عبداللہ بن مغفل رضی اللہ عنہ بیان کرتے ہیں ہم نے خیبر کے قلعہ کا محاصرہ کیا ہوا تھا ایک شخص نے ایک چربی کی چیتھڑی جس میں چربی موجود تھی میں تیزی سے آگے بڑھا تا کہ اسے پکڑ لوں جب میں نے مڑ کر دیکھا تو نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم موجود تھے مجھے شرم آئی۔

أخرجه البخاري في: 57 كتاب فرض الخمس: 20 باب ما يصيب من الطعام في أرض الحرب

رقم الجزء: 1 رقم الصفحة: 565 (مرسائگیری، صحیح بخاری، مطبوعہ شبیر برادرز، رقم الحدیث: 2984)

•••———•••———•••

كتاب النبي صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ إلى هرقل يدعوه إلى الإسلام

نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کا ہرقل کو خط بھیجنا اور اسے اسلام کی دعوت دینا

1162 ۔ حديث أَبِي سُفْيَانَ عَنِ ابْنِ عَبَّاسٍ رَضِيَ اللّٰهُ عَنْهُمَا.

قَالَ: حَدَّثَنِي أَبُو سُفْيَانَ، مِنْ فِيْهِ إِلَى فِيَّ، قَالَ: انْطَلَقْتُ فِي الْمُدَّةِ الَّتِي كَانَتْ بَيْنِي وَبَيْنَ رَسُوْلِ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَالَ: فَبَيْنَا أَنَا بِالشَّامِ إِذْ جِيْءَ بِكِتَابٍ مِنَ النَّبِيِّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ إِلَى هِرَقْلَ قَالَ: وَكَانَ دِحْيَةُ الْكَلْبِيُّ جَاءَ بِهِ، فَدَفَعَهُ إِلَى عَظِيْمِ بُصْرَى، فَدَفَعَهُ عَظِيْمُ بُصْرَى إِلَى هِرَقْلَ قَالَ: فَقَالَ هِرَقْلُ هَلْ هٰهُنَا أَحَدٌ مِنْ قَوْمِ هٰذَا الرَّجُلِ الَّذِي يَزْعُمُ أَنَّهُ نَبِيٌّ فَقَالُوْا: نَعَمْ قَالَ: فَدُعِيتُ فِي نَفَرٍ مِنْ قُرَيْشٍ. فَدَخَلْنَا عَلَى هِرَقْلَ. فَأَجْلَسَنَا بَيْنَ يَدَيْهِ، فَقَالَ: أَيُّكُمْ أَقْرَبُ نَسَبًا مِنْ هٰذَا الرَّجُلِ الَّذِي يَزْعُمُ أَنَّهُ نَبِيٌّ فَقَالَ أَبُو سُفْيَانَ: فَقُلْتُ: أَنَا فَأَجْلَسُوْنِي بَيْنَ يَدَيْهِ، وَأَجْلَسُوا أَصْحَابِي خَلْفِي ثُمَّ دَعَا بِتُرْجُمَانِهِ، فَقَالَ قُلْ لَهُمْ: إِنِّي سَائِلٌ هٰذَا عَنْ هٰذَا الرَّجُلِ الَّذِي يَزْعُمُ أَنَّهُ نَبِيٌّ، فَإِنْ كَذَبَنِي فَكَذِّبُوْهُ قَالَ أَبُو سُفْيَانَ: وَايْمُ اللّٰهِ لَوْلَا أَنْ يُؤْثَرُوْا عَلَيَّ الْكَذِبَ لَكَذَبْتُ ثُمَّ قَالَ لِتُرْجُمَانِهِ: سَلْهُ كَيْفَ حَسَبُهُ فِيكُمْ قَالَ: قُلْتُ هُوَ فِينَا ذُو حَسَبٍ قَالَ: فَهَلْ كَانَ مِنْ آبَائِهِ مَلِكٌ قَالَ: قُلْتُ لَا فَهَلْ كُنْتُمْ تَتَّهِمُوْنَهُ بِالْكَذِبِ قَبْلَ أَنْ يَقُوْلَ مَا قَالَ قُلْتُ لَا قَالَ: أَيَتَّبِعُهُ أَشْرَافُ النَّاسِ أَمْ ضُعَفَاؤُهُمْ

رقم الحديث: 1161

أخرجه أبو عبدالله الشيباني في "مسنده" طبع موسسه قرطبه، قاهره، مصر، رقم الحديث: 20574 ذكره أبو بكر السقي في "مسنده الكبير" طبع مكتبه دار الباز، مكه مكرمه، سعودي عرب 1414ھ / 1994ء، رقم الحديث: 17770

Marfat.com

قَالَ: قُلْتُ بَلْ ضعَفَاؤُهُمْ قَالَ: يَزِيدُوْنَ أَوْ يَنْقُصُونَ قَالَ: قُلْتُ لاَ، بَلْ يَزِيدُوْنَ قَالَ: هَلْ يَرْتَدُّ أَحَدٌ مِّنْهُمْ عَنْ دِيْنِهِ بَعْدَ أَنْ يَّدْخُلَ فِيْهِ سَخْطَةً لَهُ قَالَ: قُلْتُ لاَ قَالَ: فَهَلْ قَاتَلْتُمُوْهُ قَالَ: قُلْتُ نَعَمْ قَالَ: فَكَيْفَ كَانَ قِتَالُكُمْ إِيَّاهُ قَالَ: قُلْتُ تَكُوْنُ الْحَرْبُ بَيْنَنَا وَبَيْنَهُ سِجَالاً، يُصِيبُ مِنَّا وَنصِيبُ مِنْهُ قَالَ: فَهَلْ يَغْدِرُ قَالَ: قُلْتُ لاَ، وَنَحْنُ مِنْهُ فِي هٰذِهِ الْمُدَّةِ لاَ نَدْرِي مَا هُوَ صَانِعٌ فِيْها قَالَ: وَاللّٰهِ مَا أَمْكَنَنِي مِنْ كَلِمَةٍ أُدْخِلُ فِيْهَا شَيْئًا غَيْرَ هٰذِهِ قَالَ: فَهَلْ قَالَ هٰذَا الْقَوْلَ أَحَدٌ قَبْلَهُ قُلْتُ لاَ ثُمَّ قَالَ لِتُرْجُمَانِهِ: قُلْ لَّهُ: إِنِّي سَأَلْتُكَ عَنْ حَسَبِهِ فِيكُمْ فَزَعَمْتَ أَنَّهُ فِيكُمْ ذُو حَسَبٍ، وَكَذٰلِكَ الرُّسُلُ تُبْعَثُ فِي أَحْسَابِ قَوْمِهَا وَسَأَلْتُكَ هَلْ كَانَ فِي اٰبَائِهِ مَلِكٌ، فَزَعَمْتَ أَنْ لاَ فَقُلْتُ لَوْ كَانَ مِنْ اٰبَائِهِ مَلِكٌ قُلْتُ رَجُلٌ يَطْلُبُ مُلْكَ اٰبَائِهِ وَسَأَلْتُكَ عَنْ أَتْبَاعِهِ، أَضُعَفَاؤُهُمْ أَمْ أَشْرَافُهُمْ فَقُلْتَ بَلْ ضُعَفَاؤُهُمْ وَهُمْ أَتْبَاعُ الرُّسُلِ وَسَأَلْتُكَ هَلْ كُنْتُمْ تَتَّهِمُوْنَهُ بِالْكَذِبِ قَبْلَ أَنْ يَّقُوْلَ مَا قَالَ فَزَعَمْتَ أَنْ لاَ فَعَرَفْتُ أَنَّهُ لَمْ يَكُنْ لِيَدَعَ الْكَذِبَ عَلَى النَّاسِ ثُمَّ يَذْهَبَ فَيَكْذِبَ عَلَى اللّٰهِ وَسَأَلْتُكَ هَلْ يَرْتَدُّ أَحَدٌ مِّنْهُمْ عَنْ دِيْنِهِ بَعْدَ أَنْ يَّدخُلَ فِيْهِ سَخْطَةً لَهُ فَزَعَمْتَ أَنْ لاَ وَكَذٰلِكَ الْإِيْمَانُ إِذَا خَالَطَ بَشَاشَةَ الْقُلُوبِ وَسَأَلْتُكَ هَلْ يَزِيدُوْنَ أَمْ يَنْقُصُونَ فَزَعَمْتَ أَنَّهُمْ يَزِيدُوْنَ وَكَذٰلِكَ الْإِيْمَانُ حَتّٰى يَتِمَّ وَسَأَلْتُكَ هَلْ قَاتَلْتُمُوْهُ فَزَعَمْتَ أَنَّكُمْ قَاتَلْتُمُوْهُ، فَتَكُوْنُ الْحَرْبُ بَيْنَكُمْ وَبَيْنَهُ سِجَالاً، يَنَالُ مِنْكُمْ وَتَنَالُوْنَ مِنْهُ وَكَذٰلِكَ الرُّسُلُ تُبْتَلٰى ثُمَّ تَكُوْنُ لَهُمُ الْعَاقِبَةُ وَسَأَلْتُكَ هَلْ يَغْدِرُ فَزَعَمْتَ أَنَّهُ لاَ يَغْدِرُ وَكَذٰلِكَ الرُّسُلُ لاَ تَغْدِرُ وَسَأَلْتُكَ هَلْ قَالَ أَحَدٌ هٰذَا الْقَوْلَ قَبْلَهُ فَزَعَمْتَ أَنْ لاَ فَقُلْتُ لَوْ كَانَ قَالَ هٰذَا الْقَوْلَ أَحَدٌ قَبْلَهُ قُلْتُ رَجُلٌ ائْتَمَّ بِقَوْلٍ قِيلَ قَبْلَهُ قَالَ: ثُمَّ قَالَ بِمَ يَأْمُرُكُمْ قَالَ: قُلْتُ يَأْمُرُنَا بِالصَّلاَةِ وَالزَّكَاةِ وَالصِّلَةِ وَالْعَفَافِ قَالَ: إِنْ يَّكُ مَا تَقُوْلُ فِيْهِ حَقًّا فَإِنَّهُ نَبِيٌّ وَقَدْ كُنْتُ أَعْلَمُ أَنَّهُ خَارِجٌ وَلَمْ أَكُ أَظُنُّهُ مِنْكُمْ وَلَوْ أَنِّي أَعْلَمُ أَنِّي أَخْلُصُ إِلَيْهِ لَأَحْبَبْتُ لِقَاءَهُ وَلَوْ كُنْتُ عِنْدَهُ لَغَسَلْتُ عَنْ قَدَمَيْهِ وَلَيَبْلُغَنَّ مُلْكُهُ مَا تَحْتَ قَدَمَيَّ قَالَ: ثُمَّ دَعَا بِكِتَابِ رَسُوْلِ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ فَقَرَأَهُ، فَإِذَا فِيْهِ: بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيْمِ، مِنْ مُحَمَّدٍ رَسُوْلِ اللّٰهِ إِلٰى هِرَقْلَ عَظِيمِ الرُّومِ سَلاَمٌ عَلٰى مَنِ اتَّبَعَ الْهُدٰى أَمَّا بَعْدُ فَإِنِّي أَدْعُوكَ بِدِعَايَةِ الْإِسْلاَمِ، أَسْلِمْ تَسْلَمْ، وَأَسْلِمْ يُؤْتِكَ اللّٰهُ أَجْرَكَ مَرَّتَيْنِ، فَإِنْ تَوَلَّيْتَ فَإِنَّ عَلَيْكَ إِثْمَ الْأَرِيسِيِّينَ (وَيَا أَهْلَ الْكِتَابِ تَعَالَوْا إِلٰى كَلِمَةٍ سَوَاءٍ بَيْنَنَا وَبَيْنَكُمْ أَنْ لاَ نَعْبُدَ إِلَّا اللّٰهَ) إِلٰى قَوْلِهِ (اشْهَدُوا بِأَنَّا مُسْلِمُوْنَ) فَلَمَّا فَرَغَ مِنْ قِرَاءَةِ الْكِتَابِ ارْتَفَعَتِ الْأَصْوَاتُ عِنْدَهُ، وَكَثُرَ اللَّغَطُ، وَأُمِرَ بِنَا فَأُخْرِجْنَا

قَالَ: فَقُلْتُ لِأَصْحَابِي حِيْنَ خَرَجْنَا: لَقَدْ أَمِرَ أَمْرُ ابْنِ أَبِي كَبْشَةَ، إِنَّهُ لَيَخَافُهُ مَلِكُ بَنِي الْأَصْفَرِ فَمَا زِلْتُ مُوقِنًا بِأَمْرِ رَسُوْلِ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ أَنَّهُ سَيَظْهَرُ حَتّٰى أَدْخَلَ اللّٰهُ عَلَيَّ الْإِسْلاَمَ

✧✧ حضرت ابن عباس رضی اللہ عنہما بیان کرتے ہیں: حضرت ابوسفیان رضی اللہ عنہ نے بذاتِ خود مجھے یہ بات بتائی جس زمانے میں ہمارا اور نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کا صلح کا معاہدہ چل رہا تھا میں شام گیا جب میں شام میں موجود تھا تو نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کا خط اسی دوران ہرقل کے نام آیا حضرت دحیہ کلبی رضی اللہ عنہ اسے لے کر آئے تھے۔ انہوں نے بصریٰ کے گورنر کو وہ دیدیا تھا بصریٰ کے گورنر نے اسے ہرقل تک پہنچا دیا تھا۔

Marfat.com

راوی بیان کرتے ہیں: ہرقل نے دریافت کیا: کیا یہاں ان صاحب کو یہ کہتے ہیں: وہ نبی ہیں' کی قوم سے تعلق رکھنے والا کوئی شخص ہے؟ انہوں نے جواب دیا: جی ہاں۔ ابوسفیان بیان کرتے ہیں: مجھے قریش کے دیگر افراد سے ہم اور بلایا کیا ہم لوگ ہرقل کے پاس آئے تو ہمیں اس نے سامنے بٹھا دیا' اس نے دریافت کیا: یہ صاحب جو یہ کہتے ہیں: وہ نبی ہیں' ان کے ساتھ نسبی طور پر سب سے زیادہ قریب کون شخص ہے؟ ابوسفیان کہتے ہیں: میں نے جواب دیا: میں ہوں' اس نے مجھے اپنے سامنے بٹھا لیا اور میرے ساتھیوں کو میرے پیچھے بٹھا دیا' اس نے اپنے ترجمان سے کہا: اس کے ساتھیوں سے کہو: میں اس شخص سے ان صاحب کے بارے میں دریافت کرنے لگا ہوں جو یہ کہتے ہیں: وہ نبی ہیں' اگر اس نے مجھ سے جھوٹ بولا تو تم اس کے جھوٹ کے بارے میں بتا دینا' ابوسفیان کہتے ہیں: اللہ تعالیٰ کی قسم! اگر مجھے یہ اندیشہ نہ ہوتا کہ مجھ پر جھوٹ کا الزام لگا دیا جائے گا تو میں جھوٹ بول دیتا' پھر ہرقل نے اپنے ترجمان سے کہا: اس سے دریافت کرو کہ تمہارے درمیان ان کا نسب کیسا ہے؟ میں نے جواب دیا: وہ ہمارے درمیان عالی نسب شمار کئے جاتے ہیں۔ اس نے دریافت کیا: کیا ان کے آباؤ اجداد میں کوئی بادشاہ گزرا ہے؟ میں نے جواب دیا: نہیں! اس نے دریافت کیا: کیا تم نے اس سے پہلے ان پر کسی جھوٹ کا الزام لگایا ہے؟ ان کے اس دعوے سے پہلے؟ میں نے جواب دیا: نہیں! اس نے دریافت کیا: کھاتے پیتے لوگ ان کی پیروی کر رہے ہیں یا کمزور لوگ ان کی پیروی کر رہے ہیں؟ ابوسفیان کہتے ہیں: میں نے کہا: نہیں! کمزور لوگ ان کی پیروی کر رہے ہیں' اس نے دریافت کیا: کیا ان کی تعداد میں اضافہ ہو رہا ہے یا وہ کم ہو رہے ہیں؟ میں نے کہا: نہیں! ان کی تعداد میں اضافہ ہو رہا ہے۔ اس نے دریافت کیا: کوئی شخص ان کے دین میں داخل ہونے کے بعد اس کی سختی سے خفا ہو کر ان کے دین کو چھوڑ بھی چکا ہے؟ میں نے جواب دیا: نہیں! اس نے دریافت کیا: کیا تم نے ان کے ساتھ جنگ کی ہے؟ میں نے جواب دیا: جی ہاں۔ اس نے دریافت کیا: پھر تمہاری ان کے ساتھ جنگ کا نتیجہ کیا نکلا؟ میں نے کہا: ہمارے اور ان کے درمیان جنگ ڈول کی طرح تھی کبھی وہ غالب آ گئے کبھی ہم غالب آ گئے اس نے دریافت کیا: کیا انہوں نے عہد شکنی بھی کی ہے؟ میں نے جواب دیا: نہیں! ہمارا ان کے ساتھ ایک مخصوص مدت تک کے لئے شدہ معاہدہ ہے۔ ہمیں نہیں پتہ کہ وہ اس میں کیا طرز عمل اختیار کرتے ہیں۔ حضرت ابوسفیان کہتے ہیں: اللہ تعالیٰ کی قسم! یہی وہ ایک بات تھی جو میں نے کوشش کر کے غلط بیانی کی تھی۔ اس نے دریافت کیا: کیا ان سے پہلے بھی کسی شخص نے یہ دعویٰ کیا ہے۔ میں نے جواب دیا: نہیں!

پھر ہرقل نے اپنے ترجمان سے کہا: تم اس سے کہو: میں نے تم سے ان کے نسب کے بارے میں دریافت کیا تو تم نے یہ کہا: وہ تمہارے عالی نسب شمار کئے جاتے ہیں رسول اسی طرح ہوتے ہیں۔ انہیں اپنی قوم کے بہترین نسب میں مبعوث کیا جاتا ہے پھر میں نے تم سے سوال کیا: کیا ان کے آباؤ اجداد میں کوئی بادشاہ گزرا ہے؟ تو تم نے جواب دیا: نہیں! میں یہ سوچ رہا تھا کہ اگر ان کے آباؤ اجداد میں کوئی بادشاہ گزرا ہوتا تو ہم یہ کہہ سکتے تھے کہ یہ شخص اپنے آباؤ اجداد کا ملک حاصل کرنا چاہتا ہے پھر میں نے تم سے سوال کیا: کیا ان کے پیروکار کمزور لوگ ہیں یا امیر لوگ ہیں؟ تو تم نے جواب دیا: وہ کمزور لوگ ہیں رسولوں کے پیروکار اسی طرح کے لوگ ہوتے ہیں پھر میں نے تم سے یہ سوال کیا: اس دعوے سے پہلے تم نے ان پر کوئی جھوٹ سے متعلق الزام لگایا ہے؟ تو تم نے جواب دیا: نہیں! اس سے مجھے اندازہ ہو گیا کہ جو شخص لوگوں کے ساتھ جھوٹ نہیں بولتا وہ اللہ تعالیٰ کے بارے میں کیسے جھوٹ بول سکتا ہے؟ پھر میں نے تم سے سوال کیا: کیا ان کے دین میں داخل ہونے کے بعد کوئی شخص اس کی سختی سے خفا ہو کر ان کے دین کو چھوڑ چکا ہے؟ تو

Marfat.com

تم نے جواب دیا: نہیں! ایمان ایسا ہی ہوتا ہے جب اس کی بشاشت دل میں گھر کر جاتی ہے (تو کوئی شخص اسے نہیں چھوڑتا) پھر میں نے تم سے سوال کیا کہ کیا ان میں اضافہ ہو رہا ہے یا کمی ہو رہی ہے؟ تو تم نے جواب دیا: ان میں اضافہ ہو رہا ہے' ایمان ایسا ہی ہوتا ہے۔ یہاں تک کہ وہ مکمل ہو جاتا ہے' پھر میں نے تم سے سوال کیا: کیا تم نے ان کے ساتھ کوئی جنگ کی ہے؟ تو تم نے جواب دیا تم نے ان کے ساتھ جنگ کی ہے اور تمہارے اور ان کے درمیان جنگ ڈول کی طرح رہی ہے۔ کبھی انہیں فائدہ ہو گیا کبھی تمہیں فائدہ ہو گیا رسولوں کو اسی طرح آزمائش میں مبتلا کیا جاتا ہے۔ لیکن آخر کار جیت انہی کی ہوتی ہے پھر میں نے تم سے سوال کیا: کیا انہوں نے تمہارے ساتھ عہد شکنی کی ہے؟ تو تم نے جواب دیا: انہوں نے کوئی عہد شکنی نہیں کی ہے' رسول اسی طرح کے ہوتے ہیں وہ عہد شکنی نہیں کرتے ہیں پھر میں نے تم سے سوال کیا: کیا ان سے پہلے کسی شخص نے یہ دعویٰ کیا ہے تو تم نے جواب دیا: نہیں! میں نے یہ سوچا کہ اگر ان سے پہلے کسی اور شخص نے یہ دعویٰ کیا ہوتا تو ہم یہ کہہ سکتے تھے کہ یہ شخص اس دعوے میں دوسرے کی پیروی کر رہا ہے جو پہلے کیا جا چکا ہے پھر ہرقل نے دریافت کیا: وہ تمہیں کس بات کا حکم دیتے ہیں؟ ابوسفیان کہتے ہیں: میں نے جواب دیا: وہ ہمیں نماز پڑھنے کا زکوٰۃ ادا کرنے رشتے داروں کے حقوق کا خیال رکھنے کا' پاک دامنی اختیار کرنے کا حکم دیتے ہیں۔ ہرقل نے کہا: تم نے ان کے بارے میں جو کہا ہے اگر وہ ایسے ہی ہیں تو وہ واقعی نبی ہیں مجھے علم تھا کہ ان کا ظہور ہونے والا ہے لیکن مجھے یہ خیال نہیں تھا کہ وہ تمہارے اندر ظہور پذیر ہوں گے اگر مجھے یہ یقین ہوتا کہ میں ان کی بارگاہ میں حاضر ہو سکتا ہوں تو میں ان سے ملاقات کو پسند کرتا اور اگر میں ان کے پاس ہوتا تو میں ان کے پاؤں دھوتا ان کی بادشاہی میرے قدموں تک پہنچ جائے گی حضرت ابوسفیان رضی اللہ عنہ بیان کرتے ہیں: پھر اس نے نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کا خط منگوایا اور اسے پڑھا تو اس میں یہ تحریر تھا۔

اللہ رحمٰن اور رحیم کے نام سے آغاز کرتا ہوں' یہ اللہ کے رسول' محمد صلی اللہ علیہ وسلم کی جانب سے روم کے حکمران ہرقل کے نام ہے وہ شخص سلامت رہے جو ہدایت کی پیروی کرے امابعد! میں تمہیں اسلام کی دعوت دیتا ہوں تم اسلام قبول کر لو تم سلامت رہو گے تم اسلام قبول کر لو اللہ تعالیٰ تمہیں دوگنا اجر دے گا اگر تم منہ موڑ لو گے تو لوگوں کا گناہ بھی تم پر ہو گا (ارشاد باری تعالیٰ ہے:)۔

''اے اہل کتاب! آگے آؤ اس بات کی طرف جو تمہارے اور ہمارے درمیان مشترک ہے کہ ہم صرف اللہ تعالیٰ کی عبادت کریں گے''۔

یہ آیت یہاں تک ہے ''تم گواہ رہو کہ ہم مسلمان ہیں''۔

جب اس خط کو پڑھ لیا گیا تو ہرقل کے آس پاس آوازیں بلند ہونے لگی اور بحث و مباحثہ شروع ہو گیا ہمیں اس کے حکم کے تحت وہاں سے نکال دیا گیا۔

حضرت ابوسفیان رضی اللہ عنہ کہتے ہیں: جب ہم باہر نکلے تو میں نے اپنے ساتھیوں سے کہا: حضرت محمد صلی اللہ علیہ وسلم کا معاملہ اب اس حد تک پہنچ چکا ہے کہ بنو اصفر کا حکمران بھی ان سے خوفزدہ ہے حضرت ابوسفیان رضی اللہ عنہ کہتے ہیں: اس کے بعد مجھے یقین ہو گیا کہ نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم غالب آ جائیں گے یہاں تک کہ اللہ تعالیٰ نے مجھے اسلام میں داخل کر دیا۔

أخرجه البخاري في: 65 كتاب التفسير: 3 سورة آل عمران: 4 باب قل يا أهل الكتاب تعالوا إلى كلمة سواء، رقم الجزء: 1 رقم الصفحة: 565 (جہانگیری صحیح بخاری، مطبوعہ شبیر برادرز، رقم الحدیث:4278)

Marfat.com

في غزوة حنين

غزوۂ حنین

1163 ۔ حديث الْبَرَاءِ رَضِيَ اللّٰهُ عَنْهُ.

وَسَأَلَهُ رَجُلٌ: أَكُنْتُمْ فَرَرْتُمْ يَا أَبَا عُمَارَةَ يَوْمَ حُنَيْنٍ قَالَ: لاَ، وَاللّٰهِ مَا وَلّٰى رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ، وَلٰكِنَّهُ خَرَجَ شُبَّانُ أَصْحَابِهِ وَأَخِفَّاؤُهُمْ حُسَّرًا لَيْسَ بِسِلاَحٍ، فَأَتَوْا قَوْمًا رُمَاةً، جَمْعَ هَوَازِنَ وَبَنِي نَصْرٍ، مَا يَكَادُ يَسْقُطُ لَهُمْ سَهْمٌ، فَرَشَقُوهُمْ رَشْقًا مَا يَكَادُوْنَ يُخْطِئُوْنَ فَأَقْبَلُوا هُنَالِكَ إِلَى النَّبِيِّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ، وَهُوَ عَلَى بَغْلَتِهِ الْبَيْضَاءِ وَابْنُ عَمِّهِ، أَبُوْ سُفْيَانَ بْنُ الْحَارِثِ بْنِ عَبْدِ الْمُطَّلِبِ يَقُوْدُ بِهِ، فَنَزَلَ وَاسْتَنْصَرَ، ثُمَّ قَالَ: أَنَا النَّبِيُّ لاَ كَذِبْ أَنَا ابْنُ عَبْدِ الْمُطَّلِبْ ثُمَّ صَفَّ أَصْحَابَهُ

✧✧ ایک شخص نے حضرت براء رضی اللہ عنہ سے دریافت کیا: اے ابوعمارہ! کیا آپ لوگ غزوۂ حنین کے دن فرار ہو گئے تھے۔ انہوں نے جواب دیا نہیں! اللہ کی قسم! نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم واپس نہیں مڑے تھے بلکہ آپ کے ساتھیوں میں سے کچھ نوجوان آگے بڑھے تھے۔ جن کے پاس مناسب ہتھیار نہیں تھے ان کا سامنا تیر اندازوں سے ہوا جن کا تعلق بنو ہوازن اور بنو نصر سے تھا ان کا کوئی تیر خطا نہیں جا تا تھا ان لوگوں نے ان پر تیر اندازی کی بارش کر دی اور وہ تیر بالکل ٹھیک آ کر لگے تو یہ لوگ مڑ کر نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کی طرف آئے آپ اس وقت اپنے سفید خچر پر سوار تھے اور آپ کے چچازاد ابوسفیان بن حارث بن عبدالمطلب اس خچر کو کھینچ کر چل رہے تھے آپ خچر سے نیچے اترے آپ نے مدد کی دعا کی اور یہ کہا: میں نبی ہوں اس میں کوئی جھوٹ نہیں ہے۔ میں عبدالمطلب کا پوتا ہوں۔ پھر آپ نے اپنے ساتھیوں کی صف بندی کی۔

أخرجه البخاري في: 56 كتاب الجهاد: 97 باب من صف أصحابه عند الهزيمة ونزل عن دابته واستنصر

رقم الجزء: 1 رقم الصفحة: 570 (جہانگیری صحیح بخاری مطبوعہ شبیر برادرز، رقم الحدیث 2772)

1164 ۔ حديث الْبَرَاءِ رَضِيَ اللّٰهُ عَنْهُ.

وَسَأَلَهُ رَجُلٌ مِنْ قَيْسٍ: أَفَرَرْتُمْ عَنْ رَسُوْلِ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ يَوْمَ حُنَيْنٍ فَقَالَ: لٰكِنَّ رَسُوْلَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ لَمْ يَفِرَّ كَانَتْ هَوَازِنُ رُمَاةً، وَإِنَّا لَمَّا حَمَلْنَا عَلَيْهِمْ انْكَشَفُوْا فَأَكْبَبْنَا عَلَى الْغَنَائِمِ، فَاسْتَقْبَلُوْنَا بِالسِّهَامِ وَلَقَدْ رَأَيْتُ رَسُوْلَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ عَلَى بَغْلَتِهِ الْبَيْضَاءِ، وَإِنَّ أَبَا سُفْيَانَ آخِذٌ بِزِمَامِهَا، وَهُوَ يَقُوْلُ: أَنَا النَّبِيُّ لاَ كَذِبْ

✧✧ (ابواسحاق بیان کرتے ہیں:) انہوں نے حضرت براء رضی اللہ عنہ سے سنا قیس قبیلے کے ایک شخص نے ان سے دریافت کیا تھا کہ آپ لوگ غزوۂ حنین کے موقع پر نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کو چھوڑ کر چلے گئے تھے؟ انہوں نے فرمایا نہیں۔ نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے تو منہ نہیں موڑا تھا۔ ہوازن کے قبیلہ میں تیر انداز لوگ تھے جب ہم نے ان پر غلبہ حاصل کر لیا اور وہ بھاگ کھڑے ہوئے تو ہم مال غنیمت اکٹھا کرنے میں لگے ہوئے تھے انہوں نے ہم پر تیروں کی بارش کر دی میں نے نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کو دیکھا کہ آپ اپنے سفید

Marfat.com

خچر پر سوار ہیں اور حضرت ابوسفیان بن حارث رضی اللہ عنہ نے آپ کے اس خچر کی لگام تھام رکھی ہے اور آپ فرمارہے تھے: میں نبی ہوں اور یہ جھوٹ نہیں ہے۔

أخرجه البخاري في: 64 كتاب المغازي: 54 باب قول الله تعالى (ويوم حنين إذ أعجبتكم كثرتكم)

رقم الجزء: 1 رقم الصفحة: 571 (جہانگیری صحیح بخاری، مطبوعہ شبیر برادرز، رقم الحدیث:4063)

•••———•••———•••

غزوة الطائف

غزوۂ طائف

1165 حديث عَبْدِ اللّٰهِ بْنِ عُمَرٍو رَضِيَ اللّٰهُ عَنْهُ،

قَالَ: لَمَّا حَاصَرَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ الطَّائِفَ فَلَمْ يَنَلْ مِنْهُمْ شَيْئًا، قَالَ: إِنَّا قَافِلُوْنَ إِنْ شَاءَ اللّٰهُ فَثَقُلَ عَلَيْهِمْ، وَقَالُوْا: نَذْهَبُ وَلَا نَفْتَحُهُ وَقَالَ مَرَّةً، نَقْفُلُ فَقَالَ: اغْدُوا عَلَى الْقِتَالِ فَغَدَوْا، فَأَصَابَهُمْ جِرَاحٌ فَقَالَ: إِنَّا قَافِلُوْنَ غَدًا إِنْ شَاءَ اللّٰهُ فَأَعْجَبَهُمْ فَضَحِكَ النَّبِيُّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ

✧✧ حضرت عبداللہ بن عمرو رضی اللہ عنہ بیان کرتے ہیں: جب نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے طائف کا محاصرہ کیا اور آپ اسے فتح نہیں کر سکے تو آپ نے فرمایا: اگر اللہ تعالیٰ نے چاہا تو اب ہم یہاں سے روانہ ہو جائیں گے یہ بات مسلمانوں کے لئے بڑی الجھن کا باعث بنی انہوں نے عرض کی: کیا ہم اسے فتح کئے بغیر ہی چلے جائیں گے۔ نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: ٹھیک ہے۔ پھر تم جنگ شروع کردو۔ انہوں نے حملہ شروع کیا تو ان میں سے بہت سے لوگ زخمی ہو گئے پھر نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: اگر اللہ تعالیٰ نے چاہا تو کل ہم روانہ ہو جائیں گے' لوگوں کو یہ بات اچھی لگی تو نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم مسکرا دیئے۔

أخرجه البخاري في: 64 كتاب المغازي: 56 باب غزوة الطائف

رقم الجزء: 1 رقم الصفحة: 571 (جہانگیری صحیح بخاری، مطبوعہ شبیر برادرز، رقم الحدیث:4070)

•••———•••———•••

رقم الحديث: 1165

اخرجه ابوالحسين مسلم النيسابوري في "صحيحه" طبع داراحياء التراث العربي، بيروت، لبنان، رقم الحديث: **1778** اخرجه ابوعبدالله الشيباني في "مسنده" طبع موسسه قرطبه، قاهره، مصر، رقم الحديث:**4588** اخرجه ابوحاتم البستي في "صحيحه" طبع موسسه الرساله، بيروت، لبنان، **1414**ه/**1993**ء، رقم الحديث:**4779** اخرجه ابوعبدالرحمن النسائي في "سننه" طبع مكتب المطبوعات الاسلاميه، حلب، سوريه، **1406**ه، **1986**ء، رقم الحديث:**8872** ذكره ابوبكر البيهقي في "سننه الكبرىٰ" طبع مكتبه دارالباز، مكه مكرمه، سعودي عرب **1414**ه **1994**ء، رقم الحديث:**17693** اخرجه ابويعلى الموصلي في "مسنده" طبع دارالمامون للتراث، دمشق، شام، **1404**ه.**1984**ء، رقم الحديث:**5773** اخرجه ابوبكر الحميدي في "مسنده" طبع دارالكتب العلميه، مكتبه المتنبي، بيروت، قابره، رقم الحديث: **706**

Marfat.com

إزالة الأصنام من حول الكعبة

خانہ کعبہ کے آس پاس سے بت ہٹا دینا

1166 ۔ حديث عَبْدِ اللّٰهِ بْنِ مَسْعُوْدٍ رَضِيَ اللّٰهُ عَنْهُ،

قَالَ: دَخَلَ النَّبِيُّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ مَكَّةَ، وَحَوْلَ الْكَعْبَةِ ثَلَاثُمِائَةٍ وَسِتُّوْنَ نُصُبًا، فَجَعَلَ يَطْعَنُهَا بِعُوْدٍ فِيْ يَدِهِ، وَجَعَلَ يَقُوْلُ: (جَاءَ الْحَقُّ وَزَهَقَ الْبَاطِلُ) الْآيَةَ

✧✧ حضرت عبداللہ بن مسعود رضی اللہ عنہ بیان کرتے ہیں، نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کا تشریف لانے خانہ کعبہ کے ارد گرد اس وقت تین سو ساٹھ بت تھے۔ نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے اپنی چھڑی کے ذریعے انہیں توڑنا شروع کیا آپ یہ آیت پڑھتے جا رہے تھے۔

''حق آ گیا اور باطل چلا گیا''۔

أخرجه البخاري في: 46 كتاب المظالم: 32 باب لا يكسر الدنان التي فيها الخمر

رقم الجزء: 1 رقم الصفحة: 572 (ہمارا کبری صحیح بخاری مطبوعہ شبیر برادرز رقم الحدیث 2346)

•••———•••———•••

صلح الحديبية فِي الحديبية

حدیبیہ کے مقام پر (ہونیوالی) صلح حدیبیہ

1167 ۔ حديث الْبَرَاءِ بْنِ عَازِبٍ رَضِيَ اللّٰهُ عَنْهُ،

قَالَ: لَمَّا صَالَحَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ أَهْلَ الْحُدَيْبِيَةِ، كَتَبَ عَلِيٌّ بَيْنَهُمْ كِتَابًا، فَكَتَبَ مُحَمَّدٌ رَّسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ فَقَالَ الْمُشْرِكُوْنَ: لَا تَكْتُبْ مُحَمَّدٌ رَّسُوْلُ اللّٰهِ لَوْ كُنْتَ رَسُوْلًا لَمْ

رقم الحديث: 1166

أخرجه أبو الحسين مسلم النيسابوري في "صحيحه" طبع دار احياء التراث العربي بيروت لبنان رقم الحديث: 1781 أخرجه [illegible] في "جامعه" طبع دار احياء التراث العربي بيروت لبنان رقم الحديث: 3138 أخرجه أبو عبد الله الشيباني في "المسند" طبع مؤسسة قرطبة قاهرة مصر رقم الحديث: 3584 أخرجه ابن حبان البستي في "صحيحه" طبع مؤسسة الرسالة بيروت 1414ھ 1993ء رقم الحديث: 5862 أخرجه أبو عبد الرحمن النسائي في "السنن" طبع مكتب المطبوعات الإسلامية حلب 1406ھ 1986ء رقم الحديث: 11297 ذكره أبو بكر البيهقي في "السنن الكبرى" طبع مكتبة دار الباز مكة المكرمة بتحقيق محمد عبد القادر عطا 1414ھ 1994ء رقم الحديث: 11330 أخرجه أبو يعلى الموصلي في "المسند" طبع دار المأمون للتراث دمشق سنة 1404ھ 1984ء في الحديث: 4967 أخرجه أبو القاسم الطبراني في "المعجم الصغير" طبع المكتب الإسلامي دار عمار بيروت 1405ھ 1985ء رقم الحديث: 210 أخرجه أبو القاسم الطبراني في "المعجم الأوسط" طبع دار الحرمين القاهرة 1415ھ في الحديث 316 أخرجه أبو القاسم الطبراني في "المعجم الكبير" طبع مكتبة العلوم والحكم الموصل 1404ھ 1983ء في الحديث 10427 أخرجه أبو بكر الحميدي في "المسند" طبع دار الكتب العلمية مكتبة المتنبي بيروت في الحديث 86

Marfat.com

نُقَاتِلُكَ، فَقَالَ لِعَلِيٍّ: امْحُهُ فَقَالَ عَلِيٌّ: مَا أَنَا بِالَّذِي أَمْحَاهُ فَمَحَاهُ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ بِيَدِهِ، وَصَالَحَهُمْ عَلٰى أَنْ يَّدْخُلَ هُوَ وَأَصْحَابُهُ ثَلَاثَةَ أَيَّامٍ، وَلَا يَدْخُلُوْهَا إِلَّا بِجُلُبَّانِ السِّلَاحِ فَسَأَلُوْهُ: مَا جُلُبَّانُ السِّلَاحِ فَقَالَ: الْقِرَابُ بِمَا فِيْهِ

✧✧ حضرت براء بن عازب رضی اللہ عنہما بیان کرتے ہیں' جب نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے اہل حدیبیہ کے ساتھ صلح کی تو حضرت علی بن ابوطالب رضی اللہ عنہ نے اس صلح نامہ کو تحریر کیا انہوں نے لکھا: محمد رسول اللہ' مشرکین نے کہا، آپ ''محمد رسول اللہ'' نہ لکھیں اگر آپ رسول ہوتے تو ہم آپ کے ساتھ جنگ نہ کرتے۔ نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے حضرت علی رضی اللہ عنہ سے فرمایا: اسے مٹادو، حضرت علی رضی اللہ عنہ نے عرض کی! میں اسے نہیں مٹا سکتا۔ پھر نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے اپنے ہاتھ کے ذریعے خود اسے مٹایا، آپ نے ان کے ساتھ اس شرط پر صلح کی کہ آپ اور آپ کے ساتھی تین دن کے لئے مکہ میں داخل ہوں گے اور جب وہ مکہ میں داخل ہوں گے تو ان کے ہتھیار نیام میں ہوں۔

راوی کے شاگردوں نے ان سے دریافت کیا: جلبان السلاح کا مطلب کیا ہے؟ انہوں نے جواب دیا: نیام اور اس جیسی دیگر چیزیں جن میں ہتھیاروں کو سنبھال کر رکھا جاتا ہے۔

أخرجه البخاري في: 53 كتاب الصلح: 6 باب كيف يكتب هذا ما صالح فلان بن فلان

رقم الجزء: 1 رقم الصفحة: 572 (جہانگیری صحیح بخاری، مطبوعہ شبیر برادرز، رقم الحدیث: 2551)

1168 ◦ حديث سَهْلِ بْنِ حُنَيْفٍ رَضِيَ اللّٰهُ عَنْهُ

عَنْ أَبِي وَائِلٍ، قَالَ: كُنَّا بِصِفِّيْنَ، فَقَامَ سَهْلُ بْنُ حُنَيْفٍ، فَقَالَ: أَيُّهَا النَّاسُ اتَّهِمُوْا أَنْفُسَكُمْ، فَإِنَّا كُنَّا مَعَ رَسُوْلِ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ يَوْمَ الْحُدَيْبِيَةِ وَلَوْ نَرٰى قِتَالًا لَقَاتَلْنَا، فَجَاءَ عُمَرُ بْنُ الْخَطَّابِ، فَقَالَ: يَا رَسُوْلَ اللّٰهِ أَلَسْنَا عَلَى الْحَقِّ وَهُمْ عَلَى الْبَاطِلِ فَقَالَ: بَلٰى فَقَالَ: أَلَيْسَ قَتْلَانَا فِي الْجَنَّةِ وَقَتْلَاهُمْ فِي النَّارِ قَالَ: بَلٰى قَالَ: فَعَلٰى مَا نُعْطِي الدَّنِيَّةَ فِي دِيْنِنَا أَنَرْجِعُ وَلَمَّا يَحْكُمِ اللّٰهُ بَيْنَنَا وَبَيْنَهُمْ فَقَالَ: ابْنَ الْخَطَّابِ إِنِّي رَسُوْلُ اللّٰهِ وَلَنْ يُضَيِّعَنِي اللّٰهُ أَبَدًا فَانْطَلَقَ عُمَرُ إِلٰى أَبِي بَكْرٍ، فَقَالَ لَهُ مِثْلَ مَا قَالَ لِلنَّبِيِّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ؛ فَقَالَ: إِنَّهُ رَسُوْلُ اللّٰهِ وَلَنْ يُّضَيِّعَهُ اللّٰهُ أَبَدًا فَنَزَلَتْ سُوْرَةُ الْفَتْحِ، فَقَرَأَهَا رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ عَلٰى عُمَرَ إِلٰى آخِرِهَا فَقَالَ عُمَرُ: يَا رَسُوْلَ اللّٰهِ أَوَ فَتْحٌ هُوَ قَالَ: نَعَمْ

✧✧ ابووائل بیان کرتے ہیں' ہم لوگ جنگ صفین میں موجود تھے حضرت سہل بن حنیف رضی اللہ عنہ کھڑے ہوئے اور بولے: اے لوگو! اپنی سوچ کا جائزہ لو، ہم لوگ نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کے ساتھ تھے یہ حدیبیہ کے موقع کی بات ہے اگر ہم جنگ کرنا چاہتے تو جنگ کر

رقم الحديث: **1167**

أخرجه عبد الله الشيباني في "مسنده" طبع مؤسسه قرطبه، قاهره، مصر، رقم الحديث: **18590** اخرجه ابوعبدالرحمن النسائي في "سننه" طبع مكتب المطبوعات الاسلاميه، حلب، شام، **1406**ه، **1986**ء، رقم الحديث: **8577** ذكره ابوبكر البيهقي في "سننه الكبرى" طبع مكتب دار الباز، مكه مكرمه، سعودي عرب **1414**ه/**1994**ء، رقم الحديث: **8971** اخرجه ابويعلى الموصلي في "مسنده" طبع دار المامون للتراث دمشق، شام، **1404**ه-**1984**ء، رقم الحديث: **1713** اخرجه ابوداؤد الطيالسي في "مسنده" طبع دارالمعرفة، بيروت، لبنان، رقم الحديث: **713**

Marfat.com

تھے (یعنی نبی اکرم ﷺ نے صحیح کر لی) حضرت عمر رضی اللہ عنہ نبی اکرم ﷺ کی خدمت میں حاضر ہوئے اور عرض کی یا اللہ کے رسول ﷺ کیا ہم لوگ حق پر اور وہ لوگ باطل پر نہیں۔ نبی اکرم ﷺ نے جواب دیا ہاں [illegible] جنت میں نہیں جائیں گے اور ان کے مقتول جہنم میں نہیں جائیں گے۔ نبی اکرم ﷺ نے جواب دیا ہاں [illegible] چر ہم اپنے دین کے معاملے میں کیوں کمزوری کا مظاہرہ کریں۔ یہ ہم ایسے ہی واپس چلے جائیں گے [illegible] کے درمیان کوئی فیصلہ نہ ہوا ہو۔ نبی اکرم ﷺ نے جواب دیا اے خطاب کے بیٹے [illegible] نہیں کرے گا۔

پھر حضرت عمر رضی اللہ عنہ حضرت ابوبکر رضی اللہ عنہ کے پاس گئے انہیں بھی یہی بات کہی جو نبی اکرم ﷺ سے کی تھی حضرت [illegible] نے بھی یہی کہا وہ اللہ کے رسول ہیں اللہ تعالیٰ انہیں کبھی بھی ضائع نہیں کرے گا۔

پھر سورۃ فتح نازل ہوئی نبی اکرم ﷺ نے اس کی تلاوت حضرت عمر رضی اللہ عنہ کے سامنے اور [illegible] حضرت عمر رضی اللہ عنہ نے عرض کیا یا رسول اللہ ﷺ کیا یہ فتح ہے؟ نبی اکرم ﷺ نے جواب دیا ہاں۔

طرفہ المصادر فی: 58 کتاب المغازی: 18 باب غزوۃ عبدان

رقم الجزء: 1 رقم الصفحة: 573 (مرتب محمد صحیح بخاری) [illegible]

•••———•••———•••

غزوة أحد

غزوۂ اُحد

1169 - حديث سَهْلِ بْنِ سَعْدٍ رَضِيَ اللّٰهُ عَنْهُ،

أَنَّهُ سُئِلَ عَنْ جُرْحِ النَّبِيِّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ يَوْمَ أُحُدٍ فَقَالَ: جُرِحَ وَجْهُ النَّبِيِّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ وَكُسِرَتْ رَبَاعِيَتُهُ، وَهُشِمَتِ الْبَيْضَةُ عَلَى رَأْسِهِ، فَكَانَتْ فَاطِمَةُ عَلَيْهَا السَّلَامُ تَغْسِلُ الدَّمَ وَعَلِيٌّ يَسْكُبُ الْمَاءَ بِالْمِجَنِّ، فَلَمَّا رَأَتْ أَنَّ الدَّمَ لَا يَزِيدُ إِلَّا كَثْرَةً، أَخَذَتْ حَصِيرًا فَأَحْرَقَتْهُ حَتَّى صَارَ رَمَادًا ثُمَّ أَلْزَقَتْهُ فَاسْتَمْسَكَ الدَّمُ

◇◇ حضرت سہل رضی اللہ عنہ کے بارے میں منقول ہے ان سے غزوۂ احد کے موقع پر نبی اکرم ﷺ کے [illegible] کے بارے میں دریافت کیا گیا تو انہوں نے بتایا نبی اکرم ﷺ کا چہرہ مبارک زخمی ہو گیا تھا آپ کے [illegible] زخمی ہو گئے تھے۔ آپ کے سر پر خود ٹوٹ گیا تھا۔ سیدہ فاطمہ رضی اللہ عنہا اس خون کو دھو رہی تھیں اور [illegible] سیدہ فاطمہ رضی اللہ عنہا نے دیکھا کہ خون نہیں رک رہا بلکہ اس میں اضافہ ہو رہا ہے تو انہوں نے بوریا [illegible] اس کی راکھ کو زخم پر لگایا تو خون رک گیا۔

طرفہ المصادر فی: 56 کتاب الجہاد: 85 باب ہو الصفحة

رقم الجزء: 1 رقم الصفحة: 574 (مرتب محمد صحیح بخاری) [illegible]

Marfat.com

1170 حديث عَبْدِ اللّٰهِ بْنِ مَسْعُوْدٍ رَضِيَ اللّٰهُ عَنْهُ

قَالَ: كَأَنِّي أَنْظُرُ إِلَى النَّبِيِّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ يَحْكِي نَبِيًّا مِّنَ الْأَنْبِيَاءِ، ضَرَبَهُ قَوْمُهُ فَأَدْمَوْهُ، وَهُوَ يَمْسَحُ الدَّمَ عَنْ وَّجْهِهِ وَيَقُوْلُ: (اللّٰهُمَّ اغْفِرْ لِقَوْمِي فَإِنَّهُمْ لَا يَعْلَمُوْنَ)

✧✧ حضرت عبداللہ رضی اللہ عنہ بیان کرتے ہیں' مجھے اچھی طرح یاد ہے' میں گویا اس وقت بھی نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کو دیکھ رہا ہوں جب آپ ایک نبی کے بارے میں یہ بات بتا رہے تھے کہ ان کی قوم نے انہیں اتنا مارا کہ ان کا خون نکل آیا' وہ اپنے چہرے سے خون صاف کر رہے تھے اور کہہ رہے تھے: اے اللہ! میری قوم کو بخش دے یہ لوگ نہیں جانتے (کہ میرا مقام کیا ہے)

أخرجه البخاري في: 60 كتاب الأنبياء: 54 باب حدثنا أبو اليمان

رقم الجزء: 1 رقم الصفحة: 574 (جہانگیری صحیح بخاری، مطبوعہ شبیر برادرز، رقم الحدیث:3290)

•••———•••———•••

اشتداد غضب اللّٰه على من قتله رسول اللّٰه صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ

جس شخص کو نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے قتل کیا اس پر اللہ تعالیٰ کا شدید غضب ہونا

1171 حديث أَبِي هُرَيْرَةَ رَضِيَ اللّٰهُ عَنْهُ

قَالَ: قَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: اشْتَدَّ غَضَبُ اللّٰهِ عَلٰى قَوْمٍ فَعَلُوْا بِنَبِيِّهِ يُشِيرُ إِلٰى رَبَاعِيَتِهِ اشْتَدَّ غَضَبُ اللّٰهِ عَلٰى رَجُلٍ يَقْتُلُهُ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ فِي سَبِيْلِ اللّٰهِ

✧✧ حضرت ابوہریرہ رضی اللہ عنہ بیان کرتے ہیں: نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے ارشاد فرمایا: اللہ تعالیٰ اس قوم پر شدید غضب ناک ہوتا ہے جو اپنے نبی کے ساتھ یہ سلوک کرتی ہے۔ نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے اپنے دانتوں کی طرف اشارہ کرتے ہوئے یہ بات کہی (اور یہ بھی فرمایا) اللہ تعالیٰ اس شخص پر شدید غضب ناک ہوگا' جسے اللہ کا رسول' اللہ کی راہ میں قتل کر دے۔

أخرجه البخاري في: 64 كتاب المغازي: 24 باب ما أصاب النبي صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ من الجراح يوم أحد

رقم الجزء: 1 رقم الصفحة: 575 (جہانگیری صحیح بخاری، مطبوعہ شبیر برادرز، رقم الحدیث:3845)

•••———•••———•••

رقم الحديث: **1170**

اخرجه ابوالحسين مسلم النيسابوري في "صحيحه" طبع داراحياء التراث العربي، بيروت، لبنان، رقم الحديث:**1792**

رقم الحديث **1171**: اخرجه ابوالحسين مسلم النيسابوري في "صحيحه" طبع داراحياء التراث العربي، بيروت، لبنان، رقم الحديث:**1793** اخرجه ابوعبدالله الشيباني في "مسنده" طبع موسسه قرطبه، قاہره، مصر، رقم الحديث: **8198** اخرجه ابويعلى الموصلي في "مسنده" طبع دار المامون للتراث، دمشق، شام، **1404**ھ-**1984**ء، رقم الحديث: **2366** اخرجه ابوالقاسم الطبراني في "معجمه الكبير" طبع مكتبه العلوم والحكم، موصل، **1404**ھ/**1983**ء، رقم الحديث:**11635**

Marfat.com

ما لقي النبي صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ من أذى المشركين والمنافقين

نبی اکرم ﷺ کو مشرکین اور منافقین کی طرف سے جن اذیتوں کا سامنا کرنا پڑا

1172 حديث عَبْدِ اللّٰهِ بْنِ مَسْعُوْدٍ رَضِيَ اللّٰهُ عَنْهُ،

أَنَّ النَّبِيَّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ كَانَ يُصَلِّي عِنْدَ الْبَيْتِ، وَأَبُوْ جَهْلٍ وَأَصْحَابٌ لَهُ جُلُوْسٌ، إِذْ قَالَ بَعْضُهُمْ لِبَعْضٍ: أَيُّكُمْ يَجِيءُ بِسَلَى جَزُورِ بَنِي فُلَانٍ فَيَضَعُهُ عَلَى ظَهْرِ مُحَمَّدٍ إِذَا سَجَدَ فَانْبَعَثَ أَشْقَى الْقَوْمِ، فَجَاءَ بِهِ، فَنَظَرَ حَتّٰى سَجَدَ النَّبِيُّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ وَضَعَهُ عَلَى ظَهْرِهِ بَيْنَ كَتِفَيْهِ وَأَنَا أَنْظُرُ لَا أُغَيِّرُ شَيْئًا، لَوْ كَانَ لِي مَنَعَةٌ قَالَ: فَجَعَلُوْا يَضْحَكُوْنَ وَيُحِيلُ بَعْضُهُمْ عَلَى بَعْضٍ، وَرَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ سَاجِدٌ لَا يَرْفَعُ رَأْسَهُ حَتّٰى جَاءَتْهُ فَاطِمَةُ، فَطَرَحَتْ عَنْ ظَهْرِهِ، فَرَفَعَ رَأْسَهُ ثُمَّ قَالَ: اللّٰهُمَّ عَلَيْكَ بِقُرَيْشٍ ثَلَاثَ مَرَّاتٍ فَشَقَّ عَلَيْهِمْ إِذْ دَعَا عَلَيْهِمْ قَالَ: وَكَانُوا يَرَوْنَ أَنَّ الدَّعْوَةَ فِي ذٰلِكَ الْبَلَدِ مُسْتَجَابَةٌ ثُمَّ سَمَّى: اللّٰهُمَّ عَلَيْكَ بِأَبِي جَهْلٍ، وَعَلَيْكَ بِعُتْبَةَ بْنِ رَبِيعَةَ، وَشَيْبَةَ بْنِ رَبِيعَةَ، وَالْوَلِيدِ بْنِ عُتْبَةَ، وَأُمَيَّةَ بْنِ خَلَفٍ، وَعُقْبَةَ بْنِ أَبِي مُعَيْطٍ وَعَدَّ السَّابِعَ فَلَمْ يَحْفَظْهُ قَالَ: فَوَالَّذِي نَفْسِي بِيَدِهِ لَقَدْ رَأَيْتُ الَّذِيْنَ عَدَّ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ صَرْعَى فِي الْقَلِيبِ، قَلِيبِ بَدْرٍ

✧✧ حضرت عبداللہ بن مسعود رضی اللہ تعالیٰ عنہ بیان کرتے ہیں: نبی اکرم ﷺ خانہ کعبہ کے پاس نماز ادا کر رہے تھے ابوجہل اپنے ساتھیوں کے ساتھ وہاں بیٹھا ہوا تھا' ان میں سے کسی نے کہا کون فلاں قبیلے کے اونٹ کی اوجھڑی لا کر (حضرت) محمد (ﷺ) کی پشت پر رکھے گا؟ اس وقت جب وہ سجدے میں چلے جائیں' تو ان میں سے ایک بدبخت اٹھا اور وہ اوجھڑی لے آیا وہ منتظر رہا جب نبی اکرم ﷺ سجدے میں گئے تو اس نے وہ اوجھڑی آپ ﷺ کی پشت پر آپ کے دونوں کندھوں کے درمیان رکھ دی۔ (حضرت عبداللہ بن مسعود فرماتے ہیں) میں یہ منظر دیکھ رہا تھا مگر کچھ کر نہیں سکتا تھا۔ کاش میرے اندر انہیں روکنے کی طاقت ہوتی ادھر وہ سب ہنسی سے بے حال ہو کر ایک دوسرے پر گر رہے تھے۔ نبی اکرم ﷺ سر بسجود ہی رہے' آپ ﷺ نے سر مبارک اٹھایا نہیں یہاں تک کہ سیدہ فاطمہ وہاں آئیں تو انہوں نے نبی اکرم ﷺ کی پشت سے اسے ہٹایا۔ نبی اکرم ﷺ نے سر اٹھا کر انہیں تین مرتبہ دعائے ضرر دی: ''اے اللہ! قریش (کے ان بدتمیزوں) کو تباہ کر دے۔'' (حضرت عبداللہ بن مسعود فرماتے ہیں)

رقم الحديث : 1172

اخرجه ابوالحسن مسلم النيسابوري في "صحيحه" طبع دار احياء التراث العربي بيروت لبنان رقم الحديث: 1794 اخرجه ابوعبدالرحمن النسائي في "سننه" طبع مكتب المطبوعات الاسلاميه حلب شام 1406ھ 1986ء رقم الحديث: 307 اخرجه ابوعبدالله الشيباني في "مسنده" طبع مؤسسه قرطبه قاهره مصر رقم الحديث: 3962 اخرجه ابوداؤد الطيالسي في "مسنده" طبع دار المعرفه بيروت لبنان رقم الحديث: 325 اخرجه ابويعلى الموصلي في "مسنده" طبع دار المامون للتراث دمشق شام 1404ھ 1984ء رقم الحديث: 5312 اخرجه ابوبكر الكوفي في "مصنفه" طبع مكتبه الرشد رياض سعودي عرب طبع اول 1409ھ رقم الحديث: 36563 اخرجه ابوعبدالرحمن النسائي في "سننه" طبع مكتب المطبوعات الاسلاميه حلب شام 1406ھ 1986ء رقم الحديث: 296

Marfat.com

جب نبی اکرم ﷺ نے انہیں دعائے ضرر دی تو وہ بہت خوف زدہ ہو گئے کیونکہ ان کا یہ عقیدہ تھا کہ اس مقدس شہر میں مانگی جانے والی دعا ضرور قبول ہوتی ہے۔ پھر نبی اکرم ﷺ نے ان سب کا نام لے کر (انہیں دعائے ضرر دی) ''اے اللہ! ابوجہل اب تیرے حوالے ہے' عتبہ بن ابی ربیعہ' شیبہ بن ربیعہ' ولید بن عتبہ' امیہ بن خلف اور عقبہ بن ابی معیط (یہ سب) تیرے حوالے ہیں۔'' (راوی کہتے ہیں) ایک ساتویں شخص کا بھی نام تھا جو ہمیں یاد نہیں ہے۔ (حضرت ابن مسعود فرماتے ہیں) اس ذات کی قسم! جس کے دست قدرت میں میری جان ہے' نبی اکرم ﷺ نے جن کا نام لیا تھا' ان سب کو میں نے خود (غزوہ بدر ختم ہو جانے کے بعد) بدر (نامی مقام) کے ایک) گڑھے میں (مردہ حالت میں) پڑے ہوئے دیکھا ہے۔

أخرجه البخاري في: 4 كتاب الوضوء: 69 باب إذا ألقي على ظهر المصلي قذر أو جيفة لم تفسد عليه صلاته
رقم الحدیث: 1 رقم الصفحة: 575 (جہانگیری صحیح بخاری، مطبوعہ شبیر برادرز، رقم الحدیث:237)

1173 حديث عَائِشَةَ رَضِيَ اللّٰهُ عَنْهَا، زَوْجِ النَبِيِّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ،

أَنَّهَا قَالَتْ لِلنَّبِيِّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: هَلْ أَتَى عَلَيْكَ يَوْمٌ كَانَ أَشَدَّ مِنْ يَوْمِ أُحُدٍ قَالَ: لَقَدْ لَقِيتُ مِنْ قَوْمِكِ مَا لَقِيتُ، وَكَانَ أَشَدُّ مَا لَقِيتُ مِنْهُمْ يَوْمَ الْعَقَبَةِ، إِذْ عَرَضْتُ نَفْسِي عَلَى ابْنِ عَبْدِ يَالِيلَ بْنِ عَبْدِ كُلَالٍ فَلَمْ يُجِبْنِي إِلَى مَا أَرَدْتُ فَانْطَلَقْتُ وَأَنَا مَهْمُومٌ عَلَى وَجْهِي، فَلَمْ أَسْتَفِقْ إِلَّا وَأَنَا بِقَرْنِ الثَّعَالِبِ، فَرَفَعْتُ رَأْسِي فَإِذَا أَنَا بِسَحَابَةٍ قَدْ أَظَلَّتْنِي، فَنَظَرْتُ فَإِذَا فِيهَا جِبْرِيلُ، فَنَادَانِي فَقَالَ: إِنَّ اللّٰهَ قَدْ سَمِعَ قَوْلَ قَوْمِكَ لَكَ وَمَا رَدُّوا عَلَيْكَ، وَقَدْ بَعَثَ إِلَيْكَ مَلَكَ الْجِبَالِ لِتَأْمُرَهُ بِمَا شِئْتَ فِيهِمْ فَنَادَانِي مَلَكُ الْجِبَالِ فَسَلَّمَ عَلَيَّ، ثُمَّ قَالَ: يَا مُحَمَّدُ فَقَالَ ذَلِكَ فِيمَا شِئْتَ إِنْ أُطْبِقَ عَلَيْهِمُ الْأَخْشَبَيْنِ؛ فَقَالَ النَبِيُّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: بَلْ أَرْجُو أَنْ يُخْرِجَ اللّٰهُ مِنْ أَصْلَابِهِمْ مَنْ يَعْبُدُ اللّٰهَ وَحْدَهُ، لَا يُشْرِكُ بِهِ شَيْئًا

☆☆ سیدہ عائشہ صدیقہ رضی اللہ عنہا نے یہ حدیث سنائی' انہوں نے ایک دن نبی اکرم ﷺ سے دریافت کیا: غزوۂ اُحد کے دن سے زیادہ سخت دن بھی آپ پر کوئی آیا ہے؟ تو نبی اکرم ﷺ نے جواب دیا: جب تمہاری قوم کی طرف سے مجھے ایک مشکل کا سامنا کرنا پڑا تھا وہ دن میرے نزدیک عقبہ کے دن سے زیادہ سخت تھا۔ جب میں ابن عبد یالیل بن عبد کلال سے ملنے گیا تھا اس نے میری بات کو قبول نہیں کیا میں واپس آ رہا تھا اور شدید غمزدہ تھا جو میرے چہرے پر نظر آ رہا تھا مجھے اس وقت دھیان آیا جب میں بستی قرن ثعالب کے قریب تھا میں نے اپنا سر اٹھایا تو وہاں ایک بادل موجود تھا جس نے اپنا سایہ مجھ پر کیا ہوا تھا میں نے اس کا جائزہ لیا تو اس میں جبرائیل علیہ السلام موجود تھے۔ انہوں نے مجھے بلا کر کہا: اللہ تعالیٰ نے آپ کی قوم کے جواب کو سن لیا ہے اور جو انہوں نے

رقم الحدیث: 1173

أخرجه ابوحاتم البستي في "صحيحه" طبع موسسه الرساله، بيروت، لبنان، 1414ھ/1993ء، رقم الحديث:6561 أخرجه ابوعبدالرحمن النسائي في "سننه" طبع مكتب المطبوعات الاسلاميه، حلب، شام، 1406ھ، 1986ء، رقم الحديث:7706 أخرجه ابوالحسين مسلم القشيري في "صحيحه" طبع دار احياء التراث العربي، بيروت، لبنان، رقم الحديث:1795 أخرجه ابوالقاسم الطبراني في "معجمه الاوسط" طبع دار الحرمين، قاهره، مصر، 1415ھ رقم الحديث:8902

Marfat.com

آپ کے ساتھ سلوک کیا ہے اسے بھی دیکھ لیا ہے اللہ تعالیٰ نے آپ کی طرف پہاڑوں کے فرشتے بھیجے ہیں آپ جو چاہیں اسے حکم دے سکتے ہیں پھر پہاڑوں کے فرشتے نے مجھے پکار کر سلام کیا اور کہا اے محمد (ﷺ)! آپ جو چاہیں سے دیں کہا اگر آپ چاہیں تو میں یہ دو سخت پہاڑ ان پر الٹا دیتا ہوں' آپ نے فرمایا نہیں۔ مجھے امید ہے اللہ تعالیٰ ان کی اولاد میں ان لوگوں کو پیدا کرے گا جو صرف اللہ تعالیٰ کی عبادت کریں گے اور کسی کو اس کا شریک نہیں ٹھہرائیں گے۔

أخرجه البخاري في: 59 كتاب بدء الخلق: 7 باب إذا قال أحدكم امين والملائكة في السماء.

رقم الجزء: 1 رقم الصفحة: 576 (صحیح بخاری مطبوعہ شبیر برادرز رقم الحدیث 3059)

1174 حديث جُنْدُبِ بْنِ سُفْيَانَ رَضِيَ اللّٰهُ عَنْهُ.

أَنَّ رَسُوْلَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ كَانَ فِيْ بَعْضِ الْمَشَاهِدِ، وَقَدْ دَمِيَتْ إِصْبَعُهُ، فَقَالَ: هَلْ أَنْتِ إِلَّا إِصْبَعٌ دَمِيتِ وَفِيْ سَبِيْلِ اللّٰهِ مَا لَقِيتِ

✧✧ حضرت جندب بن سفیان رضی اللہ عنہ بیان کرتے ہیں ایک جنگ کے دوران نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کی انگلی مبارک زخمی ہوئی تو آپ نے یہ فرمایا۔

''تم صرف ایک انگلی ہو جو زخمی ہوئی تمہیں جس صورتحال کا سامنا کرنا پڑا یہ اللہ کی راہ میں ہے۔''

أخرجه البخاري في: 56 كتاب الجهاد والسير: 9 باب من يُنكب في سبيل الله

رقم الجزء: 1 رقم الصفحة: 577 (صحیح بخاری مطبوعہ شبیر برادرز رقم الحدیث 2648)

1175 حديث جُنْدُبِ بْنِ سُفْيَانَ رَضِيَ اللّٰهُ عَنْهُ.

قَالَ: اشْتَكَى رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ، فَلَمْ يَقُمْ لَيْلَتَيْنِ أَوْ ثَلَاثًا فَجَاءَتِ امْرَأَةٌ. فَقَالَتْ: يَا مُحَمَّدُ إِنِّيْ لَأَرْجُو أَنْ يَكُوْنَ شَيْطَانُكَ قَدْ تَرَكَكَ، لَمْ أَرَهُ قَرِبَكَ مُنْذُ لَيْلَتَيْنِ أَوْ ثَلَاثًا فَأَنْزَلَ اللّٰهُ عَزَّ وَجَلَّ (وَالضُّحَى وَاللَّيْلِ إِذَا سَجَى مَا وَدَّعَكَ رَبُّكَ وَمَا قَلَى)

✧✧ حضرت جندب بن سفیان رضی اللہ عنہ بیان کرتے ہیں: نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم بیمار ہو گئے آپ نے دو یا تین رات قیام نہیں کیا تو

رقم الحديث 1174

أخرجه أبو الحسين مسلم النيسابوري في "صحيحه" طبع دار احياء التراث العربي بيروت لبنان رقم الحديث: 1796 أخرجه عيسى الترمذي في "جامعه" طبع دار احياء التراث العربي بيروت لبنان رقم الحديث: 3345 أخرجه أبو عبد الله الشيباني في "مسنده" طبع مؤسسة قرطبة قاهره مصر رقم الحديث: 18819 أخرجه أبو حاتم البستي في "صحيحه" طبع مؤسسة الرسالة بيروت لبنان 1414ھ 1993ء رقم الحديث: 6577 أخرجه أبو عبد الرحمن النسائي في "سننه" طبع مكتب المطبوعات الإسلامية حلب 1406ھ 1986ء رقم الحديث: 10393 ذكره أبو بكر البيهقي في "سننه الكبرى" طبع مكتبة دار الباز مكة المكرمة 1400ھ 1994ء رقم الحديث: 13074 أخرجه أبو القاسم الطبراني في "معجمه الكبير" طبع مكتب العلوم والحكم الموصل 1404ھ 1983ء رقم الحديث: 1708 أخرجه أبو يعلى الموصلي في "مسنده" طبع دار المأمون للتراث دمشق 1404ھ 1984ء رقم الحديث: 1533

Marfat.com

ایک عورت آئی اور بولی: اے محمد! میرا یہ خیال ہے کہ تمہارے شیطان نے تمہیں چھوڑ دیا ہے' میں نے اسے تمہارے قریب آتے ہوئے گزشتہ دو یا تین دن سے محسوس نہیں کیا تو اللہ تعالیٰ نے یہ آیت نازل کی۔

''چاشت کی قسم! اور رات کی قسم! جب وہ چھا جائے' تمہارے پروردگار نے نہ تو تمہیں چھوڑا ہے اور نہ ہی تم سے ناراض ہوا ہے''۔

أخرجه البخاري في: 65 كتاب التفسير: 93 سورة والضحى: 1 باب حدثنا أحمد بن يونس
رقم الجزء: آ رقم الصفحة: 577 (جہانگیری صحیح بخاری، مطبوعہ شبیر برادرز، رقم الحدیث:4667)

•••———•••———•••

في دعاء النبيّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ إلى اللّٰه وصبره على أذى المنافقين

نبی اکرم ﷺ کا اللہ تعالیٰ کی طرف دعوت دینا اور منافقوں کی طرف سے پہنچنے والی ایذا پر صبر کرنا

1176 حديث أُسَامَةَ بْنِ زَيْدٍ رَضِيَ اللّٰهُ عَنْهُمَا،

أَنَّ النَّبِيَّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ رَكِبَ حِمارًا، عَلَيْهِ إِكَافٌ، تَحْتَهُ قَطِيفَةٌ فَدَكِيَّةٌ، وَأَرْدَفَ وَرَاءَهُ أُسَامَةَ بْنَ زَيْدٍ، وَهُوَ يَعُودُ سَعْدَ بْنَ عُبَادَةَ فِي بَنِي الْحارث بْنِ الْخَزْرَجِ، وَذٰلِكَ قَبْلَ وَقْعَةِ بَدْرٍ حَتّٰى مَرَّ فِي مَجْلِسٍ فِيهِ أَخلاطٌ مِنَ الْمُسْلِمِينَ وَالْمُشْرِكِينَ، عَبَدَةِ الْأَوْثَانِ، وَالْيَهُودِ؛ وَفِيهِمْ عَبْدُ اللّٰهِ بْنُ أُبَيٍّ بْنُ سَلُولَ وَفِي الْمَجْلِسِ عَبْدُ اللّٰهِ بْنُ رَوَاحَةَ، فَلَمَّا غَشِيَتِ الْمَجْلِسَ عَجَاجَةُ الدَّابَّةِ، خَمَّرَ عَبْدُ اللّٰهِ بْنُ أُبَيٍّ أَنْفَهُ بِرِدَائِهِ، ثُمَّ قَالَ: لاَ تُغَبِّرُوا عَلَيْنَا فَسَلَّمَ عَلَيْهِمُ النَّبِيُّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ، ثُمَّ وَقَفَ فَنَزَلَ فَدَعَاهُمْ إِلَى اللّٰهِ وَقَرَأَ عَلَيْهِمُ الْقُرْآنَ فَقَالَ عَبْدُ اللّٰهِ بْنُ أُبَيٍّ بْنُ سَلُولَ: أَيُّهَا الْمَرْءُ لاَ أَحْسَنَ مِنْ هٰذَا، إِنْ كَانَ مَا تَقُولُ حَقًّا، فَلاَ تُؤْذِنَا فِي مَجَالِسِنَا، وَارْجِعْ إِلَى رَحْلِكَ، فَمَنْ جَاءَكَ مِنَّا فَاقْصُصْ عَلَيْهِ

قَالَ ابْنُ رَوَاحَةَ: اغْشَنَا فِي مَجَالِسِنَا، فَإِنَّا نُحِبُّ ذٰلِكَ فَاسْتَبَّ الْمُسْلِمُونَ وَالْمُشْرِكُونَ وَالْيَهُودُ حَتّٰى هَمُّوا أَنْ يَتَوَاثَبُوا؛ فَلَمْ يَزَلِ النَّبِيُّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ يُخَفِّضُهُمْ ثُمَّ رَكِبَ دَابَّتَهُ حَتّٰى دَخَلَ عَلَى سَعْدِ بْنِ عُبَادَةَ فَقَالَ: أَيْ سَعْدُ أَلَمْ تَسْمَعْ مَا قَالَ أَبُو حُبَابٍ يُرِيدُ عَبْدَ اللّٰهِ بْنَ أُبَيٍّ قَالَ كَذَا وَكَذَا قَالَ اعْفُ عَنْهُ يَا رَسُولَ اللّٰهِ وَاصْفَحْ، فَوَاللّٰهِ لَقَدْ أَعْطَاكَ اللّٰهُ الَّذِي أَعْطَاكَ، وَلَقَدِ اصْطَلَحَ أَهْلُ هٰذِهِ الْبَحْرَةِ عَلَى أَنْ يُتَوِّجُوهُ فَيُعَصِّبُونَهُ بِالْعِصَابَةِ فَلَمَّا رَدَّ اللّٰهُ ذٰلِكَ بِالْحَقِّ الَّذِي أَعْطَاكَ، شَرِقَ بِذٰلِكَ، فَذٰلِكَ فَعَلَ بِهِ مَا رَأَيْتَ فَعَفَا عَنْهُ النَّبِيُّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ

✧✧ حضرت اسامہ بن زید رضی اللہ عنہما بیان کرتے ہیں: نبی اکرم ﷺ ایک گدھے پر سوار ہوئے اس پر ایک پالان موجود تھا اور اس پر فدک کی چادر موجود تھی۔ نبی اکرم ﷺ نے حضرت اسامہ بن زید رضی اللہ عنہما کو اپنے پیچھے بٹھا لیا۔ نبی اکرم ﷺ حضرت سعد بن عبادہ کی عیادت کرنے کے لئے بنو حارث بن خزرج کے محلے کی طرف تشریف لے گئے۔ یہ واقعہ بدر سے پہلے کی بات ہے۔ نبی

Marfat.com

آکرم صلی اللہ علیہ وسلم ایک محفل کے پاس سے گزرے جس میں مسلمان اور مشرکین موجود تھے جو بتوں کی عبادت کرنے والے تھے اور یہودی بھی تھے ان میں عبداللہ بن ابی تھا اس محفل میں حضرت عبداللہ بن رواحہ بھی تھے۔

جب نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کے جانور کی دھول اس محفل پر پڑی۔ حضرت عبداللہ بن ابی نے چادر اپنی ناک پر رکھ لی اور بولا ہم پر دھول نہ اڑائیں۔ نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے ان لوگوں کو سلام کیا آپ وہاں ٹھہر گئے آپ سواری سے نیچے اترے آپ نے انہیں اللہ کی طرف آنے کی دعوت دی ان کے سامنے قرآن پڑھا۔ عبداللہ بن ابی بولا اے صاحب! آپ جو کہہ رہے ہیں اس سے اچھی بات اور کوئی نہیں ہے لیکن آپ ہماری محفل میں ہمیں اذیت نہ پہنچائیں اور آپ اپنی قیام گاہ میں واپس چلے جائیں۔ اگر ہم میں سے کوئی آپ کے پاس آئے آپ یہ سب اس کے سامنے بیان کر دیں۔ حضرت عبداللہ بن رواحہ نے کہا: آپ ہماری محفل میں ضرور تشریف لائیں۔ مجھے یہ بات پسند ہے اس بات پر مسلمانوں، یہودیوں اور مشرکین کے درمیان تو تو میں میں شروع ہو گئی۔ یہاں تک کہ وہ ایک دوسرے سے لڑنے کے لئے تیار ہو گئے۔ نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم انہیں ٹھنڈا کرتے رہے پھر آپ اپنی سواری پر سوار ہو گئے۔

حضرت سعد بن کے پاس آئے اور بولے: اے سعد! تم نے سنا ابو حباب نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کی مراد عبداللہ بن ابی تھا نے کیا کہا ہے؟ اس نے یہ بات کہی ہے۔ حضرت سعد نے عرض کی یا رسول اللہ! آپ اسے معاف کر دیں اور درگزر سے کام لیں۔ اللہ کی قسم! اللہ تعالیٰ نے جو آپ کو یہ نعمت عطا کی ہے اس سے پہلے اس علاقے کے لوگوں نے اسے تاج پہنانے کا ارادہ کر لیا تھا اور اسے سردار مقرر کر دیا تھا۔ جب اللہ تعالیٰ نے حق کے ذریعے جو آپ کو عطا کیا ہے اس کو ختم کر دیا گیا تو اس بات پر وہ جل بھن گیا اب اس نے اس وجہ سے کیا ہے جو آپ نے ملاحظہ فرمایا ہے تو نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے اس سے درگزر کیا۔

أخرجه البخاري في: 79 كتاب الاستئذان: 20 باب التسليم في مجلس فيه أخلاط من المسلمين والمشركين

رقم الجزء: 1 رقم الصفحة: 578 (صحیح بخاری مطبوعہ شبیر برادرز رقم الحدیث 5899)

1177 حديث أَنَسٍ رَضِيَ اللّٰهُ عَنْهُ،

قَالَ: قِيْلَ لِلنَّبِيِّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ لَوْ أَتَيْتَ عَبْدَ اللّٰهِ بْنَ أُبَيٍّ فَانْطَلَقَ إِلَيْهِ النَّبِيُّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ، وَرَكِبَ حِمَارًا، فَانْطَلَقَ الْمُسْلِمُوْنَ يَمْشُوْنَ مَعَهُ، وَهِيَ أَرْضٌ سَبِخَةٌ فَلَمَّا أَتَاهُ النَّبِيُّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ، قَالَ: إِلَيْكَ عَنِّي، وَاللّٰهِ لَقَدْ آذَانِي نَتْنُ حِمَارِكَ فَقَالَ رَجُلٌ مِّنَ الْأَنْصَارِ مِنْهُمْ: وَاللّٰهِ لَحِمَارُ رَسُوْلِ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ أَطْيَبُ رِيْحًا مِّنْكَ فَغَضِبَ لِعَبْدِ اللّٰهِ رَجُلٌ مِّنْ قَوْمِهِ فَشَتَمَا، فَغَضِبَ لِكُلِّ وَاحِدٍ مِّنْهُمَا أَصْحَابُهُ، فَكَانَ بَيْنَهُمَا ضَرْبٌ بِالْجَرِيْدِ وَالْأَيْدِي وَالنِّعَالِ فَبَلَغَنَا أَنَّهَا أُنْزِلَتْ (وَإِنْ طَائِفَتَانِ مِنَ الْمُؤْمِنِيْنَ اقْتَتَلُوا فَأَصْلِحُوْا بَيْنَهُمَا)

✧✧ حضرت انس رضی اللہ عنہ بیان کرتے ہیں، نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کی خدمت میں عرض کی گئی اگر آپ عبداللہ بن ابی کے پاس تشریف لے جائیں تو مناسب ہے۔ نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم اس کی طرف روانہ ہوئے آپ گدھے پر سوار ہوئے آپ کے ساتھ مسلمان پیدل جا رہے تھے وہ جگہ تھور والی تھی جب نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم اس کے پاس آئے تو اس نے کہا: مجھ سے ذرا دور رہیں کیونکہ آپ کے گدھے کی بو مجھے اذیت پہنچا رہی ہے۔ انصار سے تعلق رکھنے والے ایک شخص نے کہا: اللہ کی قسم! اللہ کے رسول کے گدھے کی بو

Marfat.com

تمہاری بوسے زیادہ پاکیزہ ہے۔

عبداللہ بن اُبی کے قبیلے سے تعلق رکھنے والا ایک شخص غصے میں آگیا ان دونوں نے ایک دوسرے کو برا کہنا شروع کیا دونوں میں سے ہر ایک غضبناک ہوا ان کے ساتھی بھی غصے میں آگئے اور ان کے درمیان لاٹھیوں، ہاتھوں اور جوتوں کے ساتھ لڑائی شروع ہوگئی۔

راوی بیان کرتے ہیں ہمیں پتہ چلا ہے یہ آیت ان لوگوں کے بارے میں نازل ہوئی۔

''اگر مومنین میں سے دو گروہ لڑ پڑیں تو ان کے درمیان صلح کروادو''۔

أخرجه البخاري في: 53 كتاب الصلح: 1 باب ما جاء في الإصلاح بين الناس

رقم الجزء: 1 رقم الصفحة: 580 (جہانگیری صحیح بخاری، مطبوعہ شبیر برادرز، رقم الحدیث:2545)

•••————•••————•••

قتل أبي جهل
ابوجہل کا قتل ہونا

1178 ۔ حديث أَنَسٍ رَضِيَ اللّٰهُ عَنْهُ،

قَالَ: قَالَ النَّبِيُّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ، يَوْمَ بَدْرٍ: مَنْ يَنْظُرُ مَا فَعَلَ أَبُوْ جَهْلٍ فَانْطَلَقَ ابْنُ مَسْعُوْدٍ، فَوَجَدَهُ قَدْ ضَرَبَهُ ابْنَا عَفْرَاءَ، حَتّٰى بَرَدَ فَأَخَذَ بِلِحْيَتِهِ فَقَالَ: أَنْتَ أَبَا جَهْلٍ قَالَ: وَهَلْ فَوْقَ رَجُلٍ قَتَلَهُ قَوْمُهُ، أَوْ قَالَ: قَتَلَتْهُ

حضرت انس رضی اللہ عنہ بیان کرتے ہیں نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے غزوۂ بدر کے دن ارشاد فرمایا: کون جائزہ لے کر آئے گا کہ ابوجہل کا کیا انجام ہوا۔ حضرت ابن مسعود رضی اللہ عنہ گئے انہوں نے ابوجہل کو پایا کہ عفراء کے دو بیٹوں نے اسے زخمی کر دیا ہوا تھا۔ حضرت ابن مسعود رضی اللہ عنہ نے اس کی داڑھی پکڑی اور دریافت کیا: کیا تم ابوجہل ہو؟ اس نے جواب دیا: کیا اس سے بڑے کسی آدمی کو بھی اس کی قوم نے قتل کیا ہوگا (راوی کو شک ہے شاید یہ الفاظ ہیں:) جسے تم نے قتل کیا ہو۔

أخرجه البخاري في: 64 كتاب المغازي: 8 باب قتل أبي جهل

رقم الجزء: 1 رقم الصفحة: 581 (جہانگیری صحیح بخاری، مطبوعہ شبیر برادرز، رقم الحدیث:2545)

•••————•••————•••

رقم الحديث 1178

أخرجه أبو عبد الله الشيباني في "مسنده" طبع مؤسسة قرطبة، قاهرة، مصر، رقم الحديث:12164

أخرجه عيسى الترمذي في "جامعه" طبع دار إحياء التراث العربي، بيروت، لبنان، رقم الحديث:17944

أخرجه يعلى الموصلي في "مسنده" طبع دار المأمون للتراث، دمشق، شام، 1404ھ-1984ء، رقم الحديث:4063

أخرجه الحسين مسلم النيسابوري في "صحيحه" طبع دار إحياء التراث العربي، بيروت، لبنان، رقم الحديث:1800

Marfat.com

قتل كعب بن الأشرف طاغوت اليهود

یہودیوں کے سردار کعب بن اشرف کا قتل ہونا

1179 حديث جَابِرِ بْنِ عَبْدِ اللّٰهِ رَضِيَ اللّٰهُ عَنْهُمَا،

قَالَ: قَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: مَنْ لِكَعْبِ بْنِ الْأَشْرَفِ فَإِنَّهُ قَدْ اٰذَى اللّٰهَ وَرَسُوْلَهُ فَقَامَ مُحَمَّدُ بْنُ مَسْلَمَةَ، فَقَالَ: يَا رَسُوْلَ اللّٰهِ أَتُحِبُّ أَنْ أَقْتُلَهُ قَالَ: نَعَمْ قَالَ: فَأْذَنْ لِي أَنْ أَقُوْلَ شَيْئًا قَالَ: قُلْ فَأَتَاهُ مُحَمَّدُ بْنُ مَسْلَمَةَ، فَقَالَ: إِنَّ هٰذَا الرَّجُلَ قَدْ سَأَلَنَا صَدَقَةً، وَإِنَّهُ قَدْ عَنَّانَا، وَإِنِّي قَدْ أَتَيْتُكَ أَسْتَسْلِفُكَ قَالَ: وَأَيْضًا، وَاللّٰهِ لَتَمَلُّنَّهُ قَالَ إِنَّا قَدِ اتَّبَعْنَاهُ فَلَا نُحِبُّ أَنْ نَدَعَهُ حَتّٰى نَنْظُرَ إِلٰى أَيِّ شَيْءٍ يَصِيْرُ شَأْنُهُ وَقَدْ أَرَدْنَا أَنْ تُسْلِفَنَا وَسْقًا أَوْ وَسْقَيْنِ فَقَالَ: نَعَمْ، ارْهَنُونِي قَالُوْا: أَيَّ شَيْءٍ تُرِيْدُ قَالَ: ارْهَنُونِي نِسَاءَكُمْ قَالُوْا: كَيْفَ نَرْهَنُكَ نِسَاءَنَا، وَأَنْتَ أَجْمَلُ الْعَرَبِ قَالَ: فَارْهَنُونِي أَبْنَاءَكُمْ قَالُوْا: كَيْفَ نَرْهَنُكَ أَبْنَاءَنَا، فَيُسَبُّ أَحَدُهُمْ فَيُقَالُ رُهِنَ بِوَسْقٍ أَوْ وَسْقَيْنِ، هٰذَا عَارٌ عَلَيْنَا، وَلٰكِنَّا نَرْهَنُكَ اللَّأْمَةَ (يَعْنِي السِّلَاحَ) فَوَاعَدَهُ أَنْ يَأْتِيَهُ. فَجَاءَهُ لَيْلًا وَمَعَهُ أَبُوْ نَائِلَةَ، وَهُوَ أَخُوْ كَعْبٍ مِنَ الرَّضَاعَةِ فَدَعَاهُمْ إِلَى الْحِصْنِ، فَنَزَلَ إِلَيْهِمْ: فَقَالَتْ لَهُ امْرَأَتُهُ: أَيْنَ تَخْرُجُ هٰذِهِ السَّاعَةَ فَقَالَ: إِنَّمَا هُوَ مُحَمَّدُ بْنُ مَسْلَمَةَ وَأَخِي أَبُوْ نَائِلَةَ قَالَتْ: أَسْمَعُ صَوْتًا كَأَنَّهُ يَقْطُرُ مِنْهُ الدَّمُ قَالَ: إِنَّمَا هُوَ أَخِي مُحَمَّدُ بْنُ مَسْلَمَةَ وَرَضِيْعِي أَبُوْ نَائِلَةَ، إِنَّ الْكَرِيْمَ لَوْ دُعِيَ إِلٰى طَعْنَةٍ بِلَيْلٍ لَأَجَابَ قَالَ: وَيُدْخِلُ مُحَمَّدُ بْنُ مَسْلَمَةَ مَعَهُ رَجُلَيْنِ

فَقَالَ: إِذَا مَا جَاءَ فَإِنِّي قَائِلٌ بِشَعَرِهِ فَأَشَمُّهُ، فَإِذَا رَأَيْتُمُوْنِي اسْتَمْكَنْتُ مِنْ رَأْسِهِ فَدُوْنَكُمْ فَاضْرِبُوْهُ وَقَالَ مَرَّةً: ثُمَّ أُشِمُّكُمْ فَنَزَلَ إِلَيْهِمْ مُتَوَشِّحًا، وَهُوَ يَنْفَحُ مِنْهُ رِيحُ الطِّيْبِ فَقَالَ: مَا رَأَيْتُ كَالْيَوْمِ رِيحًا، أَيْ أَطْيَبَ قَالَ: عِنْدِي أَعْطَرُ نِسَاءِ الْعَرَبِ وَأَكْمَلُ الْعَرَبِ: فَقَالَ: أَتَأْذَنُ لِي أَنْ أَشَمَّ رَأْسَكَ قَالَ: نَعَمْ فَشَمَّهُ ثُمَّ أَشَمَّ أَصْحَابَهُ ثُمَّ قَالَ: أَتَأْذَنُ لِي قَالَ: نَعَمْ فَلَمَّا اسْتَمْكَنَ مِنْهُ، قَالَ: دُوْنَكُمْ فَقَتَلُوْهُ، ثُمَّ أَتَوُا النَّبِيَّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ فَأَخْبَرُوْهُ

✧✧ حضرت جابر بن عبداللہ رضی اللہ عنہما بیان کرتے ہیں: نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے ارشاد فرمایا: کعب بن اشرف کو کون قتل کرے گا؟ اس نے اللہ تعالیٰ اور اس کے رسول کو بڑی اذیت دی ہے۔ حضرت محمد بن مسلمہ رضی اللہ عنہ کھڑے ہوئے اور عرض کی: یارسول اللہ! کیا آپ یہ پسند کریں گے میں اسے قتل کر دوں؟ نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: ہاں، انہوں نے عرض کی: آپ مجھے اجازت دیں کہ میں اسے جو چاہوں بات کہہ دوں' نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: تم کہہ دینا۔ حضرت محمد بن مسلمہ رضی اللہ عنہ اس کے پاس آئے اور بولے: ان صاحب (یعنی نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم) نے ہم سے زکوۃ کا مطالبہ کیا ہے انہوں نے تو ہمیں بہت پریشان کر دیا ہے میں تمہارے پاس تم سے ادھار مانگنے آیا ہوں۔ کعب بولا: اللہ کی قسم! ابھی تو تم ان سے اور اچھی طرح اکتا جاؤ گے۔ محمد بن مسلمہ نے کہا: ہم ان کی پیروی کر چکے ہیں

Marfat.com

ہمیں اب اچھا نہیں لگتا کہ ہم انہیں چھوڑ دیں ہم ابھی اس بات کا جائزہ لیں گے کہ ان کا معاملہ کیا رخ اختیار کرتا ہے؟ ہم یہ چاہتے ہیں کہ تم ایک یا دو وسق ہمیں ادھار دے دو۔

امام بخاری رحمۃ اللہ علیہ بیان کرتے ہیں: ایک روایت میں ایک یا دو وسق کا ذکر نہیں ہے۔

ایک اور روایت میں راوی کو شک ہے کہ ایک یا دو وسق کا ذکر ہے یا نہیں ہے۔

کعب نے کہا: تم میرے پاس کوئی چیز گروی رکھوا دو! محمد بن مسلمہ نے کہا: تم کون سی چیز گروی رکھنا چاہتے ہو؟ اس نے کہا: تم اپنی عورتیں میرے پاس گروی رکھوا دو محمد بن مسلمہ نے کہا: ہم تمہارے پاس اپنی عورتیں کیسے گروی رکھوا سکتے ہیں تم عرب کے خوبصورت ترین آدمی ہو اس نے کہا: پھر تم اپنے بچوں کو میرے پاس گروی رکھوا دو۔ انہوں نے کہا: ہم تمہارے پاس اپنے بچے کیسے گروی رکھوا سکتے ہیں' بعد میں کوئی شخص انہیں گالی دے گا کہ یہ وہ لوگ ہیں جو ایک یا دو وسق کے عوض میں گروی رکھے گئے تھے یہ تو ہمارے لئے بڑی شرمندگی کی بات ہے البتہ ہم اپنے ہتھیار تمہارے پاس گروی رکھوا دیتے ہیں' پھر حضرت محمد بن مسلمہ نے اس کے ساتھ وعدہ کیا کہ رات کے وقت اس کے پاس آئیں گے۔

رات کے وقت محمد بن مسلمہ اس کے پاس آئے محمد بن مسلمہ کے ساتھ ابو نائلہ تھے' جو کعب کے رضاعی بھائی تھے ان حضرات نے انہیں قلعے کے نیچے سے آواز دی' تو وہ اتر کر نیچے آنے لگا' اس کی بیوی نے اس سے دریافت کیا: تم اس وقت کہاں جا رہے ہو؟ اس نے کہا: یہ محمد بن مسلمہ اور میرا بھائی ابو نائلہ آئے ہیں۔

اس عورت نے کہا: مجھے اس آواز میں خون کے قطرے ٹپکتے ہوئے محسوس ہو رہے ہیں تو کعب نے کہا: یہ میرا بھائی محمد بن مسلمہ ہے اور میرا رضاعی بھائی ابو نائلہ ہے' رات کے وقت اگر کسی معزز آدمی کو نیزہ مارنے کے لئے بھی بلایا جائے تو اسے ضرور جانا چاہئے۔

حضرت محمد بن مسلمہ رضی اللہ عنہ کے ہمراہ دو آدمی بھی تھے۔

حضرت محمد بن مسلمہ رضی اللہ عنہ نے کہا: جب وہ آئے گا تو میں اس کے بالوں کی طرف بڑھ کر اسے سونگھوں گا جب تم دیکھو کہ میں نے اس کے سر پر قبضہ کر لیا ہے تو تم آگے بڑھ کر اس پر حملہ کر دینا۔

ایک روایت میں یہ الفاظ ہیں: میں تمہیں بھی سونگھنے کی دعوت دوں گا۔

کعب بن اشرف اتر کر ان کی طرف آیا اس نے چادر اوڑھی ہوئی تھی اور اس میں سے پاکیزہ خوشبو آ رہی تھی محمد بن مسلمہ نے کہا: میں نے آج تک اس جیسی عمدہ خوشبو کبھی نہیں سونگھی۔

کعب نے جواب دیا: میرے پاس عرب کی سب سے زیادہ پاکیزہ خوشبو والی عورت موجود ہے جو عرب کی حسین ترین عورت ہے۔

حضرت محمد بن مسلمہ رضی اللہ عنہ نے کہا: کیا تم مجھے اجازت دو گے کہ میں تمہارے سر کو سونگھ لوں اس نے کہا: ٹھیک ہے! حضرت محمد بن مسلمہ رضی اللہ عنہ نے اس کے سر کو سونگھا پھر اپنے ساتھیوں کو سونگھنے کے لئے دیا پھر انہوں نے فرمایا: کیا تم مجھے اجازت دو گے؟ اس نے

Marfat.com

کہا ٹھیک ہے جب حضرت محمد بن مسلمہ رضی اللہ عنہ نے اس پر قابو پالیا تو بولے: آگے بڑھ کر اسے قتل کر دو! پھر یہ حضرات نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کی خدمت میں حاضر ہوئے اور آپ کو اس بارے میں بتایا۔

أخرجه البخاري في: 64 كتاب المغازي: 15 باب قتل كعب بن الأشرف

رقم الجزء: 1 رقم الصفحة: 581 (صحیح بخاری مطبوعہ شبیر برادرز، رقم الحدیث: 3811)

•••————•••————•••

غزوة خيبر

غزوۂ خیبر

1180 ۔ حديث أَنَس رَضِيَ اللّٰهُ عَنْهُ،

أَنَّ رَسُولَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ غَزَا خَيْبَرَ فَصَلَّيْنَا عِنْدَهَا صَلاَةَ الْغَدَاةِ بِغَلَسٍ، فَرَكِبَ نَبِيُّ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ وَرَكِبَ أَبُو طَلْحَةَ وَأَنَا رَدِيفُ أَبِي طَلْحَةَ فَأَجْرَى نَبِيُّ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ فِي زُقَاقِ خَيْبَرَ وَإِنَّ رُكْبَتِي لَتَمَسُّ فَخِذَ نَبِيِّ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ، ثُمَّ حَسَرَ الإِزَارَ عَنْ فَخِذِهِ حَتَّى إِنِّي أَنْظُرُ إِلَى بَيَاضِ فَخِذِ نَبِيِّ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ فَلَمَّا دَخَلَ الْقَرْيَةَ، قَالَ: اللّٰهُ أَكْبَرُ خَرِبَتْ خَيْبَرُ إِنَّا إِذَا نَزَلْنَا بِسَاحَةِ قَوْمٍ فَسَاءَ صَبَاحُ الْمُنْذَرِينَ قَالَهَا ثَلاَثًا قَالَ: وَخَرَجَ الْقَوْمُ إِلَى أَعْمَالِهِمْ، فَقَالُوا: مُحَمَّدٌ وَالْخَمِيسُ (يَعْنِي الْجَيْشَ) قَالَ: فَأَصَبْنَاهَا عَنْوَةً

✧✧ حضرت انس بن مالک رضی اللہ عنہ بیان کرتے ہیں۔ غزوہ خیبر کے موقع پر ہم نے خیبر کے قریب اندھیرے میں فجر کی نماز ادا کی۔ پھر نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم سوار ہوئے اور حضرت ابوطلحہ رضی اللہ عنہ بھی سوار ہوئے۔ میں حضرت ابوطلحہ رضی اللہ عنہ کے پیچھے بیٹھا ہوا تھا۔ نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے اپنی سواری کو خیبر کی گلیوں میں دوڑایا۔ میرا گھٹنا بعض اوقات نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کی رانوں سے مس ہو جاتا تھا۔ پھر نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے اپنی رانوں سے چادر کو ہٹایا تو میں نے نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کی رانوں کی سفیدی دیکھی۔ پھر نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم جب بستی میں داخل ہوئے تو آپ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: اللہ اکبر خیبر برباد ہو گیا جب ہم کسی قوم کے علاقے میں پہنچتے ہیں تو ان لوگوں کا صبح برا ہوتا ہے جنہیں ڈرایا گیا تھا۔ نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے یہ بات تین مرتبہ ارشاد فرمائی۔

راوی بیان کرتے ہیں: وہاں کے لوگ اپنے کام کے لئے نکلے تھے۔ انہوں نے (اسماعیلی لشکر و سپاہ کو دیکھ کر کہا) محمد صلی اللہ علیہ وسلم آ گئے ہیں۔ (امام بخاری رحمۃ اللہ علیہ فرماتے ہیں بعض روایات میں یہ الفاظ ہیں) ان کے ساتھ لشکر بھی ہے۔ حضرت انس رضی اللہ عنہ بیان کرتے

رقم الحديث 1180

أخرجه أبو عبدالرحمن النسائي في "السنن" طبع مكتب المطبوعات الإسلامية حلب شاه 1406ه 1986 رقم الحديث 3380 أخرجه أبو عبدالله الشيباني في "المسند" طبع مؤسسة قرطبة قاهره مصر رقم الحديث: 12011 أخرجه أبو عبدالرحمن النسائي في "السنن" طبع مكتب المطبوعات الإسلامية حلب شاه 1406ه 1986 رقم الحديث: 5576 ذكره أبو بكر البيهقي في "السنن الكبرى" طبع مكتبة دار الباز مكة مكرمة سعودي عرب 1414ه 1994 رقم الحديث: 3055

Marfat.com

ہیں ہم نے خیبر پر قبضہ کرلیا۔

أخرجه البخاري في: 8 كتاب الصلاة: 12 باب ما يذكر في الفخذ

رقم الجزء: 1 رقم الصفحة: 583 (جہانگیری صحیح بخاری، مطبوعہ شبیر برادرز، رقم الحدیث:364)

1181 ۔ حديث سَلَمَةَ بْنِ الْأَكْوَعِ رَضِيَ اللّٰهُ عَنْهُ،

قَالَ: خَرَجْنَا مَعَ النَّبِيِّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ إِلٰى خَيْبَرَ، فَسِرْنَا لَيْلاً، فَقَالَ رَجُلٌ مِّنَ الْقَوْمِ، لِعَامِرٍ: يَا عَامِرُ أَلَا تُسْمِعُنَا مِنْ هُنَيْهَاتِكَ وَكَانَ عَامِرٌ رَّجُلاً شَاعِرًا، فَنَزَلَ يَحْدُو بِالْقَوْمِ، يَقُوْلُ: أَللّٰهُمَّ لَوْلَا أَنْتَ مَا اهْتَدَيْنَاوَلَا تَصَدَّقْنَا وَلَا صَلَّيْنَافَاغْفِرْ، فِدَاءً لَكَ، مَا أَبْقَيْنَاوَثَبِّتِ الْأَقْدَامَ إِنْ لَاقَيْنَاوَأَلْقِيَنْ سَكِينَةً عَلَيْنَاإِنَّا إِذَا صِيحَ بِنَا أَبَيْنَاوَبِالصِّيَاحِ عَوَّلُوْا عَلَيْنَافَقَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: مَنْ هٰذَا السَّائِقُ قَالُوْا: عَامِرُ بْنُ الْأَكْوَعِ قَالَ: يَرْحَمُهُ اللّٰه قَالَ رَجُلٌ مِّنَ الْقَوْمِ: وَجَبَتْ يَا نَبِيَّ اللّٰهِ لَوْلَا أَمْتَعْتَنَا بِهٖ فَأَتَيْنَا خَيْبَرَ فَحَاصَرْنَاهُمْ حَتّٰى أَصَابَتْنَا مَخْمَصَةٌ شَدِيْدَةٌ ثُمَّ إِنَّ اللّٰهَ تَعَالٰى فَتَحَهَا عَلَيْهِمْ فَلَمَّا أَمْسَى النَّاسُ مَسَاءَ الْيَوْمِ الَّذِيْ فُتِحَتْ عَلَيْهِمْ أَوْقَدُوْا نِيْرَانًا كَثِيْرَةً فَقَالَ النَّبِيُّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: مَا هٰذِهِ النِّيْرَانُ عَلٰى أَيِّ شَيْءٍ تُوقِدُوْنَ قَالُوْا: عَلٰى لَحْمٍ قَالَ: عَلٰى أَيِّ لَحْمٍ قَالُوْا: لَحْمُ حُمُرِ الْإِنْسِيَّةِ قَالَ النَّبِيُّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: أَهْرِيْقُوهَا وَاكْسِرُوْهَا فَقَالَ رَجُلٌ: يَا رَسُوْلَ اللّٰهِ أَوْ نُهَرِيْقُهَا وَنَغْسِلُهَا؛ قَالَ: أَوْ ذَاكَ فَلَمَّا تَصَافَّ الْقَوْمُ كَانَ سَيْفُ عَامِرٍ قَصِيْرًا، فَتَنَاوَلَ بِهٖ سَاقَ يَهُوْدِيٍّ لِيَضْرِبَهُ وَيَرْجِعُ ذُبَابُ سَيْفِهٖ، فَأَصَابَ عَيْنَ رُكْبَةِ عَامِرٍ، فَمَاتَ مِنْهُ قَالَ: فَلَمَّا قَفَلُوا، قَالَ سَلَمَةُ: رَآنِيْ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ وَهُوَ آخِذٌ بِيَدِي، قَالَ: مَا لَكَ قُلْتُ لَهٗ: فَدَاكَ أَبِيْ وَأُمِّيْ زَعَمُوْا أَنَّ عَامِرًا حَبِطَ عَمَلُهٗ قَالَ النَّبِيُّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: كَذَبَ مَنْ قَالَهٗ إِنَّ لَهٗ لَأَجْرَيْنِ وَجَمَعَ بَيْنَ إِصْبَعَيْهِ: إِنَّهٗ لَجَاهِدٌ مُجَاهِدٌ، قَلَّ عَرَبِيٌّ مَّشٰى بِهَا مِثْلَهٗ

✧✧ حضرت سلمہ بن اکوع رضی اللہ عنہ بیان کرتے ہیں' ہم لوگ نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کے ہمراہ خیبر کے لئے روانہ ہوئے ہم لوگ رات کے وقت سفر کرتے رہے حاضرین میں سے ایک شخص نے حضرت عامر رضی اللہ عنہ سے کہا: اے عامر! آپ ہمیں اپنے شعر نہیں سنائیں گے؟ حضرت عامر رضی اللہ عنہ ایک شاعر آدمی تھے وہ اپنی سواری سے اترے اور لوگوں کو حدی سنانے لگے انہوں نے یہ اشعار سنائے۔

''اے اللہ! اگر تیری ذات نہ ہوتی تو ہم ہدایت حاصل نہ کرتے ہم صدقہ نہ کرتے اور نماز نہ پڑھتے، ہم جب تک زندہ رہیں تو اپنی عطا سے ہمیں بخش دے اور اگر ہم دشمن کے سامنے آئیں تو ہمیں ثابت قدم رکھ اور ہم پر سکینت نازل کر جب ہمارے خلاف حملے کا اعلان ہوتا ہے تو ہم انکار کی کوشش کرتے ہیں لیکن دشمن لوگوں کو اکٹھا کر کے ہم پر حملہ کرتا ہے''۔

نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے دریافت کیا: یہ اونٹوں کو لے جانے والے کون صاحب ہیں؟ لوگوں نے بتایا: عامر بن اکوع ہیں' نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: اللہ تعالیٰ ان پر رحم کرے! حاضرین میں سے ایک صاحب بولے: اے اللہ کے نبی! (ان کے لئے شہادت واجب ہوگئی) آپ نے ان کے مزید زندہ رہنے کی دعا کیوں نہیں کی؟

Marfat.com

راوی بیان کرتے ہیں' ہم لوگ خیبر آ گئے ہم نے اس کا محاصرہ کیا ہمیں شدید بھوک لاحق ہوئی پھر اللہ تعالیٰ نے ہمارے لئے اس کو فتح کیا جب شام کا وقت ہوا اس دن جب خیبر فتح ہو چکا تھا تو لوگوں نے آگ بہت زیادہ جلا دی نبی اکرم ﷺ نے دریافت کیا یہ آگ کس چیز کے لئے جلائی گئی ہے؟ لوگوں نے بتایا گوشت پکانے کے لئے۔ نبی اکرم ﷺ نے فرمایا کس چیز کا گوشت' لوگوں نے عرض کی پالتو گدھوں کا گوشت نبی اکرم ﷺ نے فرمایا انہیں انڈیل دو اور ہنڈیا توڑ دو ایک شخص نے عرض کی یا رسول اللہ ﷺ! اس کو بہا کر ہنڈیا کو دھو لیتے ہیں نبی اکرم ﷺ نے فرمایا ایسا کر لو! جب لوگ ایک دوسرے کے خلاف صف آرا ہوئے تو حضرت عامر رضی اللہ عنہ کی تلوار چھوٹی تھی انہوں نے ایک یہودی کی پنڈلی پر اسے مارنا چاہا تو اس کا کنارہ مڑ کر حضرت عامر رضی اللہ عنہ کے پٹھے پر لگا جس کی وجہ سے حضرت عامر رضی اللہ عنہ کا وصال ہو گیا۔

راوی بیان کرتے ہیں' جب ہم لوگ واپس آ رہے تھے تو حضرت سلمہ رضی اللہ عنہ بیان کرتے ہیں نبی اکرم ﷺ نے مجھے دیکھا آپ نے میرا ہاتھ تھام لیا آپ نے فرمایا تمہیں کیا ہوا ہے؟ میں نے عرض کی میرے ماں باپ آپ پر قربان ہوں لوگ یہ کہتے ہیں حضرت عامر رضی اللہ عنہ کا عمل ضائع ہو گیا (کیونکہ انہوں نے خودکشی کی ہے) نبی اکرم ﷺ نے فرمایا جس نے بھی یہ بات کہی ہے اس نے غلط کہا ہے انہیں دوگنا اجر ملے گا پھر نبی اکرم ﷺ نے اپنی دو انگلیاں اکٹھی کر کے فرمایا وہ کوشش کرنے والا بھی ہے اور مجاہد بھی ہے بہت کم کوئی عرب شخص ایسا ہوگا جو اس کی مانند عمل لے کر ساتھ جائے گا۔

أخرجه البخاري في: 64 كتاب المغازي: 38 باب غزوة خيبر

رقم الجزء: 1 رقم الصفحة: 584 (صہبائی میں صحیح بخاری مطبوعہ شبیر برادرز رقم الحدیث 3960)

•••———•••———•••

غزوة الأحزاب وهي الخندق

غزوۂ احزاب یہی غزوہ خندق ہے

1182 حديث الْبَرَاءِ رَضِيَ اللّٰهُ عَنْهُ،

قَالَ: رَأَيْتُ رَسُوْلَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ يَوْمَ الْأَحْزَابِ يَنْقُلُ التُّرَابَ، وَقَدْ وَارَى التُّرَابُ بَيَاضَ بَطْنِهِ، وَهُوَ يَقُوْلُ:

لَوْلَا أَنْتَ مَا اهْتَدَيْنَاوَلَا تَصَدَّقْنَا وَلَا صَلَّيْنَافَأَنْزِلِ السَّكِيْنَةَ عَلَيْنَاوَثَبِّتِ الْأَقْدَامَ إِنْ لَاقَيْنَاإِنَّ الْأُلَى قَدْ بَغَوْا عَلَيْنَاإِذَا أَرَادُوا فِتْنَةً أَبَيْنَا

✧✧ حضرت براء رضی اللہ عنہ بیان کرتے ہیں مجھے اچھی طرح یاد ہے غزوۂ خندق کے موقع پر نبی اکرم ﷺ مٹی منتقل کر رہے تھے مٹی نے آپ کے پیٹ کی سفیدی کو ڈھانپ دیا تھا آپ یہ کہہ رہے تھے۔

''(اے اللہ) اگر تو نہ ہوتا تو ہم ہدایت حاصل نہ کرتے ہم صدقہ نہ کرتے اور نماز نہ پڑھتے ہم پر سکینت نازل کر اور جب ہمارا دشمن سے سامنا ہو تو ہمیں ثابت قدم رکھ دشمن ہم پر حملہ کرنا چاہتا ہے جب وہ آزمائش کا ارادہ کرتا ہے تو ہم

Marfat.com

انکار کرتے ہیں''۔

أخرجه البخاري في: 56 كتاب الجهاد: 34 باب حفر الخندق

رقم الجزء: 1 رقم الصفحة: 586 (جہانگیری صحیح بخاری، مطبوعہ شبیر برادرز، رقم الحدیث:2682)

1183 حديث سَهْلِ بْنِ سَعْدٍ رَضِيَ اللّٰهُ عَنْهُ،

قَالَ: جَاءَنَا رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ وَنَحنُ نَحْفِرُ الْخَنْدَقَ وَنَنْقُلُ التُّرَابَ عَلٰى أَكْتَادِنَا فَقَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: اللّٰهُمَّ لاَ عَيْشَ إِلَّا عَيْشُ الْاٰخِرَهْفَاغْفِرْ لِلْمُهَاجِرِيْنَ وَالْأَنْصَارِ

✧✧ حضرت سہل رضی اللہ عنہ بیان کرتے ہیں' نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم ہمارے پاس تشریف لائے ہم اس وقت خندق کھود رہے تھے اور اپنے کندھوں پر مٹی اٹھا کر منتقل کر رہے تھے، نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے دعا کی:

''اے اللہ! زندگی صرف آخرت کی زندگی ہے تو مہاجرین اور انصار کی مغفرت کر دے''۔

أخرجه البخاري في: 63 كتاب مناقب الأنصار: 9 باب دعاء النبي صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ أصلح الأنصار والمهاجرة

رقم الجزء: 1 رقم الصفحة: 586 (جہانگیری صحیح بخاری، مطبوعہ شبیر برادرز، رقم الحدیث:3586)

1184 حديث أَنَسِ بْنِ مَالِكٍ رَضِيَ اللّٰهُ عَنْهُ

قَالَ، قَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: لاَ عَيْشَ إِلَّا عَيْشُ الْاٰخِرَةِفَأَصْلِحِ الْأَنْصَارَ وَالْمُهَاجِرَةَ

✧✧ حضرت انس رضی اللہ عنہ بیان کرتے ہیں' نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے (دعا کی):

زندگی صرف آخرت کی زندگی ہے، (اے اللہ!) تو انصار اور مہاجرین کی اصلاح فرما''۔

أخرجه البخاري في: 63 كتاب مناقب الأنصار: 9 باب دعاء النبي صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ أصلح الأنصار والمهاجرة

رقم الجزء: 1 رقم الصفحة: 587 (جہانگیری صحیح بخاری، مطبوعہ شبیر برادرز، رقم الحدیث:3584)

1185 حديث أَنَسٍ رَضِيَ اللّٰهُ عَنْهُ،

قَالَ: كَانَتِ الْأَنْصَارُ، يَوْمَ الْخَنْدَقِ، تَقُوْلُ.

نَحْنُ الَّذِيْنَ بَايَعُوا مُحَمَّدًاعَلَى الْجِهَادِ مَا حَيِينَا أَبَدًافَأَجَابَهُمُ النَبِيُّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ، فَقَالَ:

اللّٰهُمَّ لاَ عَيْشَ إِلَّا عَيْشُ الْاٰخِرَهْفَأَكْرِمِ الْأَنْصَارَ وَالْمُهَاجِرَهْ

✧✧ حضرت انس رضی اللہ عنہ بیان کرتے ہیں' غزوۂ خندق کے دن انصار یہ کہہ رہے تھے۔

''ہم وہ لوگ ہیں جنہوں نے حضرت محمد صلی اللہ علیہ وسلم کے ہاتھ پر زندگی بھر جہاد کرنے کی بیعت کی ہے''۔

نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم انہیں یہ جواب دے رہے تھے۔

''اے اللہ! زندگی صرف آخرت کی زندگی ہے تو انصار اور مہاجرین کو عزت عطا کر''۔

أخرجه البخاري في: 56 كتاب الجهاد والسير: 110 باب البيعة في الحرب أن لا يفروا

رقم الجزء: 1 رقم الصفحة: 587 (جہانگیری صحیح بخاری، مطبوعہ شبیر برادرز، رقم الحدیث:2801)

Marfat.com

غزوة ذي قرد وغيرها

غزوۂ ذی قرد اور دیگر غزوات

1186 حديث سَلَمَةَ بْنِ الْأَكْوَعِ رَضِيَ اللّٰهُ عَنْهُ،

قَالَ: خَرَجْتُ قَبْلَ أَنْ يُؤَذَّنَ بِالْأُولى، وَكَانَتْ لِقَاحُ رَسُوْلِ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ تَرْعى بِذِي قَرَدٍ.
قَالَ: فَلَقِيَنِي غُلَامٌ لِعَبْدِ الرَّحْمٰنِ بْنِ عَوْفٍ فَقَالَ: أُخِذَتْ لِقَاحُ رَسُوْلِ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ فَلْتُ: مَنْ أَخَذَهَا قَالَ: غَطَفَانُ قَالَ: فَصَرَخْتُ ثَلَاثَ صَرَخَاتٍ، يَا صَبَاحَاهُ قَالَ: فَأَسْمَعْتُ مَا بَيْنَ لَابَتَي الْمَدِيْنَةِ، ثُمَّ انْدَفَعْتُ عَلى وَجْهِي حَتّٰى أَدْرَكْتُهُمْ وَقَدْ أَخَذُوْا يَسْتَقُوْنَ مِنَ الْمَاءِ، فَجَعَلْتُ أَرْمِيهِمْ بِسَلَمِي وَكُنْتُ رَامِيًا، وَأَقُوْلُ: أَنَا ابْنُ الْأَكْوَعِ الْيَوْمُ يَوْمُ الرُّضَّعِ وَأَرْتَجِزُ حَتّٰى اسْتَنْقَذْتُ اللِّقَاحَ مِنْهُمْ، وَاسْتَلَبْتُ مِنْهُمْ ثَلَاثِيْنَ بُرْدَةً قَالَ: وَجَاءَ النَّبِيُّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ وَالنَّاسُ، فَقُلْتُ: يَا نَبِيَّ اللّٰهِ قَدْ حَمَيْتُ الْقَوْمَ الْمَاءَ وَهُمْ عِطَاشٌ، فَابْعَثْ إِلَيْهِمِ السَّاعَةَ فَقَالَ: يَا ابْنَ الْأَكْوَعِ مَلَكْتَ فَأَسْجِحْ قَالَ: ثُمَّ رَجَعْنَا، وَيُرْدِفُنِي رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ عَلى نَاقَتِهِ، حَتّٰى دَخَلْنَا الْمَدِيْنَةَ

✧✧ حضرت سلمہ بن اکوع رضی اللہ عنہ بیان کرتے ہیں' پہلی اذان ہونے سے پہلے میں گھر سے نکلا [illegible] ذی قرد کے مقام پر تھیں۔ حضرت عبدالرحمن بن عوف رضی اللہ عنہ کے غلام کی مجھ سے ملاقات ہوئی اس نے بتایا [illegible] اونٹنیوں کو پکڑ لیا گیا ہے میں نے دریافت کیا: انہیں کس نے پکڑا ہے؟ اس نے جواب دیا: غطفان قبیلے کے لوگوں نے [illegible] دفعہ بلند آواز میں کہا: لوگو! خطرہ ہے مدد کے لئے آؤ! میں نے پورے مدینہ منورہ تک اپنی آواز پہنچا دی پھر میں سیدھا [illegible] اور ان لوگوں تک پہنچ گیا وہ لوگ پانی کے پاس پانی پینے لگے تھے میں نے اپنے تیر انہیں مارنے شروع کئے میں ایک [illegible] شخص تھا میں یہ شعر کہتا جا رہا تھا' میں اکوع کا بیٹا ہوں اور آج کمینے لوگوں کی ہلاکت کا دن ہے' میں یہ شعر پڑھتا رہا یہاں تک کہ میں نے اونٹنیوں کو ان سے چھڑا لیا اور ان کی تیس چادریں بھی قبضے میں لے لیں۔

حضرت سلمہ رضی اللہ عنہ بیان کرتے ہیں' نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم اور دیگر افراد تشریف لائے تو میں نے عرض کی: اے اللہ کے نبی! میں نے ان لوگوں کو پانی پینے کے دوران پکڑ لیا تھا وہ لوگ پیاسے تھے آپ ان کے پیچھے ابھی کسی کو بھیجیں نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: اے ابن اکوع! تم غالب آ گئے ہو تو اب صبر سے کام لو! پھر ہم وہاں سے واپس روانہ ہوئے تو نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے مجھے اپنی اونٹنی پر اپنے پیچھے بٹھا لیا یہاں تک کہ ہم لوگ مدینہ منورہ آ گئے۔

أخرجه البخاري في: 64 كتاب المغازي: 37 باب غزوة ذات القرد

رقم الجزء: 1 رقم الصفحة: 587 (صحیح بخاری مطبوعہ شبیر برادرز رقم الحدیث 3958)

Marfat.com

غزوة النساء مع الرجال

خواتین کا مردوں کے ہمراہ جنگ میں شریک ہونا

1187 ◦ حديث أَنَسٍ رَضِيَ اللّٰهُ عَنْهُ،

قَالَ: لَمَّا كَانَ يَوْمُ أُحُدٍ، انْهَزَمَ النَّاسُ عَنِ النَّبِيِّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ وَأَبُوْ طَلْحَةَ بَيْنَ يَدَيِ النَّبِيِّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ مُجَوِّبٌ بِهِ عَلَيْهِ بِحَجَفَةٍ لَّهُ وَكَانَ أَبُوْ طَلْحَةَ رَجُلاً رَامِيًا شَدِيْدَ الْقِدِّ يَكْسِرُ يَوْمَئِذٍ قَوْسَيْنِ أَوْ ثَلَاثًا وَكَانَ الرَّجُلُ يَمُرُّ مَعَهُ الْجَعْبَةُ مِنَ النَّبْلِ، فَيَقُوْلُ: انْثُرْهَا، لِأَبِيْ طَلْحَةَ فَأَشْرَفَ النَّبِيُّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ يَنْظُرُ إِلَى الْقَوْمِ، فَيَقُوْلُ أَبُوْ طَلْحَةَ: يَا نَبِيَّ اللّٰهِ بِأَبِيْ أَنْتَ وَأُمِّي لَا تُشْرِفْ، يُصِيْبُكَ سَهْمٌ مِّنْ سِهَامِ الْقَوْمِ، نَحْرِيْ دُوْنَ نَحْرِكَ

وَلَقَدْ رَأَيْتُ عَائِشَةَ بِنْتَ أَبِيْ بَكْرٍ، وَأُمَّ سُلَيْمٍ، وَإِنَّهُمَا لَمُشَمِّرَتَانِ، أَرَى خَدَمَ سُوْقِهِمَا، تُنْقِزَانِ الْقِرَبَ عَلَى مُتُوْنِهِمَا، تُفْرِغَانِهِ فِيْ أَفْوَاهِ الْقَوْمِ، ثُمَّ تَرْجِعَانِ فَتَمْلَآنِهَا، ثُمَّ تَجِيْئَانِ فَتُفْرِغَانِهِ فِيْ أَفْوَاهِ الْقَوْمِ وَلَقَدْ وَقَعَ السَّيْفُ مِنْ يَّدَيْ أَبِيْ طَلْحَةَ، إِمَّا مَرَّتَيْنِ وَإِمَّا ثَلَاثًا

✧✧ حضرت انس رضی اللہ عنہ بیان کرتے ہیں' غزوہ احد کے موقع پر جب لوگ نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کے پاس سے ہٹ گئے تو حضرت ابوطلحہ رضی اللہ عنہ نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کے سامنے موجود تھے، انہوں نے اپنی ڈھال کو آڑ بنایا ہوا تھا۔ حضرت ابوطلحہ رضی اللہ عنہ تیر انداز تھے اور بہت زبردست تیر اندازی کرتے تھے۔ اس دن انہوں نے دو یا شاید تین کمانیں توڑ دیں تھیں۔

جو بھی شخص ترکش لے کر نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کے پاس پہنچتا تو آپ یہ فرماتے: ابوطلحہ کے لئے اسے چھوڑ دو۔ نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم لوگوں کا جائزہ لینے کے لئے سر باہر نکالنے لگے تو حضرت ابوطلحہ رضی اللہ عنہ نے عرض کی: اے اللہ کے رسول صلی اللہ علیہ وسلم! میرے ماں باپ آپ پر قربان ہوں، اپنا سر باہر نہ نکالیں' کہیں آپ کو دشمن کا کوئی تیر نہ لگ جائے۔ آپ کے آگے قربان ہونے کے لئے میں موجود ہوں۔

حضرت انس رضی اللہ عنہ بیان کرتے ہیں' میں نے سیّدہ عائشہ رضی اللہ عنہا اور سیّدہ اُمّ سلیم رضی اللہ عنہا کو دیکھا کہ وہ دونوں اپنا دامن اٹھا کر مشکیزوں میں پانی بھر کر لا رہی تھیں۔ میں نے ان کے پاؤں کی پازیب دیکھی وہ دونوں (زخمی) لوگوں کو پانی پلا رہی تھیں۔ پھر واپس جاتی تھیں پھر ان مشکیزوں کو بھر کر لاتی تھیں۔ اس دن حضرت ابوطلحہ رضی اللہ عنہ کے ہاتھ سے دو یا شاید تین مرتبہ تلوار گری۔

أخرجه البخاري في: 63 كتاب مناقب الأنصار: 18 باب مناقب أبي طلحة رَضِيَ اللّٰهُ عَنْهُ

رقم الجزء: 1 رقم الصفحة: 588 (جہانگیری صحیح بخاری، مطبوعہ شبیر برادرز، رقم الحدیث:3600)

•••———•••———•••

عدد غزوات النبيّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ

نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کے غزوات کی تعداد

Marfat.com

1188 ۔ حديث عَبْد اللّٰهِ بْنِ يَزِيدَ الْأَنْصَارِيّ رَضِيَ اللّٰهُ عَنْهُ،

أَنَّهُ خَرَجَ، وَخَرَجَ مَعَهُ الْبَرَاءُ بْنُ عَازِبٍ وَزَيْدُ بْنُ أَرْقَمَ، فَاسْتَسْقَى، فَقَامَ بِهِمْ عَلى رِجْلَيْه، عَلى غَيْرِ مِنْبَرٍ، فَاسْتَغْفَرَ ثُمَّ صَلّى رَكْعَتَيْنِ، يَجْهَرُ بِالْقِرَاءَةِ، وَلَمْ يُؤَذِّنْ وَلَمْ يُقِمْ

✧✧ حضرت عبداللہ بن یزید انصاری رضی اللہ عنہ باہر تشریف لائے۔ ان کے ساتھ حضرت براء بن عازب رضی اللہ عنہ اور حضرت زید بن ارقم رضی اللہ عنہ بھی تشریف لائے۔ ان حضرات نے بارش کیلئے دعا کی۔ حضرت عبداللہ رضی اللہ عنہ ان لوگوں کے ساتھ پاؤں پر کھڑے ہوئے منبر پر کھڑے نہیں ہوئے۔ انہوں نے بارش کیلئے دعا کی پھر دو رکعت نماز ادا کی۔ تو بلند آواز میں قرأت کی انہوں نے اس کیلئے اذان نہیں دی اور اقامت نہیں کہلوائی۔

أخرجه البخاري في: 15 كتاب الاستسقاء: 15 باب الدعاء في الاستسقاء قائما

رقم الجزء: 1 رقم الصفحة: 589 (جہانگیری صحیح بخاری مطبوعہ شبیر برادرز، رقم الحدیث: 976)

1189 ۔ حديث زَيْدِ بْنِ أَرْقَمَ رَضِيَ اللّٰهُ عَنْهُ

عَنْ أَبِي إِسْحٰقَ، قَالَ: كُنْتُ إِلى جَنْبِ زَيْدِ بْنِ أَرْقَمَ، فَقِيلَ لَهُ: كَمْ غَزَا النَّبِيُّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ مِنْ غَزْوَةٍ قَالَ: تِسْعَ عَشْرَةَ قِيلَ: كَمْ غَزَوْتَ أَنْتَ مَعَهُ قَالَ: سَبْعَ عَشْرَةَ، قُلْتُ: فَأَيَّتُهُمْ كَانَتْ أَوَّلَ قَالَ: الْعُسَيْرَةُ أَوِ الْعُشَيْرُ

✧✧ ابواسحاق بیان کرتے ہیں: میں حضرت زید بن ارقم رضی اللہ عنہ کے پہلو میں موجود تھا ان سے دریافت کیا گیا نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے کتنی جنگوں میں شرکت کی ہے؟ انہوں نے جواب دیا: انیس۔ ان سے دریافت کیا گیا: نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کے ساتھ آپ نے کتنی جنگوں میں شرکت کی ہے؟ انہوں نے جواب دیا: سترہ۔ میں نے دریافت کیا: ان میں سب سے پہلے کون سی جنگ لڑی گئی؟ انہوں نے جواب دیا: عسیرہ۔ راوی کو شک ہے یا شاید "عشیر" لفظ ذکر کیا۔

أخرجه البخاري في: 64 كتاب المغازي: 1 باب غزوة العشيرة أو العسيرة

رقم الجزء: 1 رقم الصفحة: 590 (جہانگیری صحیح بخاری مطبوعہ شبیر برادرز، رقم الحدیث: 3733)

رقم الحديث: 1189

أخرجه أبو عيسى الترمذي في "جامعه" طبع دار إحياء التراث العربي بيروت لبنان رقم الحديث: 1676 أخرجه عبد الله بن أحمد في "مسنده" طبع مؤسسة قرطبة قاهرة مصر رقم الحديث: 19301 أخرجه أبو بكر البيهقي في "صحيحه" طبع مؤسسة الرسالة بيروت لبنان 1414ھ 1993ء رقم الحديث: 6283 أخرجه أبو عبد الله النسائي في "المستدرك" طبع دار الكتب العلمية بيروت لبنان 1411ھ 1990ء رقم الحديث: 6271 أخرجه أبو القاسم الطبراني في "معجمه الكبير" طبع مكتبة العلوم والحكم الموصل 1404ھ 1983ء رقم الحديث: 5042 أخرجه أبو داود الطيالسي في "مسنده" طبع دار المعرفة بيروت لبنان رقم الحديث: 682 أخرجه أبو محمد الدارمي في "مسنده" طبع مكتبة السنة قاهرة مصر 1408ھ 1988ء رقم الحديث: 261 أخرجه أبو الحسن مسلم بن الحجاج في "صحيحه" طبع دار إحياء التراث العربي بيروت لبنان رقم الحديث: 1254 ذكره أبو بكر البيهقي في "سننه الكبرى" طبع مكتبة دار الباز مكة مكرمة سعودي عرب 1414ھ 1994ء رقم الحديث: 6200

Marfat.com

1190 حديث بُرَيْدَةَ رَضِيَ اللّٰهُ عَنْهُ،

أَنَّهُ غَزَا مَعَ رَسُوْلِ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ سِتَّ عَشْرَةَ غَزْوَةً

✧✧ حضرت بریدہ رضی اللہ عنہ بیان کرتے ہیں: انہوں نے نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کے ہمراہ سولہ غزوات میں شرکت کی ہے۔

أخرجه البخاري في: 64 كتاب المغازى: 89 باب كم غزا النبي صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ

رقم الجزء: 1 رقم الصفحة: 590 (جہانگیری صحیح بخاری، مطبوعہ شبیر برادرز، رقم الحدیث:4203)

1191 حديث سَلَمَةَ بْنِ الْأَكْوَعِ رَضِيَ اللّٰهُ عَنْهُ،

قَالَ: غَزَوْتُ مَعَ النَّبِيِّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ سَبْعَ غَزَوَاتٍ، وَخَرَجْتُ فِيمَا يَبْعَثُ مِنَ الْبُعُوثِ تِسْعَ غَزَوَاتٍ: مَرَّةً عَلَيْنَا أَبُوْ بَكْرٍ، وَمَرَّةً عَلَيْنَا أُسَامَةُ

✧✧ حضرت سلمہ بن اکوع رضی اللہ عنہ بیان کرتے ہیں: میں نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کے ہمراہ سات غزوات میں شریک ہوا ہوں نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے جو مہمات روانہ کی ان میں سے ''نو'' میں شریک ہوا ہوں ایک دفعہ ہمارے امیر حضرت ابوبکر رضی اللہ عنہ تھے اور ایک مرتبہ ہمارے امیر حضرت اسامہ رضی اللہ عنہ تھے۔

أخرجه البخاري في: 64 كتاب المغازى: 45 باب بعث النبي صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ أسامة بن زيد إلى الحرقات من جهينة

رقم الجزء: 1 رقم الصفحة: 590 (جہانگیری صحیح بخاری، مطبوعہ شبیر برادرز، رقم الحدیث:4022)

•••———•••———•••

غزوة ذات الرقاع

غزوۂ ذات الرقاع

1192 حديث أَبِيْ مُوْسٰى رَضِيَ اللّٰهُ عَنْهُ،

قَالَ: خَرَجْنَا مَعَ النَّبِيِّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ فِيْ غَزَاةٍ، وَنَحْنُ سِتَّةُ نَفَرٍ، بَيْنَنَا بَعِيْرٌ نَعْتَقِبُهُ، فَنَقِبَتْ أَقْدَامُنَا، وَنَقِبَتْ قَدَمَايَ، وَسَقَطَتْ أَظْفَارِي، وَكُنَّا نَلُفُّ عَلٰى أَرْجُلِنَا الْخِرَقَ، فَسُمِّيَتْ غَزْوَةَ ذَاتِ الرِّقَاعِ، لِمَا كُنَّا نَعْصِبُ مِنَ الْخِرَقِ عَلٰى أَرْجُلِنَا

وَحَدَّثَ أَبُوْ مُوْسٰى بِهٰذَا، ثُمَّ كَرِهَ ذَاكَ، قَالَ: مَا كُنْتُ أَصْنَعُ بِأَنْ أَذْكُرَهُ كَأَنَّهُ كَرِهَ أَنْ يَكُوْنَ شَيْءٌ مِّنْ

رقم الحدیث1190

اخرجه ابوالحسین مسلم النیسابوری فی ''صحیحه'' طبع داراحیاء التراث العربی، بیروت، لبنان، رقم الحدیث: **1814** اخرجه ابوعبدالله احمد بن حنبل فی ''مسنده'' طبع موسسه قرطبه، قاهره، مصر، رقم الحدیث:**23004**

رقم الحدیث**1191**: ذکره ابوبکر البیهقی فی ''سننه الکبری'' طبع مکتبه دارالباز، مکه مکرمه، سعودی عرب **1414**ھ/**1994**ء، رقم الحدیث:**17676**

Marfat.com

عَمَلِهِ أَفْشَاهُ

✧✧ حضرت ابوموسیٰ اشعری رضی اللہ عنہ بیان کرتے ہیں: ہم لوگ نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کے ہمراہ ایک غزوہ میں شریک ہوئے ہم چھ افراد تھے جو ایک اونٹ پر سوار ہوتے تھے اور باری باری سوار ہوتے تھے ہمارے پاؤں زخمی ہو گئے میرے بھی پاؤں زخمی ہو گئے میرے ناخن گر گئے ہم اپنے پاؤں پر پٹیاں باندھا کرتے تھے اسی لئے اس غزوے کا نام ذات رقاع رکھا گیا کیونکہ ہم اس میں اپنے پاؤں پر پٹیاں باندھا کرتے تھے۔

راوی بیان کرتے ہیں: پہلے حضرت ابوموسیٰ رضی اللہ عنہ نے یہ روایت سنائی لیکن بعد میں یہ بیان کرنا انہیں اچھا نہیں لگا اور انہوں نے کہا: مجھے اس کا تذکرہ کرنے کی کیا ضرورت ہے؟ گویا وہ ناپسند کرتے تھے کہ ان کے عمل سے کوئی چیز ظاہر ہو۔

أخرجه البخاري في: 64 كتاب المغازي: 31 باب غزوة ذات الرقاع

رقم الجزء: 1 رقم الصفحة: 590 (جہانگیری صحیح بخاری مطبوعہ شبیر برادرز، رقم الحدیث: 3899)

•••———•••———•••

رقم الحديث 1192

أخرجه أبو الحسن مسلم النيسابوري في "صحيحه" طبع دار احياء التراث العربي بيروت لبنان رقم الحديث: 1816 أخرجه ابن حبان البستي في "صحيحه" طبع مؤسسة الرسالة بيروت لبنان 1414ھ - 1993ء رقم الحديث: 4734 ذكره أبو بكر البيهقي في "السنن الكبرى" طبع مكتبة دار الباز مكة مكرمة سعودي عرب 1414ھ - 1994ء رقم الحديث: 10138 أخرجه أبو يعلى الموصلي في "مسنده" طبع دار المأمون للتراث دمشق شام 1404ھ-1984ء رقم الحديث: 7304

Marfat.com

كتاب الإمارة
امارت کا بیان

الناس تبع لقريش والخلافة فِيْ قريش
لوگ قریش کے تابع ہوں گے اور خلافت قریش میں ہوگی

1193 ۔ حديث أَبِيْ هُرَيْرَةَ رَضِيَ اللّٰهُ عَنْهُ،

أَنَّ النَّبِيَّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ، قَالَ: النَّاسُ تَبَعٌ لِقُرَيْشٍ فِيْ هٰذَا الشَّأْنِ، مُسْلِمُهُمْ تَبَعٌ لِمُسْلِمِهِم، وَكَافِرُهُمْ تَبَعٌ لِكَافِرِهِمْ

حضرت ابو ہریرہ رضی اللہ عنہ بیان کرتے ہیں، نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے ارشاد فرمایا ہے: اس (حکومت) کے معاملے میں لوگ قریش کے پیروکار ہیں مسلمان لوگ مسلمان قریش کے پیروکار ہیں اور کافر لوگ کفار قریش کے پیروکار ہیں۔

أخرجه البخاري في: 61 كتاب المناقب: 1 باب قول الله تعالى (يا أيها الناس إنا خلقناكم من ذكر وأنثى)

رقم الجزء: 1 رقم الصفحة: 591 (جہانگیری صحیح بخاری، مطبوعہ شبیر برادرز، رقم الحدیث: 3305)

1194 ۔ حديث عَبْدِ اللّٰهِ بْنِ عُمَرَ رَضِيَ اللّٰهُ عَنْهُ،

رقم الحديث 1193

اخرجه ابوالحسين مسلم النيسابوري في "صحيحه" طبع داراحياء التراث العربي، بيروت، لبنان، رقم الحديث: **1819** اخرجه ابوعبدالله الشيباني في "مسنده" طبع موسسه قرطبه، قاهره، مصر، رقم الحديث: **7304** اخرجه ابوحاتم البستي في "صحيحه" طبع موسسه الرساله، بيروت، لبنان، **1414**ھ/**1993**ء، رقم الحديث: **6263** ذكره ابوبكر البيهقي في "سننه الكبرىٰ" طبع مكتبه دارالباز، مكه مكرمه، سعودي عرب **1414**ھ/**1994**ء، رقم الحديث: **5078** اخرجه ابويعلى الموصلي في "مسنده" طبع دارالمامون للتراث، دمشق، شام، **1404**ھ-**1984**ء، رقم الحديث: **1894** اخرجه ابوداؤد الطيالسي في "مسنده" طبع دارالمعرفة، بيروت، لبنان، رقم الحديث: **2380** اخرجه ابوبكر الحميدي في "مسنده" طبع دارالكتب العلميه، مكتبه المتنبي، بيروت، قاهره، رقم الحديث: **1044**

رقم الحديث: **1194**: اخرجه ابوالحسين مسلم النيسابوري في "صحيحه" طبع داراحياء التراث العربي، بيروت، لبنان، رقم الحديث: **1820** اخرجه ابوعبدالله الشيباني في "مسنده" طبع موسسه قرطبه، قاهره، مصر، رقم الحديث: **4832** اخرجه ابوحاتم البستي في "صحيحه" طبع موسسه الرساله، بيروت، لبنان، **1414**ھ/**1993**ء، رقم الحديث: **6266** ذكره ابوبكر البيهقي في "سننه الكبرىٰ" طبع مكتبه دارالباز، مكه مكرمه، سعودي عرب **1414**ھ/**1994**ء، رقم الحديث: **5079** اخرجه ابويعلى الموصلي في "مسنده" طبع دارالمامون للتراث، دمشق، شام، **1404**ھ-**1984**ء، رقم الحديث: **5589** اخرجه ابوداؤد الطيالسي في "مسنده" طبع دارالمعرفة، بيروت، لبنان، رقم الحديث: **1956**

Marfat.com

عَنِ النَّبِيِّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ، قَالَ: لاَ يَزَالُ هٰذَا الأَمْرُ فِي قُرَيْشٍ مَا بَقِيَ مِنْهُمُ اثْنَانِ

✧✧ حضرت ابن عمر رضی اللہ عنہما بیان کرتے ہیں، نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے ارشاد فرمایا ہے: یہ معاملہ (یعنی حکومت) قریش میں باقی رہے گا۔ جب تک ان میں سے دو افراد بھی باقی رہیں گے۔

أخرجه البخاري في: 61 كتاب المناقب: 2 باب مناقب قريش

رقم الجزء: 1 رقم الصفحة: 591 (جہانگیری صحیح بخاری مطبوعہ شبیر برادرز، رقم الحدیث: 3310)

1195 ◦ حديث جَابِرِ بْنِ سَمُرَةَ رَضِيَ اللّٰهُ عَنْهُ،

وَأَبِيهِ سَمُرَةَ بْنِ جُنَادَةَ السُّوَائِيِّ قَالَ جَابِرُ بْنُ سَمُرَةَ: سَمِعْتُ النَّبِيَّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ يَقُولُ: يَكُونُ اثْنَا عَشَرَ أَمِيرًا فَقَالَ كَلِمَةً لَمْ أَسْمَعْهَا فَقَالَ أَبِي: إِنَّهُ قَالَ: كُلُّهُمْ مِنْ قُرَيْشٍ

✧✧ حضرت جابر بن سمرہ رضی اللہ عنہما بیان کرتے ہیں: میں نے نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کو یہ ارشاد فرماتے ہوئے سنا ہے: بارہ امیر ہوں گے پھر آپ نے ایک بات فرمائی جو میں نہیں سن سکا۔ پھر میرے والد نے مجھے بتایا: آپ نے یہ فرمایا تھا: ان میں سے ہر ایک قریش سے تعلق رکھتا ہوگا۔

أخرجه البخاري في: 93 كتاب الأحكام: 51 باب الاستخلاف

رقم الجزء: 1 رقم الصفحة: 592 (جہانگیری صحیح بخاری مطبوعہ شبیر برادرز، رقم الحدیث: 6796)

•••———•••———•••

الاستخلاف وتركه

کسی کو اپنا جانشین نامزد کرنا یا نہ کرنا

1196 ◦ حديث عُمَرَ عَنْ عَبْدِ اللّٰهِ بْنِ عُمَرَ رَضِيَ اللّٰهُ عَنْهُ،

قَالَ: قِيلَ لِعُمَرَ، أَلاَ تَسْتَخْلِفُ قَالَ: إِنْ أَسْتَخْلِفْ فَقَدِ اسْتَخْلَفَ مَنْ هُوَ خَيْرٌ مِنِّي، أَبُو بَكْرٍ، وَإِنْ أَتْرُكْ فَقَدْ تَرَكَ مَنْ هُوَ خَيْرٌ مِنِّي، رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ فَأَثْنَوْا عَلَيْهِ فَقَالَ: رَاغِبٌ رَاهِبٌ، وَدِدْتُ أَنِّي نَجَوْتُ مِنْهَا كَفَافًا، لاَ لِي وَلاَ عَلَيَّ، لاَ أَتَحَمَّلُهَا حَيًّا وَمَيِّتًا

✧✧ حضرت عبداللہ بن عمر رضی اللہ عنہما بیان کرتے ہیں: حضرت عمر رضی اللہ عنہ سے کہا گیا: آپ کسی کو اپنا جانشین مقرر کیوں نہیں کرتے؟ انہوں نے کہا: اگر میں کسی کو اپنا جانشین مقرر کروں تو ان صاحب نے اپنا جانشین مقرر کیا تھا جو مجھ سے بہتر تھے اور وہ حضرت ابوبکر رضی اللہ عنہ ہیں اور اگر میں اسے ایسا ہی رہنے دوں تو ان صاحب نے اسے ایسا ہی رہنے دیا تھا جو مجھ سے بہتر ہیں اور وہ اللہ کے

رقم الحديث 1195

أخرجه عبد الله الشيباني في "مسنده" طبع مؤسسة قرطبة قاهرة مصر رقم الحديث: 20868 أخرجه القاسم بن سلام في "معجمه الكبير" طبع مكتبة العلوم والحكم موصل 1404ھ 1983ء رقم الحديث: 1896 أخرجه أبو القاسم الطبراني في "معجمه الأوسط" طبع دار الحرمين قاهرة مصر 1415ھ رقم الحديث: 859

Marfat.com

رسول ہیں۔لوگوں نے حضرت عمر رضی اللہ عنہ کی تعریف کی تو انہوں نے فرمایا: کچھ لوگ رغبت رکھتے ہیں (جنت میں جانے کی) اور کچھ لوگ ڈرتے ہیں (جہنم کے خوف سے) میری یہ آرزو ہے کہ مجھے برابری کی سطح پر نجات مل جائے۔نہ مجھے کچھ ملے اور نہ ہی میرے خلاف کچھ ہو میں زندگی یا موت کسی بھی حالت میں اس کا بوجھ برداشت نہیں کرسکتا۔

أخرجه البخاري في: 93 كتاب الأحكام: 51 باب الاستخلاف

رقم الجزء: 1 رقم الصفحة: 592 (جہانگیری صحیح بخاری، مطبوعہ شبیر برادرز، رقم الحدیث:6792)

النهي عن طلب الإمارة والحرص عليها
حکومت طلب کرنے یا اسکا لالچ رکھنے کی ممانعت

1197 ۔ حديث عَبْدِ الرَّحْمٰنِ بْنِ سَمُرَةَ رَضِيَ اللّٰهُ عَنْهُ،

قَالَ: قَالَ النَّبِيُّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: يَا عَبْدَ الرَّحْمٰنِ بْنَ سَمُرَةَ لاَ تَسْأَلِ الْإِمَارَةَ، فَإِنَّكَ إِنْ أُوْتِيتَهَا عَنْ مَسْئَلَةٍ وُكِلْتَ إِلَيْهَا، وَإِنْ أُوْتِيتَهَا مِنْ غَيْرِ مَسْئَلَةٍ أُعِنْتَ عَلَيْهَا

حضرت عبدالرحمن بن سمرۃ رضی اللہ عنہ بیان کرتے ہیں: نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے ارشاد فرمایا: اے عبدالرحمن بن سمرۃ! حکومت نہ مانگنا کیونکہ اگر یہ تمہیں مانگنے کے نتیجے میں ملی تو تمہیں اس کے حوالے کر دیا جائے گا اور اگر یہ تمہیں مانگے بغیر مل گئی تو اس کے بارے میں تمہاری مدد کی جائے گی۔

أخرجه البخاري في: 83 كتاب الأيمان والنذور: 1 باب قول الله تعالى (لا يؤاخذكم الله باللغو في أيمانكم)

رقم الجزء: 1 رقم الصفحة: 592 (جہانگیری صحیح بخاری، مطبوعہ شبیر برادرز، رقم الحدیث:6248)

1198 ۔ حديث أَبِي مُوسٰى وَمُعَاذِ بْنِ جَبَلٍ رَضِيَ اللّٰهُ عَنْهُ

قَالَ أَبُو مُوسى: أَقْبَلْتُ إِلَى النَّبِيِّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ، وَمَعِي رَجُلاَنِ مِنَ الْأَشْعَرِيِّينَ، أَحَدُهُمَا عَنْ يَمِينِي وَالآخَرُ عَنْ يَسَارِي، وَرَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ يَسْتَاكُ فَكِلاَهُمَا سَأَلَ، فَقَالَ: يَا أَبَا مُوسٰى أَوْ يَا

رقم الحديث 1196:

خرجه ابو الحسين مسلم النيسابوري في "صحيحه" طبع داراحياء التراث العربي، بيروت، لبنان، رقم الحديث: **1823** اخرجه ابو عيسى الترمذي في "جامعه" طبع داراحياء التراث العربي، بيروت، لبنان، رقم الحديث: **2225** ذكره ابوبكر البيهقي في "سننه الكبرى" طبع مكتبه دارالباز مكه مكرمه، سعودي عرب **1414**ھ/**1994**ء، رقم الحديث: **16347**

رقم الحديث: **1197**: اخرجه ابوداؤد السجستاني في "سننه" طبع دارالفكر بيروت، لبنان، رقم الحديث: **2929** اخرجه ابومحمد الدارمي في "مسنده" طبع دارالكتب العربي، بيروت، لبنان، **1407**ھ، **1987**ء، رقم الحديث: **2346** اخرجه ابوعبدالرحمن النسائي في "سننه" طبع مكتب المطبوعات الاسلاميه، حلب، شام، **1406**ھ، **1986**ء، رقم الحديث: **8745** ذكره ابوبكر البيهقي في "سننه الكبرى" طبع مكتبه دارالباز، مكه مكرمه، سعودي عرب **1414**ھ **1994**ء، رقم الحديث: **16357**

Marfat.com

عَبْدَ اللّٰهِ بْنَ قَيْسٍ قَالَ، قُلْتُ: وَالَّذِي بَعَثَكَ بِالْحَقِّ مَا أَطْلَعَانِي عَلَى مَا فِي أَنْفُسِهِمَا، وَمَا شَعَرْتُ أَنَّهُمَا يَطْلُبَانِ الْعَمَلَ فَكَأَنِّي أَنْظُرُ إِلَى سِوَاكِهِ تَحْتَ شَفَتِهِ قَلَصَتْ فَقَالَ: لَنْ أَوْ لَا نَسْتَعْمِلُ عَلَى عَمَلِنَا مَنْ أَرَادَهُ. وَلَكِنِ اذْهَبْ أَنْتَ يَا أَبَا مُوسَى أَوْ يَا عَبْدَ اللّٰهِ بْنَ قَيْسٍ إِلَى الْيَمَنِ ثُمَّ أَتْبَعَهُ مُعَاذَ بْنَ جَبَلٍ فَلَمَّا قَدِمَ عَلَيْهِ أَلْقَى لَهُ وِسَادَةً، قَالَ انْزِلْ وَإِذَا رَجُلٌ عِنْدَهُ مُوثَقٌ قَالَ: مَا هَذَا قَالَ: كَانَ يَهُودِيًّا فَأَسْلَمَ ثُمَّ تَهَوَّدَ قَالَ اجْلِسْ قَالَ لَا أَجْلِسُ حَتَّى يُقْتَلَ. قَضَاءُ اللّٰهِ وَرَسُولِهِ، ثَلَاثَ مَرَّاتٍ فَأَمَرَ بِهِ فَقُتِلَ ثُمَّ تَذَاكَرَا قِيَامَ اللَّيْلِ فَقَالَ أَحَدُهُمَا: أَمَّا أَنَا فَأَقُومُ وَأَنَامُ، وَأَرْجُو فِي نَوْمَتِي مَا أَرْجُو فِي قَوْمَتِي

(۷۲۳۰) حضرت ابوموسیٰ رضی اللہ عنہ بیان کرتے ہیں: میں نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کی خدمت میں حاضر ہوا میرے ساتھ اشعر قبیلے کے دو افراد تھے ان میں سے ایک میرے دائیں طرف تھا اور دوسرا میرے بائیں طرف تھا۔ نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم اس وقت مسواک کر رہے تھے ان دونوں نے نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم سے (کام کاج کی) درخواست کی۔ نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: اے ابوموسیٰ! (راوی کو شک ہے یا شاید یہ الفاظ ہیں) اے عبداللہ بن قیس! (یہ کہہ رہے ہیں؟) حضرت ابوموسیٰ رضی اللہ عنہ بیان کرتے ہیں: میں نے محسوس کیا کہ ان دونوں نے آپ کو ان کاموں کے متعلق جو ان کے دل میں تھے کچھ نہیں بتایا تھا اور مجھے یہ اندازہ نہیں تھا کہ یہ آپ سے کام کاج کی درخواست کریں گے (حضرت ابوموسیٰ رضی اللہ عنہ بیان کرتے ہیں) گویا میں اس وقت بھی نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کے مسواک کرنے کی حرکت کو دیکھ رہا ہوں آپ نے فرمایا: ہم یہ عہدہ ایسے کسی شخص کو نہیں دیں گے جو اس کا طلب گار ہو یا اے ابوموسیٰ! (راوی کو شک ہے یا شدید یہ الفاظ ہیں) اے عبداللہ بن قیس! تم یمن چلے جاؤ (وہاں کے عامل کے طور پر)

پھر آپ نے حضرت ابوموسیٰ رضی اللہ عنہ کے پیچھے حضرت معاذ بن جبل رضی اللہ عنہ کو بھیجا جب حضرت معاذ رضی اللہ عنہ وہاں آئے تو حضرت ابوموسیٰ رضی اللہ عنہ نے ان کے لیے تکیہ رکھوایا اور فرمایا آپ سواری سے نیچے اتریے وہاں ایک شخص بندھا پڑا تھا حضرت معاذ رضی اللہ عنہ نے دریافت کیا یہ شخص کون ہے؟ حضرت ابوموسیٰ رضی اللہ عنہ نے جواب دیا یہ ایک یہودی ہے یہ مسلمان ہوا تھا پھر دوبارہ یہودی ہو گیا ہے آپ تشریف رکھیں حضرت معاذ رضی اللہ عنہ نے کہا: میں اس وقت تک نہیں بیٹھوں گا جب تک اللہ تعالیٰ اور اس کے رسول کے فیصلے کے مطابق اس شخص کو قتل نہیں کر دیا جاتا یہ بات انہوں نے تین مرتبہ کہی تو حضرت ابوموسیٰ رضی اللہ عنہ کے حکم کے تحت اس یہودی کو قتل کر دیا گیا۔

راوی بیان کرتے ہیں: پھر ان دونوں حضرات نے رات کے نوافل کے بارے میں ایک دوسرے سے بات چیت کی تو ان دونوں میں سے ایک نے کہا: میں تو رات کے وقت قیام بھی کرتا ہوں اور سو بھی جاتا ہوں اور میں اپنے سونے پر بھی اسی اجر کی امید رکھتا ہوں جو میں اپنے نوافل پڑھنے پر رکھتا ہوں۔

أخرجه البخاري في: 88 كتاب استتابة المرتدين: 2 باب حكم المرتد والمرتدة

رقم الجزء: 1 رقم الصفحة: 593 (صحیح بخاری مطبوعہ شبیر برادرز، رقم الحدیث 6525)

Marfat.com

فضيلة الإمام العادل وعقوبة الجائر والحث على الرفق بالرعية والنهي عن إدخال المشقة عليهم

عادل حکمران کی فضیلت' ظالم حکمران کی سزا' رعایا کے ساتھ نرمی سے پیش آنے کی ترغیب اور انہیں مشقت کا شکار کرنے کی ممانعت

1199 ◦ حديث عَبْدِ اللّٰهِ بْنِ عُمَرَ رَضِيَ اللّٰهُ عَنْهُ،

أَنَّ رَسُوْلَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ، قَالَ: كُلُّكُمْ رَاعٍ فَمَسْئُولٌ عَنْ رَعِيَّتِهِ، فَالْأَمِيْرُ الَّذِيْ عَلَى النَّاسِ رَاعٍ وَهُوَ مَسْئُوْلٌ عَنْهُمْ، وَالرَّجُلُ رَاعٍ عَلٰى أَهْلِ بَيْتِهِ وَهُوَ مَسْئُوْلٌ عَنْهُمْ، وَالْمَرْأَةُ رَاعِيَةٌ عَلٰى بَيْتِ بَعْلِهَا وَوَلَدِهِ وَهِيَ مَسْئُوْلَةٌ عَنْهُمْ، وَالْعَبْدُ رَاعٍ عَلٰى مَالِ سَيِّدِهِ وَهُوَ مَسْئُوْلٌ عَنْهُ، أَلَا فَكُلُّكُمْ رَاعٍ وَكُلُّكُمْ مَسْئُوْلٌ عَنْ رَعِيَّتِهِ

✧✧ حضرت عبداللہ رضی اللہ عنہ بیان کرتے ہیں، نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے ارشاد فرمایا ہے: تم میں سے ہر ایک نگران ہے اور اس سے اس کی نگرانی کے بارے میں سوال کیا جائے گا۔ حاکم' لوگوں کا نگران ہے اس سے ان کے بارے میں سوال کیا جائے گا۔ آدمی اپنے گھر والوں کا نگران ہے اس سے ان کے بارے میں سوال کیا جائے گا۔ عورت اپنے شوہر کے گھر اور اس کی اولاد کی نگران ہے اور اس سے ان کے بارے میں سوال کیا جائے گا۔ غلام اپنے آقا کے مال کا نگران ہے اور اس سے اس کے بارے میں سوال کیا جائے گا۔ تم میں سے ہر ایک نگران ہے اور ہر ایک سے اس کی نگرانی کے بارے میں سوال کیا جائے گا۔

أخرجه البخاري في: 49 كتاب العتق: 17 باب كراهية التطاول على الرقيق

رقم الجزء: 1 رقم الصفحة: 594 (جہانگیری صحیح بخاری، مطبوعہ شبیر برادرز، رقم الحدیث:2416)

1200 ◦ حديث مَعْقِلِ بْنِ يَسَارٍ رَضِيَ اللّٰهُ عَنْهُ

عَنِ الْحَسَنِ، أَنَّ عُبَيْدَ اللّٰهِ بْنَ زِيَادٍ عَادَ مَعْقِلَ بْنَ يَسَارٍ فِيْ مَرَضِهِ الَّذِيْ مَاتَ فِيْهِ، فَقَالَ لَهُ مَعْقِلٌ: إِنِّيْ مُحَدِّثُكَ حَدِيْثًا سَمِعْتُهُ مِنْ رَسُوْلِ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ، سَمِعْتُ النَّبِيَّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ يَقُوْلُ: مَا مِنْ عَبْدٍ اسْتَرْعَاهُ اللّٰهُ رَعِيَّةً فَلَمْ يَحُطْهَا بِنَصِيحَةٍ إِلَّا لَمْ يَجِدْ رَائِحَةَ الْجَنَّةِ

✧✧ حسن بصری بیان کرتے ہیں: عبیداللہ بن زیاد' حضرت معقل بن یسار رضی اللہ عنہ کی بیماری کے دوران' جس میں ان کا انتقال ہوا' ان کی عیادت کے لئے گئے تو حضرت معقل رضی اللہ عنہ نے ان سے کہا: میں تمہیں ایک حدیث سنانے لگا ہوں جو میں نے نبی

رقم الحدیث1200

أخرجه الحسين بن محمد النيسابوري في "صحيحه" طبع دار احياء التراث العربي، بيروت، لبنان، رقم الحديث:142 اخرجه ابو محمد [illegible] في "مسنده" طبع دار الكتاب العربي، بيروت، لبنان، 1407ھ، 1987ء، رقم الحديث:2796 اخرجه ابو عبدالله القضاعي في "مسنده" طبع مؤسسة الرسالة، بيروت، لبنان، 1407ھ، 1986ء، رقم الحديث:804

Marfat.com

امر صلی اللہ علیہ وسلم کی زبانی سنی ہے۔ میں نے نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کو یہ ارشاد فرماتے ہوئے سنا ہے: اگر کسی بندے کو اللہ تعالیٰ رعایا کا نگران مقرر کرے اور وہ خیر خواہی کے ساتھ ان کی دیکھ بھال نہ کرے تو ایسا شخص جنت کی خوشبو نہیں پا سکے گا۔

أخرجه البخاري في: 93 كتاب الأحكام: 8 باب من استرعي رعية فلم ينصح

رقم الجزء: 1 رقم الصفحة: 594 (جرمانگبری صحیح بخاری مطبوعہ شبیر برادرز رقم الحدیث 6731)

•••————•••————•••

غلظ تحریم الغلول

مال غنیمت میں چوری کرنا شدید حرام ہے

1201 ۔ حديث أَبِي هُرَيْرَةَ رَضِيَ اللّٰهُ عَنْهُ،

قَالَ: قَامَ فِينَا النَّبِيُّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ فَذَكَرَ الْغُلُولَ، فَعَظَّمَهُ وَعَظَّمَ أَمْرَهُ، قَالَ: لاَ أُلْفِيَنَّ أَحَدَكُمْ يَوْمَ الْقِيَامَةِ، عَلَى رَقَبَتِهِ شَاةٌ لَهَا ثُغَاءٌ، عَلَى رَقَبَتِهِ فَرَسٌ لَهُ حَمْحَمَةٌ، يَقُولُ: يَا رَسُولَ اللّٰهِ أَغِثْنِي، فَأَقُولُ: لاَ أَمْلِكُ لَكَ شَيْئًا، قَدْ أَبْلَغْتُكَ؛ وَعَلَى رَقَبَتِهِ بَعِيرٌ لَهُ رُغَاءٌ، يَقُولُ: يَا رَسُولَ اللّٰهِ أَغِثْنِي، فَأَقُولُ: لاَ أَمْلِكُ لَكَ شَيْئًا قَدْ أَبْلَغْتُكَ؛ وَعَلَى رَقَبَتِهِ صَامِتٌ، فَيَقُولُ: يَا رَسُولَ اللّٰهِ أَغِثْنِي، فَأَقُولُ: لاَ أَمْلِكُ لَكَ شَيْئًا قَدْ أَبْلَغْتُكَ؛ أَوْ عَلَى رَقَبَتِهِ رِقَاعٌ تَخْفِقُ فَيَقُولُ: يَا رَسُولَ اللّٰهِ أَغِثْنِي، فَأَقُولُ: لاَ أَمْلِكُ لَكَ شَيْئًا قَدْ أَبْلَغْتُكَ

✧✧ حضرت ابوہریرہ رضی اللہ عنہ بیان کرتے ہیں ایک دفعہ نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم ہمارے درمیان (خطبہ) دینے کے لئے کھڑے ہوئے آپ نے مال غنیمت میں خیانت کے موضوع پر بھرپور روشنی ڈالی اور فرمایا میں تم میں سے قیامت کے دن کسی ایسے شخص کو ایسی حالت میں نہ پاؤں کہ اس کی گردن پر بکری موجود ہو اور وہ آواز نکال رہی ہو یا گھوڑا موجود ہو اور وہ ہنہنا رہا ہو اور وہ شخص یہ کہے اے اللہ کے رسول! میری مدد کیجئے اور میں یہ کہوں کہ میں اب تمہاری کچھ مدد نہیں کر سکتا۔ میں نے تمہیں پیغام پہنچا دیا تھا یا اس شخص کی گردن پر اونٹ موجود ہو جو آواز نکال رہا ہو وہ شخص یہ کہے: اے اللہ کے رسول! میری مدد کیجئے۔ میں یہ کہوں: میں تمہارے لیے کچھ نہیں کر سکتا۔ میں نے تمہیں پیغام پہنچا دیا تھا یا اس شخص کی گردن پر سونا چاندی موجود ہو اور وہ کہے: اے اللہ کے رسول! میری مدد کیجئے اور میں کہوں: میں تمہارے لیے کچھ نہیں کر سکتا۔ میں نے تمہیں احکام پہنچا دیے تھے یا اس شخص کی گردن پر (کپڑے) کے ٹکڑے موجود ہوں جو ہل رہے ہوں اور وہ کہے: اے اللہ کے رسول! میری مدد کیجئے اور میں یہ کہوں: میں تمہارے لیے کچھ نہیں کر سکتا۔ میں نے (اللہ کے احکام) تم تک پہنچا دیئے تھے۔

أخرجه البخاري في: 56 كتاب الجهاد: 189 باب الغلول

رقم الجزء: 1 رقم الصفحة: 595 (جرمانگبری صحیح بخاری مطبوعہ شبیر برادرز رقم الحدیث 2908)

•••————•••————•••

Marfat.com

تحریم هدایا العمال

سرکاری اہلکاروں کے لیے تحائف لینا حرام ہے

1202 - حديث أَبِي حُمَيْدٍ السَّاعِدِيِّ رَضِيَ اللّٰهُ عَنْهُ،

أَنَّ رَسُوْلَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ اسْتَعْمَلَ عَامِلاً، فَجَاءَهُ الْعَامِلُ حِيْنَ فَرَغَ مِنْ عَمَلِهِ، فَقَالَ: يَا رَسُوْلَ اللّٰهِ هٰذَا لَكُمْ، وَهٰذَا أُهْدِيَ لِيْ فَقَالَ لَهُ: أَفَلاَ قَعَدْتَ فِيْ بَيْتِ أَبِيكَ وَأُمِّكَ فَنَظَرْتَ أَيُهْدٰى لَكَ أَمْ لاَ ثُمَّ قَامَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ عَشِيَّةً، بَعْدَ الصَّلاَةِ، فَتَشَهَّدَ وَأَثْنَى عَلَى اللّٰهِ بِمَا هُوَ أَهْلُهُ، ثُمَّ قَالَ: أَمَّا بَعْدُ، فَمَا بَالُ الْعَامِلِ نَسْتَعْمِلُهُ فَيَأْتِيْنَا فَيَقُوْلُ هٰذَا مِنْ عَمَلِكُمْ، وَهٰذَا أُهْدِيَ لِي، أَفَلاَ قَعَدَ فِيْ بَيْتِ أَبِيهِ وَأُمِّهِ فَنَظَرَ هَلْ يُهْدٰى لَهُ أَمْ لاَ فَوَالَّذِي نَفْسُ مُحَمَّدٍ بِيَدِهِ لاَ يَغُلُّ أَحَدُكُمْ مِنْهَا شَيْئًا إِلاَّ جَاءَ بِهِ يَوْمَ الْقِيَامَةِ يَحْمِلُهُ عَلَى عُنُقِهِ، إِنْ كَانَ بَعِيْرًا جَاءَ بِهِ لَهُ رُغَاءٌ، وَإِنْ كَانَتْ بَقَرَةً جَاءَ بِهَا لَهَا خُوَارٌ، وَإِنْ كَانَتْ شَاةً جَاءَ بِهَا تَيْعَرُ، فَقَدْ بَلَّغْتُ

فَقَالَ أَبُوْ حُمَيْدٍ: ثُمَّ رَفَعَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ يَدَهُ حَتّٰى إِنَّا لَنَنْظُرُ إِلَى عُفْرَةِ إِبْطَيْهِ

☆☆ حضرت ابوحمید ساعدی رضی اللہ عنہ بیان کرتے ہیں: نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے ایک شخص کو عامل مقرر کیا وہ عامل اپنے کام سے فارغ ہو کر آیا اور عرض کی: یارسول اللہ! یہ آپ کا ہے اور یہ مجھے تحفے کے طور پر ملا ہے نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: تم اپنے ماں باپ کے گھر میں کیوں نہیں بیٹھے رہے؟ تاکہ تم جان لیتے کہ تمہیں تحفہ ملتا ہے یا نہیں ملتا؟ پھر نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم شام کے وقت نماز کے بعد کھڑے ہوئے اور کلمہ شہادت پڑھا۔ اللہ تعالیٰ کی شان کے مطابق اس کی حمد وثناء بیان کی پھر فرمایا: امابعد۔ عامل کا کیا معاملہ ہے کہ ہم اسے عامل مقرر کرتے ہیں پھر وہ ہمارے پاس آکر کہتا ہے: یہ آپ کی وصولی ہے اور یہ مجھے تحفے کے طور پر ملا ہے وہ اپنے ماں باپ کے گھر میں کیوں نہیں بیٹھتا اور پھر دیکھتا کہ اسے تحفہ ملتا ہے یا نہیں ملتا۔ اس ذات کی قسم! جس کے دست قدرت میں میری جان ہے اس بارے میں جو خیانت کرے گا قیامت کے دن اسے ساتھ لے کر اپنی گردن پر اٹھا کر لائے گا اگر وہ اونٹ کی خیانت کرے گا تو وہ اونٹ لے کر آئے گا اور وہ اونٹ کی آواز نکال رہا ہوگا اور اگر وہ بھینس ہوگی تو اسے لائے گا اور وہ آواز نکال رہی ہوگی اور اگر بکری ہوگی تو بکری والے کر آئے گا جو منمنا رہی ہوگی۔ میں نے تبلیغ کر دی۔

حضرت ابوحمید رضی اللہ عنہ بیان کرتے ہیں: نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے اپنے ہاتھ کو بلند کیا یہاں تک کہ آپ کی بغل کی سفیدی ہم نے دیکھ لی۔

أخرجه البخاري في: 83 كتاب الأيمان والنذور: 3 باب كيف كانت يمين النبي صلى الله عليه وسلم
رقم الجزء: 1 رقم الصفحة: 596 (جرمانگیری صحیح بخاری، مطبوعہ شبیر برادرز، رقم الحدیث:6260)

Marfat.com

وجوب طاعة الأمراء في غير معصية وتحريمها في المعصية

جو کام معصیت نہ ہوں اس میں حکام کی اطاعت کرنا واجب ہے

البتہ معصیت کے کام میں اطاعت کرنا حرام ہے

1203 ۔ حديث ابْنِ عَبَّاسٍ رَضِيَ اللّٰهُ عَنْهُمَا (أَطِيعُوا اللّٰهَ وَأَطِيعُوا الرَّسُولَ وَأُولِي الْأَمْرِ مِنْكُمْ)، قَالَ: نَزَلَتْ فِي عَبْدِ اللّٰهِ بْنِ حُذَافَةَ بْنِ قَيْسِ بْنِ عَدِيٍّ، إِذْ بَعَثَهُ النَّبِيُّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ فِي سَرِيَّةٍ

✧✧ حضرت ابن عباس رضی اللہ عنہما فرماتے ہیں یہ آیت

''اللہ تعالیٰ کی اطاعت کرو اور رسول کی اطاعت کرو اور تم میں سے جو لوگ اولی الامر ہیں ان کی اطاعت کرو''۔

حضرت ابن عباس رضی اللہ عنہما فرماتے ہیں: یہ آیت حضرت عبداللہ بن حذافہ رضی اللہ عنہ کے بارے میں نازل ہوئی جب نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے انہیں ایک مہم کا امیر بنا کر بھیجا تھا۔

أخرجه البخاري في: 65 كتاب التفسير: 4 سورة النساء: 11 باب قوله ﴿أطيعوا الله وأطيعوا الرسول وأولي الأمر منكم﴾

رقم الجزء: 1 رقم الصفحة: 597 (حوالہ شیڑ بر ادارہ صحیح بخاری مطبوعہ شیخ برادرز رقم الحدیث 4304)

1204 ۔ حديث أَبِي هُرَيْرَةَ رَضِيَ اللّٰهُ عَنْهُ،

أَنَّ رَسُولَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ، قَالَ: مَنْ أَطَاعَنِي فَقَدْ أَطَاعَ اللّٰهَ وَمَنْ عَصَانِي فَقَدْ عَصَى اللّٰهَ، وَمَنْ أَطَاعَ أَمِيرِي فَقَدْ أَطَاعَنِي، وَمَنْ عَصَى أَمِيرِي فَقَدْ عَصَانِي

✧✧ حضرت ابوہریرہ رضی اللہ عنہ بیان کرتے ہیں نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے ارشاد فرمایا ہے: جس نے میری اطاعت کی اس نے اللہ تعالیٰ کی اطاعت کی اور جس نے میری نافرمانی کی اس نے اللہ تعالیٰ کی نافرمانی کی اور جس نے میرے امیر کی اطاعت کی اس نے میری اطاعت کی اور جس نے میرے امیر کی نافرمانی کی اس نے میری نافرمانی کی۔

أخرجه البخاري في: 93 كتاب الأحكام: 1 باب قول الله تعالى ﴿أطيعوا الرسول وأولي الأمر منكم﴾

رقم الجزء: 1 رقم الصفحة: 597 (حوالہ شیڑ بر ادارہ صحیح بخاری مطبوعہ شیخ برادرز رقم الحدیث 7137)

رقم الحديث 1203

أخرجه أحمد بن حنبل في "مسنده" طبع مكتب المطبوعات الإسلامية حلب سنة 1406هـ 1986م رقم الحديث 4194 أخرجه عبد بن حميد في "مسنده" طبع مكتبة السنة بيروت سنة 1411هـ 1990م رقم الحديث 2538 أخرجه الحميدي في "مسنده" طبع مؤسسة فؤاد سزكين مصورة رقم الحديث 3124 أخرجه أبو عوانة يعقوب بن إسحاق الإسفرائيني في "مسنده" طبع دار المعرفة بيروت لبنان سنة 1406هـ 1986م رقم الحديث 7817 ذكره الهيثمي في "مجمع الزوائد ومنبع الفوائد" طبع دار الكتاب العربي بيروت سنة 1414هـ 1994م رقم الحديث 16379 أخرجه أبو يعلى الموصلي في "مسنده" طبع دار المأمون للتراث دمشق سنة 1404هـ 1984م رقم الحديث 2746

Marfat.com

1205 حديث عَبْدِ اللّٰهِ بْنِ عُمَرَ رَضِيَ اللّٰهُ عَنْهُ،

عَنِ النَّبِيِّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ، قَالَ: السَّمْعُ وَالطَّاعَةُ عَلَى الْمَرْءِ الْمُسْلِمِ فِيمَا أَحَبَّ وَكَرِهَ، مَا لَمْ يُؤْمَرْ بِمَعْصِيَةٍ؛ فَإِذَا أُمِرَ بِمَعْصِيَةٍ فَلاَ سَمْعَ وَلاَ طَاعَةَ

✧✧ حضرت عبداللہ رضی اللہ عنہ نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کا یہ فرمان نقل کرتے ہیں: اطاعت وفرمانبرداری مسلمان بندے پر لازم ہے جسے وہ پسند کرتا ہو اور جسے وہ ناپسند کرتا ہو جب کہ اسے کسی گناہ کا حکم نہ دیا جائے اگر گناہ کا حکم دیا جائے تو پھر کوئی اطاعت و فرمانبرداری نہیں ہوگی۔

أخرجه البخاري في: 93 كتاب الأحكام: 4 باب السمع والطاعة للإمام ما لم تكن معصية

رقم الجزء: 1 رقم الصفحة: 598 (جہانگیری صحیح بخاری مطبوعہ شبیر برادرز، رقم الحدیث:6725)

1206 حديث عَلِيٍّ رَضِيَ اللّٰهُ عَنْهُ،

قَالَ: بَعَثَ النَّبِيُّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ سَرِيَّةً وَّأَمَّرَ عَلَيْهِمْ رَجُلاً مِّنَ الْأَنْصَارِ وَأَمَرَهُمْ أَنْ يُّطِيعُوهُ فَغَضِبَ عَلَيْهِمْ، وَقَالَ: أَلَيْسَ قَدْ أَمَرَ النَّبِيُّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ أَنْ تُطِيعُوْنِي قَالُوْا: بَلٰى قَالَ: عَزَمْتُ عَلَيْكُمْ لَمَا جَمَعْتُمْ حَطَبًا وَّأَوْقَدْتُمْ نَارًا ثُمَّ دَخَلْتُمْ فِيْهَا فَجَمَعُوا حَطَبًا، فَأَوْقَدُوا فَلَمَّا هَمُّوا بِالدُّخُولِ، فَقَامَ يَنْظُرُ بَعْضُهُمْ إِلٰى بَعْضٍ، قَالَ بَعْضُهُمْ: إِنَّمَا تَبِعْنَا النَّبِيَّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ فِرَارًا مِّنَ النَّارِ، أَفَنَدْخُلُهَا فَبَيْنَمَا هُمْ كَذٰلِكَ إِذْ خَمَدَتِ النَّارُ، وَسَكَنَ غَضَبُهُ فَذُكِرَ لِلنَّبِيِّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ، فَقَالَ: لَوْ دَخَلُوْهَا مَا خَرَجُوا مِنْهَا أَبَدًا، إِنَّمَا الطَّاعَةُ فِي الْمَعْرُوْفِ

✧✧ حضرت علی رضی اللہ عنہ بیان کرتے ہیں: نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے ایک مہم روانہ کی اور ایک انصاری کو اس کا امیر مقرر کیا اور لوگوں کو یہ ہدایت کی کہ اس کی فرمانبرداری کریں ایک دن وہ انصاری ان لوگوں پر ناراض ہوگیا اور کہا: کیا نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے یہ حکم نہیں دیا تھا کہ میری فرمانبرداری کرو؟ لوگوں نے کہا: جی ہاں! تو انصاری نے کہا: میں تمہیں پابند کرتا ہوں کہ تم لکڑیاں اکٹھی کرو اور پھر آگ جلاؤ اور اس میں داخل ہو جاؤ۔ انہوں نے لکڑیاں اکٹھی کیں اور پھر آگ جلادی اور جب انہوں نے اس میں داخل ہونے کا ارادہ کیا تو ایک دوسرے کی طرف دیکھنے لگے۔ ان میں سے ایک نے کہا۔ ہم نے آگ سے بچنے کے لئے نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کی پیروی کی ہے اور اب ہم اس میں داخل ہو جائیں؟ ابھی وہ اس کشمکش میں تھے کہ آگ بجھ گئی تو اس انصاری کا غصہ بھی ٹھنڈا ہوگیا۔ جب اس کا تذکرہ نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم سے کیا گیا تو نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: اگر وہ لوگ اس آگ میں داخل ہو جاتے تو کبھی بھی اس میں سے باہر نہ آتے۔ فرمانبرداری نیکی کے کام میں ہوتی ہے۔

أخرجه البخاري في: 93 كتاب الأحكام: 4 باب السمع والطاعة للإمام ما لم تكن معصية

رقم الجزء: 1 رقم الصفحة: 598 (جہانگیری صحیح بخاری مطبوعہ شبیر برادرز، رقم الحدیث:6726)

1207 حديث عُبَادَةَ بْنِ الصَّامِتِ رَضِيَ اللّٰهُ عَنْهُ

عَنْ جُنَادَةَ بْنِ أَبِي أُمَيَّةَ، قَالَ: دَخَلْنَا عَلٰى عُبَادَةَ بْنِ الصَّامِتِ وَهُوَ مَرِيضٌ، قُلْنَا: أَصْلَحَكَ اللّٰهُ، حَدِّثْ

Marfat.com

بِحَدِيثٍ يَنْفَعُكَ اللَّهُ بِهِ، سَمِعْتَهُ مِنَ النَّبِيِّ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَالَ: دَعَانَا النَّبِيُّ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ فَبَايَعْنَاهُ، فَقَالَ فِيمَا أَخَذَ عَلَيْنَا، أَنْ بَايَعَنَا عَلَى السَّمْعِ وَالطَّاعَةِ فِي مَنْشَطِنَا وَمَكْرَهِنَا وَعُسْرِنَا وَيُسْرِنَا وَأَثَرَةٍ عَلَيْنَا، وَأَنْ لاَ نُنَازِعَ الأَمْرَ أَهْلَهُ إِلَّا أَنْ تَرَوْا كُفْرًا بَوَاحًا عِنْدَكُمْ مِنَ اللَّهِ فِيهِ بُرْهَانٌ

✧✧ حضرت عبادہ بن الولید بیان کرتے ہیں: ہم حضرت عبادہ بن صامت رضی اللہ عنہ کی خدمت میں حاضر ہوئے۔ وہ اس وقت بیمار تھے۔ ہم نے کہا اللہ تعالیٰ آپ کو ٹھیک کرے۔ آپ ہمیں کوئی حدیث سنائیں جو آپ نے نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کی زبانی سنی ہو اور اللہ تعالیٰ نے آپ کو اس کے ذریعے نفع دیا ہو تو حضرت عبادہ رضی اللہ عنہ نے بتایا نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے ہمیں بلایا ہم نے آپ کی بیعت کی۔ حضرت عبادہ رضی اللہ عنہ بیان کرتے ہیں: نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے ہم سے جو بیعت لی تھی اس میں ہم نے یہ شرط رکھی تھی کہ ہم ہر حالت میں خوشی (حکم کی اطاعت کریں گے) ناپسندیدگی کے عالم میں اور ہم حکومتی معاملات میں ان سے جھگڑا نہیں کریں گے۔ سوائے اس صورت کے کہ تم لوگ واضح کفر دیکھو اور اس کے بارے میں اللہ تعالیٰ کی طرف سے تمہارے پاس واضح دلیل ہو (جو اس کی مخالفت پر آمادہ کرے)

أخرجه البخاري في: 92 كتاب الفتن: 2 باب قول النبي صلى الله عليه وسلم سترون بعدي أمورا تنكرونها
رقم الجزء: 1 رقم الصفحة: 599 (جرمانگبری صحیح بخاری مظہری شبیر برادرز رقم الحدیث 6647)

•••————•••————•••

الامر بالوفاء ببيعة الخلفاء الاول فالاول

خلفاء کی بیعت کو پورا کرنا لازم ہے اور جس کی پہلے بیعت کی گئی (وہی خلیفہ شمار ہوگا)

1208 ۔ حديث أَبِي هُرَيْرَةَ رَضِيَ اللَّهُ عَنْهُ،

عَنِ النَّبِيِّ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ، قَالَ: كَانَتْ بَنُو إِسْرَائِيلَ تَسُوسُهُمُ الأَنْبِيَاءُ، كُلَّمَا هَلَكَ نَبِيٌّ خَلَفَهُ نَبِيٌّ، وَإِنَّهُ لاَ نَبِيَّ بَعْدِي، وَسَيَكُونُ خُلَفَاءُ فَيَكْثُرُونَ قَالُوا: فَمَا تَأْمُرُنَا قَالَ: فُوا بِبَيْعَةِ الأَوَّلِ فَالأَوَّلِ، أَعْطُوهُمْ حَقَّهُمْ، فَإِنَّ اللَّهَ سَائِلُهُمْ عَمَّا اسْتَرْعَاهُمْ

✧✧ حضرت ابوہریرہ رضی اللہ عنہ بیان کرتے ہیں: نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے ارشاد فرمایا ہے: بنی اسرائیل پر انبیاء علیہم السلام حکمرانی کیا کرتے

رقم الحديث 1208

أخرجه أبو الحسن مسلم النيسابوري في "صحيحه" طبع دار إحياء التراث العربي بيروت لبنان رقم الحديث 1842 أخرجه أبو عبد الله البخاري في "مسنده" طبع دار الفكر بيروت لبنان رقم الحديث 2871 أخرجه أبو عبد الله النسائي في "مسنده" طبع مؤسسة قرطبة مصر رقم الحديث 7947 أخرجه أبو الحسن الدارقطني في "صحيحه" طبع مؤسسة الرسالة بيروت لبنان 1414ھ 1993م رقم الحديث 4555 ذكره أبو بكر البيهقي في "مسنده" بكري طبع مكتبة دار الباز مكة المكرمة سعودية 1414ھ 1994م رقم الحديث 16325 أخرجه أبو يعلى الموصلي في "مسنده" طبع دار المأمون للتراث دمشق سورية 1404ھ 1984م رقم الحديث 6211 أخرجه ابن أبي خيثمة في "مسنده" طبع مكتبة الإسدي مدينة منورة طبع أول 1412ھ 1991م رقم الحديث 222

Marfat.com

تھے جب ایک نبی کا وصال ہو جاتا تو اس کے بعد دوسرا نبی آجاتا تھا۔ میرے بعد کوئی نبی نہیں ہوگا میرے بعد خلفاء ہوں گے اور بہت سے دعویدار ہوں گے۔ لوگوں نے عرض کی: آپ ہمیں کیا حکم دیتے ہیں؟ نبی اکرم ﷺ نے فرمایا، جس کی سب سے پہلے بیعت کی گئی ہو اس کی پیروی کرو اور ان خلفاء کو ان کا حق دو! کیونکہ اللہ تعالیٰ ان سے ان کی رعایا کے بارے میں باز پرس کرے گا۔

أخرجه البخاري في: 60 كتاب الأنبياء: 50 باب ما ذكر عن بني إسرائيل

رقم الجزء: 1 رقم الصفحة: 599 (جہانگیری صحیح بخاری مطبوعہ شبیر برادرز، رقم الحدیث: 3268)

1209 ۔ حديث ابْنِ مَسْعُوْدٍ رَضِيَ اللّٰهُ عَنْهُ،

عَنِ النَّبِيِّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ، قَالَ: سَتَكُوْنُ أَثَرَةٌ وَأُمُوْرٌ تُنْكِرُوْنَهَا قَالُوْا: يَا رَسُوْلَ اللّٰهِ فَمَا تَأْمُرُنَا قَالَ: تُؤَدُّوْنَ الْحَقَّ الَّذِيْ عَلَيْكُمْ وَتَسْأَلُوْنَ اللّٰهَ الَّذِيْ لَكُمْ

✧✧ حضرت ابن مسعود رضی اللہ عنہ نبی اکرم ﷺ کا یہ فرمان نقل کرتے ہیں: عنقریب حکومتی معاملوں میں (ترجیحی) سلوک سامنے آئے گا اور ایسے امور ہوں گے جنہیں تم ناپسند کرو گے لوگوں نے عرض کی: یارسول اللہ (ﷺ)! تو پھر آپ ہمیں کیا حکم دیتے ہیں؟ نبی اکرم ﷺ نے فرمایا: جس حق کی ادائیگی تم پر لازم ہے تم اسے ادا کر دینا اور جو تمہارا (حق حاصل ہونے والا ہو) وہ تم اللہ سے مانگنا۔

أخرجه البخاري في: 61 كتاب المناقب: 25 باب علامات النبوة في الإسلام

رقم الجزء: 1 رقم الصفحة: 600 (جہانگیری صحیح بخاری مطبوعہ شبیر برادرز، رقم الحدیث: 3408)

•••———•••———•••

الأمر بالصبر عند ظلم الولاة واستئثارهم

حکمرانوں کے ظلم کے وقت اور اپنے ساتھ ترجیحی سلوک کے وقت صبر سے کام لینے کا حکم ہے

1210 ۔ حديث أُسَيْدِ بْنِ حُضَيْرٍ رَضِيَ اللّٰهُ عَنْهُ،

رقم الحديث: 1209

اخرجه ابو الحسين مسلم النيسابوري في "صحيحه" طبع داراحياء التراث العربي، بيروت، لبنان، رقم الحديث: **1843** اخرجه ابو عيسى الترمذي في "جامعه" طبع داراحياء التراث العربي، بيروت، لبنان، رقم الحديث: **2190** اخرجه ابوعبدالله الشيباني في "مسنده" طبع مؤسسة قرطبة، قاهره، مصر، رقم الحديث: **3663** اخرجه ابوحاتم البستي في "صحيحه" طبع موسسه الرساله، بيروت، لبنان، 1414ھ 1993ء، رقم الحديث: **4587** ذكره ابوبكر البيهقي في "سننه الكبرى" طبع مكتبه دارالباز، مكه مكرمه، سعودي عرب 1414ھ 1994ء، رقم الحديث: **16392** اخرجه ابويعلى الموصلي في "مسنده" طبع دارالمامون للتراث، دمشق، شام، **1404ھ.1984ء**، رقم الحديث: **5156** اخرجه ابوالقاسم الطبراني في "معجمه الصغير" طبع المكتب الاسلامي، دارعمار، بيروت، لبنان/عمان، **1405ھ** 1985ء، رقم الحديث: **985** اخرجه ابوالقاسم الطبراني في "معجمه الكبير" طبع مكتبه العلوم والحكم، موصل، **1404ھ/1983ء**، رقم الحديث: **10073** اخرجه ابوداؤد الطيالسي في "مسنده" طبع دارالمعرفة، بيروت، لبنان، رقم الحديث: **297**

Marfat.com

أَنَّ رَجُلاً مِنَ الأَنْصَارِ، قَالَ: يَا رَسُولَ اللَّهِ أَلاَ تَسْتَعْمِلُنِي كَمَا اسْتَعْمَلْتَ فُلاَنًا قَالَ: سَتَلْقَوْنَ بَعْدِي أَثَرَةً فَاصْبِرُوا حَتَّى تَلْقَوْنِي عَلَى الحَوْضِ

☆☆ حضرت اسید بن حضیر رضی اللہ عنہ نقل کرتے ہیں: ایک مرتبہ ایک انصاری نے عرض کی یا رسول اللہ (ﷺ)! آپ مجھے کوئی ذمہ داری اسی طرح دیں جیسے آپ نے فلاں صاحب کو دی ہے۔

نبی اکرم ﷺ نے فرمایا: عنقریب تمہیں میرے بعد امتیازی سلوک کا سامنا کرنا پڑے گا تو تم حوض پر میرے سے ملنے تک صبر کرنا۔

أخرجه البخاري في: 63 كتاب مناقب الأنصار: 8 باب قول النبي صلى الله عليه وسلم للأنصار اصبروا حتى تلقوني على الحوض

رقم الجزء: 1 رقم الصفحة: 600 (صحیح بخاری: مطبوعہ شبیر برادرز، رقم الحدیث 3581)

•••———•••———•••

الأمر بلزوم الجماعة عند ظهور الفتن وتحذير الدعاة إلى الكفر

فتنوں کے ظہور کے وقت (مسلمانوں کی) جماعت کے ساتھ رہنے اور کفر کی طرف دعوت دینے والوں سے بچنے کا حکم ہے

1211 ۔ حديث حُذَيْفَةَ بْنِ الْيَمَانِ رَضِيَ اللَّهُ عَنْهُ

عَنْ أَبِي إِدْرِيسَ الخَوْلاَنِيِّ، أَنَّهُ سَمِعَ حُذَيْفَةَ بْنَ اليَمَانِ يَقُولُ: كَانَ النَّاسُ يَسْأَلُونَ رَسُولَ اللَّهِ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ عَنِ الخَيْرِ، وَكُنْتُ أَسْأَلُهُ عَنِ الشَّرِّ مَخَافَةَ أَنْ يُدْرِكَنِي فَقُلْتُ: يَا رَسُولَ اللَّهِ إِنَّا كُنَّا فِي جَاهِلِيَّةٍ وَشَرٍّ، فَجَاءَنَا اللَّهُ بِهَذَا الخَيْرِ، فَهَلْ بَعْدَ هَذَا الخَيْرِ مِنْ شَرٍّ قَالَ: نَعَمْ قُلْتُ: وَهَلْ بَعْدَ ذَلِكَ الشَّرِّ مِنْ خَيْرٍ قَالَ: نَعَمْ، وَفِيهِ دَخَنٌ قُلْتُ: وَمَا دَخَنُهُ قَالَ: قَوْمٌ يَهْدُونَ بِغَيْرِ هَدْيِي، تَعْرِفُ مِنْهُمْ وَتُنْكِرُ قُلْتُ: فَهَلْ بَعْدَ ذَلِكَ الخَيْرِ مِنْ شَرٍّ قَالَ: نَعَمْ، دُعَاةٌ إِلَى أَبْوَابِ جَهَنَّمَ، مَنْ أَجَابَهُمْ إِلَيْهَا قَذَفُوهُ فِيهَا قُلْتُ: يَا رَسُولَ اللَّهِ صِفْهُمْ لَنَا فَقَالَ: هُمْ مِنْ جِلْدَتِنَا، وَيَتَكَلَّمُونَ بِأَلْسِنَتِنَا قُلْتُ: فَمَا تَأْمُرُنِي، إِنْ أَدْرَكَنِي ذَلِكَ قَالَ: تَلْزَمُ جَمَاعَةَ المُسْلِمِينَ وَإِمَامَهُمْ قُلْتُ: فَإِنْ لَمْ يَكُنْ لَهُمْ جَمَاعَةٌ وَلاَ إِمَامٌ قَالَ: فَاعْتَزِلْ تِلْكَ الفِرَقَ كُلَّهَا وَلَوْ أَنْ تَعَضَّ بِأَصْلِ شَجَرَةٍ حَتَّى يُدْرِكَكَ المَوْتُ وَأَنْتَ عَلَى ذَلِكَ

☆☆ حضرت حذیفہ رضی اللہ عنہ بیان کرتے ہیں: لوگ نبی اکرم ﷺ سے بھلائی کے بارے میں دریافت کرتے تھے اور میں آپ سے برائی کے بارے میں دریافت کرتا تھا اس اندیشے سے کہ کہیں وہ مجھے لاحق نہ ہو جائے۔

میں نے عرض کی یا رسول اللہ (ﷺ)! ہم زمانہ جاہلیت میں تھے اور بہت برے حال میں تھے تو اللہ تعالیٰ نے ہمیں (اسلام) عطا کی۔ کیا اس بھلائی کے بعد کوئی برائی ہوگی؟ نبی اکرم ﷺ نے فرمایا: ہاں! میں نے عرض کیا اس برائی کے

Marfat.com

کوئی بھلائی ہوگی؟ نبی اکرم ﷺ نے فرمایا: ہاں۔ تاہم اس میں کچھ کدورت ہوگی میں نے عرض کی: وہ کدورت کیا ہوگی۔

آپ نے فرمایا: کچھ لوگ ہوں گے جو میری ہدایت کی بجائے دوسری ہدایت حاصل کریں گے ان کی کچھ باتیں تمہیں پسند آئیں گی اور کچھ بری لگیں گی۔ میں نے عرض کی: کیا اس بھلائی کے بعد کوئی برائی ہوگی؟ آپ نے فرمایا: ہاں کچھ دعوت دینے والے ہوں گے جو جہنم کی طرف بلائیں گے جو شخص ان کی دعوت قبول کرے گا وہ اسے جہنم میں پھینک دیں گے۔ میں نے عرض کی: یارسول اللہ (ﷺ)! اُن کی صفات ہمارے سامنے بیان کیجئے۔ آپ نے فرمایا: وہ ہم جیسے لوگ ہوں گے ہماری زبان بولیں گے، میں نے عرض کی: آپ مجھے کیا حکم دیتے ہیں اگر اُن کا زمانہ مجھے مل گیا، آپ نے فرمایا: تم مسلمانوں کی جماعت اور ان کے امام کے ساتھ رہنا۔ میں نے عرض کی: اس وقت اگر مسلمانوں کی جماعت یا امام نہ ہوا؟ آپ نے فرمایا: پھر تم ان تمام فرقوں سے الگ رہنا۔ خواہ تمہیں درخت کی جڑ میں پناہ لینی پڑے۔ جب تمہیں موت آئے تو تم اسی حالت میں ہو۔

أخرجه البخاري في: 61 كتاب المناقب: 25 باب علامات النبوة في الإسلام

رقم الجزء: 1 رقم الصفحة: 600 (جہانگیری صحیح بخاری، مطبوعہ شبیر برادرز، رقم الحدیث: 3411)

1212 حديث ابْنِ عَبَّاسٍ رَضِيَ اللّٰهُ عَنْهُمَا،

عَنِ النَّبِيِّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ، قَالَ: مَنْ كَرِهَ مِنْ أَمِيرِهِ شَيْئًا فَلْيَصْبِرْ؛ فَإِنَّهُ مَنْ خَرَجَ مِنَ السُّلْطَانِ شِبْرًا مَاتَ مِيتَةً جَاهِلِيَّةً

☆☆ حضرت ابن عباس رضی اللہ عنہما نبی اکرم ﷺ کا یہ فرمان نقل کرتے ہیں: جس شخص کو اپنے امیر کی کوئی بات ناپسند ہو وہ اس پر صبر سے کام لے کیونکہ جو شخص ایک بالشت کے برابر سلطان سے لاتعلق ہوگا وہ زمانہ جاہلیت کی موت مرے گا۔

أخرجه البخاري في: 92 كتاب الفتن: 2 باب قول النبي صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ سترون بعدي أمورًا تنكرونها

رقم الجزء: 1 رقم الصفحة: 602 (جہانگیری صحیح بخاری، مطبوعہ شبیر برادرز، رقم الحدیث: 6645)

•••———•••———•••

استحباب مبايعة الإمام الجيش عند إرادة القتال وبيان بيعة الرضوان تحت الشجرة

رقم الحديث 1212

اخرجه الحسين مسلم النيسابوري في "صحيحه" طبع داراحياء التراث العربي، بيروت، لبنان، رقم الحديث: **1847** اخرجه ابوعبدالله الشيباني في "مسنده" طبع موسسه قرطبه، قاهره، مصر، رقم الحديث: **23438** اخرجه ابوحاتم البستي في "صحيحه" طبع موسسه الرسالة، بيروت، لبنان، **1414**ھ/**1993**ء، رقم الحديث: **117** اخرجه ابوعبدالله النيسابوري في "المستدرک" طبع دارالكتب العلميه، بيروت، لبنان، **1411**ھ، **1990**ء، رقم الحديث: **386** اخرجه ابوعبدالرحمن النسائي في "سننه" طبع مكتب المطبوعات الاسلاميه، حلب، سنه **1406**ھ، **1986**ء، رقم الحديث: **8032** ذكره ابوبكر البيهقي في "سننه الكبرىٰ" طبع مكتبه دارالباز، مكه مكرمه، سعودي عرب **1414**ھ **1994**ء، رقم الحديث: **16387** اخرجه ابوداؤد الطيالسي في "مسنده" طبع دارالمعرفة، بيروت، لبنان، رقم الحديث: **442**

Marfat.com

جنگ کے وقت حاکم کا اپنے لشکر سے بیعت لینا مستحب ہے
اور اس بات کا بیان کہ بیعت الرضوان درخت کے نیچے ہوئی تھی

1213 ۔ حدیث جَابِرِ بْنِ عَبْدِ اللّٰهِ رَضِيَ اللّٰهُ عَنْهُمَا،

قَالَ: قَالَ لَنَا رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ، يَوْمَ الْحُدَيْبِيَةِ: أَنْتُمْ خَيْرُ أَهْلِ الْأَرْضِ وَكُنَّا أَلْفًا وَأَرْبَعَمِائَةٍ وَلَوْ كُنْتُ أُبْصِرُ الْيَوْمَ لَأَرَيْتُكُمْ مَكَانَ الشَّجَرَةِ

✧✧ حضرت جابر بن عبداللہ رضی اللہ عنہ بیان کرتے ہیں' نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے حدیبیہ کے دن ہم سے فرمایا: تم لوگ روئے زمین کے سب سے بہتر فرد ہو' حضرت جابر رضی اللہ عنہ بیان کرتے ہیں' ہماری تعداد اس وقت چودہ سو تھی آج اگر میں دیکھنے کے قابل ہوتا تو تمہیں اس درخت کی جگہ دکھاتا۔

أخرجه البخاري في: 64 كتاب المغازي: 35 باب غزوة الحديبية

رقم الجزء: 1 رقم الصفحة: 602 (جہانگیری صحیح بخاری مطبوعہ شبیر برادرز، رقم الحدیث: 3923)

1214 ۔ حديث الْمُسَيَّبِ بْنِ حَزْنٍ رَضِيَ اللّٰهُ عَنْهُ،

قَالَ: لَقَدْ رَأَيْتُ الشَّجَرَةَ، ثُمَّ أَتَيْتُهَا بَعْدُ فَلَمْ أَعْرِفْهَا

✧✧ حضرت مسیب بن حزن رضی اللہ عنہ اپنے والد کا یہ بیان نقل کرتے ہیں: میں نے اس درخت کو دیکھا تھا پھر اس کے بعد جب میں وہاں آیا تو میں اس درخت کو پہچان نہیں سکا۔

ایک روایت میں یہ الفاظ ہیں: اس کے بعد وہ درخت مجھے بھلا دیا گیا۔

أخرجه البخاري في: 64 كتاب المغازي: 35 باب غزوة الحديبية

رقم الجزء: 1 رقم الصفحة: 602 (جہانگیری صحیح بخاری مطبوعہ شبیر برادرز، رقم الحدیث: 3929)

1215 ۔ حديث سَلَمَةَ بْنِ الْأَكْوَعِ رَضِيَ اللّٰهُ عَنْهُ

عَنْ يَزِيدَ بْنِ أَبِي عُبَيْدٍ، قَالَ: قُلْتُ لِسَلَمَةَ بْنِ الْأَكْوَعِ: عَلَى أَيِّ شَيْءٍ بَايَعْتُمْ رَسُوْلَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ، يَوْمَ الْحُدَيْبِيَةِ قَالَ عَلَى الْمَوْتِ

✧✧ یزید بن ابوعبید بیان کرتے ہیں' میں نے حضرت سلمہ بن اکوع رضی اللہ عنہ سے دریافت کیا: آپ لوگوں نے حدیبیہ کے موقع پر نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کے دست اقدس پر کس بات کی بیعت کی تھی؟ تو انہوں نے جواب دیا: موت کی۔

أخرجه البخاري في: 64 كتاب المغازي: 35 باب غزوة الحديبية

رقم الجزء: 1 رقم الصفحة: 602 (جہانگیری صحیح بخاری مطبوعہ شبیر برادرز، رقم الحدیث: 3936)

1216 ۔ حديث عَبْدِ اللّٰهِ بْنِ زَيْدٍ رَضِيَ اللّٰهُ عَنْهُ،

قَالَ: لَمَّا كَانَ زَمَنَ الْحَرَّةِ، أَتَاهُ آتٍ، فَقَالَ لَهُ: إِنَّ ابْنَ حَنْظَلَةَ يُبَايِعُ النَّاسَ عَلَى الْمَوْتِ فَقَالَ: لَا أُبَايِعُ

Marfat.com

عَلَى هٰذَا أَحَدًا بَعْدَ رَسُوْلِ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ

☆☆ حضرت عبداللہ بن زید رضی اللہ عنہما بیان کرتے ہیں' حرہ کے زمانے میں ایک شخص ان کے پاس آیا اور انہیں بتایا: ابن حنظلہ لوگوں سے بیعت لے رہے ہیں تو انہوں نے فرمایا: اس بات پر میں نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کے بعد کسی سے بیعت نہیں کروں گا۔

أخرجه البخاري في: 56 كتاب الجهاد: 110 باب البيعة في الحرب أن لا يفروا

رقم الجزء: 1 رقم الصفحة: 603 (جہانگیری صحیح بخاری، مطبوعہ شبیر برادرز، رقم الحدیث:2799)

•••———•••———•••

تحريم رجوع المهاجر إلى استيطان وطنه

مہاجر کا اپنے پرانے وطن کو دوبارہ وطن بنالینا حرام ہے

1217 - حديث سَلَمَةَ بْنِ الْأَكْوَعِ رَضِيَ اللّٰهُ عَنْهُ،

أَنَّهُ دَخَلَ عَلَى الْحَجَّاجِ، فَقَالَ. يَا ابْنَ الْأَكْوَعِ ارْتَدَدْتَّ عَلَى عَقِبَيْكَ، تَعَرَّبْتَ قَالَ: لاَ، وَلٰكِنَّ رَسُوْلَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ أَذِنَ لِيْ فِي الْبَدْوِ

☆☆ حضرت سلمہ بن اکوع رضی اللہ عنہ کے بارے میں منقول ہے: وہ حجاج کے پاس آئے۔ اس نے کہا: اے حضرت ابن اکوع! اپنے قدموں واپس چلے گئے ہیں۔ آپ نے دیہاتی زندگی اختیار کر لی ہے۔ انہوں نے جواب دیا: نہیں۔ بلکہ اللہ کے رسول نے مجھے دیہاتی زندگی کی اجازت دی تھی۔

أخرجه البخاري في: 92 كتاب الفتن: 14 باب التعرب في الفتنة

رقم الجزء: 1 رقم الصفحة: 603 (جہانگیری صحیح بخاری، مطبوعہ شبیر برادرز، رقم الحدیث:6676)

•••———•••———•••

رقم الحديث: 1216

[illegible] مسلم [illegible] في "صحيحه" طبع دار احياء التراث العربي، بيروت، لبنان، رقم الحديث: **1861** اخرجه ابوعبدالله [illegible] في "السنن الكبرى" طبع دار الكتب العلميه، بيروت، لبنان **1411**ھ/**1990**ء، رقم الحديث: **6215** اخرجه ابوعبدالله الشيباني في [illegible] طبع [illegible] مصر، رقم الحديث: **16518** ذكره ابوبكر البيهقي في "سننه الكبرى" طبع مكتبه دار الباز، مكه مكرمه، [illegible] **1414**ھ **1994**ء، رقم الحديث: **16338**

رقم الحديث **1217**: اخرجه ابوالحسين مسلم النيسابوري في "صحيحه" طبع دار احياء التراث العربي، بيروت، لبنان، رقم [illegible] **1852** اخرجه ابوعبدالرحمٰن النسائي في "سننه" طبع مكتب المطبوعات الاسلاميه، حلب، شام، **1406**ھ، **1986**ء، رقم [illegible] **4186** اخرجه ابوبكر البيهقي في "سننه الكبرى" طبع مكتبه دار الباز، مكه مكرمه، سعودي عرب **1414**ھ/**1994**ء، رقم [illegible] **17571**

Marfat.com

المبايعة بعد فتح مكة على الإسلام والجهاد والخير وبيان معنى لا هجرة بعد الفتح

فتح مکہ کے بعد اسلام، جہاد اور بھلائی پر بیعت لی جائے گی

نیز اس حدیث کے مفہوم کا بیان ''فتح کے بعد ہجرت باقی نہیں رہی''

1218 ۔ حديث مُجَاشِعِ بْنِ مَسْعُوْدٍ رَضِيَ اللّٰهُ عَنْهُ

وَأَبِي مَعْبَدٍ عَنْ أَبِي عُثْمَانَ النَّهْدِيِّ، عَنْ مُجَاشِعِ بْنِ مَسْعُوْدٍ رَضِيَ اللّٰهُ عَنْهُ قَالَ: انْطَلَقْتُ بِأَبِي مَعْبَدٍ إِلَى النَّبِيِّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ لِيُبَايِعَهُ عَلَى الْهِجْرَةِ، قَالَ: مَضَتِ الْهِجْرَةُ لِأَهْلِهَا، أُبَايِعُهُ عَلَى الْإِسْلَامِ وَالْجِهَادِ فَلَقِيْتُ أَبَا مَعْبَدٍ، فَسَأَلْتُهُ، فَقَالَ: صَدَقَ مُجَاشِعٌ

✧✧ حضرت مجاشع بن مسعود رضی اللہ عنہ بیان کرتے ہیں میں ابومعبد کو لے کر نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کی خدمت میں حاضر ہوا تاکہ آپ اس سے ہجرت کی بیعت لیں آپ نے فرمایا ہجرت اپنے کرنے والوں سمیت ختم ہوگئی ہے میں اس سے اسلام اور جہاد کی بیعت لوں گا۔

راوی بیان کرتے ہیں بعد میں میری ملاقات ابومعبد سے ہوئی تو میں نے اس بارے میں دریافت کیا تو اس نے بتایا مجاشع نے سچ کہا ہے۔

أخرجه البخاري في: 64 كتاب المغازي: 53 باب وفد بني

رقم الجزء: 1 رقم الصفحة: 603 (مرتب شیر صحیح بخاری مطبوعہ شیر برادرز حدیث 4055)

1219 ۔ حديث ابْنِ عَبَّاسٍ رَضِيَ اللّٰهُ عَنْهُمَا،

قَالَ: قَالَ النَّبِيُّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ، يَوْمَ فَتْحِ مَكَّةَ: لَا هِجْرَةَ وَلٰكِنْ جِهَادٌ وَنِيَّةٌ، وَإِذَا اسْتُنْفِرْتُمْ انْفِرُوْا

✧✧ حضرت ابن عباس رضی اللہ عنہما بیان کرتے ہیں نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے فتح مکہ کے دن یہ ارشاد فرمایا اب ہجرت نہیں رہی البتہ جہاد اور نیت ہیں جب تمہیں جہاد کے لئے بلایا جائے تو نکل کھڑے ہو۔

أخرجه البخاري في: 56 كتاب الجهاد: 194 باب لا هجرة بعد الفتح

رقم الجزء: 1 رقم الصفحة: 604 (مرتب شیر صحیح بخاری مطبوعہ شیر برادرز حدیث 2912)

1220 ۔ حديث أَبِي سَعِيْدٍ الْخُدْرِيِّ رَضِيَ اللّٰهُ عَنْهُ،

أَنَّ أَعْرَابِيًّا سَأَلَ رَسُوْلَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ عَنِ الْهِجْرَةِ، فَقَالَ: وَيْحَكَ إِنَّ شَأْنَهَا شَدِيْدٌ، فَهَلْ لَكَ مِنْ إِبِلٍ تُؤَدِّي صَدَقَتَهَا قَالَ: نَعَمْ، قَالَ: فَاعْمَلْ مِنْ وَرَاءِ الْبِحَارِ فَإِنَّ اللّٰهَ لَنْ يَتِرَكَ مِنْ عَمَلِكَ شَيْئًا

✧✧ حضرت ابوسعید خدری رضی اللہ عنہ بیان کرتے ہیں ایک دیہاتی نے نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم سے ہجرت کے بارے میں دریافت کیا

Marfat.com

تو نبی اکرم ﷺ نے فرمایا: تم پر حیرانی ہے وہ تو بہت عظیم معاملہ ہے کیا تمہارے پاس جو اونٹ ہیں تم ان کی زکوٰۃ ادا کرتے ہو؟ اس نے عرض کی جی ہاں نبی اکرم ﷺ نے ارشاد فرمایا: تم سمندروں کے پار بھی جو عمل کرتے ہو۔ اللہ تعالیٰ تمہارے اس عمل میں سے کچھ بھی ضائع نہیں کرے گا۔

أخرجه البخاري في: 24 كتاب الزكاة: 36 باب زكاة الإبل

رقم الجزء: 1 رقم الصفحة: 604 (جہانگیری صحیح بخاری، مطبوعہ شبیر برادرز، رقم الحدیث: 1384)

كيفية بيعة النساء

خواتین سے بیعت لینے کا طریقہ

1221 حديث عَائِشَةَ، زَوْجِ النَّبِيِّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ

قَالَتْ: كَانَتِ الْمُؤْمِنَاتُ، إِذَا هَاجَرْنَ إِلَى النَّبِيِّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ يَمْتَحِنُهُنَّ بِقَوْلِ اللّٰهِ تَعَالَى (يَا أَيُّهَا الَّذِينَ آمَنُوا إِذَا جَاءَكُمُ الْمُؤْمِنَاتُ مُهَاجِرَاتٍ فَامْتَحِنُوهُنَّ) إِلَى آخِرِ الْآيَةِ

قَالَتْ عَائِشَةُ: فَمَنْ أَقَرَّ بِهٰذَا الشَّرْطِ مِنَ الْمُؤْمِنَاتِ فَقَدْ أَقَرَّ بِالْمِحْنَةِ، فَكَانَ رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ، إِذَا أَقْرَرْنَ بِذٰلِكَ مِنْ قَوْلِهِنَّ، قَالَ لَهُنَّ رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: انْطَلِقْنَ، فَقَدْ بَايَعْتُكُنَّ لَا، وَاللّٰهِ مَا مَسَّتْ يَدُ رَسُولِ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ يَدَ امْرَأَةٍ قَطُّ، غَيْرَ أَنَّهُ بَايَعَهُنَّ بِالْكَلَامِ، وَاللّٰهِ مَا أَخَذَ رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ عَلَى النِّسَاءِ إِلَّا بِمَا أَمَرَهُ اللّٰهُ، يَقُولُ لَهُنَّ، إِذَا أَخَذَ عَلَيْهِنَّ قَدْ بَايَعْتُكُنَّ كَلَامًا

✧✧ سیدہ عائشہ صدیقہ رضی اللہ عنہا بیان کرتی ہیں: مومن عورتیں جب ہجرت کر کے نبی اکرم ﷺ کے پاس آتی تھیں تو آپ ان کا امتحان لیتے تھے۔ اللہ تعالیٰ کے اس فرمان پر عمل کرتے ہوئے:

''اے ایمان والو! جب مومن عورتیں ہجرت کر کے آئیں تو تم ان کا امتحان لو۔''

سیدہ عائشہ صدیقہ رضی اللہ عنہا بیان کرتی ہیں: جو مومن عورت ان شرائط کا اقرار کر لیتی تو وہ اس کا زبانی طور پر اقرار کرتی تھی۔ نبی

رقم الحديث: 1220

أخرجه ابو الحسين مسلم النيسابوري في "صحيحه" طبع دار احياء التراث العربي، بيروت، لبنان، رقم الحديث: **1865** اخرجه ابوداؤد السجستاني في "سننه" طبع دار الفكر، بيروت، لبنان، رقم الحديث: **2477** اخرجه ابوعبدالرحمن النسائي في "سننه" طبع مكتب المطبوعات الاسلاميه، حلب، شام، **1406**ھ، **1986**ء، رقم الحديث: **4164** اخرجه ابوعبدالله الشيباني في "مسنده" طبع موسسه قرطبه، قاهره، مصر، رقم الحديث: **11123** اخرجه ابوحاتم البستي في "صحيحه" طبع موسسه الرساله، بيروت، لبنان، **1414**ھ/**1993**ء، رقم الحديث: **3249** اخرجه ابوعبدالرحمن النسائي في "سننه" طبع مكتب المطبوعات الاسلاميه، حلب، شام، **1406**ھ، **1986**ء، رقم الحديث: **7787** ذكره ابوبكر البيهقي في "سننه الكبرى" طبع مكتبه دار الباز مكه مكرمه، سعودي عرب **1414**ھ/**1994**ء، رقم الحديث: **17543** اخرجه ابويعلى الموصلي في "مسنده" طبع دار المامون للتراث، دمشق، شام، **1404**ھ-**1984**ء، رقم الحديث: **1271**

Marfat.com

اکرم صلی اللہ علیہ وسلم جب زبانی طور پر ان سے یہ اقرار کروا لیتے تھے تو آپ ان سے یہ فرمایا کرتے تھے: تم اب چلی جاؤ میں نے تم سے بیعت لے لی ہے۔

سیدہ عائشہ رضی اللہ عنہا بیان کرتی ہیں: اللہ تعالیٰ کی قسم! نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کے دست مبارک نے کبھی کسی اجنبی عورت کے ہاتھ کو نہیں چھوا۔ آپ صرف زبانی طور پر ان سے بیعت لیتے تھے۔ اللہ تعالیٰ کی قسم! نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے انہی عورتوں سے بیعت لی جس کا اللہ تعالیٰ نے آپ کو حکم دیا تھا۔ جب آپ ان سے بیعت لے لیتے تھے تو آپ ان سے فرما دیتے تھے۔ میں نے تم سے بیعت لے لی ہے۔ آپ یہ بات زبانی طور پر کہتے تھے۔

أخرجه البخاري في: 68 كتاب الطلاق: 20 باب إذا أسلمت المشركة أو النصرانية تحت الذمي أو الحربي
رقم الجزء: 1 رقم الصفحة: 604 (جہانگیری صحیح بخاری مطبوعہ شبیر برادرز، رقم الحدیث 4983)

•••———•••———•••

البيعة على السمع والطاعة فيما استطاع

استطاعت کے مطابق اطاعت وفرمانبرداری کرنے کی بیعت (کرنی چاہئے)

1222 ۔ حديث عَبْدِ اللّٰهِ بْنِ عُمَرَ رَضِيَ اللّٰهُ عَنْهُ.

قَالَ: كُنَّا إِذَا بَايَعْنَا رَسُوْلَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ عَلَى السَّمْعِ وَالطَّاعَةِ. يَقُوْلُ لَنَا: فِيمَا اسْتَطَعْتُمْ

☆☆ حضرت عبداللہ بن عمر رضی اللہ عنہما بیان کرتے ہیں: جب ہم نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کے دست اقدس پر اطاعت وفرمانبرداری کی بیعت کرتے تھے تو آپ ہم سے یہ فرمایا کرتے تھے: جہاں تک تم سے ممکن ہو۔

أخرجه البخاري في: 93 كتاب الأحكام: 43 باب كيف يبايع الإمام الناس
رقم الجزء: 1 رقم الصفحة: 605 (جہانگیری صحیح بخاری مطبوعہ شبیر برادرز، رقم الحدیث 6776)

رقم الحدیث 1222

أخرجه الحسين مسلم النيسابوري في "صحيحه" طبع دار إحياء التراث العربي بيروت لبنان رقم الحديث 1867 ... السجستاني في ... طبع دار الفكر بيروت لبنان رقم الحديث 2940 أخرجه أبو عيسى الترمذي في "جامعه" طبع دار ... العربي بيروت لبنان رقم الحديث 1593 أخرجه أبو عبدالرحمن النسائي في "سننه" طبع مكتب ... حلب سنة 1406ھ 1986ء رقم الحديث 4187 أخرجه أبو عبدالله الأصبحي في "الموطأ" طبع دار إحياء التراث العربي بيروت لبنان رقم الحديث 1774 أخرجه أبو عبدالله الشيباني في "مسنده" طبع مؤسسة قرطبة قاهره مصر رقم الحديث 5282 أخرجه ... في "صحيحه" طبع مؤسسة الرسالة بيروت لبنان 1414ھ 1993ء رقم الحديث 4548 أخرجه أبو عبد ... في "سننه" طبع مكتب المطبوعات الإسلامية حلب شام 1406ھ 1986ء رقم الحديث 7810 ذكره أبوبكر ... في "سننه الكبرى" طبع مكتبة دار الباز مكة مكرمة سعودي عرب 1414ھ 1994ء رقم الحديث 16331 أخرجه داود الطيالسي في "مسنده" طبع دار المعرفة بيروت لبنان رقم الحديث 1880 أخرجه أبوبكر الحميدي في "مسنده" طبع دار الكتب العلمية ... بيروت لبنان رقم الحديث 640

Marfat.com

بيان سنّ البلوغ

سن بلوغت کا بیان

1223 - حديث ابْنِ عَمَرَ رَضِيَ اللّٰهُ عَنْهُمَا،

أَنَّ رَسُولَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ عَرَضَهُ يَوْمَ أُحُدٍ، وَهُوَ ابْنُ أَرْبَعَ عَشْرَةَ سَنَةً فَلَمْ يُجِزْنِي، ثُمَّ عَرَضَنِي يَوْمَ الْخَنْدَقِ وَأَنَا ابْنُ خَمْسَ عَشْرَةَ، فَأَجَازَنِي

حضرت ابن عمر رضی اللہ عنہما بیان کرتے ہیں' انہوں نے خود کو غزوۂ اُحد کے موقع پر پیش کیا اس وقت ان کی عمر چودہ برس تھی تو نبی صلی اللہ علیہ وسلم نے مجھے اجازت نہیں دی۔ پھر میں نے خود کو غزوہ خندق کے لئے پیش کیا اس وقت میری عمر پندرہ برس تھی تو نبی صلی اللہ علیہ وسلم نے مجھے اجازت دے دی۔

أخرجه البخاري في 52 كتاب الشهادات: 18 باب بلوغ الصبيان وشهادتهم

ترقيم العالمية أرقم الصفحة: 605 (عالمگیری صحیح بخاری مطبوعہ شبیر برادرز، رقم الحدیث: 2521)

•••———•••———•••

النهي أن يسافر بالمصحف إلى أرض الكفار إذا خيف وقوعه بأيديهم

اس بات کی ممانعت کہ قرآن مجید کے ہمراہ کفار کی سرزمین کی طرف سفر کیا جائے جبکہ اس کے ان کے ہاتھ لگنے (اور اس کی بے حرمتی ہونے) کا اندیشہ ہو

1223 حديث

ترقيم فؤاد عبد الباقي في "صحيحه" طبع دار احياء التراث العربي، بيروت، لبنان، رقم الحديث: 1868 اخرجه ابوداؤد في "سننه" طبع دار الفكر بيروت لبنان، رقم الحديث: 2957 اخرجه ابو عيسى الترمذي في "جامعه"، طبع دار احياء التراث العربي، بيروت، لبنان، رقم الحديث: 1361 اخرجه ابوعبدالرحمن النسائي في "سننه" طبع مكتب المطبوعات الاسلاميه، حلب، 1406ه، رقم الحديث: 3431 اخرجه ابو عبدالله القزويني في "سننه" طبع دار الفكر، بيروت، لبنان، رقم الحديث: 2543 اخرجه احمد بن حنبل الشيباني في "مسنده" طبع مؤسسه قرطبه، قاهره، مصر، رقم الحديث: 4661 اخرجه ابوحاتم البستي في "صحيحه" طبع مؤسسه الرساله، بيروت، لبنان، 1414ه، 1993ء، رقم الحديث: 4727 اخرجه ابوعبدالله النيسابوري في "المستدرک" طبع دارالكتب العلميه، بيروت، 1411ه، 1990ء، رقم الحديث: 6389 اخرجه ابوعبدالرحمن النسائي في "سننه" طبع مكتب المطبوعات الاسلاميه، حلب، 1406ه، 1986ء، رقم الحديث: 5624 ذكره ابوبكر البيهقي في "سننه الكبرى" طبع مكتبه دارالباز، مكه مكرمه، 1414ه، 1994ء، رقم الحديث: 4867 اخرجه ابوالقاسم الطبراني في "معجمه الكبير" طبع مكتبه العلوم والحكم، موصل، 1404ه، 1983ء، رقم الحديث: 13041 اخرجه ابوداؤد الطيالسي في "مسنده" طبع دارالمعرفة، بيروت، لبنان، رقم الحديث: 1859 اخرجه ابوبكر الشيباني في "الآحاد والمثاني" طبع دارالراية، رياض، سعودي عرب، 1411ه / 1991ء، رقم الحديث: 746 اخرجه ابوبكر ابن ابي شيبه في "مصنفه" طبع المكتب الاسلامي، بيروت لبنان، طبع ثاني، 1403ه، رقم الحديث: 9716

Marfat.com

1224 حديث عَبْدِ اللّٰهِ بْنِ عُمَرَ رَضِيَ اللّٰهُ عَنْهُ،

أَنَّ رَسُوْلَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ نَهٰى أَنْ يُّسَافَرَ بِالْقُرْآنِ إِلٰى أَرْضِ الْعَدُوِّ

✧✧ حضرت عبداللہ بن عمر رضی اللہ عنہما بیان کرتے ہیں: نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے اس بات سے منع کیا ہے کہ قرآن پاک کو دشمن کی سرزمین کی طرف لے جایا جائے۔

أخرجه البخاري في: 56 كتاب الجهاد: 129 باب السفر بالمصاحف إلى أرض العدو

رقم الجزء: 1 رقم الصفحة: 606 (جہانگیری صحیح بخاری مطبوعہ شبیر برادرز، رقم الحدیث 2828)

•••———•••———•••

المسابقة بين الخيل وتضميرها

گھوڑوں کے درمیان دوڑ کا مقابلہ اور انہیں اس کیلئے تیار کرنا

1225 حديث عَبْدِ اللّٰهِ بْنِ عُمَرَ رَضِيَ اللّٰهُ عَنْهُ،

رقم الحديث1224

اخرجه ابوالحسين مسلم النيسابوري في "صحيحه" طبع داراحياء التراث العربي بيروت لبنان رقم الحديث:1869 اخرجه ابوداؤد السجستاني في "سننه" طبع دارالفكر بيروت لبنان رقم الحديث:2610 اخرجه ابوالحسن الحوثري في "مسنده" طبع موسسه [illegible] بيروت لبنان 1410ھ 1990ء رقم الحديث:2588 اخرجه ابوعبدالله القزويني في "سننه" طبع دارالفكر بيروت لبنان رقم الحديث:2879 اخرجه ابوداؤد الطيالسي في "مسنده" طبع دارالمعرفة بيروت لبنان رقم الحديث:1855 اخرجه ابوبكر الحميدي في "مسنده" طبع دارالكتب العلميه مكتبه المتنبي بيروت قاهره رقم الحديث:699

رقم الحديث : 1225: اخرجه ابوالحسين مسلم النيسابوري في "صحيحه" طبع داراحياء التراث العربي بيروت لبنان رقم الحديث:1870 اخرجه ابوداؤد السجستاني في "سننه" طبع دارالفكر بيروت لبنان رقم الحديث:2575 اخرجه ابوعيسى الترمذي في "جامعه" طبع داراحياء التراث العربي بيروت لبنان رقم الحديث:1699 اخرجه ابوعبدالرحمن النسائي في "سننه" طبع مكتب المطبوعات الاسلاميه حلب شام 1406ھ 1986ء رقم الحديث:3584 اخرجه ابوعبدالله القزويني في "سننه" طبع دارالفكر بيروت لبنان رقم الحديث:2877 اخرجه ابوعبدالله الاصبحي في "المؤطا" طبع داراحياء التراث العربي تحقيق فؤاد عبدالباقي رقم الحديث:1000 اخرجه ابومحمد الدارمي في "سننه" طبع دارالكتاب العربي بيروت لبنان 1407ھ 1987ء رقم الحديث:2429 اخرجه ابوعبدالله الشيباني في "مسنده" طبع موسسه قرطبه قاهره مصر رقم الحديث:4487 اخرجه ابوحاتم البستي في "صحيحه" طبع موسسه الرساله بيروت لبنان 1414ھ/1993ء رقم الحديث:4686 اخرجه ابوعبدالرحمن النسائي في "سننه" طبع مكتب المطبوعات الاسلاميه حلب شام 1406ھ 1986ء رقم الحديث:4424 ذكره ابوبكر البيهقي في "سننه الكبرى" طبع مكتبه دارالباز مكه مكرمه سعودي عرب 1414ھ 1994ء رقم الحديث: 19537 اخرجه ابويعلى الموصلي في "مسنده" طبع دارالمامون للتراث دمشق شام 1404ھ 1984ء رقم الحديث:5839 اخرجه ابوالقاسم الطبراني في "معجمه الكبير" طبع مكتبه العلوم والحكم موصل 1404ھ/1983ء رقم الحديث:13459 اخرجه ابوبكر الحميدي في "مسنده" طبع دارالكتب العلميه مكتبه المتنبي بيروت قاهره رقم الحديث:684 اخرجه ابوبكر الصنعاني في "مصنفه" طبع المكتب الاسلامي بيروت لبنان طبع ثاني 1403ھ رقم الحديث:9694

Marfat.com

أَنَّ رَسُوْلَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ سَابَقَ بَيْنَ الْخَيْلِ الَّتِيْ أُضْمِرَتْ مِنَ الْحَفْيَاءِ، وَأَمَدُهَا ثَنِيَّةُ الْوَدَاعِ، وَسَابَقَ بَيْنَ الْخَيْلِ الَّتِيْ لَمْ تُضْمَرْ مِنَ الثَّنِيَّةِ إِلٰى مَسْجِدِ بَنِيْ زُرَيْقٍ، وَأَنَّ عَبْدَ اللّٰهِ بْنَ عُمَرَ كَانَ فِيمَنْ سَابَقَ بِهَا

✧✧ حضرت عبداللہ بن عمر رضی اللہ عنہما بیان کرتے ہیں: نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے سدھائے ہوئے گھوڑوں کے درمیان ''حفیاء'' سے لے کر ''ثنیۃ الوداع'' تک دوڑ کا مقابلہ کروایا۔ جبکہ غیر تربیت یافتہ گھوڑوں کے درمیان ''ثنیہ'' سے لے کر مسجد بنوزریق تک مقابلہ کروایا۔ حضرت عبداللہ بن عمر رضی اللہ عنہما نے بھی اس مقابلے میں حصہ لیا۔

أخرجه البخاري في: 8 كتاب الصلاة: 41 باب هل يقال مسجد بني فلان

رقم الجزء: 1 رقم الصفحة: 606 (جہانگیری صحیح بخاری، مطبوعہ شبیر برادرز، رقم الحدیث:410)

الخيل فِيْ نواصيها الخير إِلى يوم الْقيامة

گھوڑوں کی پیشانیوں میں قیامت تک کیلئے بھلائی رکھ دی گئی ہے

1226 حديث عَبْدِ اللّٰهِ بْنِ عُمَرَ رَضِيَ اللّٰهُ عَنْهُ،

قَالَ: قَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: اَلْخَيْلُ فِيْ نَوَاصِيهَا الْخَيْرُ إِلٰى يَوْمِ الْقِيَامَةِ

✧✧ حضرت عبداللہ بن عمر رضی اللہ عنہما بیان کرتے ہیں' نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے ارشاد فرمایا ہے: گھوڑوں کی پیشانیوں میں قیامت کے دن تک بھلائی رکھ دی گئی ہے۔

أخرجه البخاري في: 56 كتاب الجهاد والسير: 43 باب الخيل معقود فِيْ نواصيها الخير إلى يوم القيامة

رقم الجزء: 1 رقم الصفحة: 606 (جہانگیری صحیح بخاری، مطبوعہ شبیر برادرز، رقم الحدیث:2694)

1227 حديث عُرْوَةَ الْبَارِقِيّ رَضِيَ اللّٰهُ عَنْهُ،

أَنَّ النَّبِيَّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ، قَالَ: اَلْخَيْلُ مَعْقُوْدٌ فِيْ نَوَاصِيهَا الْخَيْرُ إِلٰى يَوْمِ الْقِيَامَةِ، اَلْأَجْرُ وَالْمَغْنَمُ

✧✧ حضرت عروہ بارقی رضی اللہ عنہ بیان کرتے ہیں' نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے ارشاد فرمایا ہے: گھوڑوں کی پیشانی میں قیامت کے دن تک اجر اور غنیمت رکھ دیئے گئے ہیں۔

أخرجه البخاري في: 56 كتاب الجهاد والسير: 44 باب الجهاد ماض مع البر والفاجر

رقم الجزء: 1 رقم الصفحة: 607 (جہانگیری صحیح بخاری، مطبوعہ شبیر برادرز، رقم الحدیث:2697)

رقم الحديث: 1226

اخرجه ابو الحسن مسلم النيسابوري في "صحيحه" طبع دار احياء التراث العربي، بيروت، لبنان، رقم الحديث: **1871** اخرجه ابو عيسى الترمذي في "جامعه" طبع دار احياء التراث العربي، بيروت، لبنان، رقم الحديث: **1694** اخرجه ابوعبدالرحمن النسائي في "سننه" طبع مكتب المطبوعات الاسلاميه، حلب، شام، **1406**ھ، **1986**ء، رقم الحديث:**3562** اخرجه ابو عبدالله القزويني في "سننه"، طبع دار الفكر، بيروت، لبنان، رقم الحديث: **2787** اخرجه ابومحمد الدارمي في "سننه" طبع دار الكتاب العربي، بيروت، لبنان، **1407**ھ، **1987**ء، رقم الحديث:**2426**

Marfat.com

1228 ۔ حديث أَنَسِ بْنِ مَالِكٍ رَضِيَ اللّٰهُ عَنْهُ،

قَالَ: قَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: اَلْبَرَكَةُ فِيْ نَوَاصِي الْخَيْلِ

✧✧ حضرت انس بن مالک رضی اللہ عنہ بیان کرتے ہیں، نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے ارشاد فرمایا: برکت گھوڑوں کی پیشانی میں ہے۔

أخرجه البخاري في: 56 كتاب الجهاد والسير: 43 باب الخيل معقود في نواصيها الخير إلى يوم القيامة

رقم الجزء: 1 رقم الصفحة: 607 (صحیح بخاری مطبوعہ شبیر برادرز، رقم الحدیث 2696)

•••———•••———•••

فضل الجهاد والخروج فِيْ سبيل اللّٰه

جہاد کرنے اور اللہ تعالیٰ کی راہ میں نکلنے کی فضیلت

1229 ۔ حديث أَبِيْ هُرَيْرَةَ رَضِيَ اللّٰهُ عَنْهُ،

عَنِ النَّبِيِّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ، قَالَ: اِنْتَدَبَ اللّٰهُ لِمَنْ خَرَجَ فِيْ سَبِيْلِهِ، لَا يُخْرِجُهُ إِلَّا إِيْمَانٌ بِيْ وَتَصْدِيْقٌ بِرُسُلِيْ، أَنْ أَرْجِعَهُ، بِمَا نَالَ مِنْ أَجْرٍ أَوْ غَنِيْمَةٍ، أَوْ أُدْخِلَهُ الْجَنَّةَ وَلَوْلَا أَنْ أَشُقَّ عَلٰى أُمَّتِيْ مَا قَعَدْتُ خِلَافَ سَرِيَّةٍ، وَلَوَدِدْتُ أَنِّيْ أُقْتَلُ فِيْ سَبِيْلِ اللّٰهِ، ثُمَّ أُحْيَا ثُمَّ أُقْتَلُ، ثُمَّ أُحْيَا ثُمَّ أُقْتَلُ

✧✧ حضرت ابوہریرہ رضی اللہ عنہ روایت کرتے ہیں: نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے ارشاد فرمایا: ''اللہ تعالیٰ نے یہ بات اپنے ذمہ کرم پر لی ہے جو شخص مجھ پر ایمان لائے اور میرے رسول کی تصدیق کرنے کی وجہ سے (یعنی اسلام کی سربلندی کے لیے) جہاد کے لیے نکلے (اور وہ جنگ میں شہید نہ ہو) تو میں اسے اجر یا مال غنیمت کے ہمراہ واپس (اس کے گھر) پہنچاؤں گا (اور اگر وہ شہید ہو جائے) تو میں اسے (سیدھا) جنت میں داخل کروں گا۔''

رقم الحديث: 1228

اخرجه ابوالحسين مسلم النيسابوري في "صحيحه" طبع دار احياء التراث العربي بيروت لبنان، رقم الحديث: 1847 اخرجه ابوعبدالرحمن النسائي في "سننه" طبع مكتب المطبوعات الاسلامية حلب شام، 1406ھ 1986ء، رقم الحديث: 3571 اخرجه ابوعبدالله الشيباني في "مسنده" طبع موسسة قرطبة قاهره مصر، رقم الحديث: 12146 اخرجه ابوحاتم البستي في "صحيحه" طبع موسسة الرسالة بيروت لبنان، 1414ھ 1993ء، رقم الحديث: 4670 اخرجه ابويعلى الموصلي في "مسنده" طبع دار المامون للتراث دمشق شام، 1404ھ 1984ء، رقم الحديث: 4173

رقم الحديث: **1229**: اخرجه ابوالحسين مسلم النيسابوري في "صحيحه" طبع دار احياء التراث العربي بيروت لبنان، رقم الحديث: 1876 اخرجه ابوعبدالرحمن النسائي في "سننه" طبع مكتب المطبوعات الاسلامية حلب شام، 1406ھ 1986ء، رقم الحديث: 3123 اخرجه ابوعبدالله القزويني في "سننه" طبع دار الفكر بيروت لبنان، رقم الحديث: 2753 اخرجه ابوعبدالله الضحاك في "السنة" طبع دار الجيل، التراث العربي تحقيق فواد عبدالباقي، رقم الحديث: 957 اخرجه ابومحمد الدارمي في "مسنده" طبع دار الكتب العربي بيروت لبنان، 1407ھ 1987ء، رقم الحديث: 2391

Marfat.com

نبی اکرم ﷺ مزید ارشاد فرماتے ہیں: ''اگر مجھے اپنی اُمت کی مشقت کا خیال نہ ہوتا تو میں ہر جنگ میں بنفس نفیس شریک ہوتا کیونکہ میری خواہش ہے کہ میں اللہ تعالیٰ کی راہ میں شہید کر دیا جاؤں پھر مجھے زندہ کیا جائے' پھر مجھے (اللہ تعالیٰ کی راہ میں) شہید کر دیا جائے' پھر دوبارہ مجھے زندہ کیا جائے پھر شہید کر دیا جائے۔''

أخرجه البخاري في: 2 كتاب الإيمان: 26 باب الجهاد من الإيمان

رقم الجزء: 1 رقم الصفحة: 607 (جہانگیری صحیح بخاری، مطبوعہ شبیر برادرز، رقم الحدیث:36)

1230 حديث أَبِي هُرَيْرَةَ رَضِيَ اللّٰهُ عَنْهُ،

أَنَّ رَسُوْلَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ، قَالَ: تَكَفَّلَ اللّٰهُ لِمَنْ جَاهَدَ فِي سَبِيْلِهِ، لَا يُخْرِجُهُ إِلَّا الْجِهَادُ فِي سَبِيْلِهِ، وَتَصْدِيْقُ كَلِمَاتِهِ، بِأَنْ يُّدْخِلَهُ الْجَنَّةَ، أَوْ يَرْجِعَهُ إِلٰى مَسْكَنِهِ الَّذِي خَرَجَ مِنْهُ مَعَ أَجْرٍ أَوْ غَنِيمَةٍ

✧✧ حضرت ابوہریرہ رضی اللہ عنہ بیان کرتے ہیں' نبی اکرم ﷺ نے ارشاد فرمایا ہے: اللہ تعالیٰ اس شخص کا کفیل ہوتا ہے جو اس کی راہ میں جہاد کے لئے نکلتا ہے اور صرف' اس کی راہ میں جہاد کے لئے ہی' نکلتا ہے اور اس کے دین کی سربلندی کے لئے نکلتا ہے۔ (اس بات کا کفیل ہوتا ہے) کہ اسے جنت میں داخل کرے گا یا جہاں سے وہ نکلا تھا اسی جگہ پر اسے اجر اور غنیمت کے ہمراہ واپس لائے گا۔

أخرجه البخاري في: 57 كتاب فرض الخمس: 8 باب قول النبي صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ أحلت لكم الغنائم

رقم الجزء: 1 رقم الصفحة: 607 (جہانگیری صحیح بخاری، مطبوعہ شبیر برادرز، رقم الحدیث:2955)

1231 حديث أَبِي هُرَيْرَةَ رَضِيَ اللّٰهُ عَنْهُ،

عَنِ النَّبِيِّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ، قَالَ: كُلُّ كَلْمٍ يُكْلَمُهُ الْمُسْلِمُ فِي سَبِيْلِ اللّٰهِ يكون يَوْمَ الْقِيَامَةِ كَهَيْئَتِهَا إِذْ طُعِنَتْ تَفَجَّرُ دَمًا، اللَّوْنُ لَوْنُ الدَّمِ وَالْعَرْفُ عَرْفُ الْمِسْكِ

✧✧ حضرت ابوہریرہ رضی اللہ عنہ بیان کرتے ہیں: نبی ﷺ نے فرمایا: اللہ تعالیٰ کی راہ میں مسلمان کو جو بھی زخم آتا ہے' قیامت کے دن وہ اسی حالت میں ہوگا جب وہ زخم آیا تھا اس میں سے خون ٹپک رہا ہوگا جس کا رنگ تو خون جیسا ہوگا لیکن اس کی خوشبو مشک کی مانند ہوگی

أخرجه البخاري في: 4 كتاب الوضوء: 67 باب ما يقع من النجاسات في السمن والماء

رقم الجزء: 1 رقم الصفحة: 608 (جہانگیری صحیح بخاری، مطبوعہ شبیر برادرز، رقم الحدیث:235)

•••———•••———•••

رقم الحدیث: 1231

[illegible] أخرجه ابن [illegible] في "صحيحه" طبع دار احياء التراث العربي، بيروت، لبنان، رقم الحديث: **1876** اخرجه ابوعبدالله [illegible] في [illegible] طبع [illegible] قاهره، مصر، رقم الحديث: **8190** ذكره ابوبكر البيهقي في "سننه الكبرى" طبع مكتبه دار الباز، [illegible] مكه مكرمه، سنه 1414ھ/1994ء، رقم الحديث: **18310**

Marfat.com

فضل الشهادة فِيْ سبيل اللّٰه تعالى
اللہ کی راہ میں شہید ہونے کی فضیلت کا بیان

1232 ۔ حديث أَنَسِ بْنِ مَالِكٍ رَضِيَ اللّٰهُ عَنْهُ،

عَنِ النَّبِيِّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ، قَالَ: مَا أَحَدٌ يَدْخُلُ الْجَنَّةَ، يُحِبُّ أَنْ يَرْجِعَ إِلَى الدُّنْيَا، وَلَهُ مَا عَلَى الْأَرْضِ مِنْ شَيْءٍ، إِلَّا الشَّهِيدُ، يَتَمَنَّى أَنْ يَرْجِعَ إِلَى الدُّنْيَا فَيُقْتَلَ عَشْرَ مَرَّاتٍ، لِمَا يَرَى مِنَ الْكَرَامَةِ

✧✧ حضرت انس بن مالک رضی اللہ عنہ بیان کرتے ہیں' نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے ارشاد فرمایا ہے: جو شخص جنت میں چلا جائے ان میں سے کوئی بھی یہ آرزو نہیں کرے گا کہ وہ دنیا میں واپس چلا جائے اگرچہ اسے دنیا میں موجود ہر چیز مل جائے۔ البتہ شہید کا معاملہ مختلف ہے وہ یہ آرزو کرے گا کہ وہ دنیا میں چلا جائے پھر اسے دس مرتبہ شہید کر دیا جائے کیونکہ وہ اس کی فضیلت دیکھ چکا ہوگا۔

أخرجه البخاري في: 56 كتاب الجهاد والسير: 21 باب تمنى المجاهد أن يرجع إلى الدنيا

رقم الجزء: 1 رقم الصفحة: 608 (مرتبہ شیر برادرز، رقم الحدیث 2662) (مرتبہ گلیری صحیح بخاری مطبوعہ شیر برادرز، رقم الحدیث 2662)

1233 ۔ حديث أَبِي هُرَيْرَةَ رَضِيَ اللّٰهُ عَنْهُ،

قَالَ: جَاءَ رَجُلٌ إِلَى رَسُولِ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ، فَقَالَ: دُلَّنِي عَلَى عَمَلٍ يَعْدِلُ الْجِهَادَ، قَالَ: لَا أَجِدُهُ قَالَ: هَلْ تَسْتَطِيعُ، إِذَا خَرَجَ الْمُجَاهِدُ، أَنْ تَدْخُلَ مَسْجِدَكَ فَتَقُومَ وَلَا تَفْتُرَ، وَتَصُومَ وَلَا تُفْطِرَ قَالَ: وَمَنْ يَسْتَطِيعُ ذَلِكَ

✧✧ حضرت ابو ہریرہ رضی اللہ عنہ بیان کرتے ہیں' ایک شخص نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کی خدمت میں حاضر ہوا اور عرض کی: آپ کسی ایسے عمل کے بارے میں فرمائیے جو جہاد کے برابر ہو؟ تو نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: مجھے اس بارے میں کوئی علم نہیں ہے۔ (نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا:) کیا تم اس بات کی استطاعت رکھتے ہو کہ جب مجاہد جہاد کے لئے روانہ ہو تو تم اپنی مسجد میں چلے جاؤ اور وہاں لگاتار نوافل ادا کرتے رہو اور مسلسل روزے رکھو اور کوئی ایک روزہ بھی ترک نہ کرو، اس شخص نے جواب دیا: ایسا کون کر سکتا ہے؟

أخرجه البخاري في: 56 كتاب الجهاد: 1 باب فضل الجهاد والسير

رقم الجزء: 1 رقم الصفحة: 609 (مرتبہ شیر برادرز، رقم الحدیث: 2633) (مرتبہ گلیری صحیح بخاری)

•••———•••———•••

رقم الحديث: 1233

خرجه ابوعبدالله الشيباني في "مسنده" طبع موسسة قرطبه قاهره مصر، رقم الحديث: 8521 ذكره ابوبكر السقي في "سننه الكبرى" طبع مكتبه دارالباز، مكه مكرمه، سعودي عرب 1414ھ 1994ء، رقم الحديث: 18269 خرجه ابوعبدالرحمن النسائي في "سننه" طبع مكتب المطبوعات الاسلاميه، حلب، شام، 1406ھ 1986ء، رقم الحديث: 3128 خرجه ابوبكر الكوفي في "مصنفه" طبع مكتبه الرشد، خاص، سعودي عرب، طبع اول، 1409ھ، رقم الحديث: 19479

Marfat.com

فضل الغدوة والروحة فِيْ سبيل اللّٰه

اللہ کی راہ میں (جہاد کرنے یا پہرہ دینے کیلئے) صبح یا شام بسر کرنے کی فضیلت

1234 حديث أَنَسِ بْنِ مَالِكٍ رَضِيَ اللّٰهُ عَنْهُ،

عَنِ النَّبِيِّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ، قَالَ: لَغَدْوَةٌ فِيْ سَبِيْلِ اللّٰهِ أَوْ رَوْحَة خَيْرٌ مِّنَ الدُّنْيَا وَمَا فِيْهَا

✧✧ حضرت انس بن مالک رضی اللہ عنہ نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کا یہ فرمان نقل کرتے ہیں: اللہ کی راہ میں صبح کرنا یا شام کرنا دنیا میں موجود ہر چیز سے بہتر ہے۔

أخرجه البخاري في: 56 كتاب الجهاد والسير: 5 باب الغدوة والروحة في سبيل الله

رقم الجزء: 1 رقم الصفحة: 609 (جہانگیری صحیح بخاری، مطبوعہ شبیر برادرز، رقم الحدیث:2639)

1235 حديث سَهْلِ بْنِ سَعْدٍ رَضِيَ اللّٰهُ عَنْهُ،

عَنِ النَّبِيِّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ، قَالَ: الرَّوْحَةُ وَالْغَدْوَةُ فِيْ سَبِيْلِ اللّٰهِ أَفْضَلُ مِنَ الدُّنْيَا وَمَا فِيْهَا

✧✧ حضرت سہل بن سعد رضی اللہ عنہ نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کا یہ فرمان نقل کرتے ہیں: اللہ کی راہ میں صبح کرنا یا شام کرنا دنیا اور اس میں موجود ہر چیز سے زیادہ فضیلت رکھتا ہے۔

أخرجه البخاري في: 56 كتاب الجهاد والسير: 5 باب الغدوة والروحة في سبيل الله

رقم الجزء: 1 رقم الصفحة: 609 (جہانگیری صحیح بخاری، مطبوعہ شبیر برادرز، رقم الحدیث:2641)

1236 حديث أَبِيْ هُرَيْرَةَ رَضِيَ اللّٰهُ عَنْهُ،

عَنِ النَّبِيِّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ، قَالَ: لَغَدْوَةٌ أَوْ رَوْحَةٌ فِيْ سَبِيْلِ اللّٰهِ خَيْرٌ مِّمَّا تَطْلُعُ عَلَيْهِ الشَّمْسُ

رقم الحديث: 1234

اخرجه ابو الحسين مسلم النيسابوري في "صحيحه" طبع داراحياء التراث العربي، بيروت، لبنان، رقم الحديث: **1880** اخرجه ابو عيسى محمد بن عيسى في "جامعه" طبع داراحياء التراث العربي، بيروت، لبنان، رقم الحديث: **1651** اخرجه ابوعبدالرحمن النسائي في "سننه" طبع مكتب المطبوعات الاسلاميه، حلب، شام، **1406**ھ، **1986**ء، رقم الحديث: **3118** اخرجه ابو عبدالله القزويني في "سننه"، طبع دارالفكر، بيروت، لبنان، رقم الحديث: **2755** اخرجه ابومحمد الدارمي في "سننه" طبع دارالكتاب العربي، بيروت، لبنان، **1407**ھ، **1987**ء، رقم الحديث: **2398** اخرجه ابو عبدالله الشيباني في "مسنده" طبع موسسه قرطبه، قاهره، مصر، رقم الحديث: **12372** اخرجه ابوحاتم البستي في "صحيحه" طبع موسسه الرساله، بيروت، لبنان، **1414**ھ/**1993**ء، رقم الحديث: **4602** اخرجه ابوعبدالرحمن النسائي في "سننه" طبع مكتب المطبوعات الاسلاميه، حلب، شام، **1406**ھ، **1986**ء، رقم الحديث: **4326** اخرجه ابوالحسن الجوبري في "مسنده" طبع موسسه الكتب الثقافيه، بيروت، لبنان، **1410**ھ **1990**ء، رقم الحديث: **2927** اخرجه ابن راہویه الحنظلي في "مسنده" طبع مكتبه الايمان، مدينه منوره، طبع اول، **1412**ھ **1991**ء، رقم الحديث: **406** اخرجه ابوالقاسم الطبراني في "معجمه الكبير" طبع مكتبه العلوم والحكم، موصل، **1404**ھ **1983**ء، رقم الحديث: **5797** اخرجه ابويعلى الموصلي في "مسنده" طبع دارالمامون للتراث، دمشق، شام، **1404**ھ-**1984**ء، رقم الحديث: **678** اخرجه ابومحمد الكسي في "مسنده" طبع مكتبة السنة، قاهره، مصر، **1408**ھ/**1988**ء، رقم الحديث: **456**

Marfat.com

وَتَغْرُبُ

✧✧ حضرت ابوہریرہ رضی اللہ عنہ بیان کرتے ہیں نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے ارشاد فرمایا ہے: اللہ کی راہ میں صبح کرنا یا شام کرنا اس چیز سے بہتر ہے جس پر سورج طلوع ہوتا ہے اور غروب ہوتا ہے۔ (یعنی دنیا میں موجود ہر چیز سے بہتر ہے)

أخرجه البخاري في: 56 كتاب الجهاد والسير: 5 باب الغدوة والروحة في سبيل الله

رقم الجزء: 1 رقم الصفحة: 609 (جہانگیری صحیح بخاری مطبوعہ شیخ یہ ورز رقم الحدیث 2640)

•••———•••———•••

فضل الجهاد والرباط

جہاد کرنے اور (جنگ کی) تیاری رکھنے کی فضیلت

1237 ۔ حديث أَبِي سَعِيْدِ الْخُدْرِيِّ رَضِيَ اللّٰهُ عَنْهُ.

قَالَ: قِيْلَ يَا رَسُوْلَ اللّٰهِ أَيُّ النَّاسِ أَفْضَلُ فَقَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: مُؤْمِنٌ يُجَاهِدُ فِيْ سَبِيْلِ اللّٰهِ بِنَفْسِهِ وَمَالِهِ قَالُوْا: ثُمَّ مَنْ قَالَ: مُؤْمِنٌ فِيْ شِعْبٍ مِّنَ الشِّعَابِ يَتَّقِي اللّٰهَ وَيَدَعُ النَّاسَ مِنْ شَرِّهِ

✧✧ حضرت ابوسعید خدری رضی اللہ عنہ بیان کرتے ہیں: عرض کی گئی: یا رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم! کونسا شخص زیادہ فضیلت رکھتا ہے؟ نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے جواب دیا: وہ مومن جو اللہ کی راہ میں اپنی جان اور مال کے ہمراہ جہاد کرے۔ لوگوں نے دریافت کیا: پھر کون سا ہے؟ آپ نے فرمایا: وہ مومن جو اللہ سے ڈرتے ہوئے اور لوگوں کو اپنے شر سے بچانے کے لئے کسی گھاٹی میں جا کر رہائش اختیار کرے۔

رقم الحديث: 1236

خرجه أبو عيسى الترمذي في "جامعه" طبع دار احياء التراث العربي بيروت لبنان رقم الحديث: 1615 خرجه أحمد بن حنبل في "مسنده" طبع مؤسسة قرطبة قاهرة مصر رقم الحديث: 10265 خرجه أبو بكر البيهقي في "صحيحه" طبع مؤسسة الرسالة بيروت لبنان 1414ھ 1993ء رقم الحديث: 7398 خرجه أبو القاسم سليمان الطبراني في "معجمه الكبير" طبع مكتبة العلوم والحكم موصل 1404ھ 1983ء رقم الحديث: 6134 خرجه أبو يعلى الموصلي في "مسنده" طبع دار المأمون للتراث دمشق شام 1404ھ 1984ء رقم الحديث: 3775 خرجه ابن راهويه الحنظلي في "مسنده" طبع مكتبة الإيمان مدينة منورة طبع أول 1412ھ 1991ء رقم الحديث: 523 خرجه أبو بكر البيهقي في "مصنفه" طبع المكتب الإسلامي بيروت لبنان طبع ثاني 1403ھ رقم الحديث: 20888 ذكره أبو بكر البيهقي في "شعب الإيمان" طبع دار الكتب العلمية بيروت الطبعة الأولى 1410ھ رقم الحديث: 7414

رقم الحديث: 1237: أخرجه أبو عبد الرحمن النسائي في "سننه" طبع مكتب المطبوعات الإسلامية حلب شام 1406ھ 1986ء رقم الحديث: 3105 أخرجه أبو عبد الله الشيباني في "مسنده" طبع مؤسسة قرطبة قاهرة مصر رقم الحديث: 11340 خرجه أبو حاتم البستي في "صحيحه" طبع مؤسسة الرسالة بيروت لبنان 1414ھ 1993ء رقم الحديث: 4599 أخرجه أبو عبد الرحمن النسائي في "سننه" طبع مكتب المطبوعات الإسلامية حلب شام 1406ھ 1986ء رقم الحديث: 4313 ذكره أبو بكر البيهقي في "سننه الكبرى" طبع مكتبة دار الباز مكة مكرمة سعودي عرب 1414ھ 1994ء رقم الحديث: 18277

Marfat.com

أخرجه البخاري في: 56 كتاب الجهاد: 2 باب أفضل الناس مؤمن يجاهد بنفسه وماله في سبيل الله
رقم الجزء: 1 رقم الصفحة: 610 (جہانگیری صحیح بخاری، مطبوعہ شبیر برادرز، رقم الحدیث:2634)

•••———•••———•••

بيان الرجلين يقتل أحدهما الآخر يدخلان الجنة

ان دوآدمیوں کا بیان جن میں سے ایک دوسرے کو قتل کر دیتا ہے لیکن وہ دونوں جنت میں جائیں گے

1238 حديث أَبِي هُرَيْرَةَ رَضِيَ اللّٰهُ عَنْهُ،

أَنَّ رَسُوْلَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ، قَالَ: (يَضْحَكُ اللّٰهُ إِلٰى رَجُلَيْنِ يَقْتُلُ أَحَدُهُمَا الْآخَرَ يَدْخُلَانِ الْجَنَّةَ، يُقَاتِلُ هٰذَا فِي سَبِيْلِ اللّٰهِ فَيُقْتَلُ، ثُمَّ يَتُوْبُ اللّٰهُ عَلَى الْقَاتِلِ فَيُسْتَشْهَدُ)

✧✧ حضرت ابو ہریرہ رضی اللہ عنہ بیان کرتے ہیں: نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم ارشاد فرماتے ہیں: اللہ تعالیٰ ایسے دو افراد پر مسکرا دیتا ہے جن میں سے ایک دوسرے کو قتل کر دیتا ہے لیکن جنت میں وہ دونوں داخل ہوں گے یہ اللہ تعالیٰ کی راہ میں جہاد کر رہا ہوتا ہے اور قتل ہو جاتا ہے پھر قاتل کو اللہ تعالیٰ توبہ کی توفیق دیتا ہے اور وہ بھی جام شہادت نوش کر لیتا ہے۔

أخرجه البخاري في: 56 كتاب الجهاد والسير: 28 باب الكافر يقتل المسلم ثم يسلم فيسدد بعد ويقتل
رقم الجزء: 1 رقم الصفحة: 610 (جہانگیری صحیح بخاری، مطبوعہ شبیر برادرز، رقم الحدیث:2671)

•••———•••———•••

فضل إعانة الغازي في سبيل الله ببركوب وغيره، وخلافته في أهله بخير

اللہ کی راہ میں جنگ پر جانے والے شخص کی سواری وغیرہ کے ذریعے مدد کرنا اور اس کی غیر موجودگی اس کے اہل خانہ کا خیال رکھنے کی فضیلت

1239 حديث زَيْدِ بْنِ خَالِدٍ رَضِيَ اللّٰهُ عَنْهُ،

رقم الحديث: 1238

اخرجه ابوالحسن مسلم النيسابوري في "صحيحه" طبع دار احياء التراث العربي، بيروت، لبنان، رقم الحديث:1890 اخرجه ابوعبدالرحمن النسائي في "سننه" طبع مكتب المطبوعات الاسلاميه، حلب، شام، 1406ھ، 1986ء، رقم الحديث: 3166 اخرجه ابوعبدالله الشيباني في "مسنده" طبع مؤسسة قرطبه، قاهره، مصر، رقم الحديث:8208 اخرجه ابوحاتم البستي في "صحيحه" طبع مؤسسة الرساله، بيروت، لبنان 1414ھ، 1993ء، رقم الحديث:215 اخرجه ابوبكر الحميدي في "مسنده" طبع دار الكتب العلميه، مكتبه المتنبي، بيروت، قاهره، رقم الحديث:1122 اخرجه ابوعبدالرحمن النسائي في "سننه" طبع مكتب المطبوعات الاسلاميه، حلب، شام، 1406ھ، 1986ء، رقم الحديث: 4374 ذكره ابوبكر البيهقي في "سننه الكبرى" طبع مكتبه دار الباز، مكه مكرمه، سعودي عرب 1414ھ 1994ء، رقم الحديث:18313

Marfat.com

أَنَّ رَسُوْلَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ، قَالَ: مَنْ جَهَّزَ غَازِيًا فِيْ سَبِيْلِ اللّٰهِ فَقَدْ غَزَا، وَمَنْ خَلَفَ غَازِيًا فِيْ سَبِيْلِ اللّٰهِ بِخَيْرٍ فَقَدْ غَزَا

✧✧ حضرت زید بن خالد رضی اللہ عنہ بیان کرتے ہیں' نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے ارشاد فرمایا ہے: جو شخص اللہ تعالیٰ کی راہ میں جہاد کرنے والے کو سامان فراہم کرے تو اس نے بھی جنگ میں شرکت کی اور جو شخص اللہ تعالیٰ کی راہ میں جہاد کرنے والے کے گھر والوں کے ساتھ اچھا سلوک کرے اس نے بھی جنگ میں شرکت کی۔

أخرجه البخاري في: 56 كتاب الجهاد والسير: 38 باب فضل من جهز غازيًا أو خلفه بخير رقم الجزء: 1 رقم الصفحة: 610 (جہانگیری صحیح بخاری مطبوعہ شبیر برادرز، رقم الحدیث: 2688)

•••————•••————•••

سقوط فرض الجهاد عن المعذورين

معذور لوگوں سے جہاد کی فرضیت ساقط ہو جاتی ہے

1240 حديث الْبَرَاءِ رَضِيَ اللّٰهُ عَنْهُ،

قَالَ: لَمَّا نَزَلَتْ (لَا يَسْتَوِي الْقَاعِدُوْنَ مِنَ الْمُؤْمِنِيْنَ) دَعَا رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ زَيْدًا فَجَاءَ بِكَتِفٍ فَكَتَبَهَا، وَشَكَا ابْنُ أُمِّ مَكْتُوْمٍ ضَرَارَتَهُ، فَنَزَلَتْ (لَا يَسْتَوِي الْقَاعِدُوْنَ مِنَ الْمُؤْمِنِيْنَ غَيْرُ أُولِي الضَّرَرِ)

رقم الحديث1239:

اخرجه ابوالحسين مسلم النيسابوري في "صحيحه" طبع داراحياء التراث العربي بيروت لبنان، رقم الحديث: **1895** اخرجه ابوداؤد سجستاني في "سننه" طبع دارالفكر بيروت لبنان، رقم الحديث: **2509**، اخرجه ابوعيسى الترمذي في "جامعه" طبع داحياء التراث العربي بيروت لبنان، رقم الحديث: **128**

رقم الحديث : 1240: اخرجه ابوالحسين مسلم النيسابوري في "صحيحه" طبع داراحياء التراث العربي بيروت لبنان، رقم الحديث: **1898** اخرجه ابوعيسى الترمذي في "جامعه" طبع داراحياء التراث العربي بيروت لبنان، رقم الحديث: **1670** اخرجه ابوعبدالله القزويني في "سننه" طبع دارالفكر بيروت لبنان، رقم الحديث: **3102** اخرجه ابومحمد الدارمي في "مسند" طبع دارالكتاب العربي بيروت لبنان، **1407**ھ **1987**ء، رقم الحديث: **2420** اخرجه ابوعبدالله الشيباني في "مسنده" طبع موسسه قرطبه قاهره مصر، رقم الحديث: **18508** اخرجه ابوحاتم البستي في "صحيحه" طبع موسسه الرساله بيروت لبنان، **1414**ھ **1993**ء، رقم الحديث: **42** اخرجه ابوعبدالرحمن النسائي في "سننه" طبع مكتب المطبوعات الاسلاميه حلب شام، **1406**ھ **1986**ء، رقم الحديث: **4309** ذكره ابوبكر بيهقي في "سننه الكبرى" طبع مكتبه دارالباز مكه مكرمه سعودي عرب **1414**ھ / **1994**ء، رقم الحديث: **17592** اخرجه ابوداؤد طيالسي في "مسنده" طبع دارالمعرفة بيروت لبنان، رقم الحديث: **705** اخرجه ابويعلى الموصلي في "مسنده" طبع ذا المامون للتراث دمشق شام، **1404**ھ **1984**ء، رقم الحديث: **1725** اخرجه ابومحمد الكسي في "مسنده" طبع مكتبة السنة قاهره مصر، **1408**ھ **1988**ء، رقم الحديث: **241** اخرجه ابوبكر الكوفي في "مصنفه" طبع مكتبه الرشد رياض سعودي عرب، طبع اول، **1409**ھ رقم الحديث: **19518**

Marfat.com

✧✧ حضرت براء رضی اللہ عنہ بیان کرتے ہیں' جب یہ آیت نازل ہوئی: ''مومنین میں سے بیٹھے رہنے والے لوگ برابر نہیں ہیں''۔

نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے حضرت زید رضی اللہ عنہ کو بلایا وہ کندھے کی ہڈی لے کر آئے اور اس پر یہ آیت تحریر کی حضرت ابن اُمّ مکتوم رضی اللہ عنہ نے اپنے نابینا ہونے کی شکایت کی تو یہ آیت نازل ہوئی۔

''مومنین میں سے بیٹھے رہ جانے والے وہ لوگ جنہیں کوئی ضرر لاحق نہیں ہے وہ برابر نہیں ہیں''۔

أخرجه البخاري في: 56 كتاب الجهاد والسير: 31 باب قول الله تعالى (لا يستوي القاعدون من المؤمنين غير أولي الضرر)

رقم الجزء: 1 رقم الصفحة: 611 (ضیاءالقرآن پبلی کیشنز صحیح بخاری مطبوعہ شبیر برادرز، رقم الحدیث:2676)

•••———•••———•••

ثبوت الجنة للشهيد

شہید کیلئے جنت ثابت ہو جانا

1241 حديث جَابِرِ بْنِ عَبْدِ اللّٰهِ رَضِيَ اللّٰهُ عَنْهُ،

قَالَ: قَالَ رَجُلٌ لِلنَّبِيِّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ، يَوْمَ أُحُدٍ: أَرَأَيْتَ إِنْ قُتِلْتُ فَأَيْنَ أَنَا قَالَ: فِي الْجَنَّةِ فَأَلْقَى تَمَرَاتٍ فِي يَدِهِ. ثُمَّ قَاتَلَ حَتَّى قُتِلَ

✧✧ حضرت جابر بن عبداللہ رضی اللہ عنہما بیان کرتے ہیں: غزوۂ اُحد کے دن ایک شخص نے نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم سے دریافت کیا: اگر میں قتل میں اگر میں قتل ہو جاؤں تو میں کہاں جاؤں گا۔ نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: جنت میں' تو اس نے اپنے ہاتھ میں موجود کھجوریں پھینک دیں اور پھر جنگ میں شریک ہوا یہاں تک کہ شہید ہو گیا۔

أخرجه البخاري في: 64 كتاب المغازي: 17 باب غزوة أحد

رقم الجزء: 1 رقم الصفحة: 611 (ضیاءالقرآن پبلی کیشنز صحیح بخاری مطبوعہ شبیر برادرز، رقم الحدیث:3820)

1242 حديث أَنَسٍ رَضِيَ اللّٰهُ عَنْهُ،

رقم الحدیث 1241:

أخرجه ابوالحسين مسلم النيسابوري في "صحيحه" طبع داراحياء التراث العربي، بيروت، لبنان، رقم الحديث: **1947** اخرجه ابوداؤد السجستاني في "سننه" طبع دارالفكر، بيروت، لبنان، رقم الحديث: **3793** اخرجه ابوالقاسم الطبراني في "معجمه الكبير" طبع مكتبه العلوم والحكم، موصل، **1404**ھ/**1983**ء، رقم الحديث: **12400**

Marfat.com

✧✧ حضرت ابن ابی اوفی رضی اللہ عنہ بیان کرتے ہیں: ہم، نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کے ہمراہ سات (راوی کو شک ہے یا چھ) غزوات میں شریک ہوئے ہیں جن میں ہم آپ کے ہمراہ ٹڈی دل کھاتے رہے ہیں۔

أخرجه البخاري في: 72 كتاب الذبائح والصيد: 13 باب أكل الجراد

رقم الجزء: 1 رقم الصفحة: 625 (جہانگیری صحیح بخاری، مطبوعہ شبیر برادرز، رقم الحدیث:5176)

•••———•••———•••

إباحة الأرنب

خرگوش کا گوشت کھانا جائز ہے

﴿1276﴾ حديث أَنَسٍ رَضِيَ اللّٰهُ عَنْهُ،

قَالَ: أَنْفَجْنَا أَرْنَبًا بِمَرِّ الظَّهْرَانِ، فَسَعَى الْقَوْمُ فَلَغَبُوا، فَأَدْرَكْتُهَا، فَأَخَذْتُهَا، فَأَتَيْتُ بِهَا أَبَا طَلْحَةَ، فَذَبَحَهَا، وَبَعَثَ بِهَا إِلَى رَسُوْلِ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ بِوَرِكِهَا أَوْ فَخِذَيْهَا فَقَبِلَهُ، وَأَكَلَ مِنْهُ

✧✧ حضرت انس رضی اللہ عنہ بیان کرتے ہیں ''مرالظہران'' میں ہم لوگ ایک خرگوش کے پیچھے بھاگے لوگوں نے اس کے پیچھے جانے کی کوشش کی لیکن تھک گئے میں نے اسے پکڑ لیا میں اسے لے کر حضرت ابوطلحہ رضی اللہ عنہ کے پاس آیا تو انہوں نے اسے ذبح کیا اور انہوں نے اس کی پشت کا گوشت یا شاید رانوں کا گوشت نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کی خدمت میں بھیجا۔ جسے آپ نے قبول کرلیا اور کھا بھی لیا۔

أخرجه البخاري في: 51 كتاب الهبة: 5 باب قبول هدية الصيد

رقم الجزء: 1 رقم الصفحة: 626 (جہانگیری صحیح بخاری، مطبوعہ شبیر برادرز، رقم الحدیث:2433)

•••———•••———•••

رقم الحديث: 1276

اخرجه ابو عيسى الترمذى، فى ''جامعه''، طبع داراحياء التراث العربى، بيروت، لبنان، رقم الحديث: **1789** اخرجه ابوعبدالرحمن النسائى فى ''سننه'' طبع مكتب المطبوعات الاسلاميه، حلب، شام، **1406**ھ، **1986**ء، رقم الحديث: **4312** اخرجه ابوعبدالله الشيبانى فى ''مسنده'' طبع موسسه قرطبه، قابره، مصر، رقم الحديث: **12203** اخرجه ابوعبدالرحمن النسائى فى ''سننه'' طبع مكتب المطبوعات الاسلاميه، حلب، شام، **1406**ھ، **1986**ء، رقم الحديث: **4824** ذكره ابوبكر البيهقى فى ''سننه الكبرىٰ'' طبع مكتبه دارالباز، مكه مكرمه، سعودى عرب **1414**ھ/**1994**ء، رقم الحديث: **19176** اخرجه ابوبكر الكوفى، فى ''مصنفه'' طبع مكتبه الرشد، رياض، سعودى عرب، طبع اول، **1409**ھ، رقم الحديث: **24276** اخرجه ابوداؤد الطيالسى فى ''مسنده'' طبع دارالمعرفة، بيروت، لبنان، رقم الحديث: **2066** اخرجه ابومحمد الدارمى فى ''سننه'' طبع دارالكتاب العربى، بيروت، لبنان، **1407**ھ، **1987**ء، رقم الحديث: **2013** اخرجه ابوالحسين مسلم النيسابورى فى ''صحيحه'' طبع داراحياء التراث العربى، بيروت، لبنان، رقم الحديث: **1953** اخرجه ابو عبدالله القزوينى فى ''سننه''، طبع دارالفكر، بيروت، لبنان، رقم الحديث: **3243**

Marfat.com

إباحة ما يستعان به على الاصطياد والعدو وكراهة الخذف

شکار میں ہر طریقہ استعمال کرنا جائز ہے البتہ کنکری مار کر (شکار کرنا) مکروہ ہے

﴿1277﴾ حديث عَبْدِ اللّٰهِ بْنِ مُغَفَّلٍ رَضِيَ اللّٰهُ عَنْهُ،

أَنَّهُ رَأَى رَجُلاً يَخْذِفُ فَقَالَ لَهُ: لاَ تَخْذِفْ، فَإِنَّ رَسُوْلَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ نَهٰى عَنِ الْخَذْفِ، أَوْ كَانَ يَكْرَهُ الْخَذْفَ وَقَالَ: إِنَّهُ لاَ يُصَادُ بِهِ صَيْدٌ وَلاَ يُنْكَى بِهِ عَدُوٌّ، وَلٰكِنَّهَا قَدْ تَكْسِرُ السِّنَّ وَتَفْقَأُ الْعَيْنَ ثُمَّ رَاٰهُ بَعْدَ ذٰلِكَ يَخْذِفُ، فَقَالَ لَهُ: أُحَدِّثُكَ عَنْ رَسُوْلِ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ أَنَّهُ نَهٰى عَنِ الْخَذْفِ أَوْ كَرِهَ الْخَذْفَ، وَأَنْتَ تَخْذِفُ لاَ أُكَلِّمُكَ كَذَا وَكَذَا

✧✧ حضرت عبداللہ بن مغفل رضی اللہ عنہ کے بارے میں منقول ہے: انہوں نے ایک شخص کو کنکری کے ذریعے شکار کرتے ہوئے دیکھا تو اسے فرمایا: کنکری نہ مارو! کیونکہ نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے کنکری کے ذریعے شکار کرنے سے منع کیا ہے۔

(راوی کو شک ہے یا شاید یہ الفاظ ہیں) اس کو ناپسند کیا ہے۔ آپ صلی اللہ علیہ وسلم نے ارشاد فرمایا ہے: اس کے ذریعے کسی چیز کا شکار نہیں کیا جا سکتا۔ اس کے ذریعے دشمن کو نقصان نہیں پہنچایا جا سکتا۔ اس کے ذریعے صرف دانت توڑا جا سکتا ہے یا آنکھ کو پھوڑا جا سکتا ہے۔

راوی بیان کرتے ہیں: حضرت عبداللہ بن مغفل رضی اللہ عنہ نے پھر اس شخص کو کنکری مارتے ہوئے دیکھا تو فرمایا: میں نے تمہیں نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کی حدیث سنائی ہے کہ آپ نے اس سے منع کیا ہے۔ (راوی کو شک ہے یا شاید یہ الفاظ ہیں) آپ نے اسے ناپسند قرار دیا ہے اور تم پھر ایسا کر رہے ہو۔ میں تمہارے ساتھ اتنے عرصے تک بات نہیں کروں گا۔

أخرجه البخاري في: 72 كتاب الذبائح والصيد: 5 باب الخذف والبندقة

رقم الجزء: 1 رقم الصفحة: 626 (جہانگیری صحیح بخاری، مطبوعہ شبیر برادرز، رقم الحدیث: 5162)

النهي عن صبر البهائم

جانور کو باندھ کر (اس پر نشانہ بازی کی) ممانعت

﴿1278﴾ حديث أَنَسٍ رَضِيَ اللّٰهُ عَنْهُ،

رقم الحديث 1278

اخرجه ابوالحسين مسلم النيسابوري في "صحيحه" طبع داراحياء التراث العربي، بيروت، لبنان، رقم الحديث: 1956 اخرجه ابوداؤد السجستاني في "سننه" طبع دارالفكر، بيروت، لبنان، رقم الحديث: 2816 اخرجه ابوعبدالرحمن النسائي في "سننه" طبع مكتب المطبوعات الاسلاميه، حلب، شام، 1406ھ، 1986ء، رقم الحديث: 4439 اخرجه ابو عبدالله القزويني في "سننه" طبع دارالفكر، بيروت، لبنان، رقم الحديث: 3186 اخرجه ابوعبدالله الشيباني في "مسنده" طبع موسسه قرطبه، قاهره، مصر، رقم الحديث: 12182 ذكره ابوبكر البيهقي في "سننه الكبرى" طبع مكتبه دارالباز، مكه مكرمه، سعودي عرب 1414ھ / 1994ء، رقم الحديث: 17908 اخرجه ابوالقاسم الطبراني في "معجمه الكبير" طبع مكتبه العلوم والحكم، موصل، 1404ھ / 1983ء، رقم الحديث: 12247

Marfat.com

قَالَ: نَهى النَّبِيُّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ، أَنْ تُصْبَرَ الْبَهَائِمُ

✧✧ حضرت انس رضی اللہ عنہ نے فرمایا ہے: نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے اس بات سے منع فرمایا ہے کہ جانوروں کو باندھ کر (انہیں مارا جائے)۔

أخرجه البخاري في: 72 كتاب الذبائح والصيد: 25 باب ما يكره من المُثْلة والمصبورة والمجثمة

رقم الجزء: 1 رقم الصفحة: 627 (جہانگیری صحیح بخاری، مطبوعہ شبیر برادرز، رقم الحدیث:5194)

1279 حديث ابْنِ عُمَرَ رَضِيَ اللّٰهُ عَنْهُمَا

عَنْ سَعِيدِ بْنِ جُبَيْرٍ، قَالَ: كُنْتُ عِنْدَ ابْنِ عُمَرَ رَضِيَ اللّٰهُ عَنْهُمَا، فَمَرُّوا بِفِتْيَةٍ، أَوْ بِنَفَرٍ نَصَبُوا دَجَاجَةً يَرْمُونَهَا، فَلَمَّا رَأَوُا ابْنَ عُمَرَ تَفَرَّقُوا عَنْهَا وَقَالَ ابْنُ عُمَرَ رَضِيَ اللّٰهُ عَنْهُمَا: مَنْ فَعَلَ هٰذَا إِنَّ النَّبِيَّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ لَعَنَ مَنْ فَعَلَ هٰذَا

✧✧ سعید بن جبیر بیان کرتے ہیں: میں حضرت ابن عمر رضی اللہ عنہما کے ساتھ موجود تھا۔ وہ کچھ لوگوں کے پاس سے گزرے۔ انہوں نے مرغی کو باندھا ہوا تھا اور اس پر تیر پھینکنے کی تیاری کر رہے تھے جب انہوں نے حضرت ابن عمر رضی اللہ عنہما کو دیکھا تو ادھر ادھر ہو گئے۔ حضرت ابن عمر رضی اللہ عنہما نے فرمایا: جو شخص ایسا کرے گا تو نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے ایسا کرنے والے پر لعنت کی ہے۔

أخرجه البخاري في: 72 كتاب الذبائح والصيد: 25 باب ما يكره من المثلة والمصبورة والمجثمة

رقم الجزء: 1 رقم الصفحة: 627 (جہانگیری صحیح بخاری، مطبوعہ شبیر برادرز، رقم الحدیث:5196)

•••———•••———•••

رقم الحديث1279

اخرجه ابوالحسين مسلم النيسابوری فی "صحيحه" طبع داراحياء التراث العربی، بيروت، لبنان، رقم الحديث:**1958** اخرجه ابومحمد عبدالله الدارمی فی "مسنده" طبع دارالكتاب العربی، بيروت، لبنان، **1407**ھ، **1987**ء، رقم الحديث: **1973** اخرجه ابوعبدالله النيسابوری فی "المستدرک" طبع دارالكتب العلميه بيروت، لبنان **1411**ھ/**1990**ء، رقم الحديث: **7575** اخرجه ابوعبدالله الشيبانی فی "مسنده" طبع مؤسسه قرطبه، قاهره، مصر، رقم الحديث: **3133** ذكره ابوبكر البيهقی فی "سننه الكبری" طبع مكتبه دارالباز، مكه مكرمه، سعودی عرب **1414**ھ، **1994**ء، رقم الحديث: **17836** اخرجه ابوالقاسم الطبرانی فی "معجمه الصغير" طبع المكتب الاسلامی، دارعمار، بيروت، لبنان، عمان، **1405**ھ **1985**ء، رقم الحديث: **413** اخرجه ابوداؤد الطيالسی فی "مسنده" طبع دارالمعرفة، بيروت، لبنان، رقم الحديث: **1872** اخرجه ابويعلی الموصلی فی "مسنده" طبع دارالمامون للتراث، دمشق، شام، **1404**ھ-**1984**ء، رقم الحديث: **5652**

Marfat.com

كتاب الأضاحى
قربانی کا بیان

•••———•••———•••

وقتها
اس کا وقت

1280 حديث جُنْدَبٍ رَضِيَ اللّٰهُ عَنْهُ،

قَالَ: صَلَّى النَّبِيُّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ، يَوْمَ النَّحْرِ ثُمَّ خَطَبَ ثُمَّ ذَبَحَ، فَقَالَ: مَنْ ذَبَحَ قَبْلَ أَنْ يُّصَلِّيَ فَلْيَذْبَحْ أُخْرٰى مَكَانَهَا، وَمَنْ لَّمْ يَذْبَحْ فَلْيَذْبَحْ بِاسْمِ اللّٰهِ

✧✧ حضرت جندب رضی اللہ عنہ بیان کرتے ہیں: عید قربان کے دن نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے نماز پڑھائی پھر آپ نے خطبہ دیا پھر آپ نے قربانی کی اور ارشاد فرمایا: جس شخص نے نماز پڑھنے سے پہلے قربانی کی وہ اس قربانی کی جگہ دوسری قربانی کر دیں اور جس نے قربانی نہیں کی ہے اب وہ اللہ کا نام لے کر قربانی کر لیں۔

أخرجه البخاري في: 13 كتاب العيدين: 23 باب كلام الإمام والناس في خطبة العيد

رقم الجزء: 1 رقم الصفحة: 627 (جہانگیری صحیح بخاری، مطبوعہ شبیر برادرز، رقم الحدیث: 942)

1281 حديث الْبَرَاءِ بْنِ عَازِبٍ رَضِيَ اللّٰهُ عَنْهُ،

قَالَ: ضَحّٰى خَالٌ لِي، يُقَالُ لَهُ أَبُوْ بُرْدَةَ، قَبْلَ الصَّلَاةِ، فَقَالَ لَهُ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: شَاتُكَ شَاةُ لَحْمٍ فَقَالَ: يَا رَسُوْلَ اللّٰهِ إِنَّ عِنْدِي دَاجِنًا جَذَعَةً مِّنَ الْمَعَزِ قَالَ: اذْبَحْهَا، وَلَنْ تَصْلُحَ لِغَيْرِكَ ثُمَّ قَالَ: مَنْ ذَبَحَ قَبْلَ الصَّلَاةِ فَإِنَّمَا يَذْبَحُ لِنَفْسِهِ، وَمَنْ ذَبَحَ بَعْدَ الصَّلَاةِ فَقَدْ تَمَّ نُسُكُهُ وَأَصَابَ سُنَّةَ الْمُسْلِمِيْنَ

✧✧ حضرت براء بن عازب رضی اللہ عنہ بیان کرتے ہیں: میرے ماموں، جن کا نام ابو بردہ تھا، انہوں نے نماز (عید) سے پہلے قربانی کر لی تو نبی اکرم نے ان سے ارشاد فرمایا: تمہاری بکری، صرف گوشت والی بکری ہے (یعنی شرعی قربانی نہیں ہے) انہوں نے عرض کی: یارسول اللہ! میرے پاس ایک بکری کا بچہ ہے آپ نے ارشاد فرمایا: تم اُسے ذبح کر لو تمہارے علاوہ اور کسی کے لیے یہ

رقم الحديث: 1280

اخرجه ابوالقاسم الطبراني في "معجمه الكبير" طبع مكتبه العلوم والحكم، موصل، 1404ھ/1983ء، رقم الحديث: 1714

Marfat.com

درست نہیں ہوگا پھر نبی اکرم نے ارشاد فرمایا: جو شخص نماز (عید) سے پہلے ذبح کرے اُس نے اپنی ذات کے لیے ذبح کیا اور جو شخص نماز کے بعد ذبح کرے اُس نے اپنی قربانی کو مکمل کیا اور مسلمانوں کے طریقے پر عمل کیا۔

أخرجه البخاري في: 73 كتاب الأضاحي: 8 باب قول النبي صَلَّى اللهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ لأبي بردة ضح بالجذع من المعز

رقم الجزء: 1 رقم الصفحة: 627 (جہانگیری صحیح بخاری، مطبوعہ شبیر برادرز، رقم الحدیث:5225)

1282 حديث أَنَسٍ رَضِيَ اللّٰهُ عَنْهُ،

قَالَ: قَالَ النَّبِيُّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: مَنْ ذَبَحَ قَبْلَ الصَّلاَةِ فَلْيُعِدْ فَقَامَ رَجُلٌ، فَقَالَ: هٰذَا يَوْمٌ يُشْتَهَى فِيْهِ اللَّحْمُ وَذَكَرَ مِنْ جِيرَانِهِ فَكَأَنَّ النَّبِيَّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ صَدَّقَهُ قَالَ: وَعِنْدِيْ جَذَعَةٌ أَحَبُّ إِلَيَّ مِنْ شَاتَيْ لَحْمٍ، فَرَخَّصَ لَهُ النَّبِيُّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ فَلاَ أَدْرِيْ أَبَلَغَتِ الرُّخْصَةُ مَنْ سِوَاهُ، أَمْ لاَ

✧✧ حضرت انس رضی اللہ عنہ روایت کرتے ہیں. نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے ارشاد فرمایا ہے: جو شخص (بڑی عید کے دن) نمازِ (عید) پڑھنے سے پہلے ذبح کر چکا ہو اسے دوبارہ قربانی کرنا ہوگی۔

ایک شخص کھڑا ہوا اور کہنے لگا: آج کے دن گوشت کی بڑی ضرورت ہوتی ہے پھر اس نے اپنے پڑوسیوں کا ذکر کیا۔ نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے گویا اس کی بات کی تصدیق فرمائی اس نے عرض کی: میرے پاس ایک بکری کا بچہ ہے جس کی عمر ایک سال سے کم ہے لیکن وہ میرے نزدیک پر گوشت دو بکریوں سے زیادہ عزیز ہے تو نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے اس شخص کو یہ رخصت عطا کی (حضرت انس رضی اللہ عنہ بیان کرتے ہیں) مجھے نہیں معلوم کہ اس رخصت کا تعلق اس شخص کے علاوہ دوسروں کے ساتھ بھی ہے یا نہیں۔

أخرجه البخاري في: 13 كتاب العيدين: 5 باب الأكل يوم النحر

رقم الجزء: 1 رقم الصفحة: 628 (جہانگیری صحیح بخاری، مطبوعہ شبیر برادرز، رقم الحدیث:911)

1283 حديث عُقْبَةَ بْنِ عَامِرٍ رَضِيَ اللّٰهُ عَنْهُ،

أَنَّ النَّبِيَّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ أَعْطَاهُ غَنَمًا يَقْسِمُهَا عَلَى صَحَابَتِهِ، فَبَقِيَ عَتُودٌ، فَذَكَرَهُ لِلنَّبِيِّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ، فَقَالَ: ضَحِّ أَنْتَ

✧✧ حضرت عقبہ بن عامر رضی اللہ عنہ بیان کرتے ہیں، نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے انہیں کچھ بکریاں دیں تا کہ وہ انہیں اپنے ساتھیوں میں تقسیم کر دیں۔ ایک سال کا بکری کا بچہ باقی رہ گیا۔ انہوں نے اس کا تذکرہ نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم سے کیا تو آپ نے فرمایا: اسے تم قربان کر دو۔

رقم الحديث: 1282

اخرجه ابوالحسين مسلم النيسابوري في "صحيحه" طبع داراحياء التراث العربي، بيروت، لبنان، رقم الحديث:**1962** اخرجه ابوعبدالرحمن النسائي في "سننه" طبع مكتب المطبوعات الاسلاميه، حلب، شام، **1406**ھ، **1986**ء، رقم الحديث: **4396** اخرجه ابوعبدالرحمن النسائي في "سننه" طبع مكتب المطبوعات الاسلاميه، حلب، شام، **1406**ھ، **1986**ء، رقم الحديث: **4488** اخرجه ابوعبدالله الشيباني في "مسنده" طبع موسسه قرطبه، قاهره، مصر، رقم الحديث:**12141**

Marfat.com

أخرجه البخاري في: 40 كتاب الوكالة: 1 باب وكالة الشريك الشريك في القسمة وغيرها

رقم الجزء: 1 رقم الصفحة: 628 (جہانگیری صحیح بخاری مطبوعہ شبیر برادرز، رقم الحدیث:2178)

•••———•••———•••

استحباب الضحية وذبحها مباشرة بلا توكيل. والتسمية والتكبير

قربانی کرنا اور کسی کو وکیل مقرر کرنے کی بجائے بذات خود ذبح کرنا مستحب ہے

(ذبح کے وقت) بسم اللہ اور اللہ اکبر پڑھنا

1284 حديث أَنَسٍ رَضِيَ اللّٰهُ عَنْهُ،

قَالَ: ضَحَّى النَّبِيُّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ بِكَبْشَيْنِ أَمْلَحَيْنِ أَقْرَنَيْنِ، ذَبَحَهُمَا بِيَدِهِ، وَسَمَّى وَكَبَّرَ، وَوَضَعَ رِجْلَهُ عَلَى صِفَاحِهِمَا

✧✧ حضرت انس رضی اللہ عنہ بیان کرتے ہیں' نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے سیاہ وسفید رنگ والے (سینگوں والے) دو دنبوں کی قربانی کی آپ نے ان دونوں کو اپنے دست مبارک کے ذریعے ذبح کیا۔ بسم اللہ پڑھی تکبیر کہی اور آپ نے اپنا پاؤں ان کے پہلو پر رکھا۔

أخرجه البخاري في: 83 كتاب الأضاحي: 14 باب التكبير عند الذبح

رقم الجزء: 1 رقم الصفحة: 629 (جہانگیری صحیح بخاری مطبوعہ شبیر برادرز، رقم الحدیث:5245)

•••———•••———•••

جواز الذبح بكل ما أنهر الدم إلا السن والظفر وسائر العظام

ہر وہ چیز جو خون بہادے اس کے ذریعے ذبح کرنا جائز ہے البتہ سن' ظفر اور ہر طرح کی ہڈی کے ذریعے ذبح کرنا درست نہیں ہے

1285 حديث رَافِعِ بْنِ خَدِيْجٍ رَضِيَ اللّٰهُ عَنْهُ،

رقم الحديث : 1283

اخرجه ابو عيسى الترمذى فى "جامعه" طبع داراحياء التراث العربى، بيروت، لبنان، رقم الحديث: **4500** اخرجه ابوعبدالرحمن النسائى فى "سننه" طبع مكتب المطبوعات الاسلاميه، حلب، شام، **1406**ھ، **1986**ء، رقم الحديث: **4379** اخرجه ابو عبدالله القزوينى فى "سننه" طبع دارالفكر، بيروت، لبنان، رقم الحديث: **3138** اخرجه ابومحمد الدارمى فى "سننه" طبع دارالكتاب العربى، بيروت، لبنان، **1407**ھ، **1987**ء، رقم الحديث: **1954** اخرجه ابوعبدالله الشيبانى فى "مسنده" طبع موسسه قرطبه، قاہره، مصر، رقم الحديث: **17384** اخرجه ابوحاتم البستى فى "صحيحه" طبع موسسه الرساله، بيروت، لبنان، **1414**ھ/**1993**ء، رقم الحديث: **5898** اخرجه ابوعبدالرحمن النسائى فى "سننه" طبع مكتب المطبوعات الاسلاميه، حلب، شام، **1406**ھ، **1986**ء، رقم الحديث: **4469** ذكره ابوبكر البيهقى فى "سننه الكبرى" طبع مكتبه دارالباز، مكه مكرمه، سعودى عرب **1414**ھ/**1994**ء، رقم الحديث: **18841** اخرجه ابوالقاسم الطبرانى فى "معجمه الكبير" طبع مكتبه العلوم والحكم، موصل، **1404**ھ/**1983**ء، رقم الحديث: **761**

Marfat.com

قَالَ: قُلْتُ يَا رَسُوْلَ اللّٰهِ إِنَّا لاَقُو الْعَدُوِّ غَدًا، وَلَيْسَتْ مَعَنَا مُدًى فَقَالَ: اعْجَلْ أَوْ أَرِنْ، مَا أَنْهَرَ الدَّمَ وَذُكِرَ اسْمُ اللّٰهِ فَكُلْ، لَيْسَ السِّنَّ وَالظُّفُرَ، وَسَأُحَدِّثُكَ أَمَّا السِّنُّ فَعَظْمٌ، وَأَمَّا الظُّفُرُ فَمُدَى الْحَبَشَةِ وَأَصَبْنَا نَهْبَ إِبِلٍ وَغَنَمٍ، فَنَدَّ مِنْهَا بَعِيْرٌ، فَرَمَاهُ رَجُلٌ بِسَهْمٍ، فَحَبَسَهُ فَقَالَ رَسُوْلَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: إِنَّ لِهٰذِهِ الْإِبِلِ أَوَابِدَ كَأَوَابِدِ الْوَحْشِ، فَإِذَا غَلَبَكُمْ مِنْهَا شَيْءٌ فَافْعَلُوْا بِهِ هٰكَذَا

✧✧ حضرت رافع بن خدیج رضی اللہ عنہ بیان کرتے ہیں: میں نے عرض کی: یارسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم! کل ہمیں دشمن کا سامنا کرنا ہے ہمارے پاس چھری نہیں ہے۔ نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: تم جلدی کرو (راوی کو شک ہے یہ الفاظ ہیں) یہ دیکھ لو کہ خون بہہ جائے اور جس پر اللہ تعالیٰ کا نام لے لیا جائے تو اسے کھالو البتہ اسے ''سن'' یا ''ظفر'' (کے ذریعے ذبح) نہ کیا ہو۔

راوی بیان کرتے ہیں: میں تمہیں بتاتا ہوں، ''سن'' سے مراد ہڈی ہے اور ظفر ''حبشہ'' کی مخصوص چھری کو کہتے ہیں۔

راوی بیان کرتے ہیں: وہاں ہمیں کچھ اونٹ اور بکریاں مال غنیمت کے طور پر ملے ان میں سے ایک اونٹ سرکش ہو کر بھاگا تو ایک شخص نے اسے تیر مار کر رکنے پر مجبور کر دیا۔ نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: یہ اونٹ بھی وحشی جانوروں کی طرح سرکش ہو جاتے ہیں جب تم ان پر قابو نہ پا سکو تو ان کے ساتھ یہی سلوک کرو۔

أخرجه البخاري في: 72 كتاب الذبائح والصيد: 23 باب ما ندّ من البهائم فهو بمنزلة الوحش

رقم الجزء: 1 رقم الصفحة: 629 (جہانگیری صحیح بخاری، مطبوعہ شبیر برادرز، رقم الحدیث:5190)

1286 حديث رَافِعِ بْنِ خَدِيْجٍ رَضِيَ اللّٰهُ عَنْهُ،

قَالَ: كُنَّا مَعَ النَّبِيِّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ، بِذِي الْحُلَيْفَةِ، فَأَصَابَ النَّاسَ جُوعٌ، فَأَصَابُوْا إِبِلاً وَّغَنَمًا، قَالَ: وَكَانَ النَّبِيُّ فِيْ أُخْرَيَاتِ الْقَوْمِ، فَعَجِلوا وَذَبَحُوْا وَنَصَبُوا الْقُدُوْرَ فَأَمَرَ النَّبِيُّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ بِالْقُدُوْرِ فَأُكْفِئَتْ، ثُمَّ قَسَمَ، فَعَدَلَ عَشَرَةً مِّنَ الْغَنَمِ بِبَعِيْرٍ، فَنَدَّ مِنْهَا بَعِيْرٌ، فَطَلَبُوْهُ فَأَعْيَاهُمْ وَكَانَ فِي الْقَوْمِ خَيْلٌ

رقم الحديث: **1286**

اخرجه ابوالحسين مسلم النيسابوری فی ''صحيحه'' طبع داراحياء التراث العربی، بيروت، لبنان، رقم الحديث: **1968** اخرجه ابو عيسى الترمذی فی ''جامعه''، طبع داراحياء التراث العربی، بيروت، لبنان، رقم الحديث: **1492** اخرجه ابوعبدالرحمن النسائی فی ''سننه'' طبع مكتب المطبوعات الاسلاميه، حلب، شام، **1406**ھ، **1986**ء، رقم الحديث: **4297** اخرجه ابوعبدالله الشيبانی فی ''مسنده'' طبع موسسه قرطبه، قاہره، مصر، رقم الحديث: **15844** اخرجه ابومحمد الدارمی فی ''سننه'' طبع دارالكتاب العربی، بيروت، لبنان، **1407**ھ، **1987**ء، رقم الحديث: **1977** اخرجه ابوالقاسم الطبرانی فی ''معجمه الكبير'' طبع مكتبه العلوم والحكم، موصل، **1404**ھ/**1983**ء، رقم الحديث: **4380** اخرجه ابوبكر الصنعانی فی ''مصنفه'' طبع المكتب الاسلامی، بيروت لبنان، (طبع ثانی) **1403**ھ، رقم الحديث: **8481** اخرجه ابوبكر الكوفی فی ''مصنفه'' طبع مكتبه الرشد، رياض، سعودی عرب، (طبع اول) **1409**ھ، رقم الحديث: **19795** ذكره ابوبكر البيهقی فی ''سننه الكبرىٰ'' طبع مكتبه دارالباز، مكه مكرمه، سعودی عرب **1414**ھ/**1994**ء، رقم الحديث: **18706** اخرجه ابوعبدالرحمن النسائی فی ''سننه'' طبع مكتب المطبوعات الاسلاميه، حلب، شام، **1406**ھ، **1986**ء، رقم الحديث: **4124** اخرجه ابوجعفر الطحاوی فی ''شرح معانی الآثار'' طبع دارالكتب العلميه، بيروت، الطبعة الاولىٰ، **1399**ھ، رقم الحديث: **2104** اخرجه ابوبكر الحميدی فی ''مسنده'' طبع دارالكتب العلميه، مكتبه المتنبی، بيروت، قاہره، رقم الحديث: **411**

Marfat.com

يَسِيرَةٌ فَأَهْوَى رَجُلٌ مِنْهُمْ بِسَهْمٍ، فَحَبَسَهُ اللّٰهُ ثُمَّ قَالَ: إِنَّ لِهٰذِهِ الْبَهَائِمِ أَوَابِدَ كَأَوَابِدِ الْوَحْشِ، فَمَا غَلَبَكُمْ مِنْهَا فَاصْنَعُوا بِهِ هٰكَذَا قُلْتُ: إِنَّا نَرْجُو أَوْ نَخَافُ الْعَدُوَّ غَدًا، وَلَيْسَتْ مُدًى، أَفَنَذْبَحُ بِالْقَصَبِ قَالَ: مَا أَنْهَرَ الدَّمَ وَذُكِرَ اسْمُ اللّٰهِ عَلَيْهِ، فَكُلُوْهُ، لَيْسَ السِّنَّ وَالظُّفُرَ، وَسَأُحَدِّثُكُمْ عَنْ ذٰلِكَ أَمَّا السِّنُّ فَعَظْمٌ، وَأَمَّا الظُّفُرُ فَمُدَى الْحَبَشَةِ

✧✧ حضرت رافع بن خدیج رضی اللہ عنہ بیان کرتے ہیں: ہم لوگ نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کے ہمراہ ذی الحلیفہ میں موجود تھے لوگوں کو بھوک لاحق ہوگئی، انہیں جو اونٹ بکریاں ملیں انہوں نے انہیں قربان کر دیا۔ نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم پیچھے تشریف لا رہے تھے ہم نے جلد بازی کا مظاہرہ کیا انہیں ذبح کرنے کے بعد ہنڈیا بھی رکھ دی، نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کے حکم کے تحت ان ہنڈیا کو الٹا دیا گیا پھر آپ نے مال غنیمت تقسیم کرنا شروع کیا، آپ نے دس بکریاں ایک اونٹ کے عوض میں دیں ان میں سے ایک اونٹ سرکش ہو کر بھاگ گیا۔ لوگ اس کے پیچھے گئے لیکن اس پر قابو نہیں پا سکے لوگوں میں اس وقت گھوڑے کم تھے ایک شخص نے اپنا تیر لیا اس کو مارا تو اللہ تعالیٰ نے اسے روک دیا۔ پھر نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے ارشاد فرمایا: وحشی درندوں کی طرح ان جانوروں میں بھی کچھ وحشی ہوتے ہیں ان میں سے جو تم پر غالب آنے کی کوشش کرے اس سے یہی سلوک کرو۔

میرے دادا نے یہ بات عرض کی' ہمیں یہ اندیشہ ہے کہ ہم دشمن کا سامنا کر سکتے ہیں: ہمارے پاس چھریاں نہیں ہیں کیا ہم بانس کے ذریعے ذبح کر لیں۔ نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: جو چیز خون بہائے اور جس جانور پر ذبح کرتے ہوئے اللہ کا نام لیا جائے تو تم اسے کھا لو البتہ ''سن'' اور ''ظفر'' کو نہ کھاؤ۔

راوی بیان کرتے ہیں' میں تمہیں ان کے بارے میں بتاتا ہوں ''سن'' ہڈی کو کہتے ہیں اور ''ظفر'' حبشہ کی چھری کو کہتے ہیں۔

أخرجه البخاري في: 47 كتاب الشركة: 3 باب قسمة الغنم

رقم الجزء: 1 رقم الصفحة: 630 (جہانگیری صحیح بخاری مطبوعہ شبیر برادرز، رقم الحدیث:2356)

•••———•••———•••

ما كان من النهي عن أكل لحوم الأضاحي بعد ثلاث فِيْ أول الإسلام وبيان نسخه وإباحته إلى من شاء

تین دن کے بعد قربانی کا گوشت کھانے کی ممانعت کا حکم پہلے تھا' پھر یہ منسوخ ہو گیا اب جب تک آدمی چاہے' اسے کھانا جائز ہے

1287 حديث عَبْدِ اللّٰهِ بْنِ عُمَرَ رَضِيَ اللّٰهُ عَنْهُ،

قَالَ: قَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: كُلُوْا مِنَ الْأَضَاحِي ثَلَاثًا وَكَانَ عَبْدُ اللّٰهِ يَأْكُلُ بِالزَّيْتِ حِيْنَ يَنْفِرُ مِنْ مِنًى مِنْ أَجْلِ لُحُومِ الْهَدْيِ

Marfat.com

✧✧ حضرت عبداللہ بن عمر رضی اللہ عنہما بیان کرتے ہیں: نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے ارشاد فرمایا ہے: قربانی کے گوشت کو تین دن تک کھا سکتے ہو۔

راوی بیان کرتے ہیں: حضرت عبداللہ رضی اللہ عنہ جب منیٰ سے واپس آتے تھے تو زیتون کے تیل کے ساتھ روٹی کھایا کرتے تھے قربانی کا گوشت (کھانے) سے بچنے کے لئے۔

أخرجه البخاري في: 73 كتاب الأضاحي: 16 باب ما يؤكل من لحوم الأضاحي وما يتزود منها

رقم الجزء: 1 رقم الصفحة: 631 (جہانگیری صحیح بخاری، مطبوعہ شبیر برادرز، رقم الحدیث:5252)

1288 حديث عَائِشَةَ رَضِيَ اللّٰهُ عَنْهَا،

قَالَتْ: الضَّحِيَّةُ كُنَّا نُمَلِّحُ مِنْهُ، فَنَقْدَمُ بِهِ إِلَى النَّبِيِّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ بِالْمَدِينَةِ، فَقَالَ: لاَ تَأْكُلُوا إِلَّا ثَلاَثَةَ أَيَّامٍ وَلَيْسَتْ بِعَزِيمَةٍ، وَلَكِنْ أَرَادَ أَنْ يُطْعِمَ مِنْهُ، وَاللّٰهُ أَعْلَمُ

✧✧ سیّدہ عائشہ صدیقہ رضی اللہ عنہا بیان کرتی ہیں: ہم نے قربانی کے گوشت کو نمک لگا دیا کرتے پھر ہم اسے نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کی خدمت میں مدینہ منورہ میں پیش کر دیا کرتے تھے۔ آپ نے فرمایا: اسے تین دن سے زیادہ نہیں کھانا۔ (سیّدہ عائشہ رضی اللہ عنہا فرماتی ہیں) یہ لازمی حکم نہیں تھا بلکہ آپ کا ارادہ یہ تھا کہ آپ اس میں سے دوسروں کو بھی کھانے کے لئے دیں۔ باقی اللہ تعالیٰ بہتر جانتا ہے۔

أخرجه البخاري في: 73 كتاب الأضاحي: 16 باب ما يؤكل من لحوم الأضاحي وما يتزود منها

رقم الجزء: 1 رقم الصفحة: 631 (جہانگیری صحیح بخاری، مطبوعہ شبیر برادرز، رقم الحدیث:5250)

1289 حديث جَابِرِ بْنِ عَبْدِ اللّٰهِ رَضِيَ اللّٰهُ عَنْهُ،

قَالَ: كُنَّا لاَ نَأْكُلُ مِنْ لُحُومِ بُدْنِنَا فَوْقَ ثَلاَثٍ مِنًى، فَرَخَّصَ لَنَا النَّبِيُّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ، فَقَالَ: كُلُوا وَتَزَوَّدُوا فَأَكَلْنَا وَتَزَوَّدْنَا

✧✧ حضرت جابر بن عبداللہ رضی اللہ عنہما بیان کرتے ہیں، ہم لوگ منیٰ میں 3 دن سے زیادہ اپنی قربانی کے جانوروں کا گوشت نہیں کھایا کرتے تھے۔ پھر نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے ہمیں رخصت عطا کی اور ارشاد فرمایا: تم اسے کھاؤ اور اسے سفر کے دوران کھانے کے لیے ساتھ رکھو! تو ہم نے اسے کھایا بھی اور سفر کے دوران اپنے ساتھ بھی رکھا۔

أخرجه البخاري في: 25 كتاب الحج: 124 باب ما يأكل من البدن وما يتصدق

رقم الجزء: 1 رقم الصفحة: 631 (جہانگیری صحیح بخاری، مطبوعہ شبیر برادرز، رقم الحدیث:1632)

رقم الحديث : 1289

اخرجه ابوالحسين مسلم النيسابوري في "صحيحه" طبع داراحياء التراث العربي، بيروت، لبنان، رقم الحديث: **1792** اخرجه ابوعبدالله الشيباني في "مسنده" طبع موسسه قرطبه، قاهره، مصر، رقم الحديث: **14452** ذكره ابوبكر البيهقي في "سننه الكبرى" طبع مكتبه دارالباز، مكه مكرمه، سعودي عرب **1414**ھ/**1994**ء، رقم الحديث: **18990** اخرجه ابوعبدالرحمن النسائي في "سننه" طبع مكتب المطبوعات الاسلاميه، حلب، شام، **1406**ھ، **1986**ء، رقم الحديث: **4141**

Marfat.com

﴿1290﴾ حديث سَلَمَةَ بْنِ الْأَكْوَعِ رَضِيَ اللّٰهُ عَنْهُ،

قَالَ: قَالَ النَّبِيُّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: مَنْ ضَحَّى مِنْكُمْ فَلَا يُصْبِحَنَّ بَعْدَ ثَالِثَةٍ وَفِي بَيْتِهِ مِنْهُ شَيْءٌ فَلَمَّا كَانَ الْعَامُ الْمُقْبِلُ، قَالُوْا: يَا رَسُوْلَ اللّٰهِ نَفْعَلُ كَمَا فَعَلْنَا عَامَ الْمَاضِي قَالَ: كُلُوْا وَأَطْعِمُوْا وَادَّخِرُوْا، فَإِنَّ ذٰلِكَ الْعَامَ، كَانَ بِالنَّاسِ جَهْدٌ فَأَرَدْتُ أَنْ تُعِيْنُوْا فِيْهَا

✧✧ حضرت سلمہ بن اکوع رضی اللہ عنہ بیان کرتے ہیں: نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے ارشاد فرمایا ہے: تم میں سے جس شخص نے قربانی کی ہو تیسرے دن کے بعد اس کے گھر میں اس قربانی کی کوئی چیز نہیں ہونی چاہئے جب اگلا برس آیا تو لوگوں نے عرض کی: یا رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم! اس سال بھی ہم ایسا ہی کریں گے جیسا ہم نے گزشتہ سال کیا تھا۔ نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: نہیں! اب تم کھاؤ دوسروں کو کھلاؤ اور ذخیرہ کر کے رکھو کیونکہ گزشتہ برس لوگ قحط سالی کا شکار تھے اور میری یہ خواہش تھی کہ تم ان کی مدد کرو۔

أخرجه البخاري في: 73 كتاب الأضاحي: 16 باب ما يؤكل من لحوم الأضاحي وما يتزود منها

رقم الجزء: 1 رقم الصفحة: 631 (جہانگیری صحیح بخاری مطبوعہ شبیر برادرز، رقم الحدیث: 5249)

•••———•••———•••

الفرع والعتيرة

فرع اور عتیرہ کا بیان

﴿1291﴾ حديث أَبِي هُرَيْرَةَ رَضِيَ اللّٰهُ عَنْهُ،

عَنِ النَّبِيِّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ، قَالَ: لَا فَرَعَ وَلَا عَتِيرَةَ

رقم الحديث: 1291

اخرجه ابوالحسين مسلم النيسابوري في "صحيحه" طبع دار احياء التراث العربي بيروت لبنان رقم الحديث: 1976 اخرجه ابوداؤد السجستاني في "سننه" طبع دار الفكر بيروت لبنان رقم الحديث: 2831 اخرجه ابو عيسى الترمذي في "جامعه" طبع دار احياء التراث العربي بيروت لبنان رقم الحديث: 1512 اخرجه ابوعبدالرحمن النسائي في "سننه" طبع مكتب المطبوعات الاسلامية حلب شام 1406ھ 1986ء رقم الحديث: 4222 اخرجه ابو عبدالله القزويني في "سننه" طبع دار الفكر بيروت لبنان رقم الحديث: 3168 اخرجه ابومحمد الدارمي في "سننه" طبع دار الكتاب العربي بيروت لبنان 1407ھ 1987ء رقم الحديث: 1964 اخرجه ابو عبدالله الشيباني في "مسنده" طبع موسسه قرطبه قاهره مصر رقم الحديث: 7255 اخرجه ابوحاتم البستي في "صحيحه" طبع موسسه الرساله بيروت لبنان 1414ھ/1993ء رقم الحديث: 5890 اخرجه ابوعبدالرحمن النسائي في "سننه" طبع مكتب المطبوعات الاسلامية حلب شام 1406ھ 1986ء رقم الحديث: 4548 ذكره ابوبكر البيهقي في "سننه الكبرى" طبع مكتبه دار الباز مكه مكرمه سعودي عرب 1414ھ 1994ء رقم الحديث: 19129 اخرجه ابوداؤد الطيالسي في "مسنده" طبع دار المعرفة بيروت لبنان رقم الحديث: 2298 اخرجه ابوبكر الحميدي في "مسنده" طبع دار الكتب العلميه مكتبه المتنبي بيروت قاهره رقم الحديث: 1095 اخرجه ابويعلى الموصلي في "مسنده" طبع دار المامون للتراث دمشق شام 1404ھ 1984ء رقم الحديث: 1879 اخرجه ابوبكر الكوفي في "مصنفه" طبع مكتبه الرشد رياض سعودي عرب طبع اول 1409ھ رقم الحديث: 24297

Marfat.com

وَالْفَرَعَ أَوَّلُ النِّتَاجِ كَانُوا يَذْبَحُونَهُ لِطَوَاغِيتِهِمْ

✧✧ حضرت ابو ہریرہ رضی اللہ عنہ، نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کا یہ فرمان نقل کرتے ہیں: فرع اور عتیرہ کی کوئی حقیقت نہیں ہے۔

راوی بیان کرتے ہیں: فرع اونٹنی کے پہلے بچے کو کہتے ہیں جسے وہ لوگ اپنے بتوں کے نام پر قربان کرتے تھے۔

أخرجه البخاري في: 71 كتاب العقيقة: 3 باب الفرع

رقم الجزء: 1 رقم الصفحة: 632 (جہانگیری صحیح بخاری، مطبوعہ شبیر برادرز، رقم الحدیث:5156)

Marfat.com

كتاب الأشربة
مشروبات کے احکام

•••———•••———•••

تحريم الخمر وبيان أنها تكون من عصير العنب ومن التمر والبسر والزبيب وغيرها مما يسكر

شراب پینا حرام ہے اور اس بات کی وضاحت کہ شراب انگور، کچی کھجوروں، پکی کھجوروں، کشمش اور دیگر چیزوں کے ذریعے تیار ہوتی ہے جو نشہ آور ہوتی ہیں

﴿1292﴾ حديث عَلِيٍّ رَضِيَ اللّٰهُ عَنْهُ،

قَالَ: كَانَتْ لِي شَارِفٌ مِّنْ نَصِيبِي مِنَ الْمَغْنَمِ، يَوْمَ بَدْرٍ، وَكَانَ النَّبِيُّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ أَعْطَانِي شَارِفًا مِّنَ الْخُمُسِ؛ فَلَمَّا أَرَدْتُ أَنْ أَبْتَنِيَ بِفَاطِمَةَ، بِنْتِ رَسولِ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ، وَاعَدْتُ رَجُلاً صَوَّاغًا، مِنْ بَنِي قَيْنُقَاعٍ، أَنْ يَرْتَحِلَ مَعِيَ، فَنَأْتِيَ بِإِذْخِرٍ، أَرَدْتُ أَنْ أَبِيعَهُ الصَّوَّاغِينَ، وَأَسْتَعِينَ بِهِ فِي وَلِيمَةِ عُرْسِي؛ فَبَيْنَا أَنَا أَجْمَعُ لِشَارِفَيَّ مَتَاعًا مِّنَ الْأَقْتَابِ وَالْغَرَائِرِ وَالْحِبَالِ، وَشَارِفَايَ مُنَاخَانِ إِلَى جَنْبِ حُجْرَةِ رَجُلٍ مِّنَ الْأَنْصَارِ، رَجَعْتُ، حِينَ جَمَعْتُ مَا جَمَعْتُ، فَإِذَا شَارِفَايَ قَدِ اجْتُبَّ أَسْنِمَتُهُمَا، وَبُقِرَتْ خَوَاصِرُهُمَا، وَأُخِذَ مِنْ أَكْبَادِهِمَا؛ فَلَمْ أَمْلِكْ عَيْنَيَّ، حِينَ رَأَيْتُ ذٰلِكَ الْمَنْظَرَ مِنْهُمَا فَقُلْتُ: مَنْ فَعَلَ هٰذَا فَقَالُوا: فَعَلَ حَمْزَةُ بْنُ عَبْدِ الْمُطَّلِبِ، وَهُوَ فِي هٰذَا الْبَيْتِ فِي شَرْبٍ مِّنَ الْأَنْصَارِ فَانْطَلَقْتُ حَتّٰى أَدْخُلَ عَلَى النَّبِيِّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ، وَعِنْدَهُ زَيْدُ بْنُ حَارِثَةَ فَعَرَفَ النَّبِيُّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ، فِي وَجْهِي الَّذِي لَقِيتُ فَقَالَ النَّبِيُّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: مَا لَكَ فَقُلْتُ: يَا رَسُولَ اللّٰهِ مَا رَأَيْتُ كَالْيَوْمِ قَطُّ، عَدَا حَمْزَةُ عَلَى نَاقَتَيَّ فَأَجَبَّ أَسْنِمَتَهُمَا، وَبَقَرَ خَوَاصِرَهُمَا؛ وَهَا هُوَ ذَا، فِي بَيْتٍ مَعَهُ شَرْبٌ فَدَعَا النَّبِيُّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ، بِرِدَائِهِ فَارْتَدَى، ثُمَّ انْطَلَقَ يَمْشِي، وَاتَّبَعْتُهُ أَنَا وَزَيْدُ بْنُ حَارِثَةَ، حَتّٰى جَاءَ الْبَيْتَ الَّذِي فِيهِ حَمْزَةُ، فَاسْتَأْذَنَ، فَأَذِنُوا لَهُ، فَإِذَا هُمْ شَرْبٌ فَطَفِقَ رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ يَلُومُ حَمْزَةَ فِيمَا فَعَلَ فَإِذَا حَمْزَةُ قَدْ ثَمِلَ مُحْمَرَّةً عَيْنَاهُ فَنَظَرَ حَمْزَةُ إِلَى رَسُولِ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ، ثُمَّ صَعَّدَ النَّظَرَ، فَنَظَرَ إِلَى رُكْبَتِهِ، ثُمَّ صَعَّدَ النَّظَرَ، فَنَظَرَ إِلَى سُرَّتِهِ، ثُمَّ

Marfat.com

صَعَّدَ النَّظَرَ، فَنَظَرَ إِلٰى وَجْهِهِ؛ ثُمَّ قَالَ حَمْزَةُ: هَلْ أَنْتُمْ إِلَّا عَبِيْدٌ لِأَبِيْ فَعَرَفَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ، أَنَّهُ قَدْ ثَمِلَ، فَنَكَصَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ عَلٰى عَقِبَيْهِ الْقَهْقَرٰى وَخَرَجْنَا مَعَهُ

✧✧ حضرت علی رضی اللہ عنہ بیان کرتے ہیں:

غزوۂ بدر کے دن مالِ غنیمت میں میرے حصے میں ایک اونٹنی آئی۔ نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے مالِ خمس میں سے بھی مجھے ایک اونٹنی عطا کی جب میں نے نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کی صاحبزادی سیّدہ فاطمہ رضی اللہ عنہا سے شادی کا ارادہ کیا تو بنوقینقاع سے تعلق رکھنے والے ایک سنار کے ساتھ یہ معاہدہ کیا کہ وہ میرے ساتھ جائے گا اور ہم اذخر نامی گھاس لے کر آئیں گے۔ میرا خیال یہ تھا کہ میں اسے سناروں کو فروخت کردوں گا اور اس سے ملنے والی آمدنی سے میں اپنا ولیمہ کروں گا۔ میں اپنی اونٹنی کے لئے سامان' پالان' بوری' رسیاں وغیرہ اکٹھی کر رہا تھا۔ میری دونوں اونٹنیاں ایک انصاری کے گھر کے باہر بندھی ہوئی تھیں۔ جب میں سب کچھ جمع کر کے واپس آیا تو دیکھا کہ میری دونوں اونٹنیوں کے کوہان کاٹ دیئے گئے ہیں۔ ان کے پہلو پھاڑ دیئے گئے ہیں اور ان کے جگر نکالے جا چکے ہیں یہ دیکھ کر میں اپنی آنکھوں پر قابو نہیں رکھ سکا۔ میں نے دریافت کیا: یہ کس نے کیا ہے؟ لوگوں نے بتایا۔ جناب حمزہ بن عبدالمطلب رضی اللہ عنہ نے یہ کیا ہے اور وہ اس گھر میں موجود ہیں اور چند انصاریوں کے ساتھ بیٹھ کر شراب پی رہے ہیں۔

میں وہاں سے چل کے نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کی خدمت میں حاضر ہوا آپ کے ساتھ حضرت زید بن حارثہ رضی اللہ عنہ موجود تھے۔ نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے میرے چہرے سے پریشانی کا اندازہ کرلیا آپ نے دریافت کیا: تمہیں کیا ہوا ہے؟ میں نے عرض کی: یارسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم! آج جیسا دن میں نے پہلے کبھی نہیں دیکھا ہے۔ حضرت حمزہ رضی اللہ عنہ نے میری دونوں اونٹنیوں کے کوہان کاٹ دیئے ہیں۔ ان کے پہلو پھاڑ دیئے ہیں اور وہ خود فلاں گھر میں کچھ لوگوں کے ساتھ بیٹھ کر شراب پی رہے ہیں۔ نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے اپنی چادر منگوا کر اسے اوڑھا اور روانہ ہوئے۔ ان کے ساتھ میں اور حضرت زید بن حارثہ رضی اللہ عنہ بھی تھے۔ جب آپ اس گھر میں آئے جہاں حضرت حمزہ رضی اللہ عنہ موجود تھے تو آپ نے اندر آنے کی اجازت طلب کی۔ لوگوں نے آپ کو اجازت دی وہاں کچھ لوگ بیٹھے شراب پی رہے تھے۔

نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے حضرت حمزہ رضی اللہ عنہ کو ملامت کرنا شروع کی۔ ان کی اس حرکت پر جو انہوں نے کی تھی' حضرت حمزہ رضی اللہ عنہ نشے میں مست تھے۔ ان کی آنکھیں سرخ ہو چکی تھیں۔ حضرت حمزہ رضی اللہ عنہ نے نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کی طرف دیکھا پھر نظر اٹھا کر اوپر دیکھا پھر گھٹنوں کی طرف دیکھ کر نظر اٹھاتے ہوئے اوپر لائے پھر ناف کی طرف دیکھ کر نظر اٹھاتے ہوئے اوپر لائے اور پھر نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کے چہرے کی طرف دیکھا پھر حضرت حمزہ رضی اللہ عنہ بولے: تم صرف میرے باپ کے غلام ہو۔ نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کو اندازہ ہو گیا کہ یہ نشے میں مست ہیں نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم وہیں سے الٹے قدموں واپس مڑ آئے اور آپ کے ہمراہ ہم بھی نکل آئے۔

أخرجه البخاري في: 57 كتاب فرض الخمس: 1 باب فرض الخمس

رقم الجزء: 1 رقم الصفحة: 632 (جہانگیری صحیح بخاری مطبوعہ شبیر برادرز، رقم الحدیث:2925)

1293 حديث أَنَسٍ رَضِيَ اللّٰهُ عَنْهُ،

قَالَ: كُنْتُ سَاقِيَ الْقَوْمِ، فِيْ مَنْزِلِ أَبِيْ طَلْحَةَ، وَكَانَ خَمْرُهُمْ يَوْمَئِذٍ الْفَضِيخَ فَأَمَرَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ

Marfat.com

عَلَيْهِ وَسَلَّمَ مُنَادِيًا يُنَادِي: أَلَا إِنَّ الْخَمْرَ قَدْ حُرِّمَتْ قَالَ: فَقَالَ لِي أَبُو طَلْحَةَ: اخْرُجْ فَاهْرِقْهَا فَخَرَجْتُ فَهَرَقْتُهَا، فَجَرَتْ فِي سِكَكِ الْمَدِينَةِ فَقَالَ بَعْضُ الْقَوْمِ: قَدْ قُتِلَ قَوْمٌ وَهِيَ فِي بُطُونِهِمْ فَأَنْزَلَ اللَّهُ (لَيْسَ عَلَى الَّذِينَ آمَنُوا وَعَمِلُوا الصَّالِحَاتِ جُنَاحٌ فِيمَا طَعِمُوا) الْآيَةَ

✧✧ حضرت انس رضی اللہ عنہ بیان کرتے ہیں' میں' حضرت طلحہ رضی اللہ عنہ کے گھر میں لوگوں کو شراب پلا رہا تھا۔ ان دنوں وہ لوگ ''فضیخ'' نامی شراب پیا کرتے تھے، نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے اعلان کرنے والے کو یہ ہدایت کی کہ (وہ یہ اعلان کر دے) شراب حرام قرار دے دی گئی ہے تو حضرت ابوطلحہ رضی اللہ عنہ نے مجھ سے فرمایا: تم جاؤ اور اسے بہادو! میں باہر نکلا اور میں نے اسے بہا دیا تو مدینہ منورہ کی گلیوں میں شراب بہہ رہی تھی۔ بعض لوگوں نے یہ کہا: جو لوگ فوت ہو چکے ہیں اور ان کے پیٹ میں شراب موجود تھی (ان کا کیا ہوگا؟) تو اللہ تعالیٰ نے یہ آیت نازل کی۔

''وہ لوگ جو ایمان لائے اور انہوں نے نیک اعمال کئے' ان پر اس چیز کا کوئی گناہ نہیں ہوگا جو انہوں نے کھایا پیا''۔

أخرجه البخاري في: 46 كتاب المظالم: 21 باب صب الخمر في الطريق

رقم الجزء: 1 رقم الصفحة: 634 (جہانگیری صحیح بخاری مطبوعہ شبیر برادرز، رقم الحدیث: 2332)

•••———•••———•••

كراهة انتباذ التمر والزبيب مخلوطين

کھجور اور انگور کو ملا کر نبیذ تیار کرنا مکروہ ہے

1294 حديث جَابِرٍ رَضِيَ اللَّهُ عَنْهُ،

قَالَ: نَهَى النَّبِيُّ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ، عَنِ الزَّبِيبِ وَالتَّمْرِ وَالْبُسْرِ وَالرُّطَبِ

✧✧ حضرت جابر رضی اللہ عنہ بیان کرتے ہیں: نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے کشمش اور کھجور یا پھر کچی اور پکی کھجوروں (کو ملا کر نبیذ تیار کرنے سے) منع کیا ہے۔

رقم الحديث: 1293

اخرجه ابوالحسين مسلم النيسابوري في "صحيحه" طبع داراحياء التراث العربي بيروت، لبنان، رقم الحديث: 1980 اخرجه ابوداود السجستاني في "سننه" طبع دارالفكر بيروت، لبنان، رقم الحديث: 3673 اخرجه ابوعبدالرحمن النسائي في "سننه" طبع مكتب المطبوعات الاسلاميه، حلب، شام، 1406ھ، 1986ء، رقم الحديث: 5541 اخرجه ابوعبدالله الاصبحي في "الموطا" طبع داراحياء التراث العربي (تحقيق فواد عبدالباقي)، رقم الحديث: 1544 اخرجه ابومحمد الدارمي في "سننه" طبع دارالكتاب العربي بيروت، لبنان، 1407ھ، 1987ء، رقم الحديث: 2089 اخرجه ابوعبدالله الشيباني في "مسنده" طبع موسسه قرطبه، قاهره، مصر، رقم الحديث: 13400 ذكره ابوبكر البيهقي في "سننه الكبرى" طبع مكتبه دارالباز، مكه مكرمه، سعودي عرب 1414ھ، 1994ء، رقم الحديث: 17105 اخرجه يعلى الموصلي في "مسنده" طبع دارالمامون للتراث، دمشق، شام، 1404ھ-1984ء، رقم الحديث: 3362 اخرجه ابوبكر الحميدي في "مسنده" طبع دارالكتب العلميه، مكتبه المتنبي، بيروت، قاهره، رقم الحديث: 1210

Marfat.com

أخرجه البخاري في: 74 كتاب الأشربة: 11 باب من رأى أن لا يخلط البسر والتمر إذا كان مسكرًا
رقم الجزء: 1 رقم الصفحة: 635 (جہانگیری صحیح بخاری، مطبوعہ شبیر برادرز، رقم الحدیث:5279)

﴿1295﴾ حديث أَبِي قَتَادَةَ رَضِيَ اللّٰهُ عَنْهُ،

قَالَ: نَهى النَّبِيُّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ، أَنْ يَجْمَعَ بَيْنَ التَّمْرِ وَالزَّهْوِ، وَالتَّمْرِ وَالزَّبِيبِ، وَلْيُنْبَذْ كُلُّ وَاحِدٍ مِنْهُمَا عَلٰى حِدَةٍ

✧✧ حضرت ابوقتادہ رضی اللہ عنہ بیان کرتے ہیں: نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے کچی اور پکی کھجوروں، کھجوراور کشمش کوملا کر (نبیذ تیار کرنے سے) منع کیا ہے ان میں سے ہرایک کی الگ سے نبیذ تیار کی جائے گی۔

أخرجه البخاري في: 74 كتاب الأشربة: 11 باب من رأى أن لا يخلط البسر والتمر إذا كان مسكرًا
رقم الجزء: 1 رقم الصفحة: 635 (جہانگیری صحیح بخاری، مطبوعہ شبیر برادرز، رقم الحدیث:5280)

•••———•••———•••

النهي عن الانتباذ في المزفت والدباء والحنتم والنقير وبيان أنه منسوخ وأنه اليوم حلال ما لم يصر مسكرًا

مزفت، دباء، حنتم اور نقیر میں نبیذ تیار کرنے کی ممانعت اور اس بات کا بیان یہ حکم منسوخ ہو چکا ہے، اب ایسا کرنا جائز ہے بشرطیکہ وہ نبیذ نشہ آور نہ ہو

﴿1296﴾ حديث أَنَسِ بْنِ مَالِكٍ رَضِيَ اللّٰهُ عَنْهُ،

أَنَّ رَسُولَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ، قَالَ: لاَ تَنْتَبِذُوْا فِي الدُّبَّاءِ وَلاَ فِي الْمُزَفَّتِ

حضرت انس بن مالک رضی اللہ عنہ روایت کرتے ہیں، نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے ارشاد فرمایا ہے: ''دبّاء'' اور ''مزفّت'' میں نبیذ تیار نہ کرو۔

أخرجه البخاري في: 74 كتاب الأشربة: 4 باب الخمر من العسل وهو البتع
رقم الجزء: 1 رقم الصفحة: 635 (جہانگیری صحیح بخاری، مطبوعہ شبیر برادرز، رقم الحدیث:5265)

﴿1297﴾ حديث عَلِيٍّ رَضِيَ اللّٰهُ عَنْهُ،

قَالَ: نَهى النَّبِيُّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ، عَنِ الدُّبَّاءِ وَالْمُزَفَّتِ

حضرت علی رضی اللہ عنہ بیان کرتے ہیں: نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے دباء اور مزفت استعمال کرنے سے منع کیا ہے۔

أخرجه البخاري في: 74 كتاب الأشربة: 8 باب ترخيص النبي صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ في الأوعية والظروف بعد النهي
رقم الجزء: 1 رقم الصفحة: 636 (جہانگیری صحیح بخاری، مطبوعہ شبیر برادرز، رقم الحدیث:5272)

﴿1298﴾ حديث عَائِشَةَ رَضِيَ اللّٰهُ عَنْهَا أُمِّ الْمُؤْمِنِيْنَ

Marfat.com

عَنْ إِبْرَاهِيمَ، قُلْتُ لِلْأَسْوَدِ: هَلْ سَأَلْتَ عَائِشَةَ أُمَّ الْمُؤْمِنِينَ عَمَّا يُكْرَهُ أَنْ يُنْتَبَذَ فِيهِ فَقَالَ: نَعَمْ، قُلْتُ يَا أُمَّ الْمُؤْمِنِينَ عَمَّا نَهى النَّبِيُّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ أَنْ يُنْتَبَذَ فِيهِ قَالَتْ: نَهَانَا فِي ذٰلِكَ، أَهْلَ الْبَيْتِ، أَنْ نَنْتَبِذَ فِي الدُّبَّاءِ وَالْمُزَفَّتِ قُلْتُ: أَمَا ذَكَرَتِ الْجَرَّ وَالْحَنْتَمَ قَالَ: إِنَّمَا أُحَدِّثُكَ مَا سَمِعْتُ، أُحَدِّثُ مَا لَمْ أَسْمَعْ

✧✧ ابراہیم نخعی بیان کرتے ہیں: میں نے اسود سے دریافت کیا: کیا آپ نے سیّدہ عائشہ صدیقہ رضی اللہ عنہا سے اس بارے میں دریافت کیا ہے کہ کن برتنوں میں نبیذ تیار کرنا منع ہے؟ انہوں نے جواب دیا: جی ہاں! میں نے دریافت کیا تھا: اے اُمّ المومنین رضی اللہ عنہا! کیا نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے ہر طرح کے برتنوں میں نبیذ استعمال کرنے سے منع کیا ہے؟ تو انہوں نے بتایا: نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے اپنے گھر والوں کو دباء اور مزفت میں نبیذ تیار کرنے سے منع فرمایا تھا۔

ابراہیم بیان کرتے ہیں: میں نے دریافت کیا: کیا سیّدہ عائشہ رضی اللہ عنہا نے گھڑے اور حنتم کا ذکر بھی کیا تھا: تو اسود نے جواب دیا: میں تمہیں وہی بات بتا رہا ہوں جو میں نے سنی ہے کیا میں تمہیں وہ بات بتاؤں جو میں نے نہیں سنی؟

أخرجه البخاري في: 74 كتاب الأشربة: 8 باب ترخيص النبي صلى الله عليه وسلم في الأوعية والظروف بعد النهي
رقم الجزء: 1 رقم الصفحة: 636 (جہانگیری صحیح بخاری مطبوعہ شبیر برادرز، رقم الحدیث 5273)

1299 حديث ابْنِ عَبَّاسٍ رَضِيَ اللّٰهُ عَنْهُمَا،

عَنِ النَّبِيِّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ، قَالَ: وَأَنْهَاكُمْ عَنِ الدُّبَّاءِ والْحَنْتَمِ وَالنَّقِيرِ وَالْمُزَفَّتِ

✧✧ حضرت عبداللہ بن عباس رضی اللہ عنہما بیان کرتے ہیں: نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: میں تمہیں دباء، حنتم، نقیر، مزفت سے منع کرتا ہوں۔

أخرجه البخاري في: 24 كتاب الزكاة: 1 باب وجوب الزكاة
رقم الجزء: 1 رقم الصفحة: 636 (جہانگیری صحیح بخاری مطبوعہ شبیر برادرز، رقم الحدیث: 1334)

1300 حديث عَبْدِ اللّٰهِ بْنِ عَمْرٍو رَضِيَ اللّٰهُ عَنْهُ،

قَالَ: لَمَّا نَهى النَّبِيُّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ، عَنِ الْأَسْقِيَةِ، قِيلَ لِلنَّبِيِّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: لَيْسَ كُلُّ النَّاسِ يَجِدُ سِقَاءً فَرَخَّصَ لَهُمْ فِي الْجَرِّ غَيْرِ الْمُزَفَّتِ

✧✧ حضرت عبداللہ بن عمرو رضی اللہ عنہ بیان کرتے ہیں: جب نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے مخصوص برتنوں سے منع کیا تو نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم سے کہا گیا: ہر شخص کے پاس اتنے زیادہ برتن نہیں ہوتے تو آپ نے انہیں وہ گھڑا استعمال کرنے کی اجازت دے دی جو مزفت نہ ہو۔

أخرجه البخاري في: 74 كتاب الأشربة: 8 باب ترخيص النبي صلى الله عليه وسلم في الأوعية والظروف بعد النهي
رقم الجزء: 1 رقم الصفحة: 636 (جہانگیری صحیح بخاری مطبوعہ شبیر برادرز، رقم الحدیث 5271)

Marfat.com

بيان أن كل مسكر خمر وأن كل خمر حرام

اس بات کی وضاحت کہ ہر نشہ آور چیز ''خمر'' ہے اور ہر خمر حرام ہے

1301 حديث عَائِشَةَ رَضِيَ اللّٰهُ عَنْهَا،

عَنِ النَّبِيِّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ، قَالَ: كُلُّ شَرَابٍ أَسْكَرَ فَهُوَ حَرَامٌ

✧✧ سیدہ عائشہ صدیقہ رضی اللہ عنہا بیان کرتی ہیں' نبی صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا ہے: ہر نشہ آور مشروب حرام ہے۔

أخرجه البخاري في: 4 كتاب الوضوء: 71 باب لا يجوز الوضوء بالنبيذ ولا المسكر

رقم الجزء: 1 رقم الصفحة: 637 (جہانگیری صحیح بخاری، مطبوعہ شبیر برادرز، رقم الحدیث:239)

1302 حديث أَبِي مُوسٰى وَمُعَاذٍ رَضِيَ اللّٰهُ عَنْهُمَا

بَعَثَ النَّبِيُّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ، أَبَا مُوسٰى وَمُعَاذًا إِلَى الْيَمَنِ، فَقَالَ: يَسِّرَا وَلَا تُعَسِّرَا، وَبَشِّرَا وَلَا تُنَفِّرَا، وَتَطَاوَعَا فَقَالَ أَبُو مُوسى: يَا نَبِيَّ اللّٰهِ إِنَّ أَرْضَنَا بِهَا شَرَابٌ مِّنَ الشَّعِيرِ، الْمِزْرُ؛ وَشَرَابٌ مِّنَ الْعَسَلِ، الْبِتْعُ فَقَالَ: كُلُّ مُسْكِرٍ حَرَامٌ

✧✧ (حضرت سعید بن ابو بردہ اپنے والد کا یہ بیان نقل کرتے ہیں:) نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے حضرت ابوموسیٰ رضی اللہ عنہ اور حضرت معاذ رضی اللہ عنہ کو یمن بھیجا اور حکم دیا: تم نرمی سے کام لینا سختی نہ کرنا اور خوشخبری دینا متنفر نہ کرنا اور ایک دوسرے کی فرمانبرداری کرنا حضرت

رقم الحدیث 1301

اخرجه ابوعبدالله الاصبحی فی ''المؤطا'' طبع داراحیاء التراث العربی (تحقیق فواد عبدالباقی)، رقم الحدیث: **1540** اخرجه ابوالحسین مسلم النیسابوری فی ''صحیحه'' طبع داراحیاء التراث العربی، بیروت، لبنان، رقم الحدیث: **2001** اخرجه ابوداؤد السجستانی فی ''سننه'' طبع دارالفکر بیروت، لبنان، رقم الحدیث: **3682** اخرجه ابو عیسیٰ الترمذی، فی ''جامعه''، طبع داراحیاء التراث العربی، بیروت، لبنان، رقم الحدیث: **1863** اخرجه ابوعبدالرحمن النسائی فی ''سننه'' طبع مکتب المطبوعات الاسلامیه، حلب، شام، **1406**ھ، **1986**ء، رقم الحدیث: **5591** اخرجه ابو عبدالله القزوینی فی ''سننه''، طبع دارالفکر، بیروت، لبنان، رقم الحدیث: **3386** اخرجه ابوعبدالله الشیبانی فی ''مسنده'' طبع موسسه قرطبه، قاہره، مصر، رقم الحدیث: **24969** اخرجه ابوحاتم البستی فی ''صحیحه'' طبع موسسه الرساله، بیروت، لبنان، **1414**ھ / **1993**ء، رقم الحدیث: **5393** اخرجه ابوالحسن الدارقطنی فی ''سننه'' طبع دارالمعرفة، بیروت، لبنان، **1966**ء / **1386**ھ، رقم الحدیث: **28** اخرجه ابویعلی الموصلی فی ''مسنده'' طبع دارالمامون للتراث، دمشق، شام، **1404**ھ-**1984**ء، رقم الحدیث: **4523** اخرجه ابوبکر الکوفی، فی ''مصنفه'' طبع مکتبه الرشد، ریاض، سعودی عرب، (طبع اول) **1409**ھ، رقم الحدیث: **23739** ذکره ابوبکر البیهقی فی ''سننه الکبریٰ'' طبع مکتبه دارالباز، مکه مکرمه، سعودی عرب **1414**ھ / **1994**ء، رقم الحدیث: **24** اخرجه ابوعبدالرحمن النسائی فی ''سننه'' طبع مکتب المطبوعات الاسلامیه، حلب، شام، **1406**ھ، **1986**ء، رقم الحدیث: **5101** اخرجه ابوجعفر الطحاوی فی ''شرح معانی الآثار'' طبع دارالکتب العلمیه، بیروت، الطبعة الاولی، **1399**ھ، رقم الحدیث: **5970** اخرجه ابن رابویه الحنظلی فی ''مسنده'' طبع مکتبه الایمان، مدینه منوره، (طبع اول) **1412**ھ / **1991**ء، رقم الحدیث: **898** اخرجه ابوبکر الحمیدی فی ''مسنده'' طبع دارالکتب العلمیه، مکتبه المتنبی، بیروت، قاہره، رقم الحدیث: **281**

Marfat.com

ابوموسیٰ رضی اللہ عنہ نے عرض کی: اے اللہ کے نبی! ہمارے علاقے میں ''جو'' سے بنی ہوئی شراب ''مزر'' ہوتی ہے اور شہد سے بنی ہوئی شراب ''بتع'' ہوتی ہے۔ نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: ہر نشہ آور چیز حرام ہے۔

أخرجه البخاري في: 64 كتاب المغازي: 60 باب بعث أبي موسى ومعاذ إلى اليمن قبل حجة الوداع

رقم الجزء: 1 رقم الصفحة: 637 (جہانگیری صحیح بخاری مطبوعہ شبیر برادرز، رقم الحدیث:4088)

•••———•••———•••

عقوبة من شرب الخمر إذا لم يتب منها بمنعه إياها في الآخرة

جو شخص شراب پیے اور پھر اس سے توبہ کیے بغیر (مر جائے)

تو وہ آخرت میں مشروبات سے محروم رہے گا

1303 حديث عَبْدِ اللّٰهِ بْنِ عُمَرَ رَضِيَ اللّٰهُ عَنْهُ،

أَنَّ رَسُوْلَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ، قَالَ: مَنْ شَرِبَ الْخَمْرَ فِي الدُّنْيَا، ثُمَّ لَمْ يَتُبْ مِنْهَا، حُرِمَهَا فِي الْآخِرَةِ

✧✧ حضرت عبداللہ بن عمر رضی اللہ عنہما بیان کرتے ہیں: نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے ارشاد فرمایا ہے: جو شخص دنیا میں شراب پیئے گا اور پھر اس سے توبہ نہیں کرے گا تو وہ آخرت میں اس سے محروم رہے گا۔

أخرجه البخاري في: 74 كتاب الأشربة: 1 باب قول الله تعالى (إنما الخمر والميسر والأنصاب والأزلام رجس

رقم الحديث1303:

اخرجه ابوالحسین مسلم النیسابوری فی ''صحیحه'' طبع داراحیاء التراث العربی، بیروت، لبنان، رقم الحدیث:**2003** اخرجه ابوداؤد سجستانی فی ''سننه'' طبع دارالفکر، بیروت، لبنان، رقم الحدیث:**3679** اخرجه ابو عیسی الترمذی، فی ''جامعه'' طبع داراحیاء التراث العربی، بیروت، لبنان، رقم الحدیث:**1861** اخرجه ابوعبدالرحمن النسائی فی ''سننه'' طبع مکتب المطبوعات الاسلامیه، حلب، شام، **1406**ھ، **1986**ء، رقم الحدیث:**5671** اخرجه ابو عبدالله القزوینی فی ''سننه''، طبع دارالفکر، بیروت، لبنان، رقم الحدیث:**3374** اخرجه ابومحمد الدارمی فی ''سننه'' طبع دارالکتاب العربی، بیروت، لبنان، **1407**ھ، **1987**ء، رقم الحدیث:**2090** اخرجه ابوعبدالله الحاکم نیشاپوری فی ''المستدرک'' طبع دارالکتب العلمیه، بیروت، لبنان **1411**ھ/**1990**ء، رقم الحدیث:**7230** اخرجه ابوعبدالله الاصبحی فی ''المؤطا'' طبع داراحیاء التراث العربی، تحقیق فواد عبدالباقی، رقم الحدیث:**1542** اخرجه ابوعبدالله الشیبانی فی ''مسنده'' طبع وسسه قرطبه، قاهره، مصر، رقم الحدیث:**4690** اخرجه ابوحاتم البستی فی ''صحیحه'' طبع موسسه الرساله، بیروت، لبنان، **141**ھ/**1993**ء، رقم الحدیث:**5366** اخرجه ابوعبدالرحمن النسائی فی ''سننه'' طبع مکتب المطبوعات الاسلامیه، حلب، شام، **140**ھ، **1986**ء، رقم الحدیث:**5181** ذکره ابوبکر البیهقی فی ''سننه الکبری'' طبع مکتبه دارالباز، مکه مکرمه، سعودی عرب، **141**ھ/**1994**ء، رقم الحدیث:**17113** اخرجه ابوداؤد الطیالسی فی ''مسنده'' طبع دارالمعرفة، بیروت، لبنان، رقم الحدیث:**1857** اخرجه ابومحمد الکسی فی ''مسنده'' طبع مکتبة السنة، قاهره، مصر، **1408**ھ/**1988**ء، رقم الحدیث:**770** اخرجه ابوبکر الکوفی، فی ''مصنفه'' طبع مکتبه الرشد، ریاض، سعودی عرب، (طبع اول) **1409**ھ، رقم الحدیث:**17056**

Marfat.com

رقم الجزء : 1 رقم الصفحة: 637 (جہانگیری صحیح بخاری، مطبوعہ شبیر برادرز، رقم الحدیث:5253)

•••———•••———•••

إباحة النبيذ الذي لم يشتد ولم يصر مسكرًا

جس نبیذ میں شدت پیدا نہ ہوئی ہو اور وہ نشہ آور نہ ہوئی ہو اسے پینا جائز ہے

1304 حديث سَهْلِ بْنِ سَعْدٍ رَضِيَ اللّٰهُ عَنْهُ،

قَالَ: دَعَا أَبُوْ أُسَيْدٍ السَّاعِدِيُّ رَسُوْلَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ، فِيْ عُرْسِهِ، وَكَانَتِ امْرَأَتُهُ، يَوْمَئِذٍ خَادِمَهُمْ، وَهِيَ الْعَرُوسُ قَالَ سَهْلٌ: تَدْرُوْنَ مَا سَقَتْ رَسُوْلَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ أَنْقَعَتْ لَهُ تَمَرَاتٍ مِّنَ اللَّيْلِ، فَلَمَّا أَكَلَ سَقَتْهُ إِيَّاهُ

✧✧ حضرت سہل بن سعد رضی اللہ عنہ بیان کرتے ہیں: حضرت ابواسید ساعدی رضی اللہ عنہ نے نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کی دعوت کی۔ انہوں نے اپنی شادی کے موقع پر یہ دعوت کی تھی۔ ان کی اہلیہ نے مہمانوں کی خدمت کی، وہ نئی نویلی دلہن تھیں۔ حضرت سہل رضی اللہ عنہ نے فرمایا تم جانتے ہو کہ اس عورت نے نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کو پینے کے لیے کیا دیا تھا؟ اس نے گزشتہ رات کچھ کھجوریں بھگو دیں تھیں جب آپ کھانا کھا کر فارغ ہوئے تو اس عورت نے وہ مشروب آپ صلی اللہ علیہ وسلم کو پینے کے لیے دیا۔

أخرجه البخاري في: 67 كتاب النكاح: 71 باب من إجابة الوليمة والدعوة

رقم الجزء : 1 رقم الصفحة: 638 (جہانگیری صحیح بخاری، مطبوعہ شبیر برادرز، رقم الحدیث:4881)

1305 حديث سَهْلٍ رَضِيَ اللّٰهُ عَنْهُ،

قَالَ: لَمَّا عَرَّسَ أَبُوْ أُسَيْدٍ السَّاعِدِيُّ، دَعَا النَّبِيَّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ، وَأَصْحَابَهُ فَمَا صَنَعَ لَهُمْ طَعَامًا وَّلَا قَرَّبَهُ إِلَيْهِمْ، إِلَّا امْرَأَتُهُ، أُمُّ أُسَيْدٍ بَلَّتْ تَمَرَاتٍ فِيْ تَوْرٍ مِّنْ حِجَارَةٍ مِّنَ اللَّيْلِ، فَلَمَّا فَرَغَ النَّبِيُّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ مِنَ الطَّعَامِ أَمَاثَتْهُ لَهُ، فَسَقَتْهُ، تُتْحِفُهُ بِذٰلِكَ

رقم الحديث : 1304

اخرجه ابو الحسين مسلم النيسابوری فی "صحيحه" طبع داراحياء التراث العربی، بيروت، لبنان، رقم الحديث: **2006** اخرجه ابو عبدالله القزوينی فی "سننه"، طبع دارالفكر، بيروت، لبنان، رقم الحديث: **1912** اخرجه ابوعبدالله الشيبانی فی "مسنده" طبع موسسه قرطبه قاهره، مصر، رقم الحديث: **16106** اخرجه ابوحاتم البستی فی "صحيحه" طبع موسسه الرساله، بيروت، لبنان، **1414ھ/1993ء**، رقم الحديث: **5395** اخرجه ابوعبدالرحمن النسائی فی "سننه" طبع مكتب المطبوعات الاسلاميه، حلب، شام، **1406ھ**، **1986ء**، رقم الحديث: **6623** ذكره ابوبكر البيهقی فی "سننه الكبرٰی" طبع مكتبه دارالباز، مكه مكرمه، سعودی عرب **1414ھ/1994ء**، رقم الحديث: **17199** اخرجه ابوالقاسم الطبرانی فی "معجمه الاوسط" طبع دارالحرمين، قاهره، مصر، **1415ھ**، رقم الحديث: **1194** اخرجه ابوالقاسم الطبرانی فی "معجمه الكبير" طبع مكتبه العلوم والحكم، موصل، **1404ھ/1983ء**، رقم الحديث: **5863** اخرجه ابوعبدالله البخاری فی "الادب المفرد" طبع دارالبشائر الاسلاميه، بيروت، لبنان، **1409ھ/1989ء**، رقم الحديث: **746**

Marfat.com

✧✧ حضرت سہل رضی اللہ عنہ بیان کرتے ہیں: جب حضرت ابواسید ساعدی رضی اللہ عنہ نے شادی کی تو انہوں نے نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم اور آپ کے صحابہ کرام رضی اللہ عنہم کی دعوت کی اوران کے لیے کھانا تیار کیا وہ کھانا ان کے سامنے اُم اسید نے رکھا' جو حضرت ابواسید کی اہلیہ تھیں، انہوں نے رات کے وقت پتھر کے ایک برتن میں کھجوریں بھگودیں تھیں جب نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کھانا کھا کر فارغ ہوئے تو انہوں نے وہ آپ کی خدمت میں پیش کیں۔انہوں نے تحفے کے طور پر یہ آپ کی خدمت میں پیش کی تھیں۔

أخرجه البخاري في: 67 كتاب النكاح: 77 باب قيام المرأة على الرجال في العرس وخدمتهم بالنفس

رقم الجزء: 1 رقم الصفحة: 638 (جہانگیری صحیح بخاری مطبوعہ شبیر برادرز، رقم الحدیث: 4887)

1306 حديث سَهْلِ بْنِ سَعْدٍ رَضِيَ اللّٰهُ عَنْهُ.

قَالَ: ذُكِرَ لِلنَّبِيِّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ امْرَأَةٌ مِّنَ الْعَرَبِ، فَأَمَرَ أَبَا أُسَيْدٍ السَّاعِدِيَّ أَنْ يُّرْسِلَ إِلَيْهَا، فَأَرْسَلَ إِلَيْهَا، فَقَدِمَتْ، فَنَزَلَتْ فِي أُجُمِ بَنِي سَاعِدَةَ فَخَرَجَ النَّبِيُّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ حَتّٰى جَاءَ هَا، فَدَخَلَ عَلَيْهَا، فَإِذَا امْرَأَةٌ مُنَكِّسَةٌ رَّأْسَهَا فَلَمَّا كَلَّمَهَا النَّبِيُّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ، قَالَتْ: أَعُوْذُ بِاللّٰهِ مِنْكَ، فَقَالَ: قَدْ أَعَذْتُكِ مِنِّي فَقَالُوْا لَهَا: أَتَدْرِيْنَ مَنْ هٰذَا قَالَتْ: لَا قَالُوْا: هٰذَا رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ جَاءَ لِيَخْطُبَكِ قَالَتْ: كُنْتُ أَنَا أَشْقَى مِنْ ذٰلِكَ فَأَقْبَلَ النَّبِيُّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ يَوْمَئِذٍ، حَتّٰى جَلَسَ فِي سَقِيفَةِ بَنِي سَاعِدَةَ، هُوَ وَأَصْحَابُهُ، ثُمَّ قَالَ: اسْقِنَا يَا سَهْلُ فَخَرَجْتُ لَهُمْ بِهٰذَا الْقَدَحِ، فَأَسْقَيْتُهُمْ فِيْهِ

(قَالَ الرَّاوِي) فَأَخْرَجَ لَنَا سَهْلٌ ذٰلِكَ الْقَدَحَ فَشَرِبْنَا مِنْهُ

قَالَ: ثُمَّ اسْتَوْهَبَهُ عُمَرُ بْنُ عَبْدِ الْعَزِيزِ، بَعْدَ ذٰلِكَ، فَوَهَبَهُ لَهُ

حضرت سہل بن سعد رضی اللہ عنہ بیان کرتے ہیں: نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کے سامنے ایک عرب خاتون کا تذکرہ کیا گیا آپ نے حضرت ابواسید الساعدی رضی اللہ عنہ کو یہ ہدایت کی کہ وہ اس خاتون کو بلوالیں انہوں نے اس خاتون کو بلوالیا وہ خاتون آئی اوراس نے بنوساعدہ کے ایک گھر میں قیام کیا۔ نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم تشریف لے گئے آپ اس خاتون کے پاس آئے جب آپ اس خاتون کے پاس آئے تو وہ خاتون سر جھکائے بیٹھی ہوئی تھی۔ جب نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے اس کے ساتھ بات کی تو اس نے کہا: میں آپ سے اللہ کی پناہ مانگتی ہوں۔ نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے ارشاد فرمایا: میں نے اپنی ذات سے تمہیں پناہ دی' (پھر آپ واپس تشریف لے گئے) لوگوں نے اس سے دریافت کیا: کیا تم جانتی تھیں کہ یہ کون ہیں؟ اس نے جواب دیا: نہیں۔لوگوں نے بتایا: یہ اللہ کے رسول تھے اور تمہیں نکاح کا پیغام دینے کے لئے تشریف لائے تھے وہ عورت بولی: پھر تو میں بڑی بدنصیب ہوں اس دن نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم بنوساعدہ کی بیٹھک میں تشریف لائے آپ کے ساتھ آپ کے ساتھی بھی موجود تھے آپ نے فرمایا: اے سہل! ہمیں کچھ پلاؤ میں نے ایک پیالہ نکالا اوراس میں ان سب کو پلایا۔

راوی بیان کرتے ہیں: پھر حضرت سہل رضی اللہ عنہ نے ہمارے سامنے وہ پیالہ نکالا تو ہم نے بھی (برکت کے حصول کے لیے) اس میں پیا۔

Marfat.com

راوی بیان کرتے ہیں: پھر حضرت عمر بن عبدالعزیز نے ان سے وہ پیالہ مانگ لیا تو انہوں نے وہ پیالہ انہیں دے دیا۔

أخرجه البخاري في: 74 كتاب الأشربة: 30 باب الشرب من قدح النبي صَلَّى اللهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ وآنيته

رقم الجزء: 1 رقم الصفحة: 638 (جہانگیری صحیح بخاری، مطبوعہ شبیر برادرز، رقم الحدیث:5314)

•••———•••———•••

جواز شرب اللبن

دودھ پینا جائز ہے

1307 حديث أَبِي بَكْرٍ الصِّدِّيْقِ رَضِيَ اللّٰهُ عَنْهُ

عَنْ أَبِي إِسْحٰقَ، قَالَ: سَمِعْتُ الْبَرَاءَ رَضِيَ اللّٰهُ عَنْهُ،قَالَ: لَمَّا أَقْبَلَ النَّبِيُّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ، إِلَى الْمَدِيْنَةِ، تَبِعَهُ سُرَاقَةُ بْنُ مَالِكِ بْنِ جُعْشُمٍ، فَدَعَا عَلَيْهِ النَّبِيُّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ فَسَاخَتْ بِهِ فَرَسُهُ قَالَ: ادْعُ اللّٰهَ لِيْ وَلَا أَضُرُّكَ، فَدَعَا لَهُ قَالَ فَعَطِشَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ، فَمَرَّ بِرَاعٍ قَالَ أَبُوْ بَكْرٍ: فَأَخَذْتُ قَدَحًا فَحَلَبْتُ فِيْهِ كُثْبَةً مِّنْ لَّبَنٍ، فَأَتَيْتُهُ فَشَرِبَ حَتّٰى رَضِيْتُ

✧✧ ابواسحاق بیان کرتے ہوئے سنا ہے: حضرت براء رضی اللہ عنہ بیان کرتے ہیں' جب نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم مدینہ منورہ تشریف لائے تو سراقہ بن مالک آپ کے پیچھے آیا۔ نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے اس کے لیے دعائے ضرر کی تو اس کا گھوڑا زمین میں دھنس گیا اس نے درخواست کی آپ اللہ تعالیٰ سے میرے لیے دعا کیجئے، میں آپ کو کوئی نقصان نہیں پہنچاؤں گا۔ نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے اس کے لیے دعا کی راوی بیان کرتے ہیں۔ پھر نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کو پیاس محسوس ہوئی آپ ایک چرواہے کے پاس سے گزرے۔ حضرت ابوبکر رضی اللہ عنہ بیان کرتے ہیں' میں نے ایک پیالہ لیا اس میں تھوڑا سا دودھ دوہ لیا۔ پھر میں اسے لے کر آپ کی خدمت میں حاضر ہوا تو آپ نے اسے پی لیا یہاں تک کہ میں راضی ہو گیا۔

أخرجه البخاري في: 63 كتاب مناقب الأنصار: 45 باب هجرة النبي صَلَّى اللهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ وأصحابه إلى المدينة

رقم الجزء: 1 رقم الصفحة: 640 (جہانگیری صحیح بخاری، مطبوعہ شبیر برادرز، رقم الحدیث:3696)

1308 حديث أَبِي هُرَيْرَةَ رَضِيَ اللّٰهُ عَنْهُ،

قَالَ: أُتِيَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ، لَيْلَةَ أُسْرِيَ بِهٖ، بِإِيلِيَاءَ، بِقَدَحَيْنِ مِنْ خَمْرٍ وَلَبَنٍ فَنَظَرَ إِلَيْهِمَا، فَأَخَذَ اللَّبَنَ قَالَ جِبْرِيْلُ: الْحَمْدُ لِلّٰهِ الَّذِيْ هَدَاكَ لِلْفِطْرَةِ، لَوْ أَخَذْتَ الْخَمْرَ غَوَتْ أُمَّتُكَ

✧✧ حضرت ابوہریرہ رضی اللہ عنہ بیان کرتے ہیں:: جس رات نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کو معراج کرائی گئی ایلیاء میں آپ کے سامنے دو پیالے پیش کئے گئے ایک شراب کا پیالہ تھا اور ایک دودھ کا' نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے ان دونوں کی طرف دیکھا اور پھر دودھ کا پیالہ پکڑ لیا۔ حضرت جبرائیل علیہ السلام نے کہا: ہر طرح کی حمد' اللہ تعالیٰ کے لئے مخصوص ہے' جس نے آپ کی فطرت کی رہنمائی کی' اگر آپ شراب پکڑ لیتے تو آپ کی اُمت، گمراہی کا شکار ہو جاتی۔

Marfat.com

أخرجه البخاري في: 65 كتاب التفسير: 17 سورة بني إسرائيل: 3 حدثنا عبدان
رقم الجزء: 1 رقم الصفحة: 640 (جہانگیری صحیح بخاری مطبوعہ شبیر برادرز، رقم الحدیث: 4432)

•••———•••———•••

في شرب النبيذ وتخمير الإناء

نبیذ پینا اور برتنوں کو ڈھانپ دینا

1309 حديث جَابِرٍ رَضِيَ اللّٰهُ عَنْهُ،

قَالَ: جَاءَ أَبُوْ حُمَيْدٍ، رَجُلٌ مِّنَ الْأَنْصَارِ، مِنَ النَّقِيعِ، بِإِنَاءٍ مِّنْ لَّبَنٍ إِلَى النَّبِيِّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ، فَقَالَ النَّبِيُّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: أَلَّا خَمَّرْتَهُ، وَلَوْ أَنْ تَعْرُضَ عَلَيْهِ عُوْدًا

✧✧ حضرت جابر بن عبداللہ رضی اللہ عنہ بیان کرتے ہیں: حضرت ابوحمید رضی اللہ عنہ نقیع سے ایک برتن میں دودھ لے کر آئے نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے ان سے فرمایا: تم نے اسے ڈھانپ کیوں نہیں لیا؟ اگر چہ اس پر ایک لکڑی رکھ دیتے۔

أخرجه البخاري في: 74 كتاب الأشربة: 12 باب شرب اللبن وقول الله تعالى (من بين فرث ودم لبنا)
رقم الجزء: 1 رقم الصفحة: 640 (جہانگیری صحیح بخاری مطبوعہ شبیر برادرز، رقم الحدیث: 5283)

•••———•••———•••

الأمر بتغطية الإناء، وإيكاء السقاء، وإغلاق الأبواب وذكر اسم الله عليها. وإطفاء السراج والنار عند النوم، وكف الصبيان والمواشي بعد المغرب

سونے سے پہلے برتنوں کو ڈھانپنے، مشکیزے کا منہ بند کرنے، دروازے بند کرنے ان پر اللہ کا نام لینے، چراغ اور آگ کو بجھا دینے کا حکم ہے نیز مغرب کے بعد

رقم الحديث 1309:

اخرجه ابوالحسين مسلم النيسابوري في "صحيحه" طبع دار احياء التراث العربي، بيروت، لبنان، رقم الحديث: **2010** اخرجه ابومحمد الدارمي في "سننه" طبع دار الكتاب العربي، بيروت، لبنان، **1407**ھ، **1987**ء، رقم الحديث: **2131** اخرجه ابوعبدالله الشيباني في "مسنده" طبع موسسه قرطبه، قاهره، مصر، رقم الحديث: **15016** اخرجه ابوحاتم البستي في "صحيحه" طبع موسسه الرساله، بيروت، لبنان، **1414**ھ/**1993**ء، رقم الحديث: **1270** اخرجه ابوبكر بن خزيمة النيسابوري في "صحيحه" طبع المكتب الاسلامي، بيروت، لبنان، **1390**ھ/**1970**ء، رقم الحديث: **129** اخرجه ابوعبدالرحمن النسائي في "سننه" طبع مكتب المطبوعات الاسلاميه، حلب، شام، **1406**ھ، **1986**ء، رقم الحديث: **6633** اخرجه ابويعلى الموصلي في "مسنده" طبع دار المامون للتراث، دمشق، شام، **1404**ھ-**1984**ء، رقم الحديث: **1774** اخرجه ابومحمد الكسي في "مسنده" طبع مكتبة السنة، قاهره، مصر، **1408**ھ/**1988**ء، رقم الحديث: **1021**

Marfat.com

چھوٹے بچوں اور مویشیوں کو (گھر میں) رکھنا چاہئے

1310 حديث جَابِرِ بْنِ عَبْدِ اللّٰهِ رَضِيَ اللّٰهُ عَنْهُمَا،

قَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: إِذَا كَانَ جُنْحُ اللَّيْلِ، أَوْ أَمْسَيْتُمْ، فَكُفُّوا صِبْيَانَكُمْ، فَإِنَّ الشَّيَاطِينَ تَنْتَشِرُ حِيْنَئِذٍ، فَإِذَا ذَهَبَ سَاعَةٌ مِّنَ اللَّيْلِ فَخُلُّوهُمْ وَأَغْلِقُوا الْأَبْوَابَ وَاذْكُرُوا اسْمَ اللّٰهِ، فَإِنَّ الشَّيْطَانَ لَا يَفْتَحُ بَابًا مُّغْلَقًا

✧✧ حضرت جابر بن عبداللہ رضی اللہ عنہما بیان کرتے ہیں' نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے ارشاد فرمایا ہے: جب رات ہو جائے (راوی کو شک ہے یا شاید یہ الفاظ ہیں:) جب شام ہو جائے تو اپنے بچوں کو گھروں میں رکھو کیونکہ اس وقت شیاطین پھیلے ہوئے ہوتے ہیں جب رات کا ایک حصہ گزر جائے تو انہیں باہر جانے دے سکتے ہو اور دروازہ بند کرتے ہوئے اس پر اللہ تعالیٰ کا نام لیا کرو کیونکہ شیطان بند دروازے کو نہیں کھول سکتا۔

أخرجه البخاري في: 59 كتاب بدء الخلق: 15 باب خير مال المسلم غنم يتبع بها شعف الجبال

رقم الجزء: 1 رقم الصفحة: 641 (جہانگیری صحیح بخاری، مطبوعہ شبیر برادرز، رقم الحدیث:3128)

1311 حديث ابْنِ عُمَرَ رَضِيَ اللّٰهُ عَنْهُمَا،

عَنِ النَّبِيِّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ، قَالَ: لَا تَتْرُكُوا النَّارَ فِي بُيُوْتِكُمْ حِيْنَ تَنَامُوْنَ

✧✧ حضرت عبداللہ بن عمر رضی اللہ عنہما نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کا یہ فرمان نقل کرتے ہیں: جب تم سونے لگو تو گھروں میں جلتی ہوئی آگ نہ چھوڑو۔

أخرجه البخاري في: 79 كتاب الاستئذان: 79 باب لا تترك النار في البيت عند النوم

رقم الجزء: 1 رقم الصفحة: 641 (جہانگیری صحیح بخاری، مطبوعہ شبیر برادرز، رقم الحدیث:5935)

1312 حديث أَبِي مُوْسٰى رَضِيَ اللّٰهُ عَنْهُ،

قَالَ: احْتَرَقَ بَيْتٌ بِالْمَدِيْنَةِ عَلٰى أَهْلِهِ مِنَ اللَّيْلِ فَحُدِّثَتْ بِشَأْنِهِمُ النَّبِيُّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ، قَالَ: إِنَّ هٰذِهِ النَّارَ إِنَّمَا هِيَ عَدُوٌّ لَكُمْ، فَإِذَا نِمْتُمْ فَأَطْفِئُوهَا عَنْكُمْ

رقم الحديث1311:

اخرجه ابوالحسين مسلم النيسابوری فی "صحيحه" طبع داراحياء التراث العربی، بيروت، لبنان، رقم الحديث:**2105** اخرجه ابوداؤد السجستانی فی "سننه" طبع دارالفكر بيروت، لبنان، رقم الحديث:**5246** اخرجه ابو عيسىٰ الترمذی، فی "جامعه"، طبع داراحياء التراث العربی، بيروت، لبنان، رقم الحديث: **1813** اخرجه ابو عبدالله القزوينی فی "سننه"، طبع دارالفكر، بيروت لبنان، رقم الحديث:**3769** اخرجه ابوعبدالله الشيبانی فی "مسنده" طبع موسسه قرطبه، قاہره، مصر، رقم الحديث:**4515** اخرجه ابوبكر الحميدی فی "مسنده" طبع دارالكتب العلميه، مكتبه المتنبی، بيروت، قاہره، رقم الحديث:**618** اخرجه ابويعلی الموصلی فی "مسنده" طبع دارالمامون للتراث، دمشق، شام، **1404**ھ.**1984**ء، رقم الحديث: **5434** اخرجه ابوعبدالله البخاری فی "الادب المفرد" طبع دارالبشائر الاسلاميه، بيروت، لبنان، **1409**ھ/**1989**ء، رقم الحديث:**1224**

Marfat.com

✧✧ حضرت ابوموسیٰ رضی اللہ عنہ بیان کرتے ہیں: مدینہ منورہ میں ایک گھر گھر والوں سمیت رات کے وقت جل گیا۔ نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کو اس بارے میں بتایا گیا تو آپ نے فرمایا: آگ تمہاری دشمن ہے جب تم سونے لگو تو اسے بجھا دیا کرو۔

أخرجه البخاري في: 79 كتاب الاستئذان: 49 باب لا تترك النار في البيت عند النوم

رقم الجزء: 1 رقم الصفحة: 641 (جہانگیری صحیح بخاری مطبوعہ شبیر برادرز، رقم الحدیث: 5936)

•••———•••———•••

آداب الطعام والشراب وأحكامهما

کھانے پینے کے آداب اور ان کے احکام

1313 حديث عُمَرَ بْنِ أَبِي سَلَمَةَ رَضِيَ اللّٰهُ عَنْهُ

قَالَ: كُنْتُ غُلَامًا فِي حَجْرِ رَسُوْلِ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ، وَكَانَتْ يَدِي تَطِيْشُ فِي الصَّحْفَةِ، فَقَالَ لِي رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: يَا غُلَامُ سَمِّ اللّٰهَ، وَكُلْ بِيَمِيْنِكَ، وَكُلْ مِمَّا يَلِيْكَ

فَمَا زَالَتْ تِلْكَ طِعْمَتِي بَعْدُ

✧✧ حضرت عمر بن ابوسلمہ رضی اللہ عنہ بیان کرتے ہیں: میں نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کی زیر پرورش لڑکا تھا۔ میرے ہاتھ پیالے میں گردش کر رہے تھے۔ نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے مجھ سے فرمایا: اے لڑکے! بسم اللہ پڑھو اور اپنے دائیں ہاتھ سے اور اپنے آگے سے کھاؤ۔

حضرت عمر بن ابوسلمہ رضی اللہ عنہ بیان کرتے ہیں: اس کے بعد میرا کھانے کا طریقہ یہی ہے۔

رقم الحديث1312:

اخرجه ابوالحسين مسلم النيسابوري في "صحيحه" طبع داراحياء التراث العربي، بيروت، لبنان، رقم الحديث: **2016** اخرجه ابو عبدالله القزويني في "سننه" طبع دارالفكر، بيروت، لبنان، رقم الحديث: **3770** اخرجه ابوعبدالله البخاري في "الادب المفرد" طبع دارالبشائر الاسلاميه، بيروت، لبنان، **1409**ھ / **1989**ء، رقم الحديث: **1227**

رقم الحديث: 1313: اخرجه ابوداؤد السجستاني في "سننه" طبع دارالفكر، بيروت، لبنان، رقم الحديث: **3777** اخرجه ابو عبدالله القزويني في "سننه" طبع دارالفكر، بيروت، لبنان، رقم الحديث: **3267** اخرجه ابومحمد الدارمي في "مسنده" طبع دارالكتاب العربي، بيروت، لبنان، **1407**ھ، **1987**ء، رقم الحديث: **2045** اخرجه ابوعبدالله الاصبحي في "المؤطا" طبع داراحياء التراث العربي، تحقيق فواد عبدالباقي، رقم الحديث: **1670** اخرجه ابوعبدالله الشيباني في "مسنده" طبع موسسه قرطبه، قاهره، مصر، رقم الحديث: **16374** اخرجه ابوحاتم البستي في "صحيحه" طبع موسسه الرساله، بيروت، لبنان، **1414**ھ / **1993**ء، رقم الحديث: **5212** اخرجه ابوعبدالرحمن النسائي في "سننه" طبع مكتب المطبوعات الاسلاميه، حلب، شام، **1406**ھ، **1986**ء، رقم الحديث: **6759** اخرجه ابوداؤد الطيالسي في "مسنده" طبع دارالمعرفة، بيروت، لبنان، رقم الحديث: **1358** اخرجه ابوبكر الحميدي في "مسنده" طبع دارالكتب العلميه، مكتبه المتنبي، بيروت، قاهره، رقم الحديث: **570** اخرجه ابوالقاسم الطبراني في "معجمه الكبير" طبع مكتبه العلوم والحكم، موصل، **1404**ھ، **1983**ء، رقم الحديث: **8300** اخرجه ابوبكر الكوفي، في "مصنفه" طبع مكتبه الرشد، رياض، سعودي عرب، طبع اول **1409**ھ رقم الحديث: **24441**

Marfat.com

أخرجه البخاري في: 70 كتاب الأطعمة: 2 باب التسمية على الطعام والأكل باليمين
رقم الجزء: 1 رقم الصفحة: 642 (جہانگیری صحیح بخاری، مطبوعہ شبیر برادرز، رقم الحدیث:5061)

﴿1314﴾ حديث أَبِي سَعِيْدٍ الْخُدْرِيّ رَضِيَ اللّٰهُ عَنْهُ

قَالَ: نَهَى رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ عَنِ اخْتِنَاثِ الْأَسْقِيَةِ، يَعْنِي أَنْ تُكْسَرَ أَفْوَاهُهَا فَيُشْرَبَ مِنْهَا

✧✧ حضرت ابوسعید خدری رضی اللہ عنہ بیان کرتے ہیں: نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے مشکیزے کا منہ موڑ کر پینے سے منع کیا ہے یعنی اس کے منہ کو توڑ دیا جائے اور اس میں سے پیا جائے۔

أخرجه البخاري في: 74 كتاب الأشربة: 23 باب اختناث الأسقية
رقم الجزء: 1 رقم الصفحة: 642 (جہانگیری صحیح بخاری، مطبوعہ شبیر برادرز، رقم الحدیث:5302)

•••———•••———•••

في الشرب من زمزم قائمًا

آب زم زم کھڑے ہو کر پینا

﴿1315﴾ حديث ابْنِ عَبَّاسٍ رَضِيَ اللّٰهُ عَنْهُمَا،

قَالَ: سَقَيْتُ رَسُوْلَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ، مِنْ زَمْزَمَ، فَشَرِبَ وَهُوَ قَائِمٌ

✧✧ حضرت ابن عباس رضی اللہ عنہما بیان کرتے ہیں، میں نے نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کو زم زم کا پانی پلایا آپ نے اسے کھڑے ہو کر پی لیا۔

رقم الحديث1314

اخرجه ابوالحسين مسلم النيسابوری فی ''صحيحه'' طبع داراحياء التراث العربی، بيروت، لبنان، رقم الحديث: **2023** اخرجه ابو عبدالله القزوينی فی ''سننه'' ، طبع دارالفكر، بيروت، لبنان، رقم الحديث: **34418** اخرجه ابوعبدالله النيسابوری فی ''المستدرک'' طبع دارالكتب العلميه، بيروت، لبنان **1411**ھ/**1990**ء، رقم الحديث:**7212** اخرجه ابوعبدالله الشيبانی فی ''مسنده'' طبع موسسه قرطبه، قابره، مصر، رقم الحديث: **11660** اخرجه ابوحاتم البستی فی ''صحيحه'' طبع موسسه الرساله، بيروت، لبنان، **1414**ھ/**1993**ء، رقم الحديث:**5317** ذكره ابوبكر البيهقی فی ''سننه الكبری' طبع مكتبه دارالباز، مكه مكرمه، سعودی عرب **1414**ھ/**1994**ء، رقم الحديث:**14438** اخرجه ابوداؤد الطيالسی فی ''مسنده'' طبع دارالمعرفة، بيروت، لبنان، رقم الحديث:**2230**

رقم الحديث : **1315:** اخرجه ابوالحسين مسلم النيسابوری فی ''صحيحه'' طبع داراحياء التراث العربی، بيروت، لبنان، رقم الحديث: **2027** اخرجه ابوعبدالرحمن النسائی فی ''سننه'' طبع مكتب المطبوعات الاسلاميه، حلب، شام، **1406**ھ، **1986**ء، رقم الحديث:**2965** اخرجه ابو عبدالله القزوينی فی ''سننه'' ، طبع دارالفكر، بيروت، لبنان، رقم الحديث:**3422** اخرجه ابوعبدالله الشيبانی فی ''مسنده'' طبع موسسه قرطبه، قابره، مصر، رقم الحديث: **2608** اخرجه ابوحاتم البستی فی ''صحيحه'' طبع موسسه الرساله، بيروت، لبنان، **1414**ھ/**1993**ء، رقم الحديث:**3838** اخرجه ابوعبدالرحمن النسائی فی ''سننه'' طبع مكتب المطبوعات الاسلاميه، حلب، شام، **1406**ھ، **1986**ء، رقم الحديث:**3957**

Marfat.com

أخرجه البخاري في: 25 كتاب الحج: 76 باب ما جاء في زمزم

رقم الجزء: 1 رقم الصفحة: 642 (مہائگیری صحیح بخاری مطبوعہ شبیر برادرز رقم الحدیث: 1556)

•••———•••———•••

كراهة التنفس فِيْ نفس الإناء، واستحباب التنفس ثلاثًا خارج الإناء

برتن میں سانس لینا مکروہ ہے اور (پینے کے دوران) برتن سے باہر تین مرتبہ سانس لینا مستحب ہے

1316 ◦ حديث أَبِيْ قَتَادَةَ،

قَالَ: قَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: إِذَا شَرِبَ أَحَدُكُمْ فَلَا يَتَنَفَّسْ فِي الْإِنَاءِ

✧✧ حضرت ابوقتادہ نبی اکرم ﷺ کا یہ فرمان نقل کرتے ہیں: ''کوئی بھی شخص پانی پیتے وقت برتن میں سانس نہ لے۔''

أخرجه البخاري في: كتاب الوضوء: 18 باب النهي عن الاستنجاء باليمين

رقم الجزء: 1 رقم الصفحة: 643 (مہائگیری صحیح بخاری مطبوعہ شبیر برادرز رقم الحدیث 152)

1317 ◦ حديث أَنَسٍ رَضِيَ اللّٰهُ عَنْهُ

عَنْ ثُمَامَةَ بْنِ عَبْدِ اللّٰهِ، قَالَ: كَانَ أَنَسٌ يَتَنَفَّسُ فِي الْإِنَاءِ، مَرَّتَيْنِ أَوْ ثَلَاثًا، وَزَعَمَ أَنَّ النَّبِيَّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ، كَانَ يَتَنَفَّسُ ثَلَاثًا

✧✧ ثمامہ بن عبداللہ بیان کرتے ہیں: حضرت انس رضی اللہ عنہ (کوئی چیز پیتے ہوئے) برتن میں دو یا تین مرتبہ سانس لیا کرتے تھے اور یہ بیان کرتے تھے نبی اکرم ﷺ تین دفعہ سانس لیتے تھے۔

أخرجه البخاري في: 74 الأشربة: 26 باب الشرب بنفسين أو ثلاثة

رقم الجزء: 1 رقم الصفحة: 643 (مہائگیری صحیح بخاری مطبوعہ شبیر برادرز رقم الحدیث: 5308)

•••———•••———•••

رقم الحديث: 1316

اخرجه ابو الحسين مسلم النيسابوري في "صحيحه" طبع دار احياء التراث العربي بيروت لبنان رقم الحديث: 267 اخرجه ابوداود السجستاني في "سننه" طبع دار الفكر بيروت لبنان رقم الحديث: 31 اخرجه ابو عبدالرحمن النسائي في "سننه" طبع مكتب المطبوعات الاسلامية حلب شام 1406ھ 1986ء رقم الحديث: 24 اخرجه ابو عبدالله القزويني في "سننه" طبع دار الفكر بيروت لبنان رقم الحديث: 310 اخرجه ابومحمد الدارمي في "مسنده" طبع دار الكتاب العربي بيروت لبنان 1407ھ 1987ء رقم الحديث: 673 اخرجه ابوعبدالله الشيباني في "مسنده" طبع موسسة قرطبه قاهره مصر رقم الحديث: 19438 اخرجه ابوحاتم البستي في "صحيحه" طبع موسسة الرساله بيروت لبنان 1414ھ 1993ء رقم الحديث: 1434 اخرجه ابوبكر بن خزيمة النيسابوري في "صحيحه" طبع المكتب الاسلامي بيروت لبنان 1390ھ 1970ء رقم الحديث: 68 اخرجه ابوعبدالرحمن النسائي في "سننه الكبرىٰ" طبع دار الكتب العلميه بيروت لبنان 1411ھ 1991ء رقم الحديث: 29 ذكره ابوبكر البيهقي في "سننه الكبرىٰ" طبع مكتبه دار الباز مكه مكرمه سعودي عرب 1414ھ 1994ء رقم الحديث: 542

Marfat.com

استحباب إدارة الماء واللبن ونحوهما عن يمين المبتدى

پانی' دودھ یا ان جیسی کوئی اور چیز (تقسیم کرتے ہوئے) دائیں طرف سے شروع کرنا مستحب ہے

﴿1318﴾ حديث أَنَسٍ رَضِيَ اللّٰهُ عَنْهُ،

قَالَ: أَتَانَا رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ، فِيْ دَارِنَا هٰذِهِ، فَاسْتَسْقَى، فَحَلَبْنَا لَهُ شَاةً لَنَا، ثُمَّ شُبْتُهُ مِنْ مَاءِ بِئْرِنَا هٰذِهِ، فَأَعْطَيْتُهُ، وَأَبُوْ بَكْرٍ عَنْ يَّسَارِهِ، وَعُمَرُ تُجَاهَهُ، وَأَعْرَابِيٌّ عَنْ يَّمِيْنِهِ فَلَمَّا فَرَغَ، قَالَ عُمَرُ: هٰذَا أَبُوْ بَكْرٍ فَأَعْطَى الْأَعْرَابِيَّ ثُمَّ قَالَ: الْأَيْمَنُوْنَ، الْأَيْمَنُوْنَ، أَلَا فَيَمِّنُوْا قَالَ أَنَسٌ: فَهِيَ سُنَّةٌ، فَهِيَ سُنَّةٌ، ثَلَاثَ مَرَّاتٍ

✧✧ حضرت انس رضی اللہ عنہ بیان کرتے ہیں' نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم ہمارے ہاں ہمارے اس گھر میں تشریف لائے آپ نے پینے کے لئے کچھ مانگا ہم نے آپ کے لئے اپنی بکری کا دودھ دوہ لیا۔ پھر اپنے اس کنویں سے اس میں کچھ پانی ملایا وہ آپ کی خدمت میں پیش کیا۔ حضرت ابوبکر رضی اللہ عنہ آپ کے بائیں طرف موجود تھے حضرت عمر رضی اللہ عنہ آپ کے سامنے بیٹھے ہوئے تھے اور آپکے دائیں طرف ایک دیہاتی بیٹھا ہوا تھا، جب آپ پی کر فارغ ہوئے تو حضرت عمر رضی اللہ عنہ نے عرض کی: یہ حضرت ابوبکر! اس طرف بیٹھے ہوئے ہیں نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے اپنا بچا ہوا اس دیہاتی کو دیا اور فرمایا: دائیں طرف والا پہلے ہوگا دائیں طرف والا پہلے ہوگا یاد رکھنا! دائیں طرف والے کو پہلے دیا کرو۔

حضرت انس رضی اللہ عنہ نے تین مرتبہ یہ جملہ کہا: یہی سنت ہے' یہی سنت ہے۔

أخرجه البخاري في: 51 كتاب الهبة: 4 باب من استسقى

رقم الجزء: 1 رقم الصفحة: 643 (جہانگیری صحیح بخاری، مطبوعہ شبیر برادرز، رقم الحدیث:2432)

﴿1319﴾ حديث سَهْلِ بْنِ سَعْدٍ رَضِيَ اللّٰهُ عَنْهُ،

قَالَ: أُتِيَ النَّبِيُّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ، بِقَدَحٍ، فَشَرِبَ مِنْهُ، وَعَنْ يَّمِيْنِهِ غُلَامٌ، أَصْغَرُ الْقَوْمِ، وَالْأَشْيَاخُ عَنْ يَّسَارِهِ، فَقَالَ: يَا غُلَامُ أَتَأْذَنُ لِيْ أَنْ أُعْطِيَهُ الْأَشْيَاخَ قَالَ: مَا كُنْتُ لِأُوثِرَ بِفَضْلِيْ مِنْكَ أَحَدًا، يَا رَسُوْلَ اللّٰهِ

رقم الحديث : 1319

اخرجه ابوالحسين مسلم النيسابوري في "صحيحه" طبع داراحياء التراث العربي، بيروت، لبنان، رقم الحديث: **2030** اخرجه ابو عبدالله القزويني في "سننه"، طبع دارالفكر، بيروت، لبنان، رقم الحديث: **3426** اخرجه ابوعبدالله الاصبحي في "المؤطا" طبع داراحياء التراث العربي (تحقيق فواد عبدالباقي)، رقم الحديث: **1656** اخرجه ابوعبدالله الشيباني في "مسنده" طبع موسسه قرطبه، قابره، مصر، رقم الحديث: **1904** اخرجه ابوعبدالرحمن النسائي في "سننه" طبع مكتب المطبوعات الاسلاميه، حلب، شام، **1406ھ، 1986ء**، رقم الحديث: **6868** ذكره ابوبكر البيهقي في "سننه الكبرى' طبع مكتبه دارالباز، مكه مكرمه، سعودي عرب **1414ھ/1994ء**، رقم الحديث: **14445** اخرجه ابوالقاسم الطبراني في "معجمه الكبير" طبع مكتبه العلوم والحكم، موصل، **1404ھ/1983ء**، رقم الحديث: **5769** اخرجه ابوالحسن الجوبري في "مسنده" طبع موسسه نادر، بيروت، لبنان، **1410ھ/1990ء**، رقم الحديث: **2942**

Marfat.com

فَأَعْطَاهُ إِيَّاهُ

✧✧ حضرت سہل بن سعد رضی اللہ عنہ بیان کرتے ہیں نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کی خدمت میں ایک پیالہ پیش کیا گیا آپ نے اس میں سے نوش فرمالیا۔ آپ کے دائیں جانب ایک لڑکا موجود تھا جو حاضرین میں سب سے کم عمر تھا۔ بڑی عمر کے لوگ آپ کے بائیں جانب موجود تھے۔ نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے دریافت کیا: اے نوجوان! کیا تم مجھے اجازت دو گے کہ میں ان بڑی عمر کے لوگوں کو پہلے (پینے کے لئے) دوں؟ اس نے عرض کی: آپ کی بچی ہوئی چیز میں اپنا حصہ میں کسی کے لئے ایثار نہیں کروں گا یارسول اللہ! تو نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے وہ اسے دے دیا۔

أخرجه البخاري في: 42 كتاب الشرب والمساقاة: 1 باب في الشرب

رقم الجزء: 1 رقم الصفحة: 644 (جہانگیری صحیح بخاری مطبوعہ شبیر برادرز، رقم الحدیث: 2224)

•••———•••———•••

استحباب لعق الأصابع والقصعة، وأكل اللقمة الساقطة بعد مسح ما يصيبها من أذى، وكراهة مسح اليد قبل لعقها

انگلیوں اور پیالے کو چاٹنا' گرے ہوئے لقمے کو اس پر لگی ہوئی گندگی صاف کرکے کھانا مستحب ہے چاٹنے سے پہلے ہاتھ پونچھنا مکروہ ہے

1320 حديث ابْنِ عَبَّاسٍ رَضِيَ اللّٰهُ عَنْهُمَا،

أَنَّ النَّبِيَّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ، قَالَ: إِذَا أَكَلَ أَحَدُكُمْ فَلاَ يَمْسَحْ يَدَهُ حَتَّى يَلْعَقَهَا أَوْ يُلْعِقَهَا

✧✧ حضرت ابن عباس رضی اللہ عنہما بیان کرتے ہیں: نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے ارشاد فرمایا ہے: جب کوئی شخص کچھ کھائے تو انگلیاں چاٹنے یا دوسرے سے چٹوانے سے پہلے انہیں (رومال وغیرہ کے ذریعے) صاف نہ کرے۔

رقم الحديث 1320

اخرجه ابوداؤد السجستاني في "سننه" طبع دار الفكر بيروت، لبنان، رقم الحديث: **3847** اخرجه ابو عبدالله القزويني في "سننه" طبع دار الفكر بيروت، لبنان، رقم الحديث: **3269** اخرجه ابومحمد الدارمي في "سننه" طبع دار الكتاب العربي بيروت، لبنان **1407**ھ، **1987**ء، رقم الحديث: **2026** اخرجه ابوعبدالله الشيباني في "مسنده" طبع موسسه قرطبه، قاهره، مصر، رقم الحديث: **1924** اخرجه ابوعبدالرحمن النسائي في "سننه" طبع مكتب المطبوعات الاسلاميه، حلب، شام، **1406**ھ، **1986**ء، رقم الحديث: **6767** ذكره ابوبكر البيهقي في "سننه الكبرى" طبع مكتبه دار الباز، مكه مكرمه، سعودي عرب **1414**ھ/**1994**ء، رقم الحديث: **14392** اخرجه ابوبكر الحميدي في "مسنده" طبع دار الكتب العلميه، مكتبه المتنبي، بيروت، قاهره، رقم الحديث: **490** اخرجه ابوالقاسم الطبراني في "معجمه الكبير" طبع مكتبه العلوم والحكم، موصل، **1404**ھ/**1983**ء، رقم الحديث: **5434** اخرجه ابومحمد الكسي في "مسنده" طبع مكتبة السنة، قاهره، مصر، **1408**ھ/**1988**ء، رقم الحديث: **626**

Marfat.com

أخرجه البخاري في: 70 كتاب الأطعمة: 52 باب لعق الأصابع ومصها قبل أن تمسح بالمنديل
رقم الجزء: 1 رقم الصفحة: 644 (جہانگیری صحیح بخاری، مطبوعہ شبیر برادرز، رقم الحدیث:5140)

•••———•••———•••

ما يفعل الضيف إذا تبعه غير من دعاه صاحب الطعام

واستحباب إذن صاحب الطعام للتابع

اگر مہمان کے ہمراہ کوئی ایسا شخص آ جائے جسے مدعو نہ کیا گیا ہو تو میزبان کیا کرے

ایسے ساتھ آنے والے شخص کیلئے میزبان سے اجازت لینا مستحب ہے

1321 حديث أَبِي مَسْعُوْدٍ رَضِيَ اللّٰهُ عَنْهُ،

قَالَ: جَاءَ رَجُلٌ مِّنَ الْأَنْصَارِ، يُكْنَى أَبَا شُعَيْبٍ، فَقَالَ لِغُلَامٍ لَّهُ قَصَّابٍ: اجْعَلْ لِيْ طَعَامًا يَّكْفِيْ خَمْسَةً، فَإِنِّيْ أُرِيْدُ أَنْ أَدْعُوَ النَّبِيَّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ، خَامِسَ خَمْسَةٍ، فَإِنِّيْ قَدْ عَرَفْتُ فِيْ وَجْهِهِ الْجُوعَ فَدَعَاهُمْ، فَجَاءَ مَعَهُمْ رَجُلٌ، فَقَالَ النَّبِيُّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: إِنَّ هٰذَا قَدْ تَبِعَنَا، فَإِنْ شِئْتَ أَنْ تَأْذَنَ لَهُ، فَأْذَنْ لَّهُ، وَإِنْ شِئْتَ أَنْ يَّرْجِعَ رَجَعَ فَقَالَ: لَا، بَلْ قَدْ أَذِنْتُ لَهُ

✧✧ حضرت ابومسعود رضی اللہ عنہ بیان کرتے ہیں' ایک انصاری' جس کی کنیت ابوشعیب تھی' وہ آیا' اس نے اپنے غلام جو قصائی تھا اس کو کہا تم کھانا تیار کرو جو پانچ آدمیوں کے لئے کافی ہو میں نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم سمیت پانچ افراد کی دعوت کرنا چاہتا ہوں۔ کیونکہ مجھے آپ کے چہرے پر بھوک محسوس ہوئی ہے۔ پھر اس نے نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کو بلایا آپ کے ساتھ ایک اور شخص بھی آیا (جو مہمانوں میں شامل نہیں تھا) نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: یہ شخص ہمارے پیچھے آ گیا ہے' اگر تم چاہو تو اس کو اندر آنے کی اجازت دو اور اگر تم چاہو تو

رقم الحديث: 1321

أخرجه أبو الحسين مسلم النيسابوري في "صحيحه" طبع دار احياء التراث العربي، بيروت، لبنان، رقم الحديث: **2063** اخرجه ابو عيسى الترمذي في "جامعه" طبع دار احياء التراث العربي، بيروت، لبنان، رقم الحديث: **1099** اخرجه ابومحمد الدارمي في "سننه" طبع دار الكتاب العربي، بيروت، لبنان، **1407**ھ، **1987**ء، رقم الحديث: **2068** اخرجه ابوعبدالله الشيباني في "مسنده" طبع موسسه قرطبه، قاہره، مصر، رقم الحديث: **1483** اخرجه ابوحاتم البستي في "صحيحه" طبع موسسه الرساله، بيروت، لبنان، **1414**ھ/**1993**ء، رقم الحديث: **5302** اخرجه ابوعبدالرحمن النسائي في "سننه" طبع مكتب المطبوعات الاسلاميه، حلب، شام، **1406**ھ، **1986**ء، رقم الحديث: **6614** ذكره ابوبكر البيهقي في "سننه الكبرى" طبع مكتبه دار الباز، مكه مكرمه، سعودي عرب **1414**ھ/**1994**ء، رقم الحديث: **14320** اخرجه ابوالقاسم الطبراني في "معجمه الاوسط" طبع دار الحرمين، قاہره، مصر، **1415**ھ، رقم الحديث: **1098** اخرجه ابوالقاسم الطبراني في "معجمه الكبير" طبع مكتبه العلوم والحكم، موصل، **1404**ھ/**1983**ء، رقم الحديث: **527** اخرجه ابوداؤد الطيالسي في "مسنده" طبع دار المعرفة، بيروت، لبنان، رقم الحديث: **680** اخرجه ابومحمد الكسي في "مسنده" طبع مكتبة السنة، قاہره، مصر، **1408**ھ **1988**ء، رقم الحديث: **236**

Marfat.com

یہ واپس چلا جائے اس شخص نے کہا نہیں۔ میں اسے اجازت دیتا ہوں۔

أخرجه البخاري في: 34 كتاب البيوع: 21 باب ما قيل في اللحام والجزار

رقم الجزء: 1 رقم الصفحة: 644 (جہانگیری صحیح بخاری مطبوعہ شبیر برادرز، رقم الحدیث: 1975)

•••————•••————•••

جواز استتباعه غيره إلى دار من يثق برضاه بذلك ويتحققه تحققًا تامًا، واستحباب الاجتماع على الطعام

اگر میزبان کی رضامندی کا یقین ہو تو مہمان اپنے ساتھ ایسے شخص کو لے جا سکتا ہے (جو مدعو نہ ہو) مل بیٹھ کر کھانا مستحب ہے

1322 حديث جَابِرِ بْنِ عَبْدِ اللّٰهِ رَضِيَ اللّٰهُ عَنْهُمَا،

قَالَ: لَمَّا حُفِرَ الْخَنْدَقُ، رَأَيْتُ بِالنَّبِيِّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ خَمَصًا شَدِيْدًا، فَانْكَفَأْتُ إِلَى امْرَأَتِي، قُلْتُ: هَلْ عِنْدَكِ شَيْءٌ فَإِنِّي رَأَيْتُ بِرَسُوْلِ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ خَمَصًا شَدِيْدًا فَأَخْرَجَتْ إِلَيَّ جِرَابًا. ـهِ صَاعٌ مِنْ شَعِيْرٍ، وَلَنَا بُهَيْمَةٌ دَاجِنٌ، فَذَبَحْتُهَا، وَطَحَنَتِ الشَّعِيْرَ فَفَرَغَتْ إِلَى فَرَاغِي وَقَطَّعْتُهَا فِي بُرْمَتِهَا، مَّ وَلَّيْتُ إِلَى رَسُوْلِ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ، فَقَالَتْ: لَا تَفْضَحْنِي بِرَسُوْلِ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ، بِمَنْ مَعَهُ فَجِئْتُهُ فَسَارَرْتُهُ، فَقُلْتُ: يَا رَسُوْلَ اللّٰهِ ذَبَحْنَا بُهَيْمَةً لَنَا، وَطَحَنَّا صَاعًا مِّنْ شَعِيْرٍ، كَانَ عِنْدَنَا، فَتَعَالَ تَ وَنَفَرٌ مَعَكَ فَصَاحَ النَّبِيُّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ، فَقَالَ: يَا أَهْلَ الْخَنْدَقِ إِنَّ جَابِرًا قَدْ صَنَعَ سُوْرًا، فَحَيَّ هَلًا كُمْ فَقَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: لَا تُنْزِلُنَّ بُرْمَتَكُمْ، وَلَا تَخْبِزُنَّ عَجِيْنَكُمْ حَتّٰى أَجِيْءَ فَجِئْتُ، جَاءَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ، يَقْدُمُ النَّاسَ، حَتّٰى جِئْتُ امْرَأَتِي فَقَالَتْ: بِكَ وَبِكَ فَقُلْتُ: قَدْ فَعَلْتُ لِذِي قُلْتِ فَأَخْرَجَتْ لَهُ عَجِيْنًا، فَبَصَقَ فِيْهِ وَبَارَكَ ثُمَّ عَمَدَ إِلَى بُرْمَتِنَا فَبَصَقَ وَبَارَكَ ثُمَّ قَالَ: ادْعُ خَابِزَةً تَخْبِزْ مَعِي، وَاقْدَحِي مِنْ بُرْمَتِكُمْ وَلَا تُنْزِلُوْهَا

وَهُمْ أَلْفٌ فَأُقْسِمُ بِاللّٰهِ لَقَدْ أَكَلُوْا حَتّٰى تَرَكُوْهُ وَانْحَرَفُوْا، وَإِنَّ بُرْمَتَنَا لَتَعِطُّ كَمَا هِيَ، وَإِنَّ عَجِيْنَنَا لَيُخْبَزُ كَمَا هُوَ

✧✧ حضرت جابر بن عبداللہ رضی اللہ عنہما بیان کرتے ہیں: جب خندق کھودی جا رہی تھی تو میں نے نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کو شدید بھوک کے عالم میں دیکھا میں نے اپنی بیوی سے کہا: تمہارے پاس کوئی کھانے کی چیز ہے میں نے نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کو شدید بھوک کے عالم میں دیکھا ہے۔ اس نے ایک تھیلا نکالا جس میں ''جو'' کا ایک صاع تھا ہمارے گھر میں ایک چھوٹی بکری تھی میں نے اسے ذبح کیا اس نے ''جو'' پیسے میرے فارغ ہونے تک وہ بھی فارغ ہو گئی میں نے اس کا گوشت بنا کر ہنڈیا میں ڈال دیا اور پھر نبی اکرم صلی اللہ علیہ

Marfat.com

کے پاس آیا اس خاتون نے کہا: تم نبی اکرم ﷺ اور ان کے ساتھیوں کے سامنے مجھے شرمندہ نہ کروا دینا' میں آپ کے پاس آیا میں نے آہستہ آواز میں عرض کی: یارسول اللہ! ہم نے ایک چھوٹی بکری ذبح کی ہے اور ایک صاع ''جو'' پیسے ہیں جو ہمارے پاس موجود تھے آپ تشریف لے آئیں اور آپ کے ساتھ کچھ ساتھی ہوں نبی اکرم ﷺ نے بلند آواز میں کہا: اے اہل خندق! جابر نے کھانا تیار کیا ہے چلو آؤ چلیں۔ نبی اکرم ﷺ نے ہدایت کی تم ہنڈیا اس وقت تک نیچے نہ اتارنا جب تک میں نہ آجاؤں اور آٹے کی اس وقت تک روٹی پکانا شروع نہ کرنا جب تک میں نہ آجاؤں۔

حضرت جابر رضی اللہ عنہ بیان کرتے ہیں: میں آیا پھر نبی اکرم ﷺ تشریف لائے آپ لوگوں کے آگے تھے میں اپنی بیوی کے پاس آیا اس نے کہا: تمہارے ساتھ یہ ہو' تمہارے ساتھ وہ ہو' میں نے کہا: میں نے وہی کہا تھا جو تم نے کہا تھا' پھر اس عورت نے آٹا نکالا نبی اکرم ﷺ نے اس میں اپنا لعاب دہن ڈالا اور برکت کی دعا کی' پھر آپ ہنڈیا کی طرف گئے اور اس میں لعاب دہن ڈالا اور پھر اس میں برکت کی دعا کی پھر فرمایا: روٹی پکانے والی کو بلاؤ! وہ تمہارے ساتھ روٹی پکاتی جائے اور تم ہنڈیا میں سے سالن ڈالتی جانا ہنڈیا چولہے سے نہ اتارنا۔

حضرت جابر رضی اللہ عنہ بیان کرتے ہیں: وہ لوگ ایک ہزار تھے میں اللہ کی قسم! اٹھا کر کہتا ہوں کہ ان سب نے کھانا کھالیا پھر بھی کھانا بچ گیا وہ لوگ واپس چلے گئے ہماری ہنڈیا اسی طرح جوش مار رہی تھی جیسے پہلے تھی اور ہمارے آٹے سے اسی طرح ہی روٹیاں تیار ہو رہی تھیں جیسے پہلے تھی۔

أخرجه البخاري في: 64 كتاب المغازي: 29 باب غزوة الخندق وهي الأحزاب

رقم الجزء: 7 رقم الصفحة: 645 (جہانگیری صحیح بخاری، مطبوعہ شبیر برادرز، رقم الحدیث:3876)

1323 حديث أَنَسِ بْنِ مَالِكٍ رَضِيَ اللّٰهُ عَنْهُ

قَالَ: قَالَ أَبو طَلْحَة لِأُمِّ سُلَيْمٍ: لَقَدْ سَمِعْتُ صَوْتَ رَسُوْلِ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ ضَعِيفًا، أَعْرِفُ فِيْهِ الْجُوعَ، فَهَلْ عِنْدَكِ مِنْ شَيْءٍ قَالَتْ: نَعَمْ فَأَخْرَجَتْ أَقْرَاصًا مِّنْ شَعِيْرٍ، ثُمَّ أَخْرَجَتْ خِمَارًا لَهَا، فَلَفَّتِ الْخُبزَ بِبَعْضِهِ، ثُمَّ دَسَّتْهُ تَحْتَ يَدِيْ وَلاثَتْنِيْ بِبَعْضِهِ ثُمَّ أَرْسَلَتْنِيْ إِلٰى رَسُوْلِ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَالَ: فَذَهَبْتُ بِهِ، فَوَجَدْتُ رَسُوْلَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ فِي الْمَسْجِدِ، وَمَعَهُ النَّاسُ، فَقُمْتُ عَلَيْهِمْ فَقَالَ لِيْ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: اَرْسَلَكَ أَبُوْ طَلْحَةَ فَقُلْتُ: نَعَمْ قَالَ: بِطَعَامٍ فَقُلْتُ: نَعَمْ فَقَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ، لِمَنْ مَعَهُ قُوْمُوْا فَانْطَلَقَ وَانْطَلَقْتُ بَيْنَ أَيْدِيهِمْ حَتّٰى جِئْتُ أَبا طَلْحَةَ فَأَخْبَرْتُهُ فَقَالَ أَبُوْ طَلْحَةَ: يَا أُمَّ سُلَيْمٍ قَدْ جَاءَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ بِالنَّاسِ، لَيْسَ عِنْدَنَا مَا نُطْعِمُهُمْ، فَقَالَتْ: اللّٰهُ وَرَسُوْلُهُ أَعْلَمُ فَانْطَلَقَ أَبُوْ طَلْحَةَ حَتّٰى لَقِيَ رَسُوْلَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ، فَأَقْبَلَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ وَأَبُوْ طَلْحَةَ مَعَهُ فَقَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: هَلُمِّي يَا أُمَّ سُلَيْمٍ مَا عِنْدَكِ.فَأَتَتْ بِذٰلِكَ الْخبزِ، فَأَمَرَ بِهِ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ فَفُتَّ، وَعَصَرَتْ أُمُّ سُلَيْمٍ عُكَّةً فَأَدَمَتْهُ ثُمَّ قَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ فِيهِ مَا شَاءَ اللّٰهُ أَنْ يَّقُوْلَ ثُمَّ قَالَ: ائْذَنْ لِعَشَرَةٍ فَأَذِنَ لَهُمْ، فَأَكَلُوْا حَتّٰى شَبِعُوا ثُمَّ خَرَجُوا ثُمَّ قَالَ: ائْذَنْ

Marfat.com

لِعَشَرَةٍ فَأَذِنَ لَهُمْ فَأَكَلُوا حَتّٰى شَبِعُوا ثُمَّ خَرَجُوا ثُمَّ قَالَ: ائْذَنْ لِعَشَرَةٍ فَأَذِنَ لَهُمْ فَأَكَلُوا حَتّٰى شَبِعُوا ثُمَّ خَرَجُوا ثُمَّ قَالَ: ائْذَنْ لِعَشَرَةٍ فَأَكَلَ الْقَوْمُ كُلُّهُمْ وَشَبِعُوا، وَالْقَوْمُ سَبْعُوْنَ أَوْ ثَمَانُونَ رَجُلاً

✧✧ حضرت انس بن مالک رضی اللہ عنہ بیان کرتے ہیں' حضرت ابوطلحہ رضی اللہ عنہ نے سیدہ اُم سلیم رضی اللہ عنہا سے کہا میں نے نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کی آواز میں نقاہت محسوس کی ہے۔ میرا خیال ہے ایسا بھوک کی وجہ سے ہے کیا تمہارے پاس کچھ کھانے کے لیے موجود ہے۔ انہوں نے عرض کی: جی ہاں پھر انہوں نے ''جو'' کی کچھ ٹکیاں نکالی پھر انہوں نے اپنی چادر نکالی اور اس کے کچھ حصے میں روٹیاں لپیٹ کر میری بغل کے نیچے دبا دیا اور اس کا کچھ حصہ میرے سر پر لپیٹ دیا اور مجھے نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کی خدمت میں بھیج دیا۔ میں وہ لے کر نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کی خدمت میں حاضر ہوا آپ اس وقت لوگوں کے ہمراہ مسجد میں تشریف فرما تھے۔ میں ان کے پاس کھڑا ہوا نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے مجھ سے دریافت کیا: کیا تمہیں ابوطلحہ رضی اللہ عنہ نے بھیجا ہے؟ میں نے جواب دیا: جی ہاں! نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے دریافت کیا کھانے کے لئے؟ میں نے عرض کی: جی ہاں! نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے اپنے ساتھیوں سے فرمایا: اٹھو! آپ روانہ ہوئے۔ میں ان لوگوں کے آگے آگیا۔ میں نے حضرت ابوطلحہ رضی اللہ عنہ کو آکر بتایا۔ حضرت ابوطلحہ رضی اللہ عنہ نے فرمایا: اے ام سلیم! نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم لوگوں کے ساتھ آرہے ہیں۔ ہمارے پاس انہیں کھلانے کے لئے کچھ نہیں ہے۔ اُم سلیم نے عرض کی: اللہ اور اس کا رسول زیادہ بہتر جانتے ہیں۔ پھر ابوطلحہ رضی اللہ عنہ آگے اور نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم سے راستے میں ملے۔ پھر نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم اور ابوطلحہ رضی اللہ عنہ ساتھ آئے نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: اے اُم سلیم! تمہارے پاس جو بھی موجود ہے اسے لے آؤ۔ وہ اسی روٹی کو لے آئیں۔ نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے حکم دیا تو سیدہ ام سلیم نے روٹی کے ٹکڑے کر دیے اور گھی کو نچوڑ دیا اور اسے سالن بنا دیا۔

پھر نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے جو اللہ کو منظور تھا پڑھا۔ پھر آپ نے فرمایا: دس آدمیوں کو اندر آنے کیلئے کہو۔ حضرت ابوطلحہ رضی اللہ عنہ نے انہیں اجازت دی انہوں نے کھانا کھایا جب وہ سیر ہو گئے تو باہر چلے گئے۔ پھر آپ نے فرمایا: دس آدمیوں کو اندر آنے کیلئے کہو۔ ان لوگوں نے بھی کھانا کھالیا جب وہ سیر ہو گئے تو چلے گئے۔ پھر آپ نے فرمایا: دس آدمیوں کو اندر آنے کے لیے کہو۔ انہوں نے ان کو بھی اجازت دی یہاں تک کہ وہ سیر ہو گئے تو وہ چلے گئے پھر آپ نے فرمایا: دس آدمیوں کو اندر آنے کے لیے کہو۔ یوں سب لوگوں نے کھانا کھالیا اُن لوگوں کی تعداد ستر یا اسّی تھی۔

أخرجه البخاري في: 61 كتاب المناقب: 25 باب علامات النبوة في الإسلام

رقم الجزء: 1 رقم الصفحة: 646 (جہانگیری صحیح بخاری مطبوعہ شبیر برادرز، رقم الحدیث 3385)

رقم الحديث : 1323

اخرجه ابو عيسى الترمذى، في "جامعه"، طبع داراحياء التراث العربى، بيروت لبنان، رقم الحديث: **3630** اخرجه ابوعبدالله الاصبحى فى "الموطا" طبع داراحياء التراث العربى تحقيق فواد عبدالباقى، رقم الحديث: **1657** اخرجه ابوحاتم البستى فى "صحيحه" طبع موسسه الرساله، بيروت، لبنان، **1414**ھ/**1993**ء، رقم الحديث: **6534** اخرجه ابوعبدالرحمن النسائى فى "سننه" طبع مكتب المطبوعات الاسلاميه، حلب، شام، **1406**ھ، **1986**ء، رقم الحديث: **6617** ذكره ابوبكر البيهقى فى "سننه الكبرى" طبع مكتبه دارالباز، مكه مكرمه، سعودى عرب **1414**ھ/**1994**ء، رقم الحديث: **14370**

Marfat.com

جواز أكل المرق واستحباب أكل اليقطين، وإيثار أهل المائدة بعضهم بعضً

وإن كانوا ضيفانا، إذا لم يكره ذلك صاحب الطعام

شوربا کھانا جائز ہے' کدو کھانا مستحب ہے' دسترخوان پر بیٹھے ہوئے لوگوں کا ایک دوسرے کیلئے ایثار کرنا' خواہ وہ سب مہمان ہوں بشرطیکہ میزبان اسے ناپسند نہ کرے

﴿1324﴾ حديث أَنَسِ بْنِ مَالِكٍ رَضِيَ اللّٰهُ عَنْهُ،

قَالَ: إِنَّ خَيَّاطًا دَعَا رَسُوْلَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ لِطَعَامٍ صَنَعَهُ قَالَ أَنَسُ بْنُ مَالِكٍ: فَذَهَبْتُ مَ
رَسُوْلِ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ، إِلٰى ذٰلِكَ الطَّعَامِ، فَقَرَّبَ إِلٰى رَسُوْلِ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ، خُبْزًا وَّمَرَ
فِيْهِ دُبَّاءٌ وَقَدِيْدٌ فَرَأَيْتُ النَّبِيَّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ، يَتَتَبَّعُ الدُّبَّاءَ مِنْ حَوَالَيِ الْقَصْعَةِ

قَالَ: فَلَمْ أَزَلْ أُحِبُّ الدُّبَّاءَ مِنْ يَّوْمَئِذٍ

✧✧ حضرت انس بن مالک رضی اللہ عنہ بیان کرتے ہیں' ایک درزی نے نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کے لئے کھانا تیار کر کے آپ کی دعو
ں ۔حضرت انس بن مالک رضی اللہ عنہ بیان کرتے ہیں' نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کے ساتھ میں بھی اس کھانے میں شریک ہوا اس نے نبی اکرم صلی اللہ
کے سامنے روٹی پیش کی اور شوربہ پیش کیا جس میں کدو اور گوشت تھا۔ میں نے نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کو دیکھا آپ پیالے میں کدو تلاش
رہے تھے۔ حضرت انس رضی اللہ عنہ بیان کرتے ہیں' اس دن سے میں بھی کدو پسند کرنے لگا ہوں۔

أخرجه البخاري في: 34 كتاب البيوع: 30 باب ذكر الخيّاط

رقم الجزء: 1 رقم الصفحة: 648 (جہانگیری صحیح بخاری، مطبوعہ شبیر برادرز، رقم الحدیث:1986)

•••———•••———•••

أكل القثاء بالرطب

کھجور کے ہمراہ ککڑی کھانا

رقم الحديث: 1324

اخرجه ابوالحسين مسلم النيسابوري في "صحيحه" طبع داراحياء التراث العربي، بيروت، لبنان، رقم الحديث: **2041** اخرجه ابوداؤ
السجستاني في "سننه"، طبع دارالفكر، بيروت، لبنان، رقم الحديث: **3782** اخرجه ابوعبدالله الاصبحي في "المؤطا" طبع داراحيا
التراث العربي (تحقيق فواد عبدالباقي)، رقم الحديث: **1139** اخرجه ابوعبدالله الشيباني في "مسنده" طبع موسسه قرطبه، قابره، مصر، ر
الحديث: **12884** اخرجه ابوحاتم البستي في "صحيحه" طبع موسسه الرساله، بيروت، لبنان، **1414ھ/1993ء**، رقم الحديث: **39**
اخرجه ابوعبدالرحمن النسائي في "سننه" طبع مكتب المطبوعات الاسلاميه، حلب، شام، **1406ھ، 1986ء**، رقم الحديث: **6662** ذك
ابوبكر البيهقي في "سننه الكبرى" طبع مكتبه دارالباز، مكه مكرمه، سعودي عرب **1414ھ/1994ء**، رقم الحديث: **14372**

Marfat.com

1325 حديث عَبْدِ اللّٰهِ بْنِ جَعْفَرِ بْنِ أَبِيْ طَالِبٍ رَضِيَ اللّٰهُ عَنْهُمَا،
قَالَ: رَأَيْتُ النَّبِيَّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ يَأْكُلُ الرُّطَبَ بِالْقِثَّاءِ

✧✧ حضرت عبداللہ بن جعفر ابن ابوطالب رضی اللہ عنہ بیان کرتے ہیں: میں نے نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کو ککڑی کے ساتھ کھجور کھاتے ہوئے دیکھا ہے۔

أخرجه البخاري في: 70 كتاب الأطعمة: 39 باب الرطب بالقثاء.

رقم الجزء: 1 رقم الصفحة: 649 (جہانگیری صحیح بخاری مطبوعہ شبیر برادرز، رقم الحدیث 5124)

•••———•••———•••

نهي الْأكل مع جماعة عن قران تمرتين ونحوهما فِيْ لقمة، إلا بإذن أصحابه

جب لوگ مل جل کر کھا رہے ہوں تو ایک ساتھ دو کھجوریں یا لقمے کھانے کی ممانعت ہے

البتہ اپنے ساتھیوں کی اجازت سے ایسا کیا جا سکتا ہے

1326 حديث ابْنِ عُمَرَ رَضِيَ اللّٰهُ عَنْهُمَا

رقم الحديث : **1325**

أخرجه أبوالحسين مسلم النيسابوري في "صحيحه" طبع دار احياء التراث العربي بيروت لبنان، رقم الحديث: **2043** أخرجه أبوداؤد السجستاني في "سننه" طبع دار الفكر بيروت لبنان، رقم الحديث: **3835** أخرجه أبو عيسى الترمذي في "جامعه" طبع دار احياء التراث العربي بيروت لبنان، رقم الحديث: **1844** أخرجه ابو عبدالله القزويني في "سننه" طبع دار الفكر بيروت لبنان، رقم الحديث: **3325** أخرجه ابومحمد الدارمي في "سننه" طبع دار الكتاب العربي بيروت لبنان، **1407**ھ، **1987**ء، رقم الحديث: **2058** أخرجه أبوعبدالله الشيباني في "مسنده" طبع موسسه قرطبه، قاہره، مصر، رقم الحديث: **1741** ذكره ابوبكر البيهقي في "سننه الكبرى" طبع مكتبه دار الباز، مكه مكرمه، سعودي عرب **1414**ھ/**1994**ء، رقم الحديث: **14414** أخرجه ابوبكر الحميدي في "مسنده" طبع دار الكتب العلميه، مكتبه المتنبي، بيروت، قاہره، رقم الحديث: **540** أخرجه ابويعلى الموصلي في "مسنده" طبع دار المامون للتراث دمشق، شام، **1404**ھ، **1984**ء، رقم الحديث: **6798**

رقم الحديث : 1326 أخرجه ابوداؤد السجستاني في "سننه" طبع دار الفكر بيروت لبنان، رقم الحديث: **3834** أخرجه أبو عيسى الترمذي في "جامعه" طبع دار احياء التراث العربي بيروت لبنان، رقم الحديث: **1814** أخرجه ابو عبدالله القزويني في "سننه" طبع دار الفكر بيروت لبنان، رقم الحديث: **3331** أخرجه ابومحمد الدارمي في "سننه" طبع دار الكتاب العربي بيروت لبنان، **1407**ھ **1987**ء، رقم الحديث: **2059** أخرجه ابوعبدالله الشيباني في "مسنده" طبع موسسه قرطبه، قاہره، مصر، رقم الحديث: **4513** أخرجه ابوحاتم البستي في "صحيحه" طبع موسسه الرساله، بيروت لبنان، **1414**ھ/**1993**ء، رقم الحديث: **5231** أخرجه ابوعبدالرحمن النسائي في "سننه" طبع مكتب المطبوعات الاسلاميه، حلب، شام، **1406**ھ، **1986**ء، رقم الحديث: **6728** ذكره ابوبكر البيهقي في "سننه الكبرى" طبع مكتبه دار الباز، مكه مكرمه، سعودي عرب **1414**ھ/**1994**ء، رقم الحديث: **14410** أخرجه ابوالقاسم الطبراني في "معجمه الاوسط" طبع دار الحرمين، قاہره، مصر، **1415**ھ، رقم الحديث: **1249** أخرجه ابوالحسن الحوبزي في "مسنده" طبع موسسه علوم القرآن بيروت لبنان، **1410**ھ/**1990**ء، رقم الحديث: **700**

Marfat.com

عَنْ جَبَلَةَ، كُنَّا بِالْمَدِيْنَةِ فِيْ بَعْضِ أَهْلِ الْعِرَاقِ، فَأَصَابَنَا سَنَةٌ، فَكَانَ ابْنُ الزُّبَيْرِ يَرْزُقُنَا التَّمْرَ فَكَانَ ابْنُ عُمَرَ رَضِيَ اللّٰهُ عَنْهُمَا يَمُرُّ بِنَا، فَيَقُوْلُ: إِنَّ رَسُوْلَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ، نَهٰى عَنِ الْإِقْرَانِ، إِلَّا أَنْ يَّسْتَأْذِنَ الرَّجُلُ مِنْكُمْ أَخَاهُ

✧✧ جبلہ بیان کرتے ہیں' ہم کچھ عراقیوں کے ساتھ مدینہ منورہ میں موجود تھے۔ ہمیں قحط سالی لاحق ہوگئی۔ حضرت ابن زبیر رضی اللہ عنہ ہمیں کھانے کے لیے کچھ کھجوریں دیا کرتے تھے۔ حضرت ابن عمر رضی اللہ عنہما ہمارے پاس سے گزرے تو انہوں نے فرمایا: نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے دو کھجوریں ایک ساتھ کھانے سے منع کیا ہے' ماسوائے اس کے' کہ آدمی اپنے بھائی سے اجازت لے (تو جائز ہے)۔

أخرجه البخاري في: 46 كتاب المظالم: 14 باب إذا أذن إنسان لآخر شيئًا جاز

رقم الجزء: 1 رقم الصفحة: 649 (جہانگیری صحیح بخاری، مطبوعہ شبیر برادرز، رقم الحدیث:2323)

•••———•••———•••

فضل تمر المدينة

مدینہ منورہ کی کھجوروں کی فضیلت

1327 حديث سَعْدٍ رَضِيَ اللّٰهُ عَنْهُ،

قَالَ: سَمِعْتُ رَسُوْلَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ، يَقُوْلُ: مَنْ تَصَبَّحَ سَبْعَ تَمَرَاتٍ عَجْوَةً لَمْ يَضُرَّهُ، ذٰلِكَ الْيَوْمَ، سُمٌّ وَلَا سِحْرٌ

✧✧ حضرت سعد رضی اللہ عنہ بیان کرتے ہیں، نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے ارشاد فرمایا ہے: جو شخص روزانہ صبح کے وقت سات عجوہ کھجوریں کھالے اس دن میں اسے کوئی زہر یا جادو نقصان نہیں پہنچائے گا۔

أخرجه البخاري في: 76 كتاب الطب: 52 باب الدواء بالعجوة للسحر

رقم الجزء: 1 رقم الصفحة: 649 (جہانگیری صحیح بخاری، مطبوعہ شبیر برادرز، رقم الحدیث:5130)

رقم الحديث: **1327**

اخرجه ابوالحسين مسلم النيسابوري في "صحيحه" طبع داراحياء التراث العربي، بيروت، لبنان، رقم الحديث: **2047** اخرجه ابوداؤد السجستاني في "سننه" طبع دارالفكر بيروت، لبنان، رقم الحديث: **3876** اخرجه ابوعبدالله الشيباني في "مسنده" طبع موسسه قرطبه، قاهره، مصر، رقم الحديث: **1571** اخرجه ابوعبدالرحمن النسائي في "سننه" طبع مكتب المطبوعات الاسلاميه، حلب، شام، **1406ه**، **1986ء**، رقم الحديث: **6713** ذكره ابوبكر البيهقي في "سننه الكبرى" طبع مكتبه دارالباز، مكه مكرمه، سعودي عرب **1414ه/1994ء**، رقم الحديث: **16272** اخرجه ابوالقاسم الطبراني في "معجمه الصغير" طبع المكتب الاسلامي، دارعمار، بيروت، لبنان/عمان، **1405ه** **1985ء**، رقم الحديث: **31** اخرجه ابوبكر الحميدي في "مسنده" طبع دارالكتب العلميه، مكتبه المتنبي، بيروت، قاهره، رقم الحديث: **70** اخرجه ابويعلى الموصلي في "مسنده" طبع دارالمامون للتراث، دمشق، شام، **1404ه-1984ء**، رقم الحديث: **717** اخرجه ابوبكر الكوفي، في "مصنفه" طبع مكتبه الرشد، رياض، سعودي عرب، (طبع اول) **1409ه**، رقم الحديث: **23477**

Marfat.com

فضل الكمأة ومداواة العين بها
کھنبی کی فضیلت' اس کا عرق آنکھوں کی دوا ہے

﴿1328﴾ حديث سَعِيْدِ بْنِ زَيْدٍ رَضِيَ اللّٰهُ عَنْهُ،

قَالَ: قَالَ: رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: الْكَمْأَةُ مِنَ الْمَنِّ، وَمَاؤُهَا شِفَاءٌ لِّلْعَيْنِ

✧✧ حضرت سعید بن زید رضی اللہ عنہ بیان کرتے ہیں، نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے ارشاد فرمایا ہے: کھنبی ''من'' کا حصہ ہے اس کا عرق آنکھوں کے لیے شفاء ہے۔

أخرجه البخاري في: 65 كتاب التفسير: 2 سورة البقرة: 4 باب قوله تعالى وظللنا عليكم الغمام وأنزلنا عليكم المن والسلوى

رقم الجزء: 1 رقم الصفحة: 650 (جہانگیری صحیح بخاری مطبوعہ شبیر برادرز، رقم الحدیث: 4208)

•••———•••———•••

فضيلة الأسود من الكباث
سیاہ پیلو کی فضیلت

﴿1329﴾ حديث جَابِرِ بْنِ عَبْدِ اللّٰهِ رَضِيَ اللّٰهُ عَنْهُمَا،

رقم الحديث : 1328

اخرجه ابوالحسين مسلم النيسابوري في ''صحيحه'' طبع داراحياء التراث العربي، بيروت، لبنان، رقم الحديث: 2049 اخرجه ابوعيسى الترمذي في ''جامعه''، طبع داراحياء التراث العربي، بيروت، لبنان، رقم الحديث: 2066 اخرجه ابو عبدالله القزويني في ''سننه''، طبع دارالفكر، بيروت، لبنان، رقم الحديث: 3453 اخرجه ابوعبدالله الشيباني في ''مسنده'' طبع موسسه قرطبه، قاہره، مصر، رقم الحديث: 1625 اخرجه ابوحاتم البستي في ''صحيحه'' طبع موسسه الرساله، بيروت، لبنان، 1414ھ/1993ء، رقم الحديث: 6074 اخرجه ابوعبدالرحمٰن النسائي في ''سننه'' طبع مكتب المطبوعات الاسلاميه، حلب، شام، 1406ھ، 1986ء، رقم الحديث: 6666 ذكره ابوبكر البيهقي في ''سننه الكبرىٰ'' طبع مكتبه دارالباز، مكه مكرمه، سعودي عرب 1414ھ/1994ء، رقم الحديث: 19352 اخرجه ابوالقاسم الطبراني في ''معجمه الصغير'' طبع المكتب الاسلامي، دارعمار، بيروت، لبنان/عمان، 1405ھ 1985ء، رقم الحديث: 344 اخرجه ابوالقاسم الطبراني في ''معجمه الكبير'' طبع مكتبه العلوم والحكم، موصل، 1404ھ/1983ء، رقم الحديث: 3470 اخرجه ابوبكر الحميدي في ''مسنده'' طبع دارالكتب العلميه، مكتبه المتنبي، بيروت، قاہره، رقم الحديث: 82 اخرجه ابويعلى الموصلي في ''مسنده'' طبع دارالمامون للتراث، دمشق، شام، 1404ھ.1984ء، رقم الحديث: 961 اخرجه ابن راہويه الحنظلي في ''مسنده'' طبع مكتبه الايمان، مدينه منوره، طبع اول، 1412ھ/1991ء، رقم الحديث: 148 اخرجه ابوبكر الكوفي، في ''مصنفه'' طبع مكتبه الرشد، رياض، سعودي عرب، طبع اول، 1409ھ، رقم الحديث: 23694 اخرجه ابوبكر الشيباني في ''الاحادوالمثاني'' طبع دارالراية، رياض، سعودي عرب، 1411ھ/1991ء، رقم الحديث: 227 اخرجه ابوداؤد الطيالسي في ''مسنده'' طبع دارالمعرفة، بيروت، لبنان، رقم الحديث: 2397

Marfat.com

قَالَ: كُنَّا مَعَ رَسُوْلِ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ، نَجْنِي الْكَبَاثَ، وَإِنَّ رَسُوْلَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ، قَالَ: عَلَيْكُمْ بِالْأَسْوَدِ مِنْهُ، فَإِنَّهُ أَطْيَبُهُ قَالُوْا: أَكُنْتَ تَرْعَى الْغَنَمَ قَالَ: وَهَلْ مِنْ نَبِيٍّ إِلَّا وَقَدْ رَعَاهَا

✧✧ حضرت جابر بن عبداللہ رضی اللہ عنہما بیان کرتے ہیں' ہم لوگ نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کے ساتھ تھے اور پیلو چن رہے تھے۔ نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: کالے والے چنو! کیونکہ وہ پاکیزہ ہوتے ہیں۔لوگوں نے عرض کی: کیا آپ صلی اللہ علیہ وسلم بکریاں چراتے رہے ہیں۔ نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: ہر نبی نے بکریاں چرائی ہیں۔

أخرجه البخاري في: 60 كتاب الأنبياء: 29 باب يعكفون على أصنام لهم

رقم الجزء: 1 رقم الصفحة: 650 (جہانگیری صحیح بخاری مطبوعہ شبیر برادرز، رقم الحدیث:3225)

•••———•••———•••

إكرام الضيف وفضل إيثاره

مہمان کی خاطر داری اوراس کیلئے ایثار کرنے کی فضیلت

1330 حديث أَبِي هُرَيْرَةَ رَضِيَ اللّٰهُ عَنْهُ،

أَنَّ رَجُلاً أَتَى النَّبِيَّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ، فَبَعَثَ إِلٰى نِسَائِهِ، فَقُلْنَ: مَا مَعَنَا إِلَّا الْمَاءُ، فَقَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ مَنْ يَّضُمُّ أَوْ يُضِيفُ هٰذَا فَقَالَ رَجُلٌ مِّنَ الْأَنْصَارِ: أَنَا فَانْطَلَقَ بِهٖ إِلٰى امْرَأَتِهٖ فَقَالَ: أَكْرِمِي ضَيْفَ رَسُوْلِ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ فَقَالَتْ: مَا عِنْدَنَا إِلَّا قُوتُ صِبْيَانِي فَقَالَ: هَيِّءِ طَعَامَكِ، وَأَصْبِحِي سِرَاجَكِ، وَنَوِّمِي صِبْيَانَكِ إِذَا أَرَادُوا عَشَاءً فَهَيَّأَتْ طَعَامَهَا، وَأَصْبَحَتْ سِرَاجَهَا، وَنَوَّمَتْ صِبْيَانَهَا؛ ثُمَّ قَامَتْ كَأَنَّهَا تُصْلِحُ سِرَاجَهَا، فَأَطْفَأَتْهُ، فَجَعَلاَ يُرِيَانِهٖ أَنَّهُمَا يَأْكُلاَنِ فَبَاتَا طَاوِيَيْنِ فَلَمَّا أَصْبَحَ غَدَا إِلٰى رَسُوْلِ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ، فَقَالَ: ضَحِكَ اللّٰهُ اللَّيْلَةَ أَوْ عَجِبَ مِنْ فِعَالِكُمَا فَأَنْزَلَ اللّٰهُ (وَيُؤْثِرُوْنَ عَلٰى أَنْفُسِهِمْ وَلَوْ كَانَ بِهِمْ خَصَاصَةٌ وَمَنْ يُّوقَ شُحَّ نَفْسِهٖ فَأُولٰئِكَ هُمُ الْمُفْلِحُونَ)

✧✧ حضرت ابوہریرہ رضی اللہ عنہ بیان کرتے ہیں' ایک شخص نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کی خدمت میں حاضر ہوا آپ نے اپنی ازواج کو پیغام بھیجا تو جواب ملا کہ ہمارے پاس صرف کھانے کے لئے پانی ہے۔ نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے دریافت کیا: کون شخص ہے جو اسے ساتھ لے جائے گا یا شاید یہ فرمایا: اس کی مہمان نوازی کرے گا۔ایک انصاری نے عرض کی: میں، وہ انصاری اس شخص کو اپنے ساتھ لے کر

رقم الحديث: 1329

اخرجه ابوعبدالله الشيباني في "مسنده" طبع موسسه قرطبه، قابره، مصر،رقم الحديث: **14537** اخرجه ابوحاتم البستي في "صحيحه" طبع موسسه الرساله، بيروت، لبنان، **1414**ھ/**1993**ء، رقم الحديث:**5143** اخرجه ابوعبدالرحمن النسائي في "سننه" طبع مكتب المطبوعات الاسلاميه، حلب، شام، **1406**ھ، **1986**ء، رقم الحديث:**6734** اخرجه ابويعلى الموصلي في "مسنده" طبع دارالمامون للتراث، دمشق، شام، **1404**ھ-**1984**ء، رقم الحديث:**2062** اخرجه ابوالقاسم الطبراني في "معجمه الاوسط" طبع دارالحرمين، قابره، مصر، **1415**ھ، رقم الحديث:**3489**

Marfat.com

اپنی بیوی کے پاس گیا اور بولا: اللہ کے رسول کے مہمان کی مہمان نوازی کرو! وہ عورت بولی ہمارے پاس تو صرف بچوں کے کھانے کے لئے خوراک ہے۔ وہ انصاری بولا تم کھانا لگا دو چراغ جلا دو اور بچوں کو سلا دو، جب کھانے کا وقت ہوا تو اس نے کھانا لگا دیا چراغ جلا دیا اور بچوں کو سلا دیا پھر وہ کھڑی ہوئی اور اس نے یہ ظاہر کیا' جیسے وہ چراغ کو ٹھیک کر رہی ہے۔ لیکن اس نے چراغ کو بجھا دیا وہ دونوں مہمان کے سامنے یہ دکھاوا کرتے رہے' وہ بھی کھانا کھا رہے ہیں حالانکہ ان دونوں نے رات بھوکے رہ کر گزاری۔ اگلے دن صبح جب وہ نبی اکرم ﷺ کی خدمت میں حاضر ہوا تو نبی اکرم ﷺ نے فرمایا: گزشتہ رات اللہ تعالیٰ مسکرا دیا (یا شاید یہ الفاظ ہیں) اللہ تعالیٰ کو تمہارا یہ عمل بہت پسند آیا تو اس نے یہ آیت نازل کی۔

''اور وہ دوسروں کو اپنے اوپر ترجیح دیتے ہیں اگرچہ انہیں خود بھی اس کی شدید ضرورت ہوتی ہے اور جس شخص کو نفس کے لالچ سے بچا لیا گیا وہی لوگ کامیابی حاصل کرنے والے ہیں۔''

أخرجه البخاري في: 63 كتاب مناقب الأنصار: 10 باب ويؤثرون على أنفسهم ولو كان بهم خصاصة

رقم الجزء: 1 رقم الصفحة: 650 (جہانگیری صحیح بخاری مطبوعہ شبیر برادرز، رقم الحدیث: 3587)

1331 حديث عَبْدِ الرَّحْمنِ بْنِ أَبِي بَكْرٍ رَضِيَ اللّٰهُ عَنْهُمَا،

قَالَ: كُنَّا مَعَ النَّبِيِّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ ثَلَاثِينَ وَمِائَةً فَقَالَ النَّبِيُّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: هَلْ مَعَ أَحَدٍ مِنْكُمْ طَعَامٌ فَإِذَا مَعَ رَجُلٍ صَاعٌ مِنْ طَعَامٍ أَوْ نَحْوُهُ فَعُجِنَ ثُمَّ جَاءَ رَجُلٌ مُشْرِكٌ مُشْعَانٌّ طَوِيلٌ بِغَنَمٍ يَسُوقُهَا فَقَالَ النَّبِيُّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: بَيْعًا أَمْ عَطِيَّةً أَوْ قَالَ: أَمْ هِبَةً قَالَ: لَا، بَلْ بَيْعٌ فَاشْتَرَى مِنْهُ شَاةً، فَصُنِعَتْ، وَأَمَرَ النَّبِيُّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ بِسَوَادِ الْبَطْنِ أَنْ يُشْوَى، وَايْمُ اللّٰهِ مَا فِي الثَّلَاثِينَ وَالْمِائَةِ إِلَّا قَدْ حَزَّ النَّبِيُّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ لَهُ حُزَّةً مِنْ سَوَادِ بَطْنِهَا، إِنْ كَانَ شَاهِدًا أَعْطَاهَا إِيَّاهُ، وَإِنْ كَانَ غَائِبًا خَبَأَ لَهُ، فَجَعَلَ مِنْهَا قَصْعَتَيْنِ فَأَكَلُوا أَجْمَعُونَ، وَشَبِعْنَا فَفَضَلَتِ الْقَصْعَتَانِ فَحَمَلْنَاهُ عَلَى الْبَعِيرِ أو كَمَا قَالَ

✧✧ حضرت عبدالرحمن بن ابوبکر رضی اللہ عنہ بیان کرتے ہیں' ہم نبی اکرم ﷺ کے ہمراہ تھے ہم ایک سو تیس افراد تھے۔ نبی اکرم ﷺ نے دریافت کیا: کیا تم میں سے کسی کے پاس کھانے کی کوئی چیز ہے۔ ایک شخص کے پاس ایک صاع اناج تھا اسے گوندھا گیا پھر ایک مشرک شخص آیا جو لمبے قد کا مالک اور گندمی بالوں والا تھا۔ اس کے مالک کی بکریاں تھیں جنہیں وہ ہانک کر لا رہا تھا۔ نبی اکرم ﷺ نے دریافت کیا: کیا فروخت کرو گے یا ویسے ہی دے دو گے۔ اس نے عرض کی: نہیں' میں فروخت کروں گا۔ نبی اکرم ﷺ نے اس سے ایک بکری خریدی اس بکری کو تیار کیا گیا، نبی اکرم ﷺ نے اس کی کلیجی کو بھوننے کا حکم دیا۔ اللہ کی قسم! ان ایک سو تیس افراد میں سے ہر ایک کو نبی اکرم ﷺ نے اس کلیجی کا حصہ دیا جو موجود تھا اور جو موجود نہیں تھا اس کے لئے سنبھال کر رکھ لیا۔ آپ نے اس سب کو دو بڑے پیالوں میں رکھوایا تھا ان تمام حضرات نے اسے کھا لیا ہم لوگ سیر ہو گئے پھر بھی دونوں پیالوں میں وہ سالن بچ گیا تو ہم نے اسے اونٹوں پر لاد دیا۔

أخرجه البخاري في: 51 كتاب الهبة: 28 باب قبول الهدية من المشركين

رقم الجزء: 1 رقم الصفحة: 651 (جہانگیری صحیح بخاری مطبوعہ شبیر برادرز، رقم الحدیث: 2475)

Marfat.com

﴿1332﴾ حديث عَبْدِ الرَّحْمٰنِ بْنِ أَبِي بَكْرٍ رَضِيَ اللّٰهُ عَنْهُمَا

أَنَّ أَصْحَابَ الصُّفَّةِ كَانُوا أُنَاسًا فُقَرَاءَ، وَأَنَّ النَّبِيَّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَالَ: مَنْ كَانَ عِنْدَهُ طَعَامُ اثْنَيْنِ فَلْيَذْهَبْ بِثَالِثٍ، وَإِنْ أَرْبَعٌ فَخَامِسٌ أَوْ سَادِسٌ وَأَنَّ أَبَا بَكْرٍ جَاءَ بِثَلَاثَةٍ، فَانْطَلَقَ النَّبِيُّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ بِعَشَرَةٍ، قَالَ: فَهُوَ أَنَا وَأَبِي وَأُمِّي، وَامْرَأَتِي وَخَادِمٌ بَيْنَنَا وَبَيْنَ بَيْتِ أَبِي بَكْرٍ وَإِنَّ أَبَا بَكْرٍ تَعَشَّى عِنْدَ النَّبِيِّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ، ثُمَّ لَبِثَ حَيْثُ صُلِّيَتِ الْعِشَاءُ، ثُمَّ رَجَعَ فَلَبِثَ حَتّٰى تَعَشَّى النَّبِيُّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ، فَجَاءَ بَعْدَ مَا مَضى مِنَ اللَّيْلِ مَا شَاءَ اللّٰهُ قَالَتْ لَهُ امْرَأَتُهُ: وَمَا حَبَسَكَ عَنْ أَضْيَافِكَ، أَوْ قَالَتْ: ضَيْفِكَ قَالَ: أَوَ مَا عَشَّيْتِيهِمْ قَالَتْ: أَبَوْا حَتّٰى تَجِي، قَدْ عُرِضُوا فَأَبَوْا قَالَ: فَذَهَبْتُ أَنَا فَاخْتَبَأْتُ فَقَالَ: يَا غُنْثَرُ فَجَدَّعَ وَسَبَّ وَقَالَ: كُلُوا، لَا هَنِيئًا فَقَالَ: وَاللّٰهِ لَا أَطْعَمُه أَبَدًا وَايْمُ اللّٰهِ مَا كُنَّا نَأْخُذُ مِنْ لُقْمَةٍ إِلَّا رَبَا مِنْ أَسْفَلِهَا أَكْثَرُ مِنْهَا، قَالَ: يَعْنِي حَتّٰى شَبِعُوا، وَصَارَتْ أَكْثَرَ مِمَّا كَانَتْ قَبْلَ ذٰلِكَ فَنَظَرَ إِلَيْهَا أَبُو بَكْرٍ فَإِذَا هِيَ كَمَا هِيَ أَوْ أَكْثَرُ مِنْهَا فَقَالَ لِامْرَأَتِهِ: يَا أُخْتَ بَنِي فِرَاسٍ مَا هٰذَا قَالَتْ: لَا، وَقُرَّةِ عَيْنِي لَهِيَ الْآنَ أَكْثَرُ مِنْهَا قَبْلَ ذٰلِكَ بِثَلَاثِ مَرَّاتٍ فَأَكَلَ مِنْهَا أَبُو بَكْرٍ، وَقَالَ: إِنَّمَا كَانَ ذٰلِكَ مِنَ الشَّيْطَانِ، يَعْنِي يَمِينَهُ ثُمَّ أَكَلَ مِنْهَا لُقْمَةً ثُمَّ حَمَلَهَا إِلَى النَّبِيِّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ فَأَصْبَحَتْ عِنْدَهُ

وَكَانَ بَيْنَنَا وَبَيْنَ قَوْمٍ عَقْدٌ فَمَضى الْأَجَلُ فَفَرَّقَنَا اثْنَا عَشَرَ رَجُلاً، مَعَ كُلِّ رَجُلٍ مِّنْهُمْ أُنَاسٌ، اللّٰهُ أَعْلَمُ كَمْ مَعَ كُلِّ رَجُلٍ فَأَكَلُوا مِنْهَا أَجْمَعُونَ، أَوْ كَمَا قَالَ

✧✧ حضرت عبدالرحمٰن بن ابوبکر رضی اللہ عنہ بیان کرتے ہیں: اصحابِ صفہ غریب لوگ تھے نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے ارشاد فرمایا: جس شخص کے پاس دولوگوں کا کھانا ہو وہ تیسرے شخص کو اپنے ساتھ لے جائے اگر چار کا ہو تو پانچویں کو لے جائے یا چھٹے کو لے جائے۔ حضرت ابوبکر صدیق رضی اللہ عنہ تین حضرات کو لے گئے جبکہ نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم ان میں سے دس افراد کو اپنے ساتھ لے گئے۔ حضرت ابوعبدالرحمٰن رضی اللہ عنہ بیان کرتے ہیں (ہمارے گھر میں) میں میرے والد اور میری والدہ تھیں۔

بقیہ حاشیہ رقم الحدیث **1363**: الشیبانی فی ''مسندہ'' طبع موسسہ قرطبہ، قابرہ، مصر، رقم الحدیث: **16391** اخرجہ ابوحاتم البستی فی ''صحیحہ'' طبع موسسہ الرسالہ، بیروت، لبنان، **1414**ھ/**1993**ء، رقم الحدیث: **4793** ذکرہ ابوبکر البیہقی فی ''سننہ الکبریٰ'' طبع مکتبہ دار الباز، مکہ مکرمہ، سعودی عرب **1414**ھ/**1994**ء، رقم الحدیث: **1120** اخرجہ ابویعلی الموصلی فی ''مسندہ'' طبع دارالمامون للتراث، دمشق، شام، **1404**ھ-**1984**ء، رقم الحدیث: **626** اخرجہ ابوالقاسم الطبرانی فی ''معجمہ الاوسط'' طبع دارالحرمین، قابرہ، مصر، **1415**ھ، رقم الحدیث: **1344** اخرجہ ابوالقاسم الطبرانی فی ''معجمہ الکبیر'' طبع مکتبہ العلوم والحکم، موصل، **1404**ھ/**1983**ء، رقم الحدیث: **3860** اخرجہ ابوداؤد الطیالسی فی ''مسندہ'' طبع دارالمعرفۃ، بیروت، لبنان، رقم الحدیث: **1228** اخرجہ ابوبکر الحمیدی فی ''مسندہ'' طبع دارالکتب العلمیہ، مکتبہ المتنبی، بیروت، قابرہ، رقم الحدیث: **431** اخرجہ ابوبکر الشیبانی فی ''الاحادوالمثانی'' طبع دارالرایۃ، ریاض، سعودی عرب، **1411**ھ/**1991**ء، رقم الحدیث: **1893** اخرجہ ابوالحسن الجوہری فی ''مسندہ'' طبع موسسہ نادر، بیروت، لبنان، **1410**ھ/**1990**ء، رقم الحدیث: **2455** اخرجہ ابوالقاسم الطبرانی فی ''مسند الشامیین'' طبع موسسۃ الرسالہ، بیروت، لبنان، **1405**ھ/**1984**، رقم الحدیث: **1086**

Marfat.com

انہوں نے جواب دیا: انہوں نے یہ کہا تھا: کپڑے پر بنی ہوئی تصویروں کی گنجائش ہے۔ کیا تم نے یہ بات نہیں سنی تھی؟ میں نے جواب دیا: نہیں انہوں نے فرمایا: حضرت زید رضی اللہ عنہ نے یہ بات ذکر کی تھی۔

أخرجه البخاري في: 59 كتاب بدء الخلق: 7 باب إذا قال أحدكم آمين والملائكة في السماء،

رقم الجزء: 1 رقم الصفحة: 664 (جہانگیری صحیح بخاری مطبوعہ شبیر برادرز، رقم الحدیث: 3054)

1365 حديث عَائِشَةَ رَضِيَ اللّٰهُ عَنْهَا ،

قَالَتْ: قَدِمَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ، مِنْ سَفَرٍ، وَقَدْ سَتَرْتُ بِقِرَامٍ لِي، عَلَى سَهْوَةٍ لِي، فِيهَا تَمَاثِيلُ فَلَمَّا رَاٰهُ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ، هَتَكَهُ، وَقَالَ: أَشَدُّ النَّاسِ عَذَابًا يَوْمَ الْقِيَامَةِ الَّذِيْنَ يُضَاهُوْنَ بِخَلْقِ اللّٰهِ، قَالَتْ: فَجَعَلْنَاهُ وِسَادَةً أَوْ وِسَادَتَيْنِ

✧✧ سیدہ عائشہ رضی اللہ عنہا یہ بیان کرتی ہیں: نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم ایک سفر سے تشریف لائے۔ میں نے اپنے صحن میں ایک پردہ لٹکایا ہوا تھا جس پر تصویریں بنی ہوئی تھیں۔ نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے ملاحظہ کیا تو اسے پھینک دیا اور فرمایا: قیامت کے دن ان لوگوں کو بہت شدید عذاب دیا جائے گا جو اللہ تعالیٰ کی تخلیق میں مقابلہ کرتے ہیں۔

سیدہ عائشہ صدیقہ رضی اللہ عنہا بیان کرتی ہیں: میں نے اس کے ایک یا دو تکیے بنا لیے۔

أخرجه البخاري في: 77 كتاب اللباس: باب ما وطئ من التصاوير

رقم الجزء: 1 رقم الصفحة: 664 (جہانگیری صحیح بخاری مطبوعہ شبیر برادرز، رقم الحدیث: 5610)

1366 حديث عَائِشَةَ، أُمِّ الْمُؤْمِنِيْنَ رَضِيَ اللّٰهُ عَنْهَا،

أَنَّهَا اشْتَرَتْ نُمْرُقَةً فِيْهَا تَصَاوِيرُ، فَلَمَّا رَاٰهَا رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ، قَامَ عَلَى الْبَابِ فَلَمْ يَدْخُلْهُ، فَعَرَفْتُ فِي وَجْهِهِ الْكَرَاهِيَةَ فَقُلْتُ: يَا رَسُوْلَ اللّٰهِ أَتُوْبُ إِلَى اللّٰهِ وَإِلَى رَسُوْلِهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ، مَاذَا أَذْنَبْتُ فَقَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: مَا بَالُ هٰذِهِ النُّمْرُقَةِ قُلْتُ: اشْتَرَيْتُهَا لَكَ لِتَقْعُدَ عَلَيْهَا وَتَوَسَّدَهَا فَقَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: إِنَّ أَصْحَابَ هٰذِهِ الصُّوَرِ يَوْمَ الْقِيَامَةِ يُعَذَّبُوْنَ فَيُقَالُ لَهُمْ أَحْيُوا مَا خَلَقْتُمْ وَقَالَ: إِنَّ الْبَيْتَ الَّذِي فِيْهِ الصُّوَرُ لَا تَدْخُلُهُ الْمَلَائِكَةُ

✧✧ ام المؤمنین سیدہ عائشہ صدیقہ رضی اللہ عنہا بیان کرتی ہیں: انہوں نے ایک پردہ خریدا جس میں تصویریں بنی ہوئی تھیں جب نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے اسے ملاحظہ فرمایا تو آپ دروازے پر کھڑے ہو گئے اور (سیدہ عائشہ رضی اللہ عنہا کے حجرے) کے اندر داخل نہیں ہوئے (سیدہ عائشہ رضی اللہ عنہا) فرماتی ہیں: میں نے عرض کی: یا رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم! میں اللہ تعالیٰ اور اس کے رسول کی بارگاہ میں توبہ کرتی ہوں مجھ سے کیا خطا سرزد ہوئی ہے؟ نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے ارشاد فرمایا: اس پردے کا کیا معاملہ ہے؟ میں نے عرض کی: میں نے اسے آپ صلی اللہ علیہ وسلم کے لیے خریدا ہے تاکہ آپ صلی اللہ علیہ وسلم اسے (بچھونے کے طور پر استعمال کر کے) اس پر تشریف فرما ہوں (یا اس کا تکیہ بنا کر) اس کے ساتھ ٹیک لگائیں۔ نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے ارشاد فرمایا: ان تصویریں بنانے والوں کو قیامت کے دن عذاب دیا جائے گا اور ان سے کہا جائے گا: تم نے جو بنایا ہے اُسے زندہ کرو آپ صلی اللہ علیہ وسلم نے ارشاد فرمایا: بے شک جس گھر میں تصویریں ہوں فرشتے اس

Marfat.com

گھر میں داخل نہیں ہوتے۔

أخرجه البخاري في: 34 كتاب البيوع: 40 باب التجارة فيما يكره لبسه للرجال والنساء

رقم الجزء: 1 رقم الصفحة: 665 (جہانگیری صحیح بخاری، مطبوعہ شبیر برادرز، رقم الحدیث:1999)

1367 حديث عَبْدِ اللّٰهِ بْنِ عُمَرَ رَضِيَ اللّٰهُ عَنْهُمَا،

أَنَّ رَسُوْلَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ، قَالَ: إِنَّ الَّذِيْنَ يَصْنَعُوْنَ هٰذِهِ الصُّوَرَ يُعَذَّبُوْنَ يَوْمَ الْقِيَامَةِ، يُقَالُ لَهُمْ أَحْيُوا مَا خَلَقْتُمْ

✧✧ حضرت عبداللہ بن عمر رضی اللہ عنہ بیان کرتے ہیں: نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے ارشادفرمایا: بے شک وہ لوگ جوتصویریں بناتے ہیں انہیں قیامت کے دن عذاب دیا جائے گا اوران سے کہا جائے گا جوتم نے بنایا ہے اس میں جان پیدا کرو۔

أخرجه البخاري في: 77 كتاب اللباس: 89 باب عذاب المصورين يوم القيامة

رقم الجزء: 1 رقم الصفحة: 666 (جہانگیری صحیح بخاری، مطبوعہ شبیر برادرز، رقم الحدیث:5607)

1368 حديث عَبْدِ اللّٰهِ بْنِ مَسْعُوْدٍ رَضِيَ اللّٰهُ عَنْهُ،

قَالَ: سَمِعْتُ النَّبِيَّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ يَقُوْلُ: إِنَّ أَشَدَّ النَّاسِ عَذَابًا عِنْدَ اللّٰهِ، يَوْمَ الْقِيَامَةِ، الْمُصَوِّرُوْنَ

✧✧ حضرت عبداللہ رضی اللہ عنہ بیان کرتے ہیں: میں نے نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کو یہ ارشادفرماتے ہوئے سنا ہے۔ قیامت کے دن اللہ تعالیٰ کی بارگاہ میں سب سے شدید عذاب تصویر بنانے والوں کو ہوگا۔

رقم الحديث 1367

اخرجه عبدالرحمن النسائي في "سننه" طبع مكتب المطبوعات الاسلاميه، حلب، شام، **1406**ه، **1986**ء، رقم الحديث: **5362** اخرجه ابوعبدالله الشيباني في "مسنده" طبع دارالفكر، بيروت، لبنان، رقم الحديث: **2151** اخرجه ابوعبدالله الشيباني في "مسنده" طبع موسسه قرطبه، قاهره، مصر، رقم الحديث: **4707** اخرجه ابوعبدالرحمن النسائي في "سننه" طبع مكتب المطبوعات الاسلاميه، حلب، شام، **1406**ه، **1986**ء، رقم الحديث: **9787** ذكره ابوبكر البيهقي في "سننه الكبرى" طبع مكتبه دارالباز، مكه مكرمه، سعودي عرب **1414**ه، **1994**ء، رقم الحديث: **14343**

رقم الحديث: **1368**: اخرجه ابوالحسين مسلم النيسابوري في "صحيحه" طبع داراحياء التراث العربي، بيروت، لبنان، رقم الحديث: **6109** اخرجه ابوعبدالرحمن النسائي في "سننه" طبع مكتب المطبوعات الاسلاميه، حلب، شام، **1406**ه، **1986**ء، رقم الحديث: **5364** اخرجه ابوعبدالله الشيباني في "مسنده" طبع موسسه قرطبه، قاهره، مصر، رقم الحديث: **3558** اخرجه ابوحاتم البستي في "صحيحه" طبع موسسه الرساله، بيروت، لبنان، **1414**ه/**1993**ء، رقم الحديث: **5847** اخرجه ابوعبدالرحمن النسائي في "سننه" طبع مكتب المطبوعات الاسلاميه، حلب، شام، **1406**ه، **1986**ء، رقم الحديث: **9794** ذكره ابوبكر البيهقي في "سننه الكبرى" طبع مكتبه دارالباز، مكه مكرمه، سعودي عرب **1414**ه/**1994**ء، رقم الحديث: **14344** اخرجه ابويعلى الموصلي في "مسنده" طبع دارالمامون للتراث، دمشق، شام، **1404**ه، **1984**ء، رقم الحديث: **4460** اخرجه ابوالقاسم الطبراني في "معجمه الكبير" طبع مكتبه العلوم والحكم، موصل، **1404**ه، **1983**ء، رقم الحديث: **10306** اخرجه ابوبكر الحميدي في "مسنده" طبع دارالكتب العلميه، مكتبه المتنبي، بيروت، قاهره، رقم الحديث: **117**

Marfat.com

أخرجه البخاري في: 77 كتاب اللباس: 89 باب عذاب المصورين يوم القيامة

رقم الجزء: 1 رقم الصفحة: 666 (جہانگیری صحیح بخاری مطبوعہ شبیر برادرز، رقم الحدیث: 5606)

﴿1369﴾ حديث ابْنِ عَبَّاسٍ رَضِيَ اللّٰهُ عَنْهُمَا

عَنْ سَعِيْدِ بْنِ أَبِي الْحَسَنِ، قَالَ: كُنْتُ عِنْدَ ابْنِ عَبَّاسٍ رَضِيَ اللّٰهُ عَنْهُمَا، إِذْ أَتَاهُ رَجُلٌ، فَقَالَ: يَا أَبَا عَبَّاسٍ إِنِّي إِنْسَانٌ إِنَّمَا مَعِيشَتِي مِنْ صَنْعَةِ يَدِي، وَإِنِّي أَصْنَعُ هٰذِهِ التَّصَاوِيرَ فَقَالَ ابْنُ عَبَّاسٍ: لاَ أُحَدِّثُكَ إِلَّا مَا سَمِعْتُ رَسُوْلَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ يَقُوْلُ، سَمِعْتُهُ يَقُوْلُ: مَنْ صَوَّرَ صُوْرَةً فَإِنَّ اللّٰهِ مُعَذِّبُهُ حَتّٰى يَنْفُخَ فِيْهَا الرُّوحَ. وَلَيْسَ بِنَافِخٍ فِيْهَا أَبَدًا فَرَبَا الرَّجُلُ رَبْوَةً شَدِيْدَةً، وَاصْفَرَّ وَجْهُهُ فَقَالَ: وَيْحَكَ إِنْ أَبَيْتَ إِلَّا أَنْ تَصْنَعَ، فَعَلَيْكَ بِهٰذَا الشَّجَرِ، كُلِّ شَيْءٍ لَّيْسَ فِيْهِ رُوحٌ

✧✧ سعید بن ابوالحسن بیان کرتے ہیں' میں حضرت ابن عباس رضی اللہ عنہما کے پاس موجود تھا ایک شخص ان کے پاس آیا اور بولا: اے ابن عباس! میں ایک ایسا شخص ہوں جو اپنے ہاتھ کی کاریگری سے کماتا ہوں۔ حضرت ابن عباس رضی اللہ عنہما نے فرمایا: میں تمہیں وہی بات بتاؤں گا جو میں نے نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کو ارشاد فرماتے سنا ہے: میں نے آپ کو یہ ارشاد فرماتے ہوئے سنا ہے: جو شخص کوئی تصویر بنائے گا اللہ تعالیٰ اسے عذاب دے گا کہ وہ اس میں روح پھونکے' وہ اس میں کبھی بھی روح نہیں پھونک سکے گا (تو اس کو عذاب مسلسل ہوتا رہے گا)

راوی بیان کرتے ہیں' اس شخص نے گہرا سانس لیا اور اس کا چہرہ زرد ہو گیا حضرت ابن عباس رضی اللہ عنہما نے فرمایا: تمہارا ستیاناس ہو اگر تم نے یہ کام ہی کرنا ہے تو تم درخت وغیرہ کی تصویر بنا لیا کرو اور ہر اس چیز کی بنا لیا کرو جس میں روح موجود نہیں ہوتی۔

أخرجه البخاري في: 34 كتاب البيوع: 104 باب بيع التصاوير التي ليس فيها روح وما يكره من ذلك

رقم الجزء: 1 رقم الصفحة: 666 (جہانگیری صحیح بخاری مطبوعہ شبیر برادرز، رقم الحدیث: 2112)

﴿1370﴾ حديث أَبِي هُرَيْرَةَ رَضِيَ اللّٰهُ عَنْهُ

عَنْ أَبِي زُرْعَةَ، قَالَ: دَخَلْتُ مَعَ أَبِي هُرَيْرَةَ دَارًا بِالْمَدِيْنَةِ، فَرَأَى أَعْلاَهَا مُصَوِّرًا يُصَوِّرُ قَالَ: سَمِعْتُ

رقم الحديث: 1369

خرجه ابوالحسين مسلم النيسابوري في "صحيحه" طبع داراحياء التراث العربي بيروت لبنان رقم الحديث: 2110 خرجه ابوعبدالرحمن النسائي في "سننه" طبع مكتب المطبوعات الاسلاميه حلب شام 1406ه 1986ء رقم الحديث: 5358 خرجه ابوعبدالله الشيباني في "مسنده" طبع موسسه قرطبه قاهره مصر رقم الحديث: 2162 اخرجه ابوحاتم البستي في "صحيحه" طبع موسسه الرساله بيروت لبنان 1414ه/1993ء رقم الحديث: 5846 اخرجه ابوعبدالرحمن النسائي في "سننه" طبع مكتب المطبوعات الاسلاميه حلب شام 1406ه 1986ء رقم الحديث: 9782 ذكره ابوبكر البيهقي في "سننه الكبرى" طبع مكتبه دارالباز مكه مكرمه سعودي عرب 1414ه/1994ء رقم الحديث: 14346 اخرجه ابويعلى الموصلي في "مسنده" طبع دارالمامون للتراث دمشق شام 1404ه-1984ء رقم الحديث: 2577 اخرجه ابوبكر الكوفي في "مصنفه" طبع مكتبه الرشد رياض سعودي عرب طبع 1409ه رقم الحديث: 25213

Marfat.com

رَسُوْلَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ، يَقُوْلُ: وَمَنْ أَظْلَمُ مِمَّنْ ذَهَبَ يَخْلُقُ كَخَلْقِي، فَلْيَخْلُقُوْا حَبَّةً، وَلْيَخْلُقُوْا ذَرَّةً

✧✧ ابوزرعہ بیان کرتے ہیں: میں حضرت ابوہریرہ رضی اللہ عنہ کے ساتھ مدینہ منورہ کے ایک گھر میں داخل ہوا تو انہوں نے اس کے بالائی حصہ میں تصویر بنانے والے کو دیکھا جو تصویر بنا رہا تھا۔ تو فرمایا میں نے نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کو یہ ارشاد فرماتے ہوئے سنا ہے: (اللہ تعالیٰ فرماتا ہے) اس شخص سے بڑا ظالم اور کون ہوگا جو میری مخلوق کی طرح تخلیق کرنے کی کوشش کرے۔ ایسے لوگوں کو چاہئے کہ وہ دانہ بنا کر دکھائیں' وہ ایک ذرہ بنا کر دکھائیں۔

أخرجه البخاري في: 77 كتاب اللباس: 90 باب نقض الصور

رقم الجزء: 1 رقم الصفحة: 667 (جہانگیری صحیح بخاری مطبوعہ شبیر برادرز، رقم الحدیث:5609)

•••———•••———•••

كراهة قلادة الوتر فِيْ رقبة الْبعير

اونٹ کے گلے میں تانت کا ہار ڈالنا مکروہ ہے

﴿1371﴾ حديث أَبِيْ بَشِيرٍ الْأَنْصَارِيِّ رَضِيَ اللّٰهُ عَنْهُ،

أَنَّـهُ كَانَ مَعَ رَسُوْلِ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ، فِيْ بَعْضِ أَسْفَارِهِ، وَالنَّاسُ فِيْ مَبِيتِهِمْ، فَأَرْسَلَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ، رَسُوْلاً أَنْ لَّا يَبْقَيَنَّ فِيْ رَقَبَةِ بَعِيْرٍ قِلَادَةٌ مِّنْ وَّتَرٍ أَوْ قِلَادَةٌ إِلَّا قُطِعَتْ

✧✧ حضرت ابوبشیر انصاری رضی اللہ عنہ بیان کرتے ہیں' وہ نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کے ہمراہ ایک سفر میں شریک تھے۔ لوگ اس وقت اپنی آرام گاہوں میں موجود تھے جب نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے اپنے قاصد کو اس حکم کے ہمراہ بھیجا' کسی بھی اونٹ کی گردن میں تانت کی کوئی تار باقی نہ رہنے دی جائے۔ اسے کاٹ دیا جائے۔

أخرجه البخاري في: 56 كتاب الجهاد: 139 باب ما قيل فِي الجرس ونحوه فِيْ أعناق الإبل

رقم الجزء: 1 رقم الصفحة: 667 (جہانگیری صحیح بخاری مطبوعہ شبیر برادرز، رقم الحدیث:2843)

رقم الحديث 1371

اخرجه ابوالحسين مسلم النيسابوری فی ''صحيحه'' طبع داراحياء التراث العربی، بيروت، لبنان، رقم الحديث: **2115** اخرجه ابوداؤد السجستانی فی ''سننه'' طبع دارالفكر، بيروت، لبنان، رقم الحديث: **2552** اخرجه ابوعبدالله الاصبحی فی ''المؤطا'' طبع داراحياء التراث العربی (تحقيق فواد عبدالباقی)، رقم الحديث: **1677** اخرجه ابوعبدالله الشيبانی فی ''مسنده'' طبع موسسه قرطبه، قابره، مصر، رقم الحديث: **21937** اخرجه ابوحاتم البستی فی ''صحيحه'' طبع موسسه الرساله، بيروت، لبنان، **1414ھ/1993ء**، رقم الحديث: **98** اخرجه ابوعبدالرحمن النسائی فی ''سننه'' طبع مكتب المطبوعات الاسلاميه، حلب، شام، **1406ھ، 1986ء**، رقم الحديث: **8808** ذكر ابوبكر البيهقی فی ''سننه الكبریٰ'' طبع مكتبه دارالباز، مكه مكرمه، سعودی عرب **1414ھ/1994ء**، رقم الحديث: **10109** اخرجه ابوبكر الشيبانی فی ''الاحادوالمثانی'' طبع دارالراية، رياض، سعودی عرب، **1411ھ/1991ء**، رقم الحديث: **2159** اخرجه ابوالقاسم الطبرانی فی ''معجمه الاوسط'' طبع دارالحرمين، قابره، مصر، **1415ھ**، رقم الحديث: **1511** اخرجه ابوالقاسم الطبرانی فی ''معجمه الكبير'' طبع مكتبه العلوم والحكم، موصل، **1404ھ/1983ء**، رقم الحديث: **750**

Marfat.com

جواز وشم الحيوان غير الْاٰدمي فِيْ غير الوجه وندبه فِيْ نعم الزكاة والجزية

آدمی کونہیں' البتہ جانور کو چہرے کے علاوہ' جسم کے کسی اور حصے پر داغنا جائز ہے

اور زکوٰۃ اور جزیہ کے جانوروں کو ایسا داغ لگانا مستحب ہے

﴿1372﴾ حديث أَنَسٍ رَضِيَ اللّٰهُ عَنْهُ،

قَالَ: لَمَّا وَلَدَتْ أُمُّ سُلَيْمٍ، قَالَتْ لِيْ: يَا أَنَسُ انْظُرْ هٰذَا الْغُلَامَ، فَلَا يُصِيبَنَّ شَيْئًا حَتّٰى تَغْدُوَ بِهِ إِلَى النَّبِيِّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ، يُحَنِّكُهُ فَغَدَوْتُ بِهِ فَإِذَا هُوَ فِيْ حَائِطٍ وَعَلَيْهِ خَمِيصَةٌ حُرَيْثِيَّةٌ، وَهُوَ يَسِمُ الظَّهْرَ الَّذِيْ قَدِمَ عَلَيْهِ فِي الْفَتْحِ

✧✧ حضرت انس رضی اللہ عنہ بیان کرتے ہیں: جب سیّدہ اُمّ سلیم رضی اللہ عنہا نے بچے کو جنم دیا تو انہوں نے مجھ سے فرمایا: اس بچے کا دھیان رکھنا یہ کوئی چیز نہ کھائے صبح تم اسے نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کے پاس لے جانا تا کہ وہ اسے گھٹی دیں اگلے دن میں اس بچے کو لے کر نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کی خدمت میں حاضر ہوا اس وقت آپ نے ایک حریثی چادر اوڑھ رکھی تھی اور آپ ان اونٹوں کی پشتوں پر نشان لگا رہے تھے جو فتح مکہ کے موقع پر آپ کے پاس آئے تھے۔

أخرجه البخاري في: 77 كتاب اللباس: 22 باب الخميصة السود

رقم الجزء: 1 رقم الصفحة: 668 (جہانگیری صحیح بخاری، مطبوعہ شبیر برادرز، رقم الحدیث:5486)

•••———•••———•••

كراهة الْقزع

قزع مکروہ ہے

﴿1373﴾ حديث ابْنُ عُمَرَ رَضِيَ اللّٰهُ عَنْهُمَا،

رقم الحديث: **1372**: اخرجه ابوالحسين مسلم النيسابوري في "صحيحه" طبع داراحياء التراث العربي، بيروت، لبنان، رقم الحديث: **2119** اخرجه ابوحاتم البستي في "صحيحه" طبع موسسه الرساله، بيروت، لبنان، **1414ھ/1993ء**، رقم الحديث: **4532** ذكره ابوبكر البيهقي في "سننه الكبرىٰ" طبع مكتبه دارالباز، مكه مكرمه، سعودي عرب **1414ھ/1994ء**، رقم الحديث: **13035**

رقم الحديث **1373** اخرجه ابوعبدالرحمن النسائي في "سننه" طبع مكتب المطبوعات الاسلاميه، حلب، شام، **1406ھ 1986ء**، رقم الحديث: **5050** اخرجه ابو عبدالله القزويني في "سننه"، طبع دارالفكر، بيروت، لبنان، رقم الحديث: **3638** اخرجه ابوعبدالله الشيباني في "مسنده" طبع موسسه قرطبه، قاهره، مصر، رقم الحديث: **4973** اخرجه ابوحاتم البستي في "صحيحه" طبع موسسه الرساله، بيروت، لبنان، **1414ھ/1993ء**، رقم الحديث: **5506** اخرجه ابوعبدالرحمن النسائي في "سننه" طبع مكتب المطبوعات الاسلاميه، حلب، شام، **1406ھ 1986ء**، رقم الحديث: **9298** ذكره ابوبكر البيهقي في "سننه الكبرىٰ" طبع مكتبه دارالباز، مكه مكرمه، سعودي عرب **1414ھ/1994ء**، رقم الحديث: **19085**

Marfat.com

قَالَ: سَمِعْتُ رَسُوْلَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ، يَنْهى عَنِ الْقَزَعِ

✧✧ حضرت عبداللہ بن عمر رضی اللہ عنہما بیان کرتے ہیں: میں نے نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کو ''قزع'' سے منع کرتے ہوئے سنا ہے۔

أخرجه البخاري في: 77 كتاب اللباس: 72 باب القزع

رقم الجزء: 1 رقم الصفحة: 668 (جہانگیری صحیح بخاری، مطبوعہ شبیر برادرز، رقم الحدیث:5576)

النهي عن الجلوس في الطرقات وإعطاء الطريق حقه

راستے میں بیٹھنے کی ممانعت' راستے کو اس کا حق دینا

1374 حديث أَبِي سَعِيْدِ الْخُدْرِيِّ رضي الله،

عَنْهُ عَنِ النَّبِيِّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ، قَالَ: إِيَّاكُمْ وَالْجُلُوْسَ عَلَى الطُّرُقَاتِ فَقَالوا: مَا لَنَا بُدٌّ إِنَّمَا هِيَ مَجَالِسُنَا نَتَحَدَّثُ فِيْهَا قَالَ: فَإِذَا أَبَيْتُمْ إِلَّا الْمَجَالِسَ فَأَعْطُوا الطَّرِيْقَ حَقَّهَا قَالُوْا: وَمَا حَقُّ الطَّرِيْقِ قَالَ: غَضُّ الْبَصَرِ، وَكَفُّ الْأَذَى، وَرَدُّ السَّلَامِ، وَأَمْرٌ بِالْمَعْرُوْفِ، وَنَهْيٌ عَنِ الْمُنْكَرِ

✧✧ حضرت ابوسعید خدری رضی اللہ عنہ نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کا یہ فرمان نقل کرتے ہیں: راستے میں بیٹھنے سے بچو! لوگوں نے عرض کی: ہماری یہ مجبوری ہے کیونکہ ہم یہاں بیٹھ کر آپس میں بات چیت کرتے ہیں، نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: اگر تم راستے میں بیٹھنے پر اصرار کرتے ہو تو راستے کو اس کا حق دو، انہوں نے دریافت کیا: راستے کا حق کیا ہے؟

آپ نے فرمایا: نگاہ کو جھکا کر رکھنا، تکلیف دہ چیز کو ہٹانا، سلام کا جواب دینا، نیکی کا حکم دینا اور برائی سے منع کرنا۔

أخرجه البخاري في: 46 كتاب المظالم: 22 باب أفنية الدور والجلوس فيها

رقم الجزء: 1 رقم الصفحة: 668 (جہانگیری صحیح بخاری، مطبوعہ شبیر برادرز، رقم الحدیث:2333)

رقم الحديث: 1374

اخرجه ابوعبدالله الشيباني في "مسنده" طبع موسسه قرطبه، قاهره، مصر، رقم الحديث: **11603** اخرجه ابوعبدالرحمن النسائي في "سننه" طبع مكتب المطبوعات الاسلاميه، حلب، شام، **1406**ه، **1986**ء، رقم الحديث:**11362** اخرجه ابوالقاسم الطبراني في "معجمه الكبير" طبع مكتبه العلوم والحكم، موصل، **1404**ه/**1983**ء، رقم الحديث: **5592** اخرجه ابوالحسين مسلم النيسابوري في "صحيحه" طبع دار احياء التراث العربي، بيروت، لبنان، رقم الحديث: **2121** اخرجه ابوداؤد السجستاني في "سننه" طبع دار الفكر، بيروت، لبنان، رقم الحديث:**4815** اخرجه ابوحاتم البستي في "صحيحه" طبع موسسه الرساله، بيروت، لبنان، **1414**ه/**1993**ء، رقم الحديث:**595** ذكره ابوبكر البيهقي في "سننه الكبرى" طبع مكتبه دارالباز، مكه مكرمه، سعودي عرب **1414**ه/**1994**ء، رقم الحديث: **13291** اخرجه ابويعلى الموصلي في "مسنده" طبع دارالمامون للتراث، دمشق، شام، **1404**ه.**1984**ء، رقم الحديث: **1247** اخرجه ابوعبدالله البخاري في "الادب المفرد" طبع دارالبشائر الاسلاميه، بيروت، لبنان، **1409**ه/**1989**ء، رقم الحديث:**1150** اخرجه ابومحمد الحكمي في "مسنده" طبع مكتبة السنة، قاهره، مصر، **1408**ه/**1988**ء، رقم الحديث: **958** اخرجه ابن ابي اسامه في "مسند الحارث" طبع مركز خدمة السنة والسيرة النبويه، مدينه منوره **1413**ه/**1992**ء، رقم الحديث:**859**

Marfat.com

تحريم فعل الواصلة والمستوصلة والواشمة والمستوشمة
والنامصة والمتنمصة والمتفلجات والمغيرات خلق الله

مصنوعی بال لگانے والی' لگوانے والی' جسم گودنے والی' گدوانے والی' چہرے کے بال نوچنے والی اور نچوانے والی' دانتوں کو کشادہ کرنے والی اور کروانے والی' جو اللہ تعالیٰ کی تخلیق میں تبدیلی کرتی ہیں' ان کے یہ تمام افعال حرام ہیں

1375 حديث أَسْمَاءَ رَضِيَ اللّٰهُ عَنْهُ،

قَالَتْ: سَأَلَتِ امْرَأَةٌ النَّبِيَّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ، فَقَالَتْ: يَا رَسُوْلَ اللّٰهِ إِنَّ ابْنَتِي أَصَابَتْهَا الْحَصْبَةُ فَامَّرَقَ شَعْرُهَا، وَإِنِّي زَوَّجْتُهَا؛ أَفَأَصِلُ فِيْهِ فَقَالَ: لَعَنَ اللّٰهُ الْوَاصِلَةَ وَالْمَوْصُوْلَةَ

✧✧ سیدہ اسماء رضی اللہ عنہا بیان کرتی ہیں: ایک خاتون نے نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم سے دریافت کیا: یارسول اللہ (صلی اللہ علیہ وسلم)! میری بیٹی کو چیچک کی بیماری ہوئی ہے جس کے نتیجے میں اس کے بال جھڑ گئے۔ میں نے اس کی شادی کر دی ہے کیا میں اس کو نقلی بال لگوا دوں۔ نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: اللہ تعالیٰ نقلی بال لگوانے والی اور لگانے والی عورت پر لعنت کرے۔

أخرجه البخاري في: 78 كتاب اللباس: 85 باب الموصولة

رقم الجزء: 1 رقم الصفحة: 669 (جہانگیری صحیح بخاری مطبوعہ شبیر برادرز، رقم الحدیث: 5597)

1376 حديث عَائِشَةَ رَضِيَ اللّٰهُ عَنْهَا،

أَنَّ امْرَأَةً مِنَ الْأَنْصَارِ زَوَّجَتِ ابْنَتَهَا، فَتَمَعَّطَ شَعَرُ رَأْسِهَا فَجَاءَتْ إِلَى النَّبِيِّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ، فَذَكَرَتْ ذٰلِكَ لَهُ؛ فَقَالَتْ: إِنَّ زَوْجَهَا أَمَرَنِي أَنْ أَصِلَ فِي شَعَرِهَا، فَقَالَ: لَا، إِنَّهُ قَدْ لُعِنَ الْمُوصِلَاتُ

✧✧ سیدہ عائشہ رضی اللہ عنہا بیان کرتی ہیں: ایک انصاری خاتون نے اپنی بیٹی کی شادی کسی کے ساتھ کر دی۔ اس کے سر کے بال جھڑ گئے وہ نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کی خدمت میں حاضر ہوئی۔ آپ کے سامنے اس بات کا تذکرہ کیا اور بتایا کہ اس کے شوہر نے مجھے کہا ہے کہ میں اس کو نقلی بال لگوا دوں۔ نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: نہیں! چونکہ نقلی بال لگوانے والی عورتوں پر لعنت کی گئی ہے۔

رقم الحديث: 1376

اخرجه ابوالحسين مسلم النيسابوري في "صحيحه" طبع داراحياء التراث العربي، بيروت، لبنان، رقم الحديث: 2123 اخرجه ابوبكر الحميدي في "مسنده" طبع دارالكتب العلميه، مكتبه المتنبي، بيروت، قاهره، رقم الحديث: 321 اخرجه ابوعبدالله الشيباني في "مسنده" طبع موسسه قرطبه، قاهره، مصر، رقم الحديث: 24896 ذكره ابوبكر البيهقي في "سننه الكبرى" طبع مكتبه دارالباز، مكه مكرمه، سعودي عرب 1414ھ/1994ء، رقم الحديث: 14498

Marfat.com

أخرجه البخاري في: 67 كتاب النكاح: 94 باب لا تطيع المرأة زوجها في معصية

رقم الجزء: 7 رقم الصفحة: 669 (جہانگیری صحیح بخاری، مطبوعہ شبیر برادرز، رقم الحدیث:4909)

1377 حديث عَبْدِ اللّٰهِ بْنِ مَسْعُوْدٍ رَضِيَ اللّٰهُ عَنْهُ

قَالَ: لَعَنَ اللّٰهُ الْوَاشِمَاتِ، وَالْمُوْتَشِمَاتِ، وَالْمُتَنَمِّصَاتِ وَالْمُتَفَلِّجَاتِ لِلْحُسْنِ، الْمُغَيِّرَاتِ خَلْقَ اللّٰهِ فَبَلَغَ ذٰلِكَ امْرَأَةً مِّنْ بَنِي أَسَدٍ، يُقَالُ لَهَا أُمُّ يَعْقُوبٍ فَجَاءَ تْ، فَقَالَتْ: إِنَّهُ بَلَغَنِي أَنَّكَ لَعَنْتَ كَيْتَ وَكَيْتَ فَقَالَ: وَمَا لِي لاَ أَلْعَنُ مَنْ لَّعَنَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ، وَمَنْ هُوَ فِي كِتَابِ اللّٰهِ فَقَالَتْ: لَقَدْ قَرَأْتُ مَا بَيْنَ اللَّوْحَيْنِ فَمَا وَجَدْتُ فِيْهِ مَا تَقُوْلُ فَقَالَ: لَئِنْ كُنْتِ قَرَأْتِيْهِ، لَقَدْ وَجَدْتِيْهِ أَمَا قَرَأْتِ (وَمَا اٰتَاكُمُ الرَّسُوْلُ فَخُذُوْهُ، وَمَا نَهَاكُمْ عَنْهُ فَانْتَهُوا) قَالَتْ: بَلٰى قَالَ: فَإِنَّهُ قَدْ نَهٰى عَنْهُ قَالَتْ: فَإِنِّي أَرٰى أَهْلَكَ يَفْعَلُوْنَهُ قَالَ: فَاذْهَبِي، فَانْظُرِي فَذَهَبَتْ فَنَظَرَتْ، فَلَمْ تَرَ مِنْ حَاجَتِهَا شَيْئًا فَقَالَ: لَوْ كَانَتْ كَذٰلِكَ مَا جَامَعَتْنَا

✧✧ حضرت عبداللہ رضی اللہ عنہ بیان کرتے ہیں: اللہ تعالیٰ گودنے والی عورت گودوانے والی عورت چہرے سے بال نوچنے والی عورت' خوبصورتی کے لئے دانتوں کے درمیان فاصلہ کرنے والی عورت اور اللہ کی تخلیق کو تبدیل کرنے والی عورت پر لعنت کرے۔ اس بات کا پتہ بنواسد سے تعلق رکھنے والی ایک خاتون کو چلا' جس کا نام اُم یعقوب تھا وہ آئی اور بولی: مجھے پتہ چلا ہے کہ آپ نے اس' اس طرح کی عورت پر لعنت کی ہے۔ تو حضرت عبداللہ بن مسعود رضی اللہ عنہ نے فرمایا: میں ایسی عورت پر کیوں نہ لعنت کروں جس پر اللہ کے رسول نے لعنت کی ہے اور اللہ کی کتاب میں بھی لعنت کی گئی ہے۔ اس عورت نے دریافت کیا: میں نے تو پورا قرآن پڑھ لیا ہے مجھے تو اس میں یہ بات نظر نہیں آئی جو آپ کہتے ہیں۔ حضرت عبداللہ رضی اللہ عنہ نے فرمایا: اگر تم نے واقعی پڑھا ہوتا تو تمہیں مل جاتی' کیا تم نے یہ آیت نہیں پڑھی؟

''اور رسول تمہیں جو دے اسے حاصل کرلو اور جس سے منع کرے اس سے باز آجاؤ''۔ اس عورت نے کہا: جی ہاں! پڑھی ہے۔ حضرت عبداللہ رضی اللہ عنہ نے کہا' نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے اس سے منع کیا ہے۔ وہ عورت بولی: میرا یہ خیال ہے کہ آپ کی اہلیہ بھی ایسا کرتی ہیں۔ حضرت عبداللہ رضی اللہ عنہ نے فرمایا: جاؤ! تم خود جا کر دیکھ لو۔ وہ عورت گئی اس نے جا کر دیکھا تو اسے ایسی کوئی چیز نظر نہیں آئی۔ حضرت عبداللہ رضی اللہ عنہ نے فرمایا' اگر وہ اب کرتی ہوتی تو میں کبھی بھی اس کے ساتھ صحبت نہ کرتا (یعنی میں اسے طلاق دیدیتا)

رقم الحديث 1377

اخرجه ابوالحسين مسلم النيسابوري في ''صحيحه'' طبع داراحياء التراث العربي، بيروت، لبنان، رقم الحديث: **2125** اخرجه ابوداؤد السجستاني في ''سننه'' طبع دارالفكر، بيروت، لبنان، رقم الحديث: **4169** اخرجه ابومحمد الدارمي في ''سننه'' طبع دارالكتاب العربي، بيروت لبنان، **1407**ھ، **1987**ء، رقم الحديث: **647** اخرجه ابوبكر البزار البصري في ''مسنده'' رقم الحديث: **1467** اخرجه ابوعبدالله الشيباني في ''مسنده'' طبع موسسه قرطبه، قاہره، مصر، رقم الحديث: **4129** اخرجه ابوعبدالرحمن النسائي في ''سننه'' طبع مكتب المطبوعات الاسلاميه، حلب، شام، **1406**ھ، **1986**ء، رقم الحديث: **11579** ذكره ابوبكر البيهقي في ''سننه الكبرىٰ'' طبع مكتبه دارالباز، مكه مكرمه، سعودي عرب **1414**ھ/**1994**ء، رقم الحديث: **14610** اخرجه ابويعلىٰ الموصلي في ''مسنده'' طبع دارالمامون للتراث، دمشق، شام، **1404**ھ-**1984**ء، رقم الحديث: **5141** اخرجه ابوبكر الصنعاني في ''مصنفه'' طبع المكتب الاسلامي، بيروت لبنان، (طبع ثاني) **1403**ھ، رقم الحديث: **5103**

Marfat.com

أخرجه البخاري في: 65 كتاب التفسير: 59 سورة الحشر: 4 باب وما آتاكم الرسول فخذوه

رقم الجزء: 1 رقم الصفحة: 669 (جہانگیری صحیح بخاری مطبوعہ شبیر برادرز، رقم الحدیث 4604)

1378 حديث مُعَاوِيَةَ بْنِ أَبِي سُفْيَانَ رَضِيَ اللّٰهُ عَنْهُ

عَنْ حُمَيْدِ ابْنِ عَبْدِ الرَّحْمٰنِ، أَنَّهُ سَمِعَ مُعَاوِيَةَ بْنَ أَبِي سُفْيَانَ، عَامَ حَجَّ، عَلَى الْمِنْبَرِ، فَتَنَاوَلَ قُصَّةً مِنْ شَعَرٍ، وَكَانَتْ فِي يَدَيْ حَرَسِيٍّ فَقَالَ: يَا أَهْلَ الْمَدِينَةِ أَيْنَ عُلَمَاؤُكُمْ سَمِعْتُ النَّبِيَّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ، يَنْهَى عَنْ مِثْلِ هٰذِهِ، وَيَقُولُ: إِنَّمَا هَلَكَتْ بَنُو إِسْرَائِيلَ حِينَ اتَّخَذَهَا نِسَاؤُهُمْ

✧✧ حمید بن عبدالرحمٰن بیان کرتے ہیں: جب حضرت معاویہ رضی اللہ عنہ حج کے لئے آئے تو انہوں نے حضرت معاویہ رضی اللہ عنہ کو منبر پر یہ کہتے ہوئے سنا ان کے ایک ہاتھ میں بالوں کی ایک لٹ تھی۔ انہوں نے کہا: اے اہل مدینہ! تمہارے علماء کہاں ہیں؟ میں نے نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کو اس سے منع کرتے ہوئے سنا ہے۔ آپ نے فرمایا تھا: بنی اسرائیل اس وقت ہلاکت کا شکار ہو گئے تھے جب ان کی خواتین نے اسے استعمال کرنا شروع کیا تھا۔

أخرجه البخاري في: 60 كتاب الأنبياء: 54 باب حدثنا أبو اليمان

رقم الجزء: 1 رقم الصفحة: 670 (جہانگیری صحیح بخاری مطبوعہ شبیر برادرز، رقم الحدیث 3281)

•••——•••——•••

النهي عن التزوير في اللباس وغيره والتشبع بما لم يعط

فریب دینا اور جو کچھ نہیں ملا اس کے ظاہر کرنے کی ممانعت

1379 حديث أَسْمَاءَ رَضِيَ اللّٰهُ عَنْهَا،

أَنَّ امْرَأَةً قَالَتْ: يَا رَسُولَ اللّٰهِ إِنَّ لِي ضَرَّةً، فَهَلْ عَلَيَّ جُنَاحٌ إِنْ تَشَبَّعْتُ مِنْ زَوْجِي غَيْرَ الَّذِي يُعْطِينِي فَقَالَ رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: الْمُتَشَبِّعُ بِمَا لَمْ يُعْطَ كَلَابِسِ ثَوْبَيْ زُورٍ

✧✧ سیدہ اسماء رضی اللہ عنہا بیان کرتی ہیں: ایک خاتون نے نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کی خدمت میں عرض کی: یارسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم! میری

رقم الحديث: 1378

أخرجه أبو عبد الرحمن النسائي في "سننه" طبع مكتب المطبوعات الإسلامية، حلب، شام، 1406ھ/1986ء، رقم الحديث: 5245 أخرجه أبو عبد الله الشيباني في "مسنده" طبع مؤسسة قرطبة، قاهرة، مصر، رقم الحديث: 16937 أخرجه ابن حبان البستي في "صحيحه" طبع مؤسسة الرسالة، بيروت، لبنان، 1414ھ/1993ء، رقم الحديث: 3626 أخرجه أبو عبد الرحمن النسائي في "سننه" طبع مكتب المطبوعات الإسلامية، حلب، شام، 1406ھ/1986ء، رقم الحديث: 2854 أخرجه أبو القاسم الطبراني في "معجمه الكبير" طبع مكتبة العلوم والحكم، موصل، 1404ھ/1983ء، رقم الحديث: 715 أخرجه أبو بكر الحميدي في "مسنده" طبع دار الكتب العلمية، مكتبة المتنبي، بيروت، قاهرة، رقم الحديث: 600 أخرجه أبو عيسى الترمذي في "جامعه" طبع دار إحياء التراث العربي، بيروت، رقم الحديث: 2781

Marfat.com

ایک سوکن ہے، کیا مجھے گناہ ہوگا؟ اگر میں اپنے شوہر کی طرف سے ملنے والی کسی چیز کے بارے میں اسے بتاؤں۔ ایسی چیز جو شوہر نے مجھے نہ دی ہو تو نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: جو چیز نہ ملی ہو اس کے ملنے کو ظاہر کرنے والا دوہرا جھوٹ بولنے والے کی طرح ہے۔

أخرجه البخاري في: 67 كتاب النكاح: 106 باب المتشبع بما لم ينل وما ينهى من افتخار الضرة

رقم الجزء: 1 رقم الصفحة: 671 (جہانگیری صحیح بخاری مطبوعہ شبیر برادرز، رقم الحدیث: 4921)

•••———•••———•••

رقم الحديث: 1379

اخرجه ابوالحسين مسلم النيسابوري في "صحيحه" طبع داراحياء التراث العربي، بيروت، لبنان، رقم الحديث: **2129** اخرجه ابوداؤد السجستاني في "سننه" طبع دارالفكر بيروت، لبنان، رقم الحديث: **4997** اخرجه ابو عيسى الترمذي، في "جامعه"، طبع داراحياء التراث العربي بيروت، لبنان، رقم الحديث: **2034** اخرجه ابوعبدالله الشيباني في "مسنده" طبع موسسه قرطبه، قاهره، مصر، رقم الحديث: **25379** اخرجه ابوحاتم البستي في "صحيحه" طبع موسسه الرساله، بيروت، لبنان، **1414**ھ/**1993**ء، رقم الحديث: **5739** اخرجه ابوعبدالرحمن النسائي في "سننه" طبع مكتب المطبوعات الاسلاميه، حلب، شام **1406**ھ، **1986**ء، رقم الحديث: **8920** ذكره ابوبكر البيهقي في "سننه الكبرى" طبع مكتبه دارالباز، مكه مكرمه، سعودي عرب **1414**ھ/**1994**ء، رقم الحديث: **14572** اخرجه سليمان الطبراني في "معجمه الصغير" طبع المكتب الاسلامي، دارعمار، بيروت، لبنان/عمان، **1405**ھ **1985**ء، رقم الحديث: **1064** اخرجه ابوالقاسم الطبراني في "معجمه الكبير" طبع مكتبه العلوم والحكم، موصل، **1404**ھ/**1983**ء، رقم الحديث: **323** اخرجه ابوعبدالله الشيباني في "مسنده" طبع موسسة الرسالة، بيروت، لبنان **1407**ھ/ **1986**ء، رقم الحديث: **308** اخرجه ابن راهويه الحنظلي في "مسنده" طبع مكتبه الايمان، مدينه منوره، طبع اول، **1412**ھ/**1991**ء، رقم الحديث: **736** اخرجه ابوبكر الحميدي في "مسنده" طبع المكتبه السلفي، بيروت، قاهره، رقم الحديث: **319**

Marfat.com

كتاب الْأداب
آداب کا بیان

النهي عن التكني بأبي الْقاسم وبيان ما يستحب من الأسماء
''ابوالقاسم'' کنیت رکھنے کی ممانعت اور کون سے نام رکھنا مستحب ہے

1380 ۔ حديث أَنَس رَضِيَ اللّٰهُ عَنْهُ،

قَالَ: دَعَا رَجُلٌ بِالْبَقِيعِ، يَا أَبَا الْقَاسِمِ فَالْتَفَتَ إِلَيْهِ النَّبِيُّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ فَقَالَ: لَمْ أَعْنِكَ قَالَ: سَمُّوا بِاسْمِي وَلَا تَكْتَنُوا بِكُنْيَتِي

✧✧ حضرت انس رضی اللہ عنہ بیان کرتے ہیں' ایک شخص نے بقیع میں آواز دی کہ اے ابوالقاسم! نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم اس کی طرف متوجہ ہوئے تو اس نے کہا: میں نے آپ کو نہیں بلایا تھا نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: میرے نام کے مطابق نام رکھو لیکن میری کنیت اختیار نہ کرو۔

أخرجه البخاري في: 34 كتاب البيوع: 49 باب ما ذكر في الأسواق

رقم الجزء: 1 رقم الصفحة: 671 (جہانگیری صحیح بخاری مطبوعہ شبیر برادرز، رقم الحدیث 2015)

1381 ۔ حديث جَابِرِ بْنِ عَبْدِ اللّٰهِ الْأَنْصَارِيِّ رَضِيَ اللّٰهُ عَنْهُمَا،

قَالَ: وُلِدَ لِرَجُلٍ مِنَّا غُلَامٌ، فَسَمَّاهُ الْقَاسِمَ فَقَالَتِ الْأَنْصَارُ: لَا نَكْنِيكَ أَبَا الْقَاسِمِ، وَلَا نُنْعِمُكَ عَيْنًا فَأَتَى النَّبِيَّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ، فَقَالَ: يَا رَسُولَ اللّٰهِ وُلِدَ لِي غُلَامٌ، فَسَمَّيْتُهُ الْقَاسِمَ، فَقَالَتِ الْأَنْصَارُ: لَا نَكْنِيكَ أَبَا الْقَاسِمِ، وَلَا نُنْعِمُكَ عَيْنًا فَقَالَ النَّبِيُّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: أَحْسَنَتِ الْأَنْصَارُ، سَمُّوا بِاسْمِي، وَلَا تَكَنَّوْا بِكُنْيَتِي، فَإِنَّمَا أَنَا قَاسِمٌ

✧✧ حضرت جابر بن عبداللہ رضی اللہ عنہ بیان کرتے ہیں' ہم میں سے ایک شخص کے ہاں بچہ ہوا۔ اس شخص نے اس کا نام ''قاسم'' رکھا تو انصار نے کہا: ہم تمہیں ''ابوالقاسم'' کی کنیت سے نہیں بلائیں گے اور تمہاری آنکھوں کو ٹھنڈا نہیں کریں گے وہ شخص نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کی خدمت میں حاضر ہوا اور عرض کی: یارسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم! میرے ہاں لڑکا ہوا ہے میں نے اس کا نام ''قاسم'' رکھا ہے تو انصار کہہ رہے ہیں: ہم تمہیں ''ابوالقاسم'' کی کنیت سے نہیں بلائیں گے اور تمہاری آنکھوں کو ٹھنڈا نہیں کریں گے۔

Marfat.com

نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: انصار نے ٹھیک کہا ہے تم میرے نام کے مطابق نام رکھ لو لیکن میری کنیت اختیار نہ کرو میں ''قاسم'' ہوں۔

أخرجه البخاري في: 57 كتاب فرض الخمس: 7 باب قول الله تعالى (فإن لله خمسه)

رقم الجزء: 1 رقم الصفحة: 671 (جہانگیری صحیح بخاری، مطبوعہ شبیر برادرز، رقم الحدیث:2947)

1382 ۔ حديث جَابِرٍ رَضِيَ اللّٰهُ عَنْهُ،

قَالَ: وُلِدَ لِرَجُلٍ مِنَّا غُلَامٌ، فَسَمَّاهُ الْقَاسِمَ، فَقُلْنَا: لَا نَكْنِيكَ أَبَا الْقَاسِمِ، وَلَا كَرَامَةَ فَأَخْبَرَ النَّبِيَّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ. فَقَالَ: سَمِّ ابْنَكَ عَبْدَ الرَّحْمٰنِ

✧✧ حضرت جابر رضی اللہ عنہ بیان کرتے ہیں: ایک شخص کے ہاں لڑکا ہوا اس نے اس کا نام ''قاسم'' رکھا۔ ہم نے اس سے کہا: ہم تمہاری کنیت ابوقاسم نہیں رکھیں گے اور تمہاری عزت افزائی نہیں کریں گے اس نے اس بارے میں نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کو بتایا تو انہوں نے فرمایا: تم اپنے بیٹے کا نام عبدالرحمٰن رکھو۔

أخرجه البخاري في: 78 كتاب الأدب: 105 باب أحب الأسماء إلى الله عز وجل

رقم الجزء: 1 رقم الصفحة: 672 (جہانگیری صحیح بخاری، مطبوعہ شبیر برادرز، رقم الحدیث:5832)

1383 ۔ حديث أَبِي هُرَيْرَةَ رَضِيَ اللّٰهُ عَنْهُ،

قَالَ: قَالَ أَبُو الْقَاسِمِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: سَمُّوا بِاسْمِي وَلَا تَكْتَنُوا بِكُنْيَتِي

✧✧ حضرت ابوہریرہ رضی اللہ عنہ بیان کرتے ہیں' حضرت ابوالقاسم صلی اللہ علیہ وسلم نے ارشاد فرمایا ہے: میرے نام کے مطابق نام رکھو لیکن میری کنیت اختیار نہ کرو۔

أخرجه البخاري في: 61 كتاب المناقب: 20 باب كنية النبي صلى الله عليه وسلم

رقم الجزء: 1 رقم الصفحة: 672 (جہانگیری صحیح بخاری، مطبوعہ شبیر برادرز، رقم الحدیث:3346)

•••———•••———•••

استحباب تغيير الاسم الْقبيح إلى حسن

وتغيير اسم برة إلى زينب وجويرية ونحوها

رقم الحديث: **1381**: اخرجه ابوعبدالله الشيباني في ''مسنده'' طبع موسسه قرطبه، قاہرہ، مصر، رقم الحديث: **14288** ذكره ابوبكر [illegible] في ''مسنده'' طبع مكتبه دار الباز، مكه مكرمه، سعودي عرب **1414**ھ/**1994**ء، رقم الحديث: **19104** اخرجه ابوداؤد [illegible] في ''مسنده'' طبع دار المعرفة، بيروت، لبنان، رقم الحديث:**1730** اخرجه ابويعلى الموصلي في ''مسنده'' طبع دار المامون للتراث، دمشق، شام، **1404**ھ/**1984**ء، رقم الحديث: **2016** اخرجه ابوعبدالله البخاري في ''الادب المفرد'' طبع دار البشائر الاسلاميه، بيروت، لبنان، **1409**ھ/**1989**ء، رقم الحديث: **842** اخرجه ابومحمد الكسي في ''مسنده'' طبع مكتبة السنة، قاہرہ، مصر، **1408**ھ/**1988**ء، [illegible] رقم الحديث: 1112

Marfat.com

برے نام کو تبدیل کر کے اچھا نام رکھنا مستحب ہے ''برہ'' نام کو تبدیل کر کے زینب یا جویریہ وغیرہ رکھنا

1384 ۔ حدیث أَبِي هُرَيْرَةَ رضِيَ اللّٰهُ عَنْهُ،

أَنَّ زَيْنَبَ كَانَ اسْمُهَا بَرَّةَ، فَقِيلَ تُزَكِّي نَفْسَهَا فَسَمَّاهَا رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ زَيْنَبَ

✧✧ حضرت ابوہریرہ رضی اللہ عنہ بیان کرتے ہیں کہ سیدہ زینب رضی اللہ عنہا کا نام ''برہ'' تھا تو کہا گیا تھا اپنے آپ کو نیک قرار دیتی ہیں تو نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے ان کا نام زینب رکھ دیا۔

أخرجه البخاري في: 78 كتاب الأدب: 108 باب تحويل الاسم إلى اسم أحسن منه

رقم الجزء: 1 رقم الصفحة: 672 (صہائی صحیح بخاری مطبوعہ شبیر برادرز رقم الحدیث 5839)

•••———•••———•••

تحريم التسمي بملك الأملاك وبملك الملوك

ملک الاملاک، ملک الملوک (شہنشاہ) نام رکھنا حرام ہے

1385 ۔ حديث أَبِي هُرَيْرَةَ رَضِيَ اللّٰهُ عَنْهُ،

قَالَ: قَالَ رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: أَخْنَعُ الْأَسْمَاءِ عِنْدَ اللّٰهِ رَجُلٌ تَسَمَّى بِمَلِكِ الْأَمْلَاكِ

✧✧ حضرت ابوہریرہ رضی اللہ عنہ بیان کرتے ہیں نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے ارشاد فرمایا ہے: قیامت کے دن اللہ تعالیٰ کے نزدیک سب سے ناپسندیدہ نام ''شہنشاہ'' ہوگا۔

أخرجه البخاري في: 78 كتاب الأدب: 114 باب أبغض الأسماء عند الله

رقم الجزء: 1 رقم الصفحة: 673 (صہائی صحیح بخاری مطبوعہ شبیر برادرز رقم الحدیث 5853)

•••———•••———•••

رقم الحديث1384

Marfat.com

استحباب تحنيك المولود عند ولادته وحمله إلى صالح يحنكه
وجواز تسميته يوم ولادته واستحباب التسمية بعبد الله
وإبراهيم وسائر أسماء الأنبياء عليهم السلام

نومولود بچے کو گھٹی دینا، مستحب ہے اور اسے اٹھا کر کسی نیک آدمی کے پاس لے جایا جائے
تا کہ وہ اسے گھٹی دے اور اس کا نام عبداللہ یا ابراہیم یا دیگر انبیاء کے نام پر رکھنا جائز ہے

1386 حديث أَنَسِ بْنِ مَالِكٍ رَضِيَ اللّٰهُ عَنْهُ

قَالَ: كَانَ ابْنٌ لِأَبِي طَلْحَةَ يَشْتَكِي، فَخَرَجَ أَبُوْ طَلْحَةَ، فَقُبِضَ الصَّبِيُّ فَلَمَّا رَجَعَ أَبُوْ طَلْحَةَ، قَالَ: مَا فَعَلَ ابْنِي قَالَتْ أُمُّ سُلَيْمٍ: هُوَ أَسْكَنُ مَا كَانَ فَقَرَّبَتْ إِلَيْهِ الْعَشَاءَ، فَتَعَشّٰى، ثُمَّ أَصَابَ مِنْهَا فَلَمَّا فَرَغَ، قَالَتْ: وَارِ الصَّبِيَّ فَلَمَّا أَصْبَحَ أَبُوْ طَلْحَةَ أَتٰى رَسُوْلَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ، فَأَخْبَرَهُ فَقَالَ: أَعْرَسْتُمُ اللَّيْلَةَ قَالَ: نَعَمْ قَالَ: اللّٰهُمَّ بَارِكْ لَهُمَا فَوَلَدَتْ غُلَامًا قَالَ لِيْ أَبُوْ طَلْحَةَ: احْفَظْهُ حَتّٰى تَأْتِيَ بِهِ النَّبِيَّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ فَأَتٰى بِهِ النَّبِيَّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ، وَأَرْسَلَتْ مَعَهُ بِتَمَرَاتٍ، فَأَخَذَهُ النَّبِيُّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ فَقَالَ: أَمَعَهُ شَيْءٌ قَالُوْا: نَعَمْ، تَمَرَاتٌ فَأَخَذَهَا النَّبِيُّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ، فَمَضَغَهَا، ثُمَّ أَخَذَ مِنْ فِيْهِ، فَجَعَلَهَا فِيْ فِي الصَّبِيِّ، وَحَنَّكَهُ بِهِ، وَسَمَّاهُ عَبْدَ اللّٰهِ

✧✧ حضرت انس بن مالک رضی اللہ عنہ بیان کرتے ہیں: حضرت ابوطلحہ رضی اللہ عنہ کا ایک بیٹا بیمار تھا۔ حضرت ابوطلحہ رضی اللہ عنہ کہیں گئے اسی دوران بچے کا انتقال ہو گیا۔ جب حضرت ابوطلحہ رضی اللہ عنہ واپس آئے تو انہوں نے دریافت کیا: میرے بیٹے کا کیا حال ہے، سیّدہ اُمّ سلیم رضی اللہ عنہا نے فرمایا: وہ پہلے کے مقابلے میں سکون کی حالت میں ہے۔ پھر سیّدہ اُمّ سلیم رضی اللہ عنہا نے ان کے آگے کھانا رکھا۔ انہوں نے کھانا کھایا اس کے بعد اپنی اہلیہ کے ساتھ صحبت کی جب وہ فارغ ہو گئے تو سیّدہ اُمّ سلیم رضی اللہ عنہا نے گھر والوں کو (ہدایت کی کہ) بچے کو دفن کر دو۔ اگلے دن حضرت ابوطلحہ رضی اللہ عنہ نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کی خدمت میں حاضر ہوئے اور آپ کو اس بارے میں بتایا۔ نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے دریافت کیا: کیا گزشتہ رات تم نے اپنی بیوی کے ساتھ صحبت کی تھی؟ انہوں نے جواب دیا: جی ہاں۔

نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے دعا کی: اے اللہ تعالیٰ! ان دونوں کو برکت عطا کر۔

تو سیّدہ اُمّ سلیم رضی اللہ عنہا کے ہاں بچہ پیدا ہوا۔ حضرت ابوطلحہ رضی اللہ عنہ نے مجھ سے فرمایا: اسے سنبھال کے نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کے پاس لے جاؤ۔ حضرت انس رضی اللہ عنہ اسے لے کر نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کے پاس آئے۔ سیّدہ اُمّ سلیم رضی اللہ عنہا نے حضرت انس رضی اللہ عنہ کو کچھ کھجوریں بھی دیں نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے اس بچے کو لیا اور دریافت کیا: کیا اس کے ساتھ کوئی اور چیز بھی ہے؟ حضرت انس نے کہا: جی ہاں! کھجوریں بھی ہیں۔ نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے کھجور لی اسے چبایا اور پھر اس کو اس بچے کے منہ میں ڈال دیا اور اسے گھٹی دی اور اس کا نام عبداللہ رکھا۔

أخرجه البخاري في: 71 كتاب العقيقة: 1 باب تسمية المولود غداة يولد لمن لم يعق عنه، وتحنيكه

Marfat.com

رقم الجزء: 1 رقم الصفحة: 673 (جہانگیری صحیح بخاری مطبوعہ شبیر برادرز، رقم الحدیث: 5153)

1387 ۔ حديث أَبِي مُوسى رَضِيَ اللّٰهُ عَنْهُ،

قَالَ: وُلِدَ لِي غُلَامٌ، فَأَتَيْتُ بِهِ النَّبِيَّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ، فَسَمَّاهُ إِبْرَاهِيمَ، فَحَنَّكَهُ بِتَمْرَةٍ وَدَعَا لَهُ بِالْبَرَكَةِ وَدَفَعَهُ إِلَيَّ وَكَانَ أَكْبَرَ وَلَدِ أَبِي مُوسَى

✧✧ حضرت ابوموسیٰ اشعری رضی اللہ عنہ بیان کرتے ہیں، میرے ہاں بیٹا ہوا میں اسے لے کر نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کی خدمت میں حاضر ہوا تو آپ نے اس کا نام "ابراہیم" رکھا اور کھجور کے ذریعے اسے گھٹی دی اور اس کے لیے برکت کی دعا کر کے اسے میرے سپرد کر دیا۔

(حضرت ابوبردہ رضی اللہ عنہ بیان کرتے ہیں:) یہ حضرت ابوموسیٰ رضی اللہ عنہ کے سب سے بڑے صاحبزادے تھے۔

أخرجه البخاري في: 71 كتاب العقيقة: 1 باب تسمية المولود غداة يولد لمن لم يعق عنه وتحنيكه

رقم الجزء: 1 رقم الصفحة: 674 (جہانگیری صحیح بخاری مطبوعہ شبیر برادرز، رقم الحدیث: 5150)

1388 ۔ حديث أَسْمَاءَ رَضِيَ اللّٰهُ عَنْهَا،

أَنَّهَا حَمَلَتْ بِعَبْدِ اللّٰهِ بْنِ الزُّبَيْرِ قَالَتْ: فَخَرَجْتُ وَأَنَا مُتِمٌّ فَأَتَيْتُ الْمَدِينَةَ، فَنَزَلْتُ بِقُبَاءٍ، فَوَلَدْتُهُ بِقُبَاءٍ ثُمَّ أَتَيْتُ بِهِ النَّبِيَّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ، فَوَضَعْتُهُ فِي حَجْرِهِ ثُمَّ دَعَا بِتَمْرَةٍ فَمَضَغَهَا، ثُمَّ تَفَلَ فِي فِيهِ فَكَانَ أَوَّلَ شَيْءٍ دَخَلَ جَوْفَهُ رِيقُ رَسُولِ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ ثُمَّ حَنَّكَهُ بِتَمْرَةٍ، ثُمَّ دَعَا لَهُ وَبَرَّكَ عَلَيْهِ، وَكَانَ أَوَّلَ مَوْلُودٍ وُلِدَ فِي الْإِسْلَامِ

✧✧ سیدہ اسماء رضی اللہ عنہا بیان کرتی ہیں، حضرت عبداللہ بن زبیر رضی اللہ عنہما ان کے پیٹ میں تھے، وہ بیان کرتی ہیں جب میں (ہجرت کے لیے) نکلی تو میں اپنی (حمل کی مدت) پوری کر چکی تھی میں مدینہ منورہ آ گئی وہاں میں نے قباء میں پڑاؤ کیا۔ میں نے عبداللہ بن زبیر رضی اللہ عنہما کو قباء میں جنم دیا پھر میں اسے لے کر نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کی خدمت میں حاضر ہوئی۔ میں نے اسے آپ کی گود میں رکھ دیا پھر نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے ایک کھجور منگوائی۔ آپ نے اسے چبایا اپنا لعاب مبارک عبداللہ کے منہ میں ڈال دیا۔ اس کے پیٹ میں جانے والی سب سے پہلی چیز نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کا لعاب مبارک تھا پھر نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے اس کھجور کے ذریعے اسے گھٹی دی پھر اس

رقم الحديث: 1387

أخرجه أبو الحسين مسلم النيسابوري في "صحيحه" طبع دار احياء التراث العربي بيروت لبنان رقم الحديث: 2145 أخرجه أبو عبد الله الشيباني في "مسنده" طبع مؤسسة قرطبة قاهره مصر رقم الحديث: 19588 ذكره أبو بكر البيهقي في "سننه الكبرى" طبع مكتبة دار الباز مكة مكرمة سعودي عرب 1414ھ / 1994ء رقم الحديث: 19088 أخرجه أبو يعلى الموصلي في "مسنده" طبع دار المأمون للتراث دمشق شام 1404ھ-1984ء رقم الحديث: 7315 أخرجه أبو عبد الله البخاري في "الأدب المفرد" طبع دار البشائر الإسلامية بيروت لبنان 1409ھ 1989ء رقم الحديث: 840 أخرجه أبو بكر الكوفي في "مصنفه" طبع مكتبة الرشد رياض سعودي عرب طبع في 1409ھ رقم الحديث: 23482

Marfat.com

کے لیے دعا کی اور برکت کی دعا کی' یہ اسلام میں پیدا ہونے والا سب سے پہلا بچہ تھا۔

أخرجه البخاري في: 63 كتاب مناقب الأنصار: 45 باب هجرة النبي صَلَّى اللهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ وأصحابه إلى المدينة

رقم الجزء: 7 رقم الصفحة: 674 (جہانگیری صحیح بخاری، مطبوعہ شبیر برادرز، رقم الحدیث:3697)

1389 ◦ حديث سَهْلِ بْنِ سَعْدٍ قَالَ: أُتِيَ بِالْمُنْذِرِ ابْنِ أَبِي أُسَيْدٍ إِلَى النَّبِيِّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ، حِينَ وُلِدَ، فَوَضَعَهُ عَلَى فَخِذِهِ، وَأَبُو أُسَيْدٍ جَالِسٌ؛ فَلَهَا النَّبِيُّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ بِشَيْءٍ بَيْنَ يَدَيْهِ، فَأَمَرَ أَبُو أُسَيْدٍ بِابْنِهِ فَاحْتُمِلَ مِنْ فَخِذِ النَّبِيِّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ، فَاسْتَفَاقَ النَّبِيُّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ، فَقَالَ: أَيْنَ الصَّبِيُّ فَقَالَ أَبُو أُسَيْدٍ: قَلَبْنَاهُ، يَا رَسُولَ اللّٰهِ قَالَ: مَا اسْمُهُ قَالَ: فُلَانٌ قَالَ: وَلٰكِنْ أَسْمِهِ الْمُنْذِرَ فَسَمَّاهُ يَوْمَئِذٍ الْمُنْذِرَ

☆☆ حضرت سہل رضی اللہ عنہ بیان کرتے ہیں: حضرت ابواسید رضی اللہ عنہ کے صاحبزادے منذر کو نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کی خدمت میں پیش کیا گیا جب ان کی پیدائش ہوئی تھی۔ نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے انہیں اپنے زانوں پر بٹھالیا۔ حضرت ابواسید رضی اللہ عنہ بھی وہاں بیٹھے ہوئے تھے۔ نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کی توجہ کسی دوسرے معاملے کی طرف ہوئی تو حضرت ابواسید رضی اللہ عنہ کے حکم کے تحت انہیں اٹھالیا گیا جب نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کی توجہ واپس ہوئی تو آپ نے بچے کو اپنے اردگرد نہ پایا۔ آپ نے دریافت کیا: بچہ کہاں ہے؟ حضرت ابواسید رضی اللہ عنہ نے عرض کی: ہم نے اسے واپس بھیج دیا ہے۔ نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے دریافت کیا: اس کا نام کیا ہے؟ انہوں نے جواب دیا: فلاں۔ نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: نہیں! تم اس کا نام ''منذر'' رکھو تو اس دن ان کا نام منذر رکھا گیا۔

أخرجه البخاري في: 78 كتاب الأدب: 108 باب تحويل الاسم إلى اسم أحسن منه

رقم الجزء: 7 رقم الصفحة: 675 (جہانگیری صحیح بخاری، مطبوعہ شبیر برادرز، رقم الحدیث:5838)

1390 ◦ حديث أَنَسٍ رَضِيَ اللّٰهُ عَنْهُ:

قَالَ: كَانَ النَّبِيُّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ، أَحْسَنَ النَّاسِ خُلُقًا وَكَانَ لِي أَخٌ يُقَالُ لَهُ أَبُو عُمَيْرٍ، وقال أحسبه فطيم وَكَانَ إِذَا جَاءَ قَالَ: يَا أَبَا عُمَيْرٍ، مَا فَعَلَ النُّغَيْرُ نُغَرٌ كَانَ يَلْعَبُ بِهِ

☆☆ حضرت انس رضی اللہ عنہ بیان کرتے ہیں: نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم سب سے اچھے اخلاق کے مالک تھے۔ میرا ایک بھائی تھا جسے ابوعمیر کہا جاتا تھا (راوی بیان کرتے ہیں: میرا یہ خیال ہے کہ حضرت انس رضی اللہ عنہ نے کہا تھا) اس کا دودھ چھڑایا گیا تھا۔ جب نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم تشریف لائے تو فرمایا: اے ابوعمیر! تمہاری چڑیا کا کیا حال ہے؟ وہ چڑیا کے ساتھ کھیلا کرتا تھا۔

رقم الحدیث1389

[illegible] الحجاج مسلم النیسابوری فی ''صحیحه'' طبع دار احیاء التراث العربی، بیروت، لبنان، رقم الحدیث: **2149** ذکره ابوبکر البیهقی فی [illegible] طبع مکتبه دار الباز، مکه مکرمه، سعودی عرب **1414**ھ/**1994**ء، رقم الحدیث: **19097** اخرجه ابوالقاسم الطبرانی فی معجمه [illegible] طبع مکتبه العلوم والحکم، موصل، **1404**ھ/**1983**ء، رقم الحدیث: **5793** اخرجه ابوعبدالله البخاری فی ''الادب المفرد'' طبع دار البشائر الاسلامیه، بیروت، لبنان، **1409**ھ/**1989**ء، رقم الحدیث: **816**

Marfat.com

أخرجه البخاري في: 78 كتاب الأدب: 112 باب الكنية للصبي قبل أن يولد للرجل

رقم الجزء: 1 رقم الصفحة: 675 (جہانگیری صحیح بخاری مطبوعہ شبیر برادرز، رقم الحدیث 5850)

•••———•••———•••

الاستئذان

اندر آنے کی اجازت مانگنا

1391 ۔ حديث أَبِي سَعِيْدِ الْخُدْرِيِّ رَضِيَ اللّٰهُ عَنْهُ

قَالَ: كُنْتُ فِي مَجْلِسٍ مِّنْ مَجَالِسِ الْأَنْصَارِ إِذْ جَاءَ أَبُوْ مُوْسٰى كَأَنَّهُ مَذْعُوْرٌ فَقَالَ: اسْتَأْذَنْتُ عَلٰى عُمَرَ ثَلَاثًا، فَلَمْ يُؤْذَنْ لِي، فَرَجَعْتُ فَقَالَ: مَا مَنَعَكَ قُلْتُ: اسْتَأْذَنْتُ ثَلَاثًا فَلَمْ يُؤْذَنْ لِي. فَرَجَعْتُ وَقَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: إِذَا اسْتَأْذَنَ أَحَدُكُمْ ثَلَاثًا، فَلَمْ يُؤْذَنْ لَّهُ فَلْيَرْجِعْ فَقَالَ: وَاللّٰهِ لَتُقِيْمَنَّ عَلَيْهِ بِبَيِّنَةٍ أَمِنْكُمْ أَحَدٌ سَمِعَهُ مِنَ النَّبِيِّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ فَقَالَ أُبَيُّ بْنُ كَعْبٍ: وَاللّٰهِ لَا يَقُوْمُ مَعَكَ إِلَّا أَصْغَرُ الْقَوْمِ. فَكُنْتُ أَصْغَرَ الْقَوْمِ، فَقُمْتُ مَعَهُ فَأَخْبَرْتُ عُمَرَ أَنَّ النَّبِيَّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَالَ ذٰلِكَ

☆☆ حضرت ابوسعید خدری رضی اللہ عنہ بیان کرتے ہیں: میں انصار کی ایک محفل میں موجود تھا حضرت ابوموسیٰ رضی اللہ عنہ تشریف لائے وہ گھبرائے ہوئے تھے انہوں نے فرمایا: میں نے حضرت عمر رضی اللہ عنہ کے گھر کے اندر داخل ہونے کے لئے تین مرتبہ اجازت مانگی تو مجھے اجازت نہیں ملی میں واپس آ گیا۔ بعد میں انہوں نے دریافت کیا: تم آئے کیوں نہیں۔ میں نے کہا: میں نے تین مرتبہ اجازت مانگی تھی جب مجھے اجازت نہیں ملی تو میں واپس چلا گیا۔ (کیونکہ) نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے ارشاد فرمایا ہے: جب کوئی شخص تین مرتبہ اجازت مانگے اور اگر اجازت نہ ملے تو وہ شخص واپس چلا جائے۔

حضرت عمر رضی اللہ عنہ نے فرمایا: اللہ کی قسم! تو تم اس کا ثبوت پیش کرو گے۔

آپ لوگوں میں سے کسی ایک نے نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کو یہ فرمان ارشاد فرماتے ہوئے سنا ہے؟ حضرت ابی بن کعب بولے: اللہ کی قسم! آپ کے ساتھ اٹھ کر وہ شخص جائے گا جو حاضرین میں سب سے کم سن ہے۔

حضرت ابوسعید خدری رضی اللہ عنہ بیان کرتے ہیں: میں حاضرین میں سب سے کم سن تھا۔ میں ان کے ساتھ اٹھ کر گیا میں نے حضرت عمر رضی اللہ عنہ کو بتایا: نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے یہ بات ارشاد فرمائی ہے۔

أخرجه البخاري في: 79 كتاب الاستئذان: 13 باب التسليم والاستئذان ثلاثا

رقم الجزء: 1 رقم الصفحة: 676 (جہانگیری صحیح بخاری مطبوعہ شبیر برادرز، رقم الحدیث 5891)

•••———•••———•••

Marfat.com

كراهة قول المستأذن أنا إذا قيل من هذا

اجازت مانگنے والے کا ''میں'' کہنا مکروہ ہے جب اس سے یہ پوچھا جائے ''کون ہے''

1392 حديث جَابِرٍ رَضِيَ اللّٰهُ عَنْهُ،

قَالَ: أَتَيْتُ النَّبِيَّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ فِي دَيْنٍ كَانَ عَلٰى أَبِي فَدَقَقْتُ الْبَابَ فَقَالَ: مَنْ ذَا فَقُلْتُ: أَنَا فَقَالَ: أَنَا، أَنَا كَأَنَّهُ كَرِهَهَا

✧✧ حضرت جابر بن عبداللہ رضی اللہ عنہما بیان کرتے ہیں: میں نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کی خدمت میں اس قرض کی وجہ سے حاضر ہوا جو میرے والد کے ذمے تھا۔ میں نے دروازہ کھٹکھٹایا آپ نے دریافت کیا: کون ہے؟ میں نے عرض کی: میں ہوں۔ آپ نے فرمایا: میں ہوں میں ہوں گویا آپ نے اس بات کو ناپسند کیا۔

أخرجه البخاري في: 79 كتاب الاستئذان: 17 باب إذا قال من ذا فقال أنا

رقم الجزء: 1 رقم الصفحة: 677 (جہانگیری صحیح بخاری، مطبوعہ شبیر برادرز، رقم الحدیث:5896)

•••———•••———•••

تحريم النظر فِيْ بيت غيره

دوسرے کے گھر میں جھانکنا حرام ہے

1393 حديث سَهْلِ بْنِ سَعْدٍ السَّاعِدِيِّ، أَنَّ رَجُلاً اطَّلَعَ فِيْ جُحْرٍ فِيْ بَابِ رَسُوْلِ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ، وَمَعَ رَسُوْلِ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ مِدْرًى يَحُكُّ بِهٖ رَأْسَهٗ فَلَمَّا رَاٰهُ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ، قَالَ: لَوْ أَعْلَمُ أَنْ تَنْتَظِرَنِيْ لَطَعَنْتُ بِهٖ فِيْ عَيْنَيْكَ قَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ إِنَّمَا جُعِلَ الْإِذْنُ مِنْ قِبَلِ الْبَصَرِ

✧✧ حضرت سہل بن سعد ساعدی رضی اللہ عنہ بیان کرتے ہیں: ایک شخص نے دروازے کے ذریعے نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کے حجرے میں جھانکا۔ نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کے پاس اس وقت ایک کنگھی تھی جس کے ذریعے آپ سر کھجا رہے تھے۔ جب نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے اسے دیکھا تو فرمایا: اگر مجھے پتہ چل جاتا تو میں اسے تمہاری آنکھ میں چبھو دیتا۔ نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: اجازت لینے کا حکم اس لیے دیا گیا ہے تاکہ گھر والوں پر نگاہ نہ پڑے۔

أخرجه البخاري في 87 كتاب الديات: 23 باب من اطلع في بيت قوم ففقؤا عينه فلا دية له

رقم الجزء: 1 رقم الصفحة: 677 (جہانگیری صحیح بخاری، مطبوعہ شبیر برادرز، رقم الحدیث:6505)

1394 حديث أَنَسِ بْنِ مَالِكٍ رَضِيَ اللّٰهُ عَنْهُ،

أَنَّ رَجُلاً اطَّلَعَ مِنْ بَعْضِ حُجَرِ النَّبِيِّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ، فَقَامَ إِلَيْهِ النَّبِيُّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ،

Marfat.com

بِمِشْقَصٍ، أَوْ بِمَشَاقِصَ، فَكَأَنِّي أَنْظُرُ إِلَيْهِ يَخْتِلُ الرَّجُلَ لِيَطْعُنَهُ

✧✧ حضرت انس بن مالک رضی اللہ عنہ بیان کرتے ہیں: ایک شخص نے نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کے حجرے میں جھانکا۔ نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم اٹھ کر اس کی طرف بڑھے۔ آپ کے ہاتھ میں (تیر) کا پھل تھا۔ وہ منظر آج بھی میری نگاہ میں ہے یوں محسوس ہوا تھا کہ جیسے اب آپ اسے اس کی آنکھ میں چبھو دیں گے۔

أخرجه البخاري في: 79 كتاب الاستئذان: 11 باب الاستئذان من أجل البصر

رقم الجزء: 1 رقم الصفحة: 677 (جہانگیری صحیح بخاری مطبوعہ شبیر برادرز، رقم الحدیث: 5888)

1395 حديث أَبِي هُرَيْرَةَ رَضِيَ اللَّهُ عَنْهُ،

أَنَّهُ سَمِعَ رَسُولَ اللَّهِ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ، يَقُولُ: لَوِ اطَّلَعَ فِي بَيْتِكَ أَحَدٌ وَلَمْ تَأْذَنْ لَهُ، خَذَفْتَهُ بِحَصَاةٍ فَفَقَأْتَ عَيْنَهُ، مَا كَانَ عَلَيْكَ مِنْ جُنَاحٍ

✧✧ حضرت ابو ہریرہ رضی اللہ عنہ بیان کرتے ہیں: انہوں نے نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کو یہ ارشاد فرماتے ہوئے سنا ہے: ہم دنیا میں بعد میں آنے والے ہیں اور قیامت کے دن پہلے ہوں گے۔ اسی سند کے ہمراہ یہ روایت بھی منقول ہے، اگر کوئی شخص ہمارے گھر میں جھانکے اور وہ تم سے اجازت نہ لے تو تم اس کی آنکھوں میں کنکریاں مارو جس کے نتیجے میں اس کی آنکھ پھوڑ دو تو تم پر کوئی گناہ نہیں ہوگا۔

أخرجه البخاري في: 87 كتاب الديات: 15 باب من أخذ حقه أو اقتص دون السلطان

رقم الجزء: 1 رقم الصفحة: 677 (جہانگیری صحیح بخاری مطبوعہ شبیر برادرز، رقم الحدیث: 6493)

•••———•••———•••

رقم الحديث 1395

اخرجه ابوالحسين مسلم النيسابوري في "صحيحه" طبع دار احياء التراث العربي، بيروت، لبنان، رقم الحديث: **2158** اخرجه ابوعبدالرحمن النسائي في "سننه" طبع مكتب المطبوعات الاسلاميه، حلب، شام، **1406**ھ، **1986**ء، رقم الحديث: **4861** اخرجه ابوحاتم البستي في "صحيحه" طبع موسسه الرساله، بيروت، لبنان، **1414**ھ/**1993**ء، رقم الحديث: **6003** اخرجه ابوبكر الحميدي في "مسنده" طبع دارالكتب العلميه، مكتبه المتنبي، بيروت، قاهره، رقم الحديث: **1078** اخرجه ابوعبدالرحمن النسائي في "سننه" طبع مكتب المصنوعات الاسلاميه، حلب، شام، **1406**ھ، **1986**ء، رقم الحديث: **7066** ذكره ابوبكر البيهقي في "سننه الكبرى" طبع مكتبه دارالباز، مكه مكرمه، سعودي عرب **1414**ھ/**1994**ء، رقم الحديث: **17433**

Marfat.com

كتاب السلام

سلام کا بیان

•••———•••———•••

يسلم الراكب على الماشي والقليل على الكثير

سوار شخص پیدل شخص کو، تھوڑے لوگ زیادہ لوگوں کو سلام کریں گے

1396 حديث أَبِي هُرَيْرَةَ رَضِيَ اللّٰهُ عَنْهُ،

قَالَ: قَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: يُسَلِّمُ الرَّاكِبُ عَلَى الْمَاشِيْ، وَالْمَاشِي عَلَى الْقَاعِدِ، وَالْقَلِيْلُ عَلَى الْكَثِيْرِ

✧✧ حضرت ابوہریرہ رضی اللہ عنہ بیان کرتے ہیں، نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے ارشاد فرمایا ہے: سوار شخص پیدل کو سلام کرے اور پیدل شخص بیٹھے ہوئے کو سلام کرے اور تھوڑے لوگ زیادہ لوگوں کو سلام کریں۔

أخرجه البخاري في: 79 كتاب الاستئذان: 5 باب تسليم الراكب على الماشي

رقم الجزء: 1 رقم الصفحة: 678 (جہانگیری صحیح بخاری، مطبوعہ شبیر برادرز، رقم الحدیث:5878)

•••———•••———•••

من حق المسلم للمسلم رد السلام

ایک مسلمان کا دوسرے مسلمان پر یہ حق ہے کہ وہ اسے سلام کا جواب دے

1397 حديث أَبِي هُرَيْرَةَ رَضِيَ اللّٰهُ عَنْهُ،

رقم الحديث: **1397**: اخرجه ابو الحسين مسلم النيسابوري في "صحيحه" طبع دار احياء التراث العربي، بيروت، لبنان، رقم الحديث **2162** اخرجه ابوداؤد السجستاني في "سننه" طبع دار الفكر، بيروت، لبنان، رقم الحديث:**5030** اخرجه ابو عيسى الترمذي في "جامعه" طبع دار احياء التراث العربي، بيروت، لبنان، رقم الحديث: **2736** اخرجه ابو عبدالله القزويني في "سننه" طبع دار الفكر، بيروت، لبنان، رقم الحديث:**1435** اخرجه ابوعبدالله الشيباني في "مسنده" طبع موسسه قرطبه، قاهره، مصر، رقم الحديث: **8378** اخرجه ابوحاتم البستي في "صحيحه" طبع موسسه الرساله، بيروت، لبنان، **1414**ھ/**1993**ء، رقم الحديث:**241** اخرجه ابوعبدالرحمن النسائي في "سننه" طبع مكتب المطبوعات الاسلاميه، حلب، شام، **1406**ھ، **1986**ء، رقم الحديث:**10049** ذكره ابوبكر البيهقي في "سننه"

Marfat.com

قَالَ: سَمِعْتُ رَسُوْلَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ، يَقُوْلُ: حَقُّ الْمُسْلِمِ عَلَى الْمُسْلِمِ خَمْسٌ: رَدُّ السَّلَامِ، وَعِيَادَةُ الْمَرِيضِ، وَاتِّبَاعُ الْجَنَائِزِ، وَإِجَابَةُ الدَّعْوَةِ، وَتَشْمِيتُ الْعَاطِسِ

✧✧ حضرت ابوہریرہ رضی اللہ عنہ بیان کرتے ہیں: میں نے نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کو یہ بات ارشاد فرماتے ہوئے سنا ہے: ایک مسلمان کے دوسرے مسلمان پر پانچ حقوق ہیں۔ سلام کا جواب دینا، بیمار کی عیادت کرنا، جنازے کے پیچھے جانا، دعوت قبول کرنا اور چھینکنے والے کو جواب دینا۔

أخرجه البخاري في: 23 كتاب الجنائز: 2 باب الأمر باتباع الجنائز

رقم الجزء: 1 رقم الصفحة: 678 (صہائی کبری صحیح بخاری مطبوعہ شبیر برادرز، رقم الحدیث: 1183)

•••———•••———•••

النهي عن ابتداء أهل الكتاب بالسلام وكيف يرد عليهم

اہل کتاب کو سلام کرنے میں پہل کی ممانعت ہے نیز انہیں جواب کیسے دیا جائے

1398 حديث أَنَسِ بْنِ مَالِكٍ رَضِيَ اللّٰهُ عَنْهُ،

قَالَ: قَالَ النَّبِيُّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: إِذَا سَلَّمَ عَلَيْكُمْ أَهْلُ الْكِتَابِ، فَقُوْلُوْا: وَعَلَيْكُمْ

✧✧ حضرت انس بن مالک رضی اللہ عنہ بیان کرتے ہیں: نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے ارشاد فرمایا ہے: جب اہل کتاب تمہیں سلام کریں تو تم جواب میں انہیں "وعلیکم" کہو۔

أخرجه البخاري في: 79 كتاب الاستئذان: 22 باب كيف يرد على أهل الذمة السلام

رقم الجزء: 1 رقم الصفحة: 678 (صہائی کبری صحیح بخاری مطبوعہ شبیر برادرز، رقم الحدیث: 5903)

1399 حديث عَبْدِ اللّٰهِ بْنِ عُمَرَ رَضِيَ اللّٰهُ عَنْهُمَا،

أَنَّ رَسُوْلَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ، قَالَ: إِذَا سَلَّمَ عَلَيْكُمُ الْيَهُوْدُ فَإِنَّمَا يَقُوْلُ أَحَدُهُمْ: السَّامُ عَلَيْكَ فَقُلْ: وَعَلَيْكَ

✧✧ حضرت عبداللہ بن عمر رضی اللہ عنہما بیان کرتے ہیں: نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے ارشاد فرمایا ہے: جب یہودی سلام کرتے ہیں تو یہ

بقیہ حاشیہ رقم الحدیث: **1397** الکبری طبع مکتبہ دار الباز، مکہ مکرمہ، سعودی عرب 1414ھ 1994ء، رقم الحدیث: 6408 اخرجہ ابوداؤد الطیالسی فی "مسندہ" طبع دار المعرفۃ، بیروت، لبنان، رقم الحدیث: **2299** اخرجہ ابو عبداللہ البخاری فی "الادب المفرد" طبع دار البشائر الاسلامیہ، بیروت، لبنان، 1409ھ / 1989ء، رقم الحدیث: 991

رقم الحدیث **1398**: اخرجہ ابوالحسین مسلم النیسابوری فی "صحیحہ" طبع دار احیاء التراث العربی، بیروت، لبنان، رقم الحدیث: 2163 اخرجہ ابو عبداللہ القزوینی فی "سننہ" طبع دار الفکر، بیروت، لبنان، رقم الحدیث: **3697** اخرجہ ابو عبداللہ الشیبانی فی "مسندہ" طبع مؤسسۃ قرطبۃ، قاہرہ، مصر، رقم الحدیث: **13234** اخرجہ ابو یعلی الموصلی فی "مسندہ" طبع دار المامون للتراث، دمشق، شام، 1404ھ-1984ء، رقم الحدیث: 2916

Marfat.com

کہتے ہیں ''السام علیکم'' (یعنی تمہیں موت آئے) تو تم جوابدو! وعلیک (یعنی تمہیں بھی آئے)

أخرجه البخاري في: 79 كتاب الاستئذان: 22 باب كيف يُرَدّ على أهل الذمة السلام

رقم الجزء: 1 رقم الصفحة: 679 (جہانگیری صحیح بخاری، مطبوعہ شبیر برادرز، رقم الحدیث:5902)

1400 حديث عَائِشَةَ رَضِيَ اللّٰهُ عَنْهَا ،

قَالَتْ: دَخَلَ رَهْطٌ مِّنَ الْيَهُوْدِ عَلٰى رَسُوْلِ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ فَقَالُوْا: السَّامُ عَلَيْكَ فَفَهِمْتُهَا، فَقُلْتُ: عَلَيْكُمُ السَّامُ وَاللَّعْنَةُ فَقَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: مَهْلاً، يَا عَائِشَةُ فَإِنَّ اللّٰهَ يُحِبُّ الرِّفْقَ فِي الْأَمْرِ كُلِّهِ فَقُلْتُ: يَا رَسُوْلَ اللّٰهِ أَوَ لَمْ تَسْمَعْ مَا قَالوا قَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: فَقَدْ قُلْتُ: وَعَلَيْكُمْ

✧✧ سیّدہ عائشہ صدیقہ رضی اللہ عنہا بیان کرتی ہیں: کچھ یہودی نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کی خدمت میں حاضر ہوئے اور انہوں نے کہا: ''السام علیک'' (یعنی آپ کو موت آئے) سیّدہ عائشہ رضی اللہ عنہا بیان کرتی ہیں: میں یہ بات سمجھ گئی میں نے کہا: ''علیک السام واللعنۃ'' (یعنی تمہیں بھی موت آئے اور تم پر لعنت بھی ہو)۔ نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: عائشہ آرام سے! اللہ تعالیٰ ہر معاملے میں نرمی کو پسند کرتا ہے۔ میں نے عرض کی: یارسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم! کیا آپ نے سنا نہیں کہ انہوں نے کیا کہا ہے؟ نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے جواب دیا: میں نے بھی ان کو وعلیکم (یعنی تمہیں بھی موت آئے) کہہ دیا ہے۔

أخرجه البخاري في: 79 كتاب الاستئذان: 22 باب كيف يُرَدّ على أهل الذمة السلام

رقم الجزء: 1 رقم الصفحة: 679 (جہانگیری صحیح بخاری، مطبوعہ شبیر برادرز، رقم الحدیث:5901)

•••————•••————•••

استحباب السلام على الصبيان

بچوں کو سلام کرنا مستحب ہے

1401 حديث أَنَسِ بْنِ مَالِكٍ رَضِيَ اللّٰهُ عَنْهُ،

أَنَّهُ مَرَّ عَلٰى صِبْيَانٍ، فَسَلَّمَ عَلَيْهِمْ وَقَالَ: كَانَ النَّبِيُّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ، يَفْعَلُهُ

✧✧ حضرت انس بن مالک رضی اللہ عنہ کچھ بچوں کے پاس سے گزرے تو انہوں نے ان کو سلام کیا' انہوں نے بتایا: نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم بھی ایسا کیا کرتے تھے۔

أخرجه البخاري في: 79 كتاب الاستئذان: 15 باب التسليم على الصبيان

رقم الجزء: 1 رقم الصفحة: 679 (جہانگیری صحیح بخاری، مطبوعہ شبیر برادرز، رقم الحدیث:5893)

•••————•••————•••

Marfat.com

إباحة الخروج للنساء لقضاء حاجة الإنسان
خواتین کا قضائے حاجت کیلئے گھر سے باہر نکلنا جائز ہے

1402 ۔ حديث عَائِشَةَ رَضِيَ اللّٰهُ عَنْهَا،

قَالَتْ: خَرَجَتْ سَوْدَةُ بَعْدَمَا ضُرِبَ الْحِجَابُ، لِحَاجَتِهَا: وَكَانَتِ امْرَأَةً جَسِيمَةً لَا تَخْفَى عَلَى مَنْ يَعْرِفُهَا: فَرَاهَا عُمَرُ بْنُ الْخَطَّابِ، فَقَالَ: يَا سَوْدَةُ أَمَا وَاللّٰهِ مَا تَخْفَيْنَ عَلَيْنَا، فَانْظُرِي كَيْفَ تَخْرُجِينَ قَالَتْ: فَانْكَفَأَتْ رَاجِعَةً وَرَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ، فِي بَيْتِي، وَإِنَّهُ لَيَتَعَشَّى، وَفِي يَدِهِ عَرْقٌ فَدَخَلَتْ، فَقَالَتْ يَا رَسُولَ اللّٰهِ إِنِّي خَرَجْتُ لِبَعْضِ حَاجَتِي، فَقَالَ لِي عُمَرُ كَذَا وَكَذَا قَالَتْ: فَأَوْحَى اللّٰهُ إِلَيْهِ ثُمَّ رُفِعَ عَنْهُ وَإِنَّ الْعَرْقَ فِي يَدِهِ، مَا وَضَعَهُ فَقَالَ: إِنَّهُ قَدْ أُذِنَ لَكُنَّ أَنْ تَخْرُجْنَ لِحَاجَتِكُنَّ

✧✧ سیدہ عائشہ صدیقہ رضی اللہ عنہا بیان کرتی ہیں: جب حجاب کا حکم نازل ہو گیا تو سیدہ سودہ رضی اللہ عنہا قضائے حاجت کے لئے باہر نکلیں وہ بھاری بھرکم خاتون تھیں جو شخص انہیں پہچانتا تھا وہ انہیں فوراً پہچان سکتا تھا حضرت عمر بن خطاب رضی اللہ عنہ نے انہیں دیکھا اور کہا اے سودہ! اللہ کی قسم! آپ ہم سے پوشیدہ نہیں رہ سکی ہیں دیکھیں آپ کیسے باہر نکلی ہیں؟ سیدہ عائشہ صدیقہ رضی اللہ عنہا بیان کرتی ہیں وہ الٹے پاؤں واپس آئیں۔ نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم میرے گھر میں موجود تھے آپ کھانا کھا رہے تھے آپ کے ہاتھ میں گوشت والی ہڈی موجود تھی وہ اندر داخل ہوئیں اور عرض کی یا رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم میں قضائے حاجت کے لئے باہر نکلی تھی عمر نے مجھ سے یہ یہ بات کہی ہے۔

سیدہ عائشہ صدیقہ رضی اللہ عنہا بیان کرتی ہیں نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کی طرف اللہ تعالیٰ نے وحی نازل کی جب آپ کی یہ کیفیت ختم ہوئی تو گوشت والی ہڈی آپ کے ہاتھ میں موجود تھی آپ صلی اللہ علیہ وسلم نے اسے رکھا نہیں تھا آپ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: تم خواتین کو یہ اجازت دی گئی ہے کہ تم قضائے حاجت کے لئے گھر سے باہر نکل سکتی ہو۔

أخرجه البخاري في 65 كتاب التفسير: 13 سورة الأحزاب: 8 باب قوله لا تدخلوا بيوت النبي
رقم الجزء: 1 رقم الصفحة: 680 (جہانگیری صحیح بخاری مطبوعہ شبیر برادرز رقم الحدیث 4517)

•••———•••———•••

تحريم الخلوة بالأجنبية والدخول عليها
اجنبی عورت کے ساتھ تنہائی میں رہنا یا اس کے پاس جانا حرام ہے

1403 ۔ حديث عُقْبَةَ بْنِ عَامِرٍ رَضِيَ اللّٰهُ عَنْهُ،

أَنَّ رَسُولَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ. قَالَ: إِيَّاكُمْ وَالدُّخُولَ عَلَى النِّسَاءِ فَقَالَ رَجُلٌ مِنَ الْأَنْصَارِ. يَا رَسُولَ اللّٰهِ أَفَرَأَيْتَ الْحَمْوَ قَالَ: الْحَمْوُ الْمَوْتُ

✧✧ حضرت عقبہ بن عامر رضی اللہ عنہ بیان کرتے ہیں نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے ارشاد فرمایا ہے عورتوں کے پاس (تنہائی میں) جانے

Marfat.com

سے بچو۔ایک انصاری نے عرض کی: یارسول اللہ ﷺ! دیور کے بارے میں آپ کا کیا خیال ہے آپ نے فرمایا: دیور موت ہے۔

أخرجه البخاري في: 67 كتاب النكاح: 111 باب لا يخلون رجل بامرأة إلا ذو محرم والدخول على المغيبة

رقم الجزء: 1 رقم الصفحة: 680 (جہانگیری صحیح بخاری، مطبوعہ شبیر برادرز، رقم الحدیث:4934)

•••———•••———•••

بيان أنه يستحب لمن رُؤيَ خاليًا بامرأة وكانت زوجة أو محرمًا له أن يقول هذه فلانة ليدفع ظن السوء به

اس بات کا بیان کہ یہ بات مستحب ہے کہ جب کوئی شخص کسی عورت کے ساتھ تنہا ہو اور وہ عورت اس کی بیوی ہو یا کوئی محرم عزیزہ ہو تو یہ وضاحت کر دے کہ یہ فلاں خاتون ہے تا کہ اس کے بارے میں بدگمانی ختم ہو جائے

1404 حديث صَفِيَّةَ رَضِيَ اللّٰهُ عَنْهَا، زَوْجِ النَّبِيِّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ،

أَنَّهَا جَاءَتْ رَسُوْلَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ، تَزُورُهُ فِي اعْتِكَافِهِ، فِي الْمَسْجِدِ، فِي الْعَشْرِ الْأَوَاخِرِ مِنْ رَمَضَانَ فَتَحَدَّثَتْ عِنْدَهُ سَاعَةً، ثُمَّ قَامَتْ تَنْقَلِبُ فَقَامَ النَّبِيُّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ مَعَهَا يَقْلِبُهَا، حَتّٰى إِذَا بَلَغَتْ بَابَ الْمَسْجِدِ، عِنْدَ بَابِ أُمِّ سَلَمَةَ، مَرَّ رَجُلَانِ مِنَ الْأَنْصَارِ فَسَلَّمَا عَلٰى رَسُوْلِ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ، فَقَالَ لَهُمَا النَّبِيُّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: عَلٰى رِسْلِكُمَا، إِنَّمَا هِيَ صَفِيَّةُ بِنْتُ حُيَيٍّ فَقَالَا: سُبْحَانَ اللّٰهِ، يَا رَسُوْلَ اللّٰهِ وَكَبُرَ عَلَيْهِمَا فَقَالَ النَّبِيُّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: إِنَّ الشَّيْطَانَ يَبْلُغُ مِنَ الْإِنْسَانِ مَبْلَغَ الدَّمِ، وَإِنِّي خَشِيْتُ أَنْ يَقْذِفَ فِي قُلُوبِكُمَا شَيْئًا

✧✧ (امام زین العابدین رضی اللہ عنہ بیان کرتے ہیں:) سیّدہ صفیہ رضی اللہ عنہا بیان کرتی ہیں' وہ نبی اکرم ﷺ کی زیارت کے لیے آئیں جب نبی اکرم ﷺ نے رمضان کے آخری عشرے میں اعتکاف کیا ہوا تھا۔انہوں نے نبی اکرم ﷺ کے ساتھ تھوڑی بات چیت کی پھر وہ واپس جانے کے لیے کھڑی ہوئیں تو نبی اکرم ﷺ بھی ان کے ساتھ کھڑے ہوئے تا کہ انہیں واپس پہنچا دیں۔ جب وہ مسجد کے دروازے تک پہنچیں' جو سیّدہ ام سلمہ رضی اللہ عنہا کے حجرے کے دروازے پاس تھا' تو انصار کے دو افراد پاس سے گزرے اور دونوں نے نبی اکرم ﷺ کو سلام کیا نبی اکرم ﷺ نے ان دونوں سے فرمایا: ٹھہر جاؤ! یہ صفیہ بنت حیی ہیں' ان دونوں نے عرض کی' سبحان اللہ! یارسول اللہ ﷺ! یہ بات ان دونوں کے لیے پریشانی کا باعث بنی۔ نبی اکرم ﷺ نے ارشاد فرمایا: شیطان انسان کی رگوں میں خون کی طرح دوڑتا ہے۔ مجھے یہ اندیشہ تھا کہ وہ تمہارے دلوں میں بدگمانی نہ ڈال دے۔

أخرجه البخاري في: 33 كتاب الاعتكاف: 8 باب هل يخرج المعتكف لحوائجه إلى باب المسجد

رقم الجزء: 1 رقم الصفحة: 681 (جہانگیری صحیح بخاری، مطبوعہ شبیر برادرز، رقم الحدیث:1930)

Marfat.com

من أتى مجلسًا فوجد فرجة فجلس فيها ، وإلا وراء هم

جو شخص کسی محفل میں آئے اور وہاں کشادگی دیکھے تو وہاں بیٹھ جائے ورنہ لوگوں سے پیچھے بیٹھے

1405 ۔ حديث أَبِي وَاقِدٍ اللَّيْثِيِّ،

أَنَّ رَسُولَ اللَّهِ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ، بَيْنَمَا هُوَ جَالِسٌ فِي الْمَسْجِدِ، وَالنَّاسُ مَعَهُ، إِذْ أَقْبَلَ ثَلاَثَةُ نَفَرٍ، فَأَقْبَلَ اثْنَانِ إِلَى رَسُولِ اللَّهِ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ، وَذَهَبَ وَاحِدٌ قَالَ: فَوَقَفَا عَلَى رَسُولِ اللَّهِ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ فَأَمَّا أَحَدُهُمَا فَرَأَى فُرْجَةً فِي الْحَلْقَةِ، فَجَلَسَ فِيهَا وَأَمَّا الآخَرُ فَجَلَسَ خَلْفَهُمْ وَأَمَّا الثَّالِثُ فَأَدْبَرَ ذَاهِبًا فَلَمَّا فَرَغَ رَسُولُ اللَّهِ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ، قَالَ: أَلاَ أُخْبِرُكُمْ عَنِ النَّفَرِ الثَّلاَثَةِ أَمَّا أَحَدُهُمْ فَأَوَى إِلَى اللَّهِ فَآوَاهُ اللَّهُ، وَأَمَّا الآخَرُ فَاسْتَحْيَا فَاسْتَحْيَا اللَّهُ مِنْهُ، وَأَمَّا الآخَرُ فَأَعْرَضَ فَأَعْرَضَ اللَّهُ عَنْهُ

‹› ‹› حضرت ابو واقد لیثی رضی اللہ عنہ روایت کرتے ہیں ایک مرتبہ نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم مسجد میں تشریف فرما تھے اور صحابہ رضی اللہ عنہم آپ صلی اللہ علیہ وسلم کے ہمراہ موجود تھے اسی دوران تین اشخاص آئے جن میں سے دو نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کی خدمت میں آ گئے جبکہ ایک شخص واپس چلا گیا۔ ایک شخص نے جگہ کشادہ دیکھی تو وہاں بیٹھ گیا دوسرا حلقہ کے پیچھے بیٹھا اور تیسرا واپس چلا گیا۔ اس شخص سے اجتماع سے فارغ ہونے پر نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے ارشاد فرمایا میں تمہیں ان تینوں کے بارے میں نہ بتاؤں؟ ایک شخص اللہ تعالیٰ کی پناہ میں آیا تو اللہ تعالیٰ نے اسے پناہ دی دوسرا شخص شرما گیا تو اللہ تعالیٰ نے اسے اس کے حال پہ چھوڑ دیا اور تیسرا شخص منہ پھیر کر چلا گیا تو اللہ تعالیٰ نے (اپنی رحمت کو) اس سے پھیر لیا۔

أخرجه البخاري في: 3 كتاب العلم: 8 باب من قعد حيث ينتهي به المجلس

رقم الجزء: 1 رقم الصفحة: 682 (عرفانیہ صحیح بخاری مجموعہ شروح پر نمبر شمار رقم حدیث 66)

•••———•••———•••

رقم الحدیث: 1406

اخرجه ابن الجارود في "صحيحه" طبع دار الجيل بيروت بتحقيق محمد عبد القادر رقم الحديث: 2176 اخرجه ابن خزيمة في "صحيحه" طبع دار الجيل بيروت بتحقيق محمد مصطفى الاعظمي رقم الحديث: 2724 اخرجه ابن حبان في "صحيحه" طبع دار الجيل بيروت بتحقيق فؤاد عبد الباقي رقم الحديث: 1724 اخرجه ابو عبد الله الحميدي في "صحيحه" طبع مؤسسة علوم القرآن بيروت سنة 1414ھ 1993ء رقم الحديث: 86 ذكره ابو بكر البيهقي في "السنن الكبرى" طبع مكتبة دار الباز مكة المكرمة بتحقيق محمد عبد القادر عطا سنة 1414ھ 1994ء رقم الحديث: 5683 اخرجه ابو يوسف يعقوب الفسوي في "المعجم الكبير" طبع مكتبة الدار بالمدينة المنورة بتحقيق حمدي عبد المجيد السلفي سنة 1404ھ 1983ء رقم الحديث: 3308 اخرجه ابو بكر الشيباني في "الآحاد والمثاني" طبع دار الراية بالرياض بتحقيق د. باسم فيصل احمد الجوابرة سنة 1411ھ 1991ء رقم الحديث: 901 اخرجه ابو عبد الرحمن النسائي في "السنن" طبع مكتب المطبوعات الإسلامية حلب سنة 1406ھ 1986ء رقم الحديث: 5900

Marfat.com

تحريم إقامة الإنسان من موضعه المباح الذي سبق إليه

آدمی جہاں بیٹھا تھا' جہاں بیٹھنا اس کے لئے جائز تھا وہاں سے اس شخص کو اٹھا کر (خود بیٹھنا) حرام ہے

1406 حديث ابْنِ عُمَرَ رَضِيَ اللّٰهُ عَنْهُمَا،

عَنِ النَّبِيِّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ، قَالَ: لاَ يُقِيمُ الرَّجُلُ الرَّجُلَ مِنْ مَجْلِسِهِ ثُمَّ يَجْلِسُ فِيهِ

✧✧ حضرت ابن عمر رضی اللہ عنہما نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کا یہ فرمان نقل کرتے ہیں: کوئی شخص دوسرے کو اس کی جگہ سے اٹھا کر خود وہاں نہ بیٹھ جائے۔

أخرجه البخاري في: 79 كتاب الاستئذان: 31 باب لا يقيم الرجل الرجل من مجلسه

رقم الجزء: 1 رقم الصفحة: 682 (جہانگیری صحیح بخاری، مطبوعہ شبیر برادرز، رقم الحدیث:5914)

•••———•••———•••

منع المخنث من الدخول على النساء الأجانب

ہیجڑے اجنبی خواتین کے پاس نہیں جاسکتے

1407 حديث أُمِّ سَلَمَةَ رَضِيَ اللّٰهُ عَنْهَا،

قَالَتْ: دَخَلَ عَلَيَّ النَّبِيُّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ، وَعِنْدِي مُخَنَّثٌ، فَسَمِعَهُ يَقُولُ لِعَبْدِ اللّٰهِ بْنِ أُمَيَّةَ: يَا عَبْدَ اللّٰهِ أَرَأَيْتَ إِنْ فَتَحَ اللّٰهُ عَلَيْكُمُ الطَّائِفَ غَدًا، فَعَلَيْكَ بِابْنَةِ غَيْلاَنَ، فَإِنَّهَا تَقْبِلُ بِأَرْبَعٍ، وَتَدْبِرُ بِثَمَانٍ وَقَالَ النَّبِيُّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: لاَ يَدْخُلَنَّ هٰؤُلاَءِ عَلَيْكُنَّ

رقم الحديث: 1407

اخرجه ابوداؤد السجستانی فی ''سننه''، طبع دارالفکر، بیروت، لبنان، رقم الحدیث: **4929** اخرجه ابو عبدالله القزوینی فی ''سننه''، طبع دارالفکر، بیروت، لبنان، رقم الحدیث: **1902** اخرجه ابوعبدالله الاصبحی فی ''المؤطا'' طبع داراحیاء التراث العربی (تحقیق فواد عبدالباقی)، رقم الحدیث: **1457** اخرجه ابوعبدالله الشیبانی فی ''مسنده'' طبع موسسه قرطبه، قاہره، مصر، رقم الحدیث: **26533** اخرجه ابوعبدالرحمن النسائی فی ''سننه'' طبع مکتب المطبوعات الاسلامیه، حلب، شام، **1406**ھ، **1986**ء، رقم الحدیث: **9245** ذکره ابوبکر البیهقی فی ''سننه الکبریٰ'' طبع مکتبه دارالباز، مکه مکرمه، سعودی عرب **1414**ھ/**1994**ء، رقم الحدیث: **15/58!** اخرجه ابویعلی الموصلی فی ''مسنده'' طبع دارالمامون للتراث، دمشق، شام، **1404**ھ-**1984**ء، رقم الحدیث: **6960** اخرجه ابوالقاسم الطبرانی فی ''معجمه الکبیر'' طبع مکتبه العلوم والحکم، موصل، **1404**ھ/**1983**ء، رقم الحدیث: **8297** اخرجه ابن ابی اسامه فی ''مسند الحارث'' طبع مرکز خدمة السنة والسیرة النبویه، مدینه منوره **1413**ھ/**1992**ء، رقم الحدیث: **888** اخرجه ابوبکر الکوفی، فی ''مصنفه'' طبع مکتبه الرشد، ریاض، سعودی عرب، (طبع اول) **1409**ھ، رقم الحدیث: **26491** اخرجه ابوالحسین مسلم النیسابوری فی ''صحیحه'' طبع داراحیاء التراث العربی، بیروت، لبنان، رقم الحدیث: **2180**

Marfat.com

✧✧ سیدہ اُمّ سلمہ رضی اللہ عنہا بیان کرتی ہیں: نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم میرے پاس تشریف لائے میرے پاس اس وقت ایک ''خواجہ سرا'' بیٹھا ہوا تھا میں نے اسے عبداللہ بن ابوامیہ سے یہ کہتے ہوئے سنا: اے عبداللہ! اگر اللہ تعالیٰ نے تمہیں کل طائف کی فتح نصیب کی تو میں تمہیں غیلان کی بیٹی کے بارے میں بتاؤں گا جو آتی ہے تو چار سلوٹیں ہوتی ہے اور جب جاتی ہے تو آٹھ سلوٹیں ہوتی ہیں' تو نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: یہ لوگ (یعنی خواجہ سرا) تمہارے ہاں نہ آیا کریں۔

أخرجه البخاري في: 64 كتاب المغازي: 56 باب غزوة الطائف في شوال سنة ثمان

رقم الجزء: 1 رقم الصفحة: 683 (جہانگیری صحیح بخاری مطبوعہ شبیر برادرز، رقم الحدیث: 4069)

•••———•••———•••

جواز إرداف المرأة الأجنبية إذا أعيت في الطريق

اگر کوئی اجنبی عورت راستے میں تھک جائے تو اسے سواری پر اپنے پیچھے بٹھایا جا سکتا ہے

1408 حديث أَسْمَاءَ بِنْتِ أَبِي بَكْرٍ،

قَالَتْ: تَزَوَّجَنِي الزُّبَيْرُ، وَمَا لَهُ فِي الْأَرْضِ مِنْ مَالٍ وَلَا مَمْلُوكٍ وَلَا شَيْءٍ، غَيْرَ نَاضِحٍ وَغَيْرَ فَرَسِهِ فَكُنْتُ أَعْلِفُ فَرَسَهُ، وَأَسْتَقِي الْمَاءَ، وَأَخْرِزُ غَرْبَهُ، وَأَعْجِنُ، وَلَمْ أَكُنْ أُحْسِنُ أَخْبِزُ وَكَانَ يَخْبِزُ جَارَاتٌ لِي مِنَ الْأَنْصَارِ، وَكُنَّ نِسْوَةَ صِدْقٍ وَكُنْتُ أَنْقُلُ النَّوَى مِنْ أَرْضِ الزُّبَيْرِ الَّتِي أَقْطَعَهُ رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ، عَلَى رَأْسِي، وَهِيَ مِنِّي عَلَى ثُلُثَيْ فَرْسَخٍ فَجِئْتُ يَوْمًا وَّالنَّوَى عَلَى رَأْسِي، فَلَقِيتُ رَسُولَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ، وَمَعَهُ نَفَرٌ مِّنَ الْأَنْصَارِ فَدَعَانِي ثُمَّ قَالَ: إِخْ إِخْ لِيَحْمِلَنِي خَلْفَهُ فَاسْتَحْيَيْتُ أَنْ أَسِيرَ مَعَ الرِّجَالِ، وَذَكَرْتُ الزُّبَيْرَ وَغَيْرَتَهُ، وَكَانَ أَغْيَرَ النَّاسِ فَعَرَفَ رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ، أَنِّي اسْتَحْيَيْتُ، فَمَضَى فَجِئْتُ الزُّبَيْرَ، فَقُلْتُ: لَقِيَنِي رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ، وَعَلَى رَأْسِي النَّوَى، وَمَعَهُ نَفَرٌ مِّنْ أَصْحَابِهِ، فَأَنَاخَ لِأَرْكَبَ فَاسْتَحْيَيْتُ مِنْهُ، وَعَرَفْتُ غَيْرَتَكَ فَقَالَ: وَاللّٰهِ لَحَمْلُكِ النَّوَى كَانَ أَشَدَّ عَلَيَّ مِنْ رُكُوبِكِ مَعَهُ قَالَتْ: حَتّٰى أَرْسَلَ إِلَيَّ أَبُو بَكْرٍ، بَعْدَ ذٰلِكَ، بِخَادِمٍ يَكْفِينِي سِيَاسَةَ الْفَرَسِ، فَكَأَنَّمَا أَعْتَقَنِي

✧✧ سیدہ اسماء بنت ابوبکر رضی اللہ عنہا بیان کرتی ہیں: حضرت زبیر رضی اللہ عنہ نے میرے ساتھ شادی کر لی۔ ان کے پاس کوئی زمین نہیں تھی اور نہ ہی کوئی غلام تھا۔ صرف ایک اونٹنی تھی اور ان کا ایک گھوڑا تھا۔ میں ان کے گھوڑے کو چارا کھلایا کرتی تھی اور اسے پانی پلایا کرتی تھی اور ڈول بھرتی تھی۔ آٹا گوندتی تھی۔ میں روٹی اچھی نہیں پکا سکتی تھی۔ میری ہمسائی انصاری عورتیں تھیں وہ بہت مخلص تھیں وہ مجھے روٹی پکا کر دیا کرتی تھیں۔ میں حضرت زبیر رضی اللہ عنہ کی زمین میں سے' جو نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے انہیں عطا کی تھی، کھجوریں اٹھا کر لایا کرتی تھی اور اپنے سر پر اٹھا کر لاتی تھی۔ یہ میرے گھر سے دو تہائی فرسخ پر موجود تھی۔ ایک دن میں آ رہی تھی۔ کھجوریں میرے سر پر تھیں۔ میری ملاقات نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم سے ہوئی اور ان کے ساتھ کچھ انصاری صحابہ بھی تھے۔ آپ نے مجھے بلایا اور اونٹ کو بٹھانے لگے تاکہ مجھے اپنے پیچھے بٹھا لیں۔ مجھے شرم آ گئی کہ میں اتنے مردوں کے ساتھ چلوں گی۔ پھر مجھے حضرت زبیر رضی اللہ عنہ کی یاد

Marfat.com

آئی اور ان کے غصے کا بھی خیال آیا۔ وہ بہت غصے والے تھے۔ نبی اکرم ﷺ نے یہ بات محسوس کر لی کہ میں شرما رہی ہوں۔ آپ تشریف لے گئے۔ پھر میں حضرت زبیر رضی اللہ عنہ کے پاس آئی اور انہیں بتایا: نبی اکرم ﷺ مجھے ملے تھے میرے سر پر کھجوریں تھیں۔ آپ کے ساتھ آپ کے کچھ ساتھی بھی تھے۔ آپ اپنے اونٹ کو بٹھانے لگے تھے تاکہ میں بھی سوار ہو جاؤں۔ پھر مجھے اس پر شرم آئی اور آپ کے غصے کا خیال بھی آ گیا۔ حضرت زبیر رضی اللہ عنہ نے کہا، اللہ تعالیٰ کی قسم! تمہارا کھجوریں اٹھانا میرے نزدیک تمہارے نبی اکرم ﷺ کے ساتھ سوار ہو جانے کے مقابلے میں زیادہ شدید ہے حضرت اسماء رضی اللہ عنہا بیان کرتی ہیں: پھر حضرت ابوبکر رضی اللہ عنہ نے میرے پاس ایک خادم بھیج دیا جو گھوڑے وغیرہ کا انتظام کر دیا کرتا تھا گویا انہوں نے مجھے آزاد کر دیا۔

أخرجه البخاري في: 67 كتاب النكاح: 107 باب الغيرة

رقم الجزء: 1 رقم الصفحة: 683 (جہانگیری صحیح بخاری مطبوعہ شبیر برادرز، رقم الحدیث:4926)

•••———•••———•••

مناجاة الاثنين دون الثالث بغير رضاه

دو آدمی تیسرے کی موجودگی میں اس کی رضامندی کے بغیر آپس میں سرگوشی میں بات نہ کریں

1409 ◦ حديث عَبْدِ اللّٰهِ بْنِ عُمَرَ رَضِيَ اللّٰهُ عَنْهُ،

أَنَّ رَسُوْلَ اللّٰهِ، قَالَ: إِذَا كَانُوا ثَلَاثَةً فَلَا يَتَنَاجَى اثْنَانِ دُوْنَ الثَّالِثِ

✧✧ حضرت عبداللہ رضی اللہ عنہ بیان کرتے ہیں: نبی اکرم ﷺ نے ارشاد فرمایا ہے: جب تین افراد موجود ہوں تو دو افراد تیسرے کو چھوڑ کر سرگوشی میں بات نہ کریں۔

أخرجه البخاري في: 79 كتاب الاستئذان: 45 باب لا يتناجى اثنان دون الثالث

رقم الجزء: 1 رقم الصفحة: 684 (جہانگیری صحیح بخاری مطبوعہ شبیر برادرز، رقم الحدیث:5930)

1410 ◦ حديث عَبْدِ اللّٰهِ بْنِ مَسْعُوْدٍ رَضِيَ اللّٰهُ عَنْهُ

قَالَ النَّبِيُّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: إِذَا كُنْتُمْ ثَلَاثَةً، فَلَا يَتَنَاجَى رَجُلَانِ دُوْنَ الْآخَرِ حَتّٰى تَخْتَلِطُوْا بِالنَّاسِ أَجْلَ أَنْ يُحْزِنَهُ

✧✧ حضرت عبداللہ رضی اللہ عنہ بیان کرتے ہیں: نبی اکرم ﷺ نے فرمایا ہے: جب تین افراد موجود ہوں تو دو آدمی تیسرے کو

رقم الحدیث1409:

أخرجه ابن حبان التميمي البستي أبو حاتم في "صحيحه" طبع دار احياء التراث العربي، بيروت، لبنان، رقم الحديث:2183 أخرجه أبو داؤد السجستاني في "سننه" طبع دار الفكر، بيروت، لبنان، رقم الحديث:4851 أخرجه أبو عيسى الترمذي في "جامعه" طبع دار احياء التراث العربي، بيروت، لبنان، رقم الحديث:2825 أخرجه أبو عبدالله القزويني في "سننه" طبع دار الفكر، بيروت، لبنان، رقم الحديث:3775 أخرجه أبو محمد الدارمي في "سننه" طبع دار الكتاب العربي، بيروت، لبنان، 1407ھ، 1987ء، رقم الحديث:2657 أخرجه أحمد الشيباني في "المسند" طبع دار احياء التراث العربي، (تحقيق فواد عبدالباقي)، رقم الحديث:1790

Marfat.com

چپوڑ نرسہ وشی میں بات نہ کریں یہاں تک کہ جب زیادہ لوگ ہو جائیں تو وہ ایسا کر سکتے ہیں کیونکہ اس طرح اس تیسرے شخص کو تکلیف ہوگی۔

أخرجه البخاري في: 79 كتاب الاستئذان: 47 باب إذا كانوا أكثر من ثلاثة فلا بأس بالمسارة والمساهاة

رقم الجزء: 1 رقم الصفحة: 685 (جہانگیری صحیح بخاری مطبوعہ شبیر برادرز رقم الحدیث 5932)

•••———•••———•••

الطب والمرض والرقى

طب بیماری اور دم

1411 ۔ حديث أَبِي هُرَيْرَةَ رَضِيَ اللّٰهُ عَنْهُ.

عَنِ النَّبِيِّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ. قَالَ: الْعَيْنُ حَقٌّ

☆☆ حضرت ابوہریرہ رضی اللہ عنہ نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کا یہ فرمان نقل کرتے ہیں: نظر لگنا حق ہے۔

أخرجه البخاري في: 76 كتاب الطب: 36 باب العين حق

رقم الجزء: 1 رقم الصفحة: 685 (جہانگیری صحیح بخاری مطبوعہ شبیر برادرز رقم الحدیث 5408)

•••———•••———•••

السحر

جادو

1412 ۔ حديث عَائِشَةَ رَضِيَ اللّٰهُ عَنْهَا،

قَالَتْ: كَانَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ سُحِرَ. حَتّٰى كَانَ يَرٰى أَنَّهُ يَأْتِي النِّسَاءَ وَلَا يَأْتِيهِنَّ قَالَ سُفْيَانُ (أَحَدُ رِجَالِ السَّنَدِ) وَهٰذَا أَشَدُّ مَا يَكُوْنُ مِنَ السِّحْرِ إِذَا كَانَ كَذَا فَقَالَ: يَا عَائِشَةُ أَعَلِمْتِ أَنَّ اللّٰهَ قَدْ أَفْتَانِي فِيمَا اسْتَفْتَيْتُهُ فِيهِ أَتَانِي رَجُلَانِ فَقَعَدَ أَحَدُهُمَا عِنْدَ رَأْسِي، وَالْآخَرُ عِنْدَ رِجْلَيَّ. فَقَالَ الَّذِي عِنْدَ رَأْسِي لِلْآخَرِ: مَا بَالُ الرَّجُلِ قَالَ: مَطْبُوبٌ قَالَ: وَمَنْ طَبَّهُ قَالَ: لُبَيْدُ ابْنُ أَعْصَمَ، رَجُلٌ مِنْ زُرَيْقٍ، حَلِيفٌ لِيَهُودَ، كَانَ مُنَافِقًا قَالَ: وَفِيمَ قَالَ: فِي مُشْطٍ وَمُشَاقَةٍ قَالَ: وَأَيْنَ قَالَ: فِي جُفِّ طَلْعَةِ ذَكَرٍ تَحْتَ رَعُوفَةٍ، فِي بِئْرِ ذَرْوَانَ قَالَتْ: فَأَتَى النَّبِيُّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ الْبِئْرَ حَتّٰى اسْتَخْرَجَهُ فَقَالَ: هٰذِهِ الْبِئْرُ الَّتِي أُرِيتُهَا وَكَأَنَّ مَاءَهَا نُقَاعَةُ الْحِنَّاءِ، وَكَأَنَّ نَخْلَهَا رُؤُوسُ الشَّيَاطِينِ قَالَ: فَاسْتُخْرِجَ قَالَتْ: فَقُلْتُ أَفَلَا، أَيْ. تَنَشَّرْتَ فَقَالَ: أَمَا وَاللّٰهِ فَقَدْ

رقم الحديث 1411

خرجه عبد الله النسائي في "المسند" طبع مؤسسة قرطبة قاهرة مصر رقم الحديث: 8228 خرجه ابن حبان البستي في "الصحيح" طبع مؤسسة الرسالة بيروت لبنان 1414ھ 1993ء رقم الحديث: 5503

Marfat.com

شَفَانِیْ، وَأَکْرَهُ أَنْ أُثِیْرَ عَلٰی أَحَدٍ مِّنَ النَّاسِ شَرًّا

✧✧ سیّدہ عائشہ رضی اللہ عنہا بیان کرتی ہیں: نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم پر جادو کر دیا گیا جس کی وجہ سے آپ یہ محسوس کرتے تھے کہ آپ نے اپنی زوجہ کے ساتھ صحبت کی ہے حالانکہ آپ نے ایسا نہیں کیا ہوتا تھا۔ سفیان نامی راوی بیان کرتے ہیں: یہ جادو کی شدید ترین قسم ہے۔

نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: اے عائشہ! کیا تم جانتی ہو؟ اللہ تعالیٰ نے اس بارے میں مجھے بتا دیا ہے جس کے بارے میں، میں نے اس سے دریافت کیا تھا، میرے پاس دو افراد آئے جن میں سے ایک میرے سرہانے کے پاس بیٹھ گیا اور دوسرا میرے پاؤں کی طرف بیٹھ گیا جو میرے سرہانے کی طرف تھا اس نے دوسرے سے کہا ان صاحب کو کیا ہوا ہے؟ دوسرے نے کہا: ان پر جادو کیا گیا ہے اس نے دریافت کیا: ان پر کس نے جادو کیا ہے؟ دوسرے نے بتایا: لبید بن اعصم نے جو بنو زریق سے تعلق رکھنے والا ایک شخص ہے اور یہودیوں کا حلیف ہے اس شخص نے جو منافق ہے، پہلے نے دریافت کیا: کس چیز میں جادو کیا ہے؟ دوسرے نے جواب دیا: کنگھی میں اور کنگھی سے گرنے والے بالوں میں، اس نے دریافت کیا: یہ کہاں ہیں؟ اس نے جواب دیا: یہ شگوفے کے پردے میں ہے جو زروان کے کنویں میں ایک بھاری پتھر کے نیچے ہے۔

سیّدہ عائشہ رضی اللہ عنہا بیان کرتی ہیں نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم اس کنوئیں کے پاس گئے آپ نے اسے باہر نکالا تو آپ نے فرمایا: یہ وہی کنواں ہے جو مجھے خواب میں دکھایا گیا تھا اس کا پانی یوں تھا جیسے مہندی گھولی ہوتی ہے اور اس کے کھجوروں کے درختوں کے سر یوں تھے جیسے شیاطین کے سر ہوتے ہیں نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کے حکم کے تحت اسے نکال دیا گیا سیّدہ عائشہ رضی اللہ عنہا بیان کرتی ہیں میں نے کہا: آپ نے اس پر منتر کیوں نہیں پڑھا؟ نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: جب اللہ تعالیٰ نے مجھے شفا دے دی ہے تو مجھے یہ اچھا نہیں لگا کہ میں لوگوں میں سے کسی کے حوالے سے کوئی شر پھیلاؤں۔

أخرجه البخاري في: 76 كتاب الطب: 49 باب هل يستخرج السحر

رقم الجزء: 1 رقم الصفحة: 685 (جہانگیری صحیح بخاری، مطبوعہ شبیر برادرز، رقم الحدیث:5432)

•••———•••———•••

السم

زہر

1413 حديث أَنَس بْنِ مَالِكٍ رَضِيَ اللّٰهُ عَنْهُ،

رقم الحديث **1413**: اخرجه ابو الحسين مسلم النيسابوري في "صحيحه" طبع داراحياء التراث العربي، بيروت، لبنان، رقم الحديث:**2190** اخرجه ابوداؤد السجستاني في "سننه" طبع دارالفكر، بيروت، لبنان، رقم الحديث: **4508** اخرجه ابوعبدالله الشيباني في "مسنده" طبع موسسه قرطبه، قاہره، مصر، رقم الحديث: **13309** اخرجه ابوعبدالله النيسابوري في "المستدرک" طبع دارالكتب العلميه، بيروت، لبنان **1411**ھ / **1990**ء، رقم الحديث:**7090** ذكره ابوبكر البيهقي في "سننه الكبرٰى" طبع مكتبه دارالباز، مكه مكرمه، سعودی عرب **1414**ھ / **1994**ء، رقم الحديث:**19500**

Marfat.com

أَنَّ يَهُودِيَّة أَتَتِ النَّبِيَّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ، بِشَاةٍ مَسْمُومَةٍ فَأَكَلَ مِنْهَا، فَجِيءَ بِهَا، فَقِيلَ: أَلَا نَقْتُلُهَا قَالَ: لَا قَالَ: فَمَا زِلْتُ أَعْرِفُهَا فِي لَهَوَاتِ رَسُولِ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ

✧✧ حضرت انس بن مالک رضی اللہ عنہ بیان کرتے ہیں' ایک یہودی عورت نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کی خدمت میں زہر ملا ہوا بکری کا گوشت لے کر آئی، نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے اس میں سے کچھ کھالیا پھر اس عورت کو لایا گیا۔ نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم سے دریافت کیا گیا کیا ہم اس عورت کو قتل نہ کر دیں، نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: نہیں۔

راوی بیان کرتے ہیں' نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کے تالو میں اس کا اثر میں نے ہمیشہ محسوس کیا۔

أخرجه البخاري في: 51 كتاب الهبة: 28 باب قبول الهدية من المشركين

رقم الجزء: 1 رقم الصفحة: 686 (جہانگیری صحیح بخاری مطبوعہ شبیر برادرز، رقم الحدیث: 2474)

•••———•••———•••

استحباب رقية المريض

بیمار پر دم کرنا مستحب ہے

1414 حديث عَائِشَةَ رَضِيَ اللّٰهُ عَنْهَا،

أَنَّ رَسُولَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ، كَانَ إِذَا أَتَى مَرِيضًا، أَوْ أُتِيَ بِهِ قَالَ: أَذْهِبِ الْبَاسَ، رَبَّ النَّاسِ، اشْفِ وَأَنْتَ الشَّافِي، لَا شِفَاءَ إِلَّا شِفَاؤُكَ، شِفَاءً لَا يُغَادِرُ سَقَمًا

✧✧ حضرت عائشہ صدیقہ رضی اللہ عنہا بیان کرتی ہیں: نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم جب کسی بیمار کے پاس تشریف لاتے یا آپ کے پاس کوئی بیمار لایا جاتا تو آپ یہ دعا پڑھتے۔

''اے لوگوں کے پروردگار! اس بیماری کو دور کر دے، شفا عطا کر! تو شفا عطا کرنے والا ہے۔ بے شک تیرے علاوہ اور کوئی شفا عطا کرنے والا نہیں ہے ایسی شفا عطا کر جو بیماری کو ذرا بھی نہ رہنے دے''۔

أخرجه البخاري في: 75 كتاب المرضى: 20 باب دعاء العائد للمريض

رقم الجزء: 1 رقم الصفحة: 686 (جہانگیری صحیح بخاری مطبوعہ شبیر برادرز، رقم الحدیث: 5351)

•••———•••———•••

رقم الحديث: 1414

خرجه ابوعبدالله الشيباني في "مسنده" طبع مؤسسه قرطبه، قاهره، مصر، رقم الحديث: 13850 اخرجه ابوبكر الصنعاني في "مصنفه" طبع المكتب الاسلامي، بيروت لبنان، طبع ثاني 1403ھ، رقم الحديث: 10881 اخرجه ابويعلى الموصلي في "مسنده" طبع دار المامون للتراث، دمشق، شام، 1404ھ-1984ء، رقم الحديث: 3873

Marfat.com

رقية المريض بالمعوّذات والنفث

بیمار کو معوذتین پڑھ کر دم کرنا اور اسے پھونک مارنا

1415 حديث عَائِشَةَ رَضِيَ اللّٰهُ عَنْهَا،

أَنَّ رَسُوْلَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ كَانَ، إِذَا اشْتَكَى، يَقْرَأُ عَلٰى نَفْسِهِ بِالْمُعَوِّذَاتِ، وَيَنْفُثُ فَلَمَّا اشْتَدَّ وَجَعُهُ كُنْتُ أَقْرَأُ عَلَيْهِ،وَأَمْسَحُ بِيَدِهِ، رَجَاءَ بَرَكَتِهَا

✧✧ سیدہ عائشہ صدیقہ رضی اللہ عنہا بیان کرتی ہیں: نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم جب بیمار ہوتے تھے تو اپنے اوپر ''معوذات'' پڑھ کر دم کیا کرتے تھے اور پھونک مارتے تھے جب آپ کی بیماری شدید ہوگئی تو میں نے آپ پر یہ آیتیں پڑھ کر دم کرنا شروع کیا اور آپ کا دست اقدس آپ کے جسم پر پھیرنا شروع کیا۔آپ کے دست مبارک کی برکت کی امید رکھتے ہوئے۔

أخرجه البخاري في: 66 كتاب فضائل القرآن: 14 باب المعوذات

رقم الجزء: 1 رقم الصفحة: 687 (جہانگیری صحیح بخاری، مطبوعہ شبیر برادرز، رقم الحدیث:4728)

•••———•••———•••

استحباب الرقية من العين والنملة والحمة والنظرة

نظر لگنے پر، زہریلے کیڑے کے کاٹنے پر، چیونٹی کے کاٹنے پر دم کرنا مستحب ہے

1416 حديث عَائِشَةَ رَضِيَ اللّٰهُ عَنْهَا،

عَنِ الْأَسْوَدِ بْنِ يَزِيدَ، أَنَّهُ قَالَ: سَأَلْتُ عَائِشَةَ عَنِ الرُّقْيَةِ مِنَ الْحُمَةِ فَقَالَتْ: رَخَّصَ النَّبِيُّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ الرُّقْيَةَ مِنْ كُلِّ ذِي حُمَةٍ

✧✧ اسود بن یزید بیان کرتے ہیں: میں نے ایک دفعہ حضرت عائشہ صدیقہ رضی اللہ عنہا سے زہریلے سانپ یا بچھو کے کاٹنے پر دم کے بارے میں دریافت کیا: تو انہوں نے بتایا: نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے ہر زہریلے جانور کے کاٹنے پر دم کرنے کی اجازت دی ہے۔

رقم الحديث1416:

اخرجه ابو عيسى الترمذي في ''جامعه'' طبع داراحياء التراث العربي، بيروت، لبنان، رقم الحديث: **2056** اخرجه ابوعبدالله الشيباني في ''مسنده'' طبع موسسه قرطبه، قاہره، مصر، رقم الحديث: **24371** اخرجه ابوحاتم البستي في ''صحيحه'' طبع موسسه الرساله، بيروت، لبنان، **1414**ھ / **1993**ء، رقم الحديث: **6101** ذكره ابوبكر البيهقي في ''سننه الكبرى'' طبع مكتبه دارالباز، مكه مكرمه، سعودي عرب **1414**ھ / **1994**ء، رقم الحديث: **19368** اخرجه ابوالقاسم الطبراني في ''معجمه الاوسط'' طبع دارالحرمين، قاہره، مصر، **1415**ھ، رقم الحديث: **1050** اخرجه ابويعلى الموصلي في ''مسنده'' طبع دارالمامون للتراث، دمشق، شام، **1404**ھ-**1984**ء، رقم الحديث: **4909** اخرجه احمد بن حنبل الشيباني في ''مسنده'' طبع مكتبه الايمان، مدينه منوره، (طبع اول) **1412**ھ / **1991**ء، رقم الحديث: **1546** اخرجه ابوبكر عبدالله بن محمد بن ابي شيبه الكوفي في ''مصنفه'' طبع مكتبه الرشد، رياض، سعودي عرب، (طبع اول) **1409**ھ، رقم الحديث: **23529**

Marfat.com

أخرجه البخاري في: 76 كتاب الطب: 37 باب رقية العين والعقرب

رقم الجزء: 1 رقم الصفحة: 687 (جہانگیری صحیح بخاری مطبوعہ شبیر برادرز، رقم الحدیث 5409)

1417 ۔ حديث عَائِشَةَ رَضِيَ اللّٰهُ عَنْهَا،

أَنَّ النَّبِيَّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ، كَانَ يَقُوْلُ لِلْمَرِيضِ: بِسْمِ اللّٰهِ، تُرْبَةُ أَرْضِنَا، بِرِيقَةِ بَعْضِنَا يُشْفَى سَقِيمُنَا، بِإِذْنِ رَبِّنَا

☆☆ سیدہ عائشہ صدیقہ رضی اللہ عنہا بیان کرتی ہیں: نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم بیمار کو یہ پڑھ کر دم کرتے تھے۔

''اللہ کے نام سے برکت حاصل کرتے ہوئے اے ہماری زمین کی مٹی (ہم میں سے ایک شخص یعنی نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم ...

لعاب کی برکت سے ہمارے بیمار کو ہمارے پروردگار کے اذن وجہ سے شفا ملے''۔

أخرجه البخاري في: 76 كتاب الطب: 38 باب رقية النبي صلى الله عليه وسلم

رقم الجزء: 1 رقم الصفحة: 687 (جہانگیری صحیح بخاری مطبوعہ شبیر برادرز، رقم الحدیث 5413)

1418 ۔ حديث عَائِشَةَ رَضِيَ اللّٰهُ عَنْهَا،

قَالَتْ: أَمَرَنِي رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ، أَوْ أَمَرَ أَنْ يُسْتَرْقَى مِنَ الْعَيْنِ

☆☆ سیدہ عائشہ صدیقہ رضی اللہ عنہا بیان کرتی ہیں: نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے مجھے یہ ہدایت کی تھی کہ نظر لگنے پر ...

أخرجه البخاري في: 76 كتاب الطب: 35 باب رقية العين

رقم الجزء: 1 رقم الصفحة: 687 (جہانگیری صحیح بخاری مطبوعہ شبیر برادرز، رقم الحدیث 5406)

رقم الحديث 1417

أخرجه أبو داود السجستاني في "سننه" طبع دار الفكر بيروت لبنان رقم الحديث: **3895** أخرجه أبو عبد الله الحاكم النيسابوري في "المستدرك" طبع دار الفكر بيروت لبنان رقم الحديث: **3521** أخرجه أبو عبد الله البيهقي في "المستدرك" طبع دار الكتب العلمية بيروت لبنان **1411**ھ **1990**ء رقم الحديث: **8266** أخرجه أبو حاتم البستي في "صحيحه" طبع مؤسسة الرسالة بيروت لبنان **1414**ھ **1993**ء رقم الحديث: **2973** أخرجه أبو عبد الرحمن النسائي في "السنن" طبع مكتب المطبوعات الإسلامية حلب سنة **1406**ھ **1986**ء رقم الحديث: **7550** أخرجه أبو يعلى الموصلي في "مسنده" طبع دار المأمون للتراث دمشق سنة **1404**ھ **1984**ء رقم الحديث: **4527** أخرجه أبو بكر الكوفي في "مصنفه" طبع مكتبة الرشد رياض سعودي عرب طبع أول **1409**ھ رقم الحديث: **23569**

رقم الحديث 1418: أخرجه أبو الحسين مسلم النيسابوري في "صحيحه" طبع ... رقم الحديث: **3512** أخرجه أبو عبد الله الحاكم النيسابوري في "المستدرك" طبع دار الكتب العلمية بيروت لبنان **1411**ھ **1990**ء رقم الحديث: **8267** أخرجه أبو عبد الله البستي في مسنده طبع مؤسسة قرطبة قاهرة مصر رقم الحديث: **24390** أخرجه أبو حاتم البستي في "صحيحه" طبع مؤسسة الرسالة بيروت لبنان **1414**ھ **1993**ء رقم الحديث: **6103** أخرجه أبو عبد الرحمن النسائي في "السنن" طبع مكتب المطبوعات الإسلامية حلب سنة **1406**ھ **1986**ء رقم الحديث: **7536** أخرجه ابن راهويه الحنظلي في "مسنده" طبع مكتبة الإيمان مدينة منورة طبع أول **1412**ھ **1991**ء رقم الحديث: **1588**

Marfat.com

1419 حديث أُمِّ سَلَمَةَ رَضِيَ اللّٰهُ عَنْهَا،

أَنَّ النَّبِيَّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ، رَأَى فِيْ بَيْتِهَا جَارِيَةً، فِيْ وَجْهِهَا سَفْعَةٌ فَقَالَ: اسْتَرْقُوْا لَهَا، فَإِنَّ بِهَا النَّظْرَةَ

سیدہ ام سلمہ رضی اللہ عنہا بیان کرتی ہیں: نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے ان کے گھر میں ایک لڑکی کو دیکھا جس کے چہرے پر داغ تھا۔ آپ نے فرمایا: اسے دم کرو کیونکہ اسے نظر لگی ہے۔

أخرجه البخاري في: 76 كتاب الطب: 35 باب رقية العين

رقم الجزء: 7 رقم الصفحة: 688 (جہانگیری صحیح بخاری، مطبوعہ شبیر برادرز، رقم الحدیث: 5407)

•••———•••———•••

جواز أخذ الأجرة على الرقية بالقرآن والأذكار

قرآن پاک یا اذکار کے ذریعے دم کرنے کا معاوضہ وصول کرنا جائز ہے

1420 حديث أَبِيْ سَعِيْدٍ رَضِيَ اللّٰهُ عَنْهُ،

قَالَ: انْطَلَقَ نَفَرٌ مِنْ أَصْحَابِ النَّبِيِّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ، فِيْ سَفْرَةٍ سَافَرُوْهَا، حَتّٰى نَزَلُوْا عَلٰى حَيٍّ مِنْ أَحْيَاءِ الْعَرَبِ، فَاسْتَضَافُوْهُمْ، فَأَبَوْا أَنْ يُّضَيِّفُوْهُمْ فَلُدِغَ سَيِّدُ ذٰلِكَ الْحَيِّ، فَسَعَوْا لَهُ بِكُلِّ شَيْءٍ، لَا يَنْفَعُهُ شَيْءٌ فَقَالَ بَعْضُهُمْ: لَوْ أَتَيْتُمْ هٰؤُلَاءِ الرَّهْطَ الَّذِيْنَ نَزَلُوْا، لَعَلَّهُ أَنْ يَّكُوْنَ عِنْدَ بَعْضِهِمْ شَيْءٌ فَأَتَوْهُمْ فَقَالُوْا: يَا أَيُّهَا الرَّهْطُ إِنَّ سَيِّدَنَا لُدِغَ، وَسَعَيْنَا لَهُ بِكُلِّ شَيْءٍ، لَا يَنْفَعُهُ فَهَلْ عِنْدَ أَحَدٍ مِّنْكُمْ مِنْ شَيْءٍ فَقَالَ بَعْضُهُمْ: نَعَمْ وَاللّٰهِ إِنِّيْ لَأَرْقِيْ، وَلٰكِنْ وَّاللّٰهِ لَقَدِ اسْتَضَفْنَاكُمْ فَلَمْ تُضَيِّفُوْنَا، فَمَا أَنَا بِرَاقٍ لَّكُمْ حَتّٰى تَجْعَلُوْا لَنَا جُعْلًا فَصَالَحُوْهُمْ عَلٰى قَطِيْعٍ مِنَ الْغَنَمِ فَانْطَلَقَ يَتْفِلُ عَلَيْهِ وَيَقْرَأُ (اَلْحَمْدُ لِلّٰهِ رَبِّ الْعَالَمِيْنَ) فَكَأَنَّمَا نُشِطَ مِنْ عِقَالٍ فَانْطَلَقَ يَمْشِيْ وَمَا بِهِ قَلَبَةٌ قَالَ: فَأَوْفَوْهُمْ جُعْلَهُمُ الَّذِيْ صَالَحُوْهُمْ عَلَيْهِ فَقَالَ بَعْضُهُمْ: اقْسِمُوْا فَقَالَ الَّذِيْ رَقَى لَا تَفْعَلُوْا، حَتّٰى نَأْتِيَ النَّبِيَّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ، فَنَذْكُرَ لَهُ الَّذِيْ كَانَ، فَنَنْظُرَ مَا يَأْمُرُنَا فَقَدِمُوْا عَلٰى رَسُوْلِ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ، فَذَكَرُوْا لَهُ فَقَالَ: وَمَا يُدْرِيكَ أَنَّهَا رُقْيَةٌ ثُمَّ قَالَ: قَدْ أَصَبْتُمْ، اقْسِمُوْا وَاضْرِبُوْا لِيْ مَعَكُمْ سَهْمًا فَضَحِكَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ

رقم الحدیث 1419

[illegible] اخرجه ابوالحسين مسلم النيسابوري في "صحيحه" طبع دار احياء التراث العربي، بيروت، لبنان، رقم الحديث: **2197** اخرجه ابوعبدالله [illegible] في "المستدرك" طبع دار الكتب العلميه، بيروت، لبنان **1411**ھ/**1990**ء، رقم الحديث: **7486** ذكره ابوبكر البيهقي في "سننه [illegible] مكة مكرمه، سعودي عرب **1414**ھ/**1994**ء، رقم الحديث: **19369** اخرجه ابوالقاسم الطبراني في "معجمه [illegible] مكتبة العلوم والحكم، موصل، **1404**ھ/**1983**ء، رقم الحديث: **801** اخرجه ابويعلى الموصلي في "مسنده" طبع دار المامون [illegible] **1404**ھ/**1984**ء، رقم الحديث: **6918**

Marfat.com

✧✧ حضرت ابوسعید خدری رضی اللہ عنہ بیان کرتے ہیں' نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کے کچھ اصحاب سفر کے لیے روانہ ہوئے سفر کرتے ہوئے وہ ایک عرب قبیلے کے پاس آئے انہوں نے اس قبیلے کو مہمان نوازی کے لئے کہا تو اس قبیلے نے انہیں مہمان بنانے سے انکار کر دیا۔ قبیلے کے سردار کو کسی جانور نے ڈس لیا' انہوں نے پوری کوشش کی لیکن کوئی فائدہ نہیں ہوا۔ ان میں سے کسی ایک نے کہا کہ ان کے پاس جاؤ جن لوگوں نے یہاں پڑاؤ کیا ہے تو ہوسکتا ہے ان کے پاس کوئی ایسی چیز ہو جس سے کوئی فائدہ حاصل ہو۔ وہ ان کے پاس آئے اور کہا اے لوگو! ہمارے سردار کو کسی نے ڈس لیا ہے۔ ہم نے پوری کوشش کی ہے لیکن کوئی فائدہ نہیں ہوا تم میں سے کسی ایک کے پاس کوئی فائدہ مند چیز ہے۔ ان میں سے ایک نے کہا ہاں! اللہ کی قسم! میں دم کرتا ہوں ہم نے تمہیں مہمان نوازی کے لیے کہا تھا تم نے ہمیں مہمان نہیں بنایا۔ اب میں تمہیں اسی وقت دم کروں گا جب تم ہمارا معاوضہ ادا کرو گے۔ اس نے بکریوں کے ایک ریوڑ کے عوض میں معاملہ طے کر لیا وہ صاحب ان کے ساتھ گئے اور سورۃ الفاتحہ پڑھ کر انہیں دم کیا تو یوں لگا جیسے سردار رسی میں سے آزاد ہو گیا ہو اور تھوڑی سی دیر میں وہ ایسا ہو گیا جیسے اسے کوئی تکلیف تھی ہی نہیں۔

راوی بیان کرتے ہیں' انہوں نے طے شدہ معاوضہ ادا کر دیا۔ صحابہ کرام رضی اللہ عنہم میں سے بعض نے کہا اسے آپس میں تقسیم کر لو جس نے دم کیا تھا اس نے کہا: ایسا نہ کرو۔ جب تک ہم نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کے سامنے آ کر آپ کی بارگاہ میں تذکرہ نہ کر دیں اور پتہ نہ کر لیں اس بات کا جائزہ لیں گے کہ آپ صلی اللہ علیہ وسلم ہمیں کیا ہدایت کرتے ہیں۔ پھر جب یہ لوگ آپ صلی اللہ علیہ وسلم کی خدمت میں حاضر ہوئے اور اس بات کا تذکرہ کیا تو آپ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: تمہیں کیسے پتہ چلا کہ یہ دم ہوتا ہے (انہوں نے بتایا: میں نے آپ ہی سنا ہے) آپ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: تم نے ٹھیک کیا ہے' تم اسے آپس میں تقسیم کر لو اور اپنے ساتھ میرا بھی حصہ رکھو یہ بات آپ صلی اللہ علیہ وسلم نے مسکراتے ہوئے کہی۔

أخرجه البخاري في: 37 كتاب الإجارة: 16 باب ما يعطى في الرقية على أحياء العرب بفاتحة الكتاب
رقم الجزء: 1 رقم الصفحة: 688 (جہانگیری صحیح بخاری مطبوعہ شبیر برادرز، رقم الحدیث 2156)

•••———•••———•••

لكل داء دواء واستحباب التداوي

ہر بیماری کی دوا موجود ہے اور دوا استعمال کرنا مستحب ہے

﴿1421﴾ حديث جَابِرِ بْنِ عَبْدِ اللّٰهِ رَضِيَ اللّٰهُ عَنْهُمَا،

قَالَ: سَمِعْتُ النَّبِيَّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ، يَقُوْلُ: إِنْ كَانَ فِي شَيْءٍ مِّنْ أَدْوِيَتِكُمْ، أَوْ يَكُوْنُ فِي شَيْءٍ مِّنْ أَدْوِيَتِكُمْ، خَيْرٌ، فَفِي شَرْطَةِ مِحْجَمٍ، أَوْ شَرْبَةِ عَسَلٍ، أَوْ لَذْعَةٍ بِنَارٍ تُوَافِقُ الدَّاءَ. وَمَا أُحِبُّ أَنْ أَكْتَوِيَ

✧✧ حضرت جابر بن عبداللہ رضی اللہ عنہما بیان کرتے ہیں۔ انہوں نے نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کو یہ ارشاد فرماتے ہوئے سنا ہے۔ تمہاری دواؤں میں سے کسی چیز میں (راوی کو شک ہے شاید یہ الفاظ ہیں) تمہاری دواؤں میں سے کسی بھی چیز میں اگر بھلائی ہو سکتی ہے تو وہ پچھنے لگوانے میں ہو سکتی ہے یا شہد پینے میں ہو سکتی ہے یا آگ کے ذریعے داغ لگوانے میں ہو سکتی ہے جبکہ وہ بیماری کے موافق ہو

Marfat.com

بیت میں داغ لگوانے کو پسند نہیں کرتا۔

أخرجه البخاري في: 76 كتاب الطب: 4 باب الدواء بالعسل

ترجمہ البخاری رقم الصفحة: 689 (جہانگیری صحیح بخاری، مطبوعہ شبیر برادرز، رقم الحدیث:5359)

1422 حديث ابْنِ عَبَّاسٍ رَضِيَ اللّٰهُ عَنْهُمَا،

قَالَ احْتَجَمَ النَّبِيُّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ، وَأَعْطَى الْحَجَّامَ أَجْرَهُ

٭٭٭ حضرت ابن عباس رضی اللہ عنہما بیان کرتے ہیں' نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے پچھنے لگوائے تھے اور پچھنے لگانے والے شخص کو اس کا

أخرجه البخاري في: 37 كتاب الإجارة: 18 باب خراج الحجام

ترجمہ البخاری رقم الصفحة: 690 (جہانگیری صحیح بخاری، مطبوعہ شبیر برادرز، رقم الحدیث:2159)

1423 حديث أَنَسٍ رَضِيَ اللّٰهُ عَنْهُ،

قَالَ: كَانَ النَّبِيُّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ، يَحْتَجِمُ، وَلَمْ يَكُنْ يَظْلِمُ أَحَدًا أَجْرَهُ

٭٭٭ حضرت انس بن مالک رضی اللہ عنہ بیان کرتے ہیں' نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے پچھنے لگوائے تھے اور آپ صلی اللہ علیہ وسلم نے کسی بھی شخص کو

أخرجه البخاري في: 37 كتاب الإجارة: 18 باب خراج الحجام

ترجمہ البخاری رقم الصفحة: 690 (جہانگیری صحیح بخاری، مطبوعہ شبیر برادرز، رقم الحدیث:2160)

1424 حديث ابْنِ عُمَرَ رَضِيَ اللّٰهُ عَنْهُمَا،

عَنِ النَّبِيِّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ، قَالَ: الْحُمَّى مِنْ فَيْحِ جَهَنَّمَ فَأَبْرِدُوهَا بِالْمَاءِ

٭٭٭ حضرت ابن عمر رضی اللہ عنہما بیان کرتے ہیں: نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے ارشاد فرمایا ہے: بخار جہنم کے جوش کا حصہ ہے تم اسے پانی

أخرجه البخاري في: 59 كتاب بدء الخلق: 10 باب صفة النار وأنها مخلوقة

ترجمہ البخاری رقم الصفحة: 690 (جہانگیری صحیح بخاری، مطبوعہ شبیر برادرز، رقم الحدیث:3088)

1425 حديث أَسْمَاءَ بِنْتِ أَبِي بَكْرٍ رَضِيَ اللّٰهُ عَنْهُمَا،

كَانَتْ، إِذَا أُتِيَتْ بِالْمَرْأَةِ قَدْ حُمَّتْ تَدْعُو لَهَا، أَخَذَتِ الْمَاءَ فَصَبَّتْهُ بَيْنَهَا وَبَيْنَ جَيْبِهَا قَالَتْ: وَكَانَ

رقم الحديث1425

[illegible] في "السنة" طبع دار احياء التراث العربي (تحقيق فواد عبدالباقي)، رقم الحديث:1692 اخرجه [illegible] في "السنة" طبع مكتب المطبوعات الاسلاميه، حلب، شام، 1406ھ، 1986ء، رقم الحديث: 7611 اخرجه [illegible] في "المعجم الكبير" طبع مكتبه العلوم والحكم، موصل، 1404ھ/1983ء، رقم الحديث:335

Marfat.com

رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ، يَأْمُرُنَا أَنْ نَبْرُدَهَا بِالْمَاءِ

✧✧ سیدہ اسماء بنت ابوبکر رضی اللہ عنہا کے بارے میں منقول ہے جب ان کے ہاں کوئی بخار والی عورت آتی تو وہ اسے پانی منگواتیں اور پھر اسے اس کے گریبان میں ڈالتیں اور یہ فرمایا کرتی تھیں نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے یہ بات ہمیں بتائی ہے ہم پانی کے ذریعے ٹھنڈا کریں۔

أخرجه البخاري في: 76 كتاب الطب: 27 باب الحمى من فيح جهنم

رقم الجزء: 1 رقم الصفحة: 690 (جہانگیری صحیح بخاری مطبوعہ شیخ برادرز رقم الحدیث 5393)

1426 ◦ حديث رَافِعِ بْنِ خَدِيجٍ رَضِيَ اللّٰهُ عَنْهُ،

قَالَ: سَمِعْتُ النَّبِيَّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ يَقُوْلُ: الْحُمَّى مِنْ فَوْحِ جَهَنَّمَ، فَابْرُدُوْهَا بِالْمَاءِ

✧✧ حضرت رافع بن خدیج رضی اللہ عنہ بیان کرتے ہیں: میں نے نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کو یہ ارشاد فرماتے ہوئے سنا ہے بخار جہنم کے جوش کا حصہ ہے تم اسے پانی کے ذریعے ٹھنڈا کرو۔

أخرجه البخاري في: 76 كتاب الطب: 28 باب الحمى من فيح جهنم

رقم الجزء: 1 رقم الصفحة: 690 (جہانگیری صحیح بخاری مطبوعہ شیخ برادرز رقم الحدیث 5394)

•••———•••———•••

كراهة التداوي بالمدود

مریض کے منہ میں زبردستی دوا ڈالنا مکروہ ہے

1427 ◦ حديث عَائِشَةَ رَضِيَ اللّٰهُ عَنْهَا،

قَالَتْ: لَدَدْنَاهُ فِي مَرَضِهِ، فَجَعَلَ يُشِيرُ إِلَيْنَا أَنْ لَا تَلُدُّونِي فَقُلْنَا: كَرَاهِيَةُ الْمَرِيضِ لِلدَّوَاءِ فَلَمَّا أَفَاقَ، قَالَ: أَلَمْ أَنْهَكُمْ أَنْ تَلُدُّونِي قُلْنَا: كَرَاهِيَةَ الْمَرِيضِ لِلدَّوَاءِ فَقَالَ لَا يَبْقَى أَحَدٌ فِي الْبَيْتِ إِلَّا لُدَّ وَأَنَا أَنْظُرُ، إِلَّا الْعَبَّاسَ، فَإِنَّهُ لَمْ يَشْهَدْكُمْ

✧✧ سیدہ عائشہ رضی اللہ عنہا بیان کرتی ہیں: نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کی بیماری کے دوران ہم نے آپ کو دوا پینے کی وجہ سے اشارہ کیا مگر آپ نے دوا نہ دو! ہم نے یہ سمجھا کہ شاید جیسے بیمار دوا کو ناپسند کرتا ہے آپ بھی اسے دوا کو ناپسند کر رہے ہیں جب آپ کی طبیعت ذرا بحال ہوئی تو آپ نے فرمایا: میں نے تمہیں منع نہیں کیا تھا کہ دوا نہ دو؟ ہم نے عرض کی بیمار دوا کو ناپسند کرتا ہے نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے ارشاد فرمایا: گھر میں موجود ہر شخص کو دوا دی جائے اور میں دیکھتا ہوں اور عباس کو دوا نہیں دی جائے کیونکہ وہ تمہارے ساتھ شامل نہیں تھے۔

أخرجه البخاري في: 64 كتاب المغازي: 83 باب مرض النبي صلى الله عليه وسلم ووفاته

رقم الجزء: 1 رقم الصفحة: 691 (جہانگیری صحیح بخاری مطبوعہ شیخ برادرز رقم الحدیث 4189)

Marfat.com

التداوي بالعود الهندي وهو الكست

عود ہندی اس سے مراد کست ہے دوا کے طور پر استعمال کرنا

1428 حديث أُمِّ قَيْسٍ بِنْتِ مِحْصَنٍ رَضِيَ اللّٰهُ عَنْهَا،

أَنَّهَا أَتَتْ بِابْنٍ لَّهَا صَغِيرٍ، لَمْ يَأْكُلِ الطَّعَامَ، إِلٰى رَسُوْلِ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ فَأَجْلَسَهُ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ فِيْ حِجْرِهٖ، فَبَالَ عَلٰى ثَوْبِهٖ، فَدَعَا بِمَاءٍ فَنَضَحَهُ وَلَمْ يَغْسِلْهُ

✧✧ ام قیس بنت محصن بیان کرتی ہیں' ایک مرتبہ وہ اپنے چھوٹے بچے جس نے ابھی کچھ کھانا شروع نہیں کیا تھا' کو لے کر نبی اکرم ﷺ کی خدمت میں حاضر ہوئیں۔ نبی اکرم ﷺ نے اس بچے کو اپنی گود میں بٹھالیا۔ بچے نے آپ ﷺ کے کپڑوں پر پیشاب کر دیا تو نبی اکرم ﷺ نے پانی منگوا کر اس پر چھڑک دیا اسے دھویا نہیں۔

أخرجه البخاري في: 4 كتاب الوضوء: 59 باب بول الصبيان

رقم الجزء: 1 رقم الصفحة: 691 (جہانگیری صحیح بخاری، مطبوعہ شبیر برادرز، رقم الحدیث:221)

1429 حديث أُمِّ قَيْسٍ بِنْتِ مِحْصَنٍ رَضِيَ اللّٰهُ عَنْهَا،

قَالَتْ: سَمِعْتُ النَّبِيَّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ، يَقُوْلُ: عَلَيْكُمْ بِهٰذَا الْعُوْدِ الْهِنْدِيِّ فَإِنَّ فِيْهِ سَبْعَةَ أَشْفِيَةٍ، يُسْعَطُ بِهٖ مِنَ الْعُذْرَةِ، وَيُلَدُّ بِهٖ مِنْ ذَاتِ الْجَنْبِ

✧✧ سیدہ ام قیس بنت محصن رضی اللہ عنہا بیان کرتی ہیں: میں نے نبی اکرم ﷺ کو یہ ارشاد فرماتے ہوئے سنا ہے: تم عود ہندی استعمال کرو اس میں سات بیماریوں کی شفا موجود ہے۔ گلے کی تکلیف میں اسے ناک میں ڈالا جاتا ہے اور نمونیے میں اسے منہ میں ڈالا جاتا ہے۔

أخرجه البخاري في: 76 كتاب الطب: 10 باب السعوط بالقسط الهندي البحري وهو الكست

رقم الجزء: 1 رقم الصفحة: 691 (جہانگیری صحیح بخاری، مطبوعہ شبیر برادرز، رقم الحدیث:5368)

•••———•••———•••

رقم الحديث: 1429

اخرجه ابوداؤد السجستانی فی "سننه" طبع دارالفکر بیروت، لبنان، رقم الحدیث: **3877** اخرجه ابو عبدالله القزوینی فی "سننه"، طبع دارالفکر بیروت، لبنان، رقم الحدیث: **3462** اخرجه ابوعبدالله الشیبانی فی "مسنده" طبع موسسه قرطبه، قاہره، مصر، رقم الحدیث: **27045** اخرجه ابوعبدالرحمن النسائی فی "سننه" طبع مکتب المطبوعات الاسلامیه، حلب، شام، **1406**ھ، **1986**ء، رقم الحدیث: **7583** ذکره ابوبکر البیهقی فی "سننه الکبری" طبع مکتبه دارالباز، مکه مکرمه، سعودی عرب **1414**ھ/**1994**ء، رقم الحدیث: **19359** اخرجه ابوالقاسم الطبرانی فی "معجمه الکبیر" طبع مکتبه العلوم والحکم، موصل، **1404**ھ/**1983**ء، رقم الحدیث: **442** اخرجه ابوبکر الحمیدی فی "مسنده" طبع دارالکتب العلمیه، مکتبه المتنبی، بیروت، قاہره، رقم الحدیث: **344**

Marfat.com

التداوي بالحبة السوداء

کلونجی کو دوا کے طور پر استعمال کرنا

1430 حديث أَبِي هُرَيْرَةَ رَضِيَ اللّٰهُ عَنْهُ،

أَنَّه سَمِعَ رَسُوْلَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ، يَقُوْلُ: فِي الْحَبَّةِ السَّوْدَاءِ شِفَاءٌ مِّنْ كُلِّ دَاءٍ، إِلَّا السَّامَ

✧✧ حضرت ابوہریرہ رضی اللہ عنہ بیان کرتے ہیں: انہوں نے نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کو یہ ارشاد فرماتے ہوئے سنا ہے کہ نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: سیاہ دانے میں موت کے علاوہ ہر بیماری کی شفاء ہے۔

أخرجه البخاري في: 76 كتاب الطب: 7 باب الحبة السوداء.

رقم الجزء: 1 رقم الصفحة: 692 (جہانگیری صحیح بخاری مطبوعہ شبیر برادرز، رقم الحدیث: 5364)

•••———•••———•••

التلبينة مجمة لفؤاد المريض

تلبینہ بیمار کے دل کو تقویت دیتا ہے

1431 حديث عَائِشَةَ رَضِيَ اللّٰهُ عَنْهَا، زَوْجِ النَّبِيِّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ،

أَنَّهَا كَانَتْ، إِذَا مَاتَ الْمَيِّتُ مِنْ أَهْلِهَا، فَاجْتَمَعَ لِذٰلِكَ النِّسَاءُ، ثُمَّ تَفَرَّقْنَ إِلَّا أَهْلَهَا وَخَاصَّتَهَا أَمَرَتْ بِبُرْمَةٍ مِّنْ تَلْبِينَةٍ فَطُبِخَتْ ثُمَّ صُنِعَ ثَرِيْدٌ فَصُبَّتِ التَّلْبِينَةُ عَلَيْهَا ثُمَّ قَالَتْ: كُلْنَ مِنْهَا، فَإِنِّي سَمِعْتُ رَسُوْلَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ يَقُوْلُ: التَّلْبِينَةُ مَجَمَّةٌ لِفُؤَادِ الْمَرِيضِ تَذْهَبُ بِبَعْضِ الْحُزْنِ

✧✧ سیدہ عائشہ صدیقہ رضی اللہ عنہا کے بارے میں منقول ہے جب ان کے رشتے داروں میں سے کسی خاتون کا انتقال ہو جاتا

رقم الحديث 1430:

اخرجه ابوالحسين مسلم النيسابوري في "صحيحه" طبع دار احياء التراث العربي، بيروت، سنن، رقم الحديث: 2215 اخرجه ابوعبدالرحمن النسائي في "سننه" طبع دار الفكر، بيروت، لبنان، رقم الحديث: 3447 اخرجه ابوعبدالله الشيباني في "مسنده" طبع موسسه قرطبه، قاهره، مصر، رقم الحديث: 7548 اخرجه ابوعبدالله الشيباني في "مسنده" طبع موسسه قرطبه، قاهره، مصر، رقم الحديث: 105 اخرجه سليمان بن احمد الطبراني في "معجمه الكبير" طبع مكتبه العلوم والحكم، موصل، 1404ھ / 1983ء، رقم الحديث: 491 اخرجه ابويعلى احمد الموصلي في "مسنده" طبع دار المامون للتراث، دمشق، شام، 1404ھ-1984ء، رقم الحديث: 6512 اخرجه ابن السني في "مسنده" طبع مكتبه الايمان، مدينه منوره، طبع اول، 1412ھ / 1991ء، رقم الحديث: 123

رقم الحديث: **1431**: اخرجه ابوالحسين مسلم النيسابوري في "صحيحه" طبع دار احياء التراث العربي، بيروت، سنن، رقم الحديث: 2216 اخرجه ابوعبدالله الشيباني في "مسنده" طبع موسسه قرطبه، قاهره، مصر، رقم الحديث: 24556 اخرجه ابوعبدالرحمن النسائي في "سننه" طبع مكتب المطبوعات الاسلاميه، حلب، شام، 1406ھ-1986ء، رقم الحديث: 6693 ذكره ابوبكر احمد البيهقي في "سننه الكبرى" طبع مكتبه دار الباز، مكه مكرمه، سعودي عرب، 1414ھ / 1994ء، رقم الحديث: 6890

Marfat.com

خواتین اکٹھی ہو جاتی پھر وہ خواتین چلی جاتیں صرف گھر والے اور مخصوص افراد رہ جاتے تو سیّدہ عائشہ رضی اللہ عنہا کے حکم کے تحت ایک ہنڈیا میں تلبینہ تیار کیا جاتا پھر ثرید بنایا جاتا اور تلبینہ اس میں ڈال دیا جاتا سیّدہ عائشہ رضی اللہ عنہا فرماتی تھیں: تم لوگ اسے کھاؤ؟ کیونکہ میں نے نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کو یہ ارشاد فرماتے ہوئے سنا ہے: تلبینہ بیمار کے دل کو سکون دیتا ہے اور اس کے غم کو کم کر دیتا ہے۔

أخرجه البخاري في: 70 كتاب الأطعمة: 24 باب التلبينة

رقم الجزء: 7 رقم الصفحة: 692 (جہانگیری صحیح بخاری، مطبوعہ شبیر برادرز، رقم الحدیث: 5101)

•••———•••———•••

التداوي بسقي العسل

شہد پینے کو دوا کے طور پر استعمال کرنا

1432 - حديث أَبِي سَعِيدٍ رَضِيَ اللّٰهُ عَنْهُ،

أَنَّ رَجُلاً أَتَى النَّبِيَّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ، فَقَالَ: أَخِي يَشْتَكِي بَطْنَهُ فَقَالَ: اسْقِهِ عَسَلاً ثُمَّ أَتَى الثَّانِيَةَ، فَقَالَ: اسْقِهِ عَسَلاً ثُمَّ أَتَاهُ الثَّالِثَةَ، فَقَالَ: اسْقِهِ عَسَلاً ثُمَّ أَتَاهُ، فَقَالَ: فَعَلْتُ فَقَالَ: صَدَقَ اللّٰهُ وَكَذَبَ بَطْنُ أَخِيكَ، اسْقِهِ عَسَلاً فَسَقَاهُ، فَبَرَأَ

حضرت ابو سعید خدری رضی اللہ عنہ بیان کرتے ہیں۔ ایک شخص نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کی خدمت میں حاضر ہوا۔ اس نے عرض کی: میرے بھائی کے پیٹ میں تکلیف ہے۔ نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے ارشاد فرمایا: تم اسے شہد پلاؤ۔ وہ دوسری مرتبہ حاضر ہوا تو آپ نے اسے فرمایا: اسے شہد پلاؤ۔ پھر وہ تیسری مرتبہ حاضر ہوا تو آپ نے اسے فرمایا: اسے شہد پلاؤ۔ پھر وہ آپ کی خدمت میں حاضر ہوا تو اس نے عرض کی میں نے ایسا کر لیا ہے۔ تو نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے ارشاد فرمایا: اللہ تعالیٰ نے سچ فرمایا ہے اور تمہارے بھائی کا پیٹ جھوٹ کہتا ہے۔ تم اسے شہد پلاؤ۔ اس شخص نے اسے شہد پلایا تو وہ شخص تندرست ہو گیا۔

أخرجه البخاري في: 76 كتاب الطب: 4 باب الدواء بالعسل

رقم الجزء: 7 رقم الصفحة: 692 (جہانگیری صحیح بخاری، مطبوعہ شبیر برادرز، رقم الحدیث: 5360)

•••———•••———•••

رقم الحديث: 1432

أخرجه الحسين مسلم النيسابوري في "صحيحه" طبع دار احياء التراث العربي، بيروت، لبنان، رقم الحديث: **2217** اخرجه ابو عيسى [illegible] طبع دار احياء التراث العربي، بيروت، لبنان، رقم الحديث: **2082** اخرجه ابوعبدالله النيسابوري في "المستدرک" [illegible] مكتب المطبوعات، بيروت، سن **1411**ھ / **1990**ء، رقم الحديث: **8221** اخرجه ابوعبدالله الشيباني في "مسنده" طبع موسسه قرطبه، [illegible] رقم الحديث: **11162** اخرجه ابوعبدالرحمن النسائي في "سننه" طبع مكتب المطبوعات الاسلاميه، حلب، شام، **1406**ھ، 1986ء، رقم الحديث: **6705** ذكره البيهقي في "سننه الكبرى" طبع مكتبه دار الباز، مكه مكرمه، سعودي عرب **1414**ھ / **1994**ء، رقم الحديث: **19348** اخرجه ابويعلى [illegible] في "مسنده" طبع دار المامون للتراث، دمشق، شام، **1404**ھ-**1984**ء، رقم الحديث: **1261**

Marfat.com

الطاعون والطيرة والكهانة وغيرها

طاعون' بدشگونی' کہانت اور دیگر کا بیان

﴿1433﴾ حديث أُسَامَةَ بْنِ زَيْدٍ رَضِيَ اللّٰهُ عَنْهُمَا،

قَالَ: قَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: الطَّاعُوْنُ رِجْسٌ، أُرْسِلَ عَلٰى طَائِفَةٍ مِّنْ بَنِيْ إِسْرَائِيْلَ، أَوْ عَلٰى مَنْ كَانَ قَبْلَكُمْ، فَإِذَا سَمِعْتُمْ بِهٖ بِأَرْضٍ فَلَا تَقْدَمُوْا عَلَيْهِ وَإِذَا وَقَعَ بِأَرْضٍ وَأَنْتُمْ بِهَا فَلَا تَخْرُجُوا فِرَارًا مِّنْهُ (وَفِيْ رِوَايَةٍ) لَا يُخْرِجُكُمْ إِلَّا فِرَارًا مِّنْهُ

✧✧ حضرت اسامہ رضی اللہ عنہ بیان کرتے ہیں: نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا ہے۔ طاعون ایک عذاب ہے جو بنی اسرائیل کے ایک گروہ کی طرف بھیجا گیا (راوی کو شک ہے کہ شاید یہ الفاظ ہیں:) تم سے پہلے لوگوں کی طرف بھیجا گیا جب تم سنو کہ کسی زمین میں یہ موجود ہے تو تم وہاں نہ آؤ اور اگر یہ اس زمین میں آجائے۔ جہاں تم موجود ہو تو تم اس سے بھاگتے ہوئے وہاں سے نہ نکلو۔

أخرجه البخاري في: 60 كتاب الأنبياء: 54 باب حدثنا أبو اليمان

رقم الجزء: 1 رقم الصفحة: 693 (بہانگیری صحیح بخاری مطبوعہ شبیر برادرز، رقم الحدیث:3286)

﴿1434﴾ حديث عَبْدِ الرَّحْمٰنِ بْنِ عَوْفٍ رَضِيَ اللّٰهُ عَنْهُ

عَنْ عَبْدِ اللّٰهِ بْنِ عَبَّاسٍ، أَنَّ عُمَرَ بْنَ الْخَطَّابِ رَضِيَ اللّٰهُ عَنْهُ، خَرَجَ إِلَى الشَّامِ، حَتّٰى إِذَا كَانَ بِسَرْغَ لَقِيَهُ أُمَرَاءُ الْأَجْنَادِ، أَبُوْ عُبَيْدَةَ بْنُ الْجَرَّاحِ وَأَصْحَابُهُ، فَأَخْبَرُوْهُ أَنَّ الْوَبَاءَ قَدْ وَقَعَ بِأَرْضِ الشَّامِ قَالَ ابْنُ عَبَّاسٍ رَضِيَ اللّٰهُ عَنْهُمَا: فَقَالَ عُمَرُ: ادْعُ لِيَ الْمُهَاجِرِيْنَ الْأَوَّلِيْنَ فَدَعَاهُمْ فَاسْتَشَارَهُمْ وَأَخْبَرَهُمْ أَنَّ الْوَبَاءَ قَدْ وَقَعَ بِالشَّامِ، فَاخْتَلَفُوْا فَقَالَ بَعْضُهُمْ: قَدْ خَرَجْتَ لِأَمْرٍ، وَلَا نَرٰى أَنْ تَرْجِعَ عَنْهُ وَقَالَ بَعْضُهُمْ: مَعَكَ بَقِيَّةُ النَّاسِ وَأَصْحَابُ رَسُوْلِ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ، وَلَا نَرٰى أَنْ تُقْدِمَهُمْ عَلٰى هٰذَا الْوَبَاءِ فَقَالَ: ارْتَفِعُوْا عَنِّيْ ثُمَّ قَالَ: ادْعُوْا لِي الْأَنْصَارَ فَدَعَوْتُهُمْ، فَاسْتَشَارَهُمْ فَسَلَكُوْا سَبِيْلَ الْمُهَاجِرِيْنَ، وَاخْتَلَفُوْا كَاخْتِلَافِهِمْ فَقَالَ: ارْتَفِعُوْا عَنِّيْ ثُمَّ قَالَ: ادْعُ لِيْ مَنْ كَانَ هٰهُنَا مِنْ مَشْيَخَةِ قُرَيْشٍ مِّنْ مُهَاجِرَةِ الْفَتْحِ فَدَعَوْتُهُمْ، فَلَمْ يَخْتَلِفْ مِنْهُمْ عَلَيْهِ رَجُلَانِ فَقَالُوْا: نَرٰى أَنْ تَرْجِعَ بِالنَّاسِ وَلَا تُقْدِمَهُمْ عَلٰى هٰذَا الْوَبَاءِ فَنَادٰى عُمَرُ، فِي النَّاسِ: إِنِّيْ مُصَبِّحٌ عَلٰى ظَهْرٍ فَأَصْبِحُوْا عَلَيْهِ قَالَ أَبُوْ عُبَيْدَةَ بْنُ الْجَرَّاحِ: أَفِرَارًا مِّنْ قَدَرِ اللّٰهِ فَقَالَ عُمَرُ: لَوْ غَيْرُكَ قَالَهَا يَا أَبَا عُبَيْدَةَ نَعَمْ، نَفِرُّ مِنْ قَدَرِ اللّٰهِ إِلٰى قَدَرِ اللّٰهِ، أَرَأَيْتَ لَوْ كَانَ لَكَ إِبِلٌ هَبَطَتْ وَادِيًا لَهُ عُدْوَتَانِ، إِحْدَاهُمَا خَصِبَةٌ

رقم الحديث : 1433

اخرجه ابوالحسين مسلم النيسابوري في "صحيحه" طبع داراحياء التراث العربي، بيروت، لبنان، رقم الحديث:2218 اخرجه ابوداؤد السجستاني في "سننه" طبع دارالفكر بيروت، لبنان، رقم الحديث:3103 اخرجه ابو عيسى الترمذي، في "جامعه" طبع داراحياء التراث العربي، بيروت، لبنان، رقم الحديث. 1065 اخرجه ابوعبدالله الاصبحي في "المؤطا" طبع داراحياء التراث العربي تحقيق فواد عبدالباقي، رقم الحديث:1587 اخرجه ابوعبدالله الشيباني في "مسنده" طبع موسسه قرطبه، قاهره، مصر، رقم الحديث:17790

Marfat.com

وَالْأُخْرٰى جَدْبَةٌ، أَلَيْسَ إِنْ رَعَيْتَ الْخَصِبَةَ رَعَيْتَهَا بِقَدَرِ اللّٰهِ، وَإِنْ رَعَيْتَ الْجَدْبَةَ رَعَيْتَهَا بِقَدَرِ اللّٰهِ قَالَ: فَجَاءَ عَبْدُ الرَّحْمٰنِ بْنُ عَوْفٍ وَكَانَ مُتَغَيِّبًا فِي بَعْضِ حَاجَتِهِ، فَقَالَ: إِنَّ عِنْدِي فِي هٰذَا عِلْمًا سَمِعْتُ رَسُوْلَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ، يَقُوْلُ: إِذَا سَمِعْتُمْ بِهِ بِأَرْضٍ فَلَا تَقْدَمُوْا عَلَيْهِ، وَإِذَا وَقَعَ بِأَرْضٍ وَأَنْتُمْ بِهَا فَلَا تَخْرُجُوا فِرَارًا مِنْهُ قَالَ: فَحَمِدَ اللّٰهَ عُمَرُ، ثُمَّ انْصَرَفَ

✧✧ حضرت عبداللہ بن عباس رضی اللہ عنہما بیان کرتے ہیں: حضرت عمر بن خطاب رضی اللہ عنہ شام کی طرف تشریف لے گئے جب آپ "سرغ" کے مقام پر پہنچے تو لشکروں کے امیر حضرت ابوعبیدہ بن جراح رضی اللہ عنہ اپنے ساتھیوں سمیت آپ سے ملے۔ انہوں نے آپ کو بتایا کہ شام میں وبا پھیل چکی ہے۔ حضرت ابن عباس رضی اللہ عنہما فرماتے ہیں: حضرت عمر رضی اللہ عنہ نے فرمایا: میرے پاس مہاجرین اولین کو بلا کر لاؤ تو حضرت ابن عباس رضی اللہ عنہما انہیں بلا کر لائے۔ حضرت عمر رضی اللہ عنہ نے ان سے مشورہ کیا اور انہیں اس بارے میں بتایا کہ شام میں وبا پھیل چکی ہے تو انہوں نے اس بارے میں اختلاف کیا۔ کچھ نے کہا: آپ جس کام کے لئے نکلے ہیں ہمارے خیال میں آپ کو اسے چھوڑنا نہیں چاہئے اور بعض نے یہ کہا: آپ کے ساتھ گنے چنے افراد موجود ہیں جو نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کے اصحاب ہیں۔ ہمارے خیال میں آپ کو اس وبا میں شامل نہیں ہونا چاہئے۔ حضرت عمر رضی اللہ عنہ نے فرمایا: آپ لوگ میرے پاس سے تشریف لے جائیں۔ پھر آپ نے حکم دیا کہ میرے پاس انصار کو بلا کر لاؤ۔ حضرت ابن عباس رضی اللہ عنہما کہتے ہیں: پھر میں انہیں بلا کر لایا۔ حضرت عمر رضی اللہ عنہ نے ان سے بھی مشورہ کیا تو انہوں نے بھی مہاجرین جیسا رویہ اختیار کیا۔ ان کے درمیان بھی مہاجرین کی طرح اختلاف ہو گیا۔ حضرت عمر رضی اللہ عنہ نے فرمایا: آپ لوگ میرے پاس سے اٹھ جائیں۔ پھر آپ نے حکم دیا کہ میرے پاس یہاں جتنے بھی قریش کے بزرگ موجود ہیں جو فتح مکہ کے موقع پر ہجرت کر کے آئے تھے انہیں بلا کر لاؤ۔ میں انہیں بلا کر لایا تو ان میں سے دو افراد نے بھی اس بارے میں اختلاف نہیں کیا انہوں نے یہی کہا کہ ہمارا یہ خیال ہے کہ آپ لوگ واپس چلے جائیں اور اس وبائی علاقے میں نہ جائیں۔ حضرت عمر رضی اللہ عنہ نے لوگوں میں یہ اعلان کر دیا: ہم کل صبح (سوار ہو کر) واپس چلے جائیں گے۔ حضرت ابوعبیدہ رضی اللہ عنہ نے کہا: کیا آپ اللہ کی تقدیر سے بھاگنا چاہتے ہیں؟ حضرت عمر رضی اللہ عنہ نے فرمایا: اے ابوعبیدہ! اگر آپ کے علاوہ یہ بات کسی اور نے کہی ہوتی تو (افسوس نہ ہوتا) ہم اللہ کی مقرر کردہ تقدیر سے بھاگ کر اللہ کی مقرر کردہ تقدیر کی طرف جا رہے ہیں۔ کیا آپ نے غور فرمایا؟ اگر آپ کے پاس اونٹ موجود ہوں اور آپ کسی ایسی وادی میں پہنچیں جس کے دو کنارے ہوں جن میں سے ایک سرسبز ہو اور دوسرا بنجر ہو اگر آپ سرسبز کنارے میں اپنے اونٹ کو چرائیں گے تو یہ اللہ کی تقدیر کے مطابق ہوگا اور اگر آپ بنجر کنارے میں اپنے اونٹ کو

رقم الحدیث: 1434

اخرجہ ابوالحسین مسلم النیسابوری فی "صحیحہ" طبع داراحیاء التراث العربی، بیروت، لبنان، رقم الحدیث: **2219** اخرجہ ابوعبداللہ الاصبحی فی "الموطا" طبع داراحیاء التراث العربی (تحقیق فواد عبدالباقی)، رقم الحدیث: **1587** اخرجہ ابوعبداللہ الشیبانی فی "مسندہ" طبع موسسہ قرطبہ، قاہرہ، مصر، رقم الحدیث: **1682** اخرجہ ابوحاتم البستی فی "صحیحہ" طبع موسسہ الرسالہ، بیروت، لبنان، **1414**ھ/**1993**ء، رقم الحدیث: **2912** اخرجہ ابوعبدالرحمن النسائی فی "سننہ" طبع مکتب المطبوعات الاسلامیہ، حلب، شام، **1406**ھ/**1986**ء، رقم الحدیث: **7521** اخرجہ ابویعلی الموصلی فی "مسندہ" طبع دارالمامون للتراث، دمشق، شام، **1404**ھ/**1984**ء، رقم الحدیث: **837**

Marfat.com

چرائیں گے تو یہ بھی اللہ کی تقدیر کے مطابق ہوگا۔

حضرت ابن عباس رضی اللہ عنہما بیان کرتے ہیں: پھر حضرت عبدالرحمن بن عوف رضی اللہ عنہ آئے۔ وہ اپنے کسی کام کی وجہ سے وہاں موجود نہ تھے۔ انہوں نے بتایا: میرے پاس اس بارے میں علم موجود ہے۔

میں نے نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کو یہ ارشاد فرماتے ہوئے سنا ہے: اگر تم کسی علاقے میں اس (طاعون) کے بارے میں سنو تو تم وہاں نہ جاؤ اور اگر یہ اس علاقے میں واقع ہو جائے جہاں تم موجود ہو تو اس جگہ کو چھوڑتے ہوئے اس جگہ سے باہر نہ نکلو۔

راوی بیان کرتے ہیں: حضرت عمر رضی اللہ عنہ نے اس بات پر اللہ کی حمد بیان کی اور پھر وہاں سے واپس آ گئے۔

أخرجه البخاري في: 76 كتاب الطب: 30 باب ما يذكر في الطاعون

رقم الجزء: 1 رقم الصفحة: 693 (جہانگیری صحیح بخاری مطبوعہ شبیر برادرز، رقم الحدیث: 5397)

•••————•••————•••

لا عدوى ولا طيرة ولا هامة ولا صفر ولا نوء ولا غول ولا يورد ممرض على مصح

چھوت چھات، بدشگونی، صفر (کے مہینے کا منحوس ہونا) ستاروں (کا اثر انداز ہونا) بھوت پریت وغیرہ کی کوئی حقیقت نہیں ہے، البتہ بیمار شخص کو تندرست شخص کے پاس نہیں رکھا جائے گا

1435 حديث أَبِي هُرَيْرَةَ رَضِيَ اللّٰهُ عَنْهُ،

قَالَ: إِنَّ رَسُوْلَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ، قَالَ: لاَ عَدْوى وَلاَ صَفَرَ وَلاَ هَامَةَ فَقَالَ أَعْرَابِيٌّ: يَا رَسُوْلَ اللّٰهِ فَمَا بَالُ إِبِلِيْ تَكُوْنُ فِي الرَّمْلِ كَأَنَّهَا الظِّبَاءُ، فَيَأْتِي الْبَعِيْرُ الْأَجْرَبُ فَيَدْخُلُ بَيْنَهَا فَيُجْرِبُهَا فَقَالَ: فَمَنْ أَعْدَى الْأَوَّلَ

✧✧ حضرت ابوہریرہ رضی اللہ عنہ بیان کرتے ہیں: نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے ارشاد فرمایا ہے: عدوی، صفر اور ہامہ کی کوئی حقیقت نہیں ہے۔ ایک دیہاتی نے عرض کیا: یارسول اللہ! کیا وجہ ہے کہ میرا اونٹ جنگلوں میں ہرنوں کی طرح گھوم رہا ہوتا ہے پھر ایک خارش زدہ اونٹ ان کے درمیان آتا ہے اور انہیں بھی خارش زدہ کر دیتا ہے۔ نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: پہلے کو خارش میں کس نے مبتلا کیا؟

أخرجه البخاري في: 76 كتاب الطب: 25 باب لا صفر وهو داء يأخذ البطن

رقم الجزء: 1 رقم الصفحة: 695 (جہانگیری صحیح بخاری مطبوعہ شبیر برادرز، رقم الحدیث: 5387)

1436 حديث أَبِي هُرَيْرَةَ رَضِيَ اللّٰهُ عَنْهُ

قَالَ: قَالَ النَّبِيُّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: لاَ يُوْرِدَنَّ مُمْرِضٌ عَلَى مُصِحٍّ

✧✧ حضرت ابوہریرہ رضی اللہ عنہ بیان کرتے ہیں: نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے ارشاد فرمایا ہے: کسی بیمار شخص کو کسی صحت مند شخص کے پاس ہرگز نہ لایا جائے۔

Marfat.com

أخرجه البخاري في: 76 كتاب الطب: 53 باب لا هامة

رقم الجزء: 1 رقم الصفحة: 696 (جہانگیری صحیح بخاری، مطبوعہ شبیر برادرز، رقم الحدیث:5437)

•••———•••———•••

الطيرة والفأل وما يكون فيه الشؤم

بدفال اور نیک فال کا حکم اور کن چیزوں میں نحوست ہوتی ہے

1437 حديث أَنَسِ بْنِ مَالِكٍ رَضِيَ اللّٰهُ عَنْهُ،

عَنِ النَّبِيِّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ، قَالَ: لاَ عَدْوَى وَلاَ طِيَرَةَ، وَيُعْجِبُنِي الْفَأْلُ قَالُوْا: وَمَا الْفَأْلُ قَالَ: كَلِمَةٌ طَيِّبَةٌ

❖ ❖ حضرت انس بن مالک رضی اللہ عنہ نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کا یہ فرمان نقل کرتے ہیں: عدویٰ اور طیرہ کی کوئی حقیقت نہیں ہے مجھے فال پسند ہے لوگوں نے دریافت کیا: فال سے کیا مراد ہے؟ آپ نے فرمایا: اچھی بات۔

أخرجه البخاري في: 76 كتاب الطب: 54 باب لا عدوى

رقم الجزء: 1 رقم الصفحة: 696 (جہانگیری صحیح بخاری، مطبوعہ شبیر برادرز، رقم الحدیث:5440)

1438 حديث أَبِي هُرَيْرَةَ رَضِيَ اللّٰهُ عَنْهُ،

قَالَ: سَمِعْتُ رَسُوْلَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ، يَقُوْلُ: لاَ طِيَرَةَ، وَخَيْرُهَا الْفَأْلُ قَالُوْا: وَمَا الْفَأْلُ قَالَ: الْكَلِمَةُ الصَّالِحَةِ يَسْمَعُهَا أَحَدُكُمْ

❖ ❖ حضرت ابوہریرہ رضی اللہ عنہ بیان کرتے ہیں: میں نے نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کو ارشاد فرماتے ہوئے سنا ہے: بدفالی کی کوئی حقیقت نہیں ہے البتہ اس میں سب سے بہتر فال ہے لوگوں نے دریافت کیا: اس سے مراد کیا ہے؟ آپ نے فرمایا: وہ اچھی بات جو کوئی سن لے۔

أخرجه البخاري في: 76 كتاب الطب: 43 باب الطيرة

رقم الجزء: 1 رقم الصفحة: 696 (جہانگیری صحیح بخاری، مطبوعہ شبیر برادرز، رقم الحدیث:5422)

رقم الحديث 1438

اخرجه ابوالحسين مسلم النيسابوري في "صحيحه" طبع داراحياء التراث العربي، بيروت، لبنان، رقم الحديث: **2223** اخرجه ابو عيسى الترمذي في "جامعه" طبع داراحياء التراث العربي، بيروت، لبنان، رقم الحديث: **1615** اخرجه ابوعبدالله الشيباني في "مسنده" طبع موسسه قرطبه، قاهره، مصر، رقم الحديث: **9848** اخرجه ابوحاتم البستي في "صحيحه" طبع موسسه الرساله، بيروت، لبنان، **1414**ھ/**1993**ء، رقم الحديث: **6124** اخرجه ابويعلى الموصلي في "مسنده" طبع دارالمامون للتراث، دمشق، شام، **1404**ھ-**1984**ء، رقم الحديث: **3210** اخرجه ابوعبدالله البخاري في "الادب المفرد" طبع دارالبشائر الاسلاميه، بيروت، لبنان، **1409**ھ/**1989**ء، رقم الحديث: **910** اخرجه ابوبكر الصنعاني في "مصنفه" طبع المكتب الاسلامي، بيروت لبنان، (طبع ثاني) **1403**ھ، رقم الحديث: **19503**

Marfat.com

﴿1439﴾ حديث ابْنِ عُمَرَ رَضِيَ اللّٰهُ عَنْهُمَا،

أَنَّ رَسُوْلَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ، قَالَ: لاَ عَدْوَى وَلاَ طِيَرَةَ، وَالشُّؤْمُ فِيْ ثَلاَثٍ: فِي الْمَرْأَةِ وَالدَّارِ وَالدَّابَّةِ

✧✧ حضرت ابن عمر رضی اللہ عنہما بیان کرتے ہیں: نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے ارشاد فرمایا ہے: عدویٰ (چھوت) اور بدفالی کی کوئی حقیقت نہیں ہے وہ صرف تین چیزوں میں ہوتی ہے۔ عورت، گھر اور جانور۔

أخرجه البخاري في: 76 كتاب الطب: 43 باب الطيرة

رقم الجزء: 1 رقم الصفحة: 696 (جہانگیری صحیح بخاری مطبوعہ شبیر برادرز، رقم الحدیث: 5421)

﴿1440﴾ حديث سَهْلِ بْنِ سَعْدٍ السَّاعِدِيِّ رَضِيَ اللّٰهُ عَنْهُ،

أَنَّ رَسُوْلَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ، قَالَ: إِنْ كَانَ فِيْ شَيْءٍ فَفِي الْمَرْأَةِ وَالْفَرَسِ وَالْمَسْكَنِ

✧✧ حضرت سہل بن سعد ساعدی رضی اللہ عنہ بیان کرتے ہیں: نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے ارشاد فرمایا ہے: اگر یہ نحوست کسی چیز میں موجود ہوتی تو عورت میں ہوتی، گھوڑے میں ہوتی یا رہائش میں ہوتی۔

أخرجه البخاري في: 56 كتاب الجهاد والسير: 47 باب ما يذكر من شؤم الفرس

رقم الجزء: 1 رقم الصفحة: 697 (جہانگیری صحیح بخاری مطبوعہ شبیر برادرز، رقم الحدیث: 2704)

•••———•••———•••

قتل الحيات وغيرها

سانپوں وغیرہ کو ہلاک کرنا

﴿1441﴾ حديث ابْنِ عُمَرَ وَأَبِيْ لُبَابَةَ رَضِيَ اللّٰهُ عَنْهُمْ

قَالَ ابْنُ عُمَرَ رَضِيَ اللّٰهُ عَنْهُمَا: إِنَّهُ سَمِعَ النَّبِيَّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ يَخْطُبُ عَلَى الْمِنْبَرِ، يَقُوْلُ: اقْتُلُوا الْحَيَّاتِ، وَاقْتُلُوْا ذَا الطُّفْيَتَيْنِ وَالْأَبْتَرَ، فَإِنَّهُمَا يَطْمِسَانِ الْبَصَرَ وَيَسْتَسْقِطَانِ الْحَبَلَ

قَالَ عَبْدُ اللّٰهِ: فَبَيْنَا أَنَا أُطَارِدُ حَيَّةً لِأَقْتُلَهَا، فَنَادَانِيْ أَبُوْ لُبَابَةَ: لاَ تَقْتُلْهَا فَقُلْتُ: إِنَّ رَسُوْلَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ، قَدْ أَمَرَ بِقَتْلِ الْحَيَّاتِ قَالَ: إِنَّهُ نَهَى بَعْدَ ذٰلِكَ عَنْ ذَوَاتِ الْبُيُوْتِ، وَهِيَ الْعَوَامِرُ

وَفِيْ رِوَايَةٍ (فَرَانِيْ أَبُوْ لُبَابَةَ أَوْ زَيْدُ بْنُ الْخَطَّابِ)

رقم الحديث: 1440

اخرجه ابوالحسين مسلم النيسابوري في "صحيحه" طبع دار احياء التراث العربي، بيروت، لبنان، رقم الحديث: 2227 اخرجه ابوحاتم البستي في "صحيحه" طبع موسسه الرساله، بيروت، لبنان، 1414ھ/1993ء، رقم الحديث: 4033 اخرجه ابوعبدالرحمن النسائي في "سننه" طبع مكتب المطبوعات الاسلاميه، حلب، شام، 1406ھ، 1986ء، رقم الحديث: 9280 اخرجه ابوالقاسم الطبراني في "معجمه الكبير" طبع مكتبه العلوم والحكم، موصل، 1404ھ/1983ء، رقم الحديث: 5747

Marfat.com

✧✧ حضرت ابن عمر رضی اللہ عنہما بیان کرتے ہیں: انہوں نے نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کو منبر پر خطبہ دیتے ہوئے یہ بیان کرتے ہوئے سنا ہے: سانپوں کو قتل کر دو اور دو دھاری والے سانپ کو قتل کرو اور دم کٹے ہوئے سانپ کو قتل کرو' کیونکہ یہ دونوں بینائی کو رخصت کر دیتے ہیں اور حمل کو ضائع کر دیتے ہیں۔

حضرت عبداللہ رضی اللہ عنہ بیان کرتے ہیں' ایک مرتبہ میں ایک سانپ کا پیچھا کر رہا تھا تا کہ میں اسے مار دوں تو حضرت ابولبابہ رضی اللہ عنہ نے بلند آواز میں مجھ سے کہا: تم اسے قتل نہ کرو! میں نے کہا نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے سانپوں کو قتل کرنے کا حکم دیا ہے۔ انہوں نے بتایا: نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے بعد میں' گھروں میں رہنے والے سانپوں (کو مارنے) سے منع کر دیا تھا۔

یہی روایت بعض دیگر اسناد کے ہمراہ منقول ہے اور اس میں یہ مذکور ہے: حضرت ابولبابہ رضی اللہ عنہ اور حضرت زید بن خطاب رضی اللہ عنہ نے حضرت عبداللہ بن عمر رضی اللہ عنہما کو دیکھ کر انہیں منع کیا تھا۔

أخرجه البخاري في: 59 كتاب بدء الخلق: 14 باب قول الله تعالى (وبث فيها من كل دابة)

رقم الجزء: 1 رقم الصفحة: 697 (جہانگیری صحیح بخاری، مطبوعہ شبیر برادرز، رقم الحدیث:3123)

1442 حديث عَبْدِ اللّٰهِ بْنِ مَسْعُوْدٍ رَضِيَ اللّٰهُ عَنْهُ،

قَالَ: بَيْنَا نَحْنُ مَعَ رَسُوْلِ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ، فِيْ غَارٍ، إِذْ نَزَلَتْ عَلَيْهِ وَالْمُرْسَلاَتِ فَتَلَقَّيْنَاهَا مِنْ فِيْهِ وَإِنَّ فَاهُ لَرَطْبٌ بِهَا، إِذْ خَرَجَتْ حَيَّةٌ فَقَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: عَلَيْكُمُ اقْتُلُوْهَا قَالَ: فَابْتَدَرْنَاهَا فَسَبَقَتْنَا قَالَ: فَقَالَ: وُقِيَتْ شَرَّكُمْ كَمَا وُقِيتُمْ شَرَّهَا

✧✧ حضرت عبداللہ رضی اللہ عنہ بیان کرتے ہیں: ایک مرتبہ ہم نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کے ساتھ ایک غار میں موجود تھے' سورہ والمرسلات نازل ہوئی ہم نے آپ کی زبانی اسے سیکھ لیا۔ جب ہم اسے سیکھ رہے تھے اسی دوران ایک سانپ نکل آیا' نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: اسے مار دو! ہم آگے بڑھے تو وہ ہم سے آگے نکل گیا' نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: اسے تمہارے نقصان سے بچا لیا گیا۔ جس طرح تم کو اس کے نقصان سے بچا لیا گیا۔

أخرجه البخاري في: 65 كتاب التفسير: 77 سورة والمرسلات: 1 باب حدثني محمود

رقم الجزء: 1 رقم الصفحة: 697 (جہانگیری صحیح بخاری، مطبوعہ شبیر برادرز، رقم الحدیث:4647)

•••———•••———•••

رقم الحديث: 1441

اخرجه ابو الحسن مسلم النيسابوري في "صحيحه" طبع داراحياء التراث العربي، بيروت، لبنان، رقم الحديث: **2233** اخرجه ابوداؤد السجستاني في "سننه" طبع دار الفكر بيروت، لبنان، رقم الحديث: **5252** اخرجه ابو عيسىٰ الترمذي، في "جامعه"، طبع داراحياء التراث العربي، بيروت، لبنان، رقم الحديث: **1483** اخرجه ابو عبدالله القزويني في "سننه"، طبع دار الفكر، بيروت، لبنان، رقم الحديث: **3535** اخرجه ابو عبدالله الشيباني في "مسنده" طبع موسسه قرطبه، قاہره، مصر، رقم الحديث: **4557** اخرجه ابوحاتم البستي في "صحيحه" طبع موسسه الرساله، بيروت، لبنان، **1414**ھ/**1993**ء، رقم الحديث: **5638** اخرجه ابويعلى الموصلي في "مسنده" طبع دار المامون للتراث، دمشق، شام، **1404**ھ-**1984**ء، رقم الحديث: **5493**

Marfat.com

استحباب قتل الوزغ

گرگٹ کو مار دینا مستحب ہے

1443 حديث أُمِّ شَرِيكٍ رَضِيَ اللّٰهُ عَنْهَا،
أَنَّ النَّبِيَّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ أَمَرَهَا بِقَتْلِ الْأَوْزَاغِ

✧✧ سیدہ ام شریک رضی اللہ عنہا بیان کرتی ہیں: نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے انہیں گرگٹ کو مارنے کا حکم دیا ہے۔

أخرجه البخاري في: 59 كتاب بدء الخلق: 15 باب خير مال المسلم غنم يتبع بها شعف الجبال
رقم الجزء: 1 رقم الصفحة: 698 (جہانگیری صحیح بخاری مطبوعہ شبیر برادرز، رقم الحدیث: 3131)

1444 حديث عَائِشَةَ رَضِيَ اللّٰهُ عَنْهَا، زَوْجِ النَّبِيِّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ:
أَنَّ رَسُوْلَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ، قَالَ لِلْوَزَغِ فُوَيْسِقٌ وَلَمْ أَسْمَعْهُ أَمَرَ بِقَتْلِه

✧✧ سیدہ عائشہ صدیقہ رضی اللہ عنہا بیان کرتی ہیں: نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے چھپکلی کے بارے میں ارشاد فرمایا: یہ موذی ہے۔ تاہم میں نے آپ کو اس کو قتل کرنے کا حکم دیتے ہوئے نہیں سنا

أخرجه البخاري في: 28 كتاب جزاء الصيد: 7 باب ما يقتل المحرم من الدواب
رقم الجزء: 1 رقم الصفحة: 698 (جہانگیری صحیح بخاری مطبوعہ شبیر برادرز، رقم الحدیث: 1734)

•••———•••———•••

رقم الحديث : 1443

اخرجه ابوالحسين مسلم النيسابوري في "صحيحه" طبع داراحياء التراث العربي، بيروت، لبنان، رقم الحديث **2237** اخرجه ابوداؤد السجستاني في "سننه" طبع دارالفكر، بيروت، لبنان، رقم الحديث: **5262** اخرجه ابوعبدالرحمن النسائي في "سننه" طبع مكتب المطبوعات الاسلاميه، حلب، شام، **1406**ھ، **1986**ء، رقم الحديث: **2885** اخرجه ابوعبدالله القزويني في "سننه" طبع دارالفكر، بيروت، لبنان، رقم الحديث: **3228** اخرجه ابومحمد الدارمي في "سننه" طبع دارالكتب العربي، بيروت، لبنان، **1407**ھ، **1987**ء، رقم الحديث: **2000** اخرجه ابوعبدالله الشيباني في "مسنده" طبع موسسه قرطبه، قاهره، مصر، رقم الحديث: **27660** اخرجه ابوحاتم البستي في "صحيحه" طبع موسسه الرساله، بيروت، لبنان، **1414**ھ/**1993**ء، رقم الحديث: **5634** اخرجه ابوعبدالرحمن النسائي في "سننه" طبع مكتب المطبوعات الاسلاميه، حلب، شام، **1406**ھ، **1986**ء، رقم الحديث: **8368** ذكره ابوبكر البيهقي في "سننه الكبرى" طبع مكتبه دارالباز، مكه مكرمه، سعودي عرب **1414**ھ/**1994**ء، رقم الحديث: **19151** اخرجه ابوالقاسم الطبراني في "معجمه الكبير" طبع مكتبه العلوم والحكم، موصل، **1404**ھ/**1983**ء، رقم الحديث: **250** اخرجه ابوبكر الحميدي في "مسنده" طبع دارالكتب العلميه، مكتبه المتنبي، بيروت، قاهره، رقم الحديث: **350** اخرجه ابومحمد الكسي في "مسنده" طبع مكتبة السنة، قاهره، مصر، **1408**ھ/**1988**ء، رقم الحديث: **1559**

رقم الحديث : 1444: اخرجه ابوعبدالله الشيباني في "مسنده" طبع موسسه قرطبه، قاهره، مصر، رقم الحديث: **24612** ذكره ابوبكر البيهقي في "سننه الكبرى" طبع مكتبه دارالباز، مكه مكرمه، سعودي عرب **1414**ھ/**1994**ء، رقم الحديث: **9827**

Marfat.com

النهي عن قتل النمل
چیونٹیوں کو مارنے کی ممانعت

﴿1445﴾ حديث أَبِي هُرَيْرَةَ رَضِيَ اللّٰهُ عَنْهُ،

قَالَ: سَمِعْتُ رَسُوْلَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ يَقُوْلُ: قَرَصَتْ نَمْلَةٌ نَبِيًّا مِّنَ الْأَنْبِيَاءِ، فَأَمَرَ بِقَرْيَةِ النَّمْلِ فَأُحْرِقَتْ، فَأَوْحى اللّٰهُ إِلَيْهِ أَنْ قَرَصَتْكَ نَمْلَةٌ أَحْرَقْتَ أُمَّةً مِّنَ الْأُمَمِ تُسَبِّحُ

✧✧ حضرت ابوہریرہ رضی اللہ عنہ بیان کرتے ہیں' میں نے نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کو یہ ارشاد فرماتے ہوئے سنا ہے۔ایک چیونٹی نے ایک نبی کو کاٹ لیا اس نبی کے حکم کے تحت چیونٹیوں کی وہ بستی جلادی گئی تو اللہ تعالیٰ نے اس نبی کی طرف یہ وحی کی: تمہیں ایک چیونٹی نے کاٹ لیا تھا تو تم نے ایسی امت کو جلادیا جو اللہ تعالیٰ کی حمد وثناء کرتی تھی۔

أخرجه البخاري في: 56 كتاب الجهاد: 153 باب حدثنا يحيى

رقم الجزء: 1 رقم الصفحة: 698 (جہانگیری صحیح بخاری، مطبوعہ شبیر برادرز، رقم الحدیث:2856)

•••———•••———•••

تحريم قتل الهرة
بلی کو مارنا حرام ہے

﴿1446﴾ حديث عَبْدِ اللّٰهِ بْنِ عُمَرَ رَضِيَ اللّٰهُ عَنْهُ،

أَنَّ رَسُوْلَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ، قَالَ: عُذِّبَتِ امْرَأَةٌ فِي هِرَّةٍ سَجَنَتْهَا حَتّٰى مَاتَتْ، فَدَخَلَتْ فِيْهَا النَّارَ، لاَ هِيَ أَطْعَمَتْهَا وَلاَ سَقَتْهَا إِذْ هِيَ حَبَسَتْهَا، وَلاَ هِيَ تَرَكَتْهَا تَأْكُلُ مِنْ خَشَاشِ الْأَرْضِ

✧✧ حضرت عبداللہ بن عمر رضی اللہ عنہما بیان کرتے ہیں' نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے ارشاد فرمایا ہے: ایک خاتون کو ایک بلی کی وجہ سے عذاب کا شکار کیا گیا جسے اس نے باندھ کے رکھا تھا یہاں تک کہ وہ مرگئی وہ عورت اس کی وجہ سے جہنم میں چلی گئی کیوں کہ اس نے

رقم الحديث : 1445

اخرجه ابوالحسين مسلم النيسابوري في "صحيحه" طبع داراحياء التراث العربي، بيروت، لبنان، رقم الحديث: 2241 اخرجه ابوداؤد السجستاني في "سننه" طبع دارالفكر بيروت، لبنان، رقم الحديث:5266 اخرجه ابوعبدالرحمن النسائي في "سننه" طبع مكتب المطبوعات الاسلاميه، حلب، شام، 1406ھ، 1986ء، رقم الحديث: 4358 اخرجه ابو عبدالله القزويني في "سننه"، طبع دارالفكر، بيروت، لبنان، رقم الحديث: 3225 اخرجه ابوعبدالله الشيباني في "مسنده" طبع موسسه قرطبه، قابره، مصر، رقم الحديث: 9218 اخرجه ابوحاتم البستي في "صحيحه" طبع موسسه الرساله، بيروت، لبنان، 1414ھ/1993ء، رقم الحديث: 5614 اخرجه ابوعبدالرحمن النسائي في "سننه" طبع مكتب المطبوعات الاسلاميه، حلب، شام، 1406ھ، 1986ء، رقم الحديث: 4870 ذكره ابوبكر البيهقي في "سننه الكبرى" طبع مكتبه دارالباز، مكه مكرمه، سعودي عرب 1414ھ/1994ء، رقم الحديث: 9848 اخرجه ابويعلى الموصلي في "مسنده" طبع دارالمامون للتراث، دمشق، شام، 1404ھ-1984ء، رقم الحديث:5848

Marfat.com

اسے کھانے کے لئے کچھ نہیں دیا تھا پینے کے لئے کچھ نہیں دیا تھا اور چھوڑا بھی نہیں تھا کہ وہ خود ہی کچھ کھا پی لیتی۔

أخرجه البخاري في: 60 كتاب الأنبياء: 54 باب حدثنا أبو اليمان

رقم الجزء: 1 رقم الصفحة: 699 (جہانگیری صحیح بخاری مطبوعہ شبیر برادرز، رقم الحدیث 3295)

•••———•••———•••

فضل ساقي البهائم المحترمة وإطعامها

جو جانور ایذا نہ پہنچاتا ہوا سے کچھ کھلانے یا پلانے کی فضیلت

﴿1447﴾ حديث أَبِي هُرَيْرَةَ رَضِيَ اللّٰهُ عَنْهُ،

أَنَّ رَسُوْلَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ، قَالَ: بَيْنَا رَجُلٌ يَمْشِي فَاشْتَدَّ عَلَيْهِ الْعَطَشُ، فَنَزَلَ بِئْرًا، فَشَرِبَ مِنْهَا، ثُمَّ خَرَجَ: فَإِذَا هُوَ بِكَلْبٍ يَلْهَثُ يَأْكُلُ الثَّرٰى مِنَ الْعَطَشِ فَقَالَ: لَقَدْ بَلَغَ هٰذَا مِثْلُ الَّذِي بَلَغَ بِي فَمَلَأَ خُفَّهُ، ثُمَّ أَمْسَكَهُ بِفِيْهِ، ثُمَّ رَقِيَ، فَسَقَى الْكَلْبَ فَشَكَرَ اللّٰهُ لَهُ فَغَفَرَ لَهُ قَالُوْا: يَا رَسُوْلَ اللّٰهِ وَإِنَّ لَنَا فِي الْبَهَائِمِ أَجْرًا قَالَ: فِي كُلِّ كَبِدٍ رَطْبَةٍ أَجْرٌ

✧✧ حضرت ابوہریرہ رضی اللہ عنہ بیان کرتے ہیں، نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے ارشاد فرمایا ہے: ایک شخص چلتا ہوا جا رہا تھا اسے شدید پیاس لگی وہ ایک کنویں میں اترا اس نے اس میں سے پانی پیا جب وہ باہر آیا تو وہاں ایک کتا موجود تھا جو پیاس کی شدت کی وجہ سے زمین چاٹ رہا تھا اور زبان باہر نکال رہا تھا۔ اس نے سوچا اسے وہی پیاس لگی ہے جو مجھے لگی ہوئی تھی۔ اس نے اپنا موزہ بھرا اسے اپنے منہ میں پکڑا اور باہر لے کر آیا اور کتے کو پانی پلایا۔ اللہ تعالیٰ نے اس کے اس عمل کو قبول کیا اور اس کی مغفرت کر دی۔ لوگوں نے پوچھا یا رسول اللہ! کیا جانوروں کے حوالے سے بھی ہمیں اجر ملے گا؟ نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: ہر جاندار چیز کے ساتھ (اچھائی کرنے کا) اجر ہے گا۔

أخرجه البخاري في: 42 كتاب المساقاة: 9 باب فضل سقي الماء

رقم الجزء: 1 رقم الصفحة: 699 (جہانگیری صحیح بخاری مطبوعہ شبیر برادرز، رقم الحدیث 2234)

﴿1448﴾ حديث أَبِي هُرَيْرَةَ رَضِيَ اللّٰهُ عَنْهُ،

قَالَ: قَالَ النَّبِيُّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: بَيْنَمَا كَلْبٌ يُطِيْفُ بِرَكِيَّةٍ كَادَ يَقْتُلُهُ الْعَطَشُ، إِذْ رَأَتْهُ بَغِيٌّ مِنْ بَغَايَا بَنِي إِسْرَائِيْلَ، فَنَزَعَتْ مُوقَهَا، فَسَقَتْهُ، فَغُفِرَ لَهَا بِهِ

✧✧ حضرت ابوہریرہ رضی اللہ عنہ بیان کرتے ہیں: نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے ارشاد فرمایا ہے: ایک مرتبہ ایک کتا کنویں کے گرد چکر لگا رہا تھا۔ وہ پیاس سے مرنے کے قریب تھا۔ بنی اسرائیل سے تعلق رکھنے والی ایک بدکار عورت نے اسے دیکھا۔ اس نے اپنی جراب اتاری اور اس کے ذریعے اسے پانی پلایا۔ اس کی وجہ سے اس کی بخشش ہو گئی۔

أخرجه البخاري في: 60 كتاب الأنبياء: 54 باب حدثنا أبو اليمان

رقم الجزء: 1 رقم الصفحة: 699 (جہانگیری صحیح بخاری مطبوعہ شبیر برادرز، رقم الحدیث 3280)

Marfat.com

كتاب الألفاظ من الأدب وغيرها
ادب وغیرہ سے متعلق الفاظ کا بیان

•••———•••———•••

النهي عن سب الدهر
زمانے کو برا کہنے کی ممانعت

1449 حديث أَبِي هُرَيْرَةَ رَضِيَ اللّٰهُ عَنْهُ،

قَالَ: قَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: قَالَ اللّٰهُ عَزَّ وَجَلَّ يُؤْذِينِي ابْنُ اٰدَمَ، يَسُبُّ الدَّهْرَ، وَأَنَا الدَّهْرُ، بِيَدِي الْأَمْرُ، أُقَلِّبُ اللَّيْلَ وَالنَّهَارَ

✧✧ حضرت ابوہریرہ رضی اللہ عنہ بیان کرتے ہیں: نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے ارشاد فرمایا ہے: اللہ تعالیٰ یہ فرماتا ہے: ابن آدم جب زمانے کو برا کہتا ہے تو وہ مجھے اذیت دیتا ہے کیونکہ زمانہ میں ہوں' یہ میرے دست قدرت میں ہے' میں رات اور دن کو تبدیل کرتا ہوں۔

أخرجه البخاري في: 65 كتاب التفسير: 45 سورة الجاثية: 1 باب وما يهلكنا إلا الدهر

رقم الجزء: 1 رقم الصفحة: 700 (جہانگیری صحیح بخاری، مطبوعہ شبیر برادرز، رقم الحدیث:4549)

•••———•••———•••

رقم الحديث: 1449

أخرجه أبو الحسين مسلم النيسابوري في "صحيحه" طبع دار احياء التراث العربي، بيروت، لبنان، رقم الحديث: **2246** اخرجه ابوداؤد سجستاني في "سننه" طبع دار الفكر بيروت، لبنان، رقم الحديث: **5274** اخرجه ابوعبدالله الشيباني في "مسنده" طبع موسسه قرطبه، قاهره، مصر، رقم الحديث: **7244** اخرجه ابوحاتم البستي في "صحيحه" طبع موسسه الرساله، بيروت، لبنان، **1414**ھ/**1993**ء، رقم الحديث: **5715** اخرجه ابوبكر الحميدي في "مسنده" طبع دار الكتب العلميه، مكتبه المتنبي، بيروت، قابره، رقم الحديث: **1096** اخرجه ابوعبدالرحمن النسائي في "سننه" طبع مكتب المطبوعات الاسلاميه، حلب، شام، **1406**ھ، **1986**ء، رقم الحديث: **11487** ذكره ابوبكر البيهقي في "سننه الكبرى" طبع مكتبه دار الباز، مكه مكرمه، سعودي عرب **1414**ھ/**1994**ء، رقم الحديث: **6285** اخرجه ابوالقاسم الطبراني في "معجمه الاوسط" طبع دار الحرمين، قابره، مصر، **1415**ھ، رقم الحديث: **8856** اخرجه ابوعبدالله القضاعي في "مسنده" طبع موسسة الرسالة، بيروت، لبنان **1407**ھ/ **1986**ء، رقم الحديث: **921**

Marfat.com

كراهة تسمية العنب كرمًا

انگورکو''کرم'' کہنا مکروہ ہے

﴿1450﴾ حديث أَبِي هُرَيْرَةَ رَضِيَ اللّٰهُ عَنْهُ،

قَالَ: قَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: وَيَقُوْلُوْنَ الْكَرْمُ إِنَّمَا الْكَرْمُ قَلْبُ الْمُؤْمِنِ

✧✧ حضرت ابوہریرہ رضی اللہ عنہ بیان کرتے ہیں: نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے ارشاد فرمایا ہے: لوگ (کھجور کو) ''کرم'' کہتے ہیں ''کرم'' تو مومن کا دل ہے۔

أخرجه البخاري في: 78 كتاب الأدب: 102 باب قول النبي صلى الله عليه وسلم إنما الكرم قلب المؤمن

رقم الجزء: 1 رقم الصفحة: 700 (جہانگیری صحیح بخاری، مطبوعہ شبیر برادرز، رقم الحدیث: 5829)

•••———•••———•••

حكم إطلاق لفظة العبد والأمة والمولى والسيد

لفظ عبد (غلام) امہ (کنیز) مولیٰ (آقا) سید (سردار) استعمال کرنے کا حکم

﴿1451﴾ حديث أَبِي هُرَيْرَةَ رَضِيَ اللّٰهُ عَنْهُ،

عَنِ النَّبِيِّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ أَنَّهُ قَالَ: لَا يَقُلْ أَحَدُكُمْ أَطْعِمْ رَبَّكَ، وَضِّ رَبَّكَ، اسْقِ رَبَّكَ وَلْيَقُلْ سَيِّدِي، مَوْلَايَ وَلَا يَقُلْ أَحَدُكُمْ عَبْدِي، أَمَتِي وَلْيَقُلْ فَتَايَ وَفَتَاتِي وَغُلَامِي

✧✧ حضرت ابوہریرہ رضی اللہ عنہ نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کا یہ فرمان نقل کرتے ہیں: کوئی شخص (اپنے غلام سے) یہ نہ کہے: اپنے رب کو کھلاؤ، اپنے رب کو وضو کراؤ، اپنے رب کو پلاؤ بلکہ یہ کہنا چاہیے: میرا سردار، میرا آقا اور کوئی شخص یہ نہ کہے: میرا بندہ اور میری بندی، بلکہ یہ کہے میرا خادم اور میری خادمہ اور میرا غلام۔

أخرجه البخاري في: 49 كتاب العتق: 17 باب كراهية التطاول على الرقيق

رقم الجزء: 1 رقم الصفحة: 700 (جہانگیری صحیح بخاری، مطبوعہ شبیر برادرز، رقم الحدیث: 2414)

•••———•••———•••

كراهة قول الإنسان خبثت نفسي

آدمی کا یہ کہنا مکروہ ہے ''میرا نفس خبیث ہوگیا ہے''

رقم الحديث 1451

اخرجه ابوعبدالله الشيباني في "مسنده" طبع موسسه قرطبه، قاہره، مصر، رقم الحديث: 8182 ذكره ابوبكر البيهقي في "سننه الكبرى" طبع مكتبه دار الباز، مكه مكرمه، سعودي عرب 1414ھ/1994ء، رقم الحديث: 15590

Marfat.com

﴿1452﴾ حديث عَائِشَةَ رَضِيَ اللّٰهُ عَنْهَا،

عَنِ النَّبِيِّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ، قَالَ: لَا يَقُوْلَنَّ أَحَدُكُمْ خَبُثَتْ نَفْسِيْ، وَلٰكِنْ لِيَقُلْ لَقِسَتْ نَفْسِي

✧✧ سیّدہ عائشہ صدیقہ رضی اللہ عنہا نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کا یہ فرمان نقل کرتی ہیں: کوئی شخص یہ نہ کہے: میرا نفس خبیث ہوگیا ہے بلکہ یہ کہے: وہ کاہل ہوگیا ہے۔

أخرجه البخاري في: 78 كتاب الأدب: 100 باب لا يقل خبثت نفسي

رقم الجزء: 1 رقم الصفحة: 701 (جہانگیری صحیح بخاری، مطبوعہ شبیر برادرز، رقم الحدیث:5825)

﴿1453﴾ حديث سَهْلِ بْنِ حُنَيْفٍ رَضِيَ اللّٰهُ عَنْهُ،

عَنِ النَّبِيِّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ، قَالَ: لَا يَقُوْلَنَّ أَحَدُكُمْ خَبُثَتْ نَفْسِيْ، وَلٰكِنْ لِيَقُلْ لَقِسَتْ نَفْسِي

✧✧ حضرت سہل بن حنیف رضی اللہ عنہ نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کا یہ فرمان نقل کرتے ہیں: کوئی شخص یہ نہ کہے: میرا نفس خبیث ہوگیا ہے بلکہ یہ کہے: میرا نفس کاہل ہوگیا ہے۔

أخرجه البخاري في: 78 كتاب الأدب: 100 باب لا يقل خبثت نفسي

رقم الجزء: 1 رقم الصفحة: 701 (جہانگیری صحیح بخاری، مطبوعہ شبیر برادرز، رقم الحدیث:5826)

رقم الحدیث1452

اخرجه ابوالحسين مسلم النيسابوری فی ''صحيحه'' طبع داراحياء التراث العربی، بيروت، لبنان، رقم الحديث:**2250** اخرجه ابوداؤد السجستانی فی ''سننه'' ،طبع دارالفكر،بيروت، لبنان، رقم الحديث:**4978** اخرجه ابوعبدالله الشيبانی فی ''مسنده'' طبع موسسه قرطبه، مصر، رقم الحديث:**24289** اخرجه ابوحاتم البستی فی ''صحيحه'' طبع موسسه الرساله، بيروت، لبنان، **1414ھ/1993ء**، رقم الحديث:**5724** اخرجه ابوعبدالرحمن النسائی فی ''سننه'' طبع مكتب المطبوعات الاسلاميه، حلب، شام، **1406ھ، 1986ء**، رقم الحديث:**10888** اخرجه ابوالقاسم الطبرانی فی ''معجمه الكبير'' طبع مكتبه العلوم والحكم، موصل، **1404ھ/1983ء**، رقم الحديث:**5570** اخرجه ابوعبدالله البخاری فی ''الادب المفرد'' طبع دارالبشائر الاسلاميه، بيروت، لبنان، **1409ھ/1989ء**، رقم الحديث:**809** اخرجه ابن راہويه الحنظلی فی ''مسنده'' طبع مكتبه الايمان، مدينه منوره، (طبع اول) **1412ھ/1991ء**، رقم الحديث:**0** اخرجه ابوبكر الحميدی فی ''مسنده'' طبع دارالكتب العلميه، مكتبه المتنبی، بيروت، قاہره، رقم الحديث:**262**

Marfat.com

كتاب الشعر
شعر کا بیان

•••———•••———•••

1454 حديث أَبِي هُرَيْرَةَ رَضِيَ اللّٰهُ عَنْهُ،

قَالَ النَّبِيُّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: أَصْدَقُ كَلِمَةٍ قَالَهَا الشَّاعِر، كَلِمَةُ لَبِيْدٍ أَلَا كُلُّ شَيْءٍ مَا خَلَا اللّٰهَ بَاطِلُ وَكَادَ أُمَيَّةُ بْنُ أَبِي الصَّلْتِ أَنْ يُسْلِمَ

✧✧ حضرت ابوہریرہ رضی اللہ عنہ بیان کرتے ہیں: نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے ارشاد فرمایا ہے: کسی شاعر نے جو سب سے سچی بات کہی ہے وہ لبید کی یہ بات ہے۔

''اللہ تعالیٰ کے علاوہ ہر شے فانی ہے''۔

(نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے یہ بھی ارشاد فرمایا) امیہ بن ابوصلت قریب تھا کہ وہ مسلمان ہو جاتا۔

أخرجه البخاري في: 78 كتاب الأدب: 90 باب ما يجوز من الشعر والرجز والحداء وما يكره منه

رقم الجزء: 1 رقم الصفحة: 701 (جہانگیری صحیح بخاری مطبوعہ شبیر برادرز، رقم الحدیث: 5795)

1455 حديث أَبِي هُرَيْرَةَ رَضِيَ اللّٰهُ عَنْهُ،

قَالَ: قَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: لَأَنْ يَمْتَلِئَ جَوْفُ رَجُلٍ قَيْحًا يَرِيْهِ، خَيْرٌ مِّنْ أَنْ يَمْتَلِئَ شِعْرًا

✧✧ حضرت ابن عمر رضی اللہ عنہما بیان کرتے ہیں: نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے ارشاد فرمایا ہے: آدمی کے پیٹ (یعنی ذہن) کا پیپ سے بھر جانا اس سے زیادہ بہتر ہے کہ وہ شعر سے بھر جائے۔

أخرجه البخاري في: 78 كتاب الأدب: 92 باب ما يكره أن يكون الغالب على الإنسان الشعر حتى يصده عن ذكر الله والعلم والقرآن

رقم الجزء: 1 رقم الصفحة: 701 (جہانگیری صحیح بخاری مطبوعہ شبیر برادرز، رقم الحدیث: 5802)

رقم الحدیث 1455

اخرجه ابوالحسين مسلم النيسابوري في "صحيحه" طبع دار احياء التراث العربي، بيروت، لبنان، رقم الحديث: 2257 اخرجه ابوداؤد السجستاني في "سننه" طبع دار الفكر، بيروت، لبنان، رقم الحديث: 5009د

Marfat.com

كتاب الرؤيا

خوابوں کا بیان

1456 حديث أَبِي قَتَادَةَ،

قَالَ: سَمِعْتُ النَّبِيَّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ، يَقُوْلُ: الرُّؤْيَا مِنَ اللّٰهِ وَالْحُلُمُ مِنَ الشَّيْطَانِ، فَإِذَا رَأَى أَحَدُكُمْ شَيْئًا يَكْرَهُهُ فَلْيَنْفِثْ، حِيْنَ يَسْتَيْقِظ، ثَلَاثَ مَرَّاتٍ، وَيَتَعَوَّذْ مِنْ شَرِّهَا، فَإِنَّهَا لَا تَضُرُّهُ

✧✧ حضرت ابوقتادہ رضی اللہ عنہ بیان کرتے ہیں: میں نے نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کو یہ ارشاد فرماتے ہوئے سنا ہے: اچھے خواب اللہ تعالیٰ کی طرف سے ہوتے ہیں اور برے خواب شیطان کی طرف سے ہوتے ہیں جو شخص کوئی ایسا خواب دیکھے جو اسے ناپسند ہو جب وہ بیدار ہو تو بائیں طرف تین مرتبہ تھوک دے اور اس خواب کی شر سے پناہ مانگے تو وہ خواب اسے کبھی نقصان نہیں پہنچائے گا۔

أخرجه البخاري في: 76 كتاب الطب: 39 باب النفث في الرقية

رقم الجزء: 1 رقم الصفحة: 702 (جہانگیری صحیح بخاری، مطبوعہ شبیر برادرز، رقم الحدیث:5415)

1457 حديث أَبِي هُرَيْرَةَ رَضِيَ اللّٰهُ عَنْهُ،

قَالَ: قَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: إِذَا اقْتَرَبَ الزَّمَانُ لَمْ تَكَدْ تَكْذِبُ رُؤْيَا الْمُؤْمِنِ، وَرُؤْيَا الْمُؤْمِنِ جُزْءٌ مِّنْ سِتَّةٍ وَأَرْبَعِيْنَ جُزْءًا مِّنَ النُّبُوَّةِ

✧✧ حضرت ابوہریرہ رضی اللہ عنہ بیان کرتے ہیں: نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے ارشاد فرمایا ہے: قریب کے زمانے میں مومن کے خواب غلط نہیں ہوں گے۔ مومن کا خواب نبوت کا چھیالیسواں حصہ ہے۔

أخرجه البخاري في: 91 كتاب التعبير: 26 باب القيد في المنام

رقم الجزء: 1 رقم الصفحة: 702 (جہانگیری صحیح بخاری، مطبوعہ شبیر برادرز، رقم الحدیث:6614)

1458 حديث عُبَادَةَ بْنِ الصَّامِتِ رَضِيَ اللّٰهُ عَنْهُ،

عَنِ النَّبِيِّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَالَ: رُؤْيَا الْمُؤْمِنِ جُزْءٌ مِّنْ سِتَّةٍ وَأَرْبَعِيْنَ جُزْءًا مِّنَ النُّبُوَّةِ

✧✧ حضرت عبادہ بن صامت رضی اللہ عنہ نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کا یہ فرمان نقل کرتے ہیں: مومن کو دکھائی دینے والے خواب نبوت کا چھیالیسواں حصہ ہیں۔

Marfat.com

أخرجه البخاري في: 91 كتاب التعبير: 4 باب الرؤيا الصالحة جزء من ستة وأربعين جزءا من النبوة

رقم الجزء: 1 رقم الصفحة: 702 (جہانگیری صحیح بخاری مطبوعہ شبیر برادرز، رقم الحدیث: 6586)

1459 حديث أَنَسٍ رَضِيَ اللّٰهُ عَنْهُ،

قَالَ: قَالَ النَّبِيُّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: رُؤْيَا الْمُؤْمِنِ جُزْءٌ مِّنْ سِتَّةٍ وَأَرْبَعِيْنَ جُزْءًا مِّنَ النُّبُوَّةِ

✧✧ حضرت انس رضی اللہ عنہ بیان کرتے ہیں: نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے ارشاد فرمایا ہے:

مومن کا خواب نبوت کا چھیالیسواں حصہ ہے۔

أخرجه البخاري في: 91 كتاب التعبير: 10 باب من رأى النبي صلى الله عليه وسلم في المنام

رقم الجزء: 1 رقم الصفحة: 702 (جہانگیری صحیح بخاری مطبوعہ شبیر برادرز، رقم الحدیث: 6593)

1460 حديث أَبِي هُرَيْرَةَ رَضِيَ اللّٰهُ عَنْهُ،

أَنَّ رَسُوْلَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَالَ: رُؤْيَا الْمُؤْمِنِ جُزْءٌ مِّنْ سِتَّةٍ وَأَرْبَعِيْنَ جُزْءًا مِّنَ النُّبُوَّةِ

✧✧ حضرت ابوہریرہ رضی اللہ عنہ بیان کرتے ہیں: نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے ارشاد فرمایا ہے: مومن کا خواب نبوت کا چھیالیسواں حصہ ہے۔

أخرجه البخاري في: 91 كتاب التعبير: 4 باب الرؤيا الصالحة جزء من ستة وأربعين جزءا من النبوة

رقم الجزء: 1 رقم الصفحة: 703 (جہانگیری صحیح بخاری مطبوعہ شبیر برادرز، رقم الحدیث: 6587)

•••———•••———•••

قول النبيّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ من رآني في المنام فقد رآني

فرمان نبوی ہے: ''جس نے مجھے خواب میں دیکھا اس نے مجھے ہی دیکھا''

1461 حديث أَبِي هُرَيْرَةَ رَضِيَ اللّٰهُ عَنْهُ،

قَالَ: سَمِعْتُ النَّبِيَّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ يَقُوْلُ: مَنْ رَآنِيْ فِي الْمَنَامِ فَسَيَرَانِيْ فِي الْيَقَظَةِ، وَلَا يَتَمَثَّلُ الشَّيْطَانُ بِيْ

✧✧ حضرت ابوہریرہ رضی اللہ عنہ بیان کرتے ہیں: میں نے نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کو یہ ارشاد فرماتے ہوئے سنا ہے: جس نے مجھے خواب میں دیکھا وہ عنقریب مجھے بیداری کے عالم میں دیکھ لے گا کیونکہ شیطان میری صورت اختیار نہیں کرسکتا۔

أخرجه البخاري في: 91 كتاب التعبير: 10 باب من رأى النبي صلى الله عليه وسلم في المنام

رقم الجزء: 1 رقم الصفحة: 703 (جہانگیری صحیح بخاری مطبوعہ شبیر برادرز، رقم الحدیث: 6592)

•••———•••———•••

Marfat.com

في تأويل الرؤيا
خواب کی تعبیر بیان کرنا

1462 حديث ابْنِ عَبَّاسٍ رَضِيَ اللّٰهُ عَنْهُمَا،

أَنَّ رَجُلاً أَتَى رَسُوْلَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ، فَقَالَ: إِنِّيْ رَأَيْتُ اللَّيْلَةَ فِي الْمَنَامِ ظُلَّةً تَنْطُفُ السَّمْنَ وَالْعَسَلَ، فَأَرَى النَّاسَ يَتَكَفَّفُوْنَ مِنْهَا فَالْمُسْتَكْثِرُ وَالْمُسْتَقِلُّ وَإِذَا سَبَبٌ وَاصِلٌ مِّنَ الْأَرْضِ إِلَى السَّمَاءِ، فَأَرَاكَ أَخَذْتَ بِهِ فَعَلَوْتَ، ثُمَّ أَخَذَ بِهِ رَجُلٌ اٰخَرُ فَعَلاَ بِهِ، ثُمَّ أَخَذَ بِهِ رَجُلٌ اٰخَرُ فَعَلاَ بِهِ، ثُمَّ أَخَذَ بِهِ رَجُلٌ اٰخَرُ فَانْقَطَعَ ثُمَّ وُصِلَ فَقَالَ أَبُوْ بَكْرٍ: يَا رَسُوْلَ اللّٰهِ بِأَبِي أَنْتَ، وَاللّٰهِ لَتَدَعَنِّيْ فَأَعْبُرَهَا فَقَالَ النَّبِيُّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: اعْبُرْ قَالَ: أَمَّا الظُّلَّةُ فَالإِسْلاَمُ، وَأَمَّا الَّذِيْ يَنْطُفُ مِنَ الْعَسَلِ وَالسَّمْنِ فَالْقُرْآن، حَلاَوَتُهُ تَنْطِفُ فَالْمُسْتَكْثِرُ مِنَ الْقُرْآنِ وَالْمُسْتَقِلُّ وَأَمَّا السَّبَبُ الْوَاصِلُ مِنَ السَّمَاءِ إِلَى الأَرْضِ فَالْحَقُّ الَّذِيْ أَنْتَ عَلَيْهِ، تَأْخُذُ بِهِ فَيُعْلِيكَ اللّٰهُ، ثُمَّ يَأْخُذُ بِهِ رَجُلٌ مِّنْ بَعْدِكَ فَيَعْلُو بِهِ، ثُمَّ يَأْخُذُ رَجُلٌ اٰخَرُ فَيَعْلُو بِهِ ثُمَّ يَأْخُذُ رَجُلٌ اٰخَرُ فَيَنْقَطِعُ بِهِ، ثُمَّ يُوَصَّلُ لَهُ فَيَعْلُو بِهِ فَأَخْبِرْنِيْ، يَا رَسُوْلَ اللّٰهِ، بِأَبِيْ أَنْتَ، أَصَبْتُ أَمْ أَخْطَأْتُ قَالَ النَّبِيُّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: أَصَبْتَ بَعْضًا وَأَخْطَأْتَ بَعْضًا قَالَ: فَوَاللّٰهِ لَتُحَدِّثَنِّيْ بِالَّذِيْ أَخْطَأْتُ قَالَ: لاَ تُقْسِمْ

✧✧ حضرت ابن عباس رضی اللہ عنہما بیان کرتے ہیں: ایک شخص نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کی خدمت میں حاضر ہوا اور عرض کی: میں نے رات کو خواب میں ایک بادل دیکھا ہے جس سے گھی اور شہد ٹپک رہا ہے۔ میں نے لوگوں کو دیکھا کہ وہ انہیں ہاتھوں میں لے رہے تھے۔ کچھ زیادہ لے رہے تھے اور کچھ کم لے رہے تھے۔ پھر میں نے ایک رسی دیکھی جو زمین سے لے کر آسمان تک جا رہی تھی۔ پھر میں نے آپ صلی اللہ علیہ وسلم کو دیکھا آپ نے اسے پکڑا اور اوپر چلے گئے پھر ایک اور شخص نے اسے پکڑا اور اس کے ذریعے وہ بھی اوپر چلا گیا۔ پھر ایک اور شخص نے اسے پکڑا اور وہ بھی اس کے ذریعے اوپر چلا گیا۔ پھر ایک اور شخص نے اسے پکڑا تو وہ رسی ٹوٹ گئی پھر وہ جڑ گئی۔

حضرت ابوبکر رضی اللہ عنہ نے عرض کی: یارسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم! میرے والد آپ پر قربان ہوں آپ مجھے اجازت دیں کہ میں اس کی تعبیر بیان کروں۔ نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: تم اس کی تعبیر بیان کرو۔ حضرت ابوبکر رضی اللہ عنہ بولے: بادل سے مراد اسلام ہے اور اس سے جو شہد اور گھی ٹپک رہا ہے وہ قرآن ہے جس کی حلاوت ٹپک رہی ہے۔ کچھ لوگ قرآن کو زیادہ حاصل کر رہے ہیں اور کچھ کم حاصل کر رہے ہیں۔ آسمان سے لے کر زمین تک والی رسی سے مراد وہ حق ہے جس پر آپ ہیں۔ آپ نے اسے پکڑا اور اللہ تعالیٰ نے آپ کو بلندی عطا کی۔ پھر آپ کے بعد ایک اور شخص نے اسے پکڑا اور وہ بھی اس کے ذریعے اوپر چلا گیا۔ پھر ایک اور شخص نے اسے پکڑا اور وہ بھی اس کے ذریعے اوپر چلا گیا پھر ایک اور شخص نے اسے پکڑا تو وہ ٹوٹ گئی۔ پھر اس کے لیے اسے جوڑ دیا گیا اور وہ بھی اس کے ذریعے اوپر چلا گیا۔

میرے والد آپ پر قربان ہوں' یارسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم! آپ مجھے بتائیے! میں نے تعبیر ٹھیک بیان کی ہے یا غلط بیان کی ہے؟ نبی

Marfat.com

اکرم ﷺ نے فرمایا: کچھ ٹھیک کی ہے اور کچھ غلط کی ہے۔ حضرت ابوبکر رضی اللہ عنہ نے عرض کی: اللہ تعالیٰ کی قسم! یارسول اللہ ﷺ! آپ مجھے بتائیے کہ میں نے کیا غلطی کی ہے؟ نبی اکرم ﷺ نے فرمایا: تم قسم نہ دو۔

أخرجه البخاري في: 91 كتاب التعبير: 47 باب من لم ير الرؤيا لأول عابر إذا لم يصب

رقم الجزء: 1 رقم الصفحة: 703 (جہانگیری صحیح بخاری، مطبوعہ شبیر برادرز، رقم الحدیث: 6639)

•••———•••———•••

رؤيا النبيّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ

نبی اکرم ﷺ کو دکھائی دینے والے خواب

1463 حديث ابْنِ عُمَرَ رَضِيَ اللّٰهُ عَنْهُمَا،

أَنَّ النَّبِيَّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَالَ: أَرَانِي أَتَسَوَّكُ بِسِوَاكٍ، فَجَاءَنِي رَجُلاَنِ أَحَدُهُمَا أَكْبَرُ مِنَ الآخَرِ فَنَاوَلْتُ السِّوَاكَ الأَصْغَرَ مِنْهُمَا، فَقِيْلَ لِيْ كَبِّرْ، فَدَفَعْتُهُ إِلَى الأَكْبَرِ مِنْهُمَا

✧✧ حضرت ابن عمر رضی اللہ عنہما نبی اکرم ﷺ کا یہ فرمان نقل کرتے ہیں۔ میں نے خواب میں خود کو مسواک کرتے ہوئے دیکھا پھر میرے پاس دو اشخاص آئے ان میں سے ایک دوسرے سے بڑا تھا' میں نے چھوٹے کی طرف مسواک بڑھائی تو مجھ سے کہا گیا' بڑے کو عنایت کریں' میں نے بڑے کو دے دی۔

أخرجه البخاري في: 4 كتاب الوضوء: 74 باب دفع السواك إلى الأكبر

رقم الجزء: 1 رقم الصفحة: 705 (جہانگیری صحیح بخاری، مطبوعہ شبیر برادرز، رقم الحدیث: 243)

1464 حديث أَبِي مُوْسَى رَضِيَ اللّٰهُ عَنْهُ ،

عَنِ النَّبِيِّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ، قَالَ: رَأَيْتُ فِي الْمَنَامِ أَنِّيْ أُهَاجِرُ مِنْ مَكَّةَ إِلَى أَرْضٍ بِهَا نَخْلٌ، فَذَهَبَ

رقم الحديث : 243

اخرجه ابوالحسين مسلم النيسابوری فی ''صحيحه'' طبع داراحياء التراث العربی، بيروت، لبنان، رقم الحديث: 2271 ذكر: ابوبكر البيهقی فی ''سننه الكبریٰ'' طبع مكتبه دارالباز، مكه مكرمه، سعودی عرب 1414ھ/1994ء، رقم الحديث: 170

رقم الحديث : 1464: اخرجه ابوالحسين مسلم النيسابوری فی ''صحيحه'' طبع داراحياء التراث العربی، بيروت، لبنان، رقم الحديث: 2272 اخرجه ابو عبدالله القزوينی فی ''سننه''، طبع دارالفكر، بيروت، لبنان، رقم الحديث: 3921 اخرجه ابوحاتم البستی فی ''صحيحه'' طبع موسسه الرساله، بيروت، لبنان، 1414ھ/1993ء، رقم الحديث: 6275 اخرجه ابوعبدالله النيسابوری فی ''المستدرک'' طبع دارالكتب العلميه، بيروت، لبنان 1411ھ/1990ء، رقم الحديث: 5706 اخرجه ابوعبدالرحمن النسائی فی ''سننه'' طبع مكتب المطبوعات الاسلاميه، حلب، شام، 1406ھ، 1986ء، رقم الحديث: 7650 ذكره ابوبكر البيهقی فی ''سننه الكبریٰ'' طبع مكتبه دارالباز، مكه مكرمه، سعودی عرب 1414ھ/1994ء، رقم الحديث: 17515 اخرجه ابويعلی الموصلی فی ''مسنده'' طبع دارالمامون للتراث، دمشق، شام، 1404ھ.1984ء، رقم الحديث: 7298 اخرجه ابوالقاسم الطبرانی فی ''معجمه الكبير'' طبع مكتبه العلوم والحكم، موصل، 1404ھ/1983ء، رقم الحديث: 7296

Marfat.com

وَهَلِي إِلَى أَنَّهَا الْيَمَامَةُ أَوْ هَجَرُ فَإِذَا هِيَ الْمَدِينَةُ، يَثْرِبُ وَرَأَيْتُ فِي رُؤْيَايَ هٰذِهِ أَنِّي هَزَزْتُ سَيْفًا فَانْقَطَعَ صَدْرُهُ، فَإِذَا هُوَ مَا أُصِيبَ مِنَ الْمُؤْمِنِينَ، يَوْمَ أُحُدٍ ثُمَّ هَزَزْتُهُ بِأُخْرَى، فَعَادَ أَحْسَنَ مَا كَانَ، فَإِذَا هُوَ مَا جَاءَ اللّٰهُ بِهِ مِنَ الْفَتْحِ وَاجْتِمَاعِ الْمُؤْمِنِينَ وَرَأَيْتُ فِيهَا بَقَرًا، وَاللّٰهُ خَيْرٌ، فَإِذَا هُمُ الْمُؤْمِنُونَ يَوْمَ أُحُدٍ، وَإِذَا الْخَيْرُ مَا جَاءَ اللّٰهُ، مِنَ الْخَيْرِ، وَثَوَابِ الصِّدْقِ الَّذِي آتَانَا اللّٰهُ بَعْدَ يَوْمِ بَدْرٍ

✧✧ حضرت ابوموسیٰ اشعری رضی اللہ عنہ نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کے حوالے سے یہ بات نقل کرتے ہیں میں نے خواب میں یہ دیکھا کہ میں مکہ سے ہجرت کر کے ایسی سرزمین کی طرف جارہا ہوں جہاں کھجوریں ہیں میرا دھیان یمامہ یا ہجر کی طرف گیا لیکن وہ ''مدینہ'' تھا جو ''یثرب'' ہے پھر میں نے خواب میں دیکھا کہ میں نے تلوار کو حرکت دی تو اس کا آگے والا حصہ ٹوٹ گیا اس سے مراد وہ صورتحال ہے جس کا سامنا اہل ایمان نے غزوہ احد کے موقع پر کیا پھر میں نے اسے حرکت دی تو وہ پہلے سے زیادہ اچھی ہوگئی اس سے مراد ''فتح'' ہے اور اہل ایمان کا وہ اجتماع ہے جو اللہ تعالیٰ نے عطا کیا۔

میں نے خواب میں ایک گائے دیکھی' بھلائی اللہ تعالیٰ کے ہاتھ میں ہے' اس سے مراد وہ اہل ایمان ہیں جو غزوہ احد کے موقع پر شہید ہوئے اور بھلائی سے مراد وہ بھلائی ہے جو اللہ تعالیٰ نے عطا کی اور ''ثواب صدق'' سے مراد وہ ہے جو اللہ تعالیٰ نے ''یومِ بدر'' کے بعد ہمیں عطا کیا۔

أخرجه البخاري في: 61 كتاب المناقب: 25 باب علامات النبوة في الإسلام

رقم الجزء: 1 رقم الصفحة: 705 (جہانگیری صحیح بخاری، مطبوعہ شبیر برادرز، رقم الحدیث:3425)

1465 حديث ابْنِ عَبَّاسٍ رَضِيَ اللّٰهُ عَنْهُمَا،

قَالَ: قَدِمَ مُسَيْلِمَةُ الْكَذَّابُ عَلٰى عَهْدِ رَسُولِ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ، فَجَعَلَ يَقُولُ: إِنْ جَعَلَ لِي مُحَمَّدٌ مِنْ بَعْدِهِ تَبِعْتُهُ وَقَدِمَهَا فِي بَشَرٍ كَثِيرٍ مِنْ قَوْمِهِ فَأَقْبَلَ إِلَيْهِ رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ، وَمَعَهُ ثَابِتُ بْنُ قَيْسِ بْنِ شَمَّاسٍ وَفِي يَدِ رَسُولِ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ، قِطْعَةُ جَرِيدٍ، حَتّٰى وَقَفَ عَلٰى مُسَيْلِمَةَ، فِي أَصْحَابِهِ فَقَالَ: لَوْ سَأَلْتَنِي هٰذِهِ الْقِطْعَةَ مَا أَعْطَيْتُكَهَا وَلَنْ تَعْدُوَ أَمْرَ اللّٰهِ فِيكَ؛ وَلَئِنْ أَدْبَرْتَ لَيَعْقِرَنَّكَ اللّٰهُ وَإِنِّي لَأَرَاكَ الَّذِي أُرِيتُ فِيهِ مَا رَأَيْتُ وَهٰذَا ثَابِتٌ يُجِيبُكَ عَنِّي ثُمَّ انْصَرَفَ عَنْهُ

قَالَ ابْنُ عَبَّاسٍ رَضِيَ اللّٰهُ عَنْهُمَا: فَسَأَلْتُ عَنْ قَوْلِ رَسُولِ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: إِنَّكَ أُرَى الَّذِي أُرِيتُ فِيهِ مَا رَأَيْتُ

✧✧ حضرت ابن عباس رضی اللہ عنہما بیان کرتے ہیں: مسیلمہ بن کذاب نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کے زمانہ اقدس میں (مدینہ منورہ) آیا اس نے یہ کہا: اگر حضرت محمد صلی اللہ علیہ وسلم اپنے بعد مجھے اپنا جانشین مقرر کردیں تو میں ان کی پیروی کروں گا۔ مسیلمہ اپنی قوم کے بہت سے افراد کے ہمراہ آیا تھا نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم اس کے پاس تشریف لے گئے آپ کے ہمراہ حضرت ثابت بن قیس بن شماس رضی اللہ عنہ تھے اور آپ کے دست اقدس میں کھجور کی ایک چھڑی تھی آپ مسیلمہ کے پاس کھڑے ہوئے وہ اپنے ساتھیوں میں موجود تھا۔ نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: اگر تم اس ٹکڑے کو بھی مجھ سے مانگو تو میں یہ بھی تمہیں نہیں دوں گا اللہ تعالیٰ نے تمہارے بارے میں جو فیصلہ کیا ہے تم اس سے

Marfat.com

آ کے نہیں بڑھ سکو گے اور اگر تم منہ موڑ لو گے تو اللہ تعالیٰ تمہیں ہلاک کر دے گا میرا خیال ہے تم وہی شخص ہو جس کے بارے میں مجھے خواب میں دکھایا گیا تھا۔ یہ ثابت نے یہ میری طرف سے تمہیں جواب دے گا پھر آپ اسے چھوڑ کر وہاں سے چلے گئے۔

حضرت ابن عباس رضی اللہ عنہما بیان کرتے ہیں: میں نے نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کے اس فرمان کے بارے میں دریافت کیا: میرے خیال میں تم وہی ہو جس کے بارے میں مجھے خواب میں دکھایا گیا تھا۔

أخرجه البخاري في: 64 كتاب المغازي: 70 باب وفد بني حنيفة

رقم الجزء: 1 رقم الصفحة: 706 (صہائیری صحیح بخاری مطبوعہ شبیر برادرز، رقم الحدیث: 4115)

1466 حديث أَبُو هُرَيْرَةَ رَضِيَ اللَّهُ عَنْهُ : أَنَّ رَسُولَ اللَّهِ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَالَ: بَيْنَا أَنَا نَائِمٌ، رَأَيْتُ فِي يَدَيَّ سِوَارَيْنِ مِنْ ذَهَبٍ فَأَهَمَّنِي شَأْنُهُمَا، فَأُوحِيَ إِلَيَّ فِي الْمَنَامِ أَنِ انْفُخْهُمَا، فَنَفَخْتُهُمَا فَطَارَا، فَأَوَّلْتُهُمَا كَذَّابَيْنِ يَخْرُجَانِ بَعْدِي: أَحَدُهُمَا الْعَنْسِيُّ، وَالآخَرُ مُسَيْلِمَةُ

حضرت ابوہریرہ رضی اللہ عنہ بیان کرتے ہیں: نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم فرماتے ہیں: ایک مرتبہ میں سویا ہوا تھا میں نے اپنے ہاتھ میں سونے کے دو کنگن دیکھے مجھے ان کی وجہ سے بڑی پریشانی ہوئی تو خواب میں میری طرف یہ بات وحی کی گئی کہ میں ان پر پھونک ماروں میں نے ان پر پھونک ماری تو وہ دونوں اڑ گئے میں نے اس کی یہ تعبیر کی ہے کہ یہ دونوں جھوٹے نبی کلیں گے جو میرے بعد خروج کریں گے (یہ شاید راوی کے الفاظ ہیں:) ان میں سے ایک (عنسی) اور دوسرا مسیلمہ کذاب ہے۔

أخرجه البخاري في: 64 كتاب المغازي: 70 باب وفد بني حنيفة

رقم الجزء: 1 رقم الصفحة: 706 (صہائیری صحیح بخاری مطبوعہ شبیر برادرز، رقم الحدیث: 4115)

1467 حديث سَمُرَةَ بْنِ جُنْدَبٍ رَضِيَ اللَّهُ عَنْهُ،

قَالَ: كَانَ رَسُولُ اللَّهِ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ مِمَّا يُكْثِرُ أَنْ يَقُولَ لأَصْحَابِهِ: هَلْ رَأَى أَحَدٌ مِنْكُمْ مِنْ رُؤْيَا

قَالَ: فَيَقُصُّ عَلَيْهِ مَنْ شَاءَ اللَّهُ أَنْ يَقُصَّ وَإِنَّهُ قَالَ، ذَاتَ غَدَاةٍ: إِنَّهُ أَتَانِي، اللَّيْلَةَ، آتِيَانِ، وَإِنَّهُمَا ابْتَعَثَانِي، وَإِنَّهُمَا قَالاَ لِي: انْطَلِقْ وَإِنِّي انْطَلَقْتُ مَعَهُمَا. وَإِنَّا أَتَيْنَا عَلَى رَجُلٍ مُضْطَجِعٍ، وَإِذَا آخَرُ قَائِمٌ عَلَيْهِ بِصَخْرَةٍ، وَإِذَا هُوَ يَهْوِي بِالصَّخْرَةِ لِرَأْسِهِ، فَيَثْلَغُ رَأْسَهُ فَيَتَهَدْهَدُ الْحَجَرُ هَهُنَا، فَيَتْبَعُ الْحَجَرَ، فَيَأْخُذُهُ، فَلاَ يَرْجِعُ إِلَيْهِ حَتَّى يَصِحَّ رَأْسُهُ كَمَا كَانَ ثُمَّ يَعُودُ عَلَيْهِ فَيَفْعَلُ بِهِ مِثْلَ مَا فَعَلَ الْمَرَّةَ الأُولَى

قَالَ: قُلْتُ لَهُمَا: سُبْحَانَ اللَّهِ مَا هَذَانِ

قَالَ: قَالاَ لِي: انْطَلِقْ

قَالَ: فَانْطَلَقْنَا، فَأَتَيْنَا عَلَى رَجُلٍ مُسْتَلْقٍ لِقَفَاهُ، وَإِذَا آخَرُ قَائِمٌ عَلَيْهِ، بِكَلُّوبٍ مِنْ حَدِيدٍ، وَإِذَا هُوَ يَأْتِي أَحَدَ شِقَّيْ وَجْهِهِ فَيُشَرْشِرُ شِدْقَهُ إِلَى قَفَاهُ، وَمِنْخَرَهُ إِلَى قَفَاهُ، وَعَيْنَهُ إِلَى قَفَاهُ

قَالَ: ثُمَّ يَتَحَوَّلُ إِلَى الْجَانِبِ الآخَرِ، فَيَفْعَلُ بِهِ مِثْلَ مَا فَعَلَ بِالْجَانِبِ الأَوَّلِ، فَمَا يَفْرُغُ مِنْ ذَلِكَ الْجَانِبِ حَتَّى يَصِحَّ ذَلِكَ الْجَانِبُ كَمَا كَانَ، ثُمَّ يَعُودُ عَلَيْهِ فَيَفْعَلُ مِثْلَ مَا فَعَلَ الْمَرَّةَ الأُولَى

Marfat.com

قَالَ: قُلْتُ سُبْحَانَ اللّٰهِ مَا هٰذَانِ

قَالَ: قَالاَ لِيْ: انْطَلِقْ فَانْطَلَقْنَا، فَأَتَيْنَا عَلٰى مِثْلِ التَّنُّورِ، فَإِذَا فِيْهِ لَغَطٌ وَأَصْوَاتٌ

قَالَ: فَاطَّلَعْنَا فِيْهِ، فَإِذَا فِيْهِ رِجَالٌ وَنِسَاءٌ عُرَاةٌ، وَإِذَا هُمْ يَأْتِيْهِمْ لَهَبٌ مِّنْ أَسْفَلَ مِنْهُمْ، فَإِذَا أَتَاهُمْ ذٰلِكَ اللَّهَبُ ضَوْضَوْا

قَالَ: قُلْتُ لَهُمَا: مَا هٰؤُلاَءِ

قَالَ: قَالاَ لِيْ: انْطَلِقْ، انْطَلِقْ

قَالَ: فَانْطَلَقْنَا، فَأَتَيْنَا عَلٰى نَهَرٍ أَحْمَرَ مِثْلِ الدَّمِ، وَإِذَا فِي النَّهَرِ رَجُلٌ سَابِحٌ يَسْبَحُ، وَإِذَا عَلٰى شَطِّ النَّهَرِ رَجُلٌ قَدْ جَمَعَ عِنْدَهُ حِجَارَةً كَثِيْرَةً، وَإِذَا ذٰلِكَ السَّابِحُ يَسْبَحُ مَا يَسْبَحُ ثُمَّ يَأْتِيْ ذٰلِكَ الَّذِيْ قَدْ جَمَعَ عِنْدَهُ الْحِجَارَةَ فَيَفْغَرُ لَهُ فَاهُ، فَيُلْقِمُهُ حَجَرًا، فَيَنْطَلِقُ يَسْبَحُ ثُمَّ يَرْجِعُ إِلَيْهِ كُلَّمَا رَجَعَ إِلَيْهِ فَغَرَ لَهُ فَاهُ فَأَلْقَمَهُ حَجَرًا

قَالَ: قُلْتُ لَهُمَا: مَا هٰذَانِ

قَالَ: قَالاَ لِيْ: انْطَلِقْ، انْطَلِقْ

قَالَ: فَانْطَلَقْنَا، فَأَتَيْنَا عَلٰى رَجُلٍ كَرِيْهِ الْمَرْآةِ، كَأَكْرَهِ مَا أَنْتَ رَاءٍ رَجُلاً، مَرْآةً؛ وَإِذَا عِنْدَهُ نَارٌ يَحُشُّهَا وَيَسْعٰى حَوْلَهَا

قَالَ: قُلْتُ لَهُمَا: مَا هٰذَا

قَالَ: قَالاَ لِيْ: انْطَلِقْ، انْطَلِقْ فَانْطَلَقْنَا، فَأَتَيْنَا عَلٰى رَوْضَةٍ مُعْتَمَّةٍ، فِيْهَا مِنْ كُلِّ نَوْرِ الرَّبِيْعِ، وَإِذَا بَيْنَ ظَهْرَيِ الرَّوْضَةِ رَجُلٌ طُوِيْلٌ لاَ أَكَادُ أَرٰى رَأْسَهُ طُولاً فِي السَّمَاءِ، وَإِذَا حَوْلَ الرَّجُلِ مِنْ أَكْثَرِ وِلْدَانٍ رَأَيْتُهُمْ قَطُّ

قَالَ: قُلْتُ لَهُمَا: مَا هٰذَا! مَا هٰؤُلاَءِ

قَالَ: قَالاَ لِيْ: انْطَلِقْ، انْطَلِقْ

قَالَ: فَانْطَلَقْنَا فَانْتَهَيْنَا إِلٰى رَوْضَةٍ عَظِيمَةٍ؛ لَمْ أَرَ رَوْضَةً قَطُّ أَعْظَمَ مِنْهَا وَلاَ أَحْسَنَ

قَالَ: قَالاَ لِيْ: ارْقَ فِيْهَا

قَالَ: فَارْتَقَيْنَا فِيْهَا فَانْتَهَيْنَا إِلٰى مَدِيْنَةٍ مَبْنِيَّةٍ، بِلَبِنِ ذَهَبٍ وَلَبِنِ فِضَّةٍ، فَأَتَيْنَا بَابَ الْمَدِيْنَةِ، فَاسْتَفْتَحْنَا، فَفُتِحَ لَنَا، فَدَخَلْنَاهَا، فَتَلَقَّانَا فِيْهَا رِجَالٌ، شَطْرٌ مِّنْ خَلْقِهِمْ كَأَحْسَنِ مَا أَنْتَ رَاءٍ، وَشَطْرٌ كَأَقْبَحِ مَا أَنْتَ رَاءٍ

قَالَ: قَالاَ لَهُمْ: اذْهَبُوْا فَقَعُوا فِيْ ذٰلِكَ النَّهَرِ

قَالَ: وَإِذَا نَهَرٌ مُعْتَرِضٌ يَجْرِيْ كَأَنَّ مَاءَهُ الْمَحْضُ فِي الْبَيَاضِ فَذَهَبُوْا فَوَقَعُوا فِيْهِ ثُمَّ رَجَعُوا إِلَيْنَا، قَدْ ذَهَبَ ذٰلِكَ السُّوءُ عَنْهُمْ فَصَارُوْا فِيْ أَحْسَنِ صُوْرَةٍ

Marfat.com

قَالَ: قَالاَ لِيْ: هٰذِهِ جَنَّةُ عَدْنٍ، وَهٰذَا مَنْزِلُكَ

قَالَ: فَسَمَا بَصَرِيْ صُعُدًا، فَإِذَا قَصْرٌ مِثْلُ الرَّبَابَةِ الْبَيْضَاءِ

قَالَ: قَالاَ لِيْ: هٰذَاكَ مَنْزِلُكَ

قَالَ: قُلْتُ لَهُمَا: بَارَكَ اللّٰهُ فِيكُمَا، ذَرَانِيْ فَأَدْخُلَهُ قَالاَ: أَمَّا الْآنَ فَلاَ وَأَنْتَ دَاخِلُهُ

قَالَ: قُلْتُ لَهُمَا: فَإِنِّيْ قَدْ رَأَيْتُ مُنْذُ اللَّيْلَةِ عَجَبًا فَمَا هٰذَا الَّذِيْ رَأَيْتُ

قَالَ: قَالاَ لِيْ: أَمَا إِنَّا سَنُخْبِرُكَ أَمَّا الرَّجُلُ الْأَوَّلُ الَّذِيْ أَتَيْتَ عَلَيْهِ يُثْلَغُ رَأْسُهُ بِالْحَجَرِ، فَإِنَّهُ الرَّجُلُ يَأْخُذُ الْقُرْآنَ فَيَرْفُضُهُ، وَيَنَامُ عَنِ الصَّلاَةِ الْمَكْتُوبَةِ وَأَمَّا الرَّجُلُ الَّذِيْ أَتَيْتَ عَلَيْهِ يُشَرْشَرُ شِدْقُهُ إِلَى قَفَاهُ، وَمَنْخِرُهُ إِلَى قَفَاهُ، وَعَيْنُهُ إِلَى قَفَاهُ، فَإِنَّهُ الرَّجُلُ يَغْدُو مِنْ بَيْتِهِ فَيَكْذِبُ الْكَذْبَةَ تَبْلُغُ الْآفَاقَ وَأَمَّا الرِّجَالُ وَالنِّسَاءُ الْعُرَاةُ، الَّذِيْنَ فِيْ مِثْلِ بِنَاءِ التَّنُّورِ، فَإِنَّهُمُ الزُّنَاةُ وَالزَّوَانِيْ وَأَمَّا الرَّجُلُ الَّذِيْ أَتَيْتَ عَلَيْهِ يَسْبَحُ فِي النَّهَرِ وَيُلْقَمُ الْحَجَرَ، فَإِنَّهُ آكِلُ الرِّبَا وَأَمَّا الرَّجُلُ الْكَرِيْهُ الْمَرْآةِ، الَّذِيْ عِنْدَ النَّارِ، يَحُشُّهَا وَيَسْعَى حَوْلَهَا، فَإِنَّهُ مَالِكٌ، خَازِنُ جَهَنَّمَ وَأَمَّا الرَّجُلُ الطَّوِيْلُ الَّذِيْ فِي الرَّوْضَةِ فَإِنَّهُ إِبْرَاهِيمُ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ وَأَمَّا الْوِلْدَانُ الَّذِيْنَ حَوْلَهُ فَكُلُّ مَوْلُودٍ مَاتَ عَلَى الْفِطْرَةِ

قَالَ: فَقَالَ بَعْضُ الْمُسْلِمِيْنَ: يَا رَسُوْلَ اللّٰهِ وَأَوْلاَدُ الْمُشْرِكِيْنَ فَقَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ وَأَوْلاَدُ الْمُشْرِكِيْنَ وَأَمَّا الْقَوْمُ الَّذِيْنَ كَانُوا، شَطْرٌ مِنْهُمْ حَسَنًا وَشَطْرٌ مِنْهُمْ قَبِيحًا، فَإِنَّهُمْ قَوْمٌ خَلَطُوا عَمَلاً صَالِحًا وَآخَرَ سَيِّئًا، تَجَاوَزَ اللّٰهُ عَنْهُمْ

✧✧ حضرت سمرہ بن جندب رضی اللہ عنہ بیان کرتے ہیں: نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم اکثر اپنے اصحاب سے یہ کہا کرتے تھے: کیا تم میں سے کسی نے خواب دیکھا ہے؟ تو کوئی شخص آپ کے سامنے خواب بیان کر دیتا تھا جو اللہ تعالیٰ کو منظور ہوتا تھا۔ ایک دن آپ نے ارشاد فرمایا: گزشتہ رات میرے پاس دو افراد آئے وہ دونوں مجھے ساتھ لے کر چلے گئے۔ ان دونوں نے مجھ سے کہا: چلیے! میں ان دونوں کے ساتھ چل پڑا' ہم ایک شخص کے پاس آئے جو لیٹا ہوا تھا۔ ایک دوسرا شخص اس کے سرہانے پتھر لے کر کھڑا ہوا تھا۔ وہ شخص اس پتھر کو اس کے سر پر مارتا اور اس کے سر کو کچل دیتا تھا۔ وہ پتھر لڑھک کر ادھر چلا جاتا وہ شخص اس پتھر کے پیچھے جاتا اسے پکڑتا اور اس کے واپس آنے تک پہلے شخص کا سر ٹھیک ہو چکا ہوتا تھا' جیسے پہلے ہوتا تھا' پھر وہ دوبارہ اس کے ساتھ یہی عمل کرتا جو اس نے پہلی مرتبہ کیا تھا۔ نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم فرماتے ہیں: میں نے ان دونوں فرشتوں سے دریافت کیا: سبحان اللہ! ان دونوں کا کیا معاملہ ہے؟ ان دونوں نے عرض کی: آپ چلتے رہئے۔ آپ چلتے رہئے۔

نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم فرماتے ہیں: ہم چلتے رہے پھر ہم ایک شخص کے پاس آئے جو الٹا لیٹا ہوا تھا۔ ایک اور شخص اس کے سرہانے لوہے کا آنکڑا لے کر کھڑا ہوا تھا۔ وہ آنکڑے کو لے کر اس کے چہرے کے ایک طرف آتا اور اس کی باچھوں کو چیر کر گدی تک لے جاتا اور اس کے نتھنے [illegible] اس کی آنکھوں کو چیر کر گدی تک لے جاتا۔

Marfat.com

ایک روایت میں یہ الفاظ ہیں: اسے چیر دیتا پھر وہ یہی عمل دوسری طرف کرتا جو اس نے پہلی طرف کیا تھا۔ ابھی وہ دوسری طرف سے فارغ نہیں ہوتا تھا کہ پہلے والی طرف ٹھیک ہو چکی ہوتی تھی۔ جیسے پہلے تھی تو وہ اس طرف بھی وہی عمل کرتا جو اس نے پہلی مرتبہ کیا تھا۔ نبی اکرم ﷺ فرماتے ہیں: میں نے کہا: سبحان اللہ! ان دونوں کا کیا معاملہ ہے۔ ان دونوں فرشتوں نے کہا: آپ چلتے رہیں، آپ چلتے رہیں۔

پھر ہم چلتے رہے یہاں تک کہ ہم ایک تندور کے پاس آئے جس میں سے آوازیں اور شور آ رہا تھا۔ ہم نے اس میں جھانک کر دیکھا تو اس میں کچھ برہنہ مرد اور عورتیں تھیں جب نیچے کی طرف سے ان کی طرف کوئی شعلہ آتا تو وہ چیخیں مارتے تھے۔ میں نے ان دونوں فرشتوں سے کہا: ان لوگوں کا کیا معاملہ ہے۔ ان دونوں فرشتوں نے کہا: آپ چلتے رہیے، آپ چلتے رہیے۔

ہم چلتے رہے، پھر ہم ایک نہر کے پاس آئے جو خون کی طرح سرخ رنگ کی تھی۔ اس نہر میں ایک شخص تیر رہا تھا۔ نہر کے پاس ایک اور شخص موجود تھا جس نے اپنے پاس بہت سے پتھر اکٹھے کر رکھے تھے۔ وہ تیرنے والا شخص تیرتا ہوا اس شخص کے پاس آتا جس نے اپنے پاس بہت سے پتھر اکٹھے کر رکھے تھے تو وہ دوسرا شخص اس کے منہ کو کھولتا اور اس میں پتھر ڈال دیتا۔ وہ شخص واپس چلا جاتا تیرتا ہوا پھر وہ واپس اس پہلے شخص کے پاس آتا وہ پھر اس کا منہ کھولتا اور اس میں پتھر ڈال دیتا۔ میں نے دریافت کیا: ان دونوں کا کیا معاملہ ہے۔ فرشتے نے کہا: آپ چلتے رہیے، آپ چلتے رہیے۔

پھر ہم چلتے رہے یہاں تک کہ ہم ایک شخص کے پاس آئے جو سب سے زیادہ بدصورت شخص تھا۔ تم نے جتنا بھی بدصورت شخص دیکھا ہو وہ اس کی طرح تھا۔ اس کے پاس آگ تھی جسے وہ جھونک رہا تھا اور اس کے اردگرد دوڑ رہا تھا۔ میں نے ان دونوں فرشتوں سے دریافت کیا: ان کا کیا معاملہ ہے؟ نبی اکرم ﷺ نے فرمایا: ان دونوں نے مجھ سے کہا: آپ چلتے رہیے، آپ چلتے رہیے۔

ہم چلتے رہے پھر ہم ایک باغ میں آئے جس میں ہر طرف سبزہ اور شادابی تھی اور اس باغ کے درمیان ایک طویل شخص تھا جس کی لمبائی آسمان میں گئی ہوئی تھی۔ میں اس کا سر نہیں دیکھ سکا اس شخص کے آس پاس اس کے بہت سے بچے تھے۔ میں نے اتنا لمبا آدمی نہیں دیکھا تھا۔ میں نے ان دونوں فرشتوں سے دریافت کیا: یہ کون صاحب ہیں اور ان بچوں کا کیا معاملہ ہے؟ ان فرشتوں نے مجھ سے کہا: آپ چلتے رہیے، آپ چلتے رہیے، ہم چلتے رہے پھر ہم ایک بڑے باغ میں آئے میں نے اس سے بڑا باغ اور اس سے زیادہ خوبصورت باغ کبھی نہیں دیکھا۔ ان دونوں فرشتوں نے مجھ سے کہا: آپ اس میں تشریف لے جائیں ہم اس کے اندر آ گئے پھر ہم ایک شہر تک پہنچے جو سونے اور چاندی کی اینٹوں سے بنا ہوا تھا پھر ہم اس شہر کے دروازے پر آئے ہم نے اسے کھولنے کے لیے کہا وہ ہمارے لیے کھول دیا گیا۔ ہم اس کے اندر آ گئے وہاں ہمارا سامنا کچھ ایسے افراد سے ہوا جن میں سے کچھ لوگوں کی شکل وصورت انتہائی خوبصورت تھی اور کچھ کی شکل وصورت انتہائی بدصورت تھی۔ ان دونوں فرشتوں نے ان (بدصورت لوگوں) سے کہا: تم جاؤ اور اس نہر میں غوطہ لگاؤ۔ نبی اکرم ﷺ فرماتے ہیں: وہاں ایک چوڑی نہر تھی جو بہہ رہی تھی۔ اس کا پانی دودھ کی طرح سفید تھا۔ وہ لوگ گئے انہوں نے اس میں غوطہ لگایا وہ ہمارے پاس واپس آئے تو ان کی بدصورتی ختم ہو چکی تھی اور وہ انتہائی خوبصورت ہو چکے تھے۔

Marfat.com

نبی اکرم ﷺ فرماتے ہیں: ان دونوں فرشتوں نے مجھے بتایا: یہ جنت عدن ہے اور یہ آپ کی منزل ہے۔ نبی اکرم ﷺ فرماتے ہیں: پھر میں نے نگاہ اوپر کی تو وہاں ایک سفید بادل کی طرح کا محل تھا۔ ان دونوں فرشتوں نے مجھ سے کہا: یہ آپ کی منزل ہے۔ نبی اکرم ﷺ فرماتے ہیں: میں نے ان دونوں سے کہا: اللہ تعالیٰ تم دونوں کو اس بارے میں برکت عطا فرمائے مجھے چھوڑ دو تاکہ میں اس کے اندر چلا جاؤں۔ ان دونوں فرشتوں نے کہا: ابھی نہیں۔ آپ اس میں ضرور تشریف لائیں گے۔ نبی اکرم ﷺ فرماتے ہیں: میں نے ان دونوں سے کہا: میں نے آج رات بڑی حیران کن چیزیں دیکھی ہیں۔ میں نے جو دیکھا ہے اس کی حقیقت کیا ہے۔ ان دونوں نے مجھ سے کہا: اب ہم آپ کو بتاتے ہیں: وہ پہلا شخص جس کے پاس آپ تشریف لے گئے جس کا سر پتھر کے ذریعے کچلا جا رہا تھا یہ وہ شخص تھا جس نے قرآن کا علم حاصل کیا اور پھر اسے پس پشت ڈال دیا۔ یہ فرض نماز کے وقت سویا رہتا تھا اور وہ شخص جس کے پاس آپ آئے تھے جس کی باچھوں کو گدی تک اور نتھنے کو گدی تک اور آنکھوں کو گدی تک چیرا جا رہا تھا تو یہ وہ شخص تھا جو صبح اپنے گھر سے نکلتا تھا تو جھوٹ بولا کرتا تھا۔ جو ہر طرف پھیل جاتا تھا۔ جن برہنہ مردوں اور عورتوں کو آپ نے دیکھا جو ایک تندور کی طرح کی عمارت میں تھے یہ زنا کرنے والی عورتیں اور زنا کرنے والے مرد تھے۔ وہ شخص جس کے پاس آئے جو خون میں تیر رہا تھا اور اس کے منہ میں پتھر ڈالے جا رہے تھے یہ سود کھانے والا شخص تھا اور وہ شخص جو انتہائی بدصورت تھا اور آگ کے پاس موجود تھا اسے جلا رہا تھا اور اس کے گرد دوڑ رہا تھا وہ ''مالک'' ہے جو جہنم کا داروغہ ہے اور وہ طویل شخص جو باغ میں موجود تھا وہ حضرت ابراہیم علیہ السلام تھے اور وہ بچے جو ان کے اردگرد موجود تھے یہ وہ ہر بچہ تھا جو فطرت پر مرا۔

راوی بیان کرتے ہیں: ایک مسلمان نے عرض کی: یارسول اللہ ﷺ! مشرکین کی اولاد بھی ان میں تھی؟ نبی اکرم ﷺ نے فرمایا: ان میں مشرکین کی اولاد بھی شامل تھی۔

ان فرشتوں نے بتایا: جہاں تک ان لوگوں کا تعلق ہے جن میں کچھ لوگ خوبصورت تھے اور کچھ لوگ بدصورت تھے تو یہ بدصورت لوگ وہ تھے جنہوں نے اپنے نیک اعمال کے ساتھ برے عمل بھی کئے تھے تو اللہ تعالیٰ نے ان سے درگزر کیا۔

أخرجه البخاري في: 91 كتاب التعبير: 48 باب تعبير الرؤيا بعد صلاة الصبح

رقم الجزء: 1 رقم الصفحة: 707 (جہانگیری صحیح بخاری مطبوعہ شبیر برادرز، رقم الحدیث 6640)

Marfat.com

كتاب الفضائل
فضائل کا بیان

•••———•••———•••

في معجزات النبيّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ
نبی اکرم ﷺ کے معجزات

1468 حديث أَنَسِ بْنِ مَالِكٍ رَضِيَ اللّٰهُ عَنْهُ،

قَالَ: رَأَيْتُ رَسُوْلَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ، وَحَانَتْ صَلاَةُ الْعَصْرِ، فَالْتَمَسَ النَّاسُ الْوَضُوءَ، فَلَمْ يَجِدُوْهُ، فَأُتِيَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ بِوَضُوءٍ، فَوَضَعَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ، فِيْ ذٰلِكَ الْإِنَاءِ يَدَهُ، وَأَمَرَ النَّاسَ أَنْ يَتَوَضَّؤُوا مِنْهُ قَالَ: فَرَأَيْتُ الْمَاءَ يَنْبَعُ مِنْ تَحْتِ أَصَابِعِهِ، حَتّٰى تَوَضَّؤُوا مِنْ عِنْدِ آخِرِهِمْ

✧✧ حضرت انس بن مالک رضی اللہ عنہ روایت کرتے ہیں' عصر کا وقت ہو چکا تھا' لوگوں نے وضو کے لیے پانی ڈھونڈا لیکن انہیں پانی نہیں ملا۔ نبی اکرم ﷺ کی خدمت میں تھوڑا سا پانی پیش کیا گیا۔ آپ نے اس برتن میں اپنا دستِ مبارک ڈالا اور لوگوں کو حکم دیا کہ وہ اس سے وضو کرلیں۔ حضرت انس رضی اللہ عنہ کہتے ہیں' میں نے دیکھا کہ آپ کی انگلیوں سے پانی کے چشمے جاری ہو گئے اور لشکر میں موجود ہر شخص نے اس پانی سے وضو کرلیا۔

رقم الحديث : **1468**

اخرجه ابوالحسين مسلم النيسابوری فی ''صحيحه'' طبع داراحياء التراث العربی، بيروت، لبنان، رقم الحديث: **2279** اخرجه ابوعبدالرحمن النسائی فی ''سننه'' طبع مكتب المطبوعات الاسلاميه، حلب، شام، **1406**ھ، **1986**ء، رقم الحديث: **78** اخرجه ابومحمد الدارمی فی ''سننه'' طبع دارالكتاب العربی، بيروت، لبنان، **1407**ھ، **1987**ء، رقم الحديث: **29** اخرجه ابوعبدالله الشيبانی فی ''مسنده'' طبع موسسه قرطبه، قاهره، مصر، رقم الحديث: **12717** اخرجه ابوحاتم البستی فی ''صحيحه'' طبع موسسه الرساله، بيروت، لبنان، **1414**ھ/**1993**ء، رقم الحديث: **6544** اخرجه ابوبكر بن خزيمة النيسابوری، فی ''صحيحه'' طبع المكتب الاسلامی، بيروت، لبنان، **1390**ھ/**1970**ء، رقم الحديث: **124** اخرجه ابوعبدالرحمن النسائی فی ''سننه'' طبع مكتب المطبوعات الاسلاميه، حلب، شام، **1406**ھ، **1986**ء، رقم الحديث: **84** ذكره ابوبكر البيهقی فی ''سننه الكبرٰی'' طبع مكتبه دارالباز، مكه مكرمه، سعودی عرب **1414**ھ/**1994**ء، رقم الحديث: **116**

Marfat.com

أخرجه البخاري في: 4 كتاب الوضوء: 32 باب التماس الوضوء إذا حانت الصلاة

رقم الجزء: 1 رقم الصفحة: 712 (جہانگیری صحیح بخاری مطبوعہ شبیر برادرز، رقم الحدیث: 167)

1469 حديث أَبِي حُمَيْدٍ السَّاعِدِيِّ رَضِيَ اللّٰهُ عَنْهُ

قَالَ: غَزَوْنَا مَعَ النَّبِيِّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ غَزْوَةَ تَبُوْكَ فَلَمَّا جَاءَ وَادِيَ الْقُرٰى، إِذَا امْرَأَةٌ فِيْ حَدِيْقَةٍ لَّهَا فَقَالَ النَّبِيُّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ، لِأَصْحَابِهِ اخْرُصُوْا وَخَرَصَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ عَشَرَةَ أَوْسُقٍ فَقَالَ لَهَا: أَحْصِيْ مَا يَخْرُجُ مِنْهَا فَلَمَّا أَتَيْنَا تَبُوْكَ، قَالَ: أَمَا إِنَّهَا سَتَهُبُّ اللَّيْلَةَ رِيْحٌ شَدِيْدَةٌ، فَلَا يَقُوْمَنَّ أَحَدٌ. وَمَنْ كَانَ مَعَهُ بَعِيْرٌ فَلْيَعْقِلْهُ فَعَقَلْنَاهَا وَهَبَّتْ رِيْحٌ شَدِيْدَةٌ، فَقَامَ رَجُلٌ فَأَلْقَتْهُ بِجَبَلِ طَيِّءٍ

وَأَهْدٰى مَلِكُ أَيْلَةَ لِلنَّبِيِّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ بَغْلَةً بَيْضَاءَ، وَكَسَاهُ بُرْدًا وَّكَتَبَ لَهُ بِبَحْرِهِمْ

فَلَمَّا أَتٰى وَادِيَ الْقُرٰى، قَالَ لِلْمَرْأَةِ: كَمْ جَاءَ حَدِيْقَتُكِ قَالَتْ: عَشَرَةَ أَوْسُقٍ، خَرْصَ رَسُوْلِ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ فَقَالَ النَّبِيُّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: إِنِّيْ مُتَعَجِّلٌ إِلَى الْمَدِيْنَةِ، فَمَنْ أَرَادَ مِنْكُمْ أَنْ يَّتَعَجَّلَ مَعِيَ فَلْيَتَعَجَّلْ

فَلَمَّا أَشْرَفَ عَلَى الْمَدِيْنَةِ، قَالَ: هٰذِهِ طَابَةُ فَلَمَّا رَأٰى أُحُدًا، قَالَ: هٰذَا جَبَلٌ يُحِبُّنَا وَنُحِبُّهُ، أَلَا أُخْبِرُكُمْ بِخَيْرِ دُوْرِ الْأَنْصَارِ قَالُوْا: بَلٰى قَالَ: دُوْرُ بَنِي النَّجَّارِ، ثُمَّ دُوْرُ بَنِي عَبْدِ الْأَشْهَلِ، ثُمَّ دُوْرُ بَنِي سَاعِدَةَ. أَوْ دُوْرُ بَنِي الْحَارِثِ بْنِ الْخَزْرَجِ، وَفِيْ كُلِّ دُوْرِ الْأَنْصَارِ يَعْنِيْ خَيْرًا

فَلَحِقْنَا سَعْدَ بْنَ عُبَادَةَ فَقَالَ أَبُوْ أُسَيْدٍ: أَلَمْ تَرَ أَنَّ نَبِيَّ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ، خَيَّرَ الْأَنْصَارَ فَجَعَلَنَا أَخِيرًا فَأَدْرَكَ سَعْدٌ النَّبِيَّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ، فَقَالَ: يَا رَسُوْلَ اللّٰهِ خَيَّرَ دُوْرَ الْأَنْصَارِ فَجَعَلَنَا آخِرًا فَقَالَ: أَوَلَيْسَ بِحَسْبِكُمْ أَنْ تَكُوْنُوْا مِنَ الْخِيَارِ

✧✧ حضرت ابوحمید ساعدی رضی اللہ عنہ بیان کرتے ہیں' ہم نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کے ہمراہ غزوہ تبوک میں شرکت کے لیے روانہ ہوئے جب ہم وادی القریٰ سے گزرے تو وہاں ایک خاتون کا باغ تھا۔ نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے اپنے ساتھیوں سے فرمایا: اس باغ کی پیداوار کا اندازہ لگاؤ' نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے یہ اندازہ لگایا کہ اس کی پیداوار دس وسق ہوگی۔ نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے اس خاتون کو ہدایت کی اس کی جو پیداوار ہوگی اس کو ماپ لینا راوی بیان کرتے ہیں۔ جب ہم تبوک آئے تو نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے ارشاد فرمایا: آج رات بڑی شدید آندھی آئے گی۔ کوئی بھی شخص کھڑا نہ ہو جس شخص کے پاس اونٹ ہو۔ وہ اونٹوں کو باندھ کر رکھیں۔ ہم نے اونٹوں کو باندھ لیا رات کو شدید آندھی آئی۔ ایک شخص کھڑا ہوا تو آندھی نے اسے اٹھا کر جبل طی پر پھینک دیا۔

راوی بیان کرتے ہیں' ایلہ کے گورنر نے نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کی خدمت میں ایک سفید خچر بھیجا۔ نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے اسے چادر پہنائی اور اسے سمندر کے آس پاس کا گورنر مقرر کیا۔

راوی بیان کرتے ہیں' جب نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم وادی قریٰ آئے تو آپ نے اس خاتون سے دریافت کیا: تمہارے باغ کی پیداوار کتنی ہوئی ہے اس خاتون نے عرض کی دس وسق' یہ وہی پیداوار تھی جس کا نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے اندازہ لگایا تھا۔ نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے

Marfat.com

ارشاد فرمایا: میں جلدی مدینہ جانا چاہتا ہوں تم میں سے جو جلدی مدینہ جانا چاہتا ہے وہ جلدی میرے ساتھ چلے۔

جب نبی اکرم ﷺ مدینہ کے پاس پہنچے تو آپ نے ارشاد فرمایا: یہ طابہ ہے۔ جب نبی اکرم ﷺ نے اُحد پہاڑ کو دیکھا تو فرما یہ پہاڑ ہم سے محبت کرتا ہے اور ہم اس سے محبت کرتے ہیں۔ کیا میں تمہیں انصار کے بہترین گھرانوں کے بارے میں نہ بتاؤں لوگوں نے عرض کی: جی ہاں آپ نے ارشاد فرمایا: سب سے بہترین گھرانے بنونجار کے ہیں پھر بنوعبدالاشہل کے ہیں پھر بنوساعد کے ہیں۔ پھر بنوحارث بن خزرج کے ہیں ویسے انصار کے تمام گھرانوں میں ہے (راوی بیان کرتے ہیں:) یعنی بھلائی ہے۔

(راوی بیان کرتے ہیں:) بعد میں ہماری ملاقات حضرت سعد بن عبادہ سے ہوئی تو حضرت ابواسید نے کہا: کہ آپ نے ملاحظہ فرمایا؟ نبی اکرم نے انصار کے گھرانوں کو بہتر قرار دیتے ہوئے ہمارا ذکر سب سے آخر میں کیا ہے۔ حضرت سعد کی ملاقات نبی اکرم سے ہوئی تو انہوں نے عرض کی: یارسول اللہ! انصار کے گھرانوں کو بہترین قرار دیتے ہوئے ہمیں سب سے آخر میں رکھا گیا ہے تو نبی اکرم نے ارشاد فرمایا: کیا تمہارے لیے یہ کافی نہیں ہے کہ تمہیں بہترین (گھرانوں میں) شامل رکھا گیا ہے۔

أخرجه البخاري في: 63 كتاب مناقب الأنصار: 7 باب فضل دور الأنصار

رقم الجزء: 1 رقم الصفحة: 713 (جہانگیری صحیح بخاری، مطبوعہ شبیر برادرز، رقم الحدیث:1411/3580)

•••———•••———•••

توكله على الله تعالى وعصمة الله تعالى له من الناس

نبی اکرم ﷺ کا اللہ تعالیٰ پر توکل کرنا اور اللہ تعالیٰ کا آپ کو لوگوں سے محفوظ رکھنا

1470 حديث جَابِرِ بْنِ عَبْدِ اللّٰهِ رَضِيَ اللّٰهُ عَنْهُمَا،

قَالَ: غَزَوْنَا مَعَ رَسُوْلِ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ غَزْوَةَ نَجْدٍ فَلَمَّا أَدْرَكَتْهُ الْقَائِلَةُ، وَهُوَ فِي وَادٍ كَثِيْرِ الْعِضَاهِ، فَنَزَلَ تَحْتَ شَجَرَةٍ، وَاسْتَظَلَّ بِهَا، وَعَلَّقَ سَيْفَهُ فَتَفَرَّقَ النَّاسُ فِي الشَّجَرِ يَسْتَظِلُّونَ وَبَيْنَا نَحْنُ كَذٰلِكَ إِذْ دَعَانَا رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ، فَجِئْنَاهُ، فَإِذَا أَعْرَابِيٌّ قَاعِدٌ بَيْنَ يَدَيْهِ فَقَالَ: إِنَّ هٰذَا أَتَانِي وَأَنَا نَائِمٌ فَاخْتَرَطَ سَيْفِي فَاسْتَيْقَظْتُ وَهُوَ قَائِمٌ عَلٰى رَأْسِي، مُخْتَرِطٌ صَلْتًا قَالَ: مَنْ يَّمْنَعُكَ مِنِّي قُلْتُ: اللّٰهُ فَشَامَهُ، ثُمَّ قَعَدَ فَهُوَ هٰذَا قَالَ: وَلَمْ يُعَاقِبْهُ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ

✧✧ حضرت جابر بن عبداللہ رضی اللہ عنہ بیان کرتے ہیں۔ ہم نے نبی اکرم رضی اللہ عنہ کے ہمراہ نجد کی سمت میں ایک جنگ میں شرکت کی۔ جب دوپہر کا وقت ہوا۔ آپ ایک ایسی وادی میں پہنچے جہاں کانٹے دار درخت زیادہ تھے۔ آپ ایک درخت کے نیچے آرام فرما ہوئے۔ آپ اس کے سائے میں آئے۔ لوگ درختوں میں ادھر ادھر بکھر گئے تاکہ ان کا سایہ حاصل کریں۔ اسی دوران نبی اکرم رضی اللہ عنہ

رقم الحديث: 1469

أخرجه ابو داؤد السجستاني في "سننه" طبع دار الفكر، بيروت، لبنان، رقم الحديث: 3079 ذكره ابوبكر البيهقي في "سننه الكبرى" طبع مكتبة دار الباز، مكه مكرمه، سعودي عرب 1414ھ/1994ء، رقم الحديث: 7227

Marfat.com

نے ہمیں بلایا۔ جب ہم آئے تو ایک دیہاتی آپ کے سامنے بیٹھا ہوا تھا۔ آپ نے ارشاد فرمایا [illegible] پاس آیا۔ اس نے میری تلوار سونت لی اور دریافت کیا آپ کو مجھ سے کون بچائے گا۔ میں نے جواب دیا اللہ [illegible] میان میں لیا اور بیٹھ گیا۔ یہ وہ شخص ہے۔ راوی بیان کرتے ہیں نبی اکرم ﷺ نے اسے کوئی سزا نہیں دی۔

أخرجه البخاري في: 64 كتاب المغازي: 32 باب غزوة المصطلق من خزاعة

رقم الجزء: 7 رقم الصفحة: 714 (جہانگیری صحیح بخاری مترجم شبیر [illegible])

•••———•••———•••

بيان مثل ما بعث النبيّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ من الهدى

نبی اکرم ﷺ کو جس ہدایت اور علم کے ہمراہ مبعوث کیا گیا ہے اس کی مثال

1471 حديث أَبِي مُوسَى رَضِيَ اللّٰهُ عَنْهُ،

عَنِ النَّبِيِّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ، قَالَ: مَثَلُ مَا بَعَثَنِيَ اللّٰهُ بِهِ مِنَ الْهُدَى وَالْعِلْمِ، كَمَثَلِ غَيْثٍ أَصَابَ أَرْضًا، فَكَانَ مِنْهَا نَقِيَّةٌ قَبِلَتِ الْمَاءَ فَأَنْبَتَتِ الْكَلَأَ وَالْعُشْبَ الْكَثِيرَ، وَكَانَ مِنْهَا أَجَادِبُ فَنَفَعَ اللّٰهُ بِهَا النَّاسَ فَشَرِبُوا وَسَقَوْا وَزَرَعُوا، وَأَصَابَتْ مِنْهَا طَائِفَةً أُخْرَى، إِنَّمَا هِيَ قِيعَانٌ لَا تُنْبِتُ كَلَأً، فَذَلِكَ مَثَلُ مَنْ فَقِهَ فِي دِينِ اللّٰهِ وَنَفَعَهُ مَا بَعَثَنِيَ اللّٰهُ بِهِ، فَعَلِمَ وَعَلَّمَ، وَمَثَلُ مَنْ لَمْ يَقْبَلْ هُدَى اللّٰهِ الَّذِي أُرْسِلْتُ بِهِ

وَفِي رِوَايَةٍ: وَكَانَ مِنْهَا طَائِفَةٌ قَبِلَتِ الْمَاءَ

✧✧ حضرت ابوموسیٰ اشعری رضی اللہ عنہ نبی اکرم ﷺ کا یہ بیان نقل کرتے ہیں اللہ تعالیٰ نے مجھے جس ہدایت کے ساتھ مبعوث کیا ہے اس کی مثال موسلا دھار بارش کی مانند ہے جو اگر عمدہ زمین پر برسے تو زمین اس کے پانی [illegible] گھاس اور سبزہ اگ جاتا ہے اور اگر زمین سخت ہو تو وہاں پانی جمع ہو جاتا ہے جس کے ذریعے اللہ تعالیٰ لوگ وہ پانی پیتے ہیں' پلاتے ہیں' زراعت میں استعمال کرتے ہیں لیکن اگر زمین کسی چٹیل میدان کی [illegible] ہو سکتا ہے اور نہ ہی چھا گ سکتا ہے۔ بالکل یہی مثال اس شخص کی ہے جو اللہ کے دین کا [illegible] تعلیمات کے ذریعے نفع عطا کرتا ہے (اس کی مثال سرسبز و شاداب زمین یا چٹیل کی [illegible] دے اور اللہ تعالیٰ نے مجھے جس ہدایت کے ہمراہ مبعوث کیا ہے اسے قبول نہ کرے (اس کی مثال [illegible]

رقم الحديث: 1471

أخرجه أبو الحسين مسلم النيسابوري في "صحيحه" طبع دار إحياء التراث العربي بيروت لبنان [illegible] رقم الحديث 2282

البستي في "صحيحه" طبع مؤسسة الرسالة بيروت لبنان 1414ھ 1993ء رقم الحديث 6 [illegible]

"مسنده" طبع مكتب المطبوعات الإسلامية حلب شام 1406ھ 1986ء رقم الحديث 5843 [illegible]

طبع دار المأمون للتراث دمشق شام 1404ھ 1984ء رقم الحديث 7311

Marfat.com

امام بخاری رحمہ اللہ فرماتے ہیں: اسحاق نے ابو اسامہ کے حوالے سے روایت کے یہ الفاظ نقل کیے ہیں:
• زمین کا ایک حصہ ایسا ہوتا ہے جہاں پانی اکٹھا ہوتا رہتا ہے یہاں تک کہ وہ زمین کے برابر ہو جاتا ہے"۔

أخرجه البخاري في: 3 كتاب العلم: 20 باب فضل من علم وعلم
رقم الجزء: 1 رقم الصفحة: 715 (جرمانگیری صحیح بخاری مطبوعہ شبیر برادرز، رقم الحدیث:79)

•••———•••———•••

شفقته صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ على أمته ومبالغته فِيْ تحذيرهم مما يضرهم

نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کا اپنی امت کے اوپر شفقت کرنا اور انہیں نقصان پہنچانے والی چیزوں سے بچانے کے بارے میں اہتمام سے کام لینا

1472 - حديث أَبِيْ هُرَيْرَةَ رَضِيَ اللّٰهُ عَنْهُ،

أَنَّهُ سمع رَسُوْلَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ، يَقُوْلُ: إِنَّمَا مَثَلِيْ وَمَثَلُ النَّاسِ كَمَثَلِ رَجُلٍ اسْتَوْقَدَ نَارًا، فَلَمَّا أَضَاءَتْ مَا حَوْلَهُ، جَعَلَ الْفَرَاشُ وَهٰذِهِ الدَّوَابُّ الَّتِيْ تَقَعُ فِي النَّارِ يَقَعْنَ فِيْهَا، فَجَعَلَ يَنْزِعُهُنَّ وَيَغْلِبْنَهُ، فَيَتَحَمَّسْنَ فِيْهَا فَأَنَا آخُذُ بِحُجَزِكُمْ عَنِ النَّارِ وَهُمْ يَقْتَحِمُوْنَ فِيْهَا

◇◇ حضرت ابو ہریرہ رضی اللہ عنہ بیان کرتے ہیں: انہوں نے نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کو یہ ارشاد فرماتے ہوئے سنا ہے: میری اور لوگوں کی مثال اس شخص کی مانند ہے کہ جب وہ آگ جلائے اور اس کے اردگرد جگہ روشن ہو جائے تو کیڑے مکوڑے اور پتنگے اس آگ میں گرنا شروع ہو جائیں اور اس میں گرنے لگیں اور یہ شخص انہیں نکال رہا ہو لیکن جو اس پر غالب آ جائیں' اور اس میں گر جائیں میں تمہارے پیچھے سے پکڑ کر تمہیں آگ سے پیچھے کھینچتا ہوں اور لوگ اس میں گرنے کی کوشش کرتے ہیں۔

أخرجه البخاري في: 81 كتاب الرقاق: 26 باب الانتهاء عن المعاصي
رقم الجزء: 1 رقم الصفحة: 716 (جرمانگیری صحیح بخاری مطبوعہ شبیر برادرز، رقم الحدیث:6118)

•••———•••———•••

ذكر كونه صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ خاتم النبيين

نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کا خاتم النبیین ہونا

1473 - حديث أَبِيْ هُرَيْرَةَ رَضِيَ اللّٰهُ عَنْهُ،

أَنَّ رسول اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ، قَالَ: إِنَّ مَثَلِيْ وَمَثَلُ الْأَنْبِيَاءِ مِنْ قَبْلِيْ كَمَثَلِ رَجُلٍ بَنَى بَيْتًا فَأَحْسَنَهُ وأجمله إلا موضع لبنة من زاوية، فجعل الناس يطوفون به، ويعجبون له، ويقولون: هلا وضعت هذه اللبنة

خاتم النبيين

Marfat.com

✧✧ حضرت ابوہریرہ رضی اللہ عنہ بیان کرتے ہیں نبی کریم صلی اللہ علیہ وسلم نے ارشاد فرمایا: میری مثال اور مجھ سے پہلے انبیاء کی مثال اس شخص کی مانند ہے جو ایک گھر بنائے اسے اچھا بنائے اور اسے سجادے لیکن ایک گوشے میں ایک اینٹ کی جگہ چھوڑ دے لوگ اس کا چکر لگائیں اس پر حیران ہوں اور یہ کہیں یہاں اینٹ کیوں نہیں رکھی گئی۔ نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم فرماتے ہیں: میں وہ اینٹ ہوں اور میں انبیاء کے سلسلے کو ختم کرنے والا ہوں۔

أخرجه البخاري في: 61 كتاب المناقب: 18 باب خاتم النبيين صلى الله عليه وسلم

رقم الجزء: 1 رقم الصفحة: 717 (جہانگیری صحیح بخاری مطبوعہ شبیر برادرز، رقم الحدیث 3342)

1474 ۔ حديث جَابِرِ بْنِ عَبْدِ اللّٰهِ رَضِيَ اللّٰهُ عَنْهُمَا

قَالَ: قَالَ النَّبِيُّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: مَثَلِي وَمَثَلُ الْأَنْبِيَاءِ كَرَجُلٍ بَنَى دَارًا فَأَكْمَلَهَا وَأَحْسَنَهَا إِلَّا مَوْضِعَ لَبِنَةٍ فَجَعَلَ النَّاسُ يَدْخُلُوْنَهَا وَيَتَعَجَّبُوْنَ وَيَقُوْلُوْنَ: لَوْلَا مَوْضِعُ اللَّبِنَةِ

✧✧ حضرت جابر بن عبداللہ رضی اللہ عنہما بیان کرتے ہیں، نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے ارشاد فرمایا ہے: میری مثال اور دیگر انبیاء کی مثال اس شخص کی مانند ہے جو ایک گھر بنائے اسے مکمل کرے اور اسے اچھا بنائے مگر ایک اینٹ کی جگہ چھوڑ دے لوگ اس گھر میں آئیں اور اس پر حیران ہو کر کہیں کہ اس ایک اینٹ کو کیوں نہیں رکھا گیا۔

أخرجه البخاري في: 61 كتاب المناقب: 18 باب خاتم النبيين صلى الله عليه وسلم

رقم الجزء: 1 رقم الصفحة: 717 (جہانگیری صحیح بخاری مطبوعہ شبیر برادرز، رقم الحدیث 3341)

•••———•••———•••

إثبات حوض نبينا صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ وصفاته

ہمارے نبی کے حوض کا اثبات اور اس کی صفات

1475 ۔ حديث جُنْدَبٍ رَضِيَ اللّٰهُ عَنْهُ،

قَالَ: سَمِعْتُ النَّبِيَّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ، يَقُوْلُ: أَنَا فَرَطُكُمْ عَلَى الْحَوْضِ

✧✧ حضرت جندب رضی اللہ عنہ بیان کرتے ہیں: میں نے نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کو یہ ارشاد فرماتے ہوئے سنا ہے: میں حوض پر تمہارا پیش رو ہوں گا۔

أخرجه البخاري في: 81 كتاب الرقاق: 53 باب في الحوض وقول الله تعالى (إنا أعطيناك الكوثر)

رقم الجزء: 7 رقم الصفحة: 717 (جہانگیری صحیح بخاری مطبوعہ شبیر برادرز، رقم الحدیث 6217)

1476 ۔ حديث سَهْلِ بْنِ سَعْدٍ رَضِيَ اللّٰهُ عَنْهُ،

قَالَ: قَالَ النَّبِيُّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: إِنِّي فَرَطُكُمْ عَلَى الْحَوْضِ، مَنْ مَرَّ عَلَيَّ شَرِبَ، وَمَنْ شَرِبَ لَمْ يَظْمَأْ أَبَدًا لَيَرِدَنَّ عَلَيَّ أَقْوَامٌ أَعْرِفُهُمْ وَيَعْرِفُوْنِي، ثُمَّ يُحَالُ بَيْنِي وَبَيْنَهُمْ

Marfat.com

✧✧ حضرت سہل بن سعد رضی اللہ عنہ بیان کرتے ہیں: نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے ارشاد فرمایا ہے: میں حوض پر تمہارا پیش رو ہوں گا۔ جو شخص میرے پاس سے گزرے گا وہ اسے پی لے گا اور جو شخص اسے پیے گا اسے کبھی پیاس نہیں لگے گی۔ کچھ لوگوں کو میرے پاس لایا جائے گا، میں انہیں پہچان لوں گا لیکن انہیں مجھ سے پہلے روک لیا جائے گا۔

اطرافه البخاري في: 81 كتاب الرقاق: 53 باب في الحوض وقول الله تعالى (إنا أعطيناك الكوثر)
رقم الجزء: 1 رقم الصفحة: 717 (جہانگیری صحیح بخاری، مطبوعہ شبیر برادرز، رقم الحدیث:6212)

1477 حديث أَبِي سَعِيدٍ الْخُدْرِيِّ رَضِيَ اللّٰهُ عَنْهُ،

يَقُولُ فِيهِ فَأَقُولُ: إِنَّهُمْ مِنِّي، فَيُقَالُ إِنَّكَ لاَ تَدْرِي مَا أَحْدَثُوا بَعْدَكَ، فَأَقُولُ: سُحْقًا سُحْقًا لِمَنْ غَيَّرَ بَعْدِي

(حضرت ابوسعید خدری رضی اللہ عنہ بیان کرتے ہیں) البتہ انہوں نے اس میں اس بات کا اضافہ کیا ہے: تو میں یہ کہوں گا: (اور ان الفاظ کا اضافہ ہے) کیا تم نہیں جانتے کہ انہوں نے تمہارے بعد کیا کیا تھا؟ تو میں کہوں گا: دور رہو، میرے بعد دین میں تبدیلی کی۔

اطرافه البخاري في: 81 كتاب الرقاق: 53 باب في الحوض وقول الله تعالى (إنا أعطيناك الكوثر)
رقم الجزء: 1 رقم الصفحة: 718 (جہانگیری صحیح بخاری، مطبوعہ شبیر برادرز، رقم الحدیث:6212)

1478 حديث عَبْدِ اللّٰهِ بْنِ عَمْرٍو رَضِيَ اللّٰهُ عَنْهُ،

أَنَّ النَّبِيَّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: حَوْضِي مَسِيرَةُ شَهْرٍ، مَاؤُهُ أَبْيَضُ مِنَ اللَّبَنِ، وَرِيحُهُ أَطْيَبُ مِنَ الْمِسْكِ، وَكِيزَانُهُ كَنُجُومِ السَّمَاءِ، مَنْ شَرِبَ مِنْهَا فَلاَ يَظْمَأُ أَبَدًا

(حضرت عبداللہ بن عمرو رضی اللہ عنہ بیان کرتے ہیں: نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے ارشاد فرمایا: حوض ایک مہینے کی مسافت جتنا ہے اس کا پانی دودھ سے زیادہ سفید ہے اور اس کی خوشبو مشک سے زیادہ پاکیزہ ہے اور اس کے کوزے (پیالے) آسمان کے ستاروں کی طرح ہیں جو شخص اس کا پانی پی لے گا اسے (بعد میں) کبھی پیاس نہیں لگے گی۔

اطرافه البخاري في: 81 كتاب الرقاق: 53 باب في الحوض وقول الله تعالى (إنا أعطيناك الكوثر)
رقم الجزء: 1 رقم الصفحة: 718 (جہانگیری صحیح بخاری، مطبوعہ شبیر برادرز، رقم الحدیث:6208)

1479 حديث أَسْمَاءَ بِنْتِ أَبِي بَكْرٍ رَضِيَ اللّٰهُ عَنْهُمَا

قَالَتْ: قَالَ النَّبِيُّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: إِنِّي عَلَى الْحَوْضِ حَتَّى أَنْظُرَ مَنْ يَرِدُ عَلَيَّ مِنْكُمْ، وَسَيُؤْخَذُ

رقم الحدیث 1478:

اخرجه ابوالحسين مسلم النيسابوري في "صحيحه" طبع داراحياء التراث العربي، بيروت، لبنان، رقم الحديث: **2292** اخرجه ابوحاتم البستي في "صحيحه" طبع موسسه الرساله، بيروت، لبنان، **1414**ھ/**1993**ء، رقم الحديث: **6452** اخرجه ابوبكر البزار البصري في "مسنده" رقم الحديث: **2462** اخرجه ابوالقاسم الطبراني في "معجمه الاوسط" طبع دارالحرمين، قاہره، مصر، **1415**ھ، رقم الحديث: **4902** اخرجه ابوالقاسم الطبراني في "معجمه الكبير" طبع مكتبه العلوم والحكم، موصل، **1404**ھ/**1983**ء، رقم الحديث: **11249**

Marfat.com

نَاسٌ دُوْنِـيْ، فَأَقُوْلُ: يَا رَبِّ مِنِّي وَمِنْ أُمَّتِي فَيُقَالُ: هَلْ شَعَرْتَ مَا عَمِلُوْا بَعْدَكَ. وَاللّٰهِ مَا بَرِحُوْا يَرْجِعُوْنَ عَلَى أَعْقَابِهِمْ

فَكَانَ ابْنُ أَبِي مُلَيْكَةَ (رَاوِي هٰذَا الْحَدِيْثِ عَنْ أَسْمَاءَ) يَقُوْلُ: اللّٰهُمَّ إِنَّا نَعُوْذُ بِكَ أَنْ نَرْجِعَ عَلَى أَعْقَابِنَا، أَوْ نُفْتَنَ عَنْ دِيْنِنَا

✧✧ حضرت اسماء بنت ابوبکر رضی اللہ عنہا بیان کرتی ہیں: نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے ارشاد فرمایا: میں حوض پر ہوں گا اور میں دیکھوں گا کہ تم میں سے کون شخص میرے پاس آ رہا ہے کچھ لوگوں کو مجھ سے پرے ہی روک لیا جائے گا تو میں کہوں گا: اے میرے پروردگار! یہ میرے ساتھی ہیں اور امیری امت سے تعلق رکھتے ہیں' تو کہا جائے گا: کیا آپ نہیں جانتے؟ انہوں نے آپ کے بعد یا غلط کیا تھا۔ اللہ کی قسم! یہ لوگ الٹے قدموں دین چھوڑ گئے تھے۔

ابن ابی ملیکہ کے بارے میں یہ منقول ہے: وہ یہ دعا کیا کرتے تھے: میں اس بات سے تیری پناہ مانگتا ہوں کہ ہم الٹے قدموں واپس مڑ جائیں اور اپنے دین کے بارے میں کسی آزمائش میں مبتلا ہوں۔

أخرجه البخاري في: 81 كتاب الرقاق: 53 باب في الحوض وقول الله تعالى ﴿إنا أعطيناك الكوثر﴾

رقم الجزء: 1 رقم الصفحة: 718 (جہانگیری صحیح بخاری مطبوعہ شبیر برادرز، رقم الحدیث: 6220)

1480 حديث عُقْبَةَ بْنِ عَامِرٍ رَضِيَ اللّٰهُ عَنْهُ

قَالَ: صَلَّى رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ عَلَى قَتْلَى أُحُدٍ بَعْدَ ثَمَانِي سِنِيْنَ، كَالْمُوَدِّعِ لِلْأَحْيَاءِ وَالْأَمْوَاتِ، ثُمَّ طَلَعَ الْمِنْبَرَ، فَقَالَ: إِنِّي بَيْنَ أَيْدِيكُمْ فَرَطٌ، وَأَنَا عَلَيْكُمْ شَهِيدٌ، وَإِنَّ مَوْعِدَكُمُ الْحَوْضُ، وَإِنِّي لَأَنْظُرُ إِلَيْهِ مِنْ مَقَامِي هٰذَا، وَإِنِّي لَسْتُ أَخْشَى عَلَيْكُمْ أَنْ تُشْرِكُوا، وَلٰكِنِّي أَخْشَى عَلَيْكُمُ الدُّنْيَا، أَنْ تَنَافَسُوهَا

✧✧ حضرت عقبہ بن عامر رضی اللہ عنہ بیان کرتے ہیں: نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے آٹھ سال کے بعد غزوۂ اُحد میں شہید ہونے والوں کی نماز جنازہ ادا کی یوں جیسے آپ زندہ اور مرحومین تمام لوگوں کو الوداع کہہ رہے ہیں پھر آپ منبر پر تشریف فرما ہوئے اور آپ نے فرمایا: میں تمہارا پیشرو ہوں گا میں تمہارا گواہ ہوں گا اور تمہارے ساتھ ملنے کی جگہ حوض ہوگی جسے میں اس وقت اپنی اس جگہ سے دیکھ رہا ہوں اور مجھے تمہارے بارے میں یہ اندیشہ نہیں ہے کہ تم شرک میں مبتلا ہو جاؤ گے بلکہ مجھے تمہارے بارے میں دنیا کا اندیشہ ہے کہ تم اس کی طرف راغب ہو جاؤ گے۔

راوی بیان کرتے ہیں: نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کا آخری مرتبہ دیدار میں نے اس موقع پر کیا تھا۔

أخرجه البخاري في: 64 كتاب المغازي: 7 باب غزوة أحد

رقم الجزء: 1 رقم الصفحة: 719 (جہانگیری صحیح بخاری مطبوعہ شبیر برادرز، رقم الحدیث: 3816)

1481 حديث عَبْدِ اللّٰهِ بْنِ مَسْعُوْدٍ رَضِيَ اللّٰهُ عَنْهُ،

Marfat.com

عَنِ النَّبِيِّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ، قَالَ: "أَنَا فَرَطُكُمْ عَلَى الْحَوْضِ، وَلَيُرْفَعَنَّ رِجَالٌ مِّنْكُمْ، ثُمَّ لَيُخْتَلَجُنَّ دُوْنِيْ، فَأَقُوْلُ: يَا رَبِّ أَصْحَابِي فَيُقَالُ: إِنَّكَ لاَ تَدْرِيْ مَا أَحْدَثُوا بَعْدَكَ

✧✧ حضرت عبداللہ رضی اللہ عنہ نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کا یہ فرمان نقل کرتے ہیں: میں حوض پر تمہارا پیش رو ہوں گا۔ میرے سامنے کچھ لوگوں کو لایا جائے گا اور انہیں مجھ (تک پہنچنے) سے پہلے ہی روک لیا جائے گا میں کہوں گا: اے میرے پروردگار! یہ میرے ساتھی ہیں' تو کہا جائے گا: کیا تم نہیں جانتے؟ انہوں نے تمہارے بعد کیا کیا تھا؟

أخرجه البخاري في: 81 كتاب الرقاق: 53 باب فِي الحوض وقول الله تعالى (إنا أعطيناك الكوثر)

رقم الجزء: 1 رقم الصفحة: 719 (جہانگیری صحیح بخاری، مطبوعہ شبیر برادرز، رقم الحدیث:6205)

1482 حديث حارِثَةَ بْنِ وَهْبٍ رَضِيَ اللّٰهُ عَنْهُ،

قَالَ: سَمِعْتُ النَّبِيَّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ، وَذَكَرَ الْحَوْضَ فَقَالَ كَمَا بَيْنَ الْمَدِيْنَةِ وَصَنْعَاءَ

✧✧ حضرت حارثہ بن وہب رضی اللہ عنہ بیان کرتے ہیں: میں نے نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کو سنا آپ نے حوض کا تذکرہ کرتے ہوئے فرمایا: وہ ''مدینہ'' سے لے کر ''صنعاء'' تک کے درمیانی فاصلے جتنا ہوگا۔

أخرجهما البخاري في: 81 كتاب الرقاق: 53 باب فِي الحوض وقول الله تعالى (إنا أعطيناك الكوثر)

رقم الجزء: 1 رقم الصفحة: 720 (جہانگیری صحیح بخاری، مطبوعہ شبیر برادرز، رقم الحدیث:6219)

1483 حديث فَقَالَ لَهُ الْمُسْتَوْرِدُ رَضِيَ اللّٰهُ عَنْهُ،

أَلَمْ تَسْمَعْهُ قَالَ الْأَوَانِيْ قَالَ: لاَ قَالَ الْمُسْتَوْرِدُ: تُرَى فِيْهِ الْآنِيَةُ مِثْلَ الْكَوَاكِبِ

✧✧ (راوی بیان کرتے ہیں:) مستورد نے ان سے دریافت کیا: آپ نے اس کے برتنوں کے بارے میں بھی کچھ سنا ہے؟ تو انہوں نے جواب دیا: ہاں! اس کے برتن ستاروں کی مانند ہوں گے۔

رقم الحديث: **1481**

اخرجه ابوالحسين مسلم النيسابوری فی "صحيحه" طبع داراحياء التراث العربی، بيروت، لبنان، رقم الحديث: **2297** اخرجه ابو عبدالله القزويني فی "سننه"، طبع دار الفكر، بيروت، لبنان، رقم الحديث: **4306** اخرجه ابوبكر الكوفی، فی "مصنفه" طبع مكتبه الرشد، ریاض، سعودی عرب، طبع اول، **1409**ھ، رقم الحديث: **3639** اخرجه ابوبكر بن خزيمة النيسابوری، فی "صحيحه" طبع المكتب الاسلامی، بيروت، لبنان، **1390**ھ/**1970**ء، رقم الحديث:**6**

رقم الحديث **1482**: اخرجه ابوعبدالله الشيبانی فی "مسنده" طبع موسسه قرطبه، قابره، مصر، رقم الحديث:**12385** اخرجه ابوحاتم البستی فی "صحيحه" طبع موسسه الرساله، بيروت، لبنان، **1414**ھ/**1993**ء، رقم الحديث: **6451** اخرجه ابوالقاسم الطبرانی فی "معجمه الكبير" طبع مكتبه العلوم والحكم، موصل، **1404**ھ/**1983**ء، رقم الحديث:**3262**

رقم الحديث **1483**: اخرجه ابوعبدالله الشيبانی فی "مسنده" طبع موسسه قرطبه، قابره، مصر، رقم الحديث:**12385** اخرجه ابوحاتم البستی فی "صحيحه" طبع موسسه الرساله، بيروت، لبنان، **1414**ھ/**1993**ء، رقم الحديث: **6451** اخرجه ابوالقاسم الطبرانی فی "معجمه الكبير" طبع مكتبه العلوم والحكم، موصل، **1404**ھ/**1983**ء، رقم الحديث:**3262**

Marfat.com

أخرجها البخاري في: 81 كتاب الرقاق: 53 باب في الحوض وقول الله تعالى (إنا أعطيناك الكوثر)

رقم الجزء: 1 رقم الصفحة: 720 (جہانگیری صحیح بخاری مطبوعہ شبیر برادرز، رقم الحدیث: 6219)

1484 حديث ابْنِ عُمَرَ رَضِيَ اللّٰهُ عَنْهُمَا،

عَنِ النَّبِيِّ قَالَ: أَمَامَكُمْ حَوْضٌ كَمَا بَيْنَ جَرْبَاءَ وَأَذْرَحَ

✧✧ حضرت ابن عمر رضی اللہ عنہما بیان کرتے ہیں: نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے ارشاد فرمایا ہے: میں تم سے پہلے حوض پر ہوں گا جو "جرباء" اور "اذرح" کے درمیانی فاصلے جتنا ہے۔

أخرجه البخاري في: 81 كتاب الرقاق: 53 باب في الحوض وقول الله تعالى (إنا أعطيناك الكوثر)

رقم الجزء: 1 رقم الصفحة: 720 (جہانگیری صحیح بخاری مطبوعہ شبیر برادرز، رقم الحدیث: 6206)

1485 حديث أَبِي هُرَيْرَةَ رَضِيَ اللّٰهُ عَنْهُ،

عَنِ النَّبِيِّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ، قَالَ: وَالَّذِي نَفْسِي بِيَدِهِ لَأَذُودَنَّ رِجَالاً عَنْ حَوْضِي. كَمَا تُذَادُ الْغَرِيبَةُ مِنَ الْإِبِلِ عَنِ الْحَوْضِ

✧✧ حضرت ابو ہریرہ رضی اللہ عنہ نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کا یہ فرمان نقل کرتے ہیں: اس ذات کی قسم! جس کے دست قدرت میں میری جان ہے، میں اپنے حوض سے کچھ لوگوں کو اس طرح دور کروں گا جیسے حوض پر آنے والے اجنبی اونٹ کو پرے کیا جاتا ہے۔

أخرجه البخاري في: 42 كتاب المساقاة: 10 باب من رأى أن صاحب الحوض والقربة أحق بمائه

رقم الجزء: 1 رقم الصفحة: 720 (جہانگیری صحیح بخاری مطبوعہ شبیر برادرز، رقم الحدیث: 2238)

1486 حديث أَنَسِ بْنِ مَالِكٍ رَضِيَ اللّٰهُ عَنْهُ،

أَنَّ رَسُولَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ، قَالَ: إِنَّ قَدْرَ حَوْضِي كَمَا بَيْنَ أَيْلَةَ وَصَنْعَاءَ مِنَ الْيَمَنِ، وَإِنَّ فِيهِ مِنَ الْأَبَارِيقِ. كَعَدَدِ نُجُومِ السَّمَاءِ

✧✧ حضرت انس بن مالک رضی اللہ عنہ بیان کرتے ہیں: نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے ارشاد فرمایا ہے: میرے حوض کا حجم اتنا ہے جتنا ایلا اور یمن کے شہر صنعاء کے درمیان فاصلہ ہے اور اس (کے کناروں) میں آسمان کے ستاروں کی تعداد میں کوزے ہیں۔

أخرجه البخاري في: 81 كتاب الرقاق: 53 باب في الحوض وقول الله تعالى (إنا أعطيناك الكوثر)

رقم الجزء: 1 رقم الصفحة: 721 (جہانگیری صحیح بخاری مطبوعہ شبیر برادرز، رقم الحدیث: 6209)

1487 حديث أَنَسِ بْنِ مَالِكٍ رَضِيَ اللّٰهُ عَنْهُ،

عَنِ النَّبِيِّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ، قَالَ: لَيَرِدَنَّ عَلَيَّ نَاسٌ مِمَّنْ أَصْحَابِي الْحَوْضَ حَتَّى عَرَفْتُهُمُ اخْتُلِجُوا

رقم الحديث: 1485

اخرجه ابوعبدالله الشيباني في "مسنده" طبع موسسه قرطبه، قاهره، مصر، رقم الحديث: **7955** اخرجه ابن راهويه الحنظلي في "مسنده" طبع مكتبه الايمان مدينه منوره، طبع اول، **1412**ھ / **1991**ء، رقم الحديث: **56** اخرجه ابو يحيى الحوتي في "مسنده" طبع موسسه نادر بيروت لبنان، **1410**ھ / **1990**ء، رقم الحديث: **1123**

Marfat.com

دُونِي، فَأَقُولُ: أُصَيْحَابِي فَيَقُولُ: لَا تَدْرِي مَا أَحْدَثُوا بَعْدَكَ

[illegible] کا یہ فرمان نقل کرتے ہیں: میرے کچھ ساتھیوں کو میرے سامنے حوض پر لایا جائے گا [illegible] دوسرے راستے کی طرف لے جایا جائے گا میں کہوں گا: اے میرے پروردگار! یہ میرے ساتھی ہیں' تو اللہ تعالیٰ [illegible] انہوں نے تمہارے بعد کیا کیا تھا؟

أخرجه البخاري في: 81 كتاب الرقاق 53 باب في الحوض وقول الله تعالى (إنا أعطيناك الكوثر)
رقم الجزء: 1 رقم الصفحة: 721 (صحیح بخاری مطبوعہ شبیر برادرز، رقم الحدیث:6211)

•••———•••———•••

في قتال جبريل وميكائيل عن النبيّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ يوم أُحُد

اُحد کے دن حضرت جبرائیل علیہ السلام اور حضرت میکائیل علیہ السلام کا نبی اکرم ﷺ کی طرف سے جنگ میں حصہ لینا

1488 حديث سَعْدِ بْنِ أَبِي وَقَّاصٍ رَضِيَ اللّٰهُ عَنْهُ،

قَالَ: رَأَيْتُ رَسُولَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ يَوْمَ أُحُدٍ، وَمَعَهُ رَجُلَانِ يُقَاتِلَانِ عَنْهُ، عَلَيْهِمَا ثِيَابٌ بِيضٌ، كَأَشَدِّ الْقِتَالِ، مَا رَأَيْتُهُمَا قَبْلُ وَلَا بَعْدُ

[illegible] حضرت سعد بن ابی وقاص رضی اللہ عنہ بیان کرتے ہیں: میں نے نبی اکرم ﷺ کو غزوۂ اُحد کے موقع پر دیکھا کہ آپ [illegible] دو افراد تھے جو آپ کی جانب سے جنگ کر رہے تھے انہوں نے سفید کپڑے پہنے ہوئے تھے اور بہت زبردست جنگ کر رہے تھے میں نے اس سے پہلے اور اس کے بعد ان دونوں کو نہیں دیکھا۔

أخرجه البخاري في: 64 كتاب السفارى: 18 باب إذ همت طائفتان منكم أن تفشلا
رقم الجزء: 1 رقم الصفحة: 721 (صحیح بخاری مطبوعہ شبیر برادرز، رقم الحدیث:3828)

•••———•••———•••

في شجاعة النبيّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ وتقدّمه للحرب

نبی اکرم ﷺ کی بہادری اور آپ کا جنگ میں آگے ہونا

رقم الحديث: 1488

[illegible] في "صحيحه" طبع دار احياء التراث العربي، بيروت، لبنان، رقم الحديث: **2306** اخرجه ابوعبدالله [illegible] في "مسنده" طبع مؤسسة قرطبة، قاهرة، مصر، رقم الحديث: **1468** اخرجه ابوحاتم البستي في "صحيحه" طبع موسسة الرسالة، [illegible] لبنان، 1414ه 1993ء، رقم الحديث: **6987** اخرجه ابوداؤد الطيالسي في "مسنده" طبع دار المعرفة، بيروت، لبنان، رقم الحديث:**206** [illegible] في "مصنفه" طبع مكتبة الرشد، رياض، سعودي عرب، طبع اول، **1409**ه، رقم الحديث:**32153**

Marfat.com

1489 حدیث أنس رَضِيَ اللّٰهُ عَنْهُ،

قَالَ: كَانَ النَّبِيُّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ أَحْسَنَ النَّاسِ وَأَشْجَعَ النَّاسِ. وَلَقَدْ فَزِعَ أَهْلُ الْمَدِينَةِ لَيْلَةً، فَخَرَجُوا نَحْوَ الصَّوْتِ، فَاسْتَقْبَلَهُمُ النَّبِيُّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ، وَقَدِ اسْتَبْرَأَ الْخَبَرَ وَهُوَ عَلَى فَرَسٍ لِأَبِي طَلْحَةَ، عُرْيٍ، وَفِي عُنُقِهِ السَّيْفُ، وَهُوَ يَقُولُ: لَمْ تُرَاعُوا، لَمْ تُرَاعُوا ثُمَّ قَالَ: وَجَدْنَاهُ بَحْرًا أَوْ قَالَ: إِنَّهُ لَبَحْرٌ

✧✧ حضرت انس رضی اللہ عنہ بیان کرتے ہیں نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم سب سے زیادہ خوبصورت اور سب سے زیادہ بہادر تھے ایک دفعہ اہل مدینہ خوف کا شکار ہوئے اور وہ آواز کی سمت میں نکلے نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم سامنے سے آرہے تھے آپ صلی اللہ علیہ وسلم خبر کی تحقیق کر چکے تھے آپ حضرت ابوطلحہ رضی اللہ عنہ کے گھوڑے کی برہنہ پیٹھ پر سوار تھے آپ کی گردن میں تلوار موجود تھی آپ صلی اللہ علیہ وسلم فرما رہے تھے تمہیں خوف زدہ ہونے کی ضرورت نہیں ہے تمہیں خوف زدہ ہونے کی ضرورت نہیں ہے پھر آپ نے فرمایا ہم نے اس (گھوڑے کو) سمندر کی طرح تیز رفتار پایا ہے۔

ایک روایت میں اس کے الفاظ میں کچھ فرق ہے۔

أخرجه البخاري في: 56 كتاب الجهاد: 82 باب الحمائل وتعليق السيف بالعنق

رقم الحديث: 1 رقم الصفحة: 722 (صہائگیری صحیح بخاری مطبوعہ شبیر برادرز رقم الحدیث 2751)

كان النبيّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ أجود الناس بالخير من الرّيح المرسلة

نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم سب سے زیادہ سخی تھے آپ بھلائی کے معاملے میں چلتی ہوئی ہوا سے زیادہ سخی تھے

1490 حدیث ابْنِ عَبَّاسٍ رَضِيَ اللّٰهُ عَنْهُمَا،

قَالَ: كَانَ رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ، أَجْوَدَ النَّاسِ، وَكَانَ أَجْوَدُ مَا يَكُونُ فِي رَمَضَانَ، حِينَ يَلْقَاهُ جِبْرِيلُ وَكَانَ يَلْقَاهُ فِي كُلِّ لَيْلَةٍ مِنْ رَمَضَانَ، فَيُدَارِسُهُ الْقُرْآنَ فَلَرَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ أَجْوَدُ

رقم الحديث 1490

Marfat.com

بِالْخَيْرِ مِنَ الرِّيحِ الْمُرْسَلَةِ

✧✧ حضرت عبداللہ بن عباس رضی اللہ عنہما فرماتے ہیں: نبی اکرم ﷺ سب سے زیادہ سخی انسان تھے' رمضان المبارک کے مہینے میں آپ (ﷺ دیگر مہینوں کی بہ نسبت) زیادہ سخاوت کیا کرتے تھے جب حضرت جبرائل علیہ السلام آپ ﷺ کی خدمت میں حاضر ہوتے تھے۔ حضرت جبرائیل علیہ السلام' رمضان المبارک کے مہینے میں روزانہ رات کے وقت آپ ﷺ کے پاس تشریف لایا کرتے تھے اور آپ ﷺ کے ہمراہ قرآن مجید کا ''دور'' کرتے تھے۔ (ان ایام میں) آپ ﷺ ہوا سے بھی زیادہ سخاوت کا مظاہرہ فرماتے تھے۔''

أخرجه البخاري في: 1 كتاب بدء الوحي: 5 باب حدثنا عبدان

رقم الجزء: 1 رقم الصفحة: 722 (جہانگیری صحیح بخاری، مطبوعہ شبیر برادرز، رقم الحدیث:6)

•••———•••———•••

كان رسول الله صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ أحسن الناس خلقًا

نبی اکرم ﷺ سب سے زیادہ اچھے اخلاق کے مالک تھے

1491 حديث أَنَسٍ رَضِيَ اللّٰهُ عَنْهُ،

قَالَ: خَدَمْتُ النَّبِيَّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ، عَشْرَ سِنِيْنَ، فَمَا قَالَ لِيْ: أُفٍّ وَلاَ: لِمَ صَنَعْتَ وَلاَ: أَلاَّ صَنَعْتَ

✧✧ حضرت انس رضی اللہ عنہ بیان کرتے ہیں: میں نے نبی اکرم ﷺ کی دس سال خدمت کی۔ آپ نے کبھی مجھ سے ''اف'' نہیں کہا اور نہ ہی یہ فرمایا ہے: تم نے یہ کیوں کیا ہے اور تم نے یہ کیوں نہیں کیا۔

أخرجه البخاري في: 78 كتاب الأدب: 39 باب حسن الخلق والسخاء وما يكره من البخل

رقم الجزء: 1 رقم الصفحة: 722 (جہانگیری صحیح بخاری، مطبوعہ شبیر برادرز، رقم الحدیث:5691)

1492 حديث أَنَسٍ رَضِيَ اللّٰهُ عَنْهُ،

قَالَ: لَمَّا قَدِمَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ الْمَدِيْنَةَ، أَخَذَ أَبُوْ طَلْحَةَ بِيَدِي، فَانْطَلَقَ بِيْ إِلَى رَسُوْلِ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ فَقَالَ: يَا رَسُوْلَ اللّٰهِ إِنَّ أَنَسًا غُلاَمٌ كَيِّسٌ، فَلْيَخْدُمْكَ قَالَ: فَخَدَمْتُهُ فِي الْحَضَرِ وَالسَّفَرِ فَوَاللّٰهِ مَا قَالَ لِي، لِشَيْءٍ صَنَعْتُهُ: لِمَ صَنَعْتَ هٰذَا هٰكَذَا وَلاَ لِشَيْءٍ لَّمْ أَصْنَعْهُ: لِمَ لَمْ تَصْنَعْ هٰذَا هٰكَذَا

✧✧ حضرت انس رضی اللہ عنہ بیان کرتے ہیں: جب نبی اکرم ﷺ مدینہ منورہ تشریف لائے تو حضرت ابوطلحہ رضی اللہ عنہ نے میرا ہاتھ تھاما اور مجھے لے کر نبی اکرم ﷺ کی خدمت میں حاضر ہوئے اور عرض کی: یارسول اللہ ﷺ! انس ایک سمجھدار لڑکا ہے یہ آپ کی خدمت کرے گا۔ حضرت انس رضی اللہ عنہ بیان کرتے ہیں: میں نے حضر اور سفر میں آپ کی خدمت کی۔ اللہ تعالیٰ کی قسم! آپ نے کبھی بھی کسی ایسے کام کے بارے میں مجھ سے یہ نہیں فرمایا جو میں نے کیا تھا' کہ تم نے ایسا کیوں کیا ہے؟ اور جو میں نے نہیں کیا تھا' اس کے بارے میں یہ نہیں فرمایا: تم نے یہ کیوں نہیں کیا۔

Marfat.com

أخرجه البخاري في: 87 كتاب الديات: 27 باب من اسقاط عمدا أو صبيا
رقم الجزء: 1 رقم الصفحة: 723 (جہانگیری صحیح بخاری مطبوعہ شبیر برادرز رقم الحدیث 6513)

•••———•••———•••

ما سئل رسول الله صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ شيئًا قط فقال لا. وكثرة عطائه

نبی اکرم ﷺ سے جب بھی کوئی چیز مانگی گئی تو آپ نے "نہ" نہیں کی

آپ کی بکثرت بخشش کا بیان

1493 حديث جَابِرٍ رَضِيَ اللّٰهُ عَنْهُ،

قَالَ: مَا سُئِلَ النَّبِيُّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ عَنْ شَيْءٍ قَطُّ، فَقَالَ: لاَ

✧✧ حضرت جابر رضی اللہ عنہ بیان کرتے ہیں: نبی اکرم ﷺ سے جب بھی کوئی چیز مانگی گئی آپ نے کبھی بھی "نہ" نہیں کی۔

أخرجه البخاري في: 78 كتاب الأدب: 39 باب حسن الخلق والسخاء وما يكره من البخل
رقم الجزء: 1 رقم الصفحة: 723 (جہانگیری صحیح بخاری مطبوعہ شبیر برادرز رقم الحدیث 5687)

1494 حديث جَابِرِ بْنِ عَبْدِ اللّٰهِ رَضِيَ اللّٰهُ عَنْهُ.

قَالَ: قَالَ النَّبِيُّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: لَوْ قَدْ جَاءَ مَالُ الْبَحْرَيْنِ قَدْ أَعْطَيْتُكَ هٰكَذَا وَهٰكَذَا وَهٰكَذَا فَلَمْ يَجِئْ مَالُ الْبَحْرَيْنِ حَتّٰى قُبِضَ النَّبِيُّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ فَلَمَّا جَاءَ مَالُ الْبَحْرَيْنِ أَمَرَ أَبُو بَكْرٍ، فَنَادَى: مَنْ كَانَ لَهُ عِنْدَ النَّبِيِّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ عِدَةٌ أَوْ دَيْنٌ فَلْيَأْتِنَا فَأَتَيْتُهُ، فَقُلْتُ: إِنَّ النَّبِيَّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ،

رقم الحديث1493

أخرجه أبو الحسين مسلم النيسابوري في "صحيحه" طبع دار إحياء التراث العربي بيروت لبنان رقم الحديث 2311 أخرجه عبد الله الدارمي في "مسنده" طبع دار الكتاب العربي بيروت لبنان 1407ھ 1987ء رقم الحديث: 70 أخرجه أبو عبد الله البستي في "صحيحه" طبع مؤسسة قرطبة قاهرة مصر رقم الحديث: 14333 أخرجه أبو حاتم البستي في "صحيحه" طبع مؤسسة الرسالة بيروت لبنان 1414ھ 1993ء رقم الحديث: 6376 أخرجه أبو داؤد الطيالسي في "مسنده" طبع دار المعرفة بيروت لبنان رقم الحديث: 1720 أخرجه أبو بكر الحميدي في "مسنده" طبع دار الكتب العلمية مكة المكرمة بيروت قاهرة رقم الحديث: 1228 أخرجه أبو القاسم الطبراني في "معجمه الأوسط" طبع دار الحرمين قاهرة مصر 1415ھ رقم الحديث: 1339 أخرجه أبو القاسم الطبراني في "معجمه الكبير" طبع مكتبة العلوم والحكم موصل 1404ھ 1983ء رقم الحديث: 5974 أخرجه أبو القاسم الطبراني في "معجمه الكبير" طبع مكتبة العلوم والحكم موصل 1404ھ 1983ء رقم الحديث: 5974 أخرجه أبو يعلى الموصلي في "مسنده" طبع دار المأمون للتراث دمشق شام 1404ھ 1984ء رقم الحديث: 2001 أخرجه أبو عبد الله البخاري في "الأدب المفرد" طبع دار البشائر الإسلامية بيروت لبنان 1409ھ 1989ء رقم الحديث: 279 أخرجه أبو محمد الكسي في "مسنده" طبع مكتبة السنة قاهرة مصر 1408ھ 1988ء رقم الحديث: 1087

Marfat.com

قَالَ لِيْ: كَذَا وَكَذَا فَحَثَى لِيْ حَثْيَةً، فَعَدَدْتُّهَا فَإِذَا هِيَ خَمْسُمِائَةٍ وَقَالَ: خُذْ مِثْلَيْهَا

حضرت جابر بن عبداللہ رضی اللہ عنہما بیان کرتے ہیں، نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: اگر بحرین سے مال آیا تو میں تمہیں اتنا اور اتنا اور اتنا دوں گا، نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کے وصال تک بحرین سے مال نہیں آیا، جب بحرین سے مال آیا تو ابوبکر رضی اللہ عنہ نے فرمایا: جس شخص نے نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم سے کچھ لینا ہو یا اس کے ساتھ نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کا کوئی وعدہ ہو وہ شخص میرے پاس آئے، حضرت جابر رضی اللہ عنہ بیان کرتے ہیں: میں حضرت ابوبکر رضی اللہ عنہ کے پاس گیا اور کہا: نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے مجھ سے یہ فرمایا تھا، حضرت ابوبکر رضی اللہ عنہ نے مجھے مٹھیاں بھر کر دیں میں نے انہیں گنا تو وہ پانچ سو (درہم یا دینار تھے)، انہوں نے فرمایا: اس سے دوگنا اور لے لو۔

أخرجه البخاري في: 39 كتاب الكفالة: 3 باب من تكفل عن ميت دينا

رقم الجزء: 1 رقم الصفحة: 723 (جہانگیری صحیح بخاری، مطبوعہ شبیر برادرز، رقم الحدیث:2174)

•••———•••———•••

رحمته صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ الصبيان والعيال وتواضعه وفضل ذلك

نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کا بچوں، اہل وعیال پر شفقت کرنا آپ کی تواضع بیان، ایسا کرنے کی فضیلت

1495 حديث أَنَسِ بْنِ مَالِكٍ رَضِيَ اللّٰهُ عَنْهُ

قَالَ: دَخَلْنَا مَعَ رَسُوْلِ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ، عَلٰى أَبِيْ سَيْفٍ الْقَيْنِ وَكَانَ ظِئْرًا لِإِبْرَاهِيمَ عَلَيْهِ السَّلَامُ فَأَخَذَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ إِبْرَاهِيمَ فَقَبَّلَهُ وَشَمَّهُ ثُمَّ دَخَلْنَا عَلَيْهِ، بَعْدَ ذٰلِكَ، وَإِبْرَاهِيمُ يَجُوْدُ بِنَفْسِهِ فَجَعَلَتْ عَيْنَا رَسُوْلِ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ تَذْرِفَانِ فَقَالَ لَهُ عَبْدُ الرَّحْمٰنِ بْنُ عَوْفٍ رَضِيَ اللّٰهُ عَنْهُ: وَأَنْتَ يَا رَسُوْلَ اللّٰهِ فَقَالَ: يَا ابْنَ عَوْفٍ إِنَّهَا رَحْمَةٌ ثُمَّ أَتْبَعَهَا بِأُخْرٰى فَقَالَ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: إِنَّ الْعَيْنَ تَدْمَعُ، وَالْقَلْبَ يَحْزَنُ، وَلَا نَقُوْلُ إِلَّا مَا يَرْضٰى رَبُّنَا وَإِنَّا بِفِرَاقِكَ، يَا إِبْرَاهِيمُ لَمَحْزُوْنُوْنَ

رقم الحديث: 1494

أخرجه عبدالله الشيباني في "مسنده" طبع موسسه قرطبه، قاہرہ، مصر، رقم الحديث: **14367** ذكره ابوبكر البيهقي في "سننه الكبرى" طبع مكتبه دار الباز، مكه مكرمه، سعودی عرب **1414**ھ/**1994**ء، رقم الحديث: **12525** اخرجه ابويعلى الموصلي في "مسنده" طبع [illegible] دمشق، شام، **1404**ھ-**1984**ء، رقم الحديث: **2019** اخرجه ابوبكر الحميدي في "مسنده" طبع دار الكتب العلميه، مكتبه [illegible] بيروت، قاہرہ، رقم الحديث: **1233** اخرجه ابوالحسين مسلم النيسابوري في "صحيحه" طبع داراحياء التراث العربي، بيروت، [illegible] رقم الحديث: **2314**

رقم الحديث: **1495**: اخرجه ابوالحسين مسلم النيسابوري في "صحيحه" طبع داراحياء التراث العربي، بيروت، لبنان، رقم الحديث: **2315** اخرجه ابوعبدالله الشيباني في "مسنده" طبع موسسه قرطبه، قاہرہ، مصر، رقم الحديث: **13037** اخرجه ابوحاتم البستي في "صحيحه" طبع موسسه الرساله، بيروت، لبنان، **1414**ھ/**1993**ء، رقم الحديث: **2902** اخرجه ابويعلى الموصلي في "مسنده" طبع [illegible] دمشق، شام، **1404**ھ-**1984**ء، رقم الحديث: **3288** اخرجه ابوبكر الكوفي، في "مصنفه" طبع مكتبه الرشد، رياض،

Marfat.com

✧✧ حضرت انس بن مالک رضی اللہ عنہ بیان کرتے ہیں ہم نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کے ہمراہ ابوسیف نامی لوہار کے ہاں داخل ہوئے جو نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کے صاحبزادے ابراہیم (رضی اللہ عنہ) کی دایہ کا شوہر تھا۔ نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے حضرت ابراہیم (رضی اللہ عنہ) کو اٹھایا پیار کیا اور سونگھا۔ پھر اس کے بعد ہم ان کے ہاں گئے تو وہ آخری سانسیں لے رہے تھے۔ نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کی آنکھوں سے آنسو بہنے لگے۔ حضرت عبدالرحمن بن عوف رضی اللہ عنہ نے عرض کی یارسول اللہ (صلی اللہ علیہ وسلم)! آپ (رو رہے ہیں)؟ آپ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا اے ابن عوف! یہ اللہ کی رحمت ہے۔ پھر آپ صلی اللہ علیہ وسلم نے دوبارہ بات بیان کی اور یہ ارشاد فرمایا آنکھیں روتی ہیں اور دل غمگین ہوتے ہیں اور ہم وہی بات کہتے ہیں کہ جس سے ہمارا رب راضی ہو۔ اے ابراہیم! تمہاری جدائی میں ہم غمگین ہیں۔

أخرجه البخاري في: 23 كتاب الجنائز: 44 باب قول النبي صلى الله عليه وسلم: إنا بك لمحزونون

رقم الجزء: 1 رقم الصفحة: 724 (مرتب شیخ صحیح بخاری مترجم حدیث 1241)

1496 ۞ حديث عَائِشَةَ رَضِيَ اللَّهُ عَنْهَا،

قَالَتْ: جَاءَ أَعْرَابِيٌّ إِلَى النَّبِيِّ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ، فَقَالَ: تُقَبِّلُونَ الصِّبْيَانَ فَمَا نُقَبِّلُهُمْ فَقَالَ النَّبِيُّ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: أَوَ أَمْلِكُ لَكَ أَنْ نَزَعَ اللَّهُ مِنْ قَلْبِكَ الرَّحْمَةَ

✧✧ سیدہ عائشہ صدیقہ رضی اللہ عنہا بیان کرتی ہیں: ایک دیہاتی نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کی خدمت میں حاضر ہوا اور کہنے لگا آپ بچوں کو بوسہ دیتے ہیں ہم تو نہیں دیتے۔ نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا اگر اللہ تعالیٰ نے تمہارے سینے سے رحم کا مادہ نکال دیا ہے تو میں کیا کر سکتا ہوں۔

أخرجه البخاري في: 78 كتاب الأدب: 18 باب رحمة الولد وتقبيله ومعانقته

رقم الجزء: 1 رقم الصفحة: 725 (مرتب شیخ صحیح بخاری مترجم حدیث 5652)

1497 ۞ حديث أَبِي هُرَيْرَةَ رَضِيَ اللَّهُ عَنْهُ

بقیہ حاشیہ رقم الحدیث: **1495**: سعودی عرب طبع ہی 1409ھ رقم حدیث 12126 ... طبع مکتبہ دار الباز مکہ مکرمہ سعودی عرب 1414ھ 1994ء رقم حدیث 6942 ... لسنۃ قاہرہ مصر 1408ھ 1988ء رقم الحدیث 1287

رقم الحدیث **1497**: اخرجہ ابوالحسین مسلم ... حدیث 2317 اخرجہ ابوداؤد السجستانی فی "السنۃ" طبع دار الفکر ... 5218 ... "السنۃ" طبع دار الفکر بیروت لبنان رقم حدیث 3665 ... بیروت لبنان 1411ھ 1990ء رقم الحدیث 4793 ... حدیث 7121 اخرجہ ابوحاتم البستی فی "صحیحہ" طبع ... 1414ھ 1993ء ... 5595 ... ابوبکر البیہقی فی "السنن الکبری" طبع مکتبہ دار ... مکہ مکرمہ سعودی عرب 1414ھ 1994ء ... 1335 ... الطبرانی فی "معجمہ الکبیر" طبع مکتبہ العلوم والحکم ... 1404ھ 1983ء ... 6694 ... "مسندہ" طبع دار المامون للتراث دمشق شام 1404ھ 1984ء ... 5892 ... دار المنار الاسلامیہ بیروت لبنان 1409ھ 1989ء ... 90

Marfat.com

قَالَ: قَبَّلَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ، الْحَسَنَ بْنَ عَلِيٍّ، وَعِنْدَهُ الْأَقْرَعُ بْنُ حَابِسٍ التَّمِيمِيُّ، جَالِسًا فَقَالَ الْأَقْرَعُ: إِنَّ لِي عَشَرَةً مِّنَ الْوَلَدِ مَا قَبَّلْتُ مِنْهُمْ أَحَدًا فَنَظَرَ إِلَيْهِ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ، ثُمَّ قَالَ: مَنْ لَا يَرْحَمُ لَا يُرْحَمُ

✧✧ حضرت ابوہریرہ رضی اللہ عنہ بیان کرتے ہیں: نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے امام حسن رضی اللہ عنہ کو بوسہ دیا اس وقت آپ کے پاس اقرع بن حابس بیٹھا ہوا تھا اس نے عرض کی: یارسول اللہ! میرے دس بیٹے ہیں میں نے ان میں سے کبھی کسی ایک کو بوسہ نہیں دیا' نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے اس کی طرف دیکھا اور فرمایا: جو شخص رحم نہیں کرتا اس پر رحم نہیں کیا جاتا۔

أخرجه البخاري في: 78 كتاب الأدب: 18 باب رحمة الولد وتقبيله ومعانقته

رقم الجزء: 1 رقم الصفحة: 725 (جہانگیری صحیح بخاری، مطبوعہ شبیر برادرز، رقم الحدیث: 5651)

1498 حديث جَرِيرِ بْنِ عَبْدِ اللّٰهِ رَضِيَ اللّٰهُ عَنْهُمَا،

عَنِ النَّبِيِّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ، قَالَ: مَنْ لَا يَرْحَمُ لَا يُرْحَمُ

✧✧ حضرت جریر بن عبداللہ رضی اللہ عنہ بیان کرتے ہیں: نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے ارشاد فرمایا ہے: جو شخص رحم نہیں کرتا اس پر رحم نہیں کیا جاتا۔

أخرجه البخاري في: 78 كتاب الأدب: 27 باب رحمة الناس والبهائم

رقم الجزء: 1 رقم الصفحة: 725 (جہانگیری صحیح بخاری، مطبوعہ شبیر برادرز، رقم الحدیث: 5667)

•••———•••———•••

رقم الحديث: 14898

کوئی عیب نہیں ہے (وہ پتھر ایک جگہ رُک گیا) حضرت موسیٰ علیہ السلام نے کپڑے پہن کر اسے مارنا شروع کیا۔
حضرت ابو ہریرہ رضی اللہ عنہ بیان کرتے' اللہ کی قسم! حضرت موسیٰ علیہ السلام نے اس پتھر کو چھ یا سات ضربیں لگائیں۔

أخرجه البخاري في: 5 كتاب الغسل: 20 باب من اغتسل عريانا وحده في الخلوة

رقم الجزء: 1 رقم الصفحة: 737 (جہانگیری صحیح بخاری، مطبوعہ شبیر برادرز، رقم الحدیث:274)

1533 حديث أَبِي هُرَيْرَةَ رَضِيَ اللّٰهُ عَنْهُ،

قَالَ: أُرْسِلَ مَلَكُ الْمَوْتِ إِلٰى مُوسٰى عَلَيْهِ السَّلَامُ فَلَمَّا جَاءَهُ صَكَّهُ فَرَجَعَ إِلٰى رَبِّهِ، فَقَالَ: أَرْسَلْتَنِي إِلٰى عَبْدٍ لَا يُرِيْدُ الْمَوْتَ فَرَدَّ اللّٰهُ عَلَيْهِ عَيْنَهُ وَقَالَ: ارْجِعْ فَقُلْ لَّهُ يَضَعُ يَدَهُ عَلٰى مَتْنِ ثَوْرٍ فَلَهُ بِكُلِّ مَا غَطَّتْ بِهِ يَدُهُ. بِكُلِّ شَعْرَةٍ سَنَةٌ قَالَ: أَيْ رَبِّ ثُمَّ مَاذَا قَالَ: ثُمَّ الْمَوْتُ قَالَ: فَالآنَ فَسَأَلَ اللّٰهَ أَنْ يُّدْنِيَهُ مِنَ الْأَرْضِ الْمُقَدَّسَةِ رَمْيَةً بِحَجَرٍ

قَالَ: قَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: فَلَوْ كُنْتُ ثَمَّ لَأَرَيْتُكُمْ قَبْرَهُ إِلٰى جَانِبِ الطَّرِيْقِ، عِنْدَ الْكَثِيْبِ الْأَحْمَرِ

✧✧ حضرت ابو ہریرہ رضی اللہ عنہ بیان کرتے ہیں' موت پر متعین فرشتے کو حضرت موسیٰ علیہ السلام کے پاس بھیجا گیا' وہ حضرت موسیٰ علیہ السلام کے پاس آیا تو انہوں نے فرشتے کے منہ پر تھپڑ مارا وہ واپس اللہ رب العزت کے پاس گیا اور عرض کی: مجھے ایسے شخص کے پاس بھیجا ہے جو مرنا نہیں چاہتا۔ اللہ تعالیٰ نے اس فرشتے کی آنکھ واپس لوٹائی اور حکم کیا: اسے کہو کہ وہ اپنا ہاتھ کسی بیل کی پشت پر رکھے اس کے ہاتھ کے نیچے جتنے بال آئیں گے ہر ایک بال کے عوض میں اسے ایک برس کی مزید زندگی دوں گا۔ فرشتے نے یہ بات واپس آ کر حضرت موسیٰ علیہ السلام سے کہی۔ حضرت موسیٰ علیہ السلام نے پوچھا: پھر کیا ہوگا۔ فرشتے نے کہا کہ پھر موت آئیگی تو حضرت موسیٰ علیہ السلام نے کہا: میں ابھی فوت ہو جاتا ہوں۔

نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم فرماتے ہیں: حضرت موسیٰ علیہ السلام نے اللہ سے دعا کی: مجھے ارضِ مقدس کے اتنا قریب کر دے (جتنے فاصلے پر) پتھر گرتا ہے۔

حضرت ابو ہریرہ رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں: نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم فرماتے ہیں: میں اگر وہاں ہوتا تو میں تمہیں ان کی قبر دکھاتا جو عام راستے سے ہٹ کر سرخ ٹیلے کے پاس موجود ہے۔

أخرجه البخاري في: 23 كتاب الجنائز: 69 باب من أحب الدفن في الأرض المقدسة

رقم الجزء: 1 رقم الصفحة: 738 (جہانگیری صحیح بخاری، مطبوعہ شبیر برادرز، رقم الحدیث:1274)

رقم الحديث: **1533**

اخرجه ابوالحسين مسلم النيسابوري في "صحيحه" طبع داراحياء التراث العربي، بيروت، لبنان، رقم الحديث: **2372** اخرجه ابوعبدالرحمن النسائي في "سننه" طبع مكتب المطبوعات الاسلامية، حلب، شام، **1406**ھ، **1986**ء، رقم الحديث: **2089** اخرجه ابوعبدالله الشيباني في "مسنده" طبع موسسه قرطبه، قاهره، مصر، رقم الحديث: **7634** اخرجه ابوحاتم البستي في "صحيحه" طبع موسسه الرساله، بيروت، لبنان، **1414**ھ/**1993**ء، رقم الحديث: **6223**

Marfat.com

﴿1534﴾ حديث أَبِي هُرَيْرَةَ رَضِيَ اللّٰهُ عَنْهُ،

قَالَ: اسْتَبَّ رَجُلاَنِ، رَجُلٌ مِّنَ الْمُسْلِمِيْنَ، وَرَجُلٌ مِّنَ الْيَهُوْدِ قَالَ الْمُسْلِمُ: وَالَّذِيْ اصْطَفَى مُحَمَّدًا عَلَى الْعَالَمِيْنَ فَقَالَ الْيَهُوْدِيُّ: وَالَّذِيْ اصْطَفَى مُوْسٰى عَلَى الْعَالَمِيْنَ فَرَفَعَ الْمُسْلِمُ يَدَهُ، عِنْدَ ذٰلِكَ. فَلَطَمَ وَجْهَ الْيَهُوْدِيِّ فَذَهَبَ الْيَهُوْدِيُّ إِلَى النَّبِيِّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ، فَأَخْبَرَه بِمَا كَانَ مِنْ أَمْرِهِ وَأَمْرِ الْمُسْلِمِ فَدَعَا النَّبِيُّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ الْمُسْلِمَ، فَسَأَلَهُ عَنْ ذٰلِكَ، فَأَخْبَرَهُ فَقَالَ النَّبِيُّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: لاَ تُخَيِّرُوْنِيْ عَلَى مُوسٰى، فَإِنَّ النَّاسَ يَصْعَقُوْنَ يَوْمَ الْقِيَامَةِ، فَأَصْعَقُ مَعَهُمْ، فَأَكُوْنُ أَوَّلَ مَنْ يُّفِيقُ، فَإِذَا مُوْسٰى بَاطِشٌ جَانِبَ الْعَرْشِ، فَلاَ أَدْرِيْ أَكَانَ فِيمَنْ صَعِقَ فَأَفَاقَ قَبْلِي، أَوْ كَانَ مِمَّنِ اسْتَثْنَى اللّٰهُ

✧✧ حضرت ابوہریرہ رضی اللہ عنہ بیان کرتے ہیں' دو آدمیوں کے درمیان تو' تو میں' میں ہوگئی ایک کا تعلق مسلمانوں سے تھا اور دوسرا یہودی تھا، مسلمان نے کہا اس ذات کی قسم! جس نے حضرت محمد صلی اللہ علیہ وسلم کو تمام جہانوں پر فضیلت دی ہے، مسلمان سے یہ سن کر یہودی نے کہا: اس ذات کی قسم! جس نے حضرت موسیٰ علیہ السلام کو تمام جہانوں پر فضیلت دی مسلمان نے یہ سن کر اپنا ہاتھ اٹھایا اور یہودی کے منہ پر تھپڑ مار دیا، وہ شخص نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کے پاس گیا اور آپ کو اپنے اور مسلمان کے معاملے کے بارے میں بتایا، نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: تم مجھے حضرت موسیٰ علیہ السلام پر فضیلت نہ دو کیونکہ قیامت کے دن لوگوں کو بے ہوش کر دیا جائے گا ان کے ساتھ میں بھی بے ہوش ہو جاؤں گا، سب سے پہلے مجھے ہوش آئے گا تو حضرت موسیٰ علیہ السلام عرش کے کنارے کو تھامے ہوئے ہوں گے. مجھے نہیں معلوم کہ کیا وہ بے ہوش ہونے والوں میں شامل تھے اور مجھ سے پہلے ہوش میں آ گئے؟ یا ان لوگوں میں شامل تھے جن کا اللہ تعالیٰ نے استثناء کیا ہے۔

أخرجه البخاري في: 44 كتاب الخصومات: 1 باب ما يذكر في الإشخاص والخصومة بين المسلم واليهود

رقم الجزء: 1 رقم الصفحة: 739 (جہانگیری صحیح بخاری مطبوعہ شبیر برادرز، رقم الحدیث: 2280)

﴿1535﴾ حديث أَبِي سَعِيْدٍ الْخُدْرِيِّ رَضِيَ اللّٰهُ عَنْهُ،

قَالَ: بَيْنَمَا رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ جَالِسٌ، جَاءَ يَهُوْدِيٌّ فَقَالَ: يَا أَبَا الْقَاسِمِ ضَرَبَ وَجْهِي رَجُلٌ مِّنْ أَصْحَابِكَ فَقَالَ: مَنْ قَالَ: رَجُلٌ مِّنَ الْأَنْصَارِ قَالَ: ادْعُوْهُ فَقَالَ: أَضَرَبْتَهُ قَالَ: سَمِعْتُهُ بِالسُّوْقِ يَحْلِفُ، وَالَّذِيْ اصْطَفَى مُوْسٰى عَلَى الْبَشَرِ قُلْتُ: أَيْ خَبِيثُ عَلَى مُحَمَّدٍ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ فَأَخَذَتْنِي غَضْبَةٌ ضَرَبْتُ وَجْهَهُ فَقَالَ النَّبِيُّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: لاَ تُخَيِّرُوْا بَيْنَ الْأَنْبِيَاءِ، فَإِنَّ النَّاسَ يَصْعَقُوْنَ يَوْمَ

رقم الحديث : 1534

اخرجه ابوالحسين مسلم النيسابوري في "صحيحه" طبع دار احياء التراث العربي بيروت لبنان رقم الحديث: 2373 اخرجه ابوداؤد السجستاني في "سننه" طبع دار الفكر بيروت لبنان رقم الحديث: 4611 اخرجه ابوعيسى الترمذي في "جامعه" طبع دار احياء التراث العربي بيروت لبنان رقم الحديث: 3245 اخرجه ابوعبدالله الشيباني في "مسنده" طبع موسسه قرطبه قاهره مصر رقم الحديث: 7576 اخرجه ابوحاتم البستي في "صحيحه" طبع موسسه الرساله بيروت لبنان 1414ھ / 1993ء رقم الحديث: 7311 اخرجه ابوالقاسم الطبراني في "مسند الشاميين" طبع موسسة الرساله بيروت لبنان 1405ھ / 1984ء رقم الحديث: 3027

Marfat.com

الْقِيَامَةِ، فَأَكُونَ أَوَّلَ مَنْ تَنْشَقُّ عَنْهُ الْأَرْضُ فَإِذَا أَنَا بِمُوسَى اٰخِذٌ بِقَائِمَةٍ مِّنْ قَوَائِمِ الْعَرْشِ، فَلاَ أَدْرِي أَكَانَ فِيمَنْ صَعِقَ أَمْ حُوسِبَ بِصَعْقَةِ الاولٰى

✧✧ حضرت ابوسعید خدری رضی اللہ عنہ بیان کرتے ہیں' ایک مرتبہ نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم تشریف فرما تھے' ایک یہودی آیا اور بولا: اے ابوالقاسم! آپ کے اصحاب میں سے ایک شخص نے میرے منہ پر تھپڑ مارا ہے، نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: کس نے؟ اس نے انصار کے ایک فرد کے بارے میں بتایا: نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: اس شخص کو بلاؤ آپ نے دریافت کیا: کیا تم نے اس شخص کو مارا ہے۔ اس نے جواب دیا میں نے اسے بازار میں یہ قسم اٹھاتے ہوئے سنا: اس ذات کی قسم! جس نے حضرت موسیٰ علیہ السلام کو تمام بنی نوع انسان پر فضیلت دی ہے، میں نے کہا: اے خبیث! تم حضرت محمد صلی اللہ علیہ وسلم پر انہیں فضیلت دے رہے ہو؟ مجھے غصہ آ گیا، میں نے اس کے منہ پر تھپڑ مار دیا۔ نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: انبیاء کے درمیان ایک دوسرے کو فضیلت نہ دیا کرو، قیامت کے دن لوگ بے ہوش ہو جائیں گے، مجھے سب سے پہلے ہوش آئے گا، جب مجھے ہوش آئے گا تو حضرت موسیٰ علیہ السلام عرش کے پائے کو تھامے ہوئے کھڑے ہوں گے، مجھے نہیں معلوم کہ وہ ان لوگوں میں سے تھے جو بے ہوش ہوئے؟ یا پھر (پہلی مرتبہ کوہِ طور) پر بے ہوشی کو کافی قرار دیا گیا۔

أخرجه البخاري في: 44 كتاب الخصومات: 1 باب في الإنتخاص والخصومة بين المسلم واليهود

رقم الجزء: 1 رقم الصفحة: 740 (جہانگیری صحیح بخاری، مطبوعہ شبیر برادرز، رقم الحدیث: 2281)

•••———•••———•••

في ذكر يونس عليه السلام وقول النبيّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ لا ينبغي لعبد أن يقول أنا خير من يونس بن متّى

حضرت یونس علیہ السلام کے فضائل

فرمان نبوی ہے: ''کسی بھی بندے کیلئے یہ کہنا مناسب نہیں ہے کہ وہ یہ کہے: میں یونس بن متی سے بہتر ہوں''

1536 حديث أَبِي هُرَيْرَةَ رَضِيَ اللّٰهُ عَنْهُ،

عَنِ النَّبِيِّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ، قَالَ: لاَ يَنْبَغِي لِعَبْدٍ أَنْ يَقُولَ أَنَا خَيْرٌ مِّنْ يُّونُسَ بْنِ مَتّٰى

✧✧ حضرت ابوہریرہ رضی اللہ عنہ نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کا یہ فرمان نقل کرتے ہیں: کسی بندے کے لئے یہ مناسب نہیں ہے کہ وہ یہ کہے: میں حضرت یونس بن متی علیہ السلام سے بہتر ہوں۔

أخرجه البخاري في: 60 كتاب الأنبياء: 35 باب قول الله تعالى (وإن يونس لمن المرسلين)

رقم الجزء: 1 رقم الصفحة: 741 (جہانگیری صحیح بخاری، مطبوعہ شبیر برادرز، رقم الحدیث: 3234)

1537 حديث ابْنِ عَبَّاسٍ رَضِيَ اللّٰهُ عَنْهُمَا،

Marfat.com

عَنِ النَّبِيِّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ، قَالَ: لَا يَنْبَغِي لِعَبْدٍ أَنْ يَقُوْلَ أَنَا خَيْرٌ مِّنْ يُوْنُسَ بْنِ مَتّٰى وَنَسَبَهُ إِلٰى أَبِيْهِ

❖ ❖ حضرت ابن عباس رضی اللہ عنہما نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کا یہ فرمان نقل کرتے ہیں: کسی بندے کے لئے یہ مناسب نہیں کہ وہ یہ کہے میں حضرت یونس بن متی سے بہتر ہوں۔ راوی بیان کرتے ہیں نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے ان کا نسب ان کے والد کے حوالے سے بیان کیا ہے۔

أخرجه البخاري في: 60 كتاب الأنبياء: 24 باب قول الله تعالى (ولهل أتاك حديث موسى)

رقم الجزء: 1 رقم الصفحة: 741 (ہر ہائگیری صحیح بخاری مطبوعہ شبیر برادرز رقم الحدیث: 3215)

•••———•••———•••

من فضائل يوسف عليه السلام

حضرت یوسف علیہ السلام کے فضائل

1538 ۔ حديث أَبِي هُرَيْرَةَ رَضِيَ اللّٰهُ عَنْهُ،

قِيلَ يَا رَسُوْلَ اللّٰهِ مَنْ أَكْرَمُ النَّاسِ قَالَ: أَتْقَاهُمْ فَقَالُوْا: لَيْسَ عَنْ هٰذَا نَسْأَلُكَ قَالَ: فَيُوْسُفُ نَبِيُّ اللّٰهِ ابْنُ

رقم الحديث 1537

أخرجه مسلم النيسابوري في "صحيحه" طبع دار احياء التراث العربي بيروت لبنان رقم الحديث: 2377 أخرجه [illegible] في "مسنده" طبع موسسة قرطبة قاهرة مصر رقم الحديث: 2167 اخرجه ابوحاتم البستي في "صحيحه" طبع موسسة الرسالة بيروت لبنان 1414ھ / 1993ء رقم الحديث: 6238 اخرجه ابوالقاسم الطبراني في "معجمه الكبير" طبع مكتبة العلوم والحكم الموصل 1404ھ 1983ء رقم الحديث: 12753 اخرجه ابوالقاسم الطبراني في "معجمه الاوسط" طبع دار الحرمين قاهرة مصر 15 اھ رقم الحديث: 2315 اخرجه ابويعلى الموصلي في "مسنده" طبع دار المامون للتراث دمشق شام 1404ھ 1984ء رقم الحديث: 2544 اخرجه ابوبكر البزار البصري في "مسنده" رقم الحديث: 1683 اخرجه ابوبكر الكوفي في "مصنفه" طبع مكتبة الرشد رياض سعودي عرب طبع اول 1409ھ رقم الحديث: 31862 اخرجه ابوعبدالرحمن النسائي في "سننه" طبع مكتب المطبوعات الاسلامية حلب شام 1406ھ 1986ء رقم الحديث: 11167 اخرجه ابوجعفر الطحاوي في "شرح معاني الآثار" طبع دار الكتب العلمية بيروت لبنان 1399ھ رقم الحديث: 6603 اخرجه ابومحمد الكسي في "مسنده" طبع مكتبة السنة قاهرة مصر 1408ھ 1988ء رقم الحديث: 663 اخرجه ابوالحسن الحوزي في "مسنده" طبع موسسة نادر بيروت لبنان 1410ھ / 1990ء رقم الحديث: 67

رقم الحديث: **1538**: اخرجه ابوالحسين مسلم النيسابوري في "صحيحه" طبع دار احياء التراث العربي بيروت لبنان رقم الحديث: 2378 اخرجه ابوعبدالله الشيباني في "مسنده" طبع موسسة قرطبة قاهرة مصر رقم الحديث: 9564 اخرجه ابوعبدالرحمن النسائي في "سننه" طبع مكتب المطبوعات الاسلامية حلب شام 1406ھ 1986ء رقم الحديث: 11249 اخرجه ابويعلى الموصلي في "مسنده" طبع دار المامون للتراث دمشق شام 1404ھ 1984ء رقم الحديث: 6471 اخرجه ابوعبدالله البخاري في "الادب المفرد" طبع دار البشائر الاسلامية بيروت لبنان 1409ھ 1989ء رقم الحديث: 129 اخرجه ابومحمد الدارمي في "سننه" طبع دار الكتاب العربي بيروت لبنان 1407ھ 1987ء رقم الحديث: 223 اخرجه ابوبكر الكوفي في "مصنفه" طبع مكتبة الرشد رياض سعودي عرب طبع اول 1409ھ رقم الحديث: 31919

Marfat.com

نَبِيِّ اللّٰهِ ابْنِ نَبِيِّ اللّٰهِ ابْنِ خَلِيْلِ اللّٰهِ قَالُوْا: لَيْسَ عَنْ هٰذَا نَسْأَلُكَ قَالَ: فَعَنْ مَعَادِنِ الْعَرَبِ تَسْأَلُوْنَ خِيَارُهُمْ فِي الْجَاهِلِيَّةِ خِيَارُهُمْ فِي الْإِسْلَامِ إِذَا فَقُهُوا

✧✧ حضرت ابوہریرہ رضی اللہ عنہ بیان کرتے ہیں' عرض کی گئی: یارسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم! لوگوں میں سب سے زیادہ معزز کون ہے؟ آپ نے فرمایا: جو سب سے زیادہ پرہیز گار ہو۔ لوگوں نے عرض کی: ہم نے آپ سے اس بارے میں دریافت نہیں کیا۔ آپ نے فرمایا: اللہ کے نبی یوسف علیہ السلام (سب سے زیادہ معزز ہیں) جو اللہ کے نبی (حضرت یعقوب علیہ السلام) کے صاحبزادے تھے۔ جو اللہ تعالیٰ کے نبی (حضرت اسحاق علیہ السلام کے صاحبزادے تھے) جو اللہ کے خلیل کے صاحبزادے تھے۔ لوگوں نے عرض کی: ہم آپ سے اس بارے میں دریافت نہیں کر رہے۔ نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: کیا تم عربوں کے بڑوں کے بارے میں دریافت کر رہے ہو۔ ان میں جو لوگ زمانہ جاہلیت میں بہتر سمجھتے جاتے تھے اسلام میں بھی بہتر سمجھے جائیں گے جبکہ وہ دین کی سمجھ بوجھ حاصل کرلیں۔

أخرجه البخاري في: 60 كتاب الأنبياء: 8 باب قول الله تعالى (واتخذ الله إبراهيم خليلاً)

رقم الحديث: 1 رقم الصفحة: 741 (جہانگیری صحیح بخاری، مطبوعہ شبیر برادرز، رقم الحدیث:3175)

•••———•••———•••

من فضائل الخضر عليه السلام

حضرت خضر علیہ السلام کے فضائل

1539 حديث أُبَيِّ بْنِ كَعْبٍ رَضِيَ اللّٰهُ عَنْهُ،

عَنِ النَّبِيِّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: قَامَ مُوْسَى النَّبِيُّ خَطِيبًا فِيْ بَنِيْ إِسْرَائِيْلَ، فَسُئِلَ: أَيُّ النَّاسِ أَعْلَمُ فَقَالَ: أَنَا أَعْلَمُ فَعَتَبَ اللّٰهُ عَلَيْهِ إِذْ لَمْ يَرُدَّ الْعِلْمَ إِلَيْهِ فَأَوْحَى اللّٰهُ إِلَيْهِ أَنَّ عَبْدًا مِّنْ عِبَادِيْ بِمَجْمَعِ الْبَحْرَيْنِ هُوَ أَعْلَمُ مِنْكَ قَالَ: يَا رَبِّ وَكَيْفَ بِهِ فَقِيْلَ لَهُ: احْمِلْ حُوتًا فِيْ مِكْتَلٍ، فَإِذَا فَقَدْتَهُ فَهُوَ ثَمَّ فَانْطَلَقَ، وَانْطَلَقَ بِفَتَاهُ يُوشَعَ بْنِ نُوْنٍ وَحَمَلَا حُوتًا فِيْ مِكْتَلٍ، حَتّٰى كَانَا عِنْدَ الصَّخْرَةِ، وَضَعَا رُؤُوسَهُمَا وَنَامَا فَانْسَلَّ الْحُوتُ مِنَ الْمِكْتَلِ فَاتَّخَذَ سَبِيْلَهُ فِي الْبَحْرِ سَرَبًا وَكَانَ لِمُوْسَى وَفَتَاهُ عَجَبًا فَانْطَلَقَا بَقِيَّةَ لَيْلَتِهِمَا وَيَوْمَهُمَا فَلَمَّا أَصْبَحَ، قَالَ مُوْسَى لِفَتَاهُ: اٰتِنَا غَدَاءَ نَا، لَقَدْ لَقِينَا مِنْ سَفَرِنَا هٰذَا نَصَبًا وَلَمْ يَجِدْ مُوْسَى مَسًّا مِّنَ النَّصَبِ حَتّٰى جَاوَزَ الْمَكَانَ الَّذِيْ أُمِرَ بِهِ فَقَالَ لَهُ فَتَاهُ: أَرَأَيْتَ إِذْ أَوَيْنَا إِلَى الصَّخْرَةِ فَإِنِّيْ نَسِيتُ الْحُوتَ قَالَ مُوسى: ذٰلِكَ مَا كُنَّا نَبْغِي فَارْتَدَّا عَلٰى اٰثَارِهِمَا قَصَصًا فَلَمَّا انْتَهَيَا إِلَى الصَّخْرَةِ، إِذَا رَجُلٌ مُسَجًّى بِثَوْبٍ (أَوْ قَالَ تَسَجَّى بِثَوْبِهِ) فَسَلَّمَ مُوْسٰى فَقَالَ الْخَضِرُ وَأَنّٰى بِأَرْضِكَ السَّلَامُ فَقَالَ: أَنَا مُوْسٰى فَقَالَ: مُوْسٰى بَنِيْ إِسْرَائِيْلَ قَالَ: نَعَمْ قَالَ: هَلْ أَتَّبِعُكَ عَلٰى أَنْ تُعَلِّمَنِيْ مِمَّا عُلِّمْتَ رُشْدًا قَالَ إِنَّكَ لَنْ تَسْتَطِيعَ مَعِيْ صَبْرًا يَا مُوْسٰى إِنِّيْ عَلٰى عِلْمٍ مِّنْ عِلْمِ اللّٰهِ عَلَّمَنِيهِ لَا تَعْلَمُهُ أَنْتَ، وَأَنْتَ عَلٰى عِلْمٍ عَلَّمَكَهُ لَا أَعْلَمُهُ

قَالَ: سَتَجِدُنِيْ إِنْ شَاءَ اللّٰهُ صَابِرًا وَلَا أَعْصِيْ لَكَ أَمْرًا فَانطلقا يَمْشِيَانِ عَلٰى سَاحِلِ الْبَحْرِ، لَيْسَ لَهُمَا

Marfat.com

سَفِينَةَ فَمَرَّتْ بِهِمَا سَفِينَةٌ، فَكَلَّمُوْهُمْ أَنْ يَحْمِلُوْهُمَا، فَعُرِفَ الْخَضِرُ، فَحَمَلُوْهُمَا بِغَيْرِ نَوْلٍ فَجَاءَ عُصْفُوْرٌ فَوَقَعَ عَلَى حَرْفِ السَّفِينَةِ، فَنَقَرَ نَقْرَةً أَوْ نَقْرَتَيْنِ فِي الْبَحْرِ فَقَالَ الْخَضِرُ: يَا مُوْسَى مَا نَقَصَ عِلْمِي وَعِلْمُكَ مِنْ عِلْمِ اللّٰهِ إِلَّا كَنَقْرَةِ هٰذَا الْعُصْفُوْرِ فِي الْبَحْرِ فَعَمَدَ الْخَضِرُ إِلَى لَوْحٍ مِّنْ أَلْوَاحِ السَّفِينَةِ فَنَزَعَهُ فَقَالَ مُوسَى: قَوْمٌ حَمَلُوْنَا بِغَيْرِ نَوْلٍ، عَمَدْتَ إِلَى سَفِينَتِهِمْ فَخَرَقْتَهَا لِتُغْرِقَ أَهْلَهَا قَالَ: أَلَمْ أَقُلْ إِنَّكَ لَنْ تَسْتَطِيعَ مَعِيَ صَبْرًا قَالَ: لَا تُؤَاخِذْنِي بِمَا نَسِيتُ فَكَانَتِ الْأُوْلَى مِنْ مُوْسَى نِسْيَانًا فَانْطَلَقَا، فَإِذَا غُلَامٌ يَلْعَبُ مَعَ الْغِلْمَانِ. فَأَخَذَ الْخَضِرُ بِرَأْسِهِ مِنْ أَعْلَاهُ فَاقْتَلَعَ رَأْسَهُ بِيَدِهِ فَقَالَ مُوسَى: أَقَتَلْتَ نَفْسًا زَكِيَّةً بِغَيْرِ نَفْسٍ قَالَ: أَلَمْ أَقُلْ لَّكَ إِنَّكَ لَنْ تَسْتَطِيعَ مَعِيَ صَبْرًا فَانْطَلَقَا حَتّٰى إِذَا أَتَيَا أَهْلَ قَرْيَةٍ اسْتَطْعَمَا أَهْلَهَا، فَأَبَوْا أَنْ يُّضَيِّفُوْهُمَا، فَوَجَدَا فِيْهَا جِدَارًا يُرِيْدُ أَنْ يَّنْقَضَّ، فَأَقَامَهُ قَالَ الْخَضِرُ بِيَدِهِ فَأَقَامَهُ فَقَالَ لَهُ مُوسَى: لَوْ شِئْتَ لَاتَّخَذْتَ عَلَيْهِ أَجْرًا قَالَ: هٰذَا فِرَاقُ بَيْنِي وَبَيْنِكَ قَالَ النَّبِيُّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: يَرْحَمُ اللّٰهُ مُوْسَى لَوَدِدْنَا لَوْ صَبَرَ حَتّٰى يُقَصَّ عَلَيْنَا مِنْ أَمْرِهِمَا

✧✧ حضرت ابی بن کعب رضی اللہ عنہ نے یہ حدیث سنائی ہے: نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے ارشاد فرمایا: ''ایک دن حضرت موسیٰ علیہ السلام بنی اسرائیل سے خطاب کر رہے تھے ان سے کسی نے پوچھا سب سے زیادہ علم کس انسان کو حاصل ہے؟ تو حضرت موسیٰ علیہ السلام نے جواب دیا مجھے سب سے زیادہ علم حاصل ہے۔ پس اللہ تعالیٰ نے اس بات پر عتاب کیا کہ علم کی نسبت اللہ تعالیٰ کی طرف کیوں نہیں کی (یعنی یہ کہہ دیتے اللہ بہتر جانتا ہے) اللہ تعالیٰ نے حضرت موسیٰ علیہ السلام پر وحی نازل کی کہ دو سمندروں کے ملاپ کے مقام پر ہمارا ایک ایسا بندہ موجود ہے جو تم سے بھی زیادہ علم رکھتا ہے۔ حضرت موسیٰ علیہ السلام نے دریافت کیا اے میرے پروردگار! اس سے کیسے ملا جا سکتا ہے؟ تو انہیں بتایا گیا کہ ایک برتن میں مچھلی ڈال کے ساتھ لے جاؤ جہاں وہ مچھلی گم ہو جائے وہ بندہ وہیں موجود ہوگا۔ حضرت موسیٰ علیہ السلام روانہ ہوئے آپ کے ہمراہ آپ کے ساتھی حضرت یوشع بن نون بھی روانہ ہوئے۔ ان دونوں حضرات نے ایک برتن میں مچھلی ڈال لی جب یہ دونوں حضرات پتھر (یا چٹان) کے پاس پہنچے تو سر رکھ کر لیٹ گئے اور پھر وہیں سو گئے۔ وہ مچھلی برتن میں سے نکلی اور سمندر میں چلی گئی۔ یہ حضرت موسیٰ علیہ السلام اور ان کے ساتھی کے لیے اشارہ تھا۔ (مگر ان دونوں حضرات کی توجہ اس طرف مبذول نہ ہوئی) یہ دونوں صاحبان بقیہ سارا دن اور رات بھر چلتے رہے اگلے دن صبح حضرت موسیٰ علیہ السلام نے اپنے ساتھی سے کہا ناشتہ لاؤ مجھے کچھ تھکن محسوس ہو رہی ہے (نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم فرماتے ہیں) حالانکہ اس مخصوص مقام کے پاس سے گزرنے سے پہلے حضرت موسیٰ علیہ السلام کو ذرا بھی تھکن کا احساس نہیں ہوا تھا اس وقت حضرت موسیٰ علیہ السلام کے ساتھی نے انہیں بتایا آپ نے غور فرمایا؟ جب ہم پتھر (یا چٹان) کے پاس سوئے تھے اس وقت مچھلی لاپتہ ہوئی تھی۔ حضرت موسیٰ علیہ السلام نے فرمایا وہی تو ہماری منزل ہے۔ یہ حضرات انہی قدموں پہ واپسی کے لیے چل پڑے۔ جب یہ حضرات اس پتھر (یا چٹان) کے پاس پہنچے تو وہاں ایک شخص موجود تھا جس نے ایک کپڑا لپیٹ رکھا تھا۔ حضرت موسیٰ علیہ السلام نے اسے سلام کیا (وہ حضرت خضر علیہ السلام تھے) حضرت خضر علیہ السلام بولے یہاں سلام کرنے والا کون آ گیا؟ حضرت موسیٰ علیہ السلام نے اپنا تعارف کروایا میں موسیٰ (علیہ السلام) ہوں۔ حضرت خضر علیہ السلام نے پوچھا بنی اسرائیل والے موسیٰ؟ حضرت موسیٰ نے جواب دیا جی ہاں! کیا میں آپ کے ساتھ رہ سکتا ہوں؟ تاکہ جو علوم آپ کو حاصل ہیں وہ آپ مجھے بھی سکھا دیں؟ خضر علیہ السلام بولے

Marfat.com

آپ میرے ساتھ رہ کر برداشت نہیں کر سکیں گے۔ اے موسیٰ علیہ السلام! اللہ تعالیٰ نے اپنے علوم میں سے ایسا علم مجھے عطا کیا ہے جس سے آپ واقف نہیں ہیں اور آپ کو اللہ تعالیٰ نے وہ علم عطا کیا ہے جس سے میں ناواقف ہوں (اس لیے ہم دونوں ساتھ نہیں رہ سکیں گے) حضرت موسیٰ علیہ السلام بولے' انشاء اللہ! آپ مجھے صبر کرنے والا پائیں گے' میں آپ کی کوئی نافرمانی نہیں کروں گا۔ (نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم فرماتے ہیں) یہ دونوں صاحبان سمندر کے کنارے پیدل چل پڑے کیونکہ ان کے پاس (سمندر پار کرنے کے لیے) کوئی کشتی نہیں تھی (کچھ دیر بعد) ایک کشتی وہاں سے گزری۔ ان حضرات نے کشتی والوں سے بات چیت کی کہ انہیں سوار کر لیا جائے' کشتی والے حضرت خضر علیہ السلام کو پہچان گئے (کہ یہ تو بزرگ آدمی ہیں) انہوں نے ان دونوں حضرات سے کوئی کرایہ وصول نہیں کیا۔ (سفر کے دوران) ایک چڑیا آ کر کشتی کے کنارے پر بیٹھی پھر اس نے ایک یا دو مرتبہ چونچ کے ذریعے سمندر کا پانی پیا۔ (یہ دیکھ کر) حضرت خضر علیہ السلام بولے' اے موسیٰ علیہ السلام! علمِ الٰہی کے سامنے میرا اور تمہارا علم وہ حیثیت بھی نہیں رکھتے جو اس سمندر کے مقابلے میں پانی کے ان قطروں کو حاصل ہے جو چڑیا نے پیے ہیں پھر حضرت خضر نے اسی کشتی کے ایک تختے کو توڑ دیا۔ حضرت موسیٰ علیہ السلام بولے' ان لوگوں نے ہمیں کسی کرائے کے بغیر سوار کر لیا اور آپ نے ان کی کشتی کے تختے کو توڑ دیا ہے؟ تاکہ کشتی کے مسافر ڈوب جائیں۔ حضرت خضر علیہ السلام بولے' میں نے آپ سے کہا تھا' آپ میرے ساتھ رہتے ہوئے برداشت نہیں کر سکیں گے؟ حضرت موسیٰ علیہ السلام بولے' میں بھول گیا تھا' آپ اس پر گرفت نہ کریں اور مجھے مشکل کا شکار نہ کریں۔ (نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم فرماتے ہیں) یہ حضرت موسیٰ علیہ السلام کی پہلی بھول تھی' یہ دونوں حضرات (کنارے پر اُتر کے) آگے روانہ ہو گئے' راستے میں ایک بچہ چند دوسرے بچوں کے ہمراہ کھیل رہا تھا' حضرت خضر علیہ السلام نے اوپر سے اس کا سر پکڑ کر اسے توڑ دیا (بچہ مر گیا) حضرت موسیٰ علیہ السلام بولے' آپ نے ایک معصوم بچے کو بلاوجہ قتل کر دیا؟ حضرت خضر علیہ السلام بولے' کیا میں نے آپ سے پہلے نہیں کہا تھا؟ کہ آپ میرے ساتھ کو برداشت نہیں کر سکیں گے؟ (ابن عیینہ کہتے ہیں' قرآن نے یہاں جو لفظ استعمال کیے ہیں) ان میں زیادہ تاکیدی مفہوم پایا جاتا ہے۔ (نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم فرماتے ہیں) یہ دونوں حضرات آگے روانہ ہو گئے یہاں تک کہ ایک بستی میں پہنچے اور بستی والوں سے کھانے کے لیے کچھ مانگا' بستی والوں نے ان کی میزبانی سے انکار کر دیا' ذرا آگے بڑھے تو راستے میں ایک دیوار نظر آئی جو گرنے کے قریب تھی۔ حضرت خضر علیہ السلام نے اسے ہاتھ لگا کر سیدھا کر دیا۔ حضرت موسیٰ علیہ السلام بولے' اگر آپ چاہیں تو بستی والوں سے اس کام کا معاوضہ وصول کر سکتے ہیں' تو حضرت خضر علیہ السلام بولے' میرے اور آپ کے درمیان یہی بنیادی فرق ہے۔ نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم ارشاد فرماتے ہیں: ''اللہ تعالیٰ حضرت موسیٰ پر رحم کرے' میری تو یہ خواہش تھی کہ حضرت موسیٰ علیہ السلام برداشت کا مظاہرہ کرتے تاکہ ہمیں اس واقعہ کے ذریعے مزید تفصیلات کا پتہ چلتا۔''

أخرجه البخاري في: 3 كتاب العلم: 44 باب ما يستحب للعالم إذا سئل أي الناس أعلم فيكل العلم إلى الله
رقم الجزء: 1 رقم الصفحة: 742 (جہانگیری صحیح بخاری مطبوعہ شبیر برادرز، رقم الحدیث:122)

•••———•••———•••

Marfat.com

كتاب فضائل الصحابة
صحابہ کرام رضی اللہ عنہم کے فضائل کا بیان

•••———•••———•••

من فضائل أبي بكر الصديق رَضِيَ اللّٰهُ عَنْهُ
حضرت ابوبکر صدیق رضی اللہ عنہ کے فضائل

1540 ۞ حديث أَبِي بَكْرٍ رَضِيَ اللّٰهُ عَنْهُ،

قَالَ: قُلْتُ لِلنَّبِيِّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ، وَأَنَا فِي الْغَارِ، لَوْ أَنَّ أَحَدَهُمْ نَظَرَ تَحْتَ قَدَمَيْهِ لَأَبْصَرَنَا فَقَالَ: مَا ظَنُّكَ، يَا أَبَا بَكْرٍ بِاثْنَيْنِ اللّٰهُ ثَالِثُهُمَا

✧✧ حضرت ابوبکر رضی اللہ عنہ بیان کرتے ہیں' میں نے نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم سے عرض کی: میں اس وقت غار میں موجود تھا' اگر ان میں سے کوئی ایک شخص اپنے پاؤں کے نیچے دیکھ لے تو ہمیں دیکھ لے گا۔ تو نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: اے ابوبکر! ان دو افراد کے بارے میں تمہاری کیا رائے ہے' جن کے ساتھ تیسرا' اللہ تعالیٰ ہو۔

أخرجه البخاري في: 62 كتاب فضائل أصحاب النبي صلى الله عليه وسلم: 2 باب مناقب المهاجرين وفضلهم

رقم الجزء: 1 رقم الصفحة: 745 (جہانگیری صحیح بخاری مطبوعہ شبیر برادرز، رقم الحدیث: 3453)

1541 ۞ حديث أَبِي سَعِيدٍ الْخُدْرِيِّ رَضِيَ اللّٰهُ عَنْهُ،

أَنَّ رَسُولَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ، جَلَسَ عَلَى الْمِنْبَرِ، فَقَالَ: إِنَّ عَبْدًا خَيَّرَهُ اللّٰهُ بَيْنَ أَنْ يُؤْتِيَهُ مِنْ زَهْرَةِ الدُّنْيَا مَا شَاءَ، وَبَيْنَ مَا عِنْدَهُ، فَاخْتَارَ مَا عِنْدَهُ فَبَكَى أَبُو بَكْرٍ، وَقَالَ: فَدَيْنَاكَ بِآبَائِنَا وَأُمَّهَاتِنَا فَعَجِبْنَا لَهُ وَقَالَ النَّاسُ: انْظُرُوا إِلَى هٰذَا الشَّيْخِ، يُخْبِرُ رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ، عَنْ عَبْدٍ خَيَّرَهُ اللّٰهُ بَيْنَ أَنْ يُؤْتِيَهُ

رقم الحديث: **1540**

اخرجه ابوالحسين مسلم النيسابوري في "صحيحه" طبع داراحياء التراث العربي بيروت لبنان رقم الحديث: **2381** اخرجه ابو عيسى الترمذي في "جامعه" طبع داراحياء التراث العربي بيروت لبنان رقم الحديث: **3096** اخرجه ابوعبدالله الشيباني في "مسنده" طبع موسسه قرطبه قاهره مصر رقم الحديث: **11** اخرجه ابوحاتم البستي في "صحيحه" طبع موسسه الرساله بيروت لبنان **1414**ھ **1993**ء رقم الحديث: **6278** اخرجه ابويعلى الموصلي في "مسنده" طبع دارالمامون للتراث دمشق شام **1404**ھ **1984**ء رقم الحديث: **66** اخرجه ابوبكر الكوفي في "مصنفه" طبع مكتبه الرشد رياض سعودي عرب طبع اول **1409**ھ رقم الحديث: **31929**

Marfat.com

مِنْ زَهْرَةِ الدُّنْيَا وَبَيْنَ مَا عِنْدَهُ، وَهُوَ يَقُوْلُ: فَدَيْنَاكَ بِآبَائِنَا وَأُمَّهَاتِنَا فَكَانَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ هُوَ الْمُخَيَّرَ، وَكَانَ أَبُوْ بَكْرٍ هُوَ أَعْلَمَنَا به وَقَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: إِنَّ مِنْ أَمَنِّ النَّاسِ عَلَيَّ فِيْ صُحْبَتِه وَمَالِه أَبَا بَكْرٍ، وَلَوْ كُنْتُ مُتَّخِذًا خَلِيْلاً مِّنْ أُمَّتِيْ لاتَّخَذْتُ أَبَا بَكْرٍ، إِلَّا خُلَّةَ الْإِسْلَامِ لا يَبْقَيَنَّ فِي الْمَسْجِدِ خَوْخَةٌ إِلَّا خَوْخَةُ أَبِيْ بَكْرٍ

﴿۴۰۴۰﴾ حضرت ابوسعید خدری رضی اللہ عنہ بیان کرتے ہیں' نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم منبر پر تشریف فرما ہوئے آپ نے فرمایا: ایک بندے کو اللہ تعالیٰ نے یہ اختیار دیا ہے وہ اسے دنیاوی آرائش وزیبائش عطا کر دے یا اپنا قرب عطا کر دے تو اس بندے نے اللہ تعالیٰ کے قرب کو اختیار کر لیا ہے یہ سن کر حضرت ابوبکر رضی اللہ عنہ رو پڑے اور بولے: ہم آپ کے عوض میں اپنے ماں باپ فدیہ کے طور پر دینے کے لئے تیار ہیں۔ (راوی کہتے ہیں) ہمیں ان پر بڑی حیرت ہوئی۔ لوگوں نے کہا: ان بزرگ کی طرف دیکھیں، نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم ایک بندے کے بارے میں ذکر کر رہے ہیں۔ جسے اللہ تعالیٰ نے دنیاوی نعمتوں اور اپنے قرب میں سے کسی ایک چیز کا اختیار دیا ہے اور یہ صاحب کہہ رہے ہیں کہ ہم آپ کے عوض میں اپنے ماں باپ دے دیں گے۔

راوی بیان کرتے ہیں وہ اختیار نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کو دیا گیا تھا اور حضرت ابوبکر رضی اللہ عنہ اس کے بارے میں ہم میں سے سب سے زیادہ جانتے تھے۔

نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے ارشاد فرمایا ہے: اپنے ساتھ اور مال کے اعتبار سے میرے ساتھ سب سے اچھا سلوک ابوبکر نے کیا ہے اگر میں نے اپنی امت میں سے کسی کو دوست بنانا ہوتا تو ابوبکر کو بناتا لیکن اسلام کی اخوت باقی ہے۔ مسجد میں ابوبکر کے مخصوص دروازے کے علاوہ ہر دروازہ بند کر دیا جائے۔

أخرجه البخاري في: 63 كتاب مناقب الأنصار: 45 باب هجرة النبي صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ وأصحابه إلى المدينة

رقم الجزء: 1 رقم الصفحة: 745 (صحیح بخاری، مطبوعہ شبیر برادرز، رقم الحدیث: 3691)

1542 ◦ حديث عَمْرِو بْنِ الْعَاصِ رَضِيَ اللّٰهُ عَنْهُ،

أَنَّ النَّبِيَّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ، بَعَثَهُ عَلَى جَيْشِ ذَاتِ السَّلَاسِلِ فَأَتَيْتُهُ فَقُلْتُ: أَيُّ النَّاسِ أَحَبُّ إِلَيْكَ قَالَ: عَائِشَةُ فَقُلْتُ: مِنَ الرِّجَالِ قَالَ: أَبُوهَا، قُلْتُ: ثُمَّ مَنْ قَالَ: ثُمَّ عُمَرُ بْنُ الْخَطَّابِ فَعَدَّ رِجَالاً

﴿۴۰۴۱﴾ حضرت عمرو بن العاص رضی اللہ عنہ بیان کرتے ہیں' نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے انہیں ''ذات سلاسل'' کے لشکر کا امیر مقرر کیا' حضرت عمرو رضی اللہ عنہ بیان کرتے ہیں' میں نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کی خدمت میں حاضر ہوا اور عرض کی: آپ صلی اللہ علیہ وسلم کے نزدیک سب سے زیادہ محبوب کون ہے؟ آپ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: عائشہ رضی اللہ عنہا! میں نے دریافت کیا' مردوں میں سے کون ہے؟ آپ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا' اس کے والد! میں نے عرض کی: پھر ان کے بعد کون ہے تو آپ نے فرمایا: عمر بن خطاب۔

رقم الحديث: 1542

أخرجه أبو الحسين مسلم النيسابوري في "صحيحه" طبع دار احياء التراث العربي، بيروت، لبنان، رقم الحديث: **2384** أخرجه ابو عيسى الترمذي في "جامعه" طبع دار احياء التراث العربي، بيروت، لبنان، رقم الحديث: **3885**

Marfat.com

پھر اس کے بعد انہوں نے چھ افراد کا درجہ بدرجہ ذکر کیا۔

أخرجه البخاري في: 62 كتاب فضائل أصحاب النبي صلى الله عليه وسلم: 5 باب قول النبي صلى الله عليه وسلم: لو كنت متخذا خليلا)

رقم الجزء: 1 رقم الصفحة: 746 (مرتبہ سلفیہ صحیح بخاری مطبوعہ شبیر برادرز، رقم الحدیث 3462)

1543 ◦ حديث جُبَيْرِ بْنِ مُطْعِمٍ،

قَالَ: أَتَتِ امْرَأَةٌ النَّبِيَّ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ فَأَمَرَهَا أَنْ تَرْجِعَ إِلَيْهِ قَالَتْ: أَرَأَيْتَ إِنْ جِئْتُ وَلَمْ أَجِدْكَ كَأَنَّهَا تَقُولُ: الْمَوْتَ قَالَ عَلَيْهِ السَّلَامُ: إِنْ لَمْ تَجِدِينِي فَأْتِي أَبَا بَكْرٍ

✧✧ حضرت جبیر بن مطعم رضی اللہ عنہ نقل کرتے ہیں: ایک خاتون نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کی خدمت میں حاضر ہوئی آپ صلی اللہ علیہ وسلم نے اسے ہدایت کی تم دوبارہ آنا۔ اس خاتون نے عرض کی: آپ صلی اللہ علیہ وسلم کا کیا خیال ہے اگر میں آئی اور میں نے آپ صلی اللہ علیہ وسلم کو نہ پایا؟ وہ عورت یہ کہنا چاہتی تھی کہ اگر آپ صلی اللہ علیہ وسلم کا وصال ہو چکا ہو تو میں کیا کروں؟ نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: اگر تم مجھے نہ پاؤ تو پھر ابوبکر کے پاس آ جانا۔

أخرجه البخاري في: 62 كتاب فضائل أصحاب النبي صلى الله عليه وسلم: 5 باب قول النبي صلى الله عليه وسلم: لو كنت متخذا خليلا)

رقم الجزء: 1 رقم الصفحة: 747 (مرتبہ سلفیہ صحیح بخاری مطبوعہ شبیر برادرز، رقم الحدیث 3459)

1544 ◦ حديث أَبِي هُرَيْرَةَ رَضِيَ اللَّهُ عَنْهُ،

قَالَ: صَلَّى رَسُولُ اللَّهِ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ، صَلَاةَ الصُّبْحِ ثُمَّ أَقْبَلَ عَلَى النَّاسِ، فَقَالَ: بَيْنَا رَجُلٌ يَسُوقُ بَقَرَةً إِذْ رَكِبَهَا فَضَرَبَهَا فَقَالَتْ: إِنَّا لَمْ نُخْلَقْ لِهَذَا، إِنَّمَا خُلِقْنَا لِلْحَرْثِ فَقَالَ النَّاسُ: سُبْحَانَ اللَّهِ بَقَرَةٌ تَكَلَّمُ فَقَالَ: فَإِنِّي أُومِنُ بِهَذَا، أَنَا وَأَبُو بَكْرٍ وَعُمَرُ وَمَا هُمَا ثَمَّ وَبَيْنَمَا رَجُلٌ فِي غَنَمِهِ إِذْ عَدَا الذِّئْبُ فَذَهَبَ مِنْهَا بِشَاةٍ، فَطَلَبَ حَتَّى كَأَنَّهُ اسْتَنْقَذَهَا مِنْهُ، فَقَالَ لَهُ الذِّئْبُ: هَذَا، اسْتَنْقَذْتَهَا مِنِّي، فَمَنْ لَهَا يَوْمَ السَّبُعِ، يَوْمَ لَا رَاعِيَ لَهَا غَيْرِي فَقَالَ النَّاسُ: سُبْحَانَ اللَّهِ ذِئْبٌ يَتَكَلَّمُ قَالَ: فَإِنِّي أُومِنُ بِهَذَا أَنَا وَأَبُو بَكْرٍ وَعُمَرُ وَمَا هُمَا ثَمَّ

✧✧ حضرت ابوہریرہ رضی اللہ عنہ بیان کرتے ہیں: نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے صبح کی نماز پڑھائی پھر آپ نے لوگوں کی طرف رخ کر کے فرمایا: ایک مرتبہ ایک شخص گائے کو لے کر جا رہا تھا وہ اس پر سوار ہوا اس نے اسے مارا تو اس گائے نے کہا: مجھے اس مقصد کے لئے پیدا نہیں کیا گیا۔ مجھے کھیتی باڑی کے لئے پیدا کیا گیا ہے۔ لوگوں نے کہا: سبحان اللہ! گائے بھی بات کرتی ہے۔ نبی اکرم صلی اللہ

رقم الحديث: 1543

أخرجه أبو عيسى الترمذي في "جامعه" طبع دار إحياء التراث العربي بيروت لبنان، رقم الحديث: 3676 أخرجه أبو حاتم البستي في "صحيحه" طبع مؤسسة الرسالة بيروت لبنان، 1414ھ - 1993، رقم الحديث: 6656 أخرجه أبو القاسم الطبراني في "معجمه الأوسط" طبع دار الحرمين قاهرة مصر، 1415ھ، رقم الحديث: 16366 أخرجه أبو القاسم الطبراني في "معجمه الكبير" طبع مكتبة العلوم والحكم موصل، 1404ھ - 1983، رقم الحديث: 1557 أخرجه أبو داود الطيالسي في "مسنده" طبع دار المعرفة بيروت لبنان، رقم الحديث 944

Marfat.com

نے فرمایا: میں' ابوبکر اور عمر اس بات پر یقین رکھتے ہیں۔

راوی بیان کرتے ہیں' یہ دونوں حضرات اس وقت وہاں موجود نہیں تھے۔

پھر نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے بتایا: ایک مرتبہ ایک شخص اپنی بکریاں لے کر جا رہا تھا۔ ایک بھیڑیے نے ان پر حملہ کر کے ایک بکری کو پکڑ لیا وہ شخص بکری کو چھڑانے کے لئے گیا اس نے بکری کو چھڑوالیا تو بھیڑیے نے اسے کہا: اب تو تم نے اس کو مجھ سے بچالیا ہے لیکن اس دن کیا عالم ہوگا۔ جب ان کا نگران صرف میں ہوں گا۔ لوگوں نے کہا: سبحان اللہ! بھیڑیا بھی بات کرسکتا ہے۔

نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: میں' ابوبکر اور عمر اس پر یقین رکھتے ہیں۔

(راوی بیان کرتے ہیں) یہ دونوں حضرات وہاں موجود نہ تھے۔

أخرجه البخاري في: 60 كتاب الأنبياء: 54 باب حدثنا أبو اليمان

رقم الجزء: 1 رقم الصفحة: 747 (جہانگیری صحیح بخاری، مطبوعہ شبیر برادرز، رقم الحدیث: 3284)

•••———•••———•••

من فضائل عمر رضي الله تعالىٰ عنه

حضرت عمر فاروق رضی اللہ عنہ کے فضائل

1545 حديث عَلِيٍّ عَنِ ابْنِ عَبَّاسٍ رَضِيَ اللّٰهُ عَنْهُمَا،

قَالَ: وُضِعَ عُمَرُ عَلٰى سَرِيرِهٖ، فَتَكَنَّفَهُ النَّاسُ، يَدْعُوْنَ وَيُصَلُّوْنَ، قَبْلَ أَنْ يُّرْفَعَ، وَأَنَا فِيْهِمْ فَلَمْ يَرُعْنِي إِلَّا رَجُلٌ اٰخِذٌ مَنْكِبِي؛ فَإِذَا عَلِيٌّ، فَتَرَحَّمَ عَلٰى عُمَرَ وَقَالَ: مَا خَلَّفْتَ أَحَدًا أَحَبَّ إِلَيَّ أَنْ أَلْقَى اللّٰهَ بِمِثْلِ عَمَلِهٖ مِنْكَ وَايْمُ اللّٰهِ إِنْ كُنْتُ لَأَظُنَّ أَنْ يَّجْعَلَكَ اللّٰهُ مَعَ صَاحِبَيْكَ، وَحَسِبْتُ أَنِّي كُنْتُ كَثِيْرًا أَسْمَعُ النَّبِيَّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ، يَقُوْلُ: ذَهَبْتُ أَنَا وَأَبُوْ بَكْرٍ وَعُمَرُ، وَدَخَلْتُ أَنَا وَأَبُوْ بَكْرٍ وَعُمَرُ، وَخَرَجْتُ أَنَا وَأَبُوْ بَكْرٍ وَعُمَرُ

✧✧ حضرت ابن عباس رضی اللہ عنہما بیان کرتے ہیں' حضرت عمر رضی اللہ عنہ کو تخت پر رکھا گیا لوگوں نے انہیں گھیر لیا وہ ان کا جنازہ اٹھائے جانے سے پہلے ان کے لئے دعا کر رہے تھے۔ میں بھی ان میں موجود تھا میرا ذہن اس وقت متوجہ ہوا جب کسی شخص نے میرے کندھے کو پکڑا۔ وہ حضرت علی رضی اللہ عنہ بن ابوطالب تھے۔ انہوں نے حضرت عمر رضی اللہ عنہ کے لئے دعائے رحمت کی اور بولے: آپ نے اپنے بعد کوئی ایسا شخص نہیں چھوڑا جس کے بارے میں مجھے یہ پسند ہو کہ میں اس کے عمل کی طرح کا عمل لے کر اللہ تعالیٰ کی بارگاہ میں حاضر ہوں۔ اللہ تعالیٰ کی قسم! مجھے یہ امید ہے' اللہ تعالیٰ آپ کو آپ کے دونوں ساتھیوں کے ہمراہ رکھے گا کیونکہ مجھے یاد ہے' میں نے بکثرت نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کو یہ ارشاد فرماتے ہوئے سنا ہے۔ آپ نے ارشاد فرمایا: ''میں ابوبکر اور عمر گئے''، ''میں ابوبکر اور عمر اندر آئے''، ''میں ابوبکر اور عمر باہر گئے''۔

أخرجه البخاري في: 62 كتاب فضائل أصحاب النبي صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: 6 باب مناقب عمر بن الخطاب أبي حفص

رقم الجزء: 1 رقم الصفحة: 748 (جہانگیری صحیح بخاری، مطبوعہ شبیر برادرز، رقم الحدیث: 3482)

Marfat.com

1546 حديث أَبِي سَعِيْدِ الْخُدْرِيِّ رَضِيَ اللّٰهُ عَنْهُ

قَالَ: قَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: بَيْنَا أَنَا نَائِمٌ رَأَيْتُ النَّاسَ يُعْرَضُونَ عَلَيَّ، وَعَلَيْهِمْ قُمُصٌ، مِنْهَا مَا يَبْلُغُ الثُّدِيَّ، وَمِنْهَا مَا دُوْنَ ذٰلِكَ وَعُرِضَ عَلَيَّ عُمَرُ بْنُ الْخَطَّابِ وَعَلَيْهِ قَمِيصٌ يَجُرُّهُ قَالُوْا: فَمَا أَوَّلْتَ ذٰلِكَ يَا رَسُوْلَ اللّٰهِ قَالَ: الدِّينَ

✧✧ حضرت ابوسعید خدری رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں: نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے ارشاد فرمایا: ''ایک رات میں نے خواب میں دیکھا کہ لوگوں کو میرے سامنے پیش کیا گیا جنہوں نے (مختلف سائز کی) قمیصیں پہن رکھی تھیں' کچھ لوگوں کی قمیصیں سینے تک تھیں اور کچھ لوگوں کی اس سے نیچی تھیں پھر میرے سامنے عمر بن خطاب کو پیش کیا گیا' ان کی قمیص (اتنی لمبی تھی کہ) زمین پر گھسٹ رہی تھی۔ صحابہ رضوان اللہ علیہم اجمعین نے عرض کی: ''یارسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم! اس کی تعبیر کیا ہوگی؟ آپ صلی اللہ علیہ وسلم نے ارشاد فرمایا: ''دین!''

أخرجه البخاري في: 2 كتاب الإيمان: 15 باب تفاضل أهل الإيمان في الأعمال

رقم الجزء: 1 رقم الصفحة: 749 (جہانگیری صحیح بخاری مطبوعہ شبیر برادرز، رقم الحدیث: 23)

1547 حديث ابْنِ عُمَرَ رَضِيَ اللّٰهُ عَنْهُمَا

قَالَ: سَمِعْتُ رَسُوْلَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ، قَالَ: بَيْنَا أَنَا نَائِمٌ، أُتِيتُ بِقَدَحِ لَبَنٍ، فَشَرِبْتُ حَتّٰى إِنِّي لَأَرَى الرِّيَّ يَخْرُجُ فِي أَظْفَارِي ثُمَّ أَعْطَيْتُ فَضْلِي عُمَرَ بْنَ الْخَطَّابِ قَالُوْا: فَمَا أَوَّلْتَهُ يَا رَسُوْلَ اللّٰهِ قَالَ: الْعِلْمَ

✧✧ حضرت ابن عمر رضی اللہ عنہ بیان کرتے ہیں: میں نے اللہ کے رسول صلی اللہ علیہ وسلم کو یہ ارشاد فرماتے ہوئے سنا ہے: ''ایک دن میں نے نیند کے دوران (خواب میں دیکھا) میرے سامنے دودھ کا پیالہ پیش کیا گیا میں نے اسے پیا یہاں تک کہ اس کی لذت مجھے اپنے ناخنوں میں سے نکلتی ہوئی محسوس ہوئی پھر میں نے بچا ہوا دودھ عمر بن خطاب کو دے دیا۔'' صحابہ کرام رضوان اللہ علیہم اجمعین نے دریافت کیا' یارسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم! آپ نے اس کی کیا تعبیر کی ہے؟ نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے جواب دیا' علم

رقم الحديث: **1546**

اخرجه ابو الحسين مسلم النيسابوري في "صحيحه" طبع دار احياء التراث العربي بيروت لبنان رقم الحديث: **2390** اخرجه ابو عيسى الترمذي في "جامعه" طبع دار احياء التراث العربي بيروت لبنان رقم الحديث: **2285** اخرجه ابو عبدالرحمن النسائي في "سننه" طبع مكتب المطبوعات الاسلاميه حلب شام 1406ه 1986ء رقم الحديث: **5011**

رقم الحديث: **1547**: اخرجه ابو عيسى الترمذي في "جامعه" طبع دار احياء التراث العربي بيروت لبنان رقم الحديث: **2284** اخرجه ابو محمد الدارمي في "سننه" طبع دار الكتاب العربي بيروت لبنان 1407ه 1987ء رقم الحديث: **2154** اخرجه ابو عبدالله الشيباني في "مسنده" طبع موسسه قرطبه قاهره مصر رقم الحديث: **5554** اخرجه ابو حاتم البستي في "صحيحه" طبع موسسه الرساله بيروت لبنان 1414ه 1993ء رقم الحديث: **6878** اخرجه ابو عبدالله النيسابوري في "المستدرك" طبع دار الكتب العلميه بيروت لبنان 1411ه 1990ء رقم الحديث: **4496** اخرجه ابو عبدالرحمن النسائي في "سننه" طبع مكتب المطبوعات الاسلاميه حلب شام 1406ه 1986ء رقم الحديث: **5837** ذكره ابو بكر البيهقي في "سننه الكبرى" طبع مكتبه دار الباز مكه مكرمه سعودي عرب 1414ه 1994ء رقم الحديث: **13102** اخرجه ابو القاسم الطبراني في "معجمه كبير" طبع مكتبه العلوم والحكم موصل 1404ه 1983ء رقم الحديث: **13155**

Marfat.com

أخرجه البخاري في: 3 كتاب العلم: 22 باب فضل العلم

رقم الجزء: 1 رقم الصفحة: 749 (جہانگیری صحیح بخاری، مطبوعہ شبیر برادرز، رقم الحدیث:82)

1548 حديث أَبِي هُرَيْرَةَ رَضِيَ اللّٰهُ عَنْهُ،

قَالَ: سَمِعْتُ النَّبِيَّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ، يَقُوْلُ: بَيْنَا أَنَا نَائِمٌ رَأَيْتُنِي عَلٰى قَلِيبٍ، عَلَيْهَا دَلْوٌ فَنَزَعْتُ مِنْهَا مَا شَاءَ اللّٰهُ ثُمَّ أَخَذَهَا ابْنُ أَبِي قُحَافَةَ فَنَزَعَ بِهَا ذَنُوبًا أَوْ ذَنُوبَيْنِ وَفِي نَزعِهِ ضَعْفٌ، وَاللّٰهُ يَغْفِرُ لَهُ ضَعْفَهُ ثُمَّ اسْتَحَالَتْ غَرْبًا، فَأَخَذَهَا ابْنُ الْخَطَّابِ، فَلَمْ أَرَ عَبْقَرِيًّا مِّنَ النَّاسِ يَنْزِعُ نَزْعَ عُمَرَ، حَتّٰى ضَرَبَ النَّاسُ بِعَطَنٍ

✧✧ حضرت ابوہریرہ رضی اللہ عنہ بیان کرتے ہیں، میں نے نبی کریم صلی اللہ علیہ وسلم کو یہ فرماتے ہوئے سنا ہے: میں ایک مرتبہ سویا ہوا تھا میں نے خود کو کنویں کے پاس دیکھا اس میں ایک ڈول تھا میں نے اس میں سے اتنا پانی نکالا جو اللہ نے چاہا پھر ابن ابی قحافہ نے اسے پکڑ لیا۔ انہوں نے اس میں سے ایک یا دو ڈول نکالے اس کے ڈول نکالنے میں کچھ کمزوری تھی اللہ ان کی کمزوری کی مغفرت کرے، پھر وہ ڈول ایک بڑا ڈول بن گیا پھر اسے ابن خطاب نے پکڑ لیا میں نے اس جیسا محنتی کوئی شخص نہیں دیکھا۔ جو عمر کی طرح پانی کا ڈول نکال سکتا' یہاں تک کہ سب لوگ سیراب ہو گئے۔

أخرجه البخاري في: 62 كتاب فضائل أصحاب النبي صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: 5 باب قول النبي صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ (لو كنت متخذا خليلاً)

رقم الجزء: 1 رقم الصفحة: 749 (جہانگیری صحیح بخاری، مطبوعہ شبیر برادرز، رقم الحدیث:3464)

1549 حديث عَبْدِ اللّٰهِ بْنِ عُمَرَ رَضِيَ اللّٰهُ عَنْهُمَا،

أَنَّ النَّبِيَّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَالَ: أُرِيتُ فِي الْمَنَامِ أَنِّي أَنْزِعُ بِدَلْوِ بَكْرَةٍ عَلٰى قَلِيبٍ فَجَاءَ أَبُوْ بَكْرٍ، فَنَزَعَ ذَنُوبًا أَوْ ذَنُوبَيْنِ نَزْعًا ضَعِيفًا، وَاللّٰهُ يَغْفِرُ لَهُ، ثُمَّ جَاءَ عُمَرُ بْنُ الخَطَّابِ فَاسْتَحَالَتْ غَرْبًا، فَلَمْ أَرَ عَبْقَرِيًّا يَفْرِي فَرِيَّهُ، حَتّٰى رَوِيَ النَّاسُ وَضَرَبُوْا بِعَطَنٍ

✧✧ حضرت عبداللہ بن عمر رضی اللہ عنہما بیان کرتے ہیں' نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے ارشاد فرمایا: میں نے خواب میں دیکھا: میں اونٹنی والا ڈول ایک کنوئیں سے نکال رہا ہوں پھر ابوبکر آئے انہوں نے چند ڈول یا دو ڈول نکالے کمزوری کے ساتھ، اللہ تعالیٰ ان کی مغفرت کرے پھر عمر بن خطاب آئے تو وہ بڑا ڈول بن گیا میں نے ان کی مانند محنت سے کام کرنے والا نہیں دیکھا۔ یہاں تک کہ لوگ سیراب ہو گئے اور آرام سے بیٹھ گئے۔

أخرجه البخاري في: 62 كتاب فضائل أصحاب النبي صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: 6 باب مناقب عمر بن الخطاب أبي حفص

رقم الجزء: 1 رقم الصفحة: 750 (جہانگیری صحیح بخاری، مطبوعہ شبیر برادرز، رقم الحدیث:3479)

رقم الحديث: **1548**

اخرجه ابوالحسين مسلم النيسابوري في "صحيحه" طبع داراحياء التراث العربي، بيروت، لبنان، رقم الحديث: **2392** اخرجه ابوحاتم البستي في "صحيحه" طبع موسسه الرساله، بيروت، لبنان، **1414**ھ/**1993**ء، رقم الحديث: **6898** اخرجه ابوعبدالله الشيباني في "مسنده" طبع موسسه قرطبه، قاهره، مصر، رقم الحديث: **8222**

Marfat.com

1550 حديث جَابِرِ بْنِ عَبْدِ اللّٰهِ رَضِيَ اللّٰهُ عَنْهُمَا،

عَنِ النَّبِيِّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ، قَالَ: دَخَلْتُ الْجَنَّةَ أَوْ أَتَيْتُ الْجَنَّةَ فَأَبْصَرْتُ قَصْرًا فَقُلْتُ: لِمَنْ هٰذَا قَالُوْا: لِعُمَرَ ابْنِ الْخَطَّابِ رَضِيَ اللّٰهُ عَنْهُ فَأَرَدْتُ أَنْ أَدْخُلَهُ، فَلَمْ يَمْنَعْنِي إِلَّا عِلْمِي بِغَيْرَتِكَ قَالَ عُمَرُ بْنُ الْخَطَّابِ: يَا رَسُوْلَ اللّٰهِ بِأَبِي أَنْتَ وَأُمِّي يَا نَبِيَّ اللّٰهِ أَوَ عَلَيْكَ أَغَارُ

✧✧ حضرت جابر بن عبداللہ رضی اللہ عنہ بیان کرتے ہیں: نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے ارشاد فرمایا: میں جنت میں داخل ہوا۔ (راوی کو شک ہے کہ شاید یہ الفاظ ہیں) میں جنت کے پاس آیا تو میں نے اس میں ایک محل دیکھا۔ میں نے دریافت کیا یہ کس کا ہے؟ لوگوں نے بتایا: یہ عمر بن خطاب رضی اللہ عنہ کا ہے۔ میں اس میں داخل ہونے لگا تو پھر مجھے تمہاری غیرت یاد آ گئی۔ حضرت عمر بن خطاب رضی اللہ عنہ نے عرض کی: یارسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم! میرے ماں باپ آپ پر قربان ہوں، کیا میں آپ پر غصہ کروں گا۔

أخرجه البخاري في: 67 كتاب النكاح: 107 باب الغيرة

رقم الجزء: 1 رقم الصفحة: 750 (جہانگیری صحیح بخاری مطبوعہ شبیر برادرز، رقم الحدیث: 4928)

1551 حديث أَبِي هُرَيْرَةَ رَضِيَ اللّٰهُ عَنْهُ،

قَالَ: بَيْنَا نَحْنُ عِنْدَ رَسُوْلِ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ، إِذْ قَالَ: بَيْنَا أَنَا نَائِمٌ، رَأَيْتُنِي فِي الْجَنَّةِ فَإِذَا امْرَأَةٌ تَتَوَضَّأُ إِلَى جَانِبِ قَصْرٍ، فَقُلْتُ: لِمَنْ هٰذَا الْقَصْرُ فَقَالُوْا: لِعُمَرَ بْنِ الْخَطَّابِ رَضِيَ اللّٰهُ عَنْهُ فَذَكَرْتُ غَيْرَتَهُ فَوَلَّيْتُ مُدْبِرًا فَبَكَى عُمَرُ، وَقَالَ: أَعَلَيْكَ أَغَارُ يَا رَسُوْلَ اللّٰهِ

✧✧ حضرت ابوہریرہ رضی اللہ عنہ بیان کرتے ہیں' ایک مرتبہ ہم نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کے پاس بیٹھے تھے، آپ نے فرمایا: میں سویا ہوا تھا میں نے خواب میں جنت میں دیکھا ایک عورت تھی جو ایک محل کے کنارے میں وضو کر رہی تھی میں نے دریافت کیا یہ کس کا ہے؟ لوگوں نے بتایا: یہ عمر بن خطاب کا محل ہے۔ مجھے اس کا غصہ یاد آ گیا اس لئے میں وہاں سے واپس آ گیا۔ حضرت عمر رضی اللہ عنہ رو پڑے اور بولے: یارسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم! میں آپ کے بارے میں غصہ کروں گا۔

أخرجه البخاري في: 59 كتاب بدء الخلق: 8 باب ما جاء في صفة الجنة وأنها مخلوقة

رقم الجزء: 1 رقم الصفحة: 751 (جہانگیری صحیح بخاری مطبوعہ شبیر برادرز، رقم الحدیث: 3070)

1552 حديث سَعْدِ بْنِ أَبِي وَقَّاصٍ رَضِيَ اللّٰهُ عَنْهُ،

قَالَ: اسْتَأْذَنَ عُمَرُ عَلَى رَسُوْلِ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ، وَعِنْدَهُ نِسَاءٌ مِنْ قُرَيْشٍ يُكَلِّمْنَهُ، وَيَسْتَكْثِرْنَهُ، عَالِيَةً أَصْوَاتُهُنَّ فَلَمَّا اسْتَأْذَنَ عُمَرُ قُمْنَ يَبْتَدِرْنَ الْحِجَابَ فَأَذِنَ لَهُ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ، وَرَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ يَضْحَكُ فَقَالَ عُمَرُ: أَضْحَكَ اللّٰهُ سِنَّكَ يَا رَسُوْلَ اللّٰهِ قَالَ: عَجِبْتُ مِنْ هٰؤُلَاءِ اللَّاتِي كُنَّ عِنْدِي فَلَمَّا سَمِعْنَ صَوْتَكَ ابْتَدَرْنَ الْحِجَابَ قَالَ عُمَرُ: فَأَنْتَ يَا رَسُوْلَ اللّٰهِ كُنْتَ أَحَقَّ أَنْ يَهَبْنَ ثُمَّ قَالَ: أَيْ عَدُوَّاتِ أَنْفُسِهِنَّ أَتَهَبْنَنِي وَلَا تَهَبْنَ رَسُوْلَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قُلْنَ: نَعَمْ أَنْتَ أَفَظُّ وَأَغْلَظُ مِنْ رَسُوْلِ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: وَالَّذِي نَفْسِي بِيَدِهِ مَا لَقِيَكَ

Marfat.com

الشَّيْطَانُ قَطُّ سَالِكًا فَجًّا إِلَّا سَلَكَ فَجًّا غَيْرَ فَجِّكَ

✧✧ حضرت سعد بن ابی وقاص رضی اللہ عنہ بیان کرتے ہیں: حضرت عمر رضی اللہ عنہ نے نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کے ہاں اندر آنے کی اجازت مانگی۔ اس وقت نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کے پاس قریش کی کچھ خواتین موجود تھیں جو آپ سے کچھ بات کر رہی تھیں اور کچھ مانگ رہی تھیں جب حضرت عمر رضی اللہ عنہ نے اندر آنے کی اجازت مانگی تو وہ اٹھی اور تیزی سے چلی گئیں۔ نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے حضرت عمر رضی اللہ عنہ کو اندر آنے کو کہا نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم مسکرا رہے تھے۔ حضرت عمر رضی اللہ عنہ نے عرض کی: یارسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم اللہ تعالیٰ آپ صلی اللہ علیہ وسلم کو مسکراتا ہوا رکھے۔ اس کی وجہ کیا ہے؟ نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: مجھے ان خواتین پر حیرت ہو رہی تھی جو میرے پاس موجود تھیں جب انہوں نے تمہاری آواز سنی تو تیزی سے پردے میں چلی گئیں۔ حضرت عمر رضی اللہ عنہ نے عرض کی: یارسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم! آپ اس بات کے زیادہ حقدار ہیں کہ یہ آپ سے ڈریں پھر انہوں نے ان خواتین سے کہا: اے اپنی جان کی دشمنو! تم مجھ سے ڈرتی ہو اور اللہ کے رسول سے نہیں ڈرتی ہو؟ ان خواتین نے کہا: ہاں تم زیادہ سخت ہو۔

نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: اس ذات کی قسم! جس کے دستِ قدرت میں میری جان ہے ان خواتین سے شیطان بھی اگر تمہارے کسی راستے میں آجائے تو وہ تمہارے راستے کو چھوڑ کر دوسرے راستے پر ہو جائے گا۔

أخرجه البخاري في: 59 كتاب بدء الخلق: 11 باب صفة إبليس وجنوده

رقم الجزء: 1 رقم الصفحة: 751 (جہانگیری صحیح بخاری، مطبوعہ شبیر برادرز، رقم الحدیث:3120)

1553 حديث ابْنِ عُمَرَ رَضِيَ اللّٰهُ عَنْهُمَا،

قَالَ: لَمَّا تُوُفِّيَ عَبْدُ اللّٰهِ، جَاءَ ابْنُهُ عَبْدُ اللّٰهِ بْنُ عَبْدِ اللّٰهِ إِلَى رَسُوْلِ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ، فَسَأَلَهُ أَنْ يُعْطِيَهُ قَمِيصَهُ يُكَفِّنُ فِيهِ أَبَاهُ، فَأَعْطَاهُ ثُمَّ سَأَلَهُ أَنْ يُصَلِّيَ عَلَيْهِ فَقَامَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ، لِيُصَلِّيَ، فَقَامَ عُمَرُ فَأَخَذَ بِثَوْبِ رَسُوْلِ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ فَقَالَ: يَا رَسُوْلَ اللّٰهِ تُصَلِّي عَلَيْهِ وَقَدْ نَهَاكَ رَبُّكَ أَنْ تُصَلِّيَ عَلَيْهِ فَقَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: إِنَّمَا خَيَّرَنِيَ اللّٰهُ فَقَالَ (اسْتَغْفِرْ لَهُمْ أَوْ لَا تَسْتَغْفِرْ لَهُمْ إِنْ تَسْتَغْفِرْ لَهُمْ سَبْعِيْنَ مَرَّةً) وَسَأَزِيدُهُ عَلَى السَّبْعِيْنَ قَالَ: إِنَّهُ مُنَافِقٌ قَالَ: فَصَلّٰى عَلَيْهِ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ، فَأَنْزَلَ اللّٰهُ (وَلَا تُصَلِّ عَلٰى أَحَدٍ مِّنْهُمْ مَاتَ أَبَدًا وَّلَا تَقُمْ عَلٰى قَبْرِهِ)

✧✧ حضرت ابن عمر رضی اللہ عنہما بیان کرتے ہیں:: جب عبداللہ بن ابی کا انتقال ہوا تو اس کا بیٹا عبداللہ نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کی خدمت میں حاضر ہوا اور آپ سے یہ درخواست کی کہ آپ اپنی قمیص اسے دیں تاکہ وہ اس قمیص میں اپنے باپ کو کفن دے نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے وہ قمیص اسے دیدی پھر اس نے آپ سے درخواست کی: آپ اس کی نماز جنازہ پڑھیں نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم اس کی نماز جنازہ پڑھنے کے

رقم الحديث: 1552

اخرجه ابوالحسين مسلم النيسابوري في "صحيحه" طبع داراحياء التراث العربي، بيروت، لبنان، رقم الحديث: **2396** اخرجه ابوعبدالله الشيباني في "مسنده" طبع موسسه قرطبه، قاهره، مصر، رقم الحديث:**1472** اخرجه ابويعلى الموصلي في "مسنده" طبع دارالمامون للتراث، دمشق، شام، **1404**ھ.**1984**ء، رقم الحديث:**810**

Marfat.com

لئے کھڑے ہوئے' حضرت عمر رضی اللہ عنہ کھڑے ہوئے اور انہوں نے نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کا دامن تھام لیا اور عرض کی: یا رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم! آپ کے پروردگار نے آپ کو اس کا نماز جنازہ پڑھنے سے منع نہیں کیا؟ تو نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: اللہ تعالیٰ نے مجھے اس بارے میں اختیار دیا ہے۔ اس نے ارشاد فرمایا ہے:

''تم اس کے لئے دعائے مغفرت کرو یا دعائے مغفرت نہ کرو اگر تم اس کے لئے ستر مرتبہ بھی دعائے مغفرت کرو''۔

نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: میں ستر سے زیادہ مرتبہ اس کے لئے دعائے مغفرت کروں گا انہوں نے عرض کی: یہ شخص منافق تھا۔

راوی بیان کرتے ہیں: نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے اس کی نماز جنازہ ادا کی تو اللہ تعالیٰ نے یہ آیت نازل کی۔

''اب ان میں سے جو بھی شخص مرے تم نے کبھی بھی اس کی نماز جنازہ نہیں پڑھنی اور اس کی قبر پر کھڑے نہیں ہونا''۔

أخرجه البخاري في: 65 كتاب التفسير: 9 سورة براءة: 12 باب استغفر لهم أو لا تستغفر لهم

رقم الجزء: 1 رقم الصفحة: 752 (جہانگیری صحیح بخاری مطبوعہ شبیر برادرز، رقم الحدیث: 4393)

•••———•••———•••

من فضائل عثمان بن عفان رَضِيَ اللّٰهُ عَنْهُ

حضرت عثمان غنی رضی اللہ عنہ کے فضائل

1554 حديث أَبِي مُوسَى رَضِيَ اللّٰهُ عَنْهُ،

قَالَ: كُنْتُ مَعَ النَّبِيِّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ، فِي حَائِطٍ مِنْ حِيطَانِ الْمَدِينَةِ، فَجَاءَ رَجُلٌ فَاسْتَفْتَحَ، فَقَالَ النَّبِيُّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: افْتَحْ لَهُ وَبَشِّرْهُ بِالْجَنَّةِ فَفَتَحْتُ لَهُ، فَإِذَا أَبُو بَكْرٍ، فَبَشَّرْتُهُ بِمَا قَالَ النَّبِيُّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ، فَحَمِدَ اللّٰهَ ثُمَّ جَاءَ رَجُلٌ فَاسْتَفْتَحَ، فَقَالَ النَّبِيُّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: افْتَحْ لَهُ وَبَشِّرْهُ بِالْجَنَّةِ فَفَتَحْتُ لَهُ، فَإِذَا هُوَ عُمَرُ فَأَخْبَرْتُهُ بِمَا قَالَ النَّبِيُّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ، فَحَمِدَ اللّٰهَ ثُمَّ اسْتَفْتَحَ رَجُلٌ فَقَالَ لِيْ: افْتَحْ لَهُ وَبَشِّرْهُ بِالْجَنَّةِ عَلَى بَلْوَى تُصِيبُهُ فَإِذَا عُثْمَانُ فَأَخْبَرْتُهُ بِمَا قَالَ رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ فَحَمِدَ اللّٰهَ، ثُمَّ قَالَ: اللّٰهُ الْمُسْتَعَانُ

✧✧ حضرت ابوموسیٰ رضی اللہ عنہ بیان کرتے ہیں میں نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کے ہمراہ مدینہ منورہ کے ایک باغ میں موجود تھا ایک شخص آیا اس نے دروازہ کھٹکھٹایا نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: اس کے لئے دروازہ کھولو اور اسے جنت کی خوشخبری دو! میں نے اس کے لئے

رقم الحديث: 1554

أخرجه أبو الحسين مسلم النيسابوري في "صحيحه" طبع دار احياء التراث العربي بيروت لبنان رقم الحديث: 2403 أخرجه أبو عيسى الترمذي في "جامعه" طبع دار احياء التراث العربي بيروت لبنان رقم الحديث: 3710 أخرجه أبو عبد الله الشيباني في "مسنده" طبع مؤسسة قرطبة قاهرة مصر رقم الحديث: 6548 أخرجه ابن حبان البستي في "صحيحه" طبع مؤسسة الرسالة بيروت لبنان 1414ھ 1993ء رقم الحديث: 6911 أخرجه أبو يعلى الموصلي في "مسنده" طبع دار المأمون للتراث دمشق شام 1404ھ 1984ء رقم الحديث: 3958

Marfat.com

دروازہ کھولا تو وہ حضرت ابوبکر رضی اللہ عنہ تھے میں نے انہیں خوشخبری دی اس بات کی جو نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے ارشاد فرمائی ہے۔ انہوں نے اللہ تعالیٰ کی حمد بیان کی پھر ایک شخص آیا اس نے دروازہ کھولنے کے لئے کہا۔ نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے ارشاد فرمایا: اس کے لئے دروازہ کھولو اور اسے جنت کی خوشخبری دو! میں نے اس کے لئے دروازہ کھولا تو وہ حضرت عمر رضی اللہ عنہ تھے میں نے انہیں اس بارے میں بتایا جو نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے ارشاد فرمایا: انہوں نے اللہ تعالیٰ کی حمد بیان کی پھر ایک شخص نے دروازہ کھولنے کے لئے کہا نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: اس کے لئے دروازہ کھولو اور پھر اسے جنت کی خوشخبری دو اور پھر اسے اس بارے میں بتاؤ کہ اسے ایک آزمائش کا سامنا کرنا پڑے گا وہ حضرت عثمان رضی اللہ عنہ تھے میں نے انہیں اس بارے میں بتایا جو نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے ارشاد فرمایا تھا: تو انہوں نے اللہ تعالیٰ کی حمد بیان کی اور پھر بولے: اللہ تعالیٰ ہی سے مدد حاصل کی جاسکتی ہے۔

أخرجه البخاري في: 62 كتاب فضائل أصحاب النبي صلى الله عليه وسلم: 6 باب مناقب عمر بن الخطاب أبي حفص القرشي

رقم الجزء: 1 رقم الصفحة: 753 (جہانگیری صحیح بخاری، مطبوعہ شبیر برادرز، رقم الحدیث:3490)

1555 حديث أَبِي موسى الأَشْعَرِيّ رَضِيَ اللّٰهُ عَنْهُ،

أَنَّهُ تَوَضَّأَ فِي بَيْتِهِ ثُمَّ خَرَجَ فَقُلْتُ لَأَلْزَمَنَّ رَسُوْلَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ وَلَأَكُوْنَنَّ مَعَهُ يَوْمِي هٰذَا، قَالَ: فَجَاءَ الْمَسْجِدَ فَسَأَلَ عَنِ النَّبِيِّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ، فَقَالُوْا: خَرَجَ وَوَجَّهَ هٰهُنَا فَخَرَجْتُ عَلٰى إِثْرِهِ أَسْأَلُ عَنْهُ حَتّٰى دَخَلَ بِئْرَ أَرِيسٍ فَجَلَسْتُ عِنْدَ الْبَابِ، وَبَابُهَا مِنْ جَرِيْدٍ، حَتّٰى قَضٰى رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ حَاجَتَهُ فَتَوَضَّأَ، فَقُمْتُ إِلَيْهِ، فَإِذَا هُوَ جَالِسٌ عَلٰى بِئْرِ أَرِيسٍ، وَتَوَسَّطَ قُفَّهَا، وَكَشَفَ عَنْ سَاقَيْهِ وَدَلَّاهُمَا فِي الْبِئْرِ فَسَلَّمْتُ عَلَيْهِ، ثُمَّ انْصَرَفْتُ فَجَلَسْتُ عِنْدَ الْبَابِ فَقُلْتُ لَأَكُوْنَنَّ بَوَّابَ رَسُوْلِ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ، الْيَوْمَ فَجَاءَ أَبُوْ بَكْرٍ فَدَفَعَ الْبَابَ، فَقُلْتُ: مَنْ هٰذَا فَقَالَ: أَبُوْ بَكْرٍ فَقُلْتُ: عَلٰى رِسْلِكَ ثُمَّ ذَهَبْتُ فَقُلْتُ: يَا رَسُوْلَ اللّٰهِ هٰذَا أَبُوْ بَكْرٍ يَسْتَأْذِنُ فَقَالَ: ائْذَنْ لَّهُ وَبَشِّرْهُ بِالْجَنَّةِ فَأَقْبَلْتُ حَتّٰى قُلْتُ لِأَبِي بَكْرٍ: ادْخُلْ. وَرَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ يُبَشِّرُكَ بِالْجَنَّةِ فَدَخَلَ أَبُوْ بَكْرٍ، فَجَلَسَ عَنْ يَمِيْنِ رَسُوْلِ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ مَعَهُ فِي الْقُفِّ، وَدَلّٰى رِجْلَيْهِ فِي الْبِئْرِ، كَمَا صَنَعَ النَّبِيُّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ، وَكَشَفَ عَنْ سَاقَيْهِ ثُمَّ رَجَعْتُ فَجَلَسْتُ، وَقَدْ تَرَكْتُ أَخِي يَتَوَضَّأُ وَيَلْحَقُنِي فَقُلْتُ: إِنْ يُّرِدِ اللّٰهُ بِفُلَانٍ خَيْرًا (يُرِيْدُ أَخَاهُ) يَأْتِ بِهِ فَإِذَا إِنْسَانٌ يُحَرِّكُ الْبَابَ فَقُلْتُ: مَنْ هٰذَا فَقَالَ: عُمَرُ بْنُ الْخَطَّابِ فَقُلْتُ: عَلٰى رِسْلِكَ ثُمَّ جِئْتُ إِلٰى رَسُوْلِ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ

فَسَلَّمْتُ عَلَيْهِ، فَقُلْتُ: هٰذَا عُمَرُ بْنُ الْخَطَّابِ يَسْتَأْذِنُ فَقَالَ: ائْذَنْ لَّهُ وَبَشِّرْهُ بِالْجَنَّةِ فَجِئْتُ، فَقُلْتُ: ادْخُلْ. وَبَشَّرَكَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ بِالْجَنَّةِ فَدَخَلَ فَجَلَسَ مَعَ رَسُوْلِ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ. فِي الْقُفِّ، عَنْ يَسَارِهِ. وَدَلّٰى رِجْلَيْهِ فِي الْبِئْرِ ثُمَّ رَجَعْتُ فَجَلَسْتُ فَقُلْتُ: إِنْ يُّرِدِ اللّٰهُ بِفُلَانٍ خَيْرًا يَأْتِ بِهِ فَجَاءَ إِنْسَانٌ يُحَرِّكُ الْبَابَ فَقُلْتُ: مَنْ هٰذَا فَقَالَ: عُثْمَانُ بْنُ عَفَّانَ فَقُلْتُ: عَلٰى رِسْلِكَ فَجِئْتُ إِلٰى رَسُوْلِ

Marfat.com

اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ فَأَخْبَرْتُهُ، فَقَالَ: ائْذَنْ لَّهُ وَبَشِّرْهُ بِالْجَنَّةِ، عَلَى بَلْوَى تُصِيبُهُ فَجِئْتُهُ، فَقُلْتُ لَهُ ادْخُلْ، وَبَشَّرَكَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ بِالْجَنَّةِ عَلَى بَلْوَى تُصِيبُكَ فَدَخَلَ، فَوَجَدَ الْقُفَّ قَدْ مُلِيَ. جَلَسَ وُجَاهَهُ مِنَ الشِّقِّ الْآخَرِ

قَالَ سَعِيْدُ بْنُ الْمُسَيَّبِ (رَاوِي الْحَدِيْثِ عَنْ أَبِي مُوسى): فَأَوَّلْتُهَا قُبُورَهُمْ

✧✧ حضرت ابوموسیٰ اشعری رضی اللہ عنہ بیان کرتے ہیں' انہوں نے اپنے گھر میں وضو کیا اور پھر نکلے وہ فرماتے ہیں: میں نے یہ ارادہ کیا تھا کہ میں نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کے ساتھ رہوں گا اور آج کا دن آپ کے ساتھ گزاروں گا وہ بیان کرتے ہیں وہ مسجد آئے اور انہوں نے نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کے بارے میں دریافت کیا تو لوگوں نے انہیں بتایا' نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم ابھی تشریف لے گئے ہیں۔ انہوں نے اس طرف کا رخ کیا ہے۔ وہ بیان کرتے ہیں' میں نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کے پیچھے چلا تا کہ آپ کو ڈھونڈ لوں یہاں تک کہ ''اریس'' نامی کنویں (کے باغ) میں داخل ہوئے میں اس کے دروازے کے پاس بیٹھ گیا۔ اسکا باہر والا دروازہ لکڑی کا تھا۔ نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے اپنی ضرورت پوری کی پھر وضو کیا اور وہاں تشریف فرما ہوئے۔ آپ کنویں کے کنارے پر تشریف فرما ہوئے آپ اس کے چبوترے پر بیٹھے اور اپنی پنڈلی سے کپڑا ہٹا کر اپنے پاؤں کنویں میں لٹکا لئے' میں نے آپ صلی اللہ علیہ وسلم کو سلام کیا پھر واپس آیا اور دروازے کے پاس بیٹھ گیا میں نے سوچا کہ میں آج نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کے دربان کے فرائض سرانجام دوں گا۔ پھر حضرت ابوبکر رضی اللہ عنہ آئے انہوں نے دروازہ کھٹکھٹایا میں نے پوچھا کون ہے؟ انہوں نے کہا: ابوبکر۔ میں نے کہا: آپ یہاں ٹھہریے! میں نے عرض کیا: یارسول اللہ (صلی اللہ علیہ وسلم)! حضرت ابوبکر آئے ہیں اندر آنے کی اجازت مانگ رہے ہیں۔ آپ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: اسے اجازت دو اور اسے جنت کی خوش خبری دو! میں واپس آیا اور میں نے حضرت ابوبکر رضی اللہ عنہ سے کہا: آپ اندر تشریف لے آئیں۔ نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم آپ کو جنت کی بشارت دیتے ہیں۔ حضرت ابوبکر رضی اللہ عنہ اندر آ گئے اور نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کے ہمراہ آپ صلی اللہ علیہ وسلم کے دائیں طرف منڈیر پر بیٹھ گئے۔ انہوں نے بھی اپنے پاؤں کنویں میں لٹکا لئے جیسے نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے لٹکائے ہوئے تھے اور انہوں نے بھی اپنی پنڈلی سے کپڑا ہٹایا پھر میں واپس آیا اور بیٹھ گیا۔ میں اپنے بھائی کو گھر میں وضو کرتا چھوڑ کر آیا تھا اس نے آ کر مجھ سے ملنا تھا میں نے سوچا کہ اگر اللہ تعالیٰ نے اس کے لئے بھلائی کا ارادہ کیا تو اسے بھی لے آئے گا، (یعنی انہوں نے اپنے بھائی کے بارے میں یہ بات کہی) اسی دوران کسی نے دروازے کو حرکت دی میں نے دریافت کیا: کون ہے؟ اس نے جواب دیا: عمر بن خطاب' میں نے کہا: آپ ٹھہریے! پھر میں نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کی خدمت میں حاضر ہوا۔ آپ صلی اللہ علیہ وسلم کو سلام کیا اور آپ صلی اللہ علیہ وسلم سے عرض کی: عمر بن خطاب اندر آنے کی اجازت مانگ رہے ہیں۔ نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: اسے اجازت دو اور اسے جنت کی خوشخبری دو! میں آیا اور میں نے کہا: اندر آ جائیں نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم آپ کو جنت کی خوشخبری دے رہے ہیں۔ وہ اندر آئے اور نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کے بائیں طرف منڈیر پر بیٹھ گئے۔ انہوں نے بھی اپنے پاؤں منڈیر میں لٹکا دیئے پھر میں واپس آیا اور بیٹھ گیا پھر میں نے سوچا اگر اللہ تعالیٰ نے فلاں شخص (یعنی میرے بھائی) کے لئے بھلائی کا ارادہ کیا تو اسے لے آئے گا۔ پھر ایک شخص آیا اس نے دروازے کو حرکت دی میں نے دریافت کیا: کون؟ تو اس نے جواب دیا: عثمان بن عفان رضی اللہ عنہ میں نے کہا: آپ یہاں ٹھہریے، پھر میں نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کی خدمت میں حاضر ہوا اور آپ صلی اللہ علیہ وسلم کو اس بارے میں بتایا آپ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: اسے اندر آنے دو اور اسے جنت کی خوشخبری دو۔

Marfat.com

ایک آزمائش کے نتیجے میں جس کا اسے سامنا کرنا پڑے گا' میں ان کے پاس آیا اوران سے کہا: آپ اندر تشریف لے جائیں۔ اللہ کے حبیب آپ کو جنت کی خوشخبری دے رہے ہیں، لیکن آپ کوایک آزمائش کا سامنا کرنا پڑے گا وہ اندر آئے انہوں نے دیکھا منڈیر بھر چکی ہے تو وہ نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کے سامنے دوسری طرف بیٹھ گئے۔

سعید بن مسیّب فرماتے ہیں: میں نے اس کی تاویل یوں کی ہے' ان حضرات کی قبریں بھی اس طرح ہوں گی۔

أخرجه البخاري في: 62 كتاب فضائل أصحاب النبي صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: 5 باب قول النبي صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ لو كنت متخذا خليلا

رقم الجزء: 1 رقم الصفحة: 754 (جہانگیری صحیح بخاری، مطبوعہ شبیر برادرز، رقم الحدیث: 3471)

•••———•••———•••

من فضائل علىّ بن أبي طالب رَضِيَ اللّٰهُ عَنْهُ
حضرت علی کرم اللہ وجہہ کے فضائل

1556 حديث سَعْدِ بْنِ أَبِيْ وَقَّاصٍ رَضِيَ اللّٰهُ عَنْهُ،

أَنَّ رَسُوْلَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ خَرَجَ إِلٰى تَبُوكَ، وَاسْتَخْلَفَ عَلِيًّا فَقَالَ: أَتَخْلُفُنِيْ فِي الصِّبْيَانِ وَالنِّسَآءِ قَالَ: أَلَا تَرْضٰى أَنْ تَكُوْنَ مِنِّيْ بِمَنْزِلَةِ هارونَ مِنْ موسى إِلَّا أَنَّهُ لَيْسَ نَبِيٌّ بَعْدِيْ

✧✧ حضرت سعد بن ابی وقاص رضی اللہ عنہ بیان کرتے ہیں: نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم غزوہ تبوک کے لئے تشریف لے گئے آپ نے حضرت علی رضی اللہ عنہ کو اپنا جانشین مقرر کیا۔ حضرت علی رضی اللہ عنہ نے عرض کی: آپ مجھے عورتوں اور بچوں کے پاس چھوڑ کر جا رہے ہیں۔ نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: کیا تم اس بات سے راضی نہیں ہو کہ تمہاری میرے ساتھ وہی نسبت ہو جو حضرت ہارون علیہ السلام کی حضرت موسیٰ علیہ السلام کے ساتھ تھی لیکن یہ کہ میرے بعد کوئی نبی نہیں ہوگا۔

أخرجه البخاري في: 64 كتاب المغازي: 78 باب غزوة تبوك وهي غزوة العسرة

رقم الجزء: 1 رقم الصفحة: 756 (جہانگیری صحیح بخاری، مطبوعہ شبیر برادرز، رقم الحدیث: **4154**)

1557 حديث سَهْلِ بْنِ سَعْدٍ رَضِيَ اللّٰهُ عَنْهُ،

سَمِعَ النَّبِيَّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ يَقُوْلُ، يَوْمَ خَيْبَرَ: لَأُعْطِيَنَّ الرَّايَةَ رَجُلًا يَفْتَحُ اللّٰهُ عَلٰى يَدَيْهِ فَقَامُوْا

رقم الحديث: **1555**

أخرجه أبو الحسين مسلم النيسابوري في "صحيحه" طبع داراحياء التراث العربي، بيروت، لبنان، رقم الحديث: **2403** اخرجه ابو عيسى الترمذي في "جامعه" طبع داراحياء التراث العربي، بيروت، لبنان، رقم الحديث: **3710** اخرجه ابوعبدالله الشيباني في "مسنده" طبع موسسه قرطبه، قاهره، مصر، رقم الحديث: **6548** اخرجه ابوحاتم البستي في "صحيحه" طبع موسسه الرساله، بيروت، لبنان، **1414**ھ **1993**ء، رقم الحديث: **6911** اخرجه ابويعلى الموصلي في "مسنده" طبع دار المامون للتراث، دمشق، شام، **1404**ھ-**1984**ء، رقم الحديث: **3958**

Marfat.com

يَرْجُونَ لِذٰلِكَ، أَيُّهُمْ يُعْطٰى فَغَدَوْا وَكُلُّهُمْ يَرْجُو أَنْ يُّعْطٰى فَقَالَ: أَيْنَ عَلِيٌّ فَقِيْلَ: يَشْتَكِي عَيْنَيْهِ فَأَمَرَ، فَدُعِيَ لَهُ، فَبَصَقَ فِي عَيْنَيْهِ، فَبَرَأَ مَكَانَهُ حَتّٰى كَأَنَّهُ لَمْ يَكُنْ بِهِ شَيْءٌ فَقَالَ: نُقَاتِلُهُمْ حَتّٰى يَكُوْنُوا مِثْلَنَا فَقَالَ: عَلٰى رِسْلِكَ، حَتّٰى تَنْزِلَ بِسَاحَتِهِمْ، ثُمَّ ادْعُهُمْ إِلَى الْإِسْلَامِ، وَأَخْبِرْهُمْ بِمَا يَجِبُ عَلَيْهِمْ، فَوَاللّٰهِ لَأَنْ يُّهْدٰى بِكَ رَجُلٌ وَاحِدٌ خَيْرٌ لَكَ مِنْ حُمْرِ النَّعَمِ

✧✧ حضرت سہل بن سعد ساعدی رضی اللہ عنہ بیان کرتے ہیں' انہوں نے نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کو یہ ارشاد فرماتے ہوئے سنا: یہ غزوہ خیبر کی بات ہے' عنقریب میں جھنڈا ایک ایسے شخص کو دوں گا جسے اللہ تعالیٰ فتح نصیب کرے گا۔

اگلے دن جب وہ نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کی خدمت میں حاضر ہوئے تو ہر ایک کی یہی آرزو تھی کہ اسے جھنڈا دیا جائے۔ نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے دریافت کیا: علی کہاں ہے؟ آپ کو بتایا گیا کہ ان کی آنکھیں دُکھ رہی ہیں آپ کے حکم کے تحت انہیں بلایا گیا۔ آپ نے ان کی آنکھوں میں اپنا لعاب دہن ڈالا تو ان کی آنکھیں ٹھیک ہو گئیں گویا کبھی تکلیف ہی نہیں تھی۔ انہوں نے عرض کی: میں ان کے ساتھ اس وقت تک جنگ کرتا رہوں گا جب تک وہ ہماری طرح (مسلمان) نہ ہو جائیں۔ آپ نے فرمایا: نہیں۔ آرام سے رہو جب تم ان کے سامنے جاؤ تو انہیں اسلام کی دعوت دو اور انہیں بتاؤ کہ ان پر کیا چیز لازم ہو گی اللہ کی قسم! اگر تمہاری وجہ سے ایک شخص بھی ہدایت پالے تو یہ تمہارے لئے سرخ اونٹ ملنے سے بہتر ہے۔

أخرجه البخاري في: 56 كتاب الجهاد: 102 باب دعاء النبي صلى الله عليه وسلم إلى الإسلام والنبوة رقم الجزء: 1 رقم الصفحة: 757 (جہانگیری صحیح بخاری مطبوعہ شبیر برادرز، رقم الحدیث: 2783)

1558 حديث سَلَمَةَ بْنِ الْأَكْوَعِ رَضِيَ اللّٰهُ عَنْهُ

قَالَ: كَانَ عَلِيٌّ رَضِيَ اللّٰهُ عَنْهُ تَخَلَّفَ عَنِ النَّبِيِّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ فِي خَيْبَرَ، وَكَانَ بِهِ رَمَدٌ فَقَالَ: أَنَا أَتَخَلَّفُ عَنْ رَسُوْلِ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ فَخَرَجَ عَلِيٌّ، فَلَحِقَ بِالنَّبِيِّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ فَلَمَّا كَانَ

رقم الحديث: **1557**

اخرجه ابوالحسين مسلم النيسابوري في "صحيحه" طبع داراحياء التراث العربي، بيروت، لبنان، رقم الحديث: **2406** اخرجه ابوعبدالله النيسابوري في "المستدرک" طبع دارالكتب العلميه، بيروت، لبنان **1411**ھ/**1990**ء، رقم الحديث: **5844** اخرجه ابوعبدالله الشيباني في "مسنده" طبع موسسه قرطبه، قاهره، مصر، رقم الحديث: **22872** اخرجه ابوحاتم البستي في "صحيحه" طبع موسسه الرساله، بيروت، لبنان، **1414**ھ/**1993**ء، رقم الحديث: **6932** اخرجه ابوعبدالرحمن النسائي في "سننه" طبع مكتب المطبوعات الاسلاميه، حلب، شام، **1406**ھ، **1986**ء، رقم الحديث. **8149** ذكره ابوبكر البيهقي في "سننه الكبرى" طبع مكتبه دارالباز، مكه مكرمه، سعودي عرب **1414**ھ **1994**ء، رقم الحديث: **18009** اخرجه ابوالقاسم الطبراني في "معجمه الكبير" طبع مكتبه العلوم والحكم، موصل، **1404**ء **1983**ء، رقم الحديث: **5818** اخرجه ابويعلى الموصلي في "مسنده" طبع دارالمامون لتراث، دمشق، شام، **1404**ھ.**1984**ء، رقم الحديث. **354** اخرجه ابن راهويه الحنظلي في "مسنده" طبع مكتبه الايمان، مدينه منوره، طبع اول، **1412**ھ/**1991**ء، رقم الحديث: **219** اخرجه ابوبكر الصنعاني في "مصنفه" طبع المكتب الاسلامي، بيروت لبنان، طبع ثاني، **1403**ھ، رقم الحديث: **9637** اخرجه ابوبكر الكوفي في "مصنفه" طبع مكتبه الرشد، رياض، سعودي عرب، طبع اول، **1409**ھ، رقم الحديث: **32096**

Marfat.com

مَسَاءَ اللَّيْلَةِ الَّتِي فَتَحَهَا فِي صَبَاحِهَا فَقَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: لَأُعْطِيَنَّ الرَّايَةَ أَوْ قَالَ: لَيَأْخُذَنَّ غَدًا رَجُلٌ يُحِبُّهُ اللّٰهُ وَرَسُوْلُهُ، أَوْ قَالَ: يُحِبُّ اللّٰهَ وَرَسُوْلَهُ يَفْتَحُ اللّٰهُ عَلَيْهِ فَإِذَا نَحْنُ بِعَلِيٍّ، وَمَا نَرْجُوهُ فَقَالُوْا: هٰذَا عَلِيٌّ فَأَعْطَاهُ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ، فَفَتَحَ اللّٰهُ عَلَيْهِ

❁❁ حضرت سلمہ بن اکوع رضی اللہ عنہ بیان کرتے ہیں' حضرت علی رضی اللہ عنہ غزوۂ خیبر کے موقع پر نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم سے پیچھے رہ گئے ان کی آنکھوں میں تکلیف تھی وہ بیان کرتے ہیں' میں نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم سے پیچھے رہ گیا پھر حضرت علی رضی اللہ عنہ روانہ ہوئے اور نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم سے آ ملے رات کا وقت ہوا جس کی اگلی صبح اللہ تعالیٰ نے فتح عطا کی تھی تو نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے ارشاد فرمایا: عنقریب میں جھنڈا اس شخص کو عطا فرماؤں گا (راوی کو شک ہے یا شاید یہ الفاظ ہیں:) آپ نے فرمایا: کل یہ جھنڈا وہ شخص حاصل کرے گا جس سے اللہ تعالیٰ اور اس کا رسول محبت کرتے ہیں (راوی کو شک ہے یا شاید یہ الفاظ ہیں:) وہ اللہ تعالیٰ اور اس کے رسول سے محبت کرتا ہے اور اللہ تعالیٰ اس کے ذریعے فتح نصیب کرے گا، اچانک حضرت علی رضی اللہ عنہ کو ہم نے اپنے سامنے دیکھا ہمیں ان کی امید ہی نہیں تھی لوگوں نے بتایا: یہ حضرت علی رضی اللہ عنہ آ گئے ہیں۔ نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے وہ جھنڈا انہیں عطا کیا اور اللہ تعالیٰ نے ان کے ذریعے فتح نصیب کی۔

اخرجه البخاري في: 56 كتاب الجهاد: 121 باب ما قيل في لواء النبي صلى الله عليه وسلم
رقم الجزء: 1 رقم الصفحة: 757 (جہانگیری صحیح بخاری، مطبوعہ شبیر برادرز، رقم الحدیث: 2812)

1559 ◦ حديث سَهْلِ بْنِ سَعْدٍ رَضِيَ اللّٰهُ عَنْهُ

قَالَ: جَاءَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ، بَيْتَ فَاطِمَةَ، فَلَمْ يَجِدْ عَلِيًّا فِي الْبَيْتِ فَقَالَ: أَيْنَ ابْنُ عَمِّكِ قَالَتْ: كَانَ بَيْنِي وَبَيْنَهُ شَيْءٌ، فَغَاضَبَنِي، فَخَرَجَ، فَلَمْ يَقِلْ عِنْدِي فَقَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ لِإِنْسَانٍ: انْظُرْ أَيْنَ هُوَ فَجَاءَ، فَقَالَ: يَا رَسُوْلَ اللّٰهِ هُوَ فِي الْمَسْجِدِ رَاقِدٌ فَجَاءَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ وَهُوَ مُضْطَجِعٌ، قَدْ سَقَطَ رِدَاؤُهُ عَنْ شِقِّهِ، وَأَصَابَهُ تُرَابٌ فَجَعَلَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ يَمْسَحُهُ عَنْهُ وَيَقُوْلُ: قُمْ أَبَا تُرَابٍ قُمْ أَبَا تُرَابٍ

❁❁ حضرت سہل بن سعد رضی اللہ عنہ بیان کرتے ہیں' نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم سیدہ فاطمہ رضی اللہ عنہا کے گھر میں تشریف لائے تو حضرت علی رضی اللہ عنہ گھر میں موجود نہیں پایا آپ نے دریافت کیا تمہارے چچازاد کہاں ہیں؟ سیدہ فاطمہ رضی اللہ عنہا نے عرض کی' میرے اور ان کے درمیان کچھ رنجش ہوگئی تھی۔ وہ مجھ سے ناراض ہو کر باہر چلے گئے ہیں اور گھر میں قیلولہ بھی نہیں کیا۔ نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے ایک صاحب کو حکم دیا' دیکھو! وہ کہاں ہے؟ ان صاحب نے آ کر بتایا: یا رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم وہ مسجد میں سوئے ہوئے ہیں نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم تشریف لائے تو حضرت علی رضی اللہ عنہ لیٹے ہوئے (سو رہے) تھے ان کے پہلو سے چادر ہٹ گئی تھی اور پہلو پر مٹی لگی ہوئی تھی نبی

رقم الحديث 1559

اخرجه سليمان بن احمد الطبراني في "معجمه الاوسط" طبع دار الحرمين، قاهره، مصر، 1415ه، رقم الحديث: 775 اخرجه ابوالقاسم الطبراني في "معجمه الكبير" طبع مكتبه العلوم والحكم، موصل، 1404ه/1983ء، رقم الحديث: 5908 اخرجه ابوعبدالله البخاري في "الادب المفرد" طبع دار البشائر الاسلامية، بيروت، لبنان، 1409ه/1989ء، رقم الحديث: 852

Marfat.com

اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے اس مٹی کو صاف کرتے ہوئے فرمایا: ابوتراب (مٹی والے) اٹھو! ابوتراب اٹھو!

أخرجه البخاري في: 8 كتاب الصلاة: 58 باب نوم الرجال في المسجد

رقم الجزء: 1 رقم الصفحة: 758 (جہانگیری صحیح بخاری مطبوعہ شبیر برادرز، رقم الحدیث: 430)

•••———•••———•••

في فضل سعد بن أبي وقاص رَضِيَ اللّٰهُ عَنْهُ

حضرت سعد بن ابی وقاص رضی اللہ عنہ کے فضائل

1560 حديث عَائِشَةَ رَضِيَ اللّٰهُ عَنْهَا

قَالَتْ: كَانَ النَبِيُّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ سَهِرَ، فَلَمَّا قَدِمَ الْمَدِيْنَةَ، قَالَ لَيْتَ رَجُلاً مِّنْ أَصْحَابِيْ صَالِحًا يَحْرُسُنِيْ اللَّيْلَةَ إِذْ سَمِعْنَا صَوْتَ سِلاَحٍ فَقَالَ: مَنْ هٰذَا فَقَالَ: أَنَا سَعْدُ بْنُ أَبِيْ وَقَّاصٍ، جِئْتُ لِأَحْرُسَكَ وَنَامَ النَبِيُّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ

✧✧ سیدہ عائشہ رضی اللہ عنہا بیان کرتی ہیں: نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم جب مدینہ منورہ تشریف لائے تو آپ نے فرمایا: کاش! میرے ساتھیوں میں کوئی ایسا باصلاحیت آدمی ہو جو میری حفاظت کرے' اسی دوران ہم نے ہتھیار کی آواز سنی نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے دریافت کیا: کون ہے؟ اس شخص نے جواب دیا: میں سعد بن ابی وقاص ہوں۔ میں آپ کی حفاظت کیلئے آیا ہوں' تو نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم سو گئے۔

أخرجه البخاري في: 56 كتاب الجهاد والسير: 70 باب الحراسة في الغزو في سبيل الله

رقم الجزء: 1 رقم الصفحة: 759 (جہانگیری صحیح بخاری مطبوعہ شبیر برادرز، رقم الحدیث: 2729)

1561 حديث عَلِيٍّ رَضِيَ اللّٰهُ عَنْهُ،

قَالَ: مَا رَأَيْتُ النَّبِيَّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ يُفَدِّي رَجُلاً بَعْدَ سَعْدٍ سَمِعْتُهُ يَقُوْلُ: ارْمِ، فِدَاكَ أَبِيْ وَأُمِّي

✧✧ حضرت علی رضی اللہ عنہ بیان کرتے ہیں: میں نے نہیں دیکھا کہ نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے حضرت سعد رضی اللہ عنہ کے علاوہ کسی اور شخص پر اپنے (والدین کے) فدا ہونے کے الفاظ استعمال کیے ہوں۔ میں نے آپ کو یہ کہتے ہوئے سنا: (اے سعد) تیر اندازی جاری رکھو! میرے ماں باپ تم پر قربان ہوں۔

أخرجه البخاري في: 56 كتاب الجهاد والسير: 80 باب المجن ومن يترس بترس صاحبه

رقم الحديث : 1561

اخرجه ابوالحسين مسلم النيسابوری فی ''صحيحه'' طبع داراحياء التراث العربی، بيروت، لبنان، رقم الحديث: **2411** اخرجه ابو عيسى الترمذی، فی ''جامعه'' طبع داراحياء التراث العربی، بيروت، لبنان، رقم الحديث: **2829** اخرجه ابو عبدالله القزوينی فی ''سننه'' طبع دارالفكر، بيروت، لبنان، رقم الحديث: **129** اخرجه ابوعبدالله الشيبانی فی ''مسنده'' طبع موسسه قرطبه، قاهره، مصر، رقم الحديث: **1147** اخرجه ابوعبدالرحمن النسائی فی ''سننه'' طبع مكتب المطبوعات الاسلاميه، حلب، شام، **1406**ھ، **1986**ء، رقم الحديث: **10020** اخرجه ابوداؤد الطيالسی فی ''مسنده'' طبع دارالمعرفة، بيروت، لبنان، رقم الحديث: **102**

Marfat.com

رقم الجزء: 1 رقم الصفحة: 759 (جہانگیری صحیح بخاری، مطبوعہ شبیر برادرز، رقم الحدیث:2749)

1562 حديث سَعْدٍ رَضِيَ اللّٰهُ عَنْهُ

قَالَ: جَمَعَ لِي النَّبِيُّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ، أَبَوَيْهِ يَوْمَ أُحُدٍ

✧✧ حضرت سعد رضی اللہ عنہ بیان ہیں: غزوۂ اُحد کے دن نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے میرے لئے اپنے ماں باپ کو اکٹھا کیا تھا (یعنی یہ فرمایا تھا کہ میرے ماں باپ تم پر قربان ہوں)

أخرجه البخاري في: 62 كتاب فضائل أصحاب النبي صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: 15 باب مناقب سعد بن أبي وقاص الزهري

رقم الجزء: 1 رقم الصفحة: 759 (جہانگیری صحیح بخاری، مطبوعہ شبیر برادرز، رقم الحدیث:3519)

•••———•••———•••

فضائل طلحة والزبير رضي اللّٰه تعالى عنهما

حضرت طلحہ رضی اللہ عنہ اور حضرت زبیر رضی اللہ عنہ کے فضائل

1563 حديث طَلْحَةَ وَسَعْدٍ رَضِيَ اللّٰهُ عَنْهُمَا

عَنْ أَبِي عُثْمَانَ، قَالَ: لَمْ يَبْقَ مَعَ النَّبِيِّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ فِي بَعْضِ تِلْكَ الْأَيَّامِ، الَّتِي قَاتَلَ فِيهِنَّ رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ، غَيْرُ طَلْحَةَ وَسَعْدٍ، عَنْ حَدِيثِهِمَا

✧✧ ابوعثمان بیان کرتے ہیں، جن دنوں نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم جہاد کر رہے تھے ان دنوں بعض اوقات نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کے ساتھ صرف حضرت طلحہ رضی اللہ عنہ اور حضرت سعد رضی اللہ عنہ رہ گئے تھے۔

أخرجه البخاري في: 62 كتاب فضائل أصحاب النبي صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: 14 باب ذكر طلحة بن عبيد الله

رقم الجزء: 1 رقم الصفحة: 759 (جہانگیری صحیح بخاری، مطبوعہ شبیر برادرز، رقم الحدیث:3517)

1564 حديث جَابِرٍ رَضِيَ اللّٰهُ عَنْهُ،

رقم الحديث: **1564**: اخرجه ابوعبدالله النيسابوري في "المستدرک" طبع دارالكتب العلميه، بيروت، لبنان **1411**ھ/**1990**ء، رقم الحديث:**5032** اخرجه ابوبكر الشيباني في "الاحادوالمثاني" طبع دارالراية، رياض، سعودي عرب، **1411**ھ/**1991**ء، رقم الحديث:**1922** ذكره ابوبكر البيهقي في "سننه الكبرى" طبع مكتبه دارالباز، مكه مكرمه، سعودي عرب **1414**ھ/**1994**ء، رقم الحديث: **17698** اخرجه ابوالقاسم الطبراني في "معجمه الكبير" طبع مكتبه العلوم والحكم، موصل، **1404**ھ/**1983**ء، رقم الحديث: **1307** اخرجه ابوالحسين مسلم النيسابوري في "صحيحه" طبع داراحياء التراث العربي، بيروت، لبنان، رقم الحديث: **2415** اخرجه ابوعيسىٰ الترمذي في "جامعه" طبع داراحياء التراث العربي، بيروت، لبنان، رقم الحديث: **3744** اخرجه ابوعبدالله القزويني في "سننه" طبع دارالفكر، بيروت، لبنان، رقم الحديث:**122** اخرجه ابوبكر الشيباني في "الاحادوالمثاني" طبع دارالراية، رياض، سعودي عرب، **1411**ھ/**1991**ء، رقم الحديث:**193** اخرجه ابوعبدالله النيسابوري في "المستدرک" طبع دارالكتب العلميه، بيروت، لبنان **1411**ھ/**1990**ء، رقم الحديث:**5558** اخرجه ابوداؤد الطيالسي في "مسنده" طبع دارالمعرفة، بيروت، لبنان، رقم الحديث: **163** اخرجه ابوعبدالله الشيباني في "مسنده" طبع موسسه قرطبه، قاهره، مصر، رقم الحديث: **14336** اخرجه ابوحاتم البستي في "صحيحه" طبع موسسه الرساله، بيروت، لبنان، **1414**ھ/**1993**ء، رقم الحديث:**6985**

Marfat.com

قَالَ: قَالَ النَّبِيُّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: مَنْ يَأْتِينِي بِخَبَرِ الْقَوْمِ يَوْمَ الْأَحْزَابِ قَالَ الزُّبَيْرُ: أَنَا ثُمَّ قَالَ: مَنْ يَأْتِينِي بِخَبَرِ الْقَوْمِ قَالَ الزُّبَيْرُ: أَنا فَقَالَ النَّبِيُّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: إِنَّ لِكُلِّ نَبِيٍّ حَوَارِيًّا، وَحَوَارِيَّ الزُّبَيْرُ

✧✧ حضرت جابر رضی اللہ عنہ بیان کرتے ہیں' نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے ارشاد فرمایا: یہ غزوہ احزاب کے موقع کی بات ہے، دشمن کی خبر کون مجھ تک لائے گا۔ حضرت زبیر رضی اللہ عنہ نے عرض کی: میں! آپ نے پھر فرمایا: دشمن کی خبر کون مجھ تک پہنچائے گا۔ حضرت زبیر رضی اللہ عنہ نے عرض کی: میں، نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: ہر نبی کا حواری ہوتا ہے اور میرا حواری زبیر ہے۔

أخرجه البخاري في: 56 كتاب الجهاد والسير: 40 باب فضل الطليعة

رقم الجزء: 1 رقم الصفحة: 760 (جہانگیری صحیح بخاری مطبوعہ شبیر برادرز، رقم الحدیث 2691)

1565 حديث الزُّبَيْرِ رَضِيَ اللّٰهُ عَنْهُ

عَنْ عَبْدِ اللّٰهِ بْنِ الزُّبَيْرِ، قَالَ: كُنْتُ، يَوْمَ الْأَحْزَابِ، جُعِلْتُ أَنَا وَعُمَرُ بْنُ أَبِي سَلَمَةَ. فِي النِّسَاءِ فَنَظَرْتُ فَإِذَا أَنَا بِالزُّبَيْرِ عَلَى فَرَسِهِ، يَخْتَلِفُ إِلَى بَنِي قُرَيْظَةَ، مَرَّتَيْنِ أَوْ ثَلَاثًا فَلَمَّا رَجَعْتُ قُلْتُ: يَا أَبَتِ رَأَيْتُكَ تَخْتَلِفُ. قَالَ: أَوَ هَلْ رَأَيْتَنِي يَا بُنَيَّ قُلْتُ. نَعَمْ قَالَ: كَانَ رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَالَ: مَنْ يَأْتِ بَنِي قُرَيْظَةَ فَيَأْتِينِي بِخَبَرِهِمْ فَانْطَلَقْتُ، فَلَمَّا رَجَعْتُ جَمَعَ لِي رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ أَبَوَيْهِ. فَقَالَ: فِدَاكَ أَبِي وَأُمِّي

✧✧ حضرت عبداللہ بن زبیر رضی اللہ عنہما بیان کرتے ہیں' غزوہ احزاب کے موقع پر میں اور عمر بن ابوسلمہ خواتین کی نگرانی پر رہے تھے۔ میں نے دیکھا حضرت زبیر رضی اللہ عنہ اپنے گھوڑے پر بنوقریظہ کی طرف دو یا تین دفعہ گئے اور واپس آگئے تو میں نے دریافت کیا: ابا جان! میں نے آپ کو دیکھا ہے آپ ادھر ادھر آ جا رہے تھے۔

تو انہوں نے فرمایا: اے میرے بیٹے کیا تم نے مجھے دیکھا تھا؟ میں نے جواب دیا: جی ہاں! انہوں نے بتایا: نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: کون شخص بنوقریظہ جا کر ان کی خبر مجھے لا کے دے گا تو میں چلا گیا جب میں واپس آیا تو نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے میرے لیے اپنے ماں باپ کو جمع کرتے ہوئے ارشاد فرمایا: تم پر میرے ماں باپ قربان ہوں۔

أخرجه البخاري في: 62 كتاب فضائل أصحاب النبي صلى الله عليه وسلم: 13 باب مناقب الزبير بن العوام

رقم الجزء: 1 رقم الصفحة: 760 (جہانگیری صحیح بخاری مطبوعہ شبیر برادرز، رقم الحدیث 3515)

•••———•••———•••

فضائل أبي عبيدة بن الجراح رضي الله تعالى عنه

حضرت ابوعبیدہ بن الجراح رضی اللہ عنہ کے فضائل

1566 حديث أَنَسِ بْنِ مَالِكٍ رَضِيَ اللّٰهُ عَنْهُ،

أَنَّ رَسُولَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَالَ: إِنَّ لِكُلِّ أُمَّةٍ أَمِينًا، وَإِنَّ أَمِينَنَا. أَيَّتُهَا الْأُمَّةُ. أَبُو عُبَيْدَةَ بْنُ

Marfat.com

الْجَرَّاحِ

✧✧ حضرت انس بن مالک رضی اللہ عنہ بیان کرتے ہیں' نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے ارشاد فرمایا ہے: ہر امت کا ایک امین ہوتا ہے او اے امت! ہمارا امین ابوعبیدہ بن الجراح ہے۔

أخرجه البخاري في: 63 كتاب فضائل أصحاب النبي صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: 21 باب مناقب أبي عبيدة بن الجراح رَضِيَ اللّٰهُ عَنْهُ

رقم الجزء: 1 رقم الصفحة: 761 (جہانگیری صحیح بخاری، مطبوعہ شبیر برادرز، رقم الحدیث:3534)

1567 حديث حُذَيْفَةَ رَضِيَ اللّٰهُ عَنْهُ،

قَالَ: قَالَ النَّبِيُّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ لِأَهْلِ نَجْرَانَ: لَأَبْعَثَنَّ، يَعْنِي عَلَيْكُمْ، يَعْنِي أَمِينًا حَقَّ أَمِينٍ فَأَشْرَفَ أَصْحَابُهُ، فَبَعَثَ أَبَا عَبَيْدَةَ رَضِيَ اللّٰهُ عَنْهُ

✧✧ حضرت حذیفہ رضی اللہ عنہ بیان کرتے ہیں' نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے اہل نجران سے فرمایا میں ضرور بھیجوں گا۔ امین شخص کو جو واقعی امین ہوگا تو نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کے ساتھی اس بات کے منتظر رہے پھر نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے حضرت ابوعبیدہ رضی اللہ عنہ کو بھیجوایا۔

أخرجه البخاري في: 62 كتاب فضائل أصحاب النبي صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: 21 باب مناقب أبي عبيدة بن الجراح رَضِيَ اللّٰهُ عَنْهُ

رقم الجزء: 1 رقم الصفحة: 761 (جہانگیری صحیح بخاری، مطبوعہ شبیر برادرز، رقم الحدیث:3535)

•••———•••———•••

فضائل الحسن والحسين رَضِيَ اللّٰهُ عَنْهُمَا

حضرت امام حسن رضی اللہ عنہ اور امام حسین رضی اللہ عنہ کے فضائل

1568 حديث أَبِي هُرَيْرَةَ الدَّوْسِيِّ رَضِيَ اللّٰهُ عَنْهُ،

قَالَ: خَرَجَ النَّبِيُّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ فِي طَائِفَةِ النَّهَارِ، لَا يُكَلِّمُنِي وَلَا أُكَلِّمُهُ، حَتّٰى أَتٰى سُوْقَ بَنِي قَيْنُقَاعَ، فَجَلَسَ بِفِنَاءِ بَيْتِ فَاطِمَةَ، فَقَالَ: أَثَمَّ لُكَعُ أَثَمَّ لُكَعُ فَحَبَسَتْهُ شَيْئًا، فَظَنَنْتُ أَنَّهَا تَلْبِسُهُ سِخَابًا، أَوْ تُغَسِّلُهُ فَجَاءَ يَشْتَدُّ حَتّٰى عَانَقَهُ وَقَبَّلَهُ، وَقَالَ: اللّٰهُمَّ أَحْبِبْهُ وَأَحِبَّ مَنْ يُّحِبُّه

✧✧ حضرت ابوہریرہ دوسی رضی اللہ عنہ بیان کرتے ہیں' نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم دن کے وقت باہر نکلے آپ نے میرے ساتھ کوئی بات

رقم الحديث : 1568

اخرجه ابوبكر الحميدى فى "مسنده" طبع دار الكتب العلميه، مكتبه المتنبى، بيروت، قابره ، رقم الحديث:1043 اخرجه ابوعبدالله البخارى فى "الادب المفرد" طبع دار البشائر الاسلاميه، بيروت، لبنان، 1409ھ/1989ء، رقم الحديث:11520 اخرجه ابوعبدالله الشيبانى فى "مسنده" طبع موسسه قرطبه، قابره، مصر، رقم الحديث:10904 اخرجه ابويعلى الموصلى فى "مسنده" طبع دار المامون للتراث، دمشق، شام، 1404ھ-1984ء، رقم الحديث:6391

Marfat.com

نہیں کی میں نے بھی آپ کو مخاطب نہیں کیا۔ آپ بنوقینقاع کے بازار میں آ گئے اور حضرت فاطمہ رضی اللہ عنہا کے گھر کے صحن میں بیٹھ گئے آپ نے دریافت کیا: چھوٹا بچہ کہاں ہے؟ کیا یہاں چھوٹا بچہ ہے؟ حضرت حسن کو آنے میں دیر ہوگئی میرا خیال ہے کہ سیدہ فاطمہ رضی اللہ عنہا یا تو انہیں کچھ پہنا رہی تھیں یا انہیں نہلا رہی تھیں۔ پھر حضرت حسن رضی اللہ عنہ دوڑتے ہوئے آئے نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے انہیں گلے لگایا انہیں بوسہ دیا اور دعا کی۔

اے اللہ! تو اس سے محبت کر اور جو اس سے محبت کرے تو اس سے بھی محبت کر۔

أخرجه البخاري في: 34 كتاب البيوع: 49 باب ما ذكر في الأسواق

رقم الجزء: 1 رقم الصفحة: 761 (جہانگیری صحیح بخاری مطبوعہ شبیر برادرز، رقم الحدیث: 2016)

1569 حديث الْبَرَاءِ رَضِيَ اللّٰهُ عَنْهُ،

قَالَ: رَأَيْتُ النَّبِيَّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ، وَالْحَسَنُ عَلَى عَاتِقِهِ، يَقُوْلُ: اللّٰهُمَّ إِنِّي أُحِبُّهُ فَأَحِبَّهُ

✧✧ حضرت براء رضی اللہ عنہ بیان کرتے ہیں' میں نے نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کو دیکھا کہ حضرت حسن بن علی رضی اللہ عنہ آپ کے کندھے پر تھے اور نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم یہ فرما رہے تھے: اے اللہ! میں اس سے محبت کرتا ہوں تو بھی اس سے محبت کر۔

أخرجه البخاري في: 62 كتاب فضائل أصحاب النبي صلى الله عليه وسلم: 22 باب مناقب الحسن والحسين رضي الله عنهما

رقم الجزء: 1 رقم الصفحة: 762 (جہانگیری صحیح بخاری مطبوعہ شبیر برادرز، رقم الحدیث: 3539)

•••———•••———•••

فضائل زيد بن حارثة وأسامة بن زيد رَضِيَ اللّٰهُ عَنْهُمَا

حضرت زید بن حارثہ رضی اللہ عنہ اور حضرت اسامہ بن زید رضی اللہ عنہ کے فضائل

1570 حديث عَبْدِ اللّٰهِ بْنِ عُمَرَ رَضِيَ اللّٰهُ عَنْهُ،

أَنَّ زَيْدَ بْنَ حَارِثَةَ، مَوْلَى رَسُوْلِ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ، مَا كُنَّا نَدْعُوْهُ إِلَّا زَيْدَ بْنَ مُحَمَّدٍ حَتَّى نَزَلَ الْقُرْآنُ (ادْعُوْهُمْ لآبَائِهِمْ هُوَ أَقْسَطُ عِنْدَ اللّٰهِ)

✧✧ حضرت عبداللہ بن عمر رضی اللہ عنہ بیان کرتے ہیں: نبی اکرم کے آزاد کردہ غلام حضرت زید بن حارثہ کو پہلے ہم لوگ زید بن محمد ہی کہا کرتے تھے یہاں تک کہ قرآن کا یہ حکم نازل ہوا (تو ہم نے اسے ترک کیا)

''تم ان لوگوں کو اُن کے حقیقی باپوں کی نسبت سے بلاؤ اللہ تعالیٰ کے نزدیک یہ انصاف کے زیادہ مطابق ہے''۔

أخرجه البخاري في: 65 كتاب التفسير: 33 سورة الأحزاب: 2 باب ادعوهم لآبائهم

رقم الجزء: 1 رقم الصفحة: 762 (جہانگیری صحیح بخاری مطبوعہ شبیر برادرز، رقم الحدیث: 4505)

1571 حديث عَبْدِ اللّٰهِ بْنِ عُمَرَ رَضِيَ اللّٰهُ عَنْهُمَا

Marfat.com

قَالَ: بَعَثَ النَّبِيُّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ بَعْثًا، وَأَمَّرَ عَلَيْهِمْ أُسَامَةَ بْنَ زَيْدٍ، فَطَعَنَ بَعْضُ النَّاسِ فِي إِمَارَتِهِ، فَقَالَ النَّبِيُّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: أَنْ تَطْعُنُوا فِي إِمَارَتِهِ فَقَدْ كُنْتُمْ تَطْعُنُونَ فِي إِمَارَةِ أَبِيهِ مِنْ قَبْلُ، وَايْمُ اللّٰهِ إِنْ كَانَ لَخَلِيقًا لِلإِمَارَةِ، وَإِنْ كَانَ لَمِنْ أَحَبِّ النَّاسِ إِلَيَّ، وَإِنَّ هٰذَا لَمِنْ أَحَبِّ النَّاسِ إِلَيَّ بَعْدَهُ

✧✧ حضرت عبداللہ بن عمر رضی اللہ عنہما بیان کرتے ہیں' نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے ایک لشکر روانہ کیا اور اسامہ بن زید کو اس کا امیر مقرر کیا بعض لوگوں نے ان کی امارت کے بارے میں شک وشبہ ظاہر کیا، نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے ارشاد فرمایا: تم لوگ اس کی امارت کے بارے میں شک وشبہ کا اظہار کر رہے ہو۔

اس سے پہلے تم اس کے باپ کی امارت کے بارے میں شک وشبہ کا اظہار کر چکے ہو۔ اللہ کی قسم! وہ امارت کا بالکل حقدار تھا اور میرے نزدیک سب سے زیادہ محبوب تھا اور اس کے بعد یہ میرے نزدیک سب سے زیادہ محبوب ہے۔

أخرجه البخاري في: 62 كتاب فضائل أصحاب النبي صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: 17 باب مناقب زيد ابن حارثة

رقم الجزء: 1 رقم الصفحة: 762 (جہانگیری صحیح بخاری مطبوعہ شبیر برادرز، رقم الحدیث:3524)

•••———•••———•••

فضائل عبد اللّٰه بن جعفر رَضِيَ اللّٰهُ عَنْهُمَا

حضرت عبداللہ بن جعفر رضی اللہ عنہ کے فضائل

1572 حديث عَبْدِ اللّٰهِ بْنِ جَعْفَرٍ رَضِيَ اللّٰهُ عَنْهُمَا'

قَالَ ابْنُ الزُّبَيْرِ لابْنِ جَعْفَرٍ رَضِيَ اللّٰهُ عَنْهُمَا: أَتَذْكُرُ إِذْ تَلَقَّيْنَا رَسُوْلَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ أَنَا وَأَنْتَ وَابْنُ عَبَّاسٍ رَضِيَ اللّٰهُ عَنْهُمَا قَالَ: نَعَمْ فَحَمَلَنَا وَتَرَكَكَ

✧✧ (ابن ابی ملیکہ بیان کرتے ہیں) ابن زبیر رضی اللہ عنہما نے ابن جعفر سے کہا: آپ کو یاد ہے کہ ہم نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کے سامنے آئے تھے میں آپ اور ابن عباس رضی اللہ عنہما تھے انہوں نے جواب دیا: جی ہاں! نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے ہمیں بٹھالیا تھا اور آپ کو نہیں بٹھایا تھا۔

أخرجه البخاري في: 56 كتاب الجهاد والسير: 196 باب استقبال الغزاة

رقم الجزء: 1 رقم الصفحة: 763 (جہانگیری صحیح بخاری مطبوعہ شبیر برادرز، رقم الحدیث:2916)

رقم الحديث1572أ

اخرجه ابوالحسين مسلم النيسابوري في "صحيحه" طبع داراحياء التراث العربي، بيروت، لبنان، رقم الحديث: **2427** اخرجه ابوعبدالله الحاكم في "المستدرک" طبع دارالكتب العلميه، بيروت، لبنان **1411**ھ/**1990**ء، رقم الحديث: **6349** اخرجه ابوعبدالله الشيباني في "مسنده" طبع موسسه قرطبه، قاهره، مصر، رقم الحديث: **1742** اخرجه ابوعبدالرحمن النسائي في "سننه" طبع مكتب المطبوعات الاسلاميه، حلب، شام، **1406**ھ، **1986**ء، رقم الحديث: **4249** اخرجه ابوالحسن الجوبري في "مسنده" طبع موسسه نادر، بيروت، لبنان، **1410**ھ، **1990**ء، رقم الحديث: **1483** اخرجه ابويعلى الموصلي في "مسنده" طبع دارالمامون للتراث، دمشق، شام، **1404**ھ.**1984**ء، رقم الحديث: **6808** اخرجه ابوبكر الكوفي في "مصنفه" طبع مكتبه الرشد، رياض، سعودي عرب، (طبع اول) **1409**ھ، رقم الحديث: **26372**

Marfat.com

فضائل خديجة أم المؤمنين رضي الله تعالى عنها

ام المومنین سیدہ خدیجہ رضی اللہ عنہا کے فضائل

1573 حديث عَلِيٍّ رَضِيَ اللّٰهُ عَنْهُ،

قَالَ: سَمِعْتُ النَّبِيَّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ، يَقُولُ: خَيْرُ نِسَاءِ هَا مَرْيَمُ ابْنَةُ عِمْرَانَ، وَخَيْرُ نِسَاءِ ها خَدِيجَةُ

حضرت علی رضی اللہ عنہ بیان کرتے ہیں: میں نے نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کو یہ ارشاد فرماتے ہوئے سنا ہے، اپنے زمانے کی سب سے بہتر خاتون عمران کی صاحبزادی مریم رضی اللہ عنہا تھی اور اپنے زمانے کی سب سے بہتر خاتون خدیجہ رضی اللہ عنہا تھیں۔

أخرجه البخاري في: 60 كتاب الأنبياء: 45 باب (وإذ قالت الملائكة يا مريم إن الله اصطفاك)

رقم الجزء: 1 رقم الصفحة: 763 (جہانگیری صحیح بخاری مطبوعہ شبیر برادرز، رقم الحدیث: 3249)

1574 حديث أَبِي مُوسَى رَضِيَ اللّٰهُ عَنْهُ،

رقم الحديث: 1573

اخرجه ابو الحسين مسلم النيسابوري في "صحيحه" طبع دار احياء التراث العربي بيروت لبنان رقم الحديث: 2430 اخرجه ابو عيسى الترمذي في "جامعه" طبع دار احياء التراث العربي بيروت لبنان رقم الحديث: 3877 اخرجه ابو عبدالله الشيباني في "مسنده" طبع موسسة قرطبه قاهره مصر رقم الحديث: 640 اخرجه ابو عبدالله النيسابوري في "المستدرک" طبع دار الكتب العلميه بيروت لبنان 1411ھ 1990ء رقم الحديث: 3837 اخرجه ابو القاسم الطبراني في "معجمه الكبير" طبع مكتبه العلوم والحكم موصل 1404ھ 1983ء رقم الحديث: 4 اخرجه ابو يعلى الموصلي في "مسنده" طبع دار المامون للتراث دمشق شام 1404ھ 1984ء رقم الحديث: 522 اخرجه ابوبكر البزار البصري في "مسنده" رقم الحديث: 468 صنعاني امام ابوبكر عبدالرزاق بن همام "المصنف" المكتب الاسلامي بيروت لبنان طبع ثاني 1403ھ 14006 ذكره ابوبكر البيهقي في "سننه الكبرى" طبع مكتبه دار الباز مكه مكرمه سعودي عرب 1414ھ / 1994ء رقم الحديث: 12861 اخرجه ابو عبدالرحمن النسائي في "سننه الكبرى" طبع دار الكتب العلميه بيروت لبنان 1411ھ / 1991ء رقم الحديث: 8354 اخرجه ابن ابي اسامه في "مسند الحارث" طبع مركز خدمة السنة والسيرة النبويه مدينه منوره 1413ھ / 1992ء رقم الحديث: 995 اخرجه ابوبكر الشيباني في "الاحاد والمثاني" طبع دار الراية رياض سعودي عرب 1411ھ / 1991ء رقم الحديث: 2985

رقم الحديث: **1574**: اخرجه ابو الحسين مسلم النيسابوري في "صحيحه" طبع دار احياء التراث العربي بيروت لبنان رقم الحديث: 2431 خرجه ابو عيسى الترمذي في "جامعه" طبع دار احياء التراث العربي بيروت لبنان رقم الحديث: 1834 اخرجه ابو عبدالرحمن النسائي في "سننه" طبع مكتب المطبوعات الاسلاميه حلب شام 1406ھ 1986ء رقم الحديث: 3947 خرجه ابو عبدالله القزويني في "سننه" طبع دار الفكر بيروت لبنان رقم الحديث: 3280 اخرجه ابو محمد الدارمي في "مسنده" طبع دار الكتاب العربي بيروت لبنان 1407ھ 1987ء رقم الحديث: 2069 اخرجه ابو عبدالله الشيباني في "مسنده" طبع موسسه قرطبه قاهره مصر رقم الحديث: 19541 اخرجه ابو حاتم البستي في "صحيحه" طبع موسسه الرساله بيروت لبنان 1414ھ 1993ء رقم الحديث: 7114 اخرجه ابو عبدالله النيسابوري في "المستدرک" طبع دار الكتب العلميه بيروت لبنان 1411ھ 1990ء رقم الحديث: 6483 خرجه

Marfat.com

قَالَ: قَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: كَمَلَ مِنَ الرِّجَالِ كَثِيْرٌ، وَلَمْ يَكْمُلْ مِنَ النِّسَآءِ إِلَّا اٰسِيَةُ امْرَأَةُ فِرْعَوْنَ، وَمَرْيَمُ بِنْتُ عِمْرَانَ وَإِنَّ فَضْلَ عَائِشَةَ عَلَى النِّسَاءِ كَفَضْلِ الثَّرِيْدِ عَلٰى سَائِرِ الطَّعَامِ

✧✧ حضرت ابوموسیٰ رضی اللہ عنہ بیان کرتے ہیں' نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے ارشاد فرمایا ہے: مردوں میں سے بہت سے لوگ کامل ہوئے ہیں مگر عورتوں میں سے صرف آسیہ' جو فرعون کی بیوی تھی' کامل ہے اور عمران کی بیٹی' مریم کامل ہے' عورتوں پر عائشہ رضی اللہ عنہا کو وہی فضیلت حاصل ہے جو ثرید کو تمام کھانوں پر حاصل ہے۔

أخرجه البخاري في: 60 كتاب الأنبياء: 32 باب قول الله تعالى (وضرب الله مثل للذين امنوا)

رقم الجزء: 1 رقم الصفحة: 763 (جہانگیری صحیح بخاری، مطبوعہ شبیر برادرز، رقم الحدیث:3230)

1575 حديث أَبِي هرَيْرَةَ رَضِيَ اللّٰهُ عَنْهُ،

قَالَ: أَتٰى جِبْرِيْلُ النَّبِيَّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ، فَقَالَ: يَا رَسُوْلَ اللّٰهِ هٰذِهِ خَدِيجَةُ قَدْ أَتَتْ مَعَهَا إِنَاءٌ فِيْهِ إِدَامٌ أَوْ طَعَامٌ أَوْ شَرَابٌ فَإِذَا هِيَ أَتَتْكَ فَاقْرَأْ عَلَيْهَا السَّلَامَ مِنْ رَبِّهَا وَمِنِّي، وَبَشِّرْهَا بِبَيْتٍ فِي الْجَنَّةِ مِنْ قَصَبٍ، لَا صَخَبَ فِيْهِ وَلَا نَصَبَ

✧✧ حضرت ابوہریرہ رضی اللہ عنہ بیان کرتے ہیں' حضرت جبرائیل علیہ السلام نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کی خدمت میں حاضر ہوئے اور عرض کی: یارسول اللہ (صلی اللہ علیہ وسلم)! یہ خدیجہ رضی اللہ عنہا ایک برتن ساتھ لے کر آرہی ہیں۔ اس میں سالن ہے (راوی کو شک ہے) یا کھانا ہے یا کوئی پینے کی چیز ہے۔ جب وہ آپ کے پاس آئیں تو ان کے پروردگار کی طرف سے اور میری طرف سے انہیں سلام کہہ دیں اور انہیں جنت میں ایک گھر کی خوشخبری دیں۔ جو موتی سے بنا ہوا ہوگا اور اس میں کوئی شور اور کوئی پریشانی نہیں ہوگی۔

أخرجه البخاري في: 63 كتاب مناقب الأنصار: 20 باب تزويج النبي صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ خديجة وفضلها

رقم الجزء: 1 رقم الصفحة: 764 (جہانگیری صحیح بخاری، مطبوعہ شبیر برادرز، رقم الحدیث:3609)

1576 حديث عَبْدِ اللّٰهِ بْنِ أَبِي أَوْفٰى رَضِيَ اللّٰهُ عَنْهُ

عَنْ إِسْمَاعِيلَ، قَالَ: قُلْتُ لِعَبْدِ اللّٰهِ بْنِ أَبِي أَوْفَى رَضِيَ اللّٰهُ عَنْهُ: بَشَّرَ النَّبِيُّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ

بقیہ حاشیہ رقم الحدیث: **1574**:ابوعبدالرحمن النسائی فی ''سننه'' طبع مکتب المطبوعات الاسلامیه، حلب، شام، **1406**ھ، رقم الحدیث: **8353** اخرجه ابویعلی الموصلی فی ''مسنده'' طبع دارالمامون للتراث، دمشق، شام، **1404**ھ-**1984**ء، رقم الحدیث:**7245** اخرجه ابوالقاسم الطبرانی فی ''معجمه الصغیر'' طبع المکتب الاسلامی، دارعمار، بیروت، لبنان/عمان، **1405**ھ **1985**ء، رقم الحدیث:**260** اخرجه ابوالقاسم الطبرانی فی ''معجمه الکبیر'' طبع مکتبه العلوم والحکم، موصل، **1404**ھ/**1983**ء، رقم الحدیث:**106** اخرجه ابوداؤد الطیالسی فی ''مسنده'' طبع دارالمعرفة، بیروت، لبنان، رقم الحدیث:**504** اخرجه ابن رابویه الحنظلی فی ''مسنده'' طبع مکتبه الایمان، مدینه منوره، (طبع اول) **1412**ھ/**1991**ء، رقم الحدیث:**1068** اخرجه ابومحمد الکسی فی ''مسنده'' طبع مکتبة السنة، قاهره، مصر، **1408**ھ/**1988**ء، رقم الحدیث:**566** اخرجه ابن ابی اسامه فی ''مسند الحارث'' طبع مرکز خدمة السنة والسیرة النبویه، مدینه منوره **1413**ھ/**1992**ء، رقم الحدیث:**997** اخرجه ابوبکر الکوفی، فی ''مصنفه'' طبع مکتبه الرشد، ریاض، سعودی عرب، طبع اول، **1409**ھ، رقم الحدیث:**32276**

Marfat.com

خَدِيجَةَ قَالَ: نَعَمْ بِبَيْتٍ مِّنْ قَصَبٍ، لاَ صَخَبَ فِيْهِ وَلاَ نَصَبَ

✧✧ اسماعیل بیان کرتے ہیں: میں نے حضرت عبداللہ بن ابی اوفی رضی اللہ عنہ سے کہا: کیا نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے سیدہ خدیجہ رضی اللہ عنہا کو خوشخبری دی تھی؟ انہوں نے جواب دیا: ہاں موتی سے بنے ہوئے محل کی دی تھی۔ جس میں کوئی شور یا پریشانی نہیں ہوگی۔

أخرجه البخاري في: 63 كتاب مناقب الأنصار: 20 باب تزويج النبي صلى الله عليه وسلم خديجة وفضلها
رقم الجزء: 1 رقم الصفحة: 764 (جہانگیری صحیح بخاری مطبوعہ شبیر برادرز، رقم الحدیث: 3608)

1577 حديث عَائِشَةَ رَضِيَ اللّٰهُ عَنْهَا،

قَالَتْ: مَا غِرْتُ عَلَى أَحَدٍ مِّنْ نِسَاءِ النَّبِيِّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ، مَا غِرْتُ عَلَى خَدِيجَةَ، وَمَا رَأَيْتُهَا وَلٰكِنْ كَانَ النَّبِيُّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ يُكْثِرُ ذِكْرَهَا وَرُبَّمَا ذَبَحَ الشَّاةَ ثُمَّ يُقَطِّعُهَا أَعْضَاءً، ثُمَّ يَبْعَثُهَا فِيْ صَدَائِقِ خَدِيجَةَ، فَرُبَّمَا قُلْتُ لَهُ: كَأَنَّهُ لَمْ يَكُنْ فِي الدُّنْيَا امْرَأَةٌ إِلَّا خَدِيجَةُ فَيَقُوْلُ: إِنَّهَا كَانَتْ، وَكَانَ لِيْ مِنْهَا وَلَدٌ

✧✧ سیدہ عائشہ صدیقہ رضی اللہ عنہا بیان کرتی ہیں: مجھے نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کی کسی بھی زوجہ محترمہ پر اتنا رشک نہیں آتا تھا جتنا حضرت خدیجہ رضی اللہ عنہا پر آتا تھا۔ میں نے انہیں دیکھا نہیں ہے لیکن نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم بکثرت ان کا ذکر کیا کرتے تھے۔ آپ بعض اوقات جب کوئی بکری ذبح کرتے تو اس کا گوشت بنا کر اسے سیدہ خدیجہ رضی اللہ عنہا کی سہیلیوں کو بھیجا کرتے تھے۔ میں نے نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم سے کہا: یوں لگتا ہے سیدہ خدیجہ رضی اللہ عنہا کے علاوہ دنیا میں کوئی خاتون ہی نہیں ہے۔ تو نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: اس میں یہ یہ خوبیاں تھیں اور میری اولاد بھی اس سے ہوئی ہے۔

أخرجه البخاري في: 63 كتاب مناقب الأنصار: 20 باب تزويج النبي صلى الله عليه وسلم خديجة وفضلها
رقم الجزء: 1 رقم الصفحة: 764 (جہانگیری صحیح بخاری مطبوعہ شبیر برادرز، رقم الحدیث: 3607)

1578 حديث عَائِشَةَ رَضِيَ اللّٰهُ عَنْهَا،

قَالَتِ: اسْتَأْذَنَتْ هَالَةُ بِنْتُ خُوَيْلِدٍ، أُخْتُ خَدِيجَةَ، عَلَى رَسُوْلِ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ فَعَرَفَ اسْتِئْذَانَ خَدِيجَةَ، فَارْتَاعَ لِذٰلِكَ، فَقَالَ: اللّٰهُمَّ هَالَةَ قَالَتْ: فَغِرْتُ فَقُلْتُ: مَا تَذْكُرُ مِنْ عَجُوزٍ مِّنْ عَجَائِزِ قُرَيْشٍ، حَمْرَاءَ الشِّدْقَيْنِ، هَلَكَتْ فِي الدَّهْرِ، قَدْ أَبْدَلَكَ اللّٰهُ خَيْرًا مِّنْهَا

✧✧ سیدہ عائشہ رضی اللہ عنہا بیان کرتی ہیں، حضرت ہالہ بنت خویلد رضی اللہ عنہا نے نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کے گھر میں آنے کی اجازت مانگی تو نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کو یوں لگا کہ شاید حضرت خدیجہ رضی اللہ عنہا نے اجازت مانگی ہے۔ آپ بے چین ہوئے پھر آپ نے فرمایا: یہ تو ہالہ ہیں سیدہ عائشہ رضی اللہ عنہا بیان کرتی ہیں۔ مجھے اس پر بڑا رشک آیا۔ میں نے کہا: آپ قریش کی ایک سرخ گالوں والی بوڑھی کا تذکرہ کرتے رہتے ہیں جنہیں فوت ہوئے بھی عرصہ گزر چکا ہے۔ حالانکہ اللہ تعالیٰ نے آپ کو ان سے بہتر بیویاں عطا کر دی ہیں۔

أخرجه البخاري في: 63 كتاب مناقب الأنصار: 20 باب تزويج النبي صلى الله عليه وسلم خديجة وفضلها
رقم الجزء: 1 رقم الصفحة: 765 (جہانگیری صحیح بخاری مطبوعہ شبیر برادرز، رقم الحدیث: 3610)

Marfat.com

في فضل عائشة رضي اللّٰه تعالى عنها

سیدہ عائشہ صدیقہ رضی اللہ عنہا کی فضیلت

1579 حديث عَائِشَةَ رَضِيَ اللّٰهُ عَنْهَا،

أَنَّ النَّبِيَّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَالَ لَهَا: أُرِيتُكِ فِي الْمَنَامِ مَرَّتَيْنِ، أَرَى أَنَّكِ فِي سَرَقَةٍ مِّنْ حَرِيرٍ، وَيَقُوْلُ: هٰذِهِ امْرَأَتُكَ، فَاكْشِفُ عَنْهَا فَإِذَا هِيَ أَنْتِ، فَأَقُوْلُ: إِنْ يَّكُ هٰذَا مِنْ عِنْدِ اللّٰهِ يُمْضِهِ

سیدہ عائشہ صدیقہ رضی اللہ عنہا بیان کرتی ہیں، نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے ان سے فرمایا: خواب میں دومرتبہ تم مجھے دکھائی گئی ہو میں نے دیکھا کہ تم ریشمی چادر میں لپٹی ہوئی ہو اور فرشتہ یہ کہہ رہا ہے' یہ آپ کی اہلیہ ہوں گی۔ میں نے اس چادر کو ہٹایا تو اس میں تم موجود تھی۔ میں نے سوچا اگر یہ اللہ تعالیٰ کی مرضی ہے تو پھر ایسا ہو کر رہے گا۔

أخرجه البخاري في: 63 كتاب مناقب الأنصار: 44 باب تزويج النبي صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ عائشة وقدومها المدينة

رقم الجزء: أ رقم الصفحة: 765 (جہانگیری صحیح بخاری مطبوعہ شبیر برادرز، رقم الحدیث:3682)

1580 حديث عَائِشَةَ رَضِيَ اللّٰهُ عَنْهَا رَضِيَ اللّٰهُ عَنْهَا

قَالَتْ: قَالَ لِي رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: إِنِّي لَأَعْلَمُ إِذَا كُنْتِ عَنِّي رَاضِيَةً، وَإِذَا كُنْتِ عَلَيَّ غَضْبَى قَالَتْ، فَقُلْتُ: مِنْ أَيْنَ تَعْرِفُ ذٰلِكَ فَقَالَ: أَمَّا إِذَا كُنْتِ عَنِّي رَاضِيَةً فَإِنَّكِ تَقُوْلِينَ: لاَ، وَرَبِّ مُحَمَّدٍ وَإِذَا كُنْتِ غَضْبَى. قُلْتِ: لاَ، وَرَبِّ إِبْرَاهِيمَ قَالَتْ قُلْتُ: أَجَلْ وَاللّٰهِ يَا رَسُوْلَ اللّٰهِ مَا أَهْجُرُ إِلَّا اسْمَكَ

سیدہ عائشہ صدیقہ رضی اللہ عنہا بیان کرتی ہیں: نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے مجھ سے فرمایا: مجھے پتہ چل جاتا ہے کہ تم کس وقت مجھ سے راضی ہوتی ہو اور کس وقت ناراض ہوتی ہو۔ میں نے دریافت کیا: آپ کو کیسے پتہ چل جاتا ہے؟ نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: جب مجھ سے راضی ہوتی ہو تو کہتی ہو' محمد کے پروردگار کی قسم!'' جب مجھ سے ناراض ہوتی ہو تو کہتی ہو'' ابراہیم کے پروردگار کی قسم!'' سیدہ عائشہ رضی اللہ عنہا بیان کرتی ہیں: میں نے عرض کی: جی ہاں! اللہ تعالیٰ کی قسم! یارسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم! میں صرف آپ کا نام لینا ہی چھوڑتی ہوں۔

أخرجه البخاري في: 67 كتاب النكاح: 108 باب غيرة النساء ووجدهن

رقم الجزء: أ رقم الصفحة: 766 (جہانگیری صحیح بخاری مطبوعہ شبیر برادرز، رقم الحدیث: 4930)

رقم الحديث: 1580

أخرجه الحسين مسلم النيسابوري في "صحيحه" طبع دار احياء التراث العربي، بيروت، لبنان، رقم الحديث: 2439 اخرجه ابوعبدالله [illegible] في "مسنده" طبع موسسه قرطبه، قاهره، مصر، رقم الحديث: 24363 اخرجه ابوحاتم البستي في "صحيحه" طبع موسسه [illegible] بيروت، لبنان، 1414ھ/1993ء، رقم الحديث: 7112 اخرجه ابوبكر بن خزيمة النيسابوري، في "صحيحه" طبع المكتب [illegible] بيروت، لبنان، 1390ھ/1970ء، رقم الحديث: 9156 ذكره ابوبكر البيهقي في "سننه الكبرى" طبع مكتبه دار الباز، مكه مكرمه، [illegible] بيروت، 1414ھ/1994ء، رقم الحديث: 19599 اخرجه ابوالقاسم الطبراني في "معجمه الكبير" طبع مكتبه العلوم والحكم، موصل، 1404ھ/1983ء، رقم الحديث: 121 اخرجه ابويعلى الموصلي في "مسنده" طبع دار المامون للتراث، دمشق، شام، 1404ھ-1984ء، رقم الحديث: 4893

Marfat.com

1581 حديث عَائِشَةَ رَضِيَ اللّٰهُ عَنْهَا،

قَالَتْ: كُنْتُ أَلْعَبُ بِالْبَنَاتِ عِنْدَ النَّبِيِّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ، وَكَانَ لِي صَوَاحِبُ يَلْعَبْنَ مَعِي: فَكَانَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ، إِذَا دَخَلَ يَتَقَمَّعْنَ مِنْهُ، فَيُسَرِّبُهُنَّ إِلَيَّ، فَيَلْعَبْنَ مَعِي

✧✧ حضرت عائشہ صدیقہ رضی اللہ عنہا بیان کرتی ہیں: میں نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کی موجودگی میں گڑیا سے ساتھ کھیلا کرتی تھی میری چند سہیلیاں تھیں جو میرے ساتھ کھیلا کرتی تھیں جب نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم تشریف لایا کرتے تھے تو وہ چھپ جایا کرتی تھیں نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم انہیں میرے پاس بھیج دیا کرتے تھے تو وہ میرے ساتھ کھیلا کرتی تھیں۔

أخرجه البخاري في: 78 كتاب الأدب: 81 باب الانبساط إلى الناس

رقم الجزء: 1 رقم الصفحة: 766 (جہانگیری صحیح بخاری مطبوعہ شبیر برادرز، رقم الحدیث: 5779)

1582 حديث عَائِشَةَ رَضِيَ اللّٰهُ عَنْهَا،

أَنَّ النَّاسَ كَانُوا يَتَحَرَّوْنَ بِهَدَايَاهُمْ يَوْمَ عَائِشَةَ يَبْتَغُوْنَ بِهَا، أَوْ يَبْتَغُوْنَ بِذٰلِكَ، مَرْضَاةَ رَسُوْلِ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ

✧✧ سیدہ عائشہ صدیقہ رضی اللہ عنہا بیان کرتی ہیں لوگ اپنے تحائف پیش کرنے کے لئے سیدہ عائشہ رضی اللہ عنہا کے مخصوص دن کا انتظار کیا کرتے تھے وہ اس کے ذریعے نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کی رضامندی حاصل کرنا چاہتے تھے۔

رقم الحديث 1581:

اخرجه ابوالحسين مسلم النيسابوري في "صحيحه" طبع داراحياء التراث العربي، بيروت، لبنان، رقم الحديث: **2440** اخرجه ابوداؤد السجستاني في "سننه" طبع دارالفكر بيروت لبنان، رقم الحديث: **4931** اخرجه ابوعبدالله القزويني في "سننه" طبع دارالفكر بيروت لبنان، رقم الحديث: **1982** اخرجه ابوعبدالله الشيباني في "مسنده" طبع موسسه قرطبه، قاهره، مصر، رقم الحديث: **25373** اخرجه ابوحاتم البستي في "صحيحه" طبع موسسه الرساله، بيروت، لبنان، **1414**ھ/**1993**ء، رقم الحديث: **5863** اخرجه ابوعبدالرحمن النسائي في "سننه" طبع مكتب المطبوعات الاسلاميه، حلب، شام، **1406**ھ، **1986**ء، رقم الحديث: **8946** ذكره ابوبكر البيهقي في "سننه الكبرىٰ" طبع مكتبه دارالباز، مكه مكرمه، سعودي عرب **1414**ھ/**1994**ء، رقم الحديث: **2070** اخرجه ابوبكر الحميدي في "مسنده" طبع دارالكتب العلميه، مكتبه المتنبي، بيروت، قاهره، رقم الحديث: **260** اخرجه ابوداؤد الطيالسي في "مسنده" طبع دارالمعرفه، بيروت، لبنان، رقم الحديث: **278** اخرجه ابوعبدالله البخاري في "الادب المفرد" طبع دارالبشائر الاسلاميه، بيروت، لبنان، **1409**ھ **1989**ء، رقم الحديث: **368** اخرجه ابن راهويه الحنظلي في "مسنده" طبع مكتبه الايمان، مدينه منوره، طبع اول، **1412**ھ/**1991**ء، رقم الحديث: **783**

رقم الحديث : 1582: اخرجه ابوالحسين مسلم النيسابوري في "صحيحه" طبع داراحياء التراث العربي، بيروت، لبنان، رقم الحديث: **2441** اخرجه ابوعيسى الترمذي في "جامعه" طبع داراحياء التراث العربي، بيروت، لبنان، رقم الحديث: **3879** اخرجه ابوعبدالرحمن النسائي في "سننه" طبع مكتب المطبوعات الاسلاميه، حلب، شام، **1406**ھ، **1986**ء، رقم الحديث: **3951** اخرجه ابوعبدالرحمن النسائي في "سننه" طبع مكتب المطبوعات الاسلاميه، حلب، شام، **1406**ھ، **1986**ء، رقم الحديث: **8899** ذكره ابوبكر البيهقي في "سننه الكبرىٰ" طبع مكتبه دارالباز، مكه مكرمه، سعودي عرب **1414**ھ/**1994**ء، رقم الحديث: **11723** اخرجه ابوبكر الحنظلي في "مسنده" طبع مكتبه الايمان، مدينه منوره، طبع اول، **1412**ھ/**1991**ء، رقم الحديث: **809**

Marfat.com

أخرجه البخاري في: 51 كتاب الهبة: 7 باب قبول الهدية

رقم الجزء: 1 رقم الصفحة: 766 (جہانگیری صحیح بخاری، مطبوعہ شبیر برادرز، رقم الحدیث: 2435)

1583 حديث عَائِشَةَ رَضِيَ اللّٰهُ عَنْهُ،

أَنَّ رَسُوْلَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ، كَانَ يَسْأَلُ فِيْ مَرَضِهِ الَّذِيْ مَاتَ فِيْهِ، يَقُوْلُ: أَيْنَ أَنَا غَدًا أَيْنَ أَنَا غَدًا يُرِيْدُ عَائِشَةَ فَأَذِنَ لَهُ أَزْوَاجُهُ يَكونُ حَيْثُ شَاءَ فَكَانَ فِيْ بَيْتِ عَائِشَةَ حَتّٰى مَاتَ عِنْدَهَا قَالَتْ عَائِشَةُ: فَمَاتَ فِي الْيَوْمِ الَّذِيْ كَانَ يَدورُ عَلَيَّ فِيْهِ، فِيْ بَيْتِيْ فَقَبَضَهُ اللّٰهُ وَإِنَّ رَأْسَهُ لَبَيْنَ نَحْرِيْ وَسَحْرِيْ

سیدہ عائشہ صدیقہ رضی اللہ عنہا بیان کرتی ہیں: نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کا جس بیماری کے دوران وصال ہوا آپ اس بیماری کے دوران یہ دریافت کرتے رہتے تھے: کل میں کہاں ہوں گا؟ کل میں کہاں ہوں گا؟ آپ سیّدہ عائشہ رضی اللہ عنہا کے مخصوص دن کا انتظار کر رہے تھے آپ کی ازواج نے آپ کو اجازت دی' آپ جہاں چاہیں وہاں رہیں' نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم حضرت عائشہ رضی اللہ عنہا کے ہاں آ گئے' یہاں تک کہ ان کے ہاں ہی آپ کا وصال ہو گیا۔

سیدہ عائشہ صدیقہ رضی اللہ عنہا بیان کرتی ہیں: نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کا وصال اس دن ہوا' جب میری باری کا مخصوص دن تھا' تو اللہ تعالیٰ نے آپ کی روح مبارک کو قبض کر لیا نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کا سر مبارک میرے سینے کے ساتھ لگا ہوا تھا۔

أخرجه البخاري في: 64 كتاب المغازي: 83 باب مرض النبي صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ ووفاته

رقم الجزء: 1 رقم الصفحة: 767 (جہانگیری صحیح بخاری، مطبوعہ شبیر برادرز، رقم الحدیث: 4185)

1584 حديث عَائِشَةَ رَضِيَ اللّٰهُ عَنْهَا،

أَنَّهَا سَمِعَتِ النَّبِيَّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ، وَأَصْغَتْ إِلَيْهِ قَبْلَ أَنْ يَّمُوْتَ، وَهُوَ مُسْنِدٌ إِلَيَّ ظَهْرَهُ يَقُوْلُ: اللّٰهُمَّ اغْفِرْ لِيْ وَارْحَمْنِيْ وَأَلْحِقْنِيْ بِالرَّفِيقِ

✧✧ سیدہ عائشہ صدیقہ رضی اللہ عنہا فرماتی ہیں: جس وقت نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کا وصال ہونے والا تھا اس وقت انہوں نے اپنے کان نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کی طرف لگائے ہوئے تھے نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے ان کے ساتھ ٹیک لگائی ہوئی تھی اور یہ کہہ رہے تھے: اے اللہ! مجھے بخش دے! مجھ پر رحم کر اور مجھے (رفیق اعلیٰ) کے ساتھ ملا دے!

أخرجه البخاري في: 64 كتاب المغازي: 83 باب مرض النبي صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ ووفاته

رقم الجزء: 1 رقم الصفحة: 767 (جہانگیری صحیح بخاری، مطبوعہ شبیر برادرز، رقم الحدیث: 4176)

1585 حديث عَائِشَةَ رَضِيَ اللّٰهُ عَنْهَا،

قَالَتْ: كُنْتُ أَسْمَعُ أَنَّهُ لا يَمُوْتُ نَبِيٌّ حَتّٰى يُخَيَّرَ بَيْنَ الدُّنْيَا وَالآخِرَةِ فَسَمِعْتُ النَّبِيَّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ يَقُوْلُ فِيْ مَرَضِهِ الَّذِيْ مَاتَ فِيْهِ، وَأَخَذَتْهُ بُحَّةٌ، يَقُوْلُ: (مَعَ الَّذِيْنَ أَنْعَمَ اللّٰهُ عَلَيْهِمْ) الْآيَةَ فَظَنَنْتُ أَنَّهُ خُيِّرَ

✧✧ سیدہ عائشہ صدیقہ رضی اللہ عنہا بیان کرتی ہیں: میں نے سن رکھا تھا کہ کوئی بھی نبی اس وقت تک وصال نہیں کرتا جب تک اسے دنیا اور آخرت کے درمیان اختیار نہ دیا جائے جس بیماری کے دوران آپ صلی اللہ علیہ وسلم کا انتقال ہوا اس بیماری کے دوران میں نے

Marfat.com

آپ کو یہ بیان کرتے ہوئے سنا۔ حالانکہ اس وقت آپ کی آواز بھاری ہو چکی تھی آپ نے فرمایا:

''ان لوگوں کے ساتھ جن لوگوں پر اللہ تعالیٰ نے انعام کیا ہے''۔

اس سے مجھے اندازہ ہو گیا کہ اب آپ کو اختیار دے دیا گیا ہے۔

أخرجه البخاري في: 64 كتاب المغازي: 83 باب مرض النبي صلى الله عليه وسلم ووفاته

رقم الجزء: 1 رقم الصفحة: 767 (جہانگیری صحیح بخاری مطبوعہ شبیر برادرز، رقم الحدیث: 4171)

1586 حديث عَائِشَةَ رَضِيَ اللّٰهُ عَنْهَا،

قَالَتْ: كَانَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ، وَهُوَ صَحِيْحٌ يَقُوْلُ: إِنَّهُ لَمْ يُقْبَضْ نَبِيٌّ قَطُّ حَتّٰى يَرٰى مَقْعَدَهُ مِنَ الْجَنَّةِ، ثُمَّ يُحَيَّا أَوْ يُخَيَّرَ فَلَمَّا اشْتَكٰى، وَحَضَرَهُ الْقَبْضُ، وَرَأْسُهُ عَلٰى فَخِذِ عَائِشَةَ، غُشِيَ عَلَيْهِ فَلَمَّا أَفَاقَ، شَخَصَ بَصَرُهُ نَحْوَ سَقْفِ الْبَيْتِ ثُمَّ قَالَ: اللّٰهُمَّ فِي الرَّفِيقِ الْأَعْلٰى فَقُلْتُ: إِذًا لَا يُجَاوِرُنَا فَعَرَفْتُ أَنَّهُ حَدِيْثُهُ الَّذِيْ كَانَ يُحَدِّثُنَا وَهُوَ صَحِيْحٌ

✧✧ سیدہ عائشہ صدیقہ رضی اللہ عنہا بیان کرتی ہیں: نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم جب تندرست تھے تو یہ فرمایا کرتے تھے: کوئی بھی نبی اس وقت تک وصال نہیں کرتا جب تک جنت میں اسے اس کی مخصوص جگہ نہ دکھا دی جائے اور پھر اس کا معاملہ اس کے حوالے نہ کیا جائے۔ (راوی کو شک ہے یا شاید یہ الفاظ ہیں:) اسے اختیار نہ دیا جائے۔ جب نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم بیمار ہوئے اور آپ کے وصال کا وقت قریب آیا تو ان کا سر سیدہ عائشہ رضی اللہ عنہا کے زانوں پر تھا۔ آپ نے اپنی نگاہ گھر کی چھت کی طرف اٹھائی اور فرمایا: اے اللہ! میں رفیق اعلیٰ کو اختیار کرتا ہوں۔ سیدہ عائشہ رضی اللہ عنہا بیان کرتی ہیں: اس وقت مجھے اندازہ ہو گیا کہ اب آپ ہمارے ساتھ نہیں رہیں گے اور اس وقت مجھے اس حدیث کا مفہوم پتہ چلا جو آپ ہمیں تندرستی کے زمانے میں سنایا کرتے تھے۔

أخرجه البخاري في: 64 كتاب المغازي: 83 باب مرض النبي صلى الله عليه وسلم ووفاته

رقم الجزء: 1 رقم الصفحة: 768 (جہانگیری صحیح بخاری مطبوعہ شبیر برادرز، رقم الحدیث: 4173)

1587 حديث عَائِشَةَ رَضِيَ اللّٰهُ عَنْهَا،

أَنَّ النَّبِيَّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ، كَانَ إِذَا خَرَجَ، أَقْرَعَ بَيْنَ نِسَائِهِ فَطَارَتِ الْقُرْعَةُ لِعَائِشَةَ وَحَفْصَةَ وَكَانَ النَّبِيُّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ إِذَا كَانَ بِاللَّيْلِ سَارَ مَعَ عَائِشَةَ يَتَحَدَّثُ فَقَالَتْ حَفْصَةُ: أَلَا تَرْكَبِينَ اللَّيْلَةَ بَعِيْرِيْ وَأَرْكَبُ بَعِيْرَكَ تَنْظُرِيْنَ وَأَنْظُرُ فَقَالَتْ: بَلٰى فَرَكِبَتْ فَجَاءَ النَّبِيُّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ إِلٰى جَمَلِ عَائِشَةَ،

رقم الحديث **1587**:

اخرجه ابوالحسين مسلم النيسابوري في "صحيحه" طبع داراحياء التراث العربي، بيروت، لبنان، رقم الحديث: **2445** اخرجه ابو داؤد السجستاني في "سننه" طبع دارالفكر بيروت، لبنان، رقم الحديث: **2138** اخرجه ابوعبدالرحمن النسائي في "سننه" طبع مكتب المطبوعات الاسلاميه، حلب، شام، **1406**ھ، **1986**ء، رقم الحديث: **8932** ذكره ابوبكر البيهقي في "سننه الكبرى" طبع مكتبه دارالباز، مكه مكرمه، سعودي عرب **1414**ھ/**1994**ء، رقم الحديث: **14546** اخرجه ابن راهويه الحنظلي في "مسنده" طبع مكتبه الايمان، مدينه منوره، طبع اول، **1412**ھ/**1991**ء، رقم الحديث: **942**

Marfat.com

وَعَلَيْهِ حَفْصَةُ، فَسَلَّمَ عَلَيْهَا، ثُمَّ سَارَ حَتّٰى نَزَلُوا وَافْتَقَدَتْهُ عَائِشَةُ فَلَمَّا نَزَلُوا، جَعَلَتْ رِجْلَيْهَا بَيْنَ الْإِذْخِرِ، وَتَقُوْلُ: يَا رَبِّ سَلِّطْ عَلَيَّ عَقْرَبًا أَوْ حَيَّةً تَلْدَغُنِيْ، وَلَا أَسْتَطِيعُ أَنْ أَقُوْلَ لَهُ شَيْئًا

✧✧ سیدہ عائشہ صدیقہ رضی اللہ عنہا بیان کرتی ہیں: نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم جب سفر کے لیے تشریف لے جاتے تو اپنی خواتین کے درمیان قرعہ اندازی کیا کرتے تھے۔ایک مرتبہ حضرت عائشہ رضی اللہ عنہا اور حضرت حفصہ رضی اللہ عنہا کا نام نکل آیا تو نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم رات کے وقت سیدہ عائشہ رضی اللہ عنہا کے پاس تشریف لائے اوران کے ساتھ بات چیت کرتے تھے۔ایک دن سیّدہ حفصہ رضی اللہ عنہا نے کہا: آج رات میرے اونٹ پر سوار ہو جاؤ اور میں تمہارے اونٹ پر سوار ہو جاؤں گی پھر تم بھی جائزہ لینا اور میں بھی جائزہ لوں گی۔سیّدہ عائشہ رضی اللہ عنہا نے کہا: ٹھیک ہے وہ سوار ہو گئیں۔ نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم حضرت عائشہ رضی اللہ عنہا کے اونٹ کے پاس تشریف لائے۔اونٹ پر حضرت حفصہ رضی اللہ عنہا موجود تھیں۔ نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے انہیں سلام کیا پھر آپ روانہ ہو گئے۔ پھر جب اگلی جگہ پڑاؤ کیا تو سیّدہ عائشہ رضی اللہ عنہا کہتی ہیں میں نے نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کو غیر موجود پایا جب ان لوگوں نے پڑاؤ کیا تو سیّدہ عائشہ رضی اللہ عنہا نے اپنے پاؤں اذخر (گھاس) میں رکھے اور کہا اے میرے پروردگار! مجھ پر کوئی بچھو یا سانپ مسلط کر دے جو مجھے ڈس لے میں آپ سے بات بھی نہیں کر سکتی۔

أخرجه البخاري في: 67 كتاب النكاح: 97 باب القرعة بين النساء إن أراد سفرًا

رقم الجزء: 1 رقم الصفحة: 768 (جہانگیری صحیح بخاری، مطبوعہ شبیر برادرز، رقم الحدیث: 4913)

1588 حديث أَنَسِ بْنِ مَالِكٍ رَضِيَ اللّٰهُ عَنْهُ،

قَالَ: سَمِعْتُ رَسُوْلَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ، يَقُوْلُ: فَضْلُ عَائِشَةَ عَلَى النِّسَآءِ كَفَضْلِ الثَّرِيْدِ عَلَى الطَّعَامِ

✧✧ حضرت انس بن مالک رضی اللہ عنہ بیان کرتے ہیں، میں نے اللہ کے رسول صلی اللہ علیہ وسلم کو یہ ارشاد فرماتے سنا ہے: عائشہ رضی اللہ عنہا کو تمام خواتین پر اسی طرح فضیلت حاصل ہے جس طرح ثرید کو تمام کھانوں پر فضیلت حاصل ہے۔

أخرجه البخاري في: 62 كتاب فضائل أصحاب النبي صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: 30 باب فضل عائشة رَضِيَ اللّٰهُ عَنْهَا

رقم الجزء: 1 رقم الصفحة: 769 (جہانگیری صحیح بخاری، مطبوعہ شبیر برادرز، رقم الحدیث: 3559)

1589 حديث عَائِشَةَ رَضِيَ اللّٰهُ عَنْهَا،

رقم الحديث: 1589

اخرجه ابوالحسين مسلم النيسابوري في "صحيحه" طبع داراحياء التراث العربي، بيروت، لبنان، رقم الحديث: **2447** اخرجه ابوداؤد السجستاني في "سننه" طبع دارالفكر، بيروت، لبنان، رقم الحديث: **5232** اخرجه ابو عيسى الترمذي، في "جامعه"، طبع داراحياء التراث العربي، بيروت، لبنان، رقم الحديث: **2693** اخرجه ابوعبدالرحمن النسائي في "سننه" طبع مكتب المطبوعات الاسلاميه، حلب، شام، **1406**ھ، **1986**ء، رقم الحديث: **3953** اخرجه ابومحمد الدارمي في "سننه" طبع دارالكتاب العربي، بيروت، لبنان، **1407**ھ، **1987**ء، رقم الحديث: **2638** اخرجه ابوعبدالله الشيباني في "مسنده" طبع موسسه قرطبه، قابره، مصر، رقم الحديث: **24326** اخرجه ابوحاتم البستي في "صحيحه" طبع موسسه الرساله، بيروت، لبنان، **1414**ھ/**1993**ء، رقم الحديث: **7056** اخرجه ابوعبدالرحمن النسائي في "سننه" طبع مكتب المطبوعات الاسلاميه، حلب، شام، **1406**ھ، **1986**ء، رقم الحديث: **8901** اخرجه ابوالقاسم الطبراني في "معجمه

Marfat.com

أَنَّ النَّبِيَّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ، قَالَ لَهَا: يَا عَائِشَةُ هٰذَا جِبْرِيْلُ يَقْرَأُ عَلَيْكِ السَّلاَمَ فَقَالَتْ: وَعَلَيْهِ السَّلاَمُ وَرَحْمَةُ اللّٰهِ وَبَرَكَاتُهُ تَرَى مَا لاَ أَرَى تُرِيْدُ النَّبِيَّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ

✧✧ سیدہ عائشہ صدیقہ رضی اللہ عنہا بیان کرتی ہیں: نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے ان سے فرمایا: اے عائشہ! یہ جبرائیل تمہیں سلام کہہ رہے ہیں۔ سیدہ عائشہ رضی اللہ عنہا نے جواب دیا: انہیں بھی سلام ہو اور ان پر اللہ کی رحمتیں اور برکتیں نازل ہوں۔ آپ وہ چیز دیکھ لیتے ہیں جو میں نہیں دیکھتی (یعنی فرشتے کو دیکھ لیتے ہیں)

أخرجه البخاري في: 59 كتاب بدء الخلق: 6 باب ذكر الملائكة

رقم الجزء: 1 رقم الصفحة: 769 (جہانگیری صحیح بخاری مطبوعہ شبیر برادرز رقم الحدیث: 3045)

•••———•••———•••

ذكر حديث أم زرع

اُمّ زرع کا واقعہ

1590 حديث عَائِشَةَ رَضِيَ اللّٰهُ عَنْهَا،

قَالَتْ: جَلَسَ إِحْدَى عَشْرَةَ امْرَأَةً، فَتَعَاهَدْنَ وَتَعَاقَدْنَ أَنْ لاَ يَكْتُمْنَ مِنْ أَخْبَارِ أَزْوَاجِهِنَّ شَيْئًا

قَالَتِ الْأُوْلَى:

زَوْجِي لَحْمُ جَمَلٍ غَثٍّ، عَلَى رَأْسِ جَبَلٍ، لاَ سَهْلٍ فَيُرْتَقَى، وَلاَ سَمِيْنٍ فَيُنْتَقَلُ

قَالَتِ الثَّانِيَةُ:

زَوْجِي لاَ أَبُثُّ خَبَرَه، إِنِّي أَخَافُ أَنْ لاَ أَذَرَهُ، إِنْ أَذْكُرْهُ أَذْكُرْ عُجَرَهُ وَبُجَرَهُ

قَالَتِ الثَّالِثَةُ:

زَوْجِي الْعَشَنَّقُ، إِنْ أَنْطِقْ أُطَلَّقْ، وَإِنْ أَسْكُتْ أُعَلَّقْ

قَالَتِ الرَّابِعَةُ:

زَوْجِي كَلَيْلِ تِهَامَةَ، لاَ حَرٌّ وَلاَ قُرٌّ، وَلاَ مَخَافَةَ وَلاَ سَآمَةَ

قَالَتِ الْخَامِسَةُ:

زَوْجِي إِنْ دَخَلَ فَهِدَ، وَإِنْ خَرَجَ أَسِدَ، وَلاَ يَسْأَلُ عَمَّا عَهِدَ

بقیہ حاشیہ رقم الحدیث: **1589** الاوسط" طبع دار الحرمین، قاہرہ، مصر، **1415**ھ، رقم الحدیث: **782** اخرجہ ابو القاسم الطبرانی فی "معجمہ الکبیر" طبع مکتبہ العلوم والحکم، موصل، **1404**ھ/**1983**ء، رقم الحدیث: **86** اخرجہ ابن راہویہ الحنظلی فی "مسندہ" طبع مکتبہ الایمان، مدینہ منورہ، طبع اول، **1412**ھ/**1991**ء، رقم الحدیث: **856** اخرجہ ابو عبداللہ البخاری فی "الادب المفرد" طبع دار البشائر الاسلامیہ، بیروت، لبنان، **1409**ھ/**1989**ء، رقم الحدیث: **827** اخرجہ ابو محمد الکسی فی "مسندہ" طبع مکتبۃ السنۃ، قاہرہ، مصر، **1408**ھ/**1988**ء، رقم الحدیث: **1480**

Marfat.com

قَالَتِ السَّادِسَةُ:

زَوْجِي إِنْ أَكَلَ لَفَّ، وَإِنْ شَرِبَ اشْتَفَّ، وَإِنِ اضْطَجَعَ الْتَفَّ، وَلَا يُولِجُ الْكَفَّ، لِيَعْلَمَ الْبَثَّ

قَالَتِ السَّابِعَةُ:

زَوْجِي غَيَايَاءُ أَوْ عَيَايَاءُ، طَبَاقَاءُ، كُلُّ دَاءٍ لَّهُ دَاءٌ، شَجَّكِ أَوْ فَلَّكِ، أَوْ جَمَعَ كُلًّا لَكِ

قَالَتِ الثَّامِنَةُ:

زَوْجِي الْمَسُّ مَسُّ أَرْنَبٍ، وَالرِّيحُ رِيحُ زَرْنَبٍ

قَالَتِ التَّاسِعَةُ:

زَوْجِي رَفِيعُ الْعِمَادِ، طَوِيلُ النِّجَادِ، عَظِيمُ الرَّمَادِ، قَرِيبُ الْبَيْتِ مِنَ النَّادِ

قَالَتِ الْعَاشِرَةُ:

زَوْجِي مَالِكٌ، وَمَا مَالِكٌ مَّالِكٌ خَيْرٌ مِّنْ ذٰلِكَ، لَهُ إِبِلٌ كَثِيرَاتُ الْمَبَارِكِ، قَلِيلَاتُ الْمَسَارِحِ، وَإِذَا سَمِعْنَ صَوْتَ الْمِزْهَرِ أَيْقَنَّ أَنَّهُنَّ هَوَالِكُ

قَالَتِ الْحَادِيَةَ عَشْرَةَ:

زَوْجِي أَبُو زَرْعٍ، فَمَا أَبُو زَرْعٍ أَنَاسَ مِنْ حُلِيٍّ أُذُنَيَّ، وَمَلَأَ مِنْ شَحْمٍ عَضُدَيَّ، وَبَجَّحَنِي فَبَجِحَتْ إِلَيَّ نَفْسِي وَجَدَنِي فِي أَهْلِ غُنَيْمَةٍ بَشِقٍّ، فَجَعَلَنِي فِي أَهْلِ صَهِيلٍ وَأَطِيطٍ وَدَائِسٍ وَمُنَقٍّ فَعِنْدَهُ أَقُولُ فَلَا أُقَبَّحُ، وَأَرْقُدُ فَأَتَصَبَّحُ، وَأَشْرَبُ فَأَتَقَنَّحُ

أُمُّ أَبِي زَرْعٍ، فَمَا أُمُّ أَبِي زَرْعٍ عُكُومُهَا رَدَاحٌ، وَبَيْتُهَا فَسَاحٌ

ابْنُ أَبِي زَرْعٍ، فَمَا ابْنُ أَبِي زَرْعٍ مَضْجَعُهُ كَمَسَلِّ شَطْبَةٍ، وَيُشْبِعُهُ ذِرَاعُ الْجَفْرَةِ

بِنْتُ أَبِي زَرْعٍ، فَمَا بِنْتُ أَبِي زَرْعٍ طَوْعُ أَبِيهَا وَطَوْعُ أُمِّهَا، وَمِلْءُ كِسَائِهَا، وَغَيْظُ جَارَتِهَا

جَارِيَةُ أَبِي زَرْعٍ، فَمَا جَارِيَةُ أَبِي زَرْعٍ لَا تَبُثُّ حَدِيثَنَا تَبْثِيثًا، وَلَا تُنَقِّثُ مِيرَتَنَا تَنْقِيثًا، وَلَا تَمْلَأُ بَيْتَنَا تَعْشِيشًا

قَالَتْ: خَرَجَ أَبُو زَرْعٍ وَالْأَوْطَابُ تُمْخَضُ، فَلَقِيَ امْرَأَةً مَّعَهَا وَلَدَانِ لَهَا كَالْفَهْدَيْنِ، يَلْعَبَانِ مِنْ تَحْتِ

رقم الحديث نمبر 1590

اخرجه ابوالحسين مسلم النيسابوری فی "صحيحه" طبع داراحياء التراث العربی، بيروت، لبنان، رقم الحديث: **2448** اخرجه ابوحاتم البستی فی "صحيحه" طبع موسسه الرساله، بيروت، لبنان، **1414**ھ/**1993**ء، رقم الحديث: **7104** اخرجه ابوعبدالرحمن النسائی فی "سننه" طبع مكتب المطبوعات الاسلاميه، حلب، شام، **1406**ھ، **1986**ء، رقم الحديث: **9138** اخرجه ابوالقاسم الطبرانی فی "معجمه الكبير" طبع مكتبه العلوم والحكم، موصل، **1404**ھ/**1983**ء، رقم الحديث: **268** اخرجه ابويعلى الموصلی فی "مسنده" طبع دارالمامون للتراث، دمشق، شام، **1404**ھ-**1984**ء، رقم الحديث: **4701**

Marfat.com

خَضِرِهَا بِرُمَّانَتَيْنِ، فَطَلَّقَنِي وَنَكَحَهَا فَنَكَحْتُ بَعْدَهُ رَجُلاً سَرِيًّا، رَكِبَ شَرِيًّا، وَأَخَذَ خَطِّيًّا، وَأَرَاحَ عَلَيَّ نَعَمًا ثَرِيًّا، وَأَعْطَانِي مِنْ كُلِّ رَائِحَةٍ زَوْجًا وَّقَالَ: كُلِي، أُمَّ زَرْعٍ وَمِيرِي أَهْلَكِ

قَالَتْ: فَلَوْ جَمَعْتُ كُلَّ شَيْءٍ أَعْطَانِيه، مَا بَلَغَ أَصْغَرَ انِيَةِ أَبِي زَرْعٍ

قَالَتْ عَائِشَةُ: قَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: كُنْتُ لَكِ كَأَبِي زَرْعٍ لِأُمِّ زَرْعٍ

✧✧ حضرت عائشہ رضی اللہ عنہا بیان کرتی ہیں، گیارہ عورتیں ایک جگہ اکٹھی ہوئیں اور انہوں نے یہ عہد کیا کہ وہ اپنے اپنے شوہروں کے بارے میں کوئی بات پوشیدہ نہیں رکھیں گی۔

ان میں سے پہلی نے کہا: میرا شوہر کمزور اونٹ کا وہ گوشت ہے جو پہاڑی کی چوٹی پر رکھا ہوا ہے (راستہ) آسان نہیں کہ اوپر چڑھا جا سکے (اور گوشت) صحت مند نہیں ہے کہ اسے منتقل کیا جائے۔

دوسری عورت نے کہا: میں اپنے شوہر کے بارے میں بات نہیں کروں گی مجھے یہ اندیشہ ہے کہ مجھے اس سے علیحدہ ہونا پڑے گا۔ اسکی وجہ یہ ہے کہ میں اس کے بارے میں جو بھی بتاؤں گی وہ اس کی خامیاں ہی ہوں گی۔

تیسری عورت نے کہا: میرا شوہر عجیب چیز ہے اگر بولوں تو طلاق مل جائے اور اگر خاموش رہوں تو لٹکی رہوں۔

چوتھی عورت نے کہا: میرا شوہر "تہامہ" کی رات کی طرح ہے جو نہ زیادہ گرم ہوتی ہے اور نہ ٹھنڈی ہوتی ہے نہ خوف ہوتا ہے اور نہ ملال ہوتا ہے۔

پانچویں عورت نے کہا: میرا شوہر گھر میں چیتا ہے اور گھر سے باہر شیر ہوتا ہے اور گھر کے کسی معاملے میں دخل نہیں دیتا۔

چھٹی عورت نے کہا: میرا شوہر اگر کھانے لگے تو سب کھا جاتا ہے اور اگر پینے لگے تو سب پی جاتا ہے اور وہ الگ سوتا ہے اور اپنی ہتھیلی کو داخل نہیں کرتا تاکہ اسے دکھ کا اندازہ ہو۔

ساتویں عورت نے کہا: میرا شوہر گمراہ، احمق اور بیوقوف ہے، اسے ہر بیماری لاحق ہے اگر وہ غصے میں ہو تو تمہارا سر پھوڑ دے اور جسم کو زخمی کر دے اور تمہیں تکلیف میں مبتلا کر دے۔

آٹھویں عورت نے کہا: میرا شوہر اسے چھونا خرگوش کو چھونے کی طرح ہے اور اس کی خوشبو زرنب کی طرح ہے۔

نویں عورت نے کہا: میرا شوہر بلند ستون (بڑے گھر) لمبے قد اور بہت زیادہ راکھ کا مالک ہے (یعنی بڑا مہمان نواز ہے) اس کے گھر کے قریب ہی بیٹھک ہوتی ہے۔

دسویں عورت نے کہا: میرا شوہر مالک ہے تم لوگوں کو کیا پتہ کہ مالک کیا چیز ہے وہ سب سے بہتر ہے اس کے بہت سے اونٹ ہیں جن میں سے اکثر (مہمان نوازی کے لیے، قربان ہونے کے لیے) باڑے میں رہتے ہیں اور بہت کم چراگاہ میں جاتے ہیں جب انہیں (مہمانوں کی آمد پر) باجا بجنے کی آواز آتی ہے تو انہیں پتہ چل جاتا ہے کہ اب وہ ذبح ہونے والے ہیں۔

گیارہویں عورت نے کہا: میرا شوہر ابوزرع تمہیں کیا پتہ ابوزرع کیا چیز ہے اس نے میرے کان زیورات سے بھر دیئے اور میرے بازو چربی سے بھر دیئے اور مجھے اتنا خوش کیا کہ میں اچھی طرح خوش ہو گئی۔ اس نے مجھے "شق" کے مقام پر بکریوں سے

Marfat.com

مالک افراد میں پایا تھا اور پھر مجھے گھوڑوں، اونٹوں کے مالکان اور جاگیرداروں کی صف میں شامل کر دیا۔ میں جو بات کہتی وہ سنی جاتی اور اگر میں سوتی تو صبح تک سوئی رہتی اور پیتی تو سیر ہو جاتی۔

ابوزرع کی ماں وہ بھی کیا چیز ہے اس کے توشہ دان بھرے ہوئے ہیں اور اس کا گھر کشادہ ہے۔

ابوزرع کا بیٹا وہ بھی کتنا اچھا ہے اس کا بستر سلول تلوار کی طرح ہے چار ماہ کی بکری کے بچے کا پایہ اس کا پیٹ بھر دیتا ہے۔

ابوزرع کی بیٹی اس کی کیا بات ہے وہ اپنے ماں باپ کی فرمانبردار ہے اس کی چادر بھری ہوئی ہے (یعنی صحت مند جسم کی مالک ہے) اور اپنی سوکن کے لیے غصے کا ذریعہ ہے۔

ابوزرع کی کنیز وہ کتنی اچھی ہے وہ ہماری باتوں کو پھیلاتی نہیں ہے ہماری رکھی ہوئی چیزوں کو ضائع نہیں کرتی۔ ہمارے گھر میں کوڑا جمع نہیں ہونے دیتی۔

(پھر گیارہویں عورت نے کہا) ایک دن ابوزرع باہر نکلا اس وقت دودھ کے برتن بھرے ہوئے تھے۔ اس کا سامنا ایک عورت سے ہوا جس کے ساتھ اس کے دو بچے تھے جو چیتوں کی طرح تھے اور اس عورت کے پہلو میں دو اناروں کے ساتھ کھیل رہے تھے۔ ابوزرع نے مجھے طلاق دے دی اور اس عورت کے ساتھ شادی کر لی۔

اس کے بعد میں نے ایک اور شخص کے ساتھ شادی کر لی جو مال دار تھا۔ اچھے گھوڑے پر سواری کرتا تھا اور نیزہ پکڑتا تھا۔ اس نے مجھے ہر طرح کی نعمتیں دیں اور ہر قسم کی سہولت فراہم کی اس نے کہا: اے اُمّ زرع تم خود بھی کھاؤ اور اپنے گھر والوں کو بھی کھلاؤ۔ وہ عورت بولی: اس نے مجھے جو کچھ دیا اگر میں اس سب کو جمع کر دوں تو اس کے ذریعے ابوزرع کا سب سے چھوٹا برتن بھی نہیں بھرے گا۔

سیدہ عائشہ رضی اللہ عنہا فرماتی ہیں، نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: اے عائشہ! میرا تم سے وہی تعلق ہے جو ابوزرع کا اُمّ زرع کے ساتھ تھا۔

أخرجه البخاري في: 67 كتاب النكاح: 82 باب حسن المعاشرة مع الأهل

رقم الجزء: 1 رقم الصفحه: 770 (جہانگیری صحیح بخاری مطبوعہ شبیر برادرز، رقم الحدیث: 4893)

•••———•••———•••

فاطمة بنت النبيّ عليها الصلاة والسلام

نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کی صاحبزادی سیدہ فاطمہ رضی اللہ عنہا (کے فضائل)

1591 حديث الْمِسْوَرِ بْنِ مَخْرَمَةَ رَضِيَ اللّٰهُ عَنْهُ

عَنِ ابْنِ شِهَابٍ، أَنَّ عَلِيَّ بْنَ حُسَيْنٍ حَدَّثَهُ أَنَّهُمْ حِيْنَ قَدِمُوا الْمَدِيْنَةَ، مِنْ عِنْدِ يَزِيدَ بْنِ مُعَاوِيَةَ، مَقْتَلَ حُسَيْنِ بْنِ عَلِيٍّ، رَحْمَةُ اللّٰهِ عَلَيْهِ، لَقِيَهُ الْمِسْوَرُ بْنُ مَخْرَمَةَ، فَقَالَ لَهُ: هَلْ لَّكَ إِلَيَّ مِنْ حَاجَةٍ تَأْمُرُنِي بِهَا فَقُلْتُ لَهُ: لاَ فَقَالَ لَهُ: هَلْ أَنْتَ مُعْطِيَّ سَيْفَ رَسُوْلِ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ، فَإِنِّي أَخَافُ أَنْ يَّغْلِبَكَ الْقَوْمُ عَلَيْهِ

Marfat.com

يْمُ اللّٰهِ لَئِنْ أَعْطَيْتَنِيهِ، لاَ يُخْلَصُ إِلَيْهِمْ أَبَدًا حَتّٰى تُبْلَغَ نَفْسِي إِنَّ عَلِيَّ بْنَ أَبِي طَالِبٍ خَطَبَ ابْنَةَ أَبِي جَهْلٍ
لٰى فَاطِمَةَ عَلَيْهَا السَّلاَمُ فَسَمِعَتْ رَسُوْلَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ، يَخْطُبُ النَّاسَ فِي ذٰلِكَ، عَلٰى مِنْبَرِهِ
ذَا، وَأَنَا يَوْمَئِذٍ مُحْتَلِمٌ فَقَالَ: إِنَّ فَاطِمَةَ مِنِّى، وَأَنَا أَخَافُ أَنْ تُفْتَنَ فِي دِيْنِهَا ثُمَّ ذَكَرَ صِهْرًا لَهُ مِنْ بَنِي عَبْدِ
مْسٍ، فَأَثْنَى عَلَيْهِ فِي مُصَاهَرَتِهِ إِيَّاهُ، قَالَ: حَدَّثَنِي فَصَدَقَنِي، وَوَعَدَنِي فَوَفَى لِي، وَإِنِّي لَسْتُ أُحَرِّمُ حَلاَلاً،
وَلاَ أُحِلُّ حَرَامًا، وَلٰكِنْ، وَاللّٰهِ لاَ تَجْتَمِعُ بِنْتُ رَسُوْلِ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ، وَبِنْتُ عَدُوِّ اللّٰهِ أَبَدًا

✧✧ ابن شہاب بیان کرتے ہیں: امام زین العابدین رضی اللہ عنہ بیان کرتے ہیں' جب امام حسین رضی اللہ عنہ کی شہادت کے بعد یہ
ے یزید کے ہاں سے مدینہ منورہ آئے تو حضرت مسور رضی اللہ عنہ ان سے ملے اور ان سے کہا: اگر میرے لائق کوئی خدمت ہو تو کہہ دیجئے
۔انہوں نے کہا: نہیں۔

حضرت مسور رضی اللہ عنہ نے امام زین العابدین رضی اللہ عنہ سے کہا کیا آپ اللہ کے رسول کی تلوار مجھے دے دیں گے۔ کیونکہ مجھے یہ
یشہ ہے کہ لوگ یہ آپ سے چھین لیں گے۔ اللہ کی قسم! اگر یہ تلوار آپ مجھے دے دیں تو یہ ان تک کبھی نہیں پہنچے گی۔ یہاں تک کہ
ں مر جاؤں۔

حضرت مسور رضی اللہ عنہ نے بتایا: حضرت علی رضی اللہ عنہ نے ابوجہل کی بیٹی کو نکاح کا پیغام بھجوایا جبکہ سیدہ فاطمہ رضی اللہ عنہا ان کی اہلیہ تھیں میں
نے نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کو لوگوں کو خطبہ دیتے ہوئے سنا' آپ نے اس بارے میں منبر پر ارشاد فرمایا، آپ نے فرمایا: فاطمہ رضی اللہ عنہا میری
ن کا حصہ ہے اور مجھے اس بات کا اندیشہ ہے کہ اسے اس کے دین کے بارے میں آزمائش میں ڈالا جائے گا۔

پھر نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے بنو عبد شمس سے تعلق رکھنے والے اپنے داماد کے بارے میں' اس کی دامادی کی تعریف کی اور فرمایا: اس
نے جو کہا سچ کہا اور جو وعدہ کیا اسے پورا کیا' میں کسی حرام چیز کو حلال قرار نہیں دیتا اور کسی حلال چیز کو حرام قرار نہیں دیتا۔
لیکن اللہ کی قسم! اللہ کے رسول کی بیٹی اور اللہ کے دشمن کی بیٹی کبھی اکٹھی نہیں ہو سکتیں۔

أخرجه البخاري في: 57 كتاب فرض الخمس: 5 باب ما ذكر من درع النبي صلى الله عليه وسلم وعصاه وسيفه

رقم الجزء: 1 رقم الصفحة: 772 (مربائیسری صحیح بخاری، مطبوعہ شبیر برادرز، رقم الحدیث: 2943)

1592 ۔ حديث الْمِسْوَرِ بْنِ مَخْرَمَةَ رَضِيَ اللّٰهُ عَنْهُ،

قَالَ: إِنَّ عَلِيًّا خَطَبَ بِنْتَ أَبِي جَهْلٍ، فَسَمِعَتْ بِذٰلِكَ فَاطِمَةُ، فَأَتَتْ رَسُوْلَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ،
قَالَتْ: يَزْعُمُ قَوْمُكَ أَنَّكَ لاَ تَغْضَبُ لِبَنَاتِكَ، وَهٰذَا عَلِيٌّ نَاكِحٌ بِنْتَ أَبِي جَهْلٍ فَقَامَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ
سَلَّمَ، فَسَمِعْتُهُ حِيْنَ تَشَهَّدَ يَقُوْلُ: أَمَّا بَعْدُ، أَنْكَحْتُ أَبَا الْعَاصِ بْنَ الرَّبِيْعِ، فَحَدَّثَنِي وَصَدَقَنِي، وَإِنَّ فَاطِمَةَ
ضْعَةٌ مِنِّي، وَإِنِّي أَكْرَهُ أَنْ يَسُوءَهَا وَاللّٰهِ لاَ تَجْتَمِعُ بِنْتُ رَسُوْلِ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ وَبِنْتُ عَدُوِّ اللّٰهِ،
نْدَ رَجُلٍ وَاحِدٍ فَتَرَكَ عَلِيٌّ الْخِطْبَةَ

✧✧ حضرت مسور بن مخرمہ رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں حضرت علی رضی اللہ عنہ نے ابوجہل کی بیٹی کے لئے شادی کا پیغام بھیجا جب اس
ت کا پتہ سیدہ فاطمہ رضی اللہ عنہا کو چلا تو وہ نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کی خدمت میں حاضر ہوئیں اور بولیں: آپ کی قوم کے لوگ یہ سمجھتے ہیں کہ آپ

Marfat.com

اپنی بیٹیوں کے معاملے میں غضبناک نہیں ہوتے' یہ علی رضی اللہ عنہ ابوجہل کی بیٹی کے ساتھ شادی کرنا چاہتے ہیں۔ (حضرت مسور بن مخر بیان کرتے ہیں) نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کھڑے ہوئے' میں نے آپ کو تشہد پڑھتے ہوئے سنا' پھر آپ نے فرمایا: میں نے اپنی (ایک کی شادی) ابوالعاص بن ربیع کے ساتھ کی اس نے میرے ساتھ جو بات کی اسے سچ ثابت کیا اور فاطمہ رضی اللہ عنہا میری جان کا ٹکڑا ہے مجھے یہ بات ناپسند ہے اسے کوئی تکلیف ہو' اللہ کی قسم! اللہ کے رسول صلی اللہ علیہ وسلم کی صاحبزادی اور اللہ کے دشمن کی بیٹی ایک شخص کے نکاح میں اکٹھی نہیں ہو سکتیں، تو حضرت علی رضی اللہ عنہ نے وہ پیغام ترک کر دیا۔

أخرجه البخاري في: 62 كتاب فضائل أصحاب النبي صلى الله عليه وسلم: 16 باب ذكر أصهار النبي صلى الله عليه وسلم منهم أبو العاص بن الربيع

رقم الجزء: 1 رقم الصفحة: 774 (جہانگیری صحیح بخاری، مطبوعہ شبیر برادرز، رقم الحدیث:3523)

1593 حديث عَائِشَةَ رَضِيَ اللّٰهُ عَنْهَا، وَفَاطِمَةَ عَلَيْهَا السَّلاَمُ

عَنْ عَائِشَةَ، أُمِّ الْمُؤْمِنِينَ قَالَتْ: إِنَّا كُنَّا، أَزْوَاجَ النَّبِيِّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ، عِنْدَهُ جَمِيعًا لَمْ تُغَادَرْ مِنَّا وَاحِدَةٌ فَأَقْبَلَتْ فَاطِمَةُ عَلَيْهَا السَّلاَمُ تَمْشِي، لاَ، وَاللّٰهِ مَا تَخْفَى مِشْيَتُهَا مِنْ مَشْيَةِ رَسُولِ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ فَلَمَّا رَآهَا رَحَّبَ قَالَ: مَرْحَبًا بِابْنَتِي، ثُمَّ أَجْلَسَهَا عَنْ يَمِينِهِ أَوْ عَنْ شِمَالِهِ ثُمَّ سَارَّهَا فَبَكَتْ بُكَاءً شَدِيدًا فَلَمَّا رَأَى حُزْنَهَا سَارَّهَا الثَّانِيَةَ، فَإِذَا هِيَ تَضْحَكُ فَقُلْتُ لَهَا، أَنَا مِنْ بَيْنَ نِسَائِهِ: خَصَّكِ رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ، بِالسِّرِّ مِنْ بَيْنِنَا، ثُمَّ أَنْتِ تَبْكِينَ فَلَمَّا قَامَ رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ، سَأَلْتُهَا: عَمَّا سَارَّكِ قَالَتْ: مَا كُنْتُ لأُفْشِيَ عَلَى رَسُولِ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ سِرَّهُ فَلَمَّا تُوُفِّيَ قُلْتُ لَهَا: عَزَمْتُ عَلَيْكِ، بِمَا لِي عَلَيْكِ مِنَ الْحَقِّ، لَمَّا أَخْبَرْتِنِي قَالَتْ: أَمَّا الآنَ، فَنَعَمْ فَأَخْبَرَتْنِي، قَالَتْ: أَمَّا حِينَ سَارَّنِي فِي الأَمْرِ الأَوَّلِ، فَإِنَّهُ أَخْبَرَنِي: أَنَّ جِبْرِيلَ كَانَ يُعَارِضُهُ بِالْقُرْآنِ كُلَّ سَنَةٍ مَرَّةً، وَإِنَّهُ قَدْ عَارَضَنِي بِهِ، الْعَامَ، مَرَّتَيْنِ وَلاَ أَرَى الأَجَلَ إِلَّا قَدِ اقْتَرَبَ، فَاتَّقِي اللّٰهَ وَاصْبِرِي، فَإِنِّي نِعْمَ السَّلَفُ أَنَا لَكِ قَالَتْ: فَبَكَيْتُ بُكَائِي الَّذِي رَأَيْتِ فَلَمَّا رَأَى جَزَعِي سَارَّنِي الثَّانِيَةَ، قَالَ: يَا فَاطِمَةُ أَلاَ تَرْضَيْنَ أَنْ تَكُونِي سَيِّدَةَ نِسَاءِ الْمُؤْمِنِينَ، أَوْ سَيِّدَةَ نِسَاءِ هَذِهِ الأُمَّةِ

✧✧ سیدہ عائشہ صدیقہ رضی اللہ عنہا بیان کرتی ہیں: ہم نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کی تمام ازواج آپ کے پاس موجود تھیں ان میں کوئی بھی غیر موجود نہیں تھی۔ سیدہ فاطمہ رضی اللہ عنہا چلتی ہوئی تشریف لائیں اللہ کی قسم! ان کی چال بالکل نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کی چال کے مطابق تھی نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے انہیں دیکھا تو انہیں خوش آمدید کہا اور فرمایا: میری بیٹی کو خوش آمدید۔ پھر آپ نے انہیں اپنی دائیں طرف (راوی کو شک ہے شاید) بائیں طرف بٹھا لیا پھر آپ نے سرگوشی میں کوئی بات کی تو وہ بہت زیادہ روئیں۔ جب نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے ان کے غم کو دیکھا تو دوبارہ سرگوشی میں کوئی بات کی تو وہ ہنسنے لگیں۔

سیدہ عائشہ رضی اللہ عنہا بیان کرتی ہیں: میں نے سوچا تمام ازواج کی موجودگی میں نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے ان کو بطور خاص کوئی راز کی بات بتائی تو یہ رو پڑیں جب نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم تشریف لے گئے تو میں نے ان سے اس بارے میں دریافت کیا: نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے

Marfat.com

آپ سے کیا بات کی تھی؟ تو انہوں نے جواب دیا: میں نبی اکرم ﷺ کے راز کو افشا نہیں کروں گی۔

جب نبی اکرم ﷺ کا وصال ہو گیا تو میں نے کہا: آپ پر جو میرا حق ہے میں آپ کو اس کا واسطہ دے کر کہتی ہوں کہ مجھے بتائیے تو انہوں نے کہا: ہاں! اب میں بتا سکتی ہوں تو سیدہ فاطمہ رضی اللہ عنہا نے مجھے بتایا: جب نبی اکرم ﷺ نے پہلی مرتبہ مجھے سرگوشی میں اس بات کی تو مجھے بتایا: جبرائیل علیہ السلام ہر سال ایک مرتبہ قرآن کا دور میرے آپ کے ساتھ کرتے تھے اس سال دو مرتبہ انہوں نے دور کیا ہے تو میرا یہ خیال ہے کہ میری موت کا وقت قریب آ گیا ہے تم اللہ سے ڈرتی رہنا اور صبر سے کام لینا۔

سیدہ فاطمہ رضی اللہ عنہا بیان کرتی ہیں: اس بات پر میں رو پڑی جو آپ نے دیکھا ہوگا جب میرا رونا شدید ہوا تو آپ نے دوبارہ سرگوشی میں مجھ سے فرمایا: فاطمہ رضی اللہ عنہا کیا تم اس بات سے راضی نہیں ہو کہ تمام مومن خواتین کی سردار ہو جاؤ (راوی کو شک ہے یا یہ الفاظ ہیں) اس امت کی تمام عورتوں کی سردار ہو۔

أخرجه البخاري في: 79 كتاب الاستئذان: 43 باب من ناجى بين يدي الناس ومن لم يخبر بسر صاحبه
رقم الجزء: 1 رقم الصفحة: 774 (مرتبہ شیر برادرز، رقم الحدیث: 5928)

•••————•••————•••

من فضائل أم سلمة أم المؤمنين رَضِيَ اللّٰهُ عَنْهَا

ام المومنین سیدہ ام سلمہ رضی اللہ عنہا کے فضائل

1594 حديث أُسَامَةَ بْنِ زَيْدٍ رَضِيَ اللّٰهُ عَنْهُمَا،

أَنَّ جِبْرِيلَ عَلَيْهِ السَّلاَمُ، أَتَى النَّبِيَّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ وَعِنْدَهُ أُمُّ سَلَمَةَ فَجَعَلَ يُحَدِّثُ، ثُمَّ قَامَ فَقَالَ النَّبِيُّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ لِأُمِّ سَلَمَةَ: مَنْ هٰذَا قَالَ، قَالَتْ: هٰذَا دِحْيَةُ قَالَتْ أُمُّ سَلَمَةَ: ايْمُ اللّٰهِ ما حسبته إلا إِيَّاهُ، حَتّٰى سَمِعْتُ خُطْبَةَ نَبِيِّ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ يُخْبِرُ جِبْرِيلَ

✧✧ حضرت اسامہ بن زید نقل کرتے ہیں: حضرت جبریل علیہ السلام نبی اکرم ﷺ کی خدمت میں حاضر ہوئے اس وقت سیدہ ام سلمہ رضی اللہ عنہا آپ کے پاس موجود تھیں۔ نبی اکرم ﷺ ان کے ساتھ بات چیت کرنے لگے اور پھر وہ اٹھ کے نبی اکرم ﷺ نے سیدہ ام سلمہ رضی اللہ عنہا سے دریافت کیا یہ کون تھا یا اس طرح کا نبی اکرم ﷺ نے جو بھی جملہ ادا کیا۔ سیدہ ام سلمہ رضی اللہ عنہا نے جواب دیا یہ دحیہ تھے۔ سیدہ ام سلمہ رضی اللہ عنہا بیان کرتی ہیں اللہ کی قسم! میں نے تو انہیں وہی سمجھا تھا یہاں تک کہ میں نے اللہ کے نبی کو خطبہ دیتے ہوئے سنا آپ نے جبرائیل کے بارے میں بتایا۔

أخرجه البخاري في: 61 كتاب المناقب: 25 باب علامات النبوة في الإسلام
رقم الجزء: 1 رقم الصفحة: 776 (مرتبہ شیر برادرز، رقم الحدیث: 3435)

رقم الحديث: 1594

أخرجه يعلى الموصلي في "مسنده" (ط دار المأمون للتراث، دمشق، الطبعة: 1404هـ 1984م) رقم الحديث: 6915

Marfat.com

من فضائل زينب أم المؤمنين رَضِيَ اللّٰهُ عَنْهَا

ام المومنین سیدہ زینب رضی اللہ عنہا کے فضائل

1595 حديث عَائِشَةَ رَضِيَ اللّٰهُ عَنْهَا،

أَنَّ بَعْضَ أَزْوَاجِ النَّبِيِّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قُلْنَ لِلنَّبِيِّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: أَيُّنَا أَسْرَعُ بِكَ لُحُوقًا قَالَ: أَطْوَلُكُنَّ يَدًا فَأَخَذُوْا قَصَبَةً يَذْرَعُوْنَهَا فَكَانَتْ سَوْدَةُ أَطْوَلَهُنَّ يَدًا فَعَلِمْنَا بَعْدُ، أَنَّمَا كَانَتْ طُولَ يَدِهَا الصَّدَقَةُ، وَكَانَتْ أَسْرَعَنَا لُحُوقًا بِهِ، وَكَانَتْ تُحِبُّ الصَّدَقَةَ

✧✧ سیدہ عائشہ صدیقہ رضی اللہ عنہا بیان کرتی ہیں، بعض ازواج نے نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کی خدمت میں عرض کی: ہم میں سے کون سب سے پہلے آپ سے آ ملے گی۔ نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: تم میں سے جس کا ہاتھ سب سے زیادہ طویل ہے۔ ان خواتین نے چھڑی کے ذریعے ہاتھ ناپنا شروع کیے تو سیّدہ سودہ کا ہاتھ سب سے لمبا تھا لیکن بعد میں ہمیں اس بات کا پتا چلا کہ لمبے ہاتھ سے مراد زیادہ صدقہ کرنا تھا اور پھر وہی زوجہ محترمہ سب سے پہلے آپ سے جا ملیں تھی جو صدقہ کرنا پسند کرتی تھی۔

أخرجه البخاري في: 24 كتاب الزكاة: 11 باب أي الصدقة أفضل

رقم الجزء: 1 رقم الصفحة: 776 (جہانگیری صحیح بخاری، مطبوعہ شبیر برادرز، رقم الحدیث:1354)

•••———•••———•••

من فضائل أم سليم أم أنس بن مالك

حضرت انس بن مالک رضی اللہ عنہ کی والدہ سیدہ ام سلیم رضی اللہ عنہا کے فضائل

1596 حديث أَنَسٍ رَضِيَ اللّٰهُ عَنْهُ،

أَنَّ النَّبِيَّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ، لَمْ يَكُنْ يَّدْخُلُ بَيْتًا بِالْمَدِيْنَةِ، غَيْرَ بَيْتِ أُمِّ سُلَيْمٍ، إِلَّا عَلٰى أَزْوَاجِهِ فَقِيْلَ لَهُ فَقَالَ: إِنِّيْ أَرْحَمُهَا، قُتِلَ أَخُوْهَا مَعِيْ

رقم الحديث 1595

اخرجه ابوالحسين مسلم النيسابوري في "صحيحه" طبع داراحياء التراث العربي، بيروت، لبنان، رقم الحديث:**2452** اخرجه ابوعبدالرحمن النسائي في "سننه" طبع مكتب المطبوعات الاسلاميه، حلب، شام، **1406**ھ، **1986**ء، رقم الحديث:**2541** اخرجه ابوحاتم البستي في "صحيحه" طبع موسسه الرساله، بيروت، لبنان، **1414**ھ/**1993**ء، رقم الحديث:**3314** اخرجه ابوعبدالله النيسابوري في "المستدرک" طبع دارالكتب العلميه، بيروت، لبنان **1411**ھ/**1990**ء، رقم الحديث:**6776** اخرجه ابوعبدالرحمن النسائي في "سننه" طبع مكتب المطبوعات الاسلاميه، حلب، شام، **1406**ھ، **1986**ء، رقم الحديث: **2321** اخرجه ابوعبدالله الشيباني في "مسنده" طبع موسسه قرطبه، قاهره، مصر، رقم الحديث:**24943** اخرجه ابوالقاسم الطبراني في "معجمه الكبير" طبع مكتبه العلوم والحكم، موصل، **1404**ھ، **1983**ء، رقم الحديث:**133**

Marfat.com

✧✧ حضرت انس رضی اللہ عنہ بیان کرتے ہیں نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم مدینہ منورہ میں اپنی ازواج کے علاوہ صرف سیدہ ام سلیم رضی اللہ عنہا کے ہاں جایا کرتے تھے آپ سے اس بارے میں عرض کی گئی تو آپ نے فرمایا: مجھے اس پر رحم آتا ہے کیونکہ اس کا بھائی میرے ساتھ شہید ہو گیا تھا۔

أخرجه البخاري في: 56 كتاب الجهاد والسير: 38 باب فضل من جهز غازيا أو خلفه بخير

رقم الجزء: 1 رقم الصفحة: 777 (جہانگیری صحیح بخاری مطبوعہ شبیر برادرز، رقم الحدیث: 2689)

•••———•••———•••

من فضائل عبد الله بن مسعود وأمه رضي الله تعالى عنهما

حضرت عبداللہ بن مسعود رضی اللہ عنہ اور ان کی والدہ کے فضائل

1597 حديث أَبِي مُوسَى الْأَشْعَرِيِّ رَضِيَ اللَّهُ عَنْهُ،

قَالَ: قَدِمْتُ، أَنَا وَأَخِي مِنَ الْيَمَنِ، فَمَكَثْنَا حِينًا مَا نُرَى إِلَّا أَنَّ عَبْدَ اللَّهِ بْنَ مَسْعُودٍ رَجُلٌ مِنْ أَهْلِ بَيْتِ النَّبِيِّ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ، لِمَا نَرَى مِنْ دُخُولِهِ وَدُخُولِ أُمِّهِ عَلَى النَّبِيِّ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ

✧✧ حضرت ابوموسیٰ اشعری رضی اللہ عنہ بیان کرتے ہیں: میں اور میرا بھائی یمن سے آئے جتنا عرصہ ہم وہاں ٹھہرے رہے ہم یہی سمجھتے رہے حضرت عبداللہ بن مسعود رضی اللہ عنہ نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کے اہل خانہ کے ایک فرد ہیں۔ ہم جتنا عرصہ بھی وہاں رہے ہم عبداللہ بن مسعود رضی اللہ عنہ کو نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کے اہل بیت کا فرد سمجھتے رہے کیونکہ وہ اور ان کی والدہ نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کے ہاں اکثر آیا جایا کرتے تھے۔

أخرجه البخاري في: 62 كتاب فضائل أصحاب النبي صلى الله عليه وسلم: 37 باب مناقب عبد الله بن مسعود رضي الله عنه

رقم الجزء: 1 رقم الصفحة: 777 (جہانگیری صحیح بخاری مطبوعہ شبیر برادرز، رقم الحدیث: 3552)

1598 حديث عَبْدِ اللَّهِ بْنِ مَسْعُودٍ رَضِيَ اللَّهُ عَنْهُ

رقم الحديث 1598:

اخرجه ابوعبدالرحمن النسائي في "سننه" طبع مكتب المطبوعات الاسلاميه حلب شام 1406ه 1986ء رقم الحديث: 5064 اخرجه ابوعبدالله البيهقي في "المستدرك" طبع دارالكتب العلميه بيروت لبنان 1411ه 1990ء رقم الحديث: 2897 اخرجه ابوبكر الشيباني في "الاحاد والمثاني" طبع دارالراية رياض سعودي عرب 1411ه 1991ء رقم الحديث: 2048 اخرجه ابوعبدالله الشيباني في "مسنده" طبع موسسه قرطبه قاهره مصر رقم الحديث: 3906 اخرجه ابوحاتم البستي في "صحيحه" طبع موسسه الرساله بيروت لبنان 1414ه 1993ء رقم الحديث: 7064 اخرجه ابوالقاسم الطبراني في "معجمه الكبير" طبع مكتبه العلوم والحكم موصل 1404ه 1983ء رقم الحديث: 8435 اخرجه ابوعبدالرحمن النسائي في "سننه الكبرى" طبع دارالكتب العلميه بيروت لبنان 1411ه 1991ء رقم الحديث: 7997

Marfat.com

خَطَبَ، فَقَالَ: وَاللّٰهِ لَقَدْ أَخَذْتُ مِنْ فِيْ رَسُوْلِ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ بِضْعًا وَّسَبْعِيْنَ سُوْرَةً، وَاللّٰهِ لَقَدْ عَلِمَ أَصْحَابُ النَّبِيِّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ أَنِّيْ مِنْ أَعْلَمِهِمْ بِكِتَابِ اللّٰهِ، وَمَا أَنَا بِخَيْرِهِم

قَالَ شَقِيقٌ (رَاوِي الْحَدِيْثِ): فَجَلَسْتُ فِي الْحِلَقِ أَسْمعُ مَا يَقُوْلُوْنَ، فَمَا سَمِعْتُ رَدًّا يَّقُوْلُ غَيْرَ ذٰلِكَ

✧✧ حضرت عبداللہ بن مسعود رضی اللہ عنہ نے خطبہ دیا وہ بولے: اللہ کی قسم! میں نے نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کی زبانی ستر سے زیادہ سورتوں کا علم حاصل کیا ہے۔ اللہ کی قسم! نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کے اصحاب یہ جانتے ہیں کہ میں اللہ کی کتاب کا ان سب سے زیادہ علم رکھتا ہوں۔ اگرچہ میں ان سب سے بہتر نہیں ہوں۔

شقیق بیان کرتے ہیں: میں مختلف حلقوں میں بیٹھتا رہا اور یہ سنتا رہا کہ لوگ کیا کہتے ہیں؟ میں نے کسی شخص کو ان کی اس بات کی تردید کرتے ہوئے نہیں سنا جس نے اس سے مختلف بات کہی ہو۔

أخرجه البخاري في: 66 كتاب فضائل القرآن: 8 باب القراء من أصحاب النبي صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ

رقم الجزء: 1 رقم الصفحة: 778 (جہانگیری صحیح بخاری، مطبوعہ شبیر برادرز، رقم الحدیث:4714)

1599 حديث عَبْدِ اللّٰهِ بْنِ مَسْعُوْدٍ رَضِيَ اللّٰهُ عَنْهُ،

قَالَ: وَاللّٰهِ الَّذِيْ لاَ إِلٰهَ غَيْرُهُ مَا أُنْزِلَتْ سُوْرَةٌ مِّنْ كِتَابِ اللّٰهِ إِلَّا وَأَنَا أَعْلَمُ أَيْنَ أُنْزِلَتْ وَلاَ أُنْزِلَتْ اٰيَةٌ مِّنْ كِتَابِ اللّٰهِ إِلَّا وَأَنَا أَعْلَمُ فِيمَ أُنْزِلَتْ وَلَوْ أَعْلَمُ أَحَدًا أَعْلَمَ مِنِّيْ بِكِتَابِ اللّٰهِ تُبَلِّغُهُ الْإِبِلُ لَرَكِبْتُ إِلَيْهِ

✧✧ حضرت عبداللہ بن مسعود رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں: اس ذات کی قسم! جس کے علاوہ کوئی اور معبود نہیں، قرآن کی جو بھی سورت نازل ہوئی مجھے علم ہے کہ وہ کہاں نازل ہوئی اور جو بھی آیت نازل ہوئی مجھے علم ہے کہ وہ کس کے بارے میں نازل ہوئی اور اگر کوئی شخص اللہ کی کتاب کے بارے میں مجھ سے زیادہ علم رکھتا ہو اور اس تک اونٹ کے ذریعے پہنچا جا سکتا ہو تو میں اس تک سوار ہو کر جاؤں گا۔

أخرجه البخاري في: 66 كتاب فضائل القرآن: 8 باب القراء من أصحاب النبي صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ

رقم الجزء: 1 رقم الصفحة: 778 (جہانگیری صحیح بخاری، مطبوعہ شبیر برادرز، رقم الحدیث:4716)

1600 حديث عَبْدِ اللّٰهِ بْنِ عَمْرٍو رَضِيَ اللّٰهُ عَنْهُ

عَنْ مَسْرُوْقٍ، قَالَ: ذُكِرَ عَبْدُ اللّٰهِ عِنْدَ عَبْدِ اللّٰهِ بْنِ عَمْرٍو، فَقَالَ: ذَاكَ رَجُلٌ لاَ أَزَالُ أُحِبُّهُ بَعْدَ مَا سَمِعْتُ رَسُوْلَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ يَقُولُ: اسْتَقْرِؤُا الْقُرْآنَ مِنْ أَرْبَعَةٍ: مِنْ عَبْدِ اللّٰهِ مَسْعُوْدٍ (فَبَدَأَ بِهِ)، وَسَالِمٍ مَوْلَى أَبِيْ حُذَيْفَةَ، وَأُبَيِّ بْنِ كَعْبٍ، وَمُعَاذِ بْنِ جَبَلٍ

✧✧ مسروق بیان کرتے ہیں، حضرت عبداللہ بن عمرو رضی اللہ عنہ کے سامنے (حضرت عبداللہ بن مسعود رضی اللہ عنہ) کا تذکرہ کیا گیا تو انہوں نے فرمایا: وہ ایک ایسے صاحب ہیں کہ جب سے میں نے نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کی زبانی یہ بات سنی ہے، میں ان سے محبت کرتا

رقم الحديث **1599**:

اخرجه ابو الحسين مسلم النيسابوري في "صحيحه" طبع داراحياء التراث العربي، بيروت، لبنان، رقم الحديث: **2463** اخرجه ابوالقاسم الطبراني في "معجمه الكبير" طبع مكتبه العلوم والحكم، موصل، **1404**ھ / **1983**ء، رقم الحديث: **8429**

Marfat.com

ہوں۔ نبی اکرم ﷺ نے ارشاد فرمایا ہے: قرآن پڑھنے کا طریقہ چار لوگوں سے سیکھو، عبداللہ بن مسعود، ابوحذیفہ کا آزاد کردہ غلام سالم، ابی بن کعب اور معاذ بن جبل۔

أخرجه البخاري في: 62 كتاب فضائل أصحاب النبي صلى الله عليه وسلم: 26 باب مناقب سالم مولى أبي حذيفة رضي الله عنه

رقم الجزء: 1 رقم الصفحة: 778 (جہانگیری صحیح بخاری مطبوعہ شبیر برادرز، رقم حدیث 3548)

من فضائل أُبَيّ بن كعب وجماعة من الأنصار رضي الله تعالى عنهم

حضرت ابی بن کعب رضی اللہ عنہ اور انصار کے ایک گروہ کے فضائل

1601 حديث أَنَسٍ رَضِيَ اللّٰهُ عَنْهُ،

قَالَ: جَمَعَ الْقُرْآنَ عَلَى عَهْدِ النَّبِيِّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ أَرْبَعَةٌ: كُلُّهُمْ مِنَ الْأَنْصَارِ: أُبَيٌّ، وَمُعَاذُ بْنُ جَبَلٍ، وَأَبُو زَيْدٍ، وَزَيْدُ ابْنُ ثَابِتٍ

✧✧ حضرت انس رضی اللہ عنہ بیان کرتے ہیں نبی اکرم ﷺ کے زمانہ میں قرآن چار حضرات نے جمع کیا تھا یہ سب انصاری تھے، حضرت ابی رضی اللہ عنہ، حضرت معاذ رضی اللہ عنہ، حضرت ابوزید رضی اللہ عنہ اور حضرت زید بن ثابت رضی اللہ عنہ۔

أخرجه البخاري في: 63 كتاب مناقب الأنصار: 17 باب مناقب زيد بن ثابت رضي الله عنه

رقم الجزء: 1 رقم الصفحة: 779 (جہانگیری صحیح بخاری مطبوعہ شبیر برادرز، رقم حدیث 3599)

1602 حديث أَنَسِ بْنِ مَالِكٍ رَضِيَ اللّٰهُ عَنْهُ،

قَالَ النَّبِيُّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ لِأُبَيٍّ: إِنَّ اللّٰهَ أَمَرَنِي أَنْ أَقْرَأَ عَلَيْكَ لَمْ يَكُنِ الَّذِينَ كَفَرُوا قَالَ وَسَمَّانِي قَالَ: نَعَمْ فَبَكَى

✧✧ حضرت انس بن مالک رضی اللہ عنہ بیان کرتے ہیں نبی اکرم ﷺ نے حضرت ابی (بن کعب) سے فرمایا اللہ تعالیٰ نے مجھے یہ حکم دیا ہے میں تمہارے سامنے یہ سورت پڑھوں "لَمْ يَكُنِ الَّذِينَ كَفَرُوا مِنْ أَهْلِ الْكِتَابِ"

حضرت ابی رضی اللہ عنہ نے عرض کی کیا اس نے میرا نام لیا ہے؟ نبی اکرم ﷺ نے فرمایا ہاں! تو حضرت ابی رضی اللہ عنہ رونے لگے۔

أخرجه البخاري في: 63 كتاب مناقب الأنصار: 16 باب مناقب أبي بن كعب رضي الله عنه

رقم الجزء: 1 رقم الصفحة: 779 (جہانگیری صحیح بخاری مطبوعہ شبیر برادرز، رقم حدیث 3598)

Marfat.com

من فضائل سعد بن معاذ رَضِيَ اللّٰهُ عَنْهُ

حضرت سعد بن معاذ رضی اللہ عنہ کے فضائل

1603 حديث جَابِرٍ رَضِيَ اللّٰهُ عَنْهُ:

سَمِعْتُ النَّبِيَّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ يَقُوْلُ: اهْتَزَّ الْعَرْشُ لِمَوْتِ سَعْدِ بْنِ مُعَاذٍ

✧✧ حضرت جابر رضی اللہ عنہ بیان کرتے ہیں' میں نے نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کو یہ فرماتے ہوئے سنا ہے: سعد بن معاذ کے مرنے پر عرش جھوم اٹھا۔

أخرجه البخاري في: 63 كتاب مناقب الأنصار: 12 باب مناقب سعد بن معاذ رَضِيَ اللّٰهُ عَنْهُ

رقم الجزء: 1 رقم الصفحة: 780 (جہانگیری صحیح بخاری، مطبوعہ شبیر برادرز، رقم الحدیث: 3592)

1604 حديث الْبَرَاءِ رَضِيَ اللّٰهُ عَنْهُ،

قَالَ: أُهْدِيَتْ لِلنَّبِيِّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ حُلَّةُ حَرِيرٍ، فَجَعَلَ أَصْحَابُهُ يَمَسُّونَهَا وَيَعْجَبُوْنَ مِنْ لِينِهَا فَقَالَ: أَتَعْجَبُوْنَ مِنْ لِينِ هٰذِهِ لَمَنَادِيلُ سَعْدِ بْنِ مُعَاذٍ خَيْرٌ مِّنْهَا، أَوْ أَلْيَنُ

✧✧ حضرت براء رضی اللہ عنہ بیان کرتے ہیں، نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کی خدمت میں ایک ریشمی حلہ پیش کیا گیا، آپ کے اصحاب اسے چھو کر دیکھتے اور اس کی نرمی کو پسند کرتے۔ نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: تم اس کی نرمی کو پسند کرتے ہو، سعد بن معاذ کے (جنت کے) رومال اس سے بہتر ہیں (راوی کو شک ہے یا شاید یہ الفاظ ہیں) اس سے زیادہ نرم ہیں۔

أخرجه البخاري في: 63 كتاب مناقب الأنصار: 12 باب مناقب سعد بن معاذ رَضِيَ اللّٰهُ عَنْهُ

رقم الجزء: 1 رقم الصفحة: 780 (جہانگیری صحیح بخاری، مطبوعہ شبیر برادرز، رقم الحدیث: 3591)

1605 حديث أَنَسٍ رَضِيَ اللّٰهُ عَنْهُ،

رقم الحديث: 1605

اخرجه ابوالحسين مسلم النيسابوري في "صحيحه" طبع داراحياء التراث العربي، بيروت، لبنان، رقم الحديث: **2468** اخرجه ابو عيسى الترمذي في "جامعه"، طبع داراحياء التراث العربي، بيروت، لبنان، رقم الحديث: **1723** اخرجه ابوعبدالرحمن النسائي في "سننه" طبع مكتب المطبوعات الاسلاميه، حلب، شام، **1406**ھ، **1986**ء، رقم الحديث: **5302** اخرجه ابو عبدالله القزويني في "سننه"، طبع دارالفكر، بيروت، لبنان، رقم الحديث: **157** اخرجه ابوعبدالله الشيباني في "مسنده" طبع موسسه قرطبه، قاہره، مصر، رقم الحديث: **12114** اخرجه ابوحاتم البستي في "صحيحه" طبع موسسه الرساله، بيروت، لبنان، **1414**ھ/**1993**ء، رقم الحديث: **7036** اخرجه ابوالقاسم الطبراني في "معجمه الكبير" طبع مكتبه العلوم والحكم، موصل، **1404**ھ/**1983**ء، رقم الحديث: **5347** اخرجه ابويعلى الموصلي في "مسنده" طبع دارالمامون للتراث، دمشق، شام، **1404**ھ-**1984**ء، رقم الحديث: **1731** اخرجه ابوبكر الصنعاني في "مصنفه" طبع المكتب الاسلامي، بيروت، لبنان، طبع ثاني، **1403**ھ، رقم الحديث: **20415** اخرجه ابوبكر الكوفي، في "مصنفه" طبع مكتبه الرشد، رياض، سعودي عرب، طبع اول، **1409**ھ، رقم الحديث: **32320** ذكره ابوبكر البيهقي في "سننه الكبرىٰ" طبع مكتبه دارالباز، مكه مكرمه، سعودي عرب، **1414**ھ-**1994**ء، رقم الحديث: **5900** اخرجه ابوعبدالرحمن النسائي في "سننه" طبع مكتب المطبوعات الاسلاميه، حلب، شام،

Marfat.com

قَالَ: أُهْدِيَ لِلنَّبِيِّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ جُبَّةُ سُنْدُسٍ. وَكَانَ يَنْهَى عَنِ الْحَرِيرِ فَعَجِبَ النَّاسُ مِنْهَا فَقَالَ وَالَّذِي نَفْسُ مُحَمَّدٍ بِيَدِهِ لَمَنَادِيلُ سَعْدِ بْنِ مُعَاذٍ فِي الْجَنَّةِ أَحْسَنُ مِنْ هٰذَا

✧✧ حضرت انس رضی اللہ عنہ بیان کرتے ہیں نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کی خدمت میں ایک ریشمی جبہ پیش کیا گیا۔ نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم ریشم پہننے سے منع کرتے تھے۔ لوگوں کو وہ بہت پسند آیا، آپ نے فرمایا: اس ذات کی قسم! جس کے دست قدرت میں محمد صلی اللہ علیہ وسلم کی جان ہے جنت میں سعد بن معاذ کے رومال اس سے زیادہ اچھے ہیں۔

أخرجه البخاري في: 51 كتاب الهبة: 28 باب قبول الهدية من المشركين

رقم الجزء: 1 رقم الصفحة: 780 (جہانگیری صحیح بخاری مطبوعہ شبیر برادرز، رقم الحدیث 2473)

•••———•••———•••

من فضائل عبد الله بن عمرو بن حرام والد جابر رضي الله تعالى عنه

حضرت عبداللہ بن عمرو بن حرام رضی اللہ عنہ' جو حضرت جابر رضی اللہ عنہ کے والد ہیں' ان کے فضائل

1606 حديث جَابِرِ بْنِ عَبْدِ اللّٰهِ رَضِيَ اللّٰهُ عَنْهُمَا،

قَالَ: جِيءَ بِأَبِي، يَوْمَ أُحُدٍ، قَدْ مُثِّلَ بِهِ، حَتّٰى وُضِعَ بَيْنَ يَدَيْ رَسُولِ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ. وَقَدْ سُجِّيَ ثَوْبًا فَذَهَبْتُ أُرِيدُ أَنْ أَكْشِفَ عَنْهُ، فَنَهَانِي قَوْمِي، ثُمَّ ذَهَبْتُ أَكْشِفُ عَنْهُ فَنَهَانِي قَوْمِي، فَأَمَرَ رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ، فَرُفِرَ فَسَمِعَ صَوْتَ صَائِحَةٍ، فَقَالَ: مَنْ هٰذِهِ فَقَالُوا: ابْنَةُ عَمْرٍو أَوْ أُخْتُ عَمْرٍو. قَالَ: فَلِمَ تَبْكِي أَوْ لَا تَبْكِي، فَمَا زَالَتِ الْمَلَائِكَةُ تُظِلُّهُ بِأَجْنِحَتِهَا حَتّٰى رُفِعَ

✧✧ حضرت جابر بن عبداللہ رضی اللہ عنہما بیان کرتے ہیں' غزوہ احد کے موقع پر میرے والد کی لاش کی بے حرمتی کی گئی ان کی میت کو حضور صلی اللہ علیہ وسلم کی خدمت میں پیش کیا گیا اور میت کو کپڑے سے ڈھانپا ہوا تھا میں نے چاہا کہ کپڑے کو ہٹاؤں تو میری قوم نے مجھے منع کیا میں نے پھر کپڑا ہٹانے کی کوشش کی تو انہوں نے پھر مجھے منع کر دیا پھر نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کی ہدایت کے تحت کپڑے کو ہٹایا گیا۔

نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے کسی عورت کے چیخ کر رونے کی آواز سنی تو آپ صلی اللہ علیہ وسلم نے دریافت کیا کہ یہ کون ہیں؟ تو لوگوں نے بتایا یہ عمرو کی صاحبزادی ہیں۔ (راوی کو شک ہے) یا بہن ہیں تو نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے ارشاد فرمایا: یہ کیوں روتی ہے؟ اس (میت) کے اٹھائے جانے تک فرشتے اپنے پروں کے ذریعے اس پر سایہ کیے رکھیں گے۔

أخرجه البخاري في: 23 كتاب الجنائز: 35 باب هل تنبش قبور مشركي الجاهلية ويتخذ مكانها مساجد

رقم الجزء: 1 رقم الصفحة: 780 (جہانگیری صحیح بخاری مطبوعہ شبیر برادرز، رقم الحدیث 1231)

بقيه حاشيه رقم الحديث: **1605**: 1406ھ، 1986ء، رقم الحديث: **8221** اخرجه ابوجعفر الطحاوي في "شرح معاني الآثار" طبع دار الكتب العلمية "بيروت" الطبعة الاولى" **1399**ھ، رقم الحديث: **6194** اخرجه ابوالقاسم الطبراني في "مسند الشاميين" طبع مؤسسة الرسالة، بيروت، لبنان، **1405**ھ/**1984**، رقم الحديث: **1693** اخرجه ابوبكر الحميدي في "مسنده" طبع دار الكتب العلمية، مكتبة المتنبي، بيروت، قاهره، رقم الحديث: **1203**

Marfat.com

من فضائل أبي ذر رَضِيَ اللّٰهُ عَنْهُ

حضرت ابوذر غفاری رضی اللہ عنہ کے فضائل

1607 حديث ابْنِ عَبَّاسٍ رَضِيَ اللّٰهُ عَنْهُمَا،

قَالَ: لَمَّا بَلَغَ أَبَا ذَرٍّ مَبْعَثُ النَّبِيِّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ، قَالَ لِأَخِيهِ: ارْكَبْ إِلَى هٰذَا الْوَادِي فَاعْلَمْ لِي عِلْمَ هٰذَا الرَّجُلِ الَّذِي يَزْعُمُ أَنَّهُ نَبِيٌّ يَأْتِيهِ الْخَبَرُ مِنَ السَّمَاءِ وَاسْمَعْ مِنْ قَوْلِهِ ثُمَّ ائْتِنِي فَانْطَلَقَ الْأَخُ حَتّٰى قَدِمَهُ، وَسَمِعَ مِنْ قَوْلِهِ، ثُمَّ رَجَعَ إِلَى أَبِي ذَرٍّ، فَقَالَ لَهُ: رَأَيْتُهُ يَأْمُرُ بِمَكَارِمِ الْأَخْلَاقِ، وَكَلَامًا، مَا هُوَ بِالشِّعْرِ فَقَالَ: مَا شَفَيْتَنِي مِمَّا أَرَدْتُ فَتَزَوَّدَ وَحَمَلَ شَنَّةً لَهُ، فِيهَا مَاءٌ، حَتّٰى قَدِمَ مَكَّةَ فَأَتَى الْمَسْجِدَ فَالْتَمَسَ النَّبِيَّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ، وَلَا يَعْرِفُهُ وَكَرِهَ أَنْ يَسْأَلَ عَنْهُ، حَتّٰى أَدْرَكَهُ بَعْضُ اللَّيْلِ فَرَآهُ عَلِيٌّ، فَعَرَفَ أَنَّهُ غَرِيبٌ فَلَمَّا رَآهُ تَبِعَهُ فَلَمْ يَسْأَلْ وَاحِدٌ مِنْهُمَا صَاحِبَهُ عَنْ شَيْءٍ حَتّٰى أَصْبَحَ ثُمَّ احْتَمَلَ قِرْبَتَهُ وَزَادَهُ إِلَى الْمَسْجِدِ، وَظَلَّ ذٰلِكَ الْيَوْمَ، وَلَا يَرَاهُ النَّبِيُّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ، حَتّٰى أَمْسٰى فَعَادَ إِلَى مَضْجَعِهِ فَمَرَّ بِهِ عَلِيٌّ، فَقَالَ: أَمَا نَالَ لِلرَّجُلِ أَنْ يَعْلَمَ مَنْزِلَهُ فَأَقَامَهُ، فَذَهَبَ بِهِ مَعَهُ، لَا يَسْأَلُ وَاحِدٌ مِنْهُمَا صَاحِبَهُ عَنْ شَيْءٍ حَتّٰى إِذَا كَانَ يَوْمُ الثَّالِثِ، فَعَادَ عَلِيٌّ مِثْلَ ذٰلِكَ، فَأَقَامَ مَعَهُ ثُمَّ قَالَ: أَلَا تُحَدِّثُنِي مَا الَّذِي أَقْدَمَكَ قَالَ: إِنْ أَعْطَيْتَنِي عَهْدًا وَمِيثَاقًا لَتُرْشِدَنِّي، فَفَعَلْتُ فَفَعَلَ، فَأَخْبَرَهُ قَالَ: فَإِنَّهُ حَقٌّ، وَهُوَ رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ فَإِذَا أَصْبَحْتَ فَاتَّبِعْنِي، فَإِنِّي إِنْ رَأَيْتُ شَيْئًا أَخَافُ عَلَيْكَ قُمْتُ كَأَنِّي أُرِيقُ الْمَاءَ فَإِنْ مَضَيْتُ فَاتَّبِعْنِي، حَتّٰى تَدْخُلَ مَدْخَلِي فَفَعَلَ، فَانْطَلَقَ يَقْفُوهُ، حَتّٰى دَخَلَ عَلَى النَّبِيِّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ، وَدَخَلَ مَعَهُ، فَسَمِعَ مِنْ قَوْلِهِ، فَأَسْلَمَ مَكَانَهُ فَقَالَ لَهُ النَّبِيُّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ ارْجِعْ إِلَى قَوْمِكَ فَأَخْبِرْهُمْ حَتّٰى يَأْتِيَكَ أَمْرِي قَالَ: وَالَّذِي نَفْسِي بِيَدِهِ لَأَصْرُخَنَّ بِهَا بَيْنَ ظَهْرَانَيْهِمْ فَخَرَجَ حَتّٰى أَتَى الْمَسْجِدَ، فَنَادٰى بِأَعْلٰى صَوْتِهِ: أَشْهَدُ أَنْ لَا إِلٰهَ إِلَّا اللّٰهُ، وَأَنَّ مُحَمَّدًا رَسُولُ اللّٰهِ ثُمَّ قَامَ الْقَوْمُ فَضَرَبُوهُ حَتّٰى أَضْجَعُوهُ وَأَتَى الْعَبَّاسُ، فَأَكَبَّ عَلَيْهِ قَالَ: وَيْلَكُمْ أَلَسْتُمْ تَعْلَمُونَ أَنَّهُ مِنْ غِفَارٍ، وَأَنَّ طَرِيقَ تِجَارِكُمْ إِلَى الشَّامِ فَأَنْقَذَهُ مِنْهُمْ ثُمَّ عَادَ مِنَ الْغَدِ لِمِثْلِهَا، فَضَرَبُوهُ، وَثَارُوا إِلَيْهِ، فَأَكَبَّ الْعَبَّاسُ عَلَيْهِ

✧✧ حضرت ابن عباس رضی اللہ عنہما بیان کرتے ہیں' جب حضرت ابوذر رضی اللہ عنہ کو نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کی بعثت کی اطلاع ملی تو انہوں نے اپنے بھائی سے یہ کہا تم سوار ہو کر اس شہر میں جاؤ اور مجھے ان صاحب کے بارے میں بتاؤ جو یہ کہتے ہیں کہ وہ نبی ہیں اور ان کی طرف آسمان سے خبریں آتی ہیں، ان کی بات غور سے سننا اور پھر میرے پاس آنا ان کا بھائی چلا گیا وہ مکہ آیا اس نے نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کی باتیں سنی اور واپس حضرت ابوذر غفاری رضی اللہ عنہ کو آ کر بتایا۔ میں نے دیکھا ہے' وہ اچھے اخلاق کا حکم دیتے ہیں اور ان کا کلام شعر نہیں ہوتا۔ حضرت ابوذر غفاری رضی اللہ عنہ بولے: مجھے جس کی ضرورت تھی تم نے میری اتنی تسلی نہیں کی۔ پھر حضرت ابوذر رضی اللہ عنہ نے سامان سفر تیار کیا اپنا مشکیزہ اٹھایا جس میں پانی موجود تھا وہ مکہ آ گئے اور مسجد میں آ کر بیٹھ گئے۔ وہ نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کو تلاش کرنا چاہتے تھے وہ

Marfat.com

آپ کو پہچانتے بھی نہیں تھے اور آپ کے بارے میں کسی سے پوچھنا بھی نہیں چاہتے تھے۔ رات کا وقت ہوا تو وہ لیٹ گئے۔ حضرت علی رضی اللہ عنہ نے انہیں دیکھ کر پہچان لیا کہ یہ کوئی مسافر ہیں جب انہوں نے انہیں دیکھا تو ان کے پیچھے چلے گئے۔ دونوں میں سے کسی ایک نے دوسرے سے کوئی سوال نہیں کیا صبح کے وقت انہوں نے اپنے مشکیزے اور سامان کو اٹھایا اور مسجد میں آ گئے اور سارا دن اسی حالت میں رہے۔ انہوں نے نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کو نہیں دیکھا شام کے وقت وہ دوبارہ اپنی جگہ پر آ کر لیٹ گئے۔ حضرت علی رضی اللہ عنہ ان کے پاس سے گزرے اور دریافت کیا: کیا ان صاحب کو اپنی منزل کا پتہ نہیں چلا؟ پھر حضرت علی رضی اللہ عنہ نے انہیں اٹھایا اور انہیں اپنے ساتھ لے گئے۔ دونوں میں سے کسی ایک نے دوسرے سے کوئی سوال نہیں کیا یہاں تک کہ جب تیسرا دن آیا تو اسی طرح حضرت علی رضی اللہ عنہ آئے اور انہیں اٹھا کر اپنے ساتھ لے گئے اور دریافت کیا: آپ مجھے بتائیں گے نہیں کہ آپ یہاں کیوں آئے ہیں۔ حضرت ابوذر رضی اللہ عنہ نے کہا: اگر آپ میرے ساتھ عہد کریں اور پختہ وعدہ کریں کہ آپ میری رہنمائی کریں گے تو میں آپ کو بتا دیتا ہوں۔ حضرت علی رضی اللہ عنہ نے ایسا ہی کیا تو حضرت ابوذر رضی اللہ عنہ نے انہیں بتایا۔ حضرت علی رضی اللہ عنہ نے فرمایا: یہ حق ہے، وہ واقعی اللہ تعالیٰ کے رسول ہیں، صبح تم میرے پیچھے آنا اگر تو مجھے کسی ایسے شخص کا اندازہ ہوا جس کے حوالے سے مجھے تمہارے بارے میں کوئی خوف ہو تو میں یوں ٹھہر جاؤں گا جیسے میں پیشاب کرنے لگا ہوں لیکن اگر میں چلتا جاؤں تو تم میرے پیچھے آنا یہاں تک کہ تم اسی جگہ اندر آ جانا جہاں میں اندر جاؤں گا۔ انہوں نے ایسا ہی کیا، حضرت ابوذر رضی اللہ عنہ ان کے پیچھے چلتے رہے یہاں تک کہ حضرت علی رضی اللہ عنہ نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کی خدمت میں حاضر ہوئے تو حضرت ابوذر غفاری رضی اللہ عنہ بھی ان کے ساتھ حاضر ہو گئے۔ انہوں نے نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کی بات سنی اور اسی جگہ اسلام قبول کر لیا۔ نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: تم اپنی قوم میں واپس جاؤ اور انہیں اس بارے میں بتاؤ یہاں تک کہ میرے بارے میں تمہیں اطلاع مل جائے۔ حضرت ابوذر رضی اللہ عنہ بولے: اس ذات کی قسم! جس کے دست قدرت میں میری جان ہے میں ان سب کے سامنے اس بات کا اعلان کروں گا۔ پھر وہ باہر آئے مسجد میں آئے اور بلند آواز سے یہ کہا کہ میں گواہی دیتا ہوں کہ اللہ تعالیٰ کے علاوہ کوئی معبود نہیں ہے اور بے شک حضرت محمد صلی اللہ علیہ وسلم اللہ تعالیٰ کے رسول ہیں۔ لوگ کھڑے ہوئے اور انہیں مارنا شروع کر دیا۔ انہوں نے انہیں نیچے گرا لیا۔ حضرت عباس رضی اللہ عنہ آئے اور ان پر جھک گئے۔ بولے تمہارا ستیاناس ہو کیا تم نہیں جانتے ہو کہ یہ غفار سے تعلق رکھنے والا فرد ہے اور تمہارا شام کی طرف جانے والا تجارتی راستہ (غفار قبیلے سے ہو کر گزرتا ہے) تو حضرت عباس رضی اللہ عنہ نے انہیں ان لوگوں سے بچایا اگلے دن پھر اسی طرح ہوا لوگوں نے انہیں مارا تو حضرت عباس رضی اللہ عنہ نے آ کر انہیں بچایا۔

أخرجه البخاري في: 63 كتاب مناقب الأنصار: 33 باب إسلام أبي ذر رضي الله عنه

رقم الجزء: 1 رقم الصفحة: 781 (صحیح بخاری مطبوعہ شبیر برادرز، رقم الحدیث 3648)

من فضائل جرير بن عبد الله رَضِيَ اللّٰهُ عَنْهُ

حضرت جریر بن عبداللہ رضی اللہ عنہ کے فضائل

1608 حديث جَرِيرٍ رَضِيَ اللّٰهُ عَنْهُ،

Marfat.com

قَالَ: مَا حَجَبَنِي النَّبِيُّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ مُنْذُ أَسْلَمْتُ، وَلاَ رَآنِي إِلَّا تَبَسَّمَ فِي وَجْهِي وَلَقَدْ شَكَوْتُ إِلَيْهِ أَنِّي لاَ أَثْبُتُ عَلَى الْخَيْلِ، فَضَرَبَ بِيَدِهِ فِي صَدْرِي، وَقَالَ: اللّٰهُمَّ ثَبِّتْهُ وَاجْعَلْهُ هَادِيًا مَهْدِيًّا

✧✧ حضرت جریر رضی اللہ عنہ بیان کرتے ہیں' جب سے میں نے اسلام قبول کیا ہے نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے مجھ سے حجاب نہیں کیا اور آپ ہمیشہ مجھے دیکھ کر مسکرا دیتے تھے۔ میں نے آپ کی خدمت میں عرض کی' میں گھوڑے پر سیدھی طرح نہیں بیٹھ سکتا تھا۔ آپ نے اپنا دست مبارک میرے سینے پر مارا اور دعا کی۔ ''اے اللہ اسے ثابت رکھ اور اسے ہادی اور مہدی بنا۔''

أخرجه البخاري في: 56 كتاب الجهاد: 162 باب من لا يثبت على الخيل

رقم الجزء: 1 رقم الصفحة: 783 (جہانگیری صحیح بخاری، مطبوعہ شبیر برادرز، رقم الحدیث: 2871)

1609 حديث جَرِيرٍ رَضِيَ اللّٰهُ عَنْهُ

قَالَ لِي رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: أَلاَ تُرِيحُنِي مِنْ ذِي الْخَلَصَةِ وَكَانَ بَيْتًا فِي خَثْعَمَ، يُسَمَّى كَعْبَةَ الْيَمَانِيَةَ قَالَ: فَانْطَلَقْتُ فِي خَمْسِينَ وَمَائَةِ فَارِسٍ مِّنْ أَحْمَسَ، وَكَانُوا أَصْحَابَ خَيْلٍ قَالَ: وَكُنْتُ لاَ أَثْبُتُ عَلَى الْخَيْلِ فَضَرَبَ فِي صَدْرِي، حَتّٰى رَأَيْتُ أَثَرَ أَصَابِعِهِ فِي صَدْرِي، وَقَالَ: اللّٰهُمَّ ثَبِّتْهُ وَاجْعَلْهُ هَادِيًا مَهْدِيًّا فَانْطَلَقَ إِلَيْهَا، فَكَسَرَهَا وَحَرَّقَهَا ثُمَّ بَعَثَ إِلٰى رَسُولِ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ يُخْبِرُهُ فَقَالَ رَسُولُ جَرِيرٍ: وَالَّذِي بَعَثَكَ بِالْحَقِّ مَا جِئْتُكَ حَتّٰى تَرَكْتُهَا كَأَنَّهَا جَمَلٌ أَجْوَفُ، أَوْ أَجْرَبُ قَالَ: فَبَارَكَ فِي خَيْلِ أَحْمَسَ وَرِجَالِهَا، خَمْسَ مَرَّاتٍ

✧✧ (قیس بن ابوحازم بیان کرتے ہیں) حضرت جریر رضی اللہ عنہ نے مجھے یہ بات بتائی ہے' نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے مجھ سے فرمایا: تم ذوالخلصہ کی طرف سے مجھے راحت نہیں پہنچاؤ گے؟ (راوی بیان کرتے ہیں) خثعم قبیلے میں ایک بت کدہ تھا جسے کعبہ یمانیہ کہا جاتا تھا۔

حضرت جریر رضی اللہ عنہ بیان کرتے ہیں' میں احمس قبیلے کے ڈیڑھ سو سواروں کے ہمراہ روانہ ہوا۔ ان سب کے پاس گھوڑے موجود تھے حضرت جریر رضی اللہ عنہ بیان کرتے ہیں' میں گھوڑے پر سیدھی طرح بیٹھ نہیں سکتا تھا۔ نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے میرے سینے پر ہاتھ مارا میں

رقم الحديث: **1609**

أخرجه أبو الحسين مسلم النيسابوري في "صحيحه" طبع داراحياء التراث العربي، بيروت، لبنان، رقم الحديث: **2476** اخرجه ابوداؤد السجستاني في "سننه" طبع دار الفكر بيروت، لبنان، رقم الحديث: **2772** اخرجه ابوعبدالله الشيباني في "مسنده" طبع موسسه قرطبه، مصر، رقم الحديث: **19211** اخرجه ابوحاتم البستي في "صحيحه" طبع موسسه الرساله، بيروت، لبنان، **1414ھ/1993ء**، رقم الحديث: **7201** اخرجه ابوعبدالرحمن النسائي في "سننه" طبع مكتب المطبوعات الاسلاميه، حلب، شام، **1406ھ، 1986ء**، رقم الحديث: **8303** ذكره ابوبكر البيهقي في "سننه الكبرىٰ" طبع مكتبه دار الباز، مكه مكرمه، سعودي عرب **1414ھ/1994ء**، رقم الحديث: **18365** اخرجه ابوالقاسم الطبراني في "معجمه الكبير" طبع مكتبه العلوم والحكم، موصل، **1404ھ/1983ء**، رقم الحديث: **2252**

Marfat.com

نے آپ کی انگلیوں کا اثر اپنے سینے پر محسوس کیا۔ آپ نے دعا کی: اے اللہ! اسے ثابت رکھ اسے ہادی اور مہدی بنا۔

حضرت جریر رضی اللہ عنہ وہاں گئے انہوں نے اس بت کدے کو توڑ کر اسے جلا دیا پھر انہوں نے نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کی خدمت میں قاصد بھیجا۔ حضرت جریر رضی اللہ عنہ کا قاصد نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کی خدمت میں حاضر ہوا اور عرض کی: اس ذات کی قسم! جس نے آپ کو حق کے ہمراہ مبعوث کیا میں اس وقت آپ کی خدمت میں حاضری کے لیے روانہ ہوا جب ہم نے اسے خارش زدہ یا خراب حال اونٹ کی طرح چھوڑ دیا۔

راوی بیان کرتے ہیں نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے احمس قبیلے کے گھڑ سواروں اور پیادہ افراد کے لئے پانچ مرتبہ برکت کی دعا کی۔

أخرجه البخاري في: 56 كتاب الجهاد: 154 باب من وقف الدور والنخيل

رقم الجزء: 1 رقم الصفحة: 784 (ہمارا مطبوعہ صحیح بخاری، مطبوعہ شبیر برادرز، رقم الحدیث 2857)

•••————•••————•••

فضائل عبد الله بن عباس رَضِيَ اللّٰهُ عَنْهُمَا

حضرت عبداللہ بن عباس رضی اللہ عنہ کے فضائل

1610 ◦ حديث ابْنِ عَبَّاسٍ رَضِيَ اللّٰهُ عَنْهُمَا،

أَنَّ النَّبِيَّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ، دَخَلَ الْخَلاَءَ، فَوَضَعْتُ لَهُ وَضُوءًا، قَالَ: مَنْ وَضَعَ هذا فَأُخْبِرَ فَقَالَ اللّٰهُمَّ فَقِّهْهُ فِي الدِّينِ

✧✧ حضرت ابن عباس رضی اللہ عنہما بیان کرتے ہیں ایک مرتبہ نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم بیت الخلاء میں تشریف لے جانے لگے میں نے وہاں پانی رکھ دیا بعد میں آپ نے دریافت کیا یہ کس نے رکھا تھا؟ جب آپ صلی اللہ علیہ وسلم کو بتایا گیا تو آپ صلی اللہ علیہ وسلم نے دعا دی:

''اے اللہ! اسے دین کی سمجھ بوجھ عطا کر۔''

أخرجه البخاري في: 4 كتاب الوضوء: 10 باب وضع الماء عند الخلاء

رقم الجزء: 1 رقم الصفحة: 785 (ہمارا مطبوعہ صحیح بخاری، مطبوعہ شبیر برادرز، رقم الحدیث 143)

•••————•••————•••

من فضائل عبد الله بن عمر رَضِيَ اللّٰهُ عَنْهُمَا

حضرت عبداللہ بن عمر رضی اللہ عنہ کے فضائل

1611 ◦ حديث عَبْدِ اللّٰهِ بْنِ عُمَرَ رَضِيَ اللّٰهُ عَنْهُ،

قَالَ: كَانَ الرَّجُلُ، فِي حَيَاةِ النَّبِيِّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ إِذَا رَأَى رُؤْيَا قَصَّهَا عَلَى رَسُولِ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ فَتَمَنَّيْتُ أَنْ أَرَى رُؤْيَا، فَأَقُصَّهَا عَلَى رَسُولِ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ، وَكُنْتُ غُلاَمًا شَابًّا وَكُنْتُ أَنَامُ فِي الْمَسْجِدِ عَلَى عَهْدِ رَسُولِ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ فَرَأَيْتُ فِي النَّوْمِ كَأَنَّ مَلَكَيْنِ أَخَذَانِي، فَذَهَبَا بِي

Marfat.com

إِلَى النَّارِ فَإِذَا هِيَ مَطْوِيَّةٌ كَطَيِّ الْبِئْرِ، وَإِذَا لَهَا قَرْنَانِ، وَإِذَا فِيهَا أُنَاسٌ، قَدْ عَرَفْتُهُمْ فَجَعَلْتُ أَقُولُ: أَعُوذُ بِاللّٰهِ مِنَ النَّارِ قَالَ: فَلَقِيَنَا مَلَكٌ اٰخَرُ، فَقَالَ لِيْ: لَمْ تُرَعْ فَقَصَصْتُهَا عَلٰى حَفْصَةَ، فَقَصَّتْهَا حَفْصَةُ عَلٰى رَسُوْلِ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ، فَقَالَ: نِعْمَ الرَّجُلُ عَبْدُ اللّٰهِ لَوْ كَانَ يُصَلِّي مِنَ اللَّيْلِ فَكَانَ، بَعْدُ، لَا يَنَامُ مِنَ اللَّيْلِ إِلَّا قَلِيلًا

✧✧ حضرت عبداللہ بن عمر رضی اللہ عنہما بیان کرتے ہیں: کوئی شخص نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کی ظاہری زندگی میں جب کوئی خواب دیکھتا تھا تو وہ نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کو سنایا کرتا تھا میری بھی یہ خواہش تھی کہ اگر میں بھی کوئی خواب دیکھوں تو اسے نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کو سناؤں میں ان دنوں نوجوان آدمی تھا اور مسجد میں سویا کرتا تھا یہ نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کے زمانہ اقدس کی بات ہے ایک دن میں نے خواب میں دیکھا کہ دو فرشتے ہیں انہوں نے مجھے پکڑ لیا اور مجھے جہنم کی طرف لے گئے وہ یوں لپٹی ہوئی تھی جیسے کنویں کا کنارہ ہوتا ہے اس کے دو سینگ تھے اس میں کچھ لوگ موجود تھے جنہیں میں پہچانتا تھا میں نے یہ پڑھنا شروع کیا ''میں جہنم سے اللہ تعالیٰ کی پناہ مانگتا ہوں'' حضرت عبداللہ بن عمر رضی اللہ عنہما بیان کرتے ہیں: مجھے ایک اور فرشتہ ملا اس نے مجھے کہا: تم گھبراؤ نہیں۔

حضرت ابن عمر رضی اللہ عنہما بیان کرتے ہیں: میں نے یہ خواب سیّدہ حفصہ رضی اللہ عنہا کو سنایا سیّدہ حفصہ رضی اللہ عنہا نے یہ خواب نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کو سنایا انہوں نے ارشاد فرمایا: عبداللہ بہت اچھا آدمی ہے اگر وہ رات کے وقت نوافل ادا کیا کرے (تو یہ مناسب ہوگا) (راوی بیان کرتے ہیں) اس کے بعد عبداللہ بن عمر رضی اللہ عنہما رات کے وقت بہت تھوڑی دیر کے لئے سویا کرتے تھے۔

أخرجه البخاري في: 19 كتاب التهجد: 2 باب فضل قيام الليل

رقم الجزء: 1 رقم الصفحة: 785 (جہانگیری صحیح بخاری، مطبوعہ شبیر برادرز، رقم الحدیث: 1070)

•••———•••———•••

من فضائل أنس بن مالك رَضِيَ اللّٰهُ عَنْهُ

حضرت انس بن مالک رضی اللہ عنہ کے فضائل

1612 ◦ حديث أَنَسٍ رَضِيَ اللّٰهُ عَنْهُ

عَنْ أُمِّ سُلَيْمٍ قَالَتْ: يَا رَسُوْلَ اللّٰهِ أَنَسٌ خَادِمُكَ، ادْعُ اللّٰهَ لَهُ قَالَ: اللّٰهُمَّ أَكْثِرْ مَالَهُ وَوَلَدَهُ وَبَارِكْ لَهُ فِيمَا أَعْطَيْتَهُ

✧✧ حضرت انس رضی اللہ عنہ بیان کرتے ہیں: سیّدہ ام سلیم رضی اللہ عنہا نے عرض کی: یارسول اللہ! انس آپ کا خادم ہے آپ اس کے لئے اللہ تعالیٰ سے دعا کیجیے۔ نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے دعا کی۔

''اے اللہ! اس کے مال اور اولاد میں کثرت عطا فرما اور جو تو اسے عطا کرے گا اس میں برکت عطا فرما''۔

أخرجه البخاري في: 80 كتاب الدعوات: 47 باب الدعاء بكثرة المال والبركة

رقم الجزء: 1 رقم الصفحة: 786 (جہانگیری صحیح بخاری، مطبوعہ شبیر برادرز، رقم الحدیث: 6017)

Marfat.com

1613 حديث أَنَسِ بْنِ مَالِكٍ رَضِيَ اللّٰهُ عَنْهُ

قَالَ: أَسَرَّ إِلَيَّ النَّبِيُّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ سِرًّا، فَمَا أَخْبَرْتُ بِهِ أَحَدًا بَعْدَهُ وَلَقَدْ سَأَلَتْنِي أُمُّ سُلَيْمٍ. فَمَا أَخْبَرْتُهَا بِهِ

✧✧ حضرت انس بن مالک رضی اللہ عنہ بیان کرتے ہیں: نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے مجھے ایک راز کی بات بتائی میں نے وہ بات کسی کو بھی نہیں بتائی۔ سیدہ ام سلیم رضی اللہ عنہا نے مجھ سے اس بارے میں دریافت کیا تو میں نے انہیں بھی نہیں بتایا۔

أخرجه البخاري في: 79 كتاب الاستئذان: 46 باب حفظ السر

رقم الجزء: 1 رقم الصفحة: 786 (جہانگیری صحیح بخاری مطبوعہ شبیر برادرز، رقم الحدیث: 5931)

•••———•••———•••

من فضائل عبد الله بن سلام رضي الله تعالى عنه

حضرت عبداللہ بن سلام رضی اللہ عنہ کے فضائل

1614 حديث سَعْدِ بْنِ أَبِي وَقَّاصٍ رَضِيَ اللّٰهُ عَنْهُ

قَالَ: مَا سَمِعْتُ النَّبِيَّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ يَقُوْلُ لِأَحَدٍ يَمْشِي عَلَى الْأَرْضِ إِنَّهُ مِنْ أَهْلِ الْجَنَّةِ إِلَّا لِعَبْدِ اللّٰهِ بْنِ سَلَامٍ قَالَ: وَفِيْهِ نَزَلَتْ هٰذِهِ الْآيَةُ (وَشَهِدَ شَاهِدٌ مِّنْ بَنِيْ إِسْرَائِيْلَ الْآية)

✧✧ حضرت سعد بن ابی وقاص رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں: میں نے نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کو نہیں سنا کہ آپ نے زمین پر چلنے والے کسی شخص کے بارے میں یہ فرمایا ہو کہ یہ جنتی ہے' صرف حضرت عبداللہ بن سلام کے بارے میں آپ نے یہ بات فرمائی ہے اور انہی صاحب کے بارے میں یہ آیت بھی نازل ہوئی ہے۔

''اور بنی اسرائیل سے تعلق رکھنے والے ایک گواہ نے بھی اسی کی مانند گواہی دی''۔

أخرجه البخاري في: 63 كتاب مناقب الأنصار: 19 باب مناقب عبد الله بن سلام رضي الله عنه

رقم الجزء: 1 رقم الصفحة: 786 (جہانگیری صحیح بخاری مطبوعہ شبیر برادرز، رقم الحدیث: 3601)

1615 حديث عَبْدِ اللّٰهِ بْنِ سَلَامٍ رَضِيَ اللّٰهُ عَنْهُ

عَنْ قَيْسِ بْنِ عُبَادٍ، قَالَ: كُنْتُ جَالِسًا فِيْ مَسْجِدِ الْمَدِيْنَةِ، فَدَخَلَ رَجُلٌ عَلَى وَجْهِهِ أَثَرُ الْخُشُوْعِ فَقَالُوْا: هٰذَا رَجُلٌ مِّنْ أَهْلِ الْجَنَّةِ فَصَلّٰى رَكْعَتَيْنِ، تَجَوَّزَ فِيْهِمَا، ثُمَّ خَرَجَ وَتَبِعْتُهُ، فَقُلْتُ: إِنَّكَ حِيْنَ دَخَلْتَ الْمَسْجِدَ، قَالُوْا. هٰذَا رَجُلٌ مِّنْ أَهْلِ الْجَنَّةِ قَالَ: وَاللّٰهِ مَا يَنْبَغِي لِأَحَدٍ أَنْ يَّقُوْلَ مَا لَا يَعْلَمُ وَسَأُحَدِّثُكَ لِمَ ذَاكَ رَأَيْتُ رُؤْيَا عَلَى عَهْدِ النَّبِيِّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ، فَقَصَصْتُهَا عَلَيْهِ وَرَأَيْتُ كَأَنِّيْ فِيْ رَوْضَةٍ (ذَكَرَ مِنْ سَعَتِهَا وَخُضْرَتِهَا)

رقم الحديث1613

أخرجه أبو عبد الله الشيباني في "مسنده" طبع مؤسسه قرطبه قاهره مصر، رقم الحديث: 13317

Marfat.com

وَسْطَهَا عَمُودٌ مِنْ حَدِيْدٍ، أَسْفَلُهُ فِي الْأَرْضِ وَأَعْلاهُ فِي السَمَاءِ فِيْ أَعْلاهُ عُرْوَةٌ، فَقِيْلَ لَهُ ارْقَهْ قُلْتُ لاَ أَسْتَطِيعُ فَأَتَانِي مِنْصَفٌ فَرَفَعَ ثِيَابِي مِنْ خَلْفِي فَرَقِيتُ، حَتّٰى كُنْتُ فِيْ أَعْلاهَا فَأَخَذْتُ بِالْعُرْوَةِ فَقِيْلَ لَهُ: اسْتَمْسِكْ فَاسْتَيْقَظْتُ، وَإِنَّهَا لَفِي يَدِي فَقَصَصْتهَا عَلَى النَّبِيِّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ، فَقَالَ: تِلْكَ الرَّوْضَةُ الْإِسْلاَمُ، وَذٰلِكَ الْعَمُودُ عَمُودُ الْإِسْلاَمِ، وِتِلْكَ الْعُرْوَةُ عُرْوَةُ الوُثْقى فَأَنْتَ عَلَى الْإِسْلاَمِ حَتّٰى تَمُوْتَ وَذَاكَ الرَّجُلُ عَبْدُ اللّٰهِ بْنُ سَلاَمٍ

✧✧ قیس بن عباد بیان کرتے ہیں' میں مسجد مدینہ میں بیٹھا ہوا تھا ایک شخص اندر آیا جس کے چہرے پر پرہیز گاری کے آثار ظاہر تھے۔ لوگوں نے کہا: یہ صاحب جنتی ہیں، ان صاحب نے دو رکعت ادا کیں اور مختصر ادا کیں پھر وہ باہر چلے گئے تو میں ان کے پیچھے آیا اور بولا: جب آپ مسجد میں تشریف لائے تھے تو لوگوں نے کہا تھا کہ یہ جنتی ہیں' وہ صاحب بولے: اللہ کے قسم! کسی شخص کو وہی بات کرنی چاہئے جس کا اسے علم ہو میں تمہیں بتاتا ہوں اس کی وجہ کیا ہے، نبی اکرم ﷺ کے زمانہ اقدس میں' میں نے ایک خواب دیکھا وہ خواب میں نے آپ کو سنایا میں نے دیکھا کہ میں ایک باغ میں موجود ہوں پھر انہوں نے اس باغ کی وسعت اور شادابی کا تذکرہ کیا۔ اس باغ کے درمیان لوہے کا ایک ستون موجود ہے جس کا نیچے والا حصہ زمین میں ہے اور اوپر والا حصہ آسمان میں ہے اور اس کے اوپر والے حصے میں ایک دستہ ہے مجھ سے کہا گیا تم اوپر چڑھو! میں نے جواب دیا: میں نہیں چڑھ سکتا، پھر ایک خادم میرے پاس آیا اس نے پیچھے سے میرا کپڑا اٹھایا تو میں چڑھ گیا یہاں تک کہ اس کے اوپر والے حصے تک پہنچ گیا اور میں نے اس دستے کو تھام لیا۔ ان سے کہا گیا آپ اسے مضبوطی سے پکڑے رکھیں۔ وہ بیان کرتے ہیں' میں بیدار ہو گیا تو وہ دستہ میرے ہاتھ میں تھا۔ میں نے نبی اکرم ﷺ کو یہ خواب سنایا تو آپ نے فرمایا: وہ باغ اسلام ہے اور وہ ستون اسلام کی بنیادی تعلیمات ہیں اور وہ دستہ وہ مضبوط دستہ ہے (جس کا ذکر قرآن میں ہے) تم مرتے دم تک اسلام پر ثابت قدم رہو گے۔ وہ صاحب حضرت عبداللہ بن سلام رضی اللہ عنہ تھے۔

أخرجه البخاري في: 63 كتاب مناقب الأنصار: 19 باب مناقب عبد الله بن سلام رَضِيَ اللّٰهُ عَنْهُ
رقم الجزء: 1 رقم الصفحة: 787 (جہانگیری صحیح بخاری، مطبوعہ شبیر برادرز، رقم الحدیث:3602)

•••———•••———•••

فضائل حسان بن ثابت رَضِيَ اللّٰهُ عَنْهُ

حضرت حسان بن ثابت رضی اللہ عنہ کے فضائل

1616 حديث حَسَّانِ بْنِ ثَابِتٍ رَضِيَ اللّٰهُ عَنْهُ

عَنْ سَعِيْدِ بْنِ الْمُسَيَّبِ، قَالَ: مَرَّ عُمَرُ فِي الْمَسْجِدِ وَحَسَّانُ يُنْشِدُ، فَقَالَ: كُنْتُ أُنْشِدُ فِيْهِ، وَفِيْهِ مَنْ هُوَ خَيْرٌ مِنْكَ ثُمَّ الْتَفَتَ إِلى أَبِيْ هُرَيْرَةَ رَضِيَ اللّٰهُ عَنْهُ ، فَقَالَ: أَنْشُدُكَ بِاللّٰهِ أَسَمِعْتَ رَسُوْلَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ يَقُوْلُ: أَجِبْ عَنِّي، اللّٰهُمَّ أَيِّدْهُ بِرُوحِ الْقُدُسِ قَالَ: نَعَمْ

Marfat.com

✧✧ سعید بن مسیب بیان کرتے ہیں' حضرت عمر رضی اللہ عنہ مسجد میں آئے تو حضرت حسان رضی اللہ عنہ شعر سنا رہے تھے (انہوں نے ٹوکا) تو حضرت حسان رضی اللہ عنہ نے جواب دیا: میں اس مسجد میں شعر سنایا کرتا تھا اور یہاں وہ شخصیت موجود ہوتی تھی جو آپ سے بہتر ہے۔ یعنی (نبی کریم صلی اللہ علیہ وسلم)۔

پھر حضرت حسان رضی اللہ عنہ نے حضرت ابو ہریرہ رضی اللہ عنہ کی طرف متوجہ ہو کر فرمایا: میں آپ کو اللہ کی قسم دے کر دریافت کرتا ہوں: آپ نے نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کو یہ ارشاد فرماتے ہوئے سنا ہے: (نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے مجھ سے فرمایا تھا:) تم میری طرف سے جواب دو۔ اے اللہ! جبرائیل امین کے ذریعے اس کی مدد کر! تو حضرت ابو ہریرہ رضی اللہ عنہ نے جواب دیا: جی ہاں!

أخرجه البخاري في: 59 كتاب بدء الخلق: 6 باب ذكر الملائكة

رقم الجزء: 1 رقم الصفحة: 788 (جہانگیری صحیح بخاری، مطبوعہ شبیر برادرز، رقم الحدیث: 3040)

1617 حديث الْبَرَاءِ رَضِيَ اللّٰهُ عَنْهُ،

قَالَ: قَالَ النَّبِيُّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ لِحَسَّانَ: اهْجُهُمْ أَوْ هَاجِهِمْ وَجِبرِيْلُ مَعَكَ

✧✧ حضرت براء رضی اللہ عنہ بیان کرتے ہیں: نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے حضرت حسان رضی اللہ عنہ سے فرمایا تھا: تم ان کی یعنی (مشرکین مکہ کی) ہجو کرو! (راوی کو شک ہے یا شاید یہ الفاظ ہیں:) یا ان کی ہجو کا جواب دو: جبرائیل تمہارے ساتھ ہیں۔

أخرجه البخاري في: 59 كتاب بدء الخلق: 6 باب ذكر الملائكة

رقم الجزء: 1 رقم الصفحة: 788 (جہانگیری صحیح بخاری، مطبوعہ شبیر برادرز، رقم الحدیث: 3041)

1618 حديث عَائِشَةَ رَضِيَ اللّٰهُ عَنْهَا

عَنْ عُرْوَةَ، قَالَ: ذَهَبْتُ أَسُبُّ حَسَّانَ عِنْدَ عَائِشَةَ، فَقَالَتْ: لاَ تَسُبُّهُ، فَإِنَّهُ كَانَ يُنَافِحُ عَنِ النَّبِيِّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ

✧✧ عروہ بیان کرتے ہیں: میں نے سیدہ عائشہ رضی اللہ عنہا کے سامنے حضرت حسان رضی اللہ عنہ کو برا کہنا چاہا تو انہوں نے فرمایا: تم انہیں برا کہنے کی کوشش نہ کرو کیونکہ وہ نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کی جانب سے جواب دیا کرتے تھے۔

أخرجه البخاري في: 61 كتاب المناقب: 16 باب من أحب أن لا يسب نسبه

رقم الجزء: 1 رقم الصفحة: 789 (جہانگیری صحیح بخاری، مطبوعہ شبیر برادرز، رقم الحدیث: 3338)

رقم الحديث: 1617

اخرجه ابوالحسين مسلم النيسابوري في "صحيحه" طبع داراحياء التراث العربي، بيروت، لبنان، رقم الحديث: **2486** اخرجه ابوعبدالله الشيباني في "مسنده" طبع موسسه قرطبه، قاهره، مصر، رقم الحديث: **18673** اخرجه ابوالقاسم الطبراني في "معجمه الكبير" طبع مكتبه العلوم والحكم، موصل، **1404**ھ/**1983**ء، رقم الحديث: **3588** ذكره ابوبكر البيهقي في "سننه الكبرى" طبع مكتبه دارالباز، مكه مكرمه، سعودي عرب **1414**ھ/**1994**ء، رقم الحديث: **20893** اخرجه ابوعبدالرحمن النسائي في "سننه" طبع مكتب المطبوعات الاسلاميه، حلب، شام، **1406**ھ، **1986**ء، رقم الحديث: **6024** اخرجه ابوجعفر الطحاوي في "شرح معاني الآثار" طبع دارالكتب العلميه، بيروت، الطبعة الاولى، **1399**ھ، رقم الحديث: **6497**

Marfat.com

1619 حدیث عَائِشَةَ رَضِيَ اللّٰهُ عَنْهَا

عَنْ مَسْرُوقٍ، قَالَ: دَخَلْنَا عَلَى عَائِشَةَ، وَعِنْدَهَا حَسَّانُ بْنُ ثَابِتٍ، يُنْشِدُهَا شِعْرًا، يُشَبِّبُ بِأَبْيَاتٍ لَّهُ، وَقَالَ: حَصَانٌ رَّزَانٌ مَّا تُزَنُّ بِرِيبَةٍوَتُصْبِحُ غَرْثَى مِنْ لُحُومِ الْغَوَافِلِفَقَالَتْ لَّهُ عَائِشَةُ: لٰكِنَّكَ لَسْتَ كَذٰلِكَ قَالَ مَسْرُوقٌ: فَقُلْتُ لَهَا لِمَ تَأْذَنِي لَّهُ أَنْ يَّدْخُلَ عَلَيْكِ وَقَدْ قَالَ اللّٰهُ تَعَالٰى (وَالَّذِي تَوَلّٰى كِبْرَهُ مِنْهُمْ لَّهُ عَذَابٌ عَظِيمٌ) فَقَالَتْ: وَأَيُّ عَذَابٍ أَشَدُّ مِنَ الْعَمٰى قَالَتْ لَّهُ: إِنَّهُ كَانَ يُنَافِحُ، أَوْ يُهَاجِي عَنْ رَسُوْلِ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ

✧✧ مسروق بیان کرتے ہیں' ہم سیدہ عائشہ رضی اللہ عنہا کی خدمت میں حاضر ہوئے اس وقت آپ کے پاس حضرت حسان رضی اللہ عنہ بھی ثابت موجود تھے اور وہ ان کی شان میں کہے گئے شعر انہیں سنا رہے تھے انہوں نے یہ شعر سنایا:

''وہ پاک دامن ہیں باوقار ہیں ان کی شان میں کسی خرابی کی کوئی گنجائش نہیں ہے اور وہ کسی کی برائی بیان نہیں کرتی ہیں''۔

سیدہ عائشہ رضی اللہ عنہا نے ان سے کہا: لیکن آپ ایسے نہیں ہیں۔

مسروق بیان کرتے ہیں' میں نے سیدہ عائشہ رضی اللہ عنہا سے دریافت کیا: آپ انہیں اپنے ہاں آنے کی اجازت کیوں دیتی ہیں؟ جبکہ اللہ تعالیٰ نے یہ ارشاد فرما دیا ہے:

''ان میں سے جس نے اس میں زیادہ حصہ لیا اس کے لئے دردناک عذاب ہے''۔

تو سیدہ عائشہ رضی اللہ عنہا نے فرمایا: اندھے ہونے سے زیادہ عذاب اور کیا ہوگا۔

سیدہ عائشہ رضی اللہ عنہا نے انہیں بتایا: وہ (یعنی حسان بن ثابت) نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کی طرف سے (مشرکین کی ہجو) کا جواب دیا کرتے تھے۔

أخرجه البخاري في: 64 كتاب المغازي: 34 باب حديث الإفك

رقم الجزء: 1 رقم الصفحة: 789 (جہانگیری صحیح بخاری مطبوعہ شبیر برادرز، رقم الحدیث:3915)

1620 حدیث عَائِشَةَ رَضِيَ اللّٰهُ عَنْهَا،

قَالَتْ: اسْتَأْذَنَ حَسَّانُ النَّبِيَّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ فِي هِجَاءِ الْمُشْرِكِيْنَ قَالَ: كَيْفَ بِنَسَبِي فَقَالَ حَسَّانُ: لَأَسُلَّنَّكَ مِنْهُمْ كَمَا تُسَلُّ الشَّعَرَةُ مِنَ الْعَجِيْنِ

✧✧ سیدہ عائشہ صدیقہ رضی اللہ عنہا بیان کرتی ہیں: حضرت حسان رضی اللہ عنہ نے نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم سے اجازت مانگی کہ وہ مشرکین کو برا کہیں۔ نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: میرے نسب کا کیا ہوگا؟ حضرت حسان رضی اللہ عنہ نے عرض کی: میں آپ کو ان میں سے اس طرح الگ

رقم الحديث 1619

أخرجه الحاكم في المستدرك الصحيح: كتاب التاريخ دار إحياء التراث العربي بيروت، لبنان، رقم الحديث: 2488 ذكره أبو بكر البيهقي في السنن الكبرى الصحيح مكتبة دار الباز مكة المكرمة المحلى مرت 1414ھ 1994ء رقم الحديث: 20896 أخرجه أبو القاسم الطبراني في المعجم الكبير الصحيح مكتبة العلوم والحكم الموصل 1404ھ 1983ء رقم الحديث: 175

Marfat.com

بالوں کا جیسے آٹے میں سے بال الگ کر دیا جاتا ہے۔

أخرجه البخاري في: 61 كتاب المناقب: 16 باب من أحب أن لا يسب نسبه

رقم الجزء: 1 رقم الصفحة: 789 (حوالہ گیری صحیح بخاری مطبوعہ شبیر برادرز، رقم الحدیث 3338)

•••———•••———•••

من فضائل أبي هريرة الدوسي رَضِيَ اللّٰهُ عَنْهُ

حضرت ابو ہریرہ دوسی رضی اللہ عنہ کے فضائل

1621 ◦ حديث أَبِي هُرَيْرَةَ رَضِيَ اللّٰهُ عَنْهُ،

قَالَ: إِنَّكُمْ تَزْعُمُونَ أَنَّ أَبَا هُرَيْرَةَ يُكْثِرُ الْحَدِيثَ عَلَى رَسُولِ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ وَاللّٰهُ الْمَوْعِدُ إِنِّي كُنْتُ امْرَءًا مِسْكِينًا، أَلْزَمُ رَسُولَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ عَلَى مِلْءِ بَطْنِي وَكَانَ الْمُهَاجِرُونَ يَشْغَلُهُمُ الصَّفْقُ بِالْأَسْوَاقِ وَكَانَتِ الْأَنْصَارُ يَشْغَلُهُمُ الْقِيَامُ عَلَى أَمْوَالِهِمْ فَشَهِدْتُ مِنْ رَسُولِ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ ذَاتَ يَوْمٍ وَقَالَ: مَنْ يَبْسُطْ رِدَاءَهُ حَتَّى أَقْضِيَ مَقَالَتِي، ثُمَّ يَقْبِضْهُ فَلَنْ يَنْسَى شَيْئًا سَمِعَهُ مِنِّي فَبَسَطْتُ بُرْدَةً كَانَتْ عَلَيَّ فَوَالَّذِي بَعَثَهُ بِالْحَقِّ مَا نَسِيتُ شَيْئًا سَمِعْتُهُ مِنْهُ

حضرت ابو ہریرہ رضی اللہ عنہ بیان کرتے ہیں: تم لوگ یہ کہتے ہو: ابو ہریرہ رضی اللہ عنہ نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کی بکثرت احادیث نقل کرتا ہے اللہ کے ساتھ وعدہ طے ہے میں ایک غریب آدمی تھا جو پیٹ میں کھانا ڈال کر نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کے ساتھ رہا کرتا تھا جب کہ مہاجرین کو بازار میں خرید و فروخت نے مصروف رکھا اور انصار اپنی زرعی زمینوں پر مصروف رہے (اس لئے وہ نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کی احادیث سے زیادہ استفادہ نہیں کر سکے) ایک دن میں نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کے ساتھ تھا آپ نے ارشاد فرمایا کون شخص اپنی چادر کو بچھائے گا اس وقت تک جب تک میں اپنی بات پوری نہ کرلوں پھر اسے سمیٹ لے گا تو پھر وہ شخص مجھ سے سنی ہوئی بات کبھی نہیں بھولے گا تو میں نے اپنی چادر جو میرے اوپر موجود تھی اسے بچھا دیا تو اس ذات کی قسم! جس نے نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کو حق کے ہمراہ مبعوث کیا ہے اس کے بعد میں آپ کی زبانی سنی ہوئی کوئی بات نہیں بھولا۔

أخرجه البخاري في: 96 كتاب الاعتصام: 22 باب الحجة على من قال إن أحكام النبي صلى الله عليه وسلم كانت ظاهرة

رقم الجزء: 1 رقم الصفحة: 790 (حوالہ گیری صحیح بخاری مطبوعہ شبیر برادرز، رقم الحدیث 6921)

•••———•••———•••

من فضائل أهل بدر رَضِيَ اللّٰهُ عَنْهُم وقصة حاطب بن أبي بلتعة

اہل بدر کے فضائل اور حضرت حاطب بن ابو بلتعہ رضی اللہ عنہ کا واقعہ

1622 ◦ حديث عَلِيٍّ رَضِيَ اللّٰهُ عَنْهُ،

Marfat.com

قَالَ: بَعَثَنِي رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ، أَنَا وَالزُّبَيْرَ وَالْمِقْدَادَ بْنَ الْأَسْوَدِ قَالَ: انْطَلِقُوْا حَتّٰى تَأْتُوا رَوْضَةَ خَاخٍ، فَإِنَّ بِهَا ظَعِيْنَةً، وَمَعَهَا كِتَابٌ، فَخُذُوهُ مِنْهَا فَانْطَلَقْنَا، تَعَادٰى بِنَا خَيْلُنَا حَتّٰى انْتَهَيْنَا إِلَى الرَّوْضَةِ فَإِذَا نَحْنُ بِالظَّعِيْنَةِ فَقُلْنَا: أَخْرِجِي الْكِتَابَ فَقَالَتْ: مَا مَعِيْ مِنْ كِتَابٍ فَقُلْنَا: لَتُخْرِجَنَّ الْكِتَابَ أَوْ لَتُلْقِيَنَّ الثِّيَابَ فَأَخْرَجَتْهُ مِنْ عِقَاصِهَا فَأَتَيْنَا بِهِ رَسُوْلَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ فَإِذَا فِيْهِ: مِنْ حَاطِبِ بْنِ أَبِيْ بَلْتَعَةَ، إِلٰى أُنَاسٍ مِّنَ الْمُشْرِكِيْنَ، مِنْ أَهْلِ مَكَّةَ، يُخْبِرُهُمْ بِبَعْضِ أَمْرِ رَسولِ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ فَقَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: يَا حَاطِبُ مَا هٰذَا قَالَ: يَا رَسُوْلَ اللّٰهِ لَا تَعْجَلْ عَلَيَّ إِنِّيْ كُنْتُ امْرَءًا مُّلْصَقًا فِيْ قُرَيْشٍ، وَلَمْ أَكُنْ مِنْ أَنْفُسِهَا وَكَانَ مَنْ مَعَكَ مِنَ الْمُهَاجِرِيْنَ، لَهُمْ قَرَابَاتٌ بِمَكَّةَ يَحْمُوْنَ بِهَا أَهْلِيهِمْ وَأَمْوَالَهُمْ؛ فَأَحْبَبْتُ، إِذْ فَاتَنِيْ ذٰلِكَ مِنَ النَّسَبِ فِيْهِمْ، أَنْ أَتَّخِذَ عِنْدَهُمْ يَدًا يَّحْمُوْنَ بِهَا قَرَابَتِيْ وَمَا فَعَلْتُ كُفْرًا وَّلَا ارْتِدَادًا، وَلَا رِضًا بِالْكُفْرِ بَعْدَ الْإِسْلَامِ فَقَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: لَقَدْ صَدَقَكُمْ فَقَالَ عُمَرُ: يَا رَسُوْلَ اللّٰهِ دَعْنِيْ أَضْرِبْ عُنُقَ هٰذَا الْمُنَافِقِ قَالَ: إِنَّهُ قَدْ شَهِدَ بَدْرًا، وَمَا يُدْرِيكَ لَعَلَّ اللّٰهَ أَنْ يَّكُوْنَ قَدِ اطَّلَعَ عَلٰى أَهْلِ بَدْرٍ، فَقَالَ: اعْمَلُوْا مَا شِئْتُمْ فَقَدْ غَفَرْتُ لَكُمْ

✧✧ حضرت علی رضی اللہ عنہ بیان کرتے ہیں: نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے مجھے اور حضرت زبیر رضی اللہ عنہ کو اور حضرت مقداد بن اسود رضی اللہ عنہ کو روانہ کیا، اور فرمایا: جاؤ جب تم ''خاخ'' کے باغ میں پہنچو گے تو وہاں ایک عورت ہوگی اس کے پاس ایک خط ہوگا وہ اس سے لے لینا' ہم لوگ روانہ ہوئے ہم نے اپنے گھوڑوں کو ایڑ لگائی یہاں تک کہ ہم اس باغ تک پہنچ گئے۔ وہاں ایک عورت موجود تھی ہم نے اسے کہا: خط نکالو، وہ بولی: میرے پاس کوئی خط نہیں ہے۔ ہم نے کہا: یا تو تم خود ہی خط نکال دو ورنہ ہم تمہارے کپڑے اتروا دیں گے۔ اس عورت نے اپنے بالوں میں سے خط نکال دیا ہم وہ لے کر نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کی خدمت میں حاضر ہوئے۔ اس کی تحریر حاطب بن ابو بلتعہ کی طرف سے مکہ میں موجود مشرکین کے کچھ افراد کے نام تھی جس میں انہیں نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کے (مکہ پر حملے) کے بارے

رقم الحديث : 1622

اخرجه ابوالحسين مسلم النيسابوری فی ''صحيحه'' طبع داراحياء التراث العربی، بيروت، لبنان، رقم الحديث:**2494** اخرجه ابوداؤد السجستانی فی ''سننه'' طبع دارالفكر،بيروت، لبنان، رقم الحديث:**2690** اخرجه ابو عيسىٰ الترمذی، فی ''جامعه''، طبع داراحياء التراث العربی، بيروت، لبنان، رقم الحديث: **3305** اخرجه ابوبكر الحميدی فی ''مسنده'' طبع دارالكتب العلميه، مكتبه المتنبی، بيروت، قاهره، رقم الحديث:**49** اخرجه ابوعبدالله الشيبانی فی ''مسنده'' طبع موسسه قرطبه، قاهره، مصر،رقم الحديث: **600** اخرجه ابوحاتم البستی فی ''صحيحه'' طبع موسسه الرساله، بيروت، لبنان، **1414**ھ/**1993**ء، رقم الحديث: **6499** اخرجه ابوعبدالرحمن النسائی فی ''سننه'' طبع مكتب المطبوعات الاسلاميه، حلب، شام، **1406**ھ، **1986**ء، رقم الحديث:**11585** ذكره ابوبكر البيبقی فی ''سننه الكبرىٰ'' طبع مكتبه دارالباز، مكه مكرمه، سعودی عرب **1414**ھ/**1994**ء، رقم الحديث:**18215** اخرجه ابويعلی الموصلی فی ''مسنده'' طبع دارالمامون للتراث، دمشق، شام، **1404**ھ-**1984**ء، رقم الحديث: **394** اخرجه ابوعبدالله البخاری فی ''الادب المفرد'' طبع دارالبشائر الاسلاميه، بيروت، لبنان، **1409**ھ/**1989**ء، رقم الحديث: **438** اخرجه ابومحمد الكسی فی ''مسنده'' طبع مكتبة السنة، قاهره، مصر، **1408**ھ/**1988**ء، رقم الحديث:**83**

Marfat.com

میں بتایا گیا۔ نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے دریافت کیا: اے حاطب! یہ کیا مسئلہ ہے؟ انہوں نے عرض کی: یارسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم! آپ میرے بارے میں جلد فیصلہ نہ کیجئے میں ایک ایسا شخص ہوں، جو قریش کے پاس رہ رہا تھا۔ میرا ان کے ساتھ خاندانی طور پر کوئی تعلق نہیں ہے۔ آپ کے ہمراہ جو دیگر مہاجرین ہیں ان کے قریبی رشتہ دار مکہ میں موجود ہیں۔ اس لئے مشرکین مکہ ان کے اہل خانہ اور ان کے اموال کا خیال رکھیں گے۔ میری یہ خواہش تھی کیونکہ میرا ان کے ساتھ کوئی تعلق نہیں ہے اس لئے میں ان پر کوئی احسان کردوں تاکہ اس وجہ سے وہ میرے اہل خانہ کا خیال رکھیں میں نے کفر، ارتداد، یا اسلام لانے کے بعد کفر پر راضی رہتے ہوئے ایسا نہیں کیا۔ نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے ارشاد فرمایا: تم نے سچ کہا ہے: حضرت عمر رضی اللہ عنہ نے عرض کی: یارسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم! مجھے اجازت دیجئے کہ میں اس منافق کی گردن اڑادوں۔ نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے ارشاد فرمایا: یہ بدر میں شریک ہوا ہے تمہیں کیا پتہ؟ شاید اللہ تعالیٰ نے اہل بدر کی طرف جھانک کر یہ فرمادیا ہو: اب تم چاہے جو بھی کرو میں نے تو تمہیں بخش دیا ہے۔

أخرجه البخاري في: 56 كتاب الجهاد والسير: 141 باب الجاسوس وقول الله تعالى (لا تتخذوا عدوي وعدوكم أولياء)
رقم الجزء: 1 رقم الصفحة: 790 (جہانگیری صحیح بخاری مطبوعہ شبیر برادرز، رقم الحدیث 2845)

•••————•••————•••

من فضائل أبي موسى وأبي عامر الأشعريين رَضِيَ اللّٰهُ عَنْهُمَا

حضرت ابوموسیٰ اشعری رضی اللہ عنہ اور حضرت ابوعامر اشعری رضی اللہ عنہ کے فضائل

1623 حديث أَبِي مُوسَى رَضِيَ اللّٰهُ عَنْهُ،

قَالَ: كُنْتُ عِنْدَ النَّبِيِّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ، وَهُوَ نَازِلٌ بِالْجِعْرَانَةِ، بَيْنَ مَكَّةَ وَالْمَدِينَةِ، وَمَعَهُ بِلاَلٌ فَأَتَى النَّبِيَّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ أَعْرَابِيٌّ، فَقَالَ: أَلاَ تُنْجِزُ لِي مَا وَعَدْتَنِي فَقَالَ لَهُ: أَبْشِرْ فَقَالَ: قَدْ أَكْثَرْتَ عَلَيَّ مِنْ (أَبْشِرْ) فَأَقْبَلَ عَلَى أَبِي مُوسَى وَبِلاَلٍ، كَهَيْئَةِ الْغَضْبَانِ، فَقَالَ: رَدَّ الْبُشْرَى، فَاقْبَلاَ أَنْتُمَا قَالاَ: قَبِلْنَا ثُمَّ دَعَا بِقَدَحٍ، فِيهِ مَاءٌ، فَغَسَلَ يَدَيْهِ وَوَجْهَهُ فِيهِ، وَمَجَّ فِيهِ، ثُمَّ قَالَ: اشْرَبَا مِنْهُ، وَأَفْرِغَا عَلَى وُجُوهِكُمَا وَنُحُورِكُمَا، وَأَبْشِرَا فَأَخَذَا الْقَدَحَ، فَفَعَلاَ فَنَادَتْ أُمُّ سَلَمَةَ، مِنْ وَرَاءِ السِّتْرِ: أَنْ أَفْضِلاَ لِأُمِّكُمَا فَأَفْضَلاَ لَهَا مِنْهُ طَائِفَةً

✧✧ حضرت ابوموسیٰ اشعری رضی اللہ عنہ بیان کرتے ہیں: میں نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کے پاس موجود تھا۔ آپ نے مکہ اور مدینہ کے درمیان جعرانہ کے مقام پر پڑاؤ کیا ہوا تھا آپ کے ساتھ حضرت بلال رضی اللہ عنہ موجود تھے۔ نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کی خدمت میں ایک دیہاتی آیا اس نے عرض کی: آپ نے مجھ سے جو وعدہ کیا تھا وہ مجھے ادا کردیں نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے اس سے فرمایا: تم خوشخبری قبول کرو! اس نے کہا: آپ مجھے پہلے بھی کئی خوشخبریاں دے چکے ہیں۔ نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے حضرت ابوموسیٰ رضی اللہ عنہ اور حضرت بلال رضی اللہ عنہ کی طرف رخ کیا۔ یوں جیسے آپ غضب کے عالم میں ہیں' آپ نے فرمایا: اس نے خوشخبری کو مسترد کردیا ہے تم دونوں اسے قبول کرو! ان دونوں نے عرض کی: ہم دونوں اسے قبول کرتے ہیں' پھر نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے پیالہ منگوایا اس میں پانی موجود تھا آپ نے اپنے دونوں ہاتھ اس میں دھوئے اور اپنا چہرہ مبارک بھی اس میں دھویا پھر اس میں کلی کی پھر فرمایا: تم دونوں اسے پی لو اور اسے اپنے چہرے اور سینے پر

Marfat.com

بھی ڈالو اور خوشخبری قبول کرو! ان دونوں حضرات نے اس پیالے کو پکڑ لیا اور ایسا ہی کیا' پردے کے پیچھے سے سیّدہ اُمّ سلمہ رضی اللہ عنہا نے آواز دی: اپنی والدہ کے لئے بھی تھوڑا سا پانی بچا دینا' تو ان دونوں حضرات نے اس پانی میں سے تھوڑا سا ان کے لئے بھی بچا لیا۔

أخرجه البخاري في 64 كتاب المغازي: 56 باب غزوة الطائف في شوال سنة ثمان

رقم الجزء: 1 رقم الصفحة: 792 (جہانگیری صحیح بخاری، مطبوعہ شبیر برادرز، رقم الحدیث: 4073)

1624 حديث أَبِي مُوسٰى رَضِيَ اللّٰهُ عَنْهُ،

قَالَ: لَمَّا فَرَغَ النَّبِيُّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ، مِنْ حُنَيْنٍ، بَعَثَ أَبَا عَامِرٍ عَلٰى جَيْشٍ إِلٰى أَوْطَاسٍ فَلَقِي دُرَيْدَ بْنَ الصِّمَّةِ فَقُتِلَ دُرَيْدٌ، وَهَزَمَ اللّٰهُ أَصْحَابَهُ قَالَ أَبُوْ مُوسى: وَبَعَثَنِي مَعَ أَبِي عَامِرٍ فَرُمِيَ أَبُوْ عَامِرٍ فِي رُكْبَتِهِ رَمَاهُ جُشَمِيٌّ بِسَهْمٍ فَأَثْبَتَهُ فِي رُكْبَتِهِ فَانْتَهَيْتُ إِلَيْهِ، فَقُلْتُ: يَا عَمِّ مَنْ رَمَاكَ فَأَشَارَ إِلَي أَبِي مُوسى، فَقَالَ: ذَاكَ قَاتِلِي الَّذِي رَمَانِي فَقَصَدْتُ لَهُ فَلَحِقْتُهُ فَلَمَّا رَانِي وَلّٰى فَاتَّبَعْتُهُ وَجَعَلْتُ أَقُوْلُ لَهُ: أَلَا تَسْتَحِي أَلَا تَثْبُتُ فَكَفَّ فَاخْتَلَفْنَا ضَرْبَتَيْنِ بِالسَّيْفِ، فَقَتَلْتُهُ ثُمَّ قُلْتُ لِأَبِي عَامِرٍ: قَتَلَ اللّٰهُ صَاحِبَكَ قَالَ: فَانْزِعْ هٰذَا السَّهْمَ فَنَزَعْتُهُ، فَنَزَا مِنْهُ الْمَاءُ قَالَ: يَا ابْنَ أَخِي أَقْرِئِ النَّبِيَّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ السَّلَامَ، وَقُلْ لَّهُ: اسْتَغْفِرْ لِي وَاسْتَخْلَفَنِي أَبُوْ عَامِرٍ عَلَى النَّاسِ، فَمَكُثَ يَسِيرًا، ثُمَّ مَاتَ فَرَجَعْتُ، فَدَخَلْتُ عَلَى النَّبِيِّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ، فِي بَيْتِهِ عَلٰى سَرِيرٍ مُرْمَلٍ، وَعَلَيْهِ فِرَاشٌ قَدْ أَثَّرَ رِمَالُ السَّرِيرِ بِظَهْرِهِ وَجَنْبَيْهِ، فَأَخْبَرْتُهُ بِخَبَرِنَا، وَخَبَرِ أَبِي عَامِرٍ وَقَالَ قُلْ لَّهُ اسْتَغْفِرْ لِي فَدَعَا بِمَاءٍ فَتَوَضَّأَ، ثُمَّ رَفَعَ يَدَيْهِ فَقَالَ: اللّٰهُمَّ اغْفِرْ لِعُبَيْدٍ أَبِي عَامِرٍ وَرَأَيْتُ بَيَاضَ إِبْطَيْهِ ثُمَّ قَالَ: اللّٰهُمَّ اجْعَلْهُ يَوْمَ الْقِيَامَةِ فَوْقَ كَثِيرٍ مِّنْ خَلْقِكَ مِنَ النَّاسِ فَقُلْتُ: وَلِي فَاسْتَغْفِرْ فَقَالَ: اللّٰهُمَّ اغْفِرْ لِعَبْدِ اللّٰهِ بْنِ قَيْسٍ ذَنْبَهُ، وَأَدْخِلْهُ يَوْمَ الْقِيَامَةِ مُدْخَلًا كَرِيمًا

قَالَ أَبُوْ بُرْدَةَ (رَاوِي الْحَدِيثِ): إِحْدَاهُمَا لِأَبِي عَامِرٍ، وَالْأُخْرٰى لِأَبِي مُوسٰى

✧✧ حضرت ابوموسیٰ رضی اللہ عنہ بیان کرتے ہیں: جب نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم غزوہ حنین سے فارغ ہوئے آپ نے حضرت ابوعامر رضی اللہ عنہ کو ایک لشکر کا امیر بنا کر اوطاس کی طرف بھیجا ان کا سامنا ''درید بن صمہ'' سے ہوا۔ درید مارا گیا اللہ تعالیٰ نے اس کے ساتھیوں کو پسپا کر دیا۔

حضرت ابوموسیٰ رضی اللہ عنہ بیان کرتے ہیں: نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے مجھے بھی حضرت ابوعامر رضی اللہ عنہ کے ساتھ بھیجا تھا حضرت ابوعامر رضی اللہ عنہ کے گھٹنے میں ''جشمی'' نے تیر مارا وہ ان کے گھٹنے میں لگ گیا میں ان کے پاس آیا میں نے کہا: چچا جان! آپ کو کس نے تیر مارا ہے؟ تو انہوں نے حضرت ابوموسیٰ کو اشارہ کر کے بتایا: وہ شخص میرا قاتل ہے جس نے مجھے تیر مارا ہے' میں اس کی طرف بڑھا میں اس کے سامنے آیا اس نے جب مجھے دیکھا تو وہ منہ موڑ کر بھاگا میں اس کے پیچھے گیا میں اس سے یہ کہہ رہا تھا: کیا تمہیں شرم نہیں آتی ہے' تم رکتے کیوں نہیں؟ وہ ٹھہر گیا پھر ہمارے درمیان لڑائی شروع ہوئی تو میں نے اسے قتل کر دیا پھر میں نے حضرت ابوعامر رضی اللہ عنہ سے کہا: اللہ تعالیٰ نے آپ کے دشمن کو قتل کروا دیا ہے انہوں نے فرمایا: اس تیر کو باہر نکالو! میں نے اسے باہر نکالا تو اس میں سے خون نکلنے لگا انہوں نے فرمایا: اے میرے بھتیجے! نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کو میرا سلام کہہ دینا اور ان سے یہ کہنا: آپ میرے لئے دعائے مغفرت کریں!

Marfat.com

پھر حضرت ابوعامر نے مجھے لوگوں پر اپنا نائب بنا دیا۔ تھوڑی دیر گزرنے کے بعد ان کا انتقال ہو گیا۔

واپس آکر جب میں نبی اکرم ﷺ کی خدمت میں آپ کے گھر میں حاضر ہوا تو آپ ایک چارپائی پر تشریف فرما تھے جو کھجور کی چھال کی رسیوں سے بنی ہوئی تھی اور اس پر روئی بچھونا وغیرہ نہیں تھا اس چارپائی کا نشان آپ کی پشت اور آپ کے پہلوؤں پر لگ رہا تھا میں نے آپ کو اپنی اور حضرت ابوعامر رضی اللہ عنہ کی اطلاع دی اور یہ عرض کی: انہوں نے یہ فرمایا تھا کہ نبی اکرم ﷺ کی خدمت میں یہ عرض کرنا وہ میرے لئے دعائے مغفرت کریں! نبی اکرم ﷺ نے پانی منگوا کر وضو کیا پھر آپ نے دونوں ہاتھ بلند کر کے دعا کی: اے اللہ! اپنے عبد ابوعامر کو بخش دے۔ حضرت ابوموسیٰ رضی اللہ عنہ بیان کرتے ہیں: میں نے آپ کی بغلوں کی سفیدی دیکھ لی پھر آپ نے دعا کی: اے اللہ! قیامت کے دن اسے اپنی مخلوق میں بہت سے لوگوں سے اوپر رکھنا حضرت ابوموسیٰ رضی اللہ عنہ بیان کرتے ہیں: میں نے عرض کی: میرے لئے بھی مغفرت کی دعا کیجئے! نبی اکرم ﷺ نے دعا کی: اے اللہ! عبداللہ بن قیس کے گناہوں کو بخش دے اور اسے قیامت کے دن عزت والی جگہ میں داخل کر۔

ابوبردہ نامی راوی بیان کرتے ہیں: ایک دعا حضرت ابوعامر رضی اللہ عنہ کے لئے تھی اور دوسری دعا حضرت ابوموسیٰ رضی اللہ عنہ سے تھی۔

أخرجه البخاري في: 64 كتاب المغازي: 55 باب غزاة أوطاس

رقم الجزء: 1 رقم الصفحة: 793 (جہانگیری صحیح بخاری مطبوعہ شبیر برادرز، رقم الحدیث 4068)

•••————•••————•••

من فضائل الأشعريين رَضِيَ اللّٰهُ عَنْهُم

اشعر قبیلے کے لوگوں کے فضائل

1625 حديث أَبِي مُوسَى رَضِيَ اللّٰهُ عَنْهُ

قَالَ النَّبِيُّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: إِنِّي لَأَعْرِفُ أَصْوَاتَ رُفْقَةِ الْأَشْعَرِيِّينَ بِالْقُرْآنِ حِينَ يَدْخُلُونَ بِاللَّيْلِ، وَأَعْرِفُ مَنَازِلَهُمْ مِنْ أَصْوَاتِهِمْ بِالْقُرْآنِ بِاللَّيْلِ، وَإِنْ كُنْتُ لَمْ أَرَ مَنَازِلَهُمْ حِينَ نَزَلُوا بِالنَّهَارِ وَمِنْهُمْ حَكِيمٌ، إِذَا لَقِيَ الْخَيْلَ (أَوْ قَالَ) الْعَدُوَّ، قَالَ لَهُمْ إِنَّ أَصْحَابِي يَأْمُرُونَكُمْ أَنْ تَنْظُرُوهُمْ

✧✧ حضرت ابوموسیٰ رضی اللہ عنہ نے نبی اکرم ﷺ کا یہ فرمان نقل کیا ہے: میں اپنے اشعری دوستوں کے رات کے وقت قرآن پڑھنے کی آواز فوراً پہچان لیتا ہوں جب وہ رات کے وقت گھر آتے ہیں اور میں ان کی آواز کے ذریعے ان کی جگہ کا اندازہ لگا لیتا ہوں اگرچہ میں نے آواز میں وہ رات کے وقت قرآن پڑھتے ہیں اگرچہ میں نے ان کے ٹھہرنے کی جگہ نہیں دیکھی ہوتی جہاں وہ دن کے وقت پڑاؤ کرتے ہیں ان میں سے ایک حکیم ہیں جب وہ کسی سوار کا (راوی کو شک ہے یا شاید یہ الفاظ ہیں) کسی دشمن کا سامنا کرتے ہیں تو ان سے یہ کہتے ہیں: میرے ساتھی تم کو یہ ہدایت کرتے ہیں کہ تم ان کا انتظار کرو۔

أخرجه البخاري في: 64 كتاب المغازي: 38 باب غزوة خيبر

رقم الجزء: 1 رقم الصفحة: 795 (جہانگیری صحیح بخاری مطبوعہ شبیر برادرز، رقم الحدیث 3991)

Marfat.com

﴿1626﴾ حديث أَبِي مُوسٰى رَضِيَ اللّٰهُ عَنْهُ،

قَالَ: قَالَ النَّبِيُّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: إِنَّ الْأَشْعَرِيِّينَ إِذَا أَرْمَلُوْا فِي الْغَزْوِ، أَوْ قَلَّ طَعَامُ عِيَالِهِمْ بِالْمَدِيْنَةِ، جَمَعُوا مَا كَانَ عِنْدَهُمْ فِيْ ثَوْبٍ وَاحِدٍ، ثُمَّ اقْتَسَمُوْهُ بَيْنَهُمْ، فِيْ إِنَاءٍ وَاحِدٍ بِالسَّوِيَّةِ فَهُمْ مِنِّيْ وَأَنَا مِنْهُمْ

✧✧ حضرت ابوموسیٰ رضی اللہ عنہ بیان کرتے ہیں، نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے ارشاد فرمایا ہے: اشعر قبیلے کے لوگ جب جہاد کے دوران محتاج ہو جاتے ہیں یا مدینہ منورہ میں ان کے گھر والوں کا کھانا کم ہو جاتا ہے تو ان کے پاس جو کچھ ہوتا ہے اسے ایک کپڑے میں رکھ لیتے ہیں اور پھر آپس میں برابر تقسیم کر لیتے ہیں یہ مجھ سے ہیں اور میں ان سے ہوں۔

أخرجه البخاري في: 47 كتاب الشركة: 1 باب الشركة في الطعام والنهد والعروض

رقم الجزء: 1 رقم الصفحة: 795 (جہانگیری صحیح بخاری، مطبوعہ شبیر برادرز، رقم الحدیث:2354)

•••———•••———•••

من فضائل جعفر بن أبي طالب وأسماء بنت عميس وأهل سفينتهم رَضِيَ اللّٰهُ عَنْهُم

حضرت جعفر بن ابوطالب رضی اللہ عنہ، سیدہ اسماء بنت عمیس رضی اللہ عنہا اور کشتی میں آنے والوں کے فضائل

﴿1627﴾ حديث أَبِي مُوسٰى وَأَسْمَاءَ بِنْتِ عُمَيْسٍ رَضِيَ اللّٰهُ عَنْهُمَا

عَنْ أَبِي مُوسٰى رَضِيَ اللّٰهُ عَنْهُ، قَالَ: بَلَغَنَا مَخْرَجُ النَّبِيِّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ، وَنَحْنُ بِالْيَمَنِ فَخَرَجْنَا مُهَاجِرِيْنَ إِلَيْهِ، أَنَا وَأَخَوَانِ لِي، أَنَا أَصْغَرُهُمْ، أَحَدُهُمَا أَبُوْ بُرْدَةَ، وَالآخَرُ أَبُوْ رُهْمٍ فِيْ ثَلَاثَةٍ وَخَمْسِينَ أَوِ اثْنَيْنِ وَخَمْسِينَ رَجُلاً مِّنْ قَوْمِي فَرَكِبْنَا سَفِينَةً، فَأَلْقَتْنَا سَفِينَتُنَا إِلَى النَّجَاشِيِّ، بِالْحَبَشَةِ، فَوَافَقْنَا جَعْفَرَ بْنَ أَبِي طَالِبٍ فَأَقَمْنَا مَعَهُ حَتّٰى قَدِمْنَا جَمِيعًا فَوَافَقْنَا النَّبِيَّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ، حِيْنَ افْتَتَحَ خَيْبَرَ وَكَانَ أُنَاسٌ مِّنَ النَّاسِ يَقُوْلُوْنَ لَنَا: (يَعْنِي لِأَهْلِ السَّفِينَةِ) سَبَقْنَاكُمْ بِالْهِجْرَةِ

وَدَخَلَتْ أَسْمَاءُ بِنْتُ عُمَيْسٍ، وَهِيَ مِمَّنْ قَدِمَ مَعَنَا، عَلٰى حَفْصَةَ، زَوْجِ النَّبِيِّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ، زَائِرَةً وَقَدْ كَانَتْ هَاجَرَتْ إِلَى النَّجَاشِيِّ فِيمَنْ هَاجَرَ فَدَخَلَ عُمَرُ عَلٰى حَفْصَةَ، وَأَسْمَاءُ عِنْدَهَا فَقَالَ عُمَرُ، حِيْنَ رَأٰى أَسْمَاءَ: مَنْ هٰذِهِ قَالَتْ: أَسْمَاءُ بِنْتُ عُمَيْسٍ قَالَ عُمَرُ: الْحَبَشِيَّةُ هٰذِهِ الْبَحْرِيَّةُ هٰذِهِ قَالَتْ أَسْمَاءُ: نَعَم قَالَ: سَبَقْنَاكُمْ بِالْهِجْرَةِ، فَنَحْنُ أَحَقُّ بِرَسُوْلِ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ، مِنْكُمْ فَغَضِبَتْ، وَقَالَتْ: كَلَّا وَاللّٰهِ كُنْتُمْ مَعَ رَسُوْلِ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ، يُطْعِمُ جَائِعَكُمْ، وَيَعِظُ جَاهِلَكُمْ وَكُنَّا فِيْ دَارٍ، (أَوْ) فِيْ أَرْضِ الْبُعَدَاءِ الْبُغَضَاءِ بِالْحَبَشَةِ وَذٰلِكَ فِي اللّٰهِ وَفِيْ رَسُوْلِهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ وَايْمُ اللّٰهِ لَا أَطْعَمُ طَعَامًا، وَلَا أَشْرَبُ شَرَابًا، حَتّٰى أَذْكُرَ مَا قُلْتَ لِرَسُوْلِ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ وَنَحْنُ كُنَّا نُؤْذٰى وَنَخَافُ، وَسَأَذْكُرُ ذٰلِكَ لِلنَّبِيِّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ، وَأَسْأَلُهُ وَاللّٰهِ لَا أَكْذِبُ وَلَا أَزِيغُ وَلَا أَزِيدُ عَلَيْهِ فَلَمَّا جَاءَ النَّبِيُّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ، قَالَتْ: يَا نَبِيَّ اللّٰهِ إِنَّ عُمَرَ قَالَ كَذَا وَكَذَا قَالَ: فَمَا قُلْتِ لَهُ قَالَتْ: قُلْتُ لَهُ كَذَا وَكَذَا قَالَ:

Marfat.com

لَيْسَ بِأَحَقَّ بِي مِنْكُمْ وَلَهُ وَلِأَصْحَابِهِ هِجْرَةٌ وَاحِدَةٌ وَلَكُمْ أَنْتُمْ، أَهْلَ السَّفِينَةِ هِجْرَتَانِ

قَالَتْ: فَلَقَدْ رَأَيْتُ أَبَا مُوسَى وَأَصْحَابَ السَّفِينَةِ يَأْتُونِي أَرْسَالاً، يَسْأَلُونِي عَنْ هَذَا الْحَدِيثِ مَا مِنَ الدُّنْيَا شَيْءٌ هُمْ بِهِ أَفْرَحُ، وَلاَ أَعْظَمُ فِي أَنْفُسِهِمْ، مِمَّا قَالَ لَهُمُ النَّبِيُّ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ

قَالَ أَبُو بُرْدَةَ (رَاوِي الْحَدِيثِ) قَالَتْ أَسْمَاءُ: فَلَقَدْ رَأَيْتُ أَبَا مُوسَى وَإِنَّهُ لِيَسْتَعِيدُ هَذَا الْحَدِيثَ مِنِّي

✧✧ حضرت ابوموسیٰ رضی اللہ عنہ بیان کرتے ہیں: ہمیں نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کی مکہ سے روانہ ہونے کی اطلاع ملی ہم اس وقت یمن میں موجود تھے ہم ہجرت کرکے آپ کی طرف آنے لگے میرے ساتھ میرے دو بھائی بھی تھے میں ان دونوں سے چھوٹا تھا ان میں سے ایک ابوبردہ رضی اللہ عنہ تھے اور دوسرے حضرت ابورہم رضی اللہ عنہ تھے (ایک روایت کے الفاظ کے مطابق) ہماری تعداد 50 سے کچھ زیادہ تھی دوسری روایت کے مطابق 53 اور تیسری روایت کے الفاظ کے مطابق 52 تھی۔ ہم لوگ ایک کشتی پر سوار ہوئے اس کشتی نے ہمیں نجاشی کے ملک حبشہ میں پہنچا دیا وہاں ہماری ملاقات حضرت جعفر بن ابوطالب رضی اللہ عنہ سے ہوئی ہم وہاں مقیم رہے یہاں تک کہ ہم سب یہاں اکٹھے آئے اور نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کی خدمت میں اس وقت حاضر ہوئے جب آپ خیبر فتح کر چکے تھے اس وقت ہم سے کچھ لوگ یعنی کشتی میں آنیوالوں سے یہ کہا کرتے تھے ہم ہجرت کرنے میں تم سے آگے ہیں۔

سیدہ اسماء بنت عمیس رضی اللہ عنہا بھی ان میں آئی تھیں وہ نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کی زوجہ حضرت حفصہ رضی اللہ عنہا سے ملنے کے لئے گئیں۔ اس خاتون نے پہلے نجاشی کی طرف ہجرت کی تھی حضرت عمر رضی اللہ عنہ حضرت حفصہ رضی اللہ عنہا کے ہاں آئے تو حضرت اسماء رضی اللہ عنہا وہاں موجود تھیں حضرت عمر رضی اللہ عنہ نے جب حضرت اسماء کو دیکھا تو دریافت کیا یہ کون خاتون ہیں؟ انہوں نے جواب دیا یہ اسماء بنت عمیس رضی اللہ عنہا ہیں۔ حضرت عمر رضی اللہ عنہ نے کہا: وہ جو حبشہ سے آئی ہیں سمندری راستے سے آئی ہیں۔ حضرت اسماء رضی اللہ عنہا نے جواب دیا جی ہاں۔ حضرت عمر رضی اللہ عنہ نے فرمایا گویا ہجرت کرنے کے معاملے میں ہم تم سے آگے ہیں اور ہم تمہارے مقابلے میں نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم سے قریب ہیں اس بات پر وہ غصے میں آگئیں اور بولیں ہرگز نہیں! اللہ کی قسم! آپ لوگ نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کے ساتھ تھے آپ میں سے جو بھوکا ہوتا تھا نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم اسے کھانا دیتے تھے جو ناسمجھ تھے نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم اسے نصیحت کر دیتے تھے لیکن ہم ایک ایسی سرزمین میں تھے جو دور تھی دشمنوں کی سرزمین تھی (حبشہ) اور ہم صرف اللہ اور اس کے رسول کی رضا کے لئے وہاں تھے اللہ کی قسم! اب میں اس وقت تک کوئی چیز نہیں کھاؤں گی اور کوئی چیز نہیں پیوں گی جب تک آپ کی کہی ہوئی بات کا تذکرہ نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم سے نہیں کر دیتی جس سے ہمیں اذیت دی جا رہی ہے۔ ہمیں ڈرایا جا رہا ہے میں اس بات کا تذکرہ نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم سے کروں گی اور نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم سے دریافت کروں گی اللہ کی قسم! میں کوئی غلط بیانی نہیں کروں گی کوئی ہیرا پھیری نہیں کروں گی کوئی اضافی بات نہیں کروں گی جب نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم تشریف لائے تو سیدہ اسماء رضی اللہ عنہا نے عرض کی: اے اللہ کے نبی! حضرت عمر رضی اللہ عنہ نے یہ بات کہی ہے۔ نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے دریافت کیا: پھر تم نے اسے کیا کہا۔ اسماء رضی اللہ عنہا نے جواب دیا: میں نے انہیں یہ جواب دیا۔ نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: وہ تمہارے مقابلے میں میرے زیادہ قریب نہیں ہے اس نے اور اس کے ساتھیوں نے ایک ہجرت کی ہے لیکن اے کشتی والو! تم نے دو ہجرتیں کی ہیں۔

سیدہ اسماء رضی اللہ عنہا بیان کرتی ہیں: مجھے حضرت ابوموسیٰ رضی اللہ عنہ اور کشتی میں آنیوالے دیگر حضرات سے بار بار اس

Marfat.com

ذرگروہ میرے پاس آ کر اس حدیث کے بارے میں پوچھا کرتے تھے اور ان کے نزدیک اس سے زیادہ خوشی والی اور اس سے زیادہ عظیم چیز کوئی نہیں تھی کہ نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے ان کے بارے میں یہ ارشاد فرمایا تھا:

(اس حدیث کے راوی) حضرت ابو بردہ بیان کرتے ہیں: سیّدہ اسماء رضی اللہ عنہا فرماتی ہیں:

حضرت ابوموسیٰ رضی اللہ عنہ کے بارے میں مجھے اچھی طرح یاد ہے حضرت ابوموسیٰ رضی اللہ عنہ مجھ سے بار بار یہ حدیث سنا کرتے تھے۔

أخرجه البخاري في: 64 كتاب المغازي: 38 باب غزوة خيبر

رقم الجزء: 1 رقم الصفحة: 796 (جہانگیری صحیح بخاری، مطبوعہ شبیر برادرز، رقم الحدیث:3990)

•••———•••———•••

من فضائل الأنصار رضي الله تعالى عنهم

انصار کے فضائل

1628 حديث جَابِرٍ رَضِيَ اللّٰهُ عَنْهُ،

قَالَ: نَزَلَتْ هٰذِهِ الْاٰيَةُ فِينَا (إِذْ هَمَّتْ طَائِفَتَانِ مِنْكُمْ أَنْ تَفْشَلاَ) بَنِي سَلِمَةَ وَبَنِي حَارِثَةَ وَمَا أُحِبُّ أَنَّهَا لَمْ تَنْزِلْ: وَاللّٰهُ يَقُوْلُ (وَاللّٰهُ وَلِيُّهُمَا)

✧✧ حضرت جابر رضی اللہ عنہ بیان کرتے ہیں: یہ آیت ہمارے بارے میں نازل ہوئی۔

''جب تم میں سے دو گروہوں نے بزدلی کا ارادہ کیا''

اس سے مراد: بنوسلمہ اور بنوحارثہ ہیں لیکن میری یہ خواہش نہیں ہے کہ یہ آیت نازل نہ ہوئی ہوتی کیونکہ اللہ تعالیٰ نے یہ ارشاد فرمایا ہے: ''اللہ تعالیٰ ان دونوں کا حامی وناصر ہے''۔

أخرجه البخاري في: 64 كتاب المغازي: 18 باب إذ همت طائفتان منكم أن تفشلا

رقم الجزء: 1 رقم الصفحة: 798 (جہانگیری صحیح بخاری، مطبوعہ شبیر برادرز، رقم الحدیث:3825)

1629 حديث زَيْدِ بْنِ أَرْقَمَ عَنْ أَنَسِ بْنِ مَالِكٍ رَضِيَ اللّٰهُ عَنْهُ،

قَالَ: حَزِنْتُ عَلٰى مَنْ أُصِيبَ بِالْحَرَّةِ، فَكَتَبَ إِلَيَّ زَيْدُ ابْنُ أَرْقَمَ، وَبَلَغَهُ شِدَّةُ حُزْنِي، يَذْكُرُ أَنَّهُ سَمِعَ رَسُوْلَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ يَقُوْلُ: اللّٰهُمَّ اغْفِرْ لِلْأَنْصَارِ، وَلِأَبْنَاءِ الْأَنْصَارِ

✧✧ حضرت انس بن مالک رضی اللہ عنہ بیان کرتے ہیں: واقعہ حرہ پر مجھے بہت افسوس ہوا تو حضرت زید بن ارقم رضی اللہ عنہ نے مجھے خط لکھا' انہیں میرے افسوس کا پتہ چل گیا تھا۔ اس میں' انہوں نے اس بات کا تذکرہ کیا کہ انہوں نے نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کو یہ ارشاد

رقم الحديث: 1628

أخرجه ابن حبان التميمي البستي في "صحيحه" طبع دار احياء التراث العربي، بيروت، لبنان، رقم الحديث: 2505 اخرجه ابوحاتم التميمي في "صحيحه" طبع مؤسسة الرسالة، بيروت، لبنان، 1414ھ/1993ء، رقم الحديث: 7288 اخرجه ابوبكر الحميدي في "مسنده" طبع دار الكتب العلمية، مكتبة المتنبي، بيروت، قاهره، رقم الحديث: 1253

Marfat.com

فرماتے ہوئے سنا ہے۔

''اے اللہ! انصار کی مغفرت کر دے! انصار کے بچوں کی مغفرت کر دے۔

انصار کے بچوں کے بچوں کی مغفرت کر دے''۔

أخرجه البخاري في: 65 كتاب التفسير: 63 سورة إذا جاءك المنافقون: 6 باب قوله (لهم الذين يقولون لا تنفقوا على من عند رسول الله حتى ينفضوا)

رقم الجزء: 1 رقم الصفحة: 798 (مہائگیری صحیح بخاری مطبوعہ شبیر برادرز، رقم الحدیث: 4623)

1630 ۔ حديث أَنَسٍ رَضِيَ اللَّهُ عَنْهُ،

قَالَ: رَأَى النَّبِيُّ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ النِّسَاءَ وَالصِّبْيَانَ مُقْبِلِينَ، مِنْ عُرْسٍ، فَقَامَ النَّبِيُّ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ مُمْتَلِئًا، فَقَالَ: اللَّهُمَّ أَنْتُمْ مِنْ أَحَبِّ النَّاسِ إِلَيَّ قَالَهَا ثَلَاثَ مِرَارٍ

✧✧ حضرت انس رضی اللہ عنہ بیان کرتے ہیں' نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے کچھ انصاری خواتین اور بچوں کو آتے ہوئے دیکھا وہ لوگ شادی سے آ رہے تھے، نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم سیدھے کھڑے ہوئے اور فرمایا: اے اللہ! تو گواہ رہنا تم (انصار لوگ) میرے نزدیک سب سے زیادہ محبوب لوگ ہو، یہ بات آپ نے تین مرتبہ ارشاد فرمائی۔

رقم الحديث: 3574

أخرجه البخاري في: 63 كتاب مناقب الأنصار: 5 باب قول النبي صلى الله عليه وسلم للأنصار أنتم أحب الناس إلي

رقم الجزء: 1 رقم الصفحة: 799 (مہائگیری صحیح بخاری مطبوعہ شبیر برادرز، رقم الحدیث: 3574)

1631 ۔ حديث أَنَسِ بْنِ مَالِكٍ رَضِيَ اللَّهُ عَنْهُ،

قَالَ: جَاءَتِ امْرَأَةٌ مِنَ الْأَنْصَارِ إِلَى رَسُولِ اللَّهِ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ وَمَعَهَا صَبِيٌّ لَهَا فَكَلَّمَهَا رَسُولُ اللَّهِ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ فَقَالَ: وَالَّذِي نَفْسِي بِيَدِهِ إِنَّكُمْ أَحَبُّ النَّاسِ إِلَيَّ مَرَّتَيْنِ

✧✧ حضرت انس بن مالک رضی اللہ عنہ بیان کرتے ہیں' ایک انصاری خاتون نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کی خدمت میں حاضر ہوئی اس کے ساتھ اس کا بچہ بھی تھا، نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے اس خاتون کے ساتھ بات چیت کی اور فرمایا: اس ذات کی قسم! جس کے دست قدرت میں میری جان ہے تم لوگ میرے نزدیک لوگوں میں سب سے زیادہ عزیز! ہو یہ بات آپ نے دو مرتبہ ارشاد فرمائی۔

رقم الحديث 1629:

اخرجه ابوالحسين مسلم النيسابوري في "صحيحه" طبع دار احياء التراث العربي بيروت لبنان رقم الحديث: 2506 اخرجه ابو عيسى الترمذي في "جامعه" طبع دار احياء التراث العربي بيروت لبنان رقم الحديث: 3909 اخرجه ابو داؤد الطيالسي في "مسنده" طبع دار المعرفه بيروت لبنان رقم الحديث: 680 اخرجه ابوبكر الشيباني في "الآحاد والمثاني" طبع دار الراية رياض سعودي عرب ١٤١١ھ 1991 رقم الحديث: 1747 اخرجه ابو محمد الكسي في "مسنده" طبع مكتبة السنه قاهره مصر 1408ھ 1988 رقم الحديث: 114 اخرجه ابو عبدالله النيسابوري في "المستدرک" طبع دار الكتب العلميه بيروت لبنان 1411ھ 1990 رقم الحديث: 5766 اخرجه ابو يعلى الموصلي في "مسنده" طبع مؤسسة الرسالة بيروت لبنان 1410ھ 1990 رقم الحديث: 485

Marfat.com

أخرجه البخاري في: 63 كتاب مناقب الأنصار: 5 باب قول النبي صَلَّى اللهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ للأنصار أنتم أحب الناس إليَّ
رقم الجزء: 1 رقم الصفحة: 799 (جہانگیری صحیح بخاری مطبوعہ شبیر برادرز، رقم الحدیث:3575)

﴿1632﴾ حديث أَنَسِ بْنِ مَالِك رَضِيَ اللّٰهُ عَنْهُ،

عَنِ النَّبِيِّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ، قَالَ: الْأَنْصَارُ كَرِشِي وَعَيْبَتِي وَالنَّاسُ سَيَكْثُرُوْنَ وَيَقِلُّونَ فَاقْبَلُوْا مِنْ مُحْسِنِهِمْ وَتَجَاوَزُوْا عَنْ مُسِيئِهِمْ

✧✧ حضرت انس بن مالک رضی اللہ عنہ نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کا یہ فرمان نقل کرتے ہیں: انصار میرے قریبی ساتھی ہیں لوگ زیادہ ہو جائیں گے اور یہ کم رہ جائیں گے۔ تو تم ان کے اچھے فرد کی اچھائی کو قبول کرنا اور برے فرد سے درگزر کرنا۔

أخرجه البخاري في: 63 كتاب مناقب الأنصار: 11 باب قول النبي صَلَّى اللهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ اقبلوا من محسنهم
رقم الجزء: 1 رقم الصفحة: 799 (جہانگیری صحیح بخاری مطبوعہ شبیر برادرز، رقم الحدیث:3590)

•••———•••———•••

في خير دور الأنصار رَضِيَ اللّٰهُ عَنْهُم
انصار کے بہترین گھرانے

﴿1633﴾ حديث أَبِي أُسَيْدٍ رَضِيَ اللّٰهُ عَنْهُ،

قَالَ: قَالَ النَّبِيُّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: خَيْرُ دُوْرِ الْأَنْصَارِ بَنُو النَّجَّارِ، ثُمَّ بَنُو عَبْدِ الْأَشْهَلِ، ثُمَّ بَنُو الْحَرِثِ بْنِ خَزْرَجٍ، ثُمَّ بَنُو سَاعِدَةَ؛ وَفِي كُلِّ دُوْرِ الْأَنْصَارِ خَيْرٌ

فَقَالَ سَعْدٌ: مَا أَرَى النَّبِيَّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ إِلَّا قَدْ فَضَّلَ عَلَيْنَا فَقِيْلَ: قَدْ فَضَّلَكُمْ عَلٰى كَثِيْرٍ

✧✧ حضرت ابو اسید رضی اللہ عنہ یہ بات نقل کرتے ہیں، نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے ارشاد فرمایا: انصار کے خاندانوں میں سب سے بہتر بنو نجار ہیں پھر بنو عبدالاشہل ہیں پھر بنو حارث بن خزرج ہیں پھر بنو ساعدہ ہیں ویسے انصار کا ہر خاندان بہتر ہے۔

حضرت سعد رضی اللہ عنہ نے عرض کی ہے نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے دوسروں کو ہم پر فضیلت دی تو ان سے کہا گیا نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے آپ لوگوں کو بھی بہت سے لوگوں پر فضیلت دی ہے۔

أخرجه البخاري في: 63 كتاب مناقب الأنصار: 7 باب فضل دور الأنصار
رقم الجزء: 1 رقم الصفحة: 800 (جہانگیری صحیح بخاری مطبوعہ شبیر برادرز، رقم الحدیث:3578)

•••———•••———•••

في حسن صحبة الأنصار رَضِيَ اللّٰهُ عَنْهُم
انصار کے ساتھ اچھا سلوک کرنا

﴿1634﴾ حديث جَرِيرِ بْنِ عَبْدِ اللّٰهِ رَضِيَ اللّٰهُ عَنْهُ

Marfat.com

عَنْ أَنَسِ بْنِ مَالِكٍ رَضِيَ اللّٰهُ عَنْهُ، قَالَ: صَحِبْتُ جَرِيرَ بْنَ عَبْدِ اللّٰهِ، فَكَانَ يَخْدُمُنِي وَهُوَ أَكْبَرُ مِنْ أَنَسٍ قَالَ جَرِيرٌ: إِنِّي رَأَيْتُ الْأَنْصَارَ يَصْنَعُونَ شَيْئًا، لاَ أَجِدُ أَحَدًا مِنْهُمْ إِلَّا أَكْرَمْتُهُ

✧✧ حضرت انس بن مالک رضی اللہ عنہ بیان کرتے ہیں' میں حضرت جریر بن عبداللہ رضی اللہ عنہ کے ساتھ تھا وہ میری خدمت کیا کرتے تھے۔ یہ صاحب حضرت انس رضی اللہ عنہ سے عمر میں بڑے تھے۔ حضرت جریر رضی اللہ عنہ فرمایا کرتے تھے: میں نے انصار کو دیکھا ہے انہوں نے وہ کام کیا ہے کہ اب ان میں سے جو بھی مجھے ملے گا میں اس کی عزت افزائی (یعنی خدمت) کروں گا۔

أخرجه البخاري في: 56 كتاب الجهاد: 71 باب فضل الخدمة في الغزو

رقم الجزء: 1 رقم الصفحة: 800 (جہانگیری صحیح بخاری مطبوعہ شبیر برادرز، رقم الحدیث: 2731)

•••———•••———•••

دعاء النبيّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ لغفار وأسلم

نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کا غفار اور اسلم قبیلے کیلئے دعا کرنا

1635 حديث أَبِي هُرَيْرَةَ رَضِيَ اللّٰهُ عَنْهُ،

عَنِ النَّبِيِّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ، قَالَ: أَسْلَمُ، سَالَمَهَا اللّٰهُ وَغِفَارُ، غَفَرَ اللّٰهُ لَهَا

✧✧ حضرت ابوہریرہ رضی اللہ عنہ بیان کرتے ہیں' نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے ارشاد فرمایا ہے: ''اسلم'' قبیلے والوں کو اللہ تعالیٰ سلامت رکھے اور ''غفار'' قبیلے والوں کی اللہ تعالیٰ مغفرت کرے۔

أخرجه البخاري في: 61 كتاب المناقب: 6 باب ذكر أسلم وغفار ومزينة وجهينة وأشجع

رقم الجزء: 1 رقم الصفحة: 800 (جہانگیری صحیح بخاری مطبوعہ شبیر برادرز، رقم الحدیث: 3323)

1636 حديث ابْنِ عُمَرَ رَضِيَ اللّٰهُ عَنْهُمَا

أَنَّ رَسُولَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ، قَالَ عَلَى الْمِنْبَرِ: غِفَارُ، غَفَرَ اللّٰهُ لَهَا وَأَسْلَمُ، سَالَمَهَا اللّٰهُ

رقم الحديث: 1634

ذكره ابوبكر البيهقي في "سننه الكبرى" طبع مكتبه دارالباز، مكه مكرمه، سعودى عرب 1414ھ/1994ء، رقم الحديث: 10133 اخرجه ابوالقاسم الطبراني في "معجمه الكبير" طبع مكتبه العلوم والحكم، موصل، رقم الحديث: 2218 اخرجه ابوبكر الشيباني في "الاحادوالمثاني" طبع دارالراية، رياض، سعودى عرب، 1411ھ/1991ء، رقم الحديث: 1763 اخرجه ابوالحسن الجوبرى في "مسنده" طبع موسسه نادر، بيروت، لبنان، 1410ھ/1990ء، رقم الحديث: 1351 اخرجه ابوالحسين مسلم النيسابوري في "صحيحه" طبع داراحياء التراث العربي، بيروت، لبنان، رقم الحديث: 2513

رقم الحديث 3322: اخرجه ابوالحسين مسلم النيسابوري في "صحيحه" طبع داراحياء التراث العربي، بيروت، لبنان، رقم الحديث: 2518 اخرجه ابوعيسى الترمذي في "جامعه" طبع داراحياء التراث العربي، بيروت، لبنان، رقم الحديث: 3941 اخرجه ابوعبدالله الشيباني في "مسنده" طبع موسسه قرطبه، قاهره، مصر، رقم الحديث: 4702 اخرجه ابوداؤد الطيالسي في "مسنده" طبع دارالمعرفة، بيروت، لبنان، رقم الحديث: 1915

Marfat.com

وَعُصَيَّةُ، عَصَتِ اللّٰهَ وَرَسُوْلَهُ

✧✧ حضرت عبداللہ رضی اللہ عنہ بیان کرتے ہیں' نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے منبر پر یہ فرمایا تھا کہ ''غفار'' قبیلے والوں کی اللہ تعالیٰ مغفرت کرے اور ''اسلم'' قبیلے والوں کو اللہ تعالیٰ سلامت رکھے اور ''عصیہ'' قبیلے والوں نے اللہ اور اس کے رسول کی نافرمانی کی ہے۔

أخرجه البخاري في: 61 كتاب المناقب: 6 باب ذكر أسلم وغفار ومزينة وجهينة وأشجع

رقم الجزء: 1 رقم الصفحة: 801 (جہانگیری صحیح بخاری، مطبوعہ شبیر برادرز، رقم الحدیث:3322)

من فضائل غفار وأسلم وجهينة وأشجع ومزينة وتميم ودوس وطي

غفار' اسلم' جہینہ' اشجع' مزینہ' تمیم' دوس اور طے قبائل کے فضائل

1637 ◦ حديث أَبِي هُرَيْرَةَ رَضِيَ اللّٰهُ عَنْهُ،

قَالَ. قَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: قُرَيْشٌ وَالْأَنْصَارُ وَجُهَيْنَةُ وَمُزَيْنَةُ وَأَسْلَمُ وَأَشْجَعُ وَغِفَارُ، مَوَالِيَّ. لَيْسَ لَهُمْ مَوْلًى دُوْنَ اللّٰهِ وَرَسُوْلِهِ

✧✧ حضرت ابو ہریرہ رضی اللہ عنہ بیان کرتے ہیں' نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے ارشاد فرمایا ہے: قریش، انصار، جہینہ، مزینہ، اسلم، اشجع، غفار میرے ساتھی ہیں ان کا اللہ اور اس کے رسول کے سوا کوئی مددگار نہیں ہے۔

أخرجه البخاري في: 61 كتاب المناقب: 2 باب مناقب قريش

رقم الجزء: 1 رقم الصفحة: 801 (جہانگیری صحیح بخاری، مطبوعہ شبیر برادرز، رقم الحدیث:3313)

1638 ◦ حديث أَبِي هُرَيْرَةَ رَضِيَ اللّٰهُ عَنْهُ،

قَالَ. قَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: أَسْلَمُ وَغِفَارُ وَشَيْءٌ مِّنْ مُزَيْنَةَ وَجُهَيْنَةَ (أَوْ قَالَ) شَيْءٌ مِّنْ جُهَيْنَةَ أَوْ مُزَيْنَةَ، خَيْرٌ عِنْدَ اللّٰهِ (أَوْ قَالَ) يَوْمَ الْقِيَامَةِ، مِنْ أَسَدٍ وَتَمِيمٍ وَهَوَازِنَ وَغَطَفَانَ

✧✧ حضرت ابو ہریرہ رضی اللہ عنہ بیان کرتے ہیں، نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے ارشاد فرمایا ہے: اسلم، غفار (کے سب لوگ اور)، مزینہ اور جہینہ کے کچھ افراد، راوی کو شک ہے یا شاید یہ ارشاد فرمایا: جہینہ یا مزینہ کے کچھ افراد اللہ تعالیٰ کے نزدیک (راوی کو شک ہے یا شاید یہ فرمایا) قیامت کے دن اسد، تمیم اور ہوازن اور غطفان سے بہتر ہوں گے۔

أخرجه البخاري في: 61 كتاب المناقب: 11 باب قصة زمزم في المتن

رقم الجزء: 1 رقم الصفحة: 801 (جہانگیری صحیح بخاری، مطبوعہ شبیر برادرز، رقم الحدیث:3326)

1639 ◦ حديث أَبِي بَكْرَةَ رَضِيَ اللّٰهُ عَنْهُ،

أَنَّ الْأَقْرَعَ بْنَ حَابِسٍ قَالَ لِلنَّبِيِّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: إِنَّمَا بَايَعَكَ سُرَّاقُ الْحَجِيجِ، مِنْ أَسْلَمَ وَغِفَارَ وَمُزَيْنَةَ وَجُهَيْنَةَ قَالَ النَّبِيُّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: أَرَأَيْتَ إِنْ كَانَ أَسْلَمُ وَغِفَارُ وَمُزَيْنَةُ وَجُهَيْنَةُ خَيْرًا مِّنْ بَنِي

Marfat.com

تَمِيمٍ وَبَنِي عَامِرٍ وَأَسَدٍ وَغَطَفَانَ، خَابُوْا وَخَسِرُوْا قَالَ: نَعَمْ قَالَ: وَالَّذِي نَفْسِي بِيَدِهِ إِنَّهُمْ لَخَيْرٌ مِّنْهُمْ

✧✧ حضرت ابوبکرہ رضی اللہ عنہ یہ نقل کرتے ہیں' اقرع بن حابس نے نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کی خدمت میں عرض کی: حاجیوں کا سامان چوری کرنے والے اسلم، غفار اور مزینہ قبیلے کے افراد نے آپ کے ہاتھ پر اسلام قبول کرلیا ہے۔ ابن ابی یعقوب نامی راوی بیان کرتے ہیں' میرا یہ خیال ہے اس نے ''جہینہ'' کا ذکر بھی کیا ہے۔

نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے ارشاد فرمایا: کیا تمہیں پتہ ہے' اسلم، غفار، مزینہ (راوی کو شک ہے) آپ نے ''جہینہ'' کا بھی ذکر کیا، بنو تمیم، بنو عامر، اسد، غطفان سے بہتر ہوں تو کیا یہ (بعد والے) لوگ رسوائی اور خسارے کا شکار ہو جائیں گے۔ انہوں نے عرض کی: جی ہاں! آپ نے فرمایا: اُس ذات کی قسم جس کے دست قدرت میں میری جان ہے یہ (پہلے والے) لوگ اُن (بعد والوں) سے بہتر ہیں۔

أخرجه البخاري في: 61 كتاب المناقب: 6 باب ذكر أسلم وغفار ومزينة وجهينة

رقم الجزء: 1 رقم الصفحة: 801 (جہانگیری صحیح بخاری مطبوعہ شبیر برادرز، رقم الحدیث: 3325)

1640 حديث أَبِي هُرَيْرَةَ رَضِيَ اللّٰهُ عَنْهُ،

قَالَ: قَدِمَ طُفَيْلُ بْنُ عَمْرٍو الدَّوْسِيُّ، وَأَصْحَابُهُ عَلَى النَّبِيِّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ، فَقَالُوْا: يَا رَسُوْلَ اللّٰهِ إِنَّ دَوْسًا عَصَتْ، وَأَبَتْ فَادْعُ اللّٰهَ عَلَيْهَا فَقِيْلَ: هَلَكَتْ دَوْسٌ قَالَ: اللّٰهُمَّ اهْدِ دَوْسًا وَّأْتِ بِهِمْ

✧✧ حضرت ابوہریرہ رضی اللہ عنہ بیان کرتے ہیں' حضرت طفیل بن عمرو دوسی رضی اللہ عنہ اپنے ساتھیوں کے ساتھ نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کی خدمت میں حاضر ہوا اور عرض کی: یارسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم! دوس قبیلے کے لوگوں نے نافرمانی کی ہے اور اسلام قبول کرنے سے انکار کیا ہے آپ ان کے خلاف دعائے ضرر کریں' تو یہ کہا گیا: دوس ہلاکت کا شکار ہو جائیں گے۔ پھر نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے دعا کی: اے اللہ! دوس کو ہدایت عطا کر اور انہیں (اسلام کے دامن) میں لے آ۔

أخرجه البخاري في: 56 كتاب الجهاد: 100 باب الدعاء للمشركين بالهدى ليتألفهم

رقم الجزء: 1 رقم الصفحة: 802 (جہانگیری صحیح بخاری مطبوعہ شبیر برادرز، رقم الحدیث: 2779)

1641 حديث أَبِي هُرَيْرَةَ رَضِيَ اللّٰهُ عَنْهُ،

قَالَ: مَا زِلْتُ أُحِبُّ بَنِي تَمِيمٍ مُنْذُ ثَلَاثٍ سَمِعْتُ مِنْ رَسُوْلِ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ يَقُوْلُ فِيْهِمْ سَمِعْتُهُ يَقُوْلُ: هُمْ أَشَدُّ أُمَّتِي عَلَى الدَّجَّالِ قَالَ: وَجَاءَتْ صَدَقَاتُهُمْ فَقَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: هٰذِهِ صَدَقَاتُ قَوْمِنَا وَكَانَتْ سَبِيَّةٌ مِنْهُمْ عِنْدَ عَائِشَةَ فَقَالَ: أَعْتِقِيهَا، فَإِنَّهَا مِنْ وَلَدِ إِسْمَاعِيلَ

قَالَ كَعْبُ بْنُ مَالِكٍ: فَلَمَّا بَلَغَنِي أَنَّهُ تَوَجَّهَ قَافِلًا، حَضَرَنِي هَمِّي وَطَفِقْتُ أَتَذَكَّرُ الْكَذِبَ، وَأَقُوْلُ بِمَاذَا أَخْرُجُ مِنْ سَخَطِهِ غَدًا وَأَسْتَعِيْنُ عَلَى ذٰلِكَ بِكُلِّ ذِيْ رَأْيٍ مِنْ أَهْلِي فَلَمَّا قِيْلَ إِنَّ رَسُوْلَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَدْ أَظَلَّ قَادِمًا، زَاحَ عَنِّي الْبَاطِلُ، وَعَرَفْتُ أَنِّي لَنْ أَخْرُجَ مِنْهُ أَبَدًا بِشَيْءٍ فِيْهِ كَذِبٌ. فَأَجْمَعْتُ صِدْقَهُ وَأَصْبَحَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَادِمًا وَكَانَ. إِذَا قَدِمَ مِنْ سَفَرٍ. بَدَأَ بِالْمَسْجِدِ. فَيَرْكَعُ فِيْهِ رَكْعَتَيْنِ. ثُمَّ جَلَسَ لِلنَّاسِ فَلَمَّا فَعَلَ ذٰلِكَ، جَاءَهُ الْمُخَلَّفُوْنَ. فَطَفِقُوْا يَعْتَذِرُوْنَ إِلَيْهِ. وَيَحْلِفُوْنَ لَهُ وَكَانُوْا بِضْعَةً وَثَمَانِيْنَ رَجُلًا فَقَبِلَ مِنْهُمْ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ عَلَانِيَتَهُمْ، وَبَايَعَهُمْ، وَاسْتَغْفَرَ لَهُمْ. وَوَكَلَ سَرَائِرَهُمْ إِلَى اللّٰهِ فَجِئْتُهُ فَلَمَّا سَلَّمْتُ عَلَيْهِ، تَبَسَّمَ تَبَسُّمَ الْمُغْضَبِ ثُمَّ قَالَ تَعَالَ فَجِئْتُ أَمْشِي. حَتَّى جَلَسْتُ بَيْنَ يَدَيْهِ فَقَالَ لِي مَا خَلَّفَكَ أَلَمْ تَكُنْ قَدِ ابْتَعْتَ ظَهْرَكَ فَقُلْتُ: بَلَى إِنِّي. وَاللّٰهِ لَوْ جَلَسْتُ عِنْدَ غَيْرِكَ مِنْ أَهْلِ الدُّنْيَا. لَرَأَيْتُ أَنْ سَأَخْرُجُ مِنْ سَخَطِهِ بِعُذْرٍ وَلَقَدْ أُعْطِيْتُ جَدَلًا وَلٰكِنِّي. وَاللّٰهِ لَقَدْ عَلِمْتُ لَئِنْ حَدَّثْتُكَ الْيَوْمَ حَدِيْثَ كَذِبٍ، تَرْضٰى بِهِ عَنِّي، لَيُوْشِكَنَّ اللّٰهُ أَنْ يُسْخِطَكَ عَلَيَّ وَلَئِنْ حَدَّثْتُكَ حَدِيْثَ صِدْقٍ تَجِدُ عَلَيَّ فِيْهِ. إِنِّي لَأَرْجُو فِيْهِ عَفْوَ اللّٰهِ لَا وَاللّٰهِ مَا كَانَ لِي مِنْ عُذْرٍ وَاللّٰهِ مَا كُنْتُ قَطُّ

أَقْوٰى، وَلَا أَيْسَرَ مِنِّي. حِيْنَ تَخَلَّفْتُ عَنْكَ فَقَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ أَمَّا هٰذَا. فَقَدْ صَدَقَ فَقُمْ حَتّٰى يَقْضِيَ اللّٰهُ فِيْكَ فَقُمْتُ وَثَارَ رِجَالٌ مِّنْ بَنِي سَلِمَةَ، فَاتَّبَعُوْنِي فَقَالُوْا لِي: وَاللّٰهِ مَا عَلِمْنَاكَ كُنْتَ أَذْنَبْتَ ذَنْبًا قَبْلَ هٰذَا وَلَقَدْ عَجَزْتَ أَنْ لَا تَكُوْنَ اعْتَذَرْتَ إِلَى رَسُوْلِ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ بِمَا اعْتَذَرَ إِلَيْهِ الْمُتَخَلِّفُوْنَ قَدْ كَانَ كَافِيَكَ ذَنْبَكَ اسْتِغْفَارُ رَسُوْلِ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ لَكَ فَوَاللّٰهِ مَا زَالُوْا يُؤَنِّبُوْنِي. حَتّٰى أَرَدْتُ أَنْ أَرْجِعَ فَأُكَذِّبَ نَفْسِي ثُمَّ قُلْتُ لَهُمْ: هَلْ لَقِيَ هٰذَا مَعِيَ أَحَدٌ قَالُوْا: نَعَمْ رَجُلَانِ قَالَا مِثْلَ مَا قُلْتَ. فَقِيْلَ لَهُمَا مِثْلُ مَا قِيْلَ لَكَ فَقُلْتُ: مَنْ هُمَا قَالُوْا: مُرَارَةُ بْنُ الرَّبِيْعِ الْعَمْرِيُّ. وَهِلَالُ بْنُ أُمَيَّةَ الْوَاقِفِيُّ فَذَكَرُوْا لِي رَجُلَيْنِ صَالِحَيْنِ، قَدْ شَهِدَا بَدْرًا، فِيْهِمَا أُسْوَةٌ فَمَضَيْتُ حِيْنَ ذَكَرُوْهُمَا لِي

وَنَهٰى رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ الْمُسْلِمِيْنَ عَنْ كَلَامِنَا، أَيُّهَا الثَّلَاثَةُ. مِنْ بَيْنِ مَنْ تَخَلَّفَ عَنْهُ فَاجْتَنَبَنَا النَّاسُ، وَتَغَيَّرُوْا لَنَا، حَتّٰى تَنَكَّرَتْ فِي نَفْسِي الْأَرْضُ، فَمَا هِيَ الَّتِي أَعْرِفُ فَلَبِثْنَا عَلٰى ذٰلِكَ خَمْسِيْنَ لَيْلَةً

فَأَمَّا صَاحِبَايَ، فَاسْتَكَانَا، وَقَعَدَا فِي بُيُوْتِهِمَا، يَبْكِيَانِ وَأَمَّا أَنَا فَكُنْتُ أَشَبَّ الْقَوْمِ، وَأَجْلَدَهُمْ فَكُنْتُ أَخْرُجُ أَشْهَدُ الصَّلَاةَ مَعَ الْمُسْلِمِيْنَ. وَأَطُوْفُ فِي الْأَسْوَاقِ وَلَا يُكَلِّمُنِي أَحَدٌ وَآتِي رَسُوْلَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ فَأُسَلِّمُ عَلَيْهِ، وَهُوَ فِي مَجْلِسِهِ بَعْدَ الصَّلَاةِ فَأَقُوْلُ فِي نَفْسِي: هَلْ حَرَّكَ شَفَتَيْهِ بِرَدِّ السَّلَامِ عَلَيَّ، أَمْ لَا ثُمَّ أُصَلِّي قَرِيْبًا مِنْهُ، فَأُسَارِقُهُ النَّظَرَ فَإِذَا أَقْبَلْتُ عَلٰى صَلَاتِي، أَقْبَلَ إِلَيَّ وَإِذَا الْتَفَتُّ نَحْوَهُ، أَعْرَضَ عَنِّي حَتّٰى إِذَا طَالَ عَلَيَّ

Marfat.com

ذٰلِكَ مِنْ جَفْوَةِ النَّاسِ، مَشَيْتُ حَتّٰى تَسَوَّرْتُ جِدَارَ حَائِطِ أَبِيْ قَتَادَةَ، وَهُوَ ابْنُ عَمِّي، وَأَحَبُّ النَّاسِ إِلَيَّ، فَسَلَّمْتُ عَلَيْهِ فَوَاللّٰهِ مَا رَدَّ عَلَيَّ السَّلَامَ فَقُلْتُ: يَا أَبَا قَتَادَةَ أَنْشُدُكَ بِاللّٰهِ هَلْ تَعْلَمُنِيْ أُحِبُّ اللّٰهَ وَرَسُوْلَهُ فَسَكَتَ فَعُدْتُ لَهُ، فَنَشَدْتُهُ فَسَكَتَ فَعُدْتُ لَهُ فَنَشَدْتُهُ، فَقَالَ: اللّٰهُ وَرَسُوْلُهُ أَعْلَمُ فَفَاضَتْ عَيْنَايَ، وَتَوَلَّيْتُ حَتّٰى تَسَوَّرْتُ الْجِدَارَ

قَالَ: فَبَيْنَا أَنَا أَمْشِي بِسُوْقِ الْمَدِيْنَةِ، إِذَا نَبَطِيٌّ مِّنْ أَنْبَاطِ أَهْلِ الشَّامِ، مِمَّنْ قَدِمَ بِالطَّعَامِ يَبِيْعُهُ بِالْمَدِيْنَةِ، يَقُوْلُ: مَنْ يَّدُلُّ عَلٰى كَعْبِ بْنِ مَالِكٍ فَطَفِقَ النَّاسُ يُشِيْرُوْنَ لَهُ حَتّٰى إِذَا جَاءَنِيْ، دَفَعَ إِلَيَّ كِتَابًا مِّنْ مَلِكِ غَسَّانَ فَإِذَا فِيْهِ: أَمَّا بَعْدُ فَإِنَّهُ قَدْ بَلَغَنِيْ أَنَّ صَاحِبَكَ قَدْ جَفَاكَ وَلَمْ يَجْعَلْكَ اللّٰهُ بِدَارِ هَوَانٍ، وَلَا مَضْيَعَةٍ فَالْحَقْ بِنَا نُوَاسِكَ فَقُلْتُ لَمَّا قَرَأْتُهَا: وَهٰذَا أَيْضًا مِّنَ الْبَلَاءِ فَتَيَمَّمْتُ بِهَا التَّنُّورَ فَسَجَرْتُهُ بِهَا حَتّٰى إِذَا مَضَتْ أَرْبَعُوْنَ لَيْلَةً مِّنَ الْخَمْسِيْنَ، إِذَا رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ يَأْتِيْنِيْ فَقَالَ: إِنَّ رَسُوْلَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ يَأْمُرُكَ أَنْ تَعْتَزِلَ امْرَأَتَكَ فَقُلْتُ: أُطَلِّقُهَا أَمْ مَاذَا أَفْعَلُ قَالَ: لَا بَلِ اعْتَزِلْهَا، وَلَا تَقْرَبْهَا وَأَرْسَلَ إِلٰى صَاحِبَيَّ مِثْلَ ذٰلِكَ فَقُلْتُ لِامْرَأَتِيْ: الْحَقِيْ بِأَهْلِكِ، فَكُوْنِيْ عِنْدَهُمْ حَتّٰى يَقْضِيَ اللّٰهُ فِيْ هٰذَا الْأَمْرِ

قَالَ كَعْبٌ: فَجَاءَتِ امْرَأَةُ هِلَالِ بْنِ أُمَيَّةَ، رَسُوْلَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ، فَقَالَتْ: يَا رَسُوْلَ اللّٰهِ إِنَّ هِلَالَ بْنَ أُمَيَّةَ شَيْخٌ ضَائِعٌ، لَيْسَ لَهُ خَادِمٌ فَهَلْ تَكْرَهُ أَنْ أَخْدُمَهُ قَالَ: لَا وَلٰكِنْ لَا يَقْرَبْكِ قَالَتْ: إِنَّهُ، وَاللّٰهِ مَا بِهِ حَرَكَةٌ إِلٰى شَيْءٍ وَاللّٰهِ مَا زَالَ يَبْكِيْ مُنْذُ كَانَ مِنْ أَمْرِهِ مَا كَانَ، إِلٰى يَوْمِهِ هٰذَا فَقَالَ لِيْ بَعْضُ أَهْلِيْ: لَوِ اسْتَأْذَنْتَ رَسُوْلَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ فِيْ امْرَأَتِكَ، كَمَا أَذِنَ لِامْرَأَةِ هِلَالِ بْنِ أُمَيَّةَ أَنْ تَخْدُمَهُ فَقُلْتُ: وَاللّٰهِ لَا أَسْتَأْذِنُ فِيْهَا رَسُوْلَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ وَمَا يُدْرِيْنِيْ مَا يَقُوْلُ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ، إِذَا اسْتَأْذَنْتُهُ فِيْهَا، وَأَنَا رَجُلٌ شَابٌّ فَلَبِثْتُ بَعْدَ ذٰلِكَ عَشْرَ لَيَالٍ، حَتّٰى كَمَلَتْ لَنَا خَمْسُوْنَ لَيْلَةً، مِنْ حِيْنَ نَهٰى رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ عَنْ كَلَامِنَا فَلَمَّا صَلَّيْتُ صَلَاةَ الْفَجْرِ، صُبْحَ خَمْسِيْنَ لَيْلَةً، وَأَنَا عَلٰى ظَهْرِ بَيْتٍ مِّنْ بُيُوْتِنَا فَبَيْنَا أَنَا جَالِسٌ عَلَى الْحَالِ الَّتِيْ ذَكَرَ اللّٰهُ، قَدْ ضَاقَتْ عَلَيَّ نَفْسِيْ، وَضَاقَتْ عَلَيَّ الْأَرْضُ بِمَا رَحُبَتْ سَمِعْتُ صَوْتَ صَارِخٍ، أَوْفٰى عَلٰى جَبَلِ سَلْعٍ، بِأَعْلٰى صَوْتِهِ: يَا كَعْبُ بْنَ مَالِكٍ أَبْشِرْ قَالَ: فَخَرَرْتُ سَاجِدًا، وَعَرَفْتُ أَنْ قَدْ جَاءَ فَرَجٌ وَآذَنَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ بِتَوْبَةِ اللّٰهِ عَلَيْنَا، حِيْنَ صَلّٰى صَلَاةَ الْفَجْرِ فَذَهَبَ النَّاسُ يُبَشِّرُوْنَنَا، وَذَهَبَ قِبَلَ صَاحِبَيَّ مُبَشِّرُوْنَ، وَرَكَضَ إِلَيَّ رَجُلٌ فَرَسًا، وَسَعٰى سَاعٍ مِّنْ أَسْلَمَ، فَأَوْفٰى عَلَى الْجَبَلِ وَكَانَ الصَّوْتُ أَسْرَعَ مِنَ الْفَرَسِ فَلَمَّا جَاءَنِيْ الَّذِيْ سَمِعْتُ صَوْتَهُ يُبَشِّرُنِيْ نَزَعْتُ لَهُ ثَوْبَيَّ، فَكَسَوْتُهُ إِيَّاهُمَا بِبُشْرَاهُ وَاللّٰهِ مَا أَمْلِكُ غَيْرَهُمَا يَوْمَئِذٍ وَاسْتَعَرْتُ ثَوْبَيْنِ، فَلَبِسْتُهُمَا وَانْطَلَقْتُ إِلٰى رَسُوْلِ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ فَيَتَلَقَّانِيْ النَّاسُ فَوْجًا فَوْجًا، يُهَنِّوْنِيْ بِالتَّوْبَةِ يَقُوْلُوْنَ: لِتَهْنِكَ تَوْبَةُ اللّٰهِ عَلَيْكَ

قَالَ كَعْبٌ: حَتّٰى دَخَلْتُ الْمَسْجِدَ فَإِذَا رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ جَالِسٌ حَوْلَهُ النَّاسُ فَقَامَ إِلَيَّ طَلْحَةُ بْنُ عُبَيْدِ اللّٰهِ يُهَرْوِلُ، وَهَنَّانِيْ وَاللّٰهِ مَا قَامَ إِلَيَّ رَجُلٌ مِّنَ الْمُهَاجِرِيْنَ غَيْرُهُ وَلَا أُنْسَاهَا لِطَلْحَةَ

Marfat.com

قَالَ كَعْبٌ: فَلَمَّا سَلَّمْتُ عَلَى رَسُوْلِ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ، قَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عليه وسلم، وَهُوَ يَبْرُقُ وَجْهُهُ مِنَ السُّرُوْرِ: أَبْشِرْ بِخَيْرِ يَوْمٍ مَرَّ عَلَيْكَ مُنْذُ وَلَدَتْكَ أُمُّكَ قَالَ: قُلْتُ أَمِنْ عِنْدِكَ يَا رَسُوْلَ اللّٰهِ أَمْ مِنْ عِنْدِ اللّٰهِ قَالَ: لَا بَلْ مِنْ عِنْدِ اللّٰهِ وَكَانَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ، إِذَا سُرَّ اسْتَنَارَ وَجْهُهُ، حَتَّى كَأَنَّهُ قِطْعَةُ قَمَرٍ وَكُنَّا نَعْرِفُ ذٰلِكَ مِنْهُ فَلَمَّا جَلَسْتُ بَيْنَ يَدَيْهِ، قُلْتُ: يَا رَسُوْلَ اللّٰهِ إِنَّ مِنْ تَوْبَتِي أَنْ أَنْخَلِعَ مِنْ مَالِي صَدَقَةً إِلَى اللّٰهِ وَإِلَى رَسُوْلِ اللّٰهِ قَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: أَمْسِكْ عَلَيْكَ بَعْضَ مَالِكَ. فَهُوَ خَيْرٌ لَكَ قُلْتُ: فَإِنِّي أُمْسِكُ سَهْمِيَ الَّذِي بِخَيْبَرَ

فَقُلْتُ: يَا رَسُوْلَ اللّٰهِ إِنَّ اللّٰهَ إِنَّمَا نَجَّانِي بِالصِّدْقِ. وَإِنَّ مِنْ تَوْبَتِي أَنْ لَا أُحَدِّثَ إِلَّا صِدْقًا مَا بَقِيتُ فَوَاللّٰهِ مَا أَعْلَمُ أَحَدًا مِنَ الْمُسْلِمِيْنَ أَبْلَاهُ اللّٰهُ فِي صِدْقِ الْحَدِيْثِ، مُنْذُ ذَكَرْتُ ذٰلِكَ لِرَسُوْلِ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ، أَحْسَنَ مِمَّا أَبْلَانِي مَا تَعَمَّدْتُ، مُنْذُ ذَكَرْتُ ذٰلِكَ لِرَسُوْلِ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ إِلَى يَوْمِي هٰذَا. كَذِبًا وَإِنِّي لَأَرْجُو أَنْ يَحْفَظَنِي اللّٰهُ فِيمَا بَقِيتُ

وَأَنْزَلَ اللّٰهُ عَلَى رَسُوْلِهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ (لَقَدْ تَابَ اللّٰهُ عَلَى النَّبِيِّ وَالْمُهَاجِرِيْنَ) إِلَى قَوْلِهِ (وَكُوْنُوْا مَعَ الصَّادِقِيْنَ)

فَوَاللّٰهِ مَا أَنْعَمَ اللّٰهُ عَلَيَّ مِنْ نِعْمَةٍ قَطُّ، بَعْدَ أَنْ هَدَانِي لِلْإِسْلَامِ، أَعْظَمَ فِي نَفْسِي مِنْ صِدْقِي لِرَسُوْلِ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ أَنْ لَا أَكُوْنَ كَذَبْتُهُ، فَأَهْلِكَ كَمَا هَلَكَ الَّذِيْنَ كَذَبُوْا فَإِنَّ اللّٰهَ قَالَ لِلَّذِيْنَ كَذَبُوْا حِيْنَ أَنْزَلَ الْوَحْيَ، شَرَّ مَا قَالَ لِأَحَدٍ فَقَالَ. تَبَارَكَ وَتَعَالَى (سَيَحْلِفُوْنَ بِاللّٰهِ لَكُمْ إِذَا انْقَلَبْتُمْ) إِلَى قَوْلِهِ (فَإِنَّ اللّٰهَ لَا يَرْضَى عَنِ الْقَوْمِ الْفَاسِقِيْنَ) قَالَ كَعْبٌ: وَكُنَّا تَخَلَّفْنَا أَيُّهَا الثَّلَاثَةُ، عَنْ أَمْرِ أُولٰئِكَ الَّذِيْنَ قَبِلَ مِنْهُمْ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ، حِيْنَ حَلَفُوْا لَهُ، فَبَايَعَهُمْ وَاسْتَغْفَرَ لَهُمْ وَأَرْجَأَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ أَمْرَنَا، حَتَّى قَضَى اللّٰهُ فِيْهِ

فَبِذٰلِكَ قَالَ اللّٰهُ (وَعَلَى الثَّلَاثَةِ الَّذِيْنَ خُلِّفُوْا) وَلَيْسَ الَّذِي ذَكَرَ اللّٰهُ مِمَّا خُلِّفْنَا عَنِ الْغَزْوِ، إِنَّمَا هُوَ تَخْلِيْفُهُ إِيَّانَا، وَإِرْجَاؤُهُ أَمْرَنَا، عَمَّنْ حَلَفَ لَهُ، وَاعْتَذَرَ إِلَيْهِ، فَقَبِلَ مِنْهُ

✧✧ حضرت کعب رضی اللہ عنہ بیان کرتے ہیں: میں کسی بھی ایسی جنگ میں پیچھے نہیں رہا جس میں نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم شریک ہوئے ہوں سوائے غزوۂ تبوک ایسا ہوا تھا۔ البتہ میں غزوۂ بدر میں بھی شریک نہیں ہوا تھا اور غزوۂ بدر میں کسی شخص کے شریک نہ ہونے والے پر عتاب بھی نہیں کیا گیا تھا کیونکہ نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم قریش کے قافلے کو پکڑنے گئے تھے لیکن اللہ تعالیٰ نے ان کے اور ان کے دشمن کے درمیان کسی طے شدہ صورت کے بغیر سامنا کروا دیا تھا۔ میں نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کے ہمراہ شب عقبہ میں بھی شریک ہوا تھا جب ہم نے اسلام پر ثابت قدم رہنے کا عہد کیا تھا اور مجھے یہ پسند نہیں ہے کہ میں اس کے عوض میں غزوۂ بدر میں شریک ہوتا اگرچہ لوگوں میں غزوۂ بدر کا تذکرہ زیادہ ہے جہاں تک میرے واقعہ کا تعلق ہے میں کبھی اتنا صحت مند اور اتنا خوشحال نہیں تھا جتنا اس وقت تھا جب میں نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کے ساتھ اس غزوہ (تبوک) میں شریک نہیں ہوا تھا۔ اللہ کی قسم! اس سے پہلے بھی میرے پاس دو اونٹنیاں ایسی

Marfat.com

ساتھ اکٹھی نہیں ہوئی تھیں لیکن اس غزوہ کے موقع پر میرے پاس دو اونٹنیاں تھیں۔ نبی اکرم ﷺ جب بھی کسی غزوہ کے لئے تشریف لے جایا کرتے تھے تو آپ اصل صورت حال واضح نہیں کرتے تھے لیکن جب اس غزوہ کا موقع آیا تو شدید گرمی کا موسم تھا اور طویل سفر تھا۔ دشمن کی تعداد بھی بہت زیادہ تھی آپ نے مسلمانوں کے سامنے یہ واضح کر دیا تا کہ وہ جنگ کے لئے مناسب تیاریاں کر سکیں اور آپ نے انہیں بتا دیا کہ آپ کس سمت کا ارادہ رکھتے ہیں؟ نبی اکرم ﷺ کے ساتھ جانے والے مسلمانوں کی تعداد بھی کافی زیادہ تھی اور انہیں کسی رجسٹر کے ذریعے اکٹھا نہیں کیا گیا تھا۔ حضرت کعب رضی اللہ عنہ بیان کرتے ہیں: (صورتحال ایسی تھی) جو شخص غیر موجود ہونا چاہتا وہ یہی سمجھتا کہ شاید آپ کو اس بات کا پتہ نہیں چل سکے گا جب تک اللہ تعالیٰ اس کے بارے میں وحی نازل نہ کرے۔ جب نبی اکرم ﷺ نے اس جنگ میں شرکت کی تو یہ وہ وقت تھا جب پھل تیار ہونے والا تھا اور درختوں کے سائے اچھے لگتے تھے۔ نبی اکرم ﷺ نے روانگی کی تیاری کر لی آپ کے ساتھ مسلمان بھی تھے۔ میں بھی ایک دن اس تیاری میں تھا تا کہ میں ان لوگوں کے ساتھ چلا جاؤں جب میں واپس آیا تو میں فیصلہ نہیں کر سکا۔ میں نے سوچا میں ایسا کر سکتا ہوں' میرے ساتھ ایسا ہی ہوتا رہا یہاں تک کہ لوگوں کی کوششیں اس بارے میں تیز ہو گئیں۔ نبی اکرم ﷺ اور مسلمان تیار ہو گئے لیکن میں اپنی تیاری کے بارے میں فیصلہ نہیں کر سکا تو میں نے یہ سوچا کہ میں آپ کے بعد' ایک یا دو دن کے بعد تیار ہو کر چلا جاؤں گا اور آپ کے ساتھ شامل ہو جاؤں گا۔ اگلے دن میں پھر اسی طرح گیا کہ میں تیاری کر لوں گا میں واپس آ گیا اور کوئی کام نہیں کر سکا۔ میرے ساتھ اسی طرح ہوتا رہا یہاں تک کہ وہ لوگ تیزی سے سفر کرتے رہے اور کافی آگے چلے گئے۔ میں نے یہ ارادہ کیا کہ میں سوار ہو کر ان کے پاس پہنچ جاؤں گا۔ کاش میں نے ایسا کر لیا ہوتا لیکن یہ میرے مقدر میں ہی نہیں تھا۔

نبی اکرم ﷺ کے بعد جب میں لوگوں کے درمیان چلنے پھرنے کے لئے نکلتا اور ان کے درمیان گھومتا پھرتا تو یہ بات مجھے غمگین کر دیتی میں خود کو ایک ایسا شخص محسوس کرتا جس کے بارے میں نفاق کا شبہ ہو سکتا ہے یا پھر میں خود کو ایسے افراد میں شامل کرتا جن کی کمزوری کی وجہ سے اللہ تعالیٰ نے انہیں معذور قرار دیا ہے۔ نبی اکرم ﷺ کو تبوک پہنچنے تک میرا خیال نہیں آیا۔ ایک مرتبہ آپ تبوک میں کچھ افراد کے ساتھ بیٹھے ہوئے تھے آپ نے دریافت کیا: کعب کہاں ہے؟ بنو سلمہ سے تعلق رکھنے والے ایک شخص نے کہا: یا رسول اللہ ﷺ! اس کی دو چادروں نے اور اس کے مال و اسباب نے اسے نہیں آنے دیا۔ حضرت معاذ بن جبل رضی اللہ عنہ نے کہا: تم نے بہت غلط بات کہی ہے۔ اللہ کی قسم! یا رسول اللہ ﷺ! ہم اس کے بارے میں اچھی خبر رکھتے ہیں۔ نبی اکرم ﷺ خاموش رہے۔ حضرت کعب بن مالک رضی اللہ عنہ بیان کرتے ہیں: جب مجھے یہ پتہ چلا کہ نبی اکرم ﷺ واپس تشریف لا رہے ہیں تو میرا افسوس پھر واپس آ گیا اور میں نے یہ سوچنا شروع کیا کہ میں کیا جھوٹ بولوں گا؟ جسے بیان کرنے کے بعد میں آپ کی ناراضگی سے بچ سکوں۔ میں نے اپنے گھر والوں میں سے ہر سمجھ دار شخص سے اس بارے میں مشورہ کیا اور مدد لی۔ جب مجھے یہ پتہ چلا کہ نبی اکرم ﷺ پہنچنے والے ہیں تو باطل مجھ سے دور ہو گیا اور مجھے اس بات کا اندازہ ہو گیا کہ میں آپ کے ساتھ کوئی جھوٹ بول کر آپ کی ناراضگی سے نہیں بچ سکوں گا اس لئے میں نے سچ بولنے کا پختہ ارادہ کر لیا۔

پھر نبی اکرم ﷺ تشریف لے آئے آپ جب بھی کسی سفر سے تشریف لاتے تو پہلے مسجد میں آتے تھے وہاں دو رکعت ادا کرتے تھے پھر لوگوں سے ملنے کے لئے بیٹھ جاتے تھے۔ جب آپ نے ایسا کیا تو پیچھے رہ جانے والے لوگ آپ کی خدمت میں

Marfat.com

حاضر ہوئے اور انہوں نے مختلف قسم کے عذر آپ کے سامنے پیش کرنے شروع کئے اور قسم اٹھا کر کہا (کہ وہ واقعی شامل ہونے کے لائق نہیں تھے) ان لوگوں کی تعداد 80 سے کچھ زیادہ تھی نبی اکرم ﷺ ان کے عذر قبول کرتے رہے جو انہوں نے ظاہری طور پر پیش کئے تھے۔ آپ ان سے بیعت لیتے رہے اور ان کے لئے دعائے مغفرت کرتے رہے۔ آپ نے ان کے باطن کا فیصلہ اللہ کے سپرد کر دیا۔

جب میں آپ کی خدمت میں حاضر ہوا اور آپ کو سلام کیا تو آپ مسکرائے جیسے کوئی ناراض شخص مسکراتا ہے۔ پھر آپ نے فرمایا: آگے آ جاؤ۔ میں آگے بڑھا اور آپ کے سامنے آ کر بیٹھ گیا۔ آپ نے مجھ سے دریافت کیا: تم پیچھے کیوں رہ گئے تھے؟ کیا تم نے سواری کا اونٹ خرید نہیں لیا تھا؟ میں نے عرض کی: جی ہاں! اللہ کی قسم! اگر میں آپ کی بجائے کسی دنیا دار کے پاس بیٹھا ہوا ہوتا تو میں دیکھتا کہ میں کیسے کوئی عذر پیش کر کے اس کی ناراضگی سے بچتا ہوں' کیونکہ مجھے بحث کرنے کی اچھی صلاحیت حاصل ہے لیکن اللہ کی قسم! مجھے علم ہے کہ اگر میں آج آپ کے ساتھ جھوٹ بولوں گا اور آپ کو اس کے ذریعے راضی کر لوں گا تو عنقریب اللہ تعالیٰ آپ کو میری طرف سے ناراض کر دے گا۔ اس لئے میں آپ سے سچی بات کہوں گا آپ خواہ مجھ پر جتنے مرضی ناراض ہوں لیکن مجھے اللہ تعالیٰ کی طرف سے معافی ملنے کی امید ہے' اللہ کی قسم! مجھے کوئی عذر نہیں تھا میں اس سے پہلے کبھی اتنا صحت مند اور خوشحال نہیں تھا جب میں آپ سے پیچھے رہ گیا تھا۔ نبی اکرم ﷺ نے فرمایا: ہاں۔ اس نے سچ کہا ہے۔ تم کھڑے ہو جاؤ! جب تک اللہ تعالیٰ تمہارے بارے میں فیصلہ نہیں کرتا (تمہارا معاملہ مؤخر ہوگا)۔ میں اٹھ گیا بنو سلمہ سے تعلق رکھنے والے کچھ لوگ میرے پیچھے چلنے لگے۔ انہوں نے مجھ سے کہا: اللہ کی قسم! ہمیں تمہارے بارے میں پتہ نہیں چل سکا کہ تم نے اس سے پہلے کسی غلطی کا ارتکاب کیا تھا۔ کیا تم اس بات سے عاجز تھے کہ تم نبی اکرم ﷺ کی خدمت میں کوئی عذر پیش کرتے جیسے پیچھے رہ جانے والے دوسرے لوگوں نے پیش کئے تھے تمہاری اس غلطی کے لئے اتنا ہی کافی تھا کہ تم نبی اکرم ﷺ سے دعائے مغفرت کی درخواست کر دیتے تو وہ تمہارے لئے دعائے مغفرت کر دیتے۔

حضرت کعب رضی اللہ عنہ بیان کرتے ہیں: وہ لوگ مسلسل مجھے ملامت کرتے رہے یہاں تک کہ میں نے یہ ارادہ کیا کہ میں واپس جا کر اپنی ہی بات کو جھٹلا دیتا ہوں پھر میں نے ان سے دریافت کیا: کیا میرے ہمراہ کسی اور کے ساتھ بھی ایسی صورتحال ہوئی ہے؟ انہوں نے جواب دیا: جی ہاں! دو لوگوں کے ساتھ' انہوں نے بھی یہی بات کہی ہے جو تم نے کہی' انہیں بھی وہی حکم ملا ہے جو تمہیں ملا ہے میں نے دریافت کیا: وہ دو لوگ کون ہیں؟ لوگوں نے بتایا: یہ حضرت مرارہ بن ربیع رضی اللہ عنہ اور ہلال بن امیہ واقفی رضی اللہ عنہ ہیں' ان لوگوں نے میرے سامنے دو نیک حضرات کا ذکر تھا' جن دونوں کو غزوہ بدر میں شرکت کا شرف حاصل تھا اور ان دونوں کا طریقہ کار ہی مناسب تھا۔ اس لئے جب انہوں نے ان دو حضرات کا میرے سامنے ذکر کیا تو میں واپس آ گیا۔

نبی اکرم ﷺ نے مسلمانوں کو ہمارے ساتھ بات چیت کرنے سے منع کر دیا ہم تینوں افراد کے ساتھ جن کا معاملہ مؤخر ہو گیا تھا لوگوں نے ہمارے ساتھ بات چیت کرنی بند کر دی۔ ہمارے لئے صورت حال تبدیل ہو گئی یہاں تک کہ زمین اجنبی محسوس ہونا شروع ہو گئی یہ وہ جگہ نہیں تھی جسے ہم پہلے پہچانتے تھے اسی حالت میں 50 دن گزر گئے تھے جہاں تک میرے دونوں ساتھیوں کا تعلق تھا وہ دونوں اپنے گھر میں بیٹھ گئے تھے اور روتے رہتے تھے لیکن میں ان کے مقابلے میں جوان اور طاقتور تھا۔ میں باہر آتا تھا

Marfat.com

مسلمانوں کے ساتھ نماز میں شریک ہوتا تھا بازار میں چلتا پھرتا تھا۔ میرے ساتھ کوئی بھی بات چیت نہیں کرتا تھا۔ جب میں نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کی خدمت میں حاضر ہوتا تھا اور آپ کو سلام کرتا تھا تو آپ نماز پڑھنے کے بعد بیٹھے ہوئے ہوتے تھے میں یہ سوچتا تھا کہ نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے سلام کا جواب دینے کے لئے اپنے مبارک ہونٹوں کو حرکت دی ہے یا نہیں دی؟ پھر میں آپ کے قریب کھڑا ہو کر نماز پڑھتا تھا اور پھر چوری چھپے آپ کی طرف دیکھتا تھا جب میں اپنی نماز کی طرف متوجہ ہوتا تھا تو آپ میری طرف توجہ کر لیتے تھے جب میں آپ کی طرف توجہ کرتا تھا تو آپ میری طرف سے منہ پھیر لیتے تھے۔

لوگوں کی یہ لاتعلقی طویل ہو گئی ایک دن میں چلتے ہوئے حضرت ابوقتادہ رضی اللہ عنہ کے باغ کی دیوار پر چڑھا وہ میرے چچازاد تھے اور میرے نزدیک محبوب ترین شخصیت تھے میں نے انہیں سلام کیا' اللہ کی قسم! انہوں نے مجھے سلام کا جواب نہیں دیا میں نے کہا: اے ابوقتادہ! میں آپ کو اللہ کے نام کی قسم دے کر پوچھتا ہوں' کیا آپ میرے بارے میں یہ بات جانتے ہیں؟ یہ کہ میں اللہ اور اس کے رسول سے محبت کرتا ہوں' لیکن وہ خاموش رہے۔ میں نے دوبارہ یہی بات قسم دے کر پوچھی' لیکن وہ پھر خاموش رہے' میں نے پھر وہی بات کی اور پھر انہیں قسم دی تو انہوں نے کہا: اللہ اور اس کا رسول زیادہ بہتر جانتے ہیں۔ میری آنکھوں سے آنسو جاری ہو گئے میں واپس آ کر دیوار پر چڑھ کر باہر آ گیا۔

میں مدینہ منورہ کے بازار سے گزر رہا تھا شام کا ایک کسان جو گندم فروخت کرنے کے لئے مدینہ منورہ آیا ہوا تھا یہ کہہ رہا تھا: کعب بن مالک رضی اللہ عنہ کے بارے میں مجھے کون بتائے گا؟ لوگوں نے اس کو اشارہ کر کے بتایا وہ میرے پاس آیا اس نے غسان کے بادشاہ کا خط مجھے دیا جس میں یہ تحریر تھا: ''ہمیں پتہ چلا ہے کہ تمہارے آقا نے تمہارے ساتھ لاتعلقی اختیار کی ہے' اللہ تعالیٰ تمہیں بے عزتی اور ضائع ہونے کی جگہ پر نہیں رہنے دے گا' تم ہمارے پاس چلے آؤ ہم تمہاری عزت افزائی کریں گے۔ حضرت کعب رضی اللہ عنہ بیان کرتے ہیں: جب میں نے اسے پڑھ لیا تو میں نے یہ سوچا کہ یہ ایک دوسری مصیبت ہے میں نے اسے جا کر تنور میں ڈال دیا۔

جب ان پچاس دنوں میں سے چالیس دن گزر گئے تو نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کا قاصد میرے پاس آیا اور کہا نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے تمہیں یہ ہدایت کی ہے کہ تم اپنی بیوی سے الگ رہو۔ میں نے دریافت کیا: کیا میں اسے طلاق دے دوں؟ یا میں پھر کیا کروں؟ اس نے کہا: نہیں۔ تم بس اس سے لاتعلق رہو اور اس کے قریب نہ جانا۔ نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے میرے دونوں ساتھیوں کی طرف بھی یہی پیغام بھیجا۔ میں نے اپنی بیوی سے کہا تم اپنے ماں باپ کے گھر چلی جاؤ اور وہیں رہنا' جب تک اللہ تعالیٰ اس معاملے کے بارے میں کوئی فیصلہ نہ کر دے۔

حضرت کعب رضی اللہ عنہ بیان کرتے ہیں: حضرت ہلال بن اُمیہ رضی اللہ عنہ کی اہلیہ نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کی خدمت میں حاضر ہوئیں اور عرض کی: یا رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم! ہلال بن اُمیہ رضی اللہ عنہ عمر رسیدہ آدمی ہیں اور ان کے پاس کوئی خادم بھی نہیں ہے۔ کیا آپ اس بات کو ناپسند کرتے ہیں کہ میں ان کی خدمت کروں۔ نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: نہیں۔ لیکن وہ تمہارے قریب نہ آئے۔ اس خاتون نے عرض کی: اللہ کی قسم! انہوں نے اس وقت سے ایسی کوئی حرکت نہیں کی جب سے ان کے ساتھ یہ معاملہ پیش آیا ہے۔ وہ مسلسل رو رہے ہیں۔ یہاں تک کہ یہ دن ہو گیا ہے۔

Marfat.com

حضرت جابر رضی اللہ عنہ بیان کرتے ہیں کہ میری بیوی نے مجھ سے کہا کہ آپ بھی اپنی بیوی کے بارے میں نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم سے اجازت لے لیں جیسے نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے بلال بن امیہ رضی اللہ عنہ کی اہلیہ کو اجازت دی تھی تو وہ بھی آپ کی خدمت کرے گی۔ میں نے کہا نہیں اللہ کی قسم! میں اس بارے میں نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم سے اجازت نہیں لوں گا۔ مجھے نہیں پتہ نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم اس بارے میں کیا ارشاد فرمائیں گے؟ جب میں ان سے اس بات کی اجازت مانگوں گا میں جوان آدمی ہوں (اپنے کام خود ہی کروں گا)

حضرت جابر رضی اللہ عنہ بیان کرتے ہیں کہ چند دن گزرے تھے یہاں تک کہ پچاس دن مکمل ہوئے جب سے نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے ہم دونوں کے ساتھ بات چیت کرنے سے منع کیا تھا۔ پچاس ویں رات کی صبح میں نے نماز پڑھنے کے بعد اپنے گھر کی چھت پر تھا میں بیٹھا ہوا تھا اور میری حالت وہی تھی جس کا ذکر اللہ تعالیٰ نے کیا ہے۔ میری اپنی جان مجھ پر تنگ ہو گئی تھی اور زمین اپنی تمام تر کشادگی کے باوجود مجھ پر تنگ تھی اس دوران میں نے کسی شخص کی آواز سنی جس نے سلع پہاڑ پر چڑھ کر بلند آواز میں پکارا تھا۔ اے کعب! خوشخبری ہو۔ حضرت کعب رضی اللہ عنہ بیان کرتے ہیں میں سجدے میں گر گیا۔ مجھے اندازہ ہو گیا کہ [illegible]

نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے فجر کی نماز پڑھنے کے بعد یہ اعلان کیا کہ اللہ تعالیٰ نے ہماری توبہ قبول کر لی ہے۔ لوگ ہمیں خوشخبری دینے کے لئے چل پڑے خوشخبری دینے والے میرے دونوں ساتھیوں کی طرف بھی کئی نے گھوڑے پر سوار ہو کر میری طرف آیا اور اسلم قبیلے کا ایک شخص دوڑتا ہوا آیا وہ پہاڑ پر چڑھ گیا۔ آواز گھوڑے سے تیز تھی جس شخص کی آواز میں نے سنی تھی جب وہ خوشخبری دینے کے لئے میرے پاس آیا تو میں نے اپنے کپڑے اتار کر اسے پہنا دیئے اللہ کی قسم اس وقت میرے پاس وہی دو کپڑے تھے میں نے عاریتاً دو کپڑے اور پہنے اور میں نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کی طرف روانہ ہو گیا۔ لوگ گروہ در گروہ مجھے ملتے اور توبہ قبول ہونے پر مبارکباد دیتے وہ کہتے تھے [illegible]

حضرت کعب رضی اللہ عنہ بیان کرتے ہیں جب میں مسجد میں داخل ہوا تو نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم تشریف فرما تھے آپ کے ارد گرد لوگ موجود تھے۔ حضرت طلحہ بن عبید اللہ رضی اللہ عنہ تیزی سے میری طرف آئے انہوں نے مجھ سے مصافحہ کیا اور مبارکباد دی۔ اللہ کی قسم ان کے علاوہ مہاجرین کا کوئی اور فرد اٹھ کر میری طرف نہیں آیا میں حضرت طلحہ رضی اللہ عنہ کی یہ بات نہیں بھولوں گا۔

حضرت کعب رضی اللہ عنہ بیان کرتے ہیں جب میں نے نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کو سلام کیا تو آپ کا چہرہ خوشی کی وجہ سے [illegible] میں آپ کی خوشی کی وجہ آپ کی پیدائش کے دن کی خوشی کی وجہ سے [illegible] نے آپ سے عرض کی یا رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم [illegible] آپ کی طرف سے یا اللہ تعالیٰ کی طرف سے؟ نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا [illegible] اللہ تعالیٰ کی طرف سے۔

حضرت کعب رضی اللہ عنہ بیان کرتے ہیں جب نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم خوش ہوتے تھے تو آپ کا چہرہ مبارک یوں دمکتا تھا جیسے وہ چاند کا ٹکڑا ہو ہمیں اس سے آپ کی خوشی کا پتہ چل جاتا تھا۔

Marfat.com

جب میں آپ کے سامنے بیٹھا تو میں نے عرض کی: یارسول اللہ ﷺ! میری توبہ میں یہ بات شامل ہے کہ میں اپنا مال اللہ تعالیٰ اور اس کے رسول کی بارگاہ میں صدقہ کرنے کے لئے پیش کردوں۔ نبی اکرم ﷺ نے فرمایا! تم اپنا کچھ مال اپنے پاس رہنے دو یہ تمہارے لئے زیادہ بہتر ہے' میں نے عرض کی! میں خیبر میں موجود اپنا حصہ اپنے پاس رہنے دیتا ہوں' پھر میں نے عرض کی: یارسول اللہ ﷺ! اللہ تعالیٰ نے سچ بولنے کی وجہ سے مجھے نجات عطا کی میری توبہ میں یہ بات بھی شامل ہے کہ میں زندگی بھر ہمیشہ سچ بولوں گا۔

حضرت کعب رضی اللہ عنہ بیان کرتے ہیں: میرے علم کے مطابق، جب سے میں نے اس بات کا تذکرہ نبی اکرم ﷺ سے کیا ہے کوئی مسلمان ایسا نہیں ہے جسے اللہ تعالیٰ نے سچ بولنے کی وجہ سے اس سے اچھی آزمائش میں مبتلا کیا ہو جس میں مجھے مبتلا کیا۔

جب سے میں نے نبی اکرم ﷺ سے اس بات کا تذکرہ کیا ہے اس وقت سے لے کر اب تک میں نے کسی کے ساتھ جھوٹ نہیں بولا اور مجھے امید ہے کہ باقی زندگی میں بھی اللہ تعالیٰ مجھے اس سے محفوظ رکھے گا۔

اللہ تعالیٰ نے اپنے رسول پر یہ آیت نازل کی۔

''اللہ تعالیٰ نے نبی، مہاجرین اور انصار پر کرم کیا''۔ یہ آیت یہاں تک ہے ''سچوں کے ساتھ ہو جاؤ''۔

اللہ کی قسم! اللہ تعالیٰ نے مجھے اسلام کی ہدایت دینے کے بعد، میرے ذہن کے مطابق، مجھے اس سے بڑی نعمت اور کوئی نہیں دی کہ میں نے نبی اکرم ﷺ سے سچ بولا تھا میں نے آپ سے جھوٹ نہیں بولا ورنہ میں بھی اسی طرح ہلاکت کا شکار ہو جاتا جیسے جھوٹ بولنے والے دوسرے لوگ ہلاکت کا شکار ہو گئے تھے۔

جب اللہ تعالیٰ نے وحی نازل کی تو ان جھوٹ بولنے والوں کے بارے میں وہ بات فرمائی جو کسی بھی شخص کے بارے میں سب سے بری بات ہو سکتی ہے۔

اللہ تعالیٰ نے فرمایا: ''جب تم واپس جاؤ گے تو وہ تمہارے سامنے اللہ کے نام کی قسم اٹھائیں گے''۔

یہ آیت یہاں تک ہے ''بے شک اللہ تعالیٰ گنہگار لوگوں سے راضی نہیں ہوتا''۔

حضرت کعب رضی اللہ عنہ بیان کرتے ہیں: ہم تین افراد کا معاملہ ان لوگوں سے الگ تھا جنہوں نے نبی اکرم ﷺ کے سامنے (جھوٹی) قسم اٹھائی تھی تو نبی اکرم ﷺ نے ان کا عذر قبول کرلیا تھا اور ان سے بیعت لے کر ان کے لئے دعائے مغفرت کی تھی۔

نبی اکرم ﷺ نے ہمارے معاملے کو موخر کر دیا تھا یہاں تک کہ اللہ تعالیٰ نے اس بارے میں فیصلہ کیا۔ اسی لئے اللہ تعالیٰ نے ارشاد فرمایا ہے:

''اور ان تین لوگوں پر بھی (اللہ تعالیٰ نے خاص کرم کیا) جن کا معاملہ موخر ہو گیا تھا''۔

اللہ تعالیٰ نے جو ذکر کیا ہے اس سے مراد ہمارا جنگ سے پیچھے رہنا نہیں ہے بلکہ نبی اکرم ﷺ کا ہمارے معاملے کو موقوف اور موخر کرنا ہے ان لوگوں کے معاملے سے جنہوں نے آپ کے سامنے (جھوٹی) قسم اٹھائی، آپ کے سامنے عذر پیش کیا اور آپ نے اسے قبول کیا۔

Marfat.com

أخرجه البخاري في: 64 كتاب المغازي: 79 باب حديث كعب بن مالك وقول الله عز وجل: وعلى الثلاثة الذين خلفوا ...
رقم الجزء: 1 رقم الصفحة: 852 (ہمارا مطبوعہ صحیح بخاری مطبوعہ مشیر برادرز، رقم الحدیث 4156)

•••———•••———•••

في حديث الإفك وقبول توبة القاذف

واقعہ افک اور تہمت لگانے والوں کی توبہ قبول ہونا

1763 ۔ حديث عَائِشَةَ رَضِيَ اللّٰهُ عَنْهَا، زَوْجِ النَّبِيِّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ.

حِيْنَ قَالَ لَهَا أَهْلُ الْإِفْكِ مَا قَالُوْا قَالَتْ عَائِشَةُ: كَانَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ إِذَا أَرَادَ سَفَرًا، أَقْرَعَ بَيْنَ أَزْوَاجِهِ فَأَيَّتُهُنَّ خَرَجَ سَهْمُهَا، خَرَجَ بِهَا رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ مَعَهُ قَالَتْ عَائِشَةُ: فَأَقْرَعَ بَيْنَنَا فِي غَزْوَةٍ غَزَاهَا فَخَرَجَ فِيْهَا سَهْمِي فَخَرَجْتُ مَعَ رَسُوْلِ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ بَعْدَ مَا أُنْزِلَ الْحِجَابُ فَكُنْتُ أُحْمَلُ فِي هَوْدَجِي، وَأُنْزَلُ فِيْهِ فَسِرْنَا، حَتّٰى إِذَا فَرَغَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ مِنْ غَزْوَتِهِ تِلْكَ، وَقَفَلَ دَنَوْنَا مِنَ الْمَدِيْنَةِ قَافِلِيْنَ، اٰذَنَ لَيْلَةً بِالرَّحِيْلِ فَقُمْتُ، حِيْنَ اٰذَنُوا بِالرَّحِيْلِ. فَمَشَيْتُ حَتّٰى جَاوَزْتُ الْجَيْشَ فَلَمَّا قَضَيْتُ شَأْنِي، أَقْبَلْتُ إِلٰى رَحْلِي، فَلَمَسْتُ صَدْرِي، فَإِذَا عِقْدٌ لِي. مِنْ جَزْعِ ظَفَارِ، قَدِ انْقَطَعَ فَرَجَعْتُ، فَالْتَمَسْتُ عِقْدِي، فَحَبَسَنِي ابْتِغَاؤُهُ قَالَتْ: وَأَقْبَلَ الرَّهْطُ الَّذِيْنَ كَانُوا يُرَحِّلُوْنِي. فَاحْتَمَلُوْا هَوْدَجِي، فَرَحَلُوْهُ عَلٰى بَعِيْرِي الَّذِي كُنْتُ أَرْكَبُ عَلَيْهِ، وَهُمْ يَحْسِبُوْنَ أَنِّي فِيْهِ وَكَانَ النِّسَاءُ، إِذْ ذَاكَ. خِفَافًا لَمْ يَهْبُلْنَ وَلَمْ يَغْشَهُنَّ اللَّحْمُ إِنَّمَا يَأْكُلْنَ الْعُلْقَةَ مِنَ الطَّعَامِ فَلَمْ يَسْتَنْكِرِ الْقَوْمُ خِفَّةَ الْهَوْدَجِ حِيْنَ رَفَعُوْهُ وَحَمَلُوْهُ وَكُنْتُ جَارِيَةً حَدِيْثَةَ السِّنِّ فَبَعَثُوا الْجَمَلَ فَسَارُوْا وَوَجَدْتُ عِقْدِي، بَعْدَ مَا اسْتَمَرَّ الْجَيْشُ فَجِئْتُ مَنَازِلَهُمْ وَلَيْسَ بِهَا مِنْهُمْ دَاعٍ وَلَا مُجِيْبٌ فَتَيَمَّمْتُ مَنْزِلِي الَّذِي كُنْتُ بِهِ، وَظَنَنْتُ أَنَّهُمْ سَيَفْقِدُوْنِي. فَيَرْجِعُوْنَ إِلَيَّ فَبَيْنَا أَنَا جَالِسَةٌ فِي مَنْزِلِي، غَلَبَتْنِي عَيْنِي، فَنِمْتُ

وَكَانَ صَفْوَانُ بْنُ الْمُعَطَّلِ السُّلَمِيُّ، ثُمَّ الذَّكْوَانِيُّ مِنْ وَرَاءِ الْجَيْشِ فَأَصْبَحَ عِنْدَ مَنْزِلِي فَرَأٰى سَوَادَ إِنْسَانٍ نَائِمٍ، فَعَرَفَنِي حِيْنَ رَاٰنِي، وَكَانَ رَاٰنِي قَبْلَ الْحِجَابِ فَاسْتَيْقَظْتُ بِاسْتِرْجَاعِهِ، حِيْنَ عَرَفَنِي فَخَمَّرْتُ وَجْهِي بِجِلْبَابِي وَوَاللّٰهِ مَا تَكَلَّمْنَا بِكَلِمَةٍ، وَلَا سَمِعْتُ مِنْهُ كَلِمَةً غَيْرَ اسْتِرْجَاعِهِ وَهَوٰى حَتّٰى أَنَاخَ رَاحِلَتَهُ، فَوَطِئَ عَلٰى يَدِهَا، فَقُمْتُ إِلَيْهَا، فَرَكِبْتُهَا فَانْطَلَقَ يَقُوْدُ بِي الرَّاحِلَةَ، حَتّٰى أَتَيْنَا الْجَيْشَ، مُوْغِرِيْنَ فِي نَحْرِ الظَّهِيْرَةِ، وَهُمْ نُزُوْلٌ

قَالَتْ: فَهَلَكَ مَنْ هَلَكَ وَكَانَ الَّذِي تَوَلّٰى كِبْرَ الْإِفْكِ عَبْدَ اللّٰهِ بْنَ أُبَيِّ بْنَ سَلُوْلَ

قَالَ عُرْوَةُ (أَحَدُ رُوَاةِ الْحَدِيْثِ): أُخْبِرْتُ أَنَّهُ كَانَ يُشَاعُ وَيُتَحَدَّثُ بِهِ عِنْدَهُ، فَيُقِرُّهُ وَيَسْتَمِعُهُ وَيَسْتَوْشِيْهِ

وَقَالَ عُرْوَةُ أَيْضًا: لَمْ يُسَمَّ مِنْ أَهْلِ الْإِفْكِ أَيْضًا إِلَّا حَسَّانُ بْنُ ثَابِتٍ، وَمِسْطَحُ بْنُ أُثَاثَةَ، وَحَمْنَةُ بِنْتُ

Marfat.com

جَحْشٍ، فِي نَاسٍ آخَرِيْنَ، لاَ عِلْمَ لِي بِهِمْ غَيْرَ أَنَّهُمْ عُصْبَةٌ كَمَا قَالَ اللّٰهُ تَعَالٰى وَإِنَّ كِبْرَ ذٰلِكَ يُقَالُ عَبْدُ اللّٰهِ بْنُ أُبَيِّ بْنِ سَلُوْلَ

قَالَ عُرْوَةُ: كَانَتْ عَائِشَةُ تَكْرَهُ أَنْ يُّسَبَّ عِنْدَهَا حَسَّانُ وَتَقُوْلُ: إِنَّه الَّذِيْ قَالَ:

فَإِنَّ أَبِيْ وَوَالِدَهُ وَعِرْضِيلِعِرْضِ مُحَمَّدٍ مِّنْكُمْ وِقَاءُ قَالَتْ عَائِشَةُ: فَقَدِمْنَا الْمَدِيْنَةَ فَاشْتَكَيْتُ حِيْنَ قَدِمْتُ شَهْرًا، وَالنَّاسُ يُفِيْضُوْنَ فِيْ قَوْلِ أَصْحَابِ الْإِفْكِ لاَ أَشْعُرُ بِشَيْءٍ مِّنْ ذٰلِكَ وَهُوَ يَرِيْبُنِيْ فِيْ وَجَعِيْ أَنِّيْ لاَ أَعْرِفُ مِنْ رَسُوْلِ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ اللُّطْفَ الَّذِيْ كُنْتُ أَرٰى مِنْهُ حِيْنَ أَشْتَكِيْ إِنَّمَا يَدْخُلُ عَلَيَّ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ فَيُسَلِّمُ ثُمَّ يَقُوْلُ: كَيْفَ تِيْكُمْ ثُمَّ يَنْصَرِفُ فَذٰلِكَ يَرِيْبُنِيْ وَلاَ أَشْعُرُ بِالشَّرِّ حَتّٰى خَرَجْتُ حِيْنَ نَقِهْتُ فَخَرَجْتُ مَعَ أُمِّ مِسْطَحٍ قِبَلَ الْمَنَاصِعِ وَكَانَ مُتَبَرَّزَنَا وَكُنَّا لاَ نَخْرُجُ إِلَّا لَيْلاً إِلٰى لَيْلٍ وَذٰلِكَ قَبْلَ أَنْ نَتَّخِذَ الْكُنُفَ قَرِيْبًا مِّنْ بُيُوْتِنَا قَالَتْ. وَأَمْرُنَا أَمْرُ الْعَرَبِ الْأُوَلِ فِي الْبَرِّيَةِ قِبَلَ الْغَائِطِ وَكُنَّا نَتَأَذّٰى بِالْكُنُفِ أَنْ نَّتَّخِذَهَا عِنْدَ بُيُوْتِنَا قَالَتْ: فَانْطَلَقْتُ أَنَا وَأُمُّ مِسْطَحٍ، وَهِيَ ابْنَةُ أَبِيْ رُهْمِ بْنِ الْمُطَّلِبِ بْنِ عَبْدِ مَنَافٍ، وَأُمُّهَا بِنْتُ صَخْرِ بْنِ عَامِرٍ، خَالَةُ أَبِيْ بَكْرٍ الصِّدِّيْقِ وَابْنُهَا مِسْطَحُ بْنُ أُثَاثَةَ بْنِ عَبَّادِ بْنِ الْمُطَّلِبِ فَأَقْبَلْتُ أَنَا وَأُمُّ مِسْطَحٍ قِبَلَ بَيْتِيْ. حِيْنَ فَرَغْنَا مِنْ شَأْنِنَا فَعَثَرَتْ أُمُّ مِسْطَحٍ فِيْ مِرْطِهَا فَقَالَتْ: تَعِسَ مِسْطَحٌ فَقُلْتُ لَهَا: بِئْسَ مَا قُلْتِ تَسُبِّيْنَ رَجُلاً شَهِدَ بَدْرًا فَقَالَتْ: أَيْ هَنْتَاهْ وَلَمْ تَسْمَعِيْ مَا قَالَ قَالَتْ: وَقُلْتُ: مَا قَالَ فَأَخْبَرَتْنِيْ بِقَوْلِ أَهْلِ الْإِفْكِ قَالَتْ: فَازْدَدْتُ مَرَضًا عَلٰى مَرَضِيْ فَلَمَّا رَجَعْتُ إِلٰى بَيْتِيْ، دَخَلَ عَلَيَّ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ فَسَلَّمَ ثُمَّ قَالَ: كَيْفَ تِيْكُمْ فَقُلْتُ لَهُ: أَتَأْذَنُ لِيْ أَنْ آتِيَ أَبَوَيَّ قَالَتْ: وَأُرِيْدُ أَنْ أَسْتَيْقِنَ الْخَبَرَ مِنْ قِبَلِهِمَا قَالَتْ: فَأَذِنَ لِيْ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ فَقُلْتُ لِأُمِّيْ: يَا أُمَّتَاهْ مَاذَا يَتَحَدَّثُ النَّاسُ قَالَتْ: يَا بُنَيَّةُ هَوِّنِيْ عَلَيْكِ فَوَاللّٰهِ لَقَلَّمَا كَانَتِ امْرَأَةٌ قَطُّ وَضِيئَةً عِنْدَ رَجُلٍ يُحِبُّهَا، لَهَا ضَرَائِرُ، إِلَّا كَثَّرْنَ عَلَيْهَا قَالَتْ: فَقُلْتُ سُبْحَانَ اللّٰهِ أَوَ لَقَدْ تَحَدَّثَ النَّاسُ بِهٰذَا قَالَتْ: فَبَكَيْتُ تِلْكَ اللَّيْلَةَ حَتّٰى أَصْبَحْتُ، لاَ يَرْقَأُ لِيْ دَمْعٌ، وَلاَ أَكْتَحِلُ بِنَوْمٍ ثُمَّ أَصْبَحْتُ أَبْكِي

قَالَتْ: وَدَعَا رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ عَلِيَّ بْنَ أَبِيْ طَالِبٍ، وَأُسَامَةَ بْنَ زَيْدٍ، حِيْنَ اسْتَلْبَثَ الْوَحْيُ، يَسْأَلُهُمَا، وَيَسْتَشِيْرُهُمَا فِيْ فِرَاقِ أَهْلِهِ قَالَتْ: فَأَمَّا أُسَامَةُ فَأَشَارَ عَلٰى رَسُوْلِ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ بِالَّذِيْ يَعْلَمُ مِنْ بَرَاءَةِ أَهْلِهِ، وَبِالَّذِيْ يَعْلَمُ لَهُمْ فِيْ نَفْسِهِ فَقَالَ أُسَامَةُ: أَهْلَكَ وَلاَ نَعْلَمُ إِلَّا خَيْرًا وَأَمَّا عَلِيٌّ، فَقَالَ: يَا رَسُوْلَ اللّٰهِ لَمْ يُضَيِّقِ اللّٰهُ عَلَيْكَ وَالنِّسَآءُ سِوَاهَا كَثِيْرٌ وَسَلِ الْجَارِيَةَ تَصْدُقْكَ قَالَتْ: فَدَعَا رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ بَرِيْرَةَ فَقَالَ: أَيْ بَرِيْرَةُ هَلْ رَأَيْتِ مِنْ شَيْءٍ يَرِيْبُكِ قَالَتْ لَّهُ بَرِيْرَةُ: وَالَّذِيْ بَعَثَكَ بِالْحَقِّ مَا رَأَيْتُ عَلَيْهَا أَمْرًا قَطُّ أَغْمِصُهُ، غَيْرَ أَنَّهَا جَارِيَةٌ حَدِيْثَةُ السِّنِّ، تَنَامُ عَنْ عَجِيْنِ أَهْلِهَا، فَتَأْتِي الدَّاجِنُ فَتَأْكُلُهُ

قَالَتْ: فَقَامَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ مِنْ يَّوْمِهِ، فَاسْتَعْذَرَ مِنْ عَبْدِ اللّٰهِ بْنِ أُبَيٍّ، وَهُوَ عَلَى الْمِنْبَرِ،

Marfat.com

فَقَالَ: يَا مَعْشَرَ الْمُسْلِمِينَ مَنْ يَعْذِرُنِي مِنْ رَجُلٍ قَدْ بَلَغَنِي عَنْهُ أَذَاهُ فِي أَهْلِي وَاللّٰهِ مَا عَلِمْتُ عَلَى أَهْلِي إِلَّا خَيْرًا وَلَقَدْ ذَكَرُوا رَجُلاً مَا عَلِمْتُ عَلَيْهِ إِلَّا خَيْرًا وَمَا يَدْخُلُ عَلَى أَهْلِي إِلَّا مَعِي قَالَتْ فَقَامَ سَعْدُ بْنُ مُعَاذٍ أَخُو بَنِي عَبْدِ الْأَشْهَلِ فَقَالَ: أَنَا، يَا رَسُولَ اللّٰهِ أَعْذِرُكَ فَإِنْ كَانَ مِنَ الْأَوْسِ ضَرَبْتُ عُنُقَهُ وَإِنْ كَانَ مِنْ إِخْوَانِنَا مِنَ الْخَزْرَجِ أَمَرْتَنَا فَفَعَلْنَا أَمْرَكَ قَالَتْ: فَقَامَ رَجُلٌ مِنَ الْخَزْرَجِ، وَكَانَتْ أُمُّ حَسَّانَ بِنْتُ عَمِّهِ مِنْ فَخِذِهِ وَهُوَ سَعْدُ بْنُ عُبَادَةَ وَهُوَ سَيِّدُ الْخَزْرَجِ قَالَتْ: وَكَانَ قَبْلَ ذٰلِكَ رَجُلاً صَالِحًا وَلٰكِنِ احْتَمَلَتْهُ الْحَمِيَّةُ، فَقَالَ لِسَعْدٍ كَذَبْتَ لَعَمْرُ اللّٰهِ لَا تَقْتُلُهُ، وَلَا تَقْدِرُ عَلَى قَتْلِهِ وَلَوْ كَانَ مِنْ رَهْطِكَ مَا أَحْبَبْتَ أَنْ يُقْتَلَ فَقَامَ أُسَيْدُ بْنُ حُضَيْرٍ وَهُوَ ابْنُ عَمِّ سَعْدٍ، فَقَالَ لِسَعْدِ بْنِ عُبَادَةَ: كَذَبْتَ لَعَمْرُ اللّٰهِ لَنَقْتُلَنَّهُ فَإِنَّكَ مُنَافِقٌ تُجَادِلُ عَنِ الْمُنَافِقِينَ فَثَارَ الْحَيَّانِ، الْأَوْسُ وَالْخَزْرَجُ، حَتَّى هَمُّوا أَنْ يَقْتَتِلُوا وَرَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ عَلَى الْمِنْبَرِ قَالَتْ: فَلَمْ يَزَلْ رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ يُخَفِّضُهُمْ حَتَّى سَكَتُوا وَسَكَتَ قَالَتْ فَبَكَيْتُ يَوْمِي ذٰلِكَ كُلَّهُ لَا يَرْقَأُ لِي دَمْعٌ، وَلَا أَكْتَحِلُ بِنَوْمٍ

قَالَتْ: وَأَصْبَحَ أَبَوَايَ عِنْدِي، وَقَدْ بَكَيْتُ لَيْلَتَيْنِ وَيَوْمًا لَا يَرْقَأُ لِي دَمْعٌ، وَلَا أَكْتَحِلُ بِنَوْمٍ حَتَّى أَنَّ الْبُكَاءَ فَالِقٌ كَبِدِي فَبَيْنَا أَبَوَايَ جَالِسَانِ عِنْدِي، وَأَنَا أَبْكِي، فَاسْتَأْذَنَتْ عَلَيَّ امْرَأَةٌ مِنَ الْأَنْصَارِ فَأَذِنْتُ لَهَا فَجَلَسَتْ تَبْكِي مَعِي قَالَتْ: فَبَيْنَا نَحْنُ عَلَى ذٰلِكَ، دَخَلَ رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ فَجَلَسَ قَالَتْ: وَلَمْ يَجْلِسْ عِنْدِي، مُنْذُ قِيلَ مَا قِيلَ، قَبْلَهَا وَقَدْ لَبِثَ شَهْرًا لَا يُوحَى إِلَيْهِ فِي شَأْنِي بِشَيْءٍ قَالَتْ فَتَشَهَّدَ رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ حِينَ جَلَسَ، ثُمَّ قَالَ: أَمَّا بَعْدُ يَا عَائِشَةُ إِنَّهُ بَلَغَنِي عَنْكِ كَذَا وَكَذَا فَإِنْ كُنْتِ بَرِيئَةً، فَسَيُبَرِّئُكِ اللّٰهُ وَإِنْ كُنْتِ أَلْمَمْتِ بِذَنْبٍ فَاسْتَغْفِرِي اللّٰهَ، وَتُوبِي إِلَيْهِ فَإِنَّ الْعَبْدَ إِذَا اعْتَرَفَ بِذَنْبِهِ ثُمَّ تَابَ، تَابَ اللّٰهُ عَلَيْهِ

قَالَتْ: فَلَمَّا قَضَى رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ مَقَالَتَهُ، قَلَصَ دَمْعِي، حَتَّى مَا أُحِسُّ مِنْهُ قَطْرَةً فَقُلْتُ لِأَبِي: أَجِبْ رَسُولَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ عَنِّي فِيمَا قَالَ فَقَالَ أَبِي: وَاللّٰهِ مَا أَدْرِي مَا أَقُولُ لِرَسُولِ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ فَقُلْتُ لِأُمِّي: أَجِيبِي رَسُولَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ فِيمَا قَالَ قَالَتْ أُمُّهُ أَدْرِي مَا أَقُولُ لِرَسُولِ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ فَقُلْتُ: وَأَنَا جَارِيَةٌ حَدِيثَةُ السِّنِّ، لَا أَقْرَأُ الْقُرْآنَ كَثِيرًا أَيْ وَاللّٰهِ لَقَدْ عَلِمْتُ لَقَدْ سَمِعْتُمْ هٰذَا الْحَدِيثَ حَتَّى اسْتَقَرَّ فِي أَنْفُسِكُمْ وَصَدَّقْتُمْ بِهِ فَلَئِنْ قُلْتُ لَكُمْ إِنِّي بَرِيئَةٌ لَا تُصَدِّقُونِي وَلَئِنِ اعْتَرَفْتُ لَكُمْ بِأَمْرٍ، وَاللّٰهُ يَعْلَمُ أَنِّي مِنْهُ بَرِيئَةٌ، لَتُصَدِّقُنِّي فَوَاللّٰهِ لَا أَجِدُ لِي وَلَكُمْ مَثَلًا إِلَّا أَبَا يُوسُفَ حِينَ قَالَ (فَصَبْرٌ جَمِيلٌ وَاللّٰهُ الْمُسْتَعَانُ عَلَى مَا تَصِفُونَ) ثُمَّ تَحَوَّلْتُ وَاضْطَجَعْتُ عَلَى فِرَاشِي وَاللّٰهِ يَعْلَمُ أَنِّي حِينَئِذٍ بَرِيئَةٌ وَأَنَّ اللّٰهَ مُبَرِّئِي بِبَرَاءَتِي وَلٰكِنْ وَاللّٰهِ مَا كُنْتُ أَظُنُّ أَنَّ اللّٰهَ مُنْزِلٌ فِي شَأْنِي وَحْيًا يُتْلَى لَشَأْنِي فِي نَفْسِي كَانَ أَحْقَرَ مِنْ أَنْ يَتَكَلَّمَ اللّٰهُ فِيَّ بِأَمْرٍ وَلٰكِنْ كُنْتُ أَرْجُو أَنْ يَرَى رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ فِي النَّوْمِ رُؤْيَا يُبَرِّئُنِي اللّٰهُ بِهَا فَوَاللّٰهِ مَا رَامَ رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ مَجْلِسَهُ، وَلَا خَرَجَ مِنْ

Marfat.com

مِّنْ أَهْلِ الْبَيْتِ، حَتّٰى أُنْزِلَ عَلَيْهِ فَأَخَذَهُ مَا كَانَ يَأْخُذُهُ مِنَ الْبُرَحَاءِ حَتّٰى إِنَّهُ لَيَتَحَدَّرُ مِنْهُ مِنَ الْعَرَقِ مِثْلُ الْجُمَانِ وَهُوَ فِيْ يَوْمٍ شَاتٍ، مِنْ ثِقَلِ الْقَوْلِ الَّذِيْ أُنْزِلَ عَلَيْهِ

قَالَتْ: فَسُرِّيَ عَنْ رَسُوْلِ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ وَهُوَ يَضْحَكُ فَكَانَتْ أَوَّلَ كَلِمَةٍ تَكَلَّمَ بِهَا أَنْ قَالَ: يَا عَائِشَةُ أَمَّا اللّٰهُ فَقَدْ بَرَّأَكِ

قَالَتْ: فَقَالَتْ لِيْ أُمِّي: قُوْمِيْ إِلَيْهِ فَقُلْتُ: وَاللّٰهِ لاَ أَقُوْمُ إِلَيْهِ، فَإِنِّيْ لاَ أَحْمَدُ إِلَّا اللّٰهَ عَزَّ وَجَلَّ قَالَتْ: وَأَنْزَلَ اللّٰهُ تَعَالَى:

(إِنَّ الَّذِيْنَ جَاءُوْا بِالْإِفْكِ عُصْبَةٌ مِّنْكُمْ لاَ تَحْسَبُوْهُ شَرًّا لَكُمْ، بَلْ هُوَ خَيْرٌ لَكُمْ لِكُلِّ امْرِىءٍ مِّنْهُمْ مَا اكْتَسَبَ مِنَ الْإِثْمِ، وَالَّذِيْ تَوَلّٰى كِبْرَهُ مِنْهُمْ لَهُ عَذَابٌ عَظِيْمٌ لَوْلاَ إِذْ سَمِعْتُمُوْهُ ظَنَّ الْمُؤْمِنُوْنَ وَالْمُؤْمِنَاتُ بِأَنْفُسِهِمْ خَيْرًا وَقَالُوْا هٰذَا إِفْكٌ مُبِيْنٌ لَوْلاَ جَاءُوْا عَلَيْهِ بِأَرْبَعَةِ شُهَدَاءِ، فَإِذْ لَمْ يَأْتُوا بِالشُّهَدَاءِ فَأُولٰئِكَ عِنْدَ اللّٰهِ هُمُ الْكَاذِبُوْنَ وَلَوْلاَ فَضْلُ اللّٰهِ عَلَيْكُمْ وَرَحْمَتُهُ فِي الدُّنْيَا وَالآخِرَةِ لَمَسَّكُمْ فِيْ مَا أَفَضْتُمْ فِيْهِ عَذَابٌ عَظِيْمٌ إِذْ تَلَقَّوْنَهُ بِأَلْسِنَتِكُمْ وَتَقُوْلُوْنَ بِأَفْوَاهِكُمْ مَا لَيْسَ لَكُمْ بِهِ عِلْمٌ وَتَحْسَبُوْنَهُ هَيِّنًا وَّهُوَ عِنْدَ اللّٰهِ عَظِيْمٌ وَلَوْلاَ إِذْ سَمِعْتُمُوْهُ قُلْتُمْ مَا يَكُوْنُ لَنَا أَنْ نَتَكَلَّمَ بِهٰذَا سُبْحٰنَكَ هٰذَا بُهْتٌ عَظِيْمٌ يَعِظُكُمُ اللّٰهُ أَنْ تَعُوْدُوا لِمِثْلِهِ أَبَدًا إِنْ كُنْتُمْ مُؤْمِنِيْنَ وَيُبَيِّنُ اللّٰهُ لَكُمُ الْآيٰتِ، وَاللّٰهُ عَلِيْمٌ حَكِيْمٌ إِنَّ الَّذِيْنَ يُحِبُّوْنَ أَنْ تَشِيْعَ الْفَاحِشَةُ فِي الَّذِيْنَ ءَامَنُوْا لَهُمْ عَذَابٌ أَلِيْمٌ فِي الدُّنْيَا وَالآخِرَةِ، وَاللّٰهُ يَعْلَمُ وَأَنْتُمْ لاَ تَعْلَمُوْنَ وَلَوْلاَ فَضْلُ اللّٰهِ عَلَيْكُمْ وَرَحْمَتُهُ وَأَنَّ اللّٰهَ رَءُوْفٌ رَّحِيْمٌ يٰأَيُّهَا الَّذِيْنَ ءَامَنُوا لاَ تَتَّبِعُوْا خُطُوٰتِ الشَّيْطٰنِ وَمَنْ يَّتَّبِعْ خُطُوٰتِ الشَّيْطٰنِ فَإِنَّهُ يَأْمُرُ بِالْفَحْشَاءِ وَالْمُنْكَرِ وَلَوْلاَ فَضْلُ اللّٰهِ عَلَيْكُمْ وَرَحْمَتُهُ مَا زَكٰى مِنْكُمْ مِنْ أَحَدٍ أَبَدًا وَّلٰكِنَّ اللّٰهَ يُزَكِّيْ مَنْ يَّشَاءُ وَاللّٰهُ سَمِيْعٌ عَلِيْمٌ وَلاَ يَأْتَلِ أُولُوا الْفَضْلِ مِنْكُمْ وَالسَّعَةِ أَنْ يُّؤْتُوا أُولِي الْقُرْبٰى وَالْمَسٰكِيْنَ وَالْمُهٰجِرِيْنَ فِيْ سَبِيْلِ اللّٰهِ وَلْيَعْفُوْا وَلْيَصْفَحُوْا أَلاَ تُحِبُّوْنَ أَنْ يَّغْفِرَ اللّٰهُ لَكُمْ وَاللّٰهُ غَفُوْرٌ رَّحِيْمٌ إِنَّ الَّذِيْنَ يَرْمُوْنَ الْمُحْصَنٰتِ الْغٰفِلٰتِ الْمُؤْمِنٰتِ لُعِنُوْا فِي الدُّنْيَا وَالآخِرَةِ وَلَهُمْ عَذَابٌ عَظِيْمٌ يَوْمَ تَشْهَدُ عَلَيْهِمْ أَلْسِنَتُهُمْ وَأَيْدِيْهِمْ وَأَرْجُلُهُمْ بِمَا كَانُوْا يَعْمَلُوْنَ يَوْمَئِذٍ يُوَفِّيْهِمُ اللّٰهُ دِيْنَهُمُ الْحَقَّ وَيَعْلَمُوْنَ أَنَّ اللّٰهَ هُوَ الْحَقُّ الْمُبِيْنُ الْخَبِيْثٰتُ لِلْخَبِيْثِيْنَ وَالْخَبِيْثُوْنَ لِلْخَبِيْثٰتِ، وَالطَّيِّبٰتُ لِلطَّيِّبِيْنَ وَالطَّيِّبُوْنَ لِلطَّيِّبٰتِ، أُولٰئِكَ مُبَرَّءُوْنَ مِمَّا يَقُوْلُوْنَ، لَهُمْ مَغْفِرَةٌ وَرِزْقٌ كَرِيْمٌ)

ثُمَّ أَنْزَلَ اللّٰهُ هٰذَا فِيْ بَرَاءَتِيْ

قَالَ أَبُوْ بَكْرٍ الصِّدِّيْقُ، وَكَانَ يُنْفِقُ عَلٰى مِسْطَحِ بْنِ أُثَاثَةَ، لِقَرَابَتِهِ مِنْهُ وَفَقْرِهِ: وَاللّٰهِ لاَ أُنْفِقُ عَلٰى مِسْطَحٍ شَيْئًا أَبَدًا، بَعْدَ الَّذِيْ قَالَ لِعَائِشَةَ مَا قَالَ فَأَنْزَلَ اللّٰهُ (وَلاَ يَأْتَلِ أُولُوا الْفَضْلِ مِنْكُمْ) إِلٰى قَوْلِهِ (غَفُوْرٌ رَّحِيْمٌ)

قَالَ أَبُوْ بَكْرٍ الصِّدِّيْقُ: بَلٰى وَاللّٰهِ إِنِّيْ لَأُحِبُّ أَنْ يَّغْفِرَ اللّٰهُ لِيْ فَرَجَعَ إِلٰى مِسْطَحٍ النَّفَقَةَ الَّتِيْ كَانَ يُنْفِقُ عَلَيْهِ وَقَالَ: وَاللّٰهِ لاَ أَنْزِعُهَا مِنْهُ أَبَدًا

قَالَتْ عَائِشَةُ: وَكَانَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ سَأَلَ زَيْنَبَ بِنْتَ جَحْشٍ عَنْ أَمْرِيْ فَقَالَ لِزَيْنَبَ:

Marfat.com

مَاذَا عَلِمْتِ أَوْ رَأَيْتِ قَالَتْ: يَا رَسُوْلَ اللّٰهِ أَحْمِيْ سَمْعِيْ وَبَصَرِيْ وَاللّٰهِ مَا عَلِمْتُ إِلَّا خَيْرًا

قَالَتْ عَائِشَةُ: وَهِيَ الَّتِيْ كَانَتْ تُسَامِيْنِيْ، مِنْ أَزْوَاجِ النَّبِيِّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ فَعَصَمَهَا اللّٰهُ بِالْوَرَعِ قَالَتْ: وَطَفِقَتْ أُخْتُهَا حَمْنَةُ تُحَارِبُ لَهَا فَهَلَكَتْ فِيمَنْ هَلَكَ

قَالَتْ عَائِشَةُ: وَاللّٰهِ إِنَّ الرَّجُلَ الَّذِيْ قِيْلَ لَهُ مَا قِيْلَ، لَيَقُوْلُ: سُبْحَانَ اللّٰهِ فَوَالَّذِيْ نَفْسِيْ بِيَدِهِ مَا كَشَفْتُ مِنْ كَنَفِ أُنْثَى قَطُّ قَالَتْ: ثُمَّ قُتِلَ، بَعْدَ ذٰلِكَ، فِيْ سَبِيْلِ اللّٰهِ

✧✧ سیدہ عائشہ صدیقہ رضی اللہ عنہا جو نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کی زوجہ محترمہ ہیں انہوں نے واقعۂ افک کے بارے میں (یہ روایت نقل کی ہے) سیدہ عائشہ صدیقہ رضی اللہ عنہا بیان کرتی ہیں: نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم جب کسی سفر پر تشریف لے جاتے تھے تو آپ اپنی ازواج کے درمیان قرعہ اندازی کیا کرتے تھے ان میں سے جس کا نام نکلتا تھا نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم اسے اپنے ساتھ لے جایا کرتے تھے۔ سیدہ عائشہ صدیقہ رضی اللہ عنہا بیان کرتی ہیں: ایک غزوے میں شرکت کے لئے نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے ہمارے درمیان قرعہ اندازی کی تو میرا نام قرعہ نکل آیا۔ میں نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کے ہمراہ روانہ ہوئی' یہ پردے کا حکم نازل ہونے کے بعد کی بات ہے۔ سفر کے دوران اور پڑاؤ کے وقت میں ہودج میں رہتی تھی۔

جب نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم اس غزوے سے فارغ ہوئے تو ہم لوگ واپس آئے جب ہم مدینہ منورہ کے قریب پہنچے تو ایک رات نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے روانگی کا حکم دیا: جب لوگوں نے روانگی کی تیاری کی میں اٹھی میں چلتی ہوئی لشکر سے ذرا دور گئی میں نے قضائے حاجت کی جب میں اپنی جگہ پر واپس آنے لگی میں نے اپنے سینے پر ہاتھ رکھا تو ظفار کے پتھروں کا ہار گر چکا تھا میں واپس آئی میں اپنے ہار کو ڈھونڈ رہی تھی اس کی تلاش میں میں مصروف رہی۔

سیدہ عائشہ صدیقہ رضی اللہ عنہا بیان کرتی ہیں: جو لوگ میرے ہودج کو اٹھایا کرتے تھے وہ آئے انہوں نے میرے ہودج کو اٹھایا اور اٹھا کر میرے اونٹ کے اوپر رکھ دیا جس پر میں سوار ہوا کرتی تھی' وہ یہ سمجھے کہ میں اس ہودج میں موجود ہوں اس زمانے میں خواتین ہلکی پھلکی ہوا کرتی تھیں' موٹی تازی نہیں ہوا کرتی تھیں' ان پر گوشت زیادہ نہیں ہوتا تھا کیونکہ وہ لوگ تھوڑا کھانا کھایا کرتی تھیں اس لئے ان لوگوں کو ہودج کو اٹھاتے ہوئے اس کے وزن میں کمی محسوس نہیں ہوئی میں ان دنوں لڑکی تھی' عمر بھی کم تھی' وہ لوگ اس اونٹ کو لے کر روانہ ہو گئے لشکر کے روانہ ہو جانے کے بعد مجھے اپنا ہار ملا جب میں لشکر کی جگہ پر آئی تو نہ وہاں کوئی بلانے والا تھا اور نہ ہی کوئی جواب دینے والا تھا' میں اسی جگہ آ کر ٹھہر گئی جہاں پہلے موجود تھی میرا یہ خیال تھا کہ ذرا دیر بعد ہی انہیں میری غیر موجودگی کا پتہ چل جائے گا اور وہ لوگ واپس میرے پاس آئیں گے۔

میں ابھی اس جگہ بیٹھی ہوئی تھی کہ میری آنکھ لگ گئی۔ صفوان بن معطل رضی اللہ عنہ جو لشکر کے پیچھے آ رہے تھے صبح کے وقت میری جائے قیام کے پاس پہنچے انہوں نے ایک سوئے ہوئے شخص کو دیکھا (پاس آئے) جب مجھے دیکھا تو پہچان لیا کیونکہ وہ پردے کا حکم نازل ہونے سے پہلے مجھے دیکھ چکے تھے۔ انہوں نے اِنَّا لِلّٰهِ وَاِنَّا اِلَيْهِ رَاجِعُوْنَ پڑھا تو میں بیدار ہو گئی میں نے اپنی چادر سے اپنے چہرے کو چھپا لیا۔ اللہ کی قسم! ہم نے کوئی بات نہیں کی اور میں نے ان کی زبانی اِنَّا لِلّٰهِ وَاِنَّا اِلَيْهِ رَاجِعُوْنَ کے علاوہ کوئی بات نہیں سنی۔ وہ آگے بڑھے انہوں نے اپنے اونٹ کو بٹھایا اس کے پاؤں کو اپنے پاؤں کے نیچے رکھا میں اٹھ کر آئی اور اس پر سوار

Marfat.com

[illegible] اونٹ کو لے کر روانہ ہو گئے یہاں تک کہ ہم دوپہر کے وقت لشکر میں پہنچ گئے لشکر والوں نے پڑاؤ کیا ہوا تھا۔

[illegible] بیان کرتی ہیں: جس نے ہلاکت کا شکار ہونا تھا وہ ہلاکت کا شکار ہوا' جس شخص نے اس الزام کو سب سے زیادہ ہوا دی وہ عبداللہ بن ابی بن سلول تھا۔

[illegible] بیان کرتے ہیں: مجھے یہ بات بتائی گئی' یہی وہ شخص ہے جس کے پاس اس بارے میں بات کی جاتی تھی۔ وہ اسے پختہ کرتا [illegible] سختی کے ساتھ پھیلا دیا کرتا تھا۔

[illegible] بیان کرتے ہیں: الزام لگانے والوں میں سے صرف حسان بن ثابت رضی اللہ عنہ، مسطح بن اثاثہ رضی اللہ عنہ اور حمنہ بنت جحش رضی اللہ عنہا کے [illegible] سکتے ہیں۔ ہاں ان کے علاوہ کچھ دوسرے لوگ بھی ہوں گے جن کا مجھے علم نہیں ہے تاہم ان کی تعداد زیادہ ہوگی۔ جیسا [illegible] تعالیٰ نے ارشاد فرمایا ہے تاہم اس بارے میں سب سے زیادہ تیزی عبداللہ بن ابی نے دکھائی۔

[illegible] کرتے ہیں: سیدہ عائشہ صدیقہ رضی اللہ عنہا اس بات کو پسند نہیں کرتی تھیں کہ ان کے سامنے حضرت حسان رضی اللہ عنہ کو برا کہا [illegible] یہ فرماتی تھیں: حضرت حسان رضی اللہ عنہ نے یہ شعر کہا ہے:

[illegible] میرے باپ اور ان کے والد (میرے دادا) اور میری عزت تم لوگوں کے مقابلے میں حضرت محمد صلی اللہ علیہ وسلم کی [illegible] کے لئے قربان ہو گئی۔

[illegible] بیان کرتی ہیں: جب ہم لوگ مدینہ منورہ آئے تو میں بیمار ہو گئی اور ایک ماہ تک بیمار رہی اس دوران [illegible] باتیں لوگوں کی زبان پر تھیں میں ان کے بارے میں کچھ بھی نہیں جانتی تھی۔ بیماری کے دوران جو بات [illegible] کی وہ یہ تھی کہ پہلے نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم میری بیماری کے دوران جس طرح میرا خیال رکھتے تھے اب اس طرح میرا [illegible] نہیں رکھتے تھے نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم جب میرے پاس تشریف لاتے تو سلام کرنے کے بعد دریافت کرتے: تمہارا کیا حال ہے؟ [illegible] بھی بتایا کرتے تھے یہ بات مجھے شک میں مبتلا کر دیتی کیونکہ مجھے اصل خرابی کا پتہ نہیں تھا اپنی بیماری کے دوران ایک [illegible] میں ام مسطح رضی اللہ عنہا کے ساتھ "مناصع" کی طرف نکلی ہم قضائے حاجت کے لئے وہاں جایا کرتے تھے ہم اس مقصد [illegible] صرف رات کے وقت وہاں جایا کرتے تھے یہ اس زمانے کی بات ہے جب گھروں کے قریب بیت الخلاء بنانے کا رواج [illegible] اور ہم پہلے زمانے کے عربوں کی طرح ویرانے میں جا کر رفع حاجت کیا کرتے تھے کیونکہ گھروں میں بیت الخلاء بنانے سے [illegible] تھے۔

[illegible] بیان کرتی ہیں: میں اور ام مسطح رضی اللہ عنہا جا رہی تھیں یہ خاتون' رہم بن مطلب بن مناف کی صاحبزادی [illegible] اور ان کی والدہ صخر بن عامر کی صاحبزادی تھیں۔ ان کا بیٹا مسطح بن اثاثہ بن عباد بن عبدالمطلب تھا۔ اپنے کام سے فارغ [illegible] کے بعد میں اور ام مسطح رضی اللہ عنہا گھر کی طرف واپس آ رہی تھیں ام مسطح رضی اللہ عنہا کا پاؤں ان کی چادر میں الجھا' وہ گریں تو بولیں: مسطح [illegible] تباہ ہو! میں نے ان سے کہا: آپ نے بہت غلط بات کی ہے آپ ایک ایسے شخص کو برا بھلا کہہ رہی ہیں جو غزوۂ بدر میں شریک [illegible] ہونے والوں میں سے ہے بھولی بھالی! کیا تم نے نہیں سنا کہ اس نے کیا بکواس کی ہے۔ سیدہ عائشہ رضی اللہ عنہا بیان کرتی ہیں: میں نے دریافت کیا اس نے کیا کہا ہے؟ تو ام مسطح رضی اللہ عنہا نے مجھے الزام تراش لوگوں کے الزام کے بارے میں بتایا۔

Marfat.com

سیدہ عائشہ رضی اللہ عنہا بیان کرتی ہیں کہ میں (میری بیماری میں) اور اضافہ ہو گیا۔ جب میں اپنے گھر واپس آئی اور رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم میرے ہاں تشریف لائے آپ نے سلام لیا اور دریافت کیا تمہارا کیا حال ہے؟ میں نے آپ سے عرض کی یا آپ مجھے اجازت دیں کہ میں اپنے ماں باپ کے پاس چلی جاؤں؟ سیدہ عائشہ رضی اللہ عنہا بیان کرتی ہیں میرا ارادہ تھا کہ میں اس خبر کو اچھی طرح جانوں اور اس بارے میں یقینی اطلاع حاصل کروں۔

سیدہ عائشہ رضی اللہ عنہا بیان کرتی ہیں نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے مجھے اجازت دے دی جب میں اپنے والدین کے گھر آئی میرے والدہ نے ہی لوگ کیا باتیں کر رہے ہیں۔ انہوں نے جواب دیا اے میری بیٹی! اللہ کی قسم! جو بھی عورت اپنے خاوند کے پاس بہت خوبصورت ہو اور وہ اسے پسند کرتا ہو اور اس کی سوکنیں بھی ہوں تو وہ ایسے کام کیا کرتی ہیں۔ سیدہ عائشہ رضی اللہ عنہا نے کہا سبحان اللہ! یہ لوگ اس طرح کی باتیں کر رہے ہیں؟ سیدہ عائشہ رضی اللہ عنہا بیان کرتی ہیں میں اس رات اس طرح روتی رہی کہ نہ میرے آنسو تھمتے اور نہ مجھے ذرا سی دیر کے لئے نیند آتی صبح کے وقت بھی میں روتی رہی۔

سیدہ عائشہ صدیقہ رضی اللہ عنہا بیان کرتی ہیں نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے حضرت علی بن ابی طالب رضی اللہ عنہ اور اسامہ رضی اللہ عنہ کو یہ اس وقت کی بات ہے جب ابھی وحی نازل نہیں ہوئی تھی۔ آپ نے ان دونوں حضرات سے مشورہ کیا آپ اپنے اہل خانہ کے بارے میں ان سے مشورہ کرنا چاہتے تھے۔

سیدہ عائشہ رضی اللہ عنہا بیان کرتی ہیں حضرت اسامہ رضی اللہ عنہ نے نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کو وہی کہا جو وہ جانتے تھے نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم اپنی بیوی کے بارے میں ہمیں تو بھلائی کا علم ہے۔ البتہ علی بن ابی طالب نے کہا یا رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم اللہ نے آپ پر تنگی نہیں کی اور بھی خواتین ہیں تاہم آپ لونڈی سے دریافت کریں وہ آپ کو سچ بتا دے گی۔

سیدہ عائشہ رضی اللہ عنہا بیان کرتی ہیں نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے بریرہ کو بلایا اور کہا بریرہ کیا تم نے کوئی شک میں مبتلا کرنے والی بات دیکھی ہے؟ تو بریرہ نے آپ کی خدمت میں عرض کی اس ذات کی قسم جس نے آپ کو حق کے ساتھ مبعوث فرمایا ہے میں نے ان کی کوئی ایسی بات نہیں دیکھی جس پر میں عیب لگا سکوں وہ یہ ہے کہ وہ چھوٹی عمر کی ہیں وہ آٹا گوندھ کر سو جاتی ہیں اور بکری آ کر کھا جاتی ہے۔

سیدہ عائشہ رضی اللہ عنہا بیان کرتی ہیں نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کھڑے ہوئے آپ نے عبداللہ بن ابی بن سلول کے بارے میں آپ منبر پر تشریف فرما تھے آپ نے فرمایا اے مسلمانوں کے گروہ! ایسے شخص کے بارے میں جس نے مجھے اپنے اہل خانہ کے بارے میں اذیت دی ہے اللہ کی قسم! مجھے اپنی بیوی کے بارے میں کوئی برائی کا علم نہیں لوگوں نے جس شخص پر الزام لگایا ہے اس کے بارے میں بھی مجھے بھلائی کا علم ہے وہ میرے گھر میں میری غیر حاضری میں ہی داخل ہوا۔

سیدہ عائشہ رضی اللہ عنہا بیان کرتی ہیں حضرت سعد بن معاذ رضی اللہ عنہ کھڑے ہوئے ان کا تعلق بنو عبدالاشہل سے تھا انہوں نے عرض کی یا رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم! میں آپ کا ساتھ دیتا ہوں اگر اس شخص کا تعلق اوس سے ہوا تو میں اس کی گردن اڑا دوں گا اور اگر

Marfat.com

بھائی قبیلے خزرج سے تعلق رکھتا ہو تو آپ جو حکم دیں گے ہم اس پر عمل کریں گے۔

سیّدہ عائشہ صدیقہ رضی اللہ عنہا بیان کرتی ہیں: خزرج قبیلے سے ایک شخص کھڑا ہوا، حضرت حسان رضی اللہ عنہ کی والدہ اس شخص کی چچازاد تھیں اور اس قبیلے سے تعلق رکھتی تھیں۔ اس شخص کا نام سعد بن عبادہ رضی اللہ عنہ تھا اور وہ خزرج قبیلے کے سردار تھے۔

سیّدہ عائشہ رضی اللہ عنہا فرماتی ہیں: یہ صاحب اس سے پہلے ایک نیک انسان تھے لیکن اس وقت ان پر قبائلی عصبیت حاوی ہوگئی۔ انہوں نے حضرت سعد بن معاذ رضی اللہ عنہ سے کہا: تم غلط کہہ رہے ہو اللہ کی قسم! تم نہ تو اسے قتل کرو گے اور نہ ہی اسے قتل کرنے کی طاقت رکھو گے۔ اگر وہ تمہارے قبیلے سے تعلق رکھتا تو تم بھی یہی چاہتے کہ اسے قتل نہ کیا جائے۔ حضرت اسید بن حضیر رضی اللہ عنہ کھڑے ہوئے یہ حضرت سعد بن معاذ رضی اللہ عنہ کے چچازاد تھے۔ انہوں نے حضرت سعد بن عبادہ رضی اللہ عنہ سے کہا: تم غلط کہہ رہے ہو اللہ کی قسم! ہم اس شخص کو ضرور قتل کریں گے۔ تم منافق ہو اور منافقین کی طرف سے بحث کر رہے ہو۔

سیّدہ عائشہ رضی اللہ عنہا بیان کرتی ہیں: اوس اور خزرج قبیلے کے درمیان جھگڑا شروع ہوگیا یہاں تک کہ وہ آپس میں لڑنے کے لئے تیار ہو گئے۔ نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم منبر پر کھڑے ہوئے تھے۔ سیّدہ عائشہ رضی اللہ عنہا بیان کرتی ہیں: نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم ان لوگوں کو خاموش کرواتے رہے یہاں تک کہ وہ لوگ خاموش ہوگئے۔

سیّدہ عائشہ رضی اللہ عنہا بیان کرتی ہیں: میں نے پورا دن رونے میں گزار دیا۔ نہ میرے آنسو تھمتے تھے نہ مجھے ذرا سی دیر کے لئے نیند آئی۔

سیّدہ عائشہ رضی اللہ عنہا بیان کرتی ہیں: صبح سے میرے والدین میرے پاس موجود تھے۔ میں دو راتوں اور ایک دن سے مسلسل رو رہی تھی نہ میرے آنسو تھمتے تھے اور نہ ہی مجھے ذرا سی دیر کے لئے نیند آئی یہاں تک کہ مجھے یوں محسوس ہو رہا تھا کہ رونے کی وجہ سے میرا کلیجہ پھٹ جائے گا۔ میرے والدین میرے پاس بیٹھے ہوئے تھے اور میں رو رہی تھی۔ ایک خاتون نے اندر آنے کی اجازت مانگی میں نے اسے اجازت دی وہ بھی میرے ساتھ بیٹھ کر رونے لگی۔

سیّدہ عائشہ رضی اللہ عنہا بیان کرتی ہیں: ابھی ہم اسی حالت میں تھے کہ نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم اندر تشریف لائے آپ نے سلام کیا اور پھر میرے پاس تشریف فرما ہوئے۔ سیّدہ عائشہ رضی اللہ عنہا بیان کرتی ہیں: اس پورے عرصے کے دوران یعنی ایک ماہ ہوگیا تھا' آپ میرے پاس نہیں بیٹھے تھے اور نہ ہی میرے بارے میں آپ کی طرف کوئی وحی نازل ہوئی تھی۔ سیّدہ عائشہ رضی اللہ عنہا بیان کرتی ہیں: جب نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم تشریف فرما ہوئے تو آپ نے کلمہ شہادت پڑھا اور پھر فرمایا: امابعد اے عائشہ! تمہارے حوالے سے مجھے یہ بات پتہ چلی ہے اگر تم بری الذمہ ہو تو اللہ تعالیٰ تمہاری برأت ظاہر کر دے گا اور اگر تم نے گناہ کا ارتکاب کیا ہے تو اللہ تعالیٰ سے مغفرت مانگو اور اس کی بارگاہ میں توبہ کرو جب بندہ اپنی غلطی کا اعتراف کر کے توبہ کرتا ہے تو اللہ تعالیٰ اس کی توبہ کو قبول کرتا ہے۔ سیّدہ عائشہ رضی اللہ عنہا بیان کرتی ہیں: جب نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے اپنی بات مکمل کر لی تو میرے آنسو تھم گئے یہاں تک کہ مجھے ایک قطرہ تک بھی محسوس نہیں ہوا میں نے اپنے والد سے کہا: آپ میری طرف سے اللہ کے رسول کو جواب دیں! جو انہوں نے ارشاد فرمایا ہے: میرے والد نے کہا: اللہ کی قسم! مجھے سمجھ نہیں آ رہی کہ میں نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم سے کیا کہوں۔ میں نے اپنی والدہ سے کہا: نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے جو بات ارشاد فرمائی ہے آپ اس کا جواب دیں! انہوں نے بھی مجھے یہی کہا: اللہ کی قسم! مجھے سمجھ نہیں آ رہی کہ میں کیا کہوں؟ تو میں نے کہا: میں ایک لڑکی

Marfat.com

ہوں میری عمر کم ہے میں نے قرآن زیادہ نہیں پڑھا ہوا' اللہ کی قسم! مجھے پتہ ہے کہ آپ نے یہ بات سنی ہے اور یہ آپ کے من میں پختہ ہوگئی ہے اور آپ اس کی تصدیق کر چکے ہیں۔ اگر میں آپ سے یہ کہوں کہ میں بری ہوں تو آپ میری بات کو سچ تسلیم نہیں کریں گے اور اگر میں آپ کے سامنے کسی ایسے عمل کا اعتراف کرلوں جس کے بارے میں اللہ جانتا ہے کہ میرا اس سے کوئی تعلق نہیں تو آپ مجھے سچا سمجھیں گے۔ اللہ کی قسم! مجھے اپنے بارے میں اور آپ کے بارے میں مثال کے طور پر حضرت یوسف علیہ السلام کے والد کا یہ قول ملا ہے جو انہوں نے فرمایا تھا: اب صبر ہی بہتر ہے تم لوگ جو کہہ رہے ہو اس بارے میں اللہ ہی سے مدد لی جاسکتی ہے۔

سیدہ عائشہ رضی اللہ عنہا بیان کرتی ہیں: پھر میں مڑ کر اپنے بستر پر چلی گئی۔ اللہ تعالیٰ جانتا ہے کہ میں اس وقت بری تھی اور اللہ تعالیٰ نے ہی میری برأت کو ظاہر کرنا تھا لیکن اللہ کی قسم! مجھے یہ اندازہ نہیں تھا کہ اللہ تعالیٰ میرے بارے میں وحی نازل کرے گا جو تلاوت کی جائے گی میری یہ حیثیت نہیں ہے کہ اللہ تعالیٰ میرے بارے میں کوئی حکم بیان فرمائے' مجھے یہ امید تھی کہ نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کوئی ایسا خواب دیکھیں گے جس میں اللہ تعالیٰ مجھے بری ظاہر کردے گا اللہ کی قسم! ابھی نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم وہاں سے اٹھے نہیں تھے اور گھر میں موجود افراد میں سے کوئی باہر نہیں نکلا تھا کہ آپ پر وحی کی سی کیفیت شروع ہوگئی یعنی آپ کا موتیوں کی مانند پسینہ نکلنے لگا جو آپ پر وحی کی شدت کی وجہ سے سردیوں کے موسم میں بھی نکل پڑتا تھا۔ سیدہ عائشہ رضی اللہ عنہا بیان کرتی ہیں: جب نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کی یہ کیفیت ختم ہوئی تو آپ مسکرا رہے تھے اور آپ نے سب سے پہلے یہی بات کہی: عائشہ! اللہ تعالیٰ نے تمہاری برأت ظاہر کردی ہے سیدہ عائشہ رضی اللہ عنہا بیان کرتی ہیں: میری والدہ نے کہا: عائشہ! تم کھڑی ہو کر نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کا شکریہ ادا کرو! میں نے کہا: اللہ کی قسم! میں ان کے سامنے کھڑی نہیں ہوں گی اور میں صرف اللہ کی حمد بیان کروں گی۔

سیدہ عائشہ رضی اللہ عنہا بیان کرتی ہیں: اس وقت اللہ تعالیٰ نے یہ آیت نازل کی:

''تم میں سے کچھ لوگ جنہوں نے یہ الزام لگایا ہے''

یہ دس آیات ہیں' جب اللہ تعالیٰ نے میری برأت میں یہ آیات نازل کیں' تو حضرت ابوبکر صدیق رضی اللہ عنہ نے یہ فرمایا: وہ مسطح بن اثاثہ پر خرچ کیا کرتے تھے کیونکہ وہ ان کا قریبی رشتہ دار تھا اور غریب بھی تھا' تو حضرت ابوبکر صدیق رضی اللہ عنہ نے فرمایا: اللہ کی قسم! اب میں مسطح پر کبھی کوئی چیز بھی خرچ نہیں کروں گا کیونکہ اس نے عائشہ کے بارے میں اس طرح کی باتیں کہی ہیں۔ تو اللہ تعالیٰ نے یہ آیت نازل کی:

''تم میں سے جو لوگ فضیلت رکھتے ہیں''۔

یہ آیت یہاں تک ہے ''غفور رحیم''۔ حضرت ابوبکر صدیق رضی اللہ عنہ نے کہا: ہاں۔ اللہ کی قسم! میں اس بات کو پسند کروں گا کہ اللہ تعالیٰ مجھے بخش دے۔ حضرت ابوبکر صدیق رضی اللہ عنہ نے مسطح رضی اللہ عنہ کو اسی طرح خرچ دینے شروع کردیا جیسے وہ پہلے دیا کرتے تھے اور یہ کہا: اللہ کی قسم! اب میں یہ خرچ کبھی بند نہیں کروں گا۔

سیدہ عائشہ رضی اللہ عنہا بیان کرتی ہیں: نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے سیدہ زینب بنت جحش رضی اللہ عنہا سے میرے معاملے میں دریافت کیا تھا آپ نے سیدہ زینب رضی اللہ عنہا سے کہا: تمہارے نزدیک تمہاری رائے کے مطابق کیا صورت ہے؟ انہوں نے عرض کی: یارسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم! میں اپنے کانوں اور آنکھوں کو محفوظ کرتی ہوں اللہ کی قسم! مجھے صرف بھلائی کا علم ہے۔

Marfat.com

توبہ کا بیان ﴿۵۴۴﴾ ۔ ۔ ۔

نبی اکرم ﷺ میرے ہاں تشریف لائے آپ نے میرے بارے میں خادمہ سے دریافت کیا تو اس نے جواب دیا نہیں! اللہ کی قسم! مجھے ان کے بارے میں صرف اسی خامی کا پتہ ہے کہ وہ سو جاتی ہیں اور بکری آ کر آٹا کھا جاتی ہے۔ نبی اکرم ﷺ کے ایک ساتھی نے اس خادمہ کو جھڑکا اور کہا: نبی اکرم ﷺ کے ساتھ سچی بات کہو! یہاں تک کہ انھوں نے واضح طور پر اس سے یہ بات پوچھی تو اس نے جواب دیا۔ سبحان اللہ! اللہ کی قسم! مجھے ان کے بارے میں اسی طرح علم ہے جیسے سنار کو سرخ سونے کی نکیہ کا علم ہوتا ہے۔

سیدہ عائشہ رضی اللہ عنہا بیان کرتی ہیں: جن صاحب کے بارے میں الزام لگایا جا رہا تھا جب ان سے یہ بات کہی گئی تو انہوں نے کہا: سبحان اللہ! اللہ کی قسم! میں نے کبھی کسی عورت کا پردہ نہیں ہٹایا۔

سیدہ عائشہ رضی اللہ عنہا بیان کرتی ہیں: وہ صاحب بعد میں اللہ تعالیٰ کی راہ میں شہید ہو کر فوت ہوئے تھے۔

أخرجه البخاري في: 65 كتاب التفسير: 24 سورة النور: 11 باب إن الذين يحبون أن تشيع الفاحشة في الذين امنوا
رقم الجزء: 1 رقم الصفحة: 878 (جہانگیری صحیح بخاری مطبوعہ شبیر برادرز، رقم الحدیث: 4479)

•••———•••———•••

Marfat.com

كتاب صفات المنافقين وأحكامهم
منافقین کی صفات اوران کے احکام

﴿1765﴾ حديث زَيْدِ بْنِ أَرْقَمَ رَضِيَ اللّٰهُ عَنْهُ،

قَالَ: خَرَجْنَا مَعَ النَّبِيِّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ، فِي سَفَرٍ أَصَابَ النَّاسَ فِيْهِ شِدَّةٌ فَقَالَ عَبْدُ اللّٰهِ بْنُ أُبَيٍّ لِأَصْحَابِهِ: لَا تُنْفِقُوْا عَلٰى مَنْ عِنْدَ رَسُوْلِ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ حَتّٰى يَنْفَضُّوا مِنْ حَوْلِهِ وَقَالَ: لَئِنْ رَجَعْنَا إِلَى الْمَدِيْنَةِ، لَيُخْرِجَنَّ الْأَعَزُّ مِنْهَا الْأَذَلَّ فَأَتَيْتُ النَّبِيَّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ، فَأَخْبَرْتُهُ فَأَرْسَلَ إِلٰى عَبْدِ اللّٰهِ بْنِ أُبَيٍّ، فَسَأَلَهُ، فَاجْتَهَدَ يَمِيْنَهُ مَا فَعَلَ قَالُوْا: كَذَبَ زَيْدٌ رَسُوْلَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ فَوَقَعَ فِي نَفْسِي مِمَّا قَالُوْا شِدَّةٌ حَتّٰى أَنْزَلَ اللّٰهُ عَزَّ وَجَلَّ تَصْدِيْقِي فِي (إِذَا جَاءَكَ الْمُنَافِقُونَ) فَدَعَاهُمُ النَّبِيُّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ، لِيَسْتَغْفِرَ لَهُمْ فَلَوَّوْا رُءُوْسَهُمْ وَقَوْلُهُ (خُشُبٌ مُسَنَّدَةٌ) قَالَ: كَانُوا رِجَالاً، أَجْمَلَ شَيْءٍ

✧✧ حضرت زید بن ارقم رضی اللہ عنہ بیان کرتے ہیں: ہم نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کے ہمراہ ایک سفر میں شریک ہوئے لوگوں کو اس دوران بہت سختی کا سامنا کرنا پڑا تو عبداللہ بن ابی نے اپنے ساتھیوں سے کہا: اللہ کے رسول کے آس پاس جولوگ موجود ہیں ان پر خرچ نہ کرو' یہاں تک کہ وہ خود ہی ان کے آس پاس سے بکھر جائیں گے' اس نے یہ بھی کہا: جب ہم مدینہ جائیں گے تو وہاں سے عزت دار شخص' کمتر کو باہر نکال دے گا' میں نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کی خدمت میں حاضر ہوا آپ کو اس بارے میں بتایا' نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے عبداللہ بن ابی کو بلایا اس سے اس بارے میں دریافت کیا تو اس نے قسم اٹھا کر کہا: اس نے ایسا نہیں کہا' لوگوں نے کہا: زید نے اللہ کے رسول کے ساتھ جھوٹ بولا ہے' لوگوں کی بات پر مجھے بہت افسوس ہوا یہاں تک کہ اللہ تعالیٰ نے میری تصدیق میں یہ آیت نازل کی۔

''جب منافق تمہارے پاس آئیں''۔

پھر نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے انہیں بلایا تا کہ آپ ان کے لئے دعائے مغفرت کریں تو انہوں نے اپنے سر پھیر لئے۔

اللہ تعالیٰ کا یہ فرمان: (خُشُبٌ مُسَنَّدَةٌ) کا مطلب یہ ہے کہ وہ ایسے لوگ ہیں جو دیکھنے میں اچھے محسوس ہوتے ہیں۔

أخرجه البخاري في: 65 كتاب التفسير: 63 سورة إذا جاءك المنافقون: 3 باب قوله ذلك بأنهم آمنوا ثم كفروا رقم الجزء: 1 رقم الصفحة: 879 (جہانگیری صحیح بخاری، مطبوعہ شبیر برادرز، رقم الحدیث:4620)

Marfat.com

﴿1766﴾ حديث جَابِرٍ رَضِيَ اللّٰهُ عَنْهُ

قَالَ: أَتَى النَّبِيُّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ، عَبْدَ اللّٰهِ بْنَ أُبَيٍّ، بَعْدَ مَا دُفِنَ فَأَخْرَجَهُ، فَنَفَثَ فِيهِ مِنْ رِيقِهِ، وَأَلْبَسَهُ قَمِيصَهُ

✧✧ حضرت جابر رضی اللہ عنہ بیان کرتے ہیں' نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم عبداللہ بن اُبی کے دفن ہونے کے بعد اس کی قبر کے پاس آئے اور اسے اس کی قبر سے نکالا اس کے منہ میں اپنا لعاب دہن ڈالا اور اسے اپنی قمیص پہنائی۔

أخرجه البخاري في: 23 كتاب الجنائز: 23 باب الكفن في القميص الذي يكف أو لا يكف

رقم الجزء: 1 رقم الصفحة: 880 (جہانگیری صحیح بخاری، مطبوعہ شبیر برادرز، رقم الحدیث: 11 12)

﴿1767﴾ حديث ابْنِ عُمَرَ رَضِيَ اللّٰهُ عَنْهُمَا

أَنَّ عَبْدَ اللّٰهِ بْنَ أُبَيٍّ، لَمَّا تُوُفِّيَ، جَاءَ ابْنُهُ إِلَى النَّبِيِّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ فَقَالَ: يَا رَسُولَ اللّٰهِ أَعْطِنِي قَمِيصَكَ أُكَفِّنْهُ فِيهِ، وَصَلِّ عَلَيْهِ، وَاسْتَغْفِرْ لَهُ فَأَعْطَاهُ النَّبِيُّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ، قَمِيصَهُ فَقَالَ: اٰذِنِّي أُصَلِّي عَلَيْهِ فَآذَنَهُ فَلَمَّا أَرَادَ أَنْ يُصَلِّيَ عَلَيْهِ، جَذَبَهُ عُمَرُ رَضِيَ اللّٰهُ عَنْهُ فَقَالَ: أَلَيْسَ اللّٰهُ نَهَاكَ أَنْ تُصَلِّيَ عَلَى الْمُنَافِقِينَ فَقَالَ: أَنَا بَيْنَ خِيرَتَيْنِ قَالَ (اسْتَغْفِرْ لَهُمْ أَوْ لَا تَسْتَغْفِرْ لَهُمْ اِنْ تَسْتَغْفِرْ لَهُمْ سَبْعِينَ مَرَّةً، فَلَنْ يَغْفِرَ اللّٰهُ لَهُمْ) فَصَلَّى عَلَيْهِ فَنَزَلَتْ (وَلَا تُصَلِّ عَلَى أَحَدٍ مِنْهُمْ مَاتَ أَبَدًا)

✧✧ حضرت ابن عمر رضی اللہ عنہما بیان کرتے ہیں: جب عبداللہ بن ابی کا انتقال ہوا تو اس کا بیٹا نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کی خدمت میں

رقم الحديث : 1766

اخرجه ابوالحسين مسلم النيسابوري في "صحيحه" طبع داراحياء التراث العربي، بيروت، لبنان، رقم الحديث:2773 اخرجه ابوعبدالرحمن النسائي في "سننه" طبع مكتب المطبوعات الاسلاميه، حلب، شام، 1406ھ، 1986ء، رقم الحديث: 1901 اخرجه ابوعبدالله الشيباني في "مسنده" طبع موسسه قرطبه، قاهره، مصر، رقم الحديث:15117 اخرجه ابوحاتم البستي في "صحيحه" طبع موسسه الرساله، بيروت، لبنان، 1414ھ/1993ء، رقم الحديث:3174 اخرجه ابوعبدالرحمن النسائي في "سننه" طبع مكتب المطبوعات الاسلاميه، حلب، شام، 1406ھ، 1986ء، رقم الحديث:2028 ذكره ابوبكر البيهقي في "سننه الكبرىٰ" طبع مكتبه دارالباز، مكه مكرمه، سعودي عرب 1414ھ/1994ء، رقم الحديث:6477 اخرجه ابويعلى الموصلي في "مسنده" طبع دارالمامون للتراث، دمشق، شام، 1404ھ-1984ء، رقم الحديث: 1828 اخرجه ابوبكر الحميدي في "مسنده" طبع دارالكتب العلميه، مكتب المتنبي، بيروت، قاهره، رقم الحديث:1247

رقم الحديث : 1767: اخرجه ابوالحسين مسلم النيسابوري في "صحيحه" طبع داراحياء التراث العربي، بيروت، لبنان، رقم الحديث:2400 اخرجه ابوعبدالرحمن النسائي في "سننه" طبع مكتب المطبوعات الاسلاميه، حلب، شام، 1406ھ، 1986ء، رقم الحديث: 1900 اخرجه ابوعبدالله الشيباني في "مسنده" طبع موسسه قرطبه، قاهره، مصر، رقم الحديث:95 اخرجه ابوحاتم البستي في "صحيحه" طبع موسسه الرساله، بيروت، لبنان، 1414ھ/1993ء، رقم الحديث: 316 اخرجه ابوعبدالرحمن النسائي في "سننه" طبع مكتب المطبوعات الاسلاميه، حلب، شام، 1406ھ، 1986ء، رقم الحديث:2027 ذكره ابوبكر البيهقي في "سننه الكبرىٰ" طبع مكتبه دارالباز، مكه مكرمه، سعودي عرب 1414ھ/1994ء، رقم الحديث:6480

Marfat.com

حاضر ہوا اور عرض کی: اے اللہ کے رسول! آپ اپنی قمیص مجھے عطا کر دیں تا کہ میں اس مرحوم کو اس میں کفن دوں۔ آپ اس کی نمازِ جنازہ پڑھیں اور اس کے لیے دعائے مغفرت کریں۔ نبی اکرم ﷺ نے اپنی قمیص اسے دے دی اور فرمایا: تم مجھے اطلاع دے دینا۔ میں اس کی نمازِ جنازہ پڑھوں گا۔ جب اس نے نبی اکرم ﷺ کو اطلاع دی اور نبی اکرم ﷺ اس کی نمازِ جنازہ ادا کرنے کے لیے جانے لگے تو حضرت عمر رضی اللہ عنہ نے آپ کا دامن پکڑ لیا اور عرض کی: کیا اللہ تعالیٰ نے آپ کو اس بات سے منع نہیں کیا کہ آپ منافقین کی نمازِ جنازہ ادا کریں؟ نبی اکرم ﷺ نے ارشاد فرمایا: مجھے دو باتوں کے درمیان کسی ایک چیز کو اختیار کرنے کا اختیار ہے۔ اللہ تعالیٰ نے یہ ارشاد فرمایا ہے۔

''تم ان کے لیے دعائے مغفرت کرو یا ان کے لیے دعائے مغفرت نہ کرو اگر تم ان کے لیے ستر مرتبہ بھی دعائے مغفرت کرو تو اللہ تعالیٰ ان کی مغفرت نہیں کرے گا۔''

نبی اکرم ﷺ نے اس کی نمازِ جنازہ ادا کی تو یہ آیت نازل ہوئی۔

''ان میں سے جو بھی شخص فوت ہو جائے اس کی نمازِ جنازہ نہ ادا کرنا اور اس کی قبر پر کھڑے نہ ہونا۔''

أخرجه البخاري في: 23 كتاب الجنائز: 23 باب الكفن في القميص الذي يكف أو لا يكف

رقم الجزء: 1 رقم الصفحة: 881 (جہانگیری صحیح بخاری، مطبوعہ شبیر برادرز، رقم الحدیث:1210)

1768 حديث عَبْدِ اللّٰهِ بْنِ مَسْعُوْدٍ رَضِيَ اللّٰهُ عَنْهُ،

قَالَ: اجْتَمَعَ عِنْدَ الْبَيْتِ قُرَشِيَّانِ وَثَقَفِيٌّ، أَوْ ثَقَفِيَّانِ وَقُرَشِيٌّ كَثِيْرَةٌ شَحْمُ بُطُوْنِهِمْ قَلِيْلَةٌ فِقْهُ قُلُوْبِهِمْ فَقَالَ أَحَدُهُمْ: أَتَرَوْنَ أَنَّ اللّٰهَ يَسْمَعُ مَا نَقُوْلُ قَالَ الْاٰخَرُ: يَسْمَعُ إِنْ جَهَرْنَا، وَلَا يَسْمَعُ إِنْ أَخْفَيْنَا وَقَالَ الْاٰخَرُ: إِنْ كَانَ يَسْمَعُ إِذَا جَهَرْنَا، فَإِنَّهُ يَسْمَعُ إِذَا أَخْفَيْنَا فَأَنْزَلَ اللّٰهُ عَزَّ وَجَلَّ (وَمَا كُنْتُمْ تَسْتَتِرُوْنَ أَنْ يَّشْهَدَ عَلَيْكُمْ سَمْعُكُمْ وَلَا أَبْصَارُكُمْ وَلَا جُلُوْدُكُمْ) الْاٰيَةَ

✧✧ حضرت عبداللہ رضی اللہ عنہ بیان کرتے ہیں: خانہ کعبہ کے پاس دو قریشی اور ایک ثقفی (راوی کو شک ہے یا شاید یہ الفاظ ہیں:) دو ثقفی اور ایک قریشی اکٹھے ہوئے جن کے پیٹ پر چربی چڑھی ہوئی تھی اور ان کے اندر عقل نام کی چیز کم تھی ان میں سے ایک

رقم الحدیث1768

اخرجه ابوالحسين مسلم النيسابوري في ''صحيحه'' طبع داراحياء التراث العربي، بيروت، لبنان، رقم الحديث: **2775** اخرجه ابو عيسىٰ الترمذي في ''جامعه'' طبع داراحياء التراث العربي، بيروت، لبنان، رقم الحديث: **3248** اخرجه ابوعبدالله الشيباني في ''مسنده'' طبع مؤسسه قرطبه، قاهره، مصر، رقم الحديث: **3614** اخرجه ابوحاتم البستي في ''صحيحه'' طبع موسسه الرساله، بيروت، لبنان، **1414**ھ - **1993**ء، رقم الحديث: **390** اخرجه ابوعبدالرحمن النسائي في ''سننه الكبرىٰ'' طبع دارالكتب العلميه، بيروت، لبنان، **1411**ھ/ **1991**ء، رقم الحديث: **11468** اخرجه ابوبكر الحميدي في ''مسنده'' طبع دارالكتب العلميه، مكتبه المتنبي، بيروت، قاهره، رقم الحديث: **87** اخرجه ابوداؤد الطيالسي في ''مسنده'' طبع دارالمعرفة، بيروت، لبنان، رقم الحديث: **363** اخرجه ابوالقاسم الطبراني في ''معجمه الكبير'' طبع مكتبه العلوم والحكم، موصل، **1404**ھ/ **1983**ء، رقم الحديث: **10138** اخرجه ابويعلى الموصلي في ''مسنده'' طبع دارالمامون للتراث، دمشق، شام، **1404**ھ-**1984**ء، رقم الحديث: **5204**

Marfat.com

نے کہا کیا تم لوگ یہ سمجھتے ہو کہ ہم جو کہتے ہیں اللہ تعالیٰ اسے سن لیتا ہے؟ دوسرے نے کہا اگر ہم اونچی آواز میں بات کریں تو وہ سن لیتا ہے اور اگر ہم پست آواز میں بات کریں تو وہ نہیں سنتا تیسرے نے کہا اگر وہ ہماری اونچی آواز میں باتیں سن لیتا ہے تو پست آواز میں یوں نہیں سنتا ہوگا؟ تو اللہ تعالیٰ نے یہ ارشاد فرمایا:

''اور تم لوگ جو کچھ چھپانے کی کوشش کرتے ہو (تم پوری کوشش کرلو) تمہاری سماعت اور تمہاری بصارت تمہارے خلاف گواہی دینگے اور تمہاری کھالیں بھی''۔

أخرجه البخاري في: 65 كتاب التفسير: 41 سورة فصلت: 2 باب قوله وذلكم ظنكم الذي

رقم الجزء: 1 رقم الصفحة: 881 (مرتبہ گلبرگ صحیح بخاری مطبوعہ شبیر برادرز رقم الحدیث 4539)

1769 ۔ حديث زَيدِ بنِ ثَابِتٍ رَضِيَ اللّٰهُ عَنْهُ.

قَالَ: لَمَّا خَرَجَ النَّبِيُّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ إِلَى أُحُدٍ، رَجَعَ نَاسٌ مِمَّنْ أَصْحَابِهِ فَقَالَتْ فِرْقَةٌ: نَقْتُلُهُمْ وَقَالَتْ فِرْقَةٌ: لا نَقْتُلُهُمْ فَنَزَلَتْ (فَمَا لَكُمْ فِي الْمُنَافِقِينَ فِئَتَيْنِ)

☆☆ حضرت زید بن ثابت رضی اللہ عنہ بیان کرتے ہیں جب نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم غزوہ احد میں شرکت کرنے کے لیے مدینہ منورہ سے باہر نکلے تو آپ کے ساتھ جانے والوں میں سے کچھ لوگ واپس چلے گئے۔ ایک گروہ نے کہا ہم ان لوگوں کے ساتھ جنگ کریں گے تو ایک گروہ نے یہ کہا: ہم ان کے ساتھ جنگ نہیں کریں گے۔ اس وقت یہ آیت نازل ہوئی۔

''تمہیں کیا ہو گیا ہے کہ منافقین کے بارے میں تمہارے دو گروہ ہو گئے ہیں''

أخرجه البخاري في: 29 كتاب فضائل المدينة: 10 باب المدينة تنفي الخبث

رقم الجزء: 1 رقم الصفحة: 882 (مرتبہ گلبرگ صحیح بخاری مطبوعہ شبیر برادرز رقم الحدیث 1785)

1770 ۔ حديث أَبِي سَعِيدٍ الْخُدْرِيِّ رَضِيَ اللّٰهُ عَنْهُ، أَنَّ رِجَالاً مِنَ الْمُنَافِقِينَ، عَلَى عَهْدِ رَسُولِ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ كَانَ إِذَا خَرَجَ رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ إِلَى الْغَزْوِ، تَخَلَّفُوا عَنْهُ، وَفَرِحُوا بِمَقْعَدِهِمْ خِلاَفَ رَسُولِ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ فَإِذَا قَدِمَ رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ، اعْتَذَرُوا إِلَيْهِ، وَحَلَفُوا، وَأَحَبُّوا أَنْ يُحْمَدُوا بِمَا لَمْ يَفْعَلُوا فَنَزَلَتْ (لاَ يَحْسَبَنَّ الَّذِينَ يَفْرَحُونَ) الآية

رقم الحديث: **1769**

أخرجه ابو الحسين مسلم النيسابوري في "صحيحه" طبع دار احياء التراث العربي بيروت لبنان رقم الحديث: **2776** أخرجه احمد الشيباني في "مسنده" طبع مؤسسة قرطبة قاهرة مصر رقم الحديث: **3028** أخرجه ابو عبد الرحمن النسائي في "سننه" طبع مكتب المطبوعات الإسلامية حلب سنة 1406ه رقم الحديث: **21639** أخرجه ابو عبد الرحمن النسائي في "سننه" طبع مكتب المطبوعات الإسلامية حلب سنة 1406ه رقم الحديث: **1986** ذكره ابو بكر البيهقي في "سننه الكبرى" طبع مكتبة دار الباز مكة المكرمة سعودية عربية 1414ه رقم الحديث: **11113** أخرجه ابو القاسم الطبراني في "معجمه الكبير" طبع مكتبة العلوم والحكم الموصل 1404ه رقم الحديث: **1994** أخرجه ابو محمد الدارمي في "مسنده" طبع مكتبة السنة قاهرة مصر 1407ه رقم الحديث: **1983** أخرجه ابو محمد الدارمي في "مسنده" طبع مكتبة السنة قاهرة مصر 1408ه رقم الحديث: **4804** أخرجه ابو محمد الدارمي في "مسنده" طبع مكتبة السنة قاهرة مصر 1408ه رقم الحديث: **1988** رقم الحديث: **242**

Marfat.com

✧✧ حضرت ابوسعید خدری رضی اللہ عنہ بیان کرتے ہیں: نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کے زمانہ اقدس میں منافقین کا یہ معمول تھا۔ جب نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کسی جنگ کے لے تشریف لے جاتے تو یہ پیچھے رہ جایا کرتے تھے اور نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کے پیچھے رہ جانے پر خوش ہوا کرتے تھے اور جب نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم تشریف لاتے تو یہ آپ کے سامنے عذر پیش کرتے تھے اور یہ قسم اٹھایا کرتے تھے ان کی یہ خواہش تھی کہ انہوں نے جو عمل نہیں کیا اس پر ان کی تعریف کی جائے تو یہ آیت نازل ہوئی:

''جولوگ اپنے کیے پر خوش ہوتے ہیں''۔

أخرجه البخاري في: 65 كتاب التفسير: 3 سورة ال عمران: 16 باب لا يحسبن الذين يفرحون بما أتوا رقم الجزء: 1 رقم الصفحة: 882 (جہانگیری صحیح بخاری، مطبوعہ شبیر برادرز، رقم الحدیث: 4291)

1771 حديث ابْنِ عَبَّاسٍ رَضِيَ اللّٰهُ عَنْهُمَا

عَنْ عَلْقَمَةَ بْنِ وَقَّاصٍ، أَنَّ مَرْوَانَ قَالَ لِبَوَّابِهِ: اذْهَبْ يَا رَافِعُ إِلَى ابْنِ عَبَّاسٍ رَضِيَ اللّٰهُ عَنْهُمَا، فَقُلْ: لَئِنْ كَانَ كُلُّ امْرِئٍ فَرِحَ بِمَا أُوتِيَ، وَأَحَبَّ أَنْ يُحْمَدَ بِمَا لَمْ يَفْعَلْ مُعَذَّبًا، لَنُعَذَّبَنَّ أَجْمَعُونَ فَقَالَ ابْنُ عَبَّاسٍ: وَمَا لَكُمْ وَلِهٰذِهِ إِنَّمَا دَعَا النَّبِيُّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ يَهُودَ، فَسَأَلَهُمْ عَنْ شَيْءٍ، فَكَتَمُوهُ إِيَّاهُ، وَأَخْبَرُوهُ بِغَيْرِهِ فَأَرَوْهُ أَنْ قَدِ اسْتَحْمَدُوا إِلَيْهِ بِمَا أَخْبَرُوهُ عَنْهُ فِيمَا سَأَلَهُمْ وَفَرِحُوا بِمَا أُوتُوا مِنْ كِتْمَانِهِمْ ثُمَّ قَرَأَ ابْنُ عَبَّاسٍ رَضِيَ اللّٰهُ عَنْهُمَا (وَإِذْ أَخَذَ اللّٰهُ مِيثَاقَ الَّذِينَ أُوتُوا الْكِتَابَ) كَذٰلِكَ، حَتّٰى قَوْلِهِ (يَفْرَحُونَ بِمَا أَتَوْا وَيُحِبُّونَ أَنْ يُحْمَدُوا بِمَا لَمْ يَفْعَلُوا)

✧✧ علقمہ بن وقاص بیان کرتے ہیں: مروان نے اپنے دربان سے کہا: اے رافع! تم حضرت ابن عباس رضی اللہ عنہما کے پاس جاؤ اور ان سے کہو! ہر شخص جو کچھ اسے ملا ہو اس پر خوش ہوتا ہے اور اس کی خواہش ہوتی ہے جو اس نے نہیں کیا اس پر اس کی تعریف کی جائے اگر ایسے ہر شخص کو عذاب دیا جائے تو پھر تو ہم سب پر عذاب ہوگا۔ حضرت ابن عباس رضی اللہ عنہما نے فرمایا: تمہارا اس حکم سے کوئی واسطہ نہیں ہے نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے یہودیوں کو بلوایا تھا آپ نے ان سے کوئی چیز دریافت کی انہوں نے حقیقت کو آپ سے چھپایا اور آپ کو دوسری بات بتادی اور پھر وہ یہ چاہتے تھے کہ انہوں نے جو غلط بات آپ کو بتائی ہے جس کے بارے میں آپ نے ان سے دریافت کیا تھا اس پر ان کی تعریف کی جائے اور وہ اس بات پر خوش تھے کہ انہوں نے اپنے علم کو چھپا لیا ہے پھر حضرت ابن عباس رضی اللہ عنہما نے یہ آیت تلاوت کی۔

رقم الحديث 1770

اخرجه ابوالحسين مسلم النيسابوري في ''صحيحه'' طبع داراحياء التراث العربي، بيروت، لبنان، رقم الحديث: **2777** اخرجه ابوحاتم البستي في ''صحيحه'' طبع موسسه الرساله، بيروت، لبنان، **1414ھ/1993ء**، رقم الحديث: **4732** ذكره ابوبكر البيهقي في ''سننه الكبرىٰ'' طبع مكتبه دارالباز، مكه مكرمه، سعودي عرب **1414ھ/1994ء**، رقم الحديث: **17650**

رقم الحديث 1771: اخرجه ابو عيسى الترمذي، في ''جامعه''، طبع داراحياء التراث العربي، بيروت، لبنان، رقم الحديث: **3014** اخرجه ابوعبدالله الشيباني في ''مسنده'' طبع موسسه قرطبه، قابره، مصر، رقم الحديث: **2712** اخرجه ابوالقاسم الطبراني في ''معجمه الكبير'' طبع مكتبه العلوم والحكم، موصل، **1404ھ/1983ء**، رقم الحديث: **10730**

Marfat.com

''اور جب اللہ تعالیٰ نے ان لوگوں سے عہد لیا جنہیں کتاب دی گئی تھی۔

''اسی طرح یہ آیت یہاں تک ہے'' اور وہ اس بات سے خوش ہوتے ہیں جو انہوں نے کہا ہے اور وہ چاہتے ہیں ان کی اس کام پر تعریف کی جائے جو انہوں نے نہیں کیا۔

أخرجه البخاري في: 65 كتاب التفسير: 3 سورة ال عمران: 16 باب لا يحسبن الذين يفرحون بما أتوا

رقم الجزء: 1 رقم الصفحة: 883 (جہانگیری صحیح بخاری مطبوعہ شبیر برادرز، رقم الحدیث: 4292)

1772 حديث أَنَسٍ رَضِيَ اللّٰهُ عَنْهُ

قَالَ: كَانَ رَجُلٌ نَصْرَانِيًّا فَأَسْلَمَ، وَقَرَأَ الْبَقَرَةَ، وَآلَ عِمْرَانَ فَكَانَ يَكْتُبُ لِلنَّبِيِّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ فَعَادَ نَصْرَانِيًّا فَكَانَ يَقُوْلُ: مَا يَدْرِي مُحَمَّدٌ إِلَّا مَا كَتَبْتُ لَهُ فَأَمَاتَهُ اللّٰهُ، فَدَفَنُوهُ، فَأَصْبَحَ وَقَدْ لَفَظَتْهُ الْأَرْضُ فَقَالُوْا: هٰذَا فِعْلُ مُحَمَّدٍ وَأَصْحَابِهِ لَمَّا هَرَبَ مِنْهُمْ، نَبَشُوا عَنْ صَاحِبِنَا فَأَلْقَوْهُ فَحَفَرُوْا لَهُ، فَأَعْمَقُوْا فَأَصْبَحَ وَقَدْ لَفَظَتْهُ الْأَرْضُ فَقَالُوْا: هٰذَا فِعْلُ مُحَمَّدٍ وَأَصْحَابِهِ نَبَشُوا عَنْ صَاحِبِنَا لَمَّا هَرَبَ مِنْهُمْ فَأَلْقَوْهُ فَحَفَرُوْا لَهُ. وَأَعْمَقُوْا لَهُ فِي الْأَرْضِ، مَا اسْتَطَاعُوا فَأَصْبَحَ قَدْ لَفَظَتْهُ الْأَرْضُ فَعَلِمُوْا أَنَّهُ لَيْسَ مِنَ النَّاسِ، فَأَلْقَوْهُ

✧✧ حضرت انس رضی اللہ عنہ بیان کرتے ہیں' ایک عیسائی شخص مسلمان ہوا اس نے سورہ بقرہ اور سورہ آل عمران سیکھ لیں وہ نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کے لئے (قرآن) تحریر کرتا تھا وہ دوبارہ پھر عیسائی ہو گیا تو وہ کہتا تھا۔ حضرت محمد (صلی اللہ علیہ وسلم) کو صرف انہیں باتوں کا علم ہے جو میں نے انہیں لکھ کر دی ہیں۔ اللہ تعالیٰ نے اسے موت دی اس کے ساتھیوں نے اسے دفن کیا تو صبح کے وقت زمین اسے باہر پھینک چکی تھی وہ لوگ بولے: یہ حضرت محمد (صلی اللہ علیہ وسلم) اور ان کے ساتھیوں کا کام ہے کیونکہ یہ شخص انہیں چھوڑ آیا تھا۔ انہوں نے ہمارے ساتھی کی قبر کھود کر اسے باہر پھینک دیا ہے۔ ان لوگوں نے اس شخص کی دوبارہ قبر کھودی اور گہری کھودی اگلے دن صبح پھر زمین نے اسے باہر پھینک دیا تھا۔ ان لوگوں نے یہی کہا کہ یہ حضرت محمد (صلی اللہ علیہ وسلم) اور ان کے ساتھیوں کا کام ہے۔ جنہوں نے ہمارے ساتھی کی قبر کھودی ہے کیونکہ یہ انہیں چھوڑ آیا تھا۔ پھر انہوں نے اس کے لئے قبر کھودی اور زیادہ گہری زمین کھودی جتنی وہ کھود سکتے تھے اگلے دن پھر زمین نے اسے باہر پھینک دیا تو انہیں پتہ چل گیا کہ یہ کسی انسان کا کام نہیں ہے انہوں نے اسے اس کے حال پر چھوڑ دیا۔

أخرجه البخاري في: 61 كتاب المناقب: 25 باب علامات النبوة في الإسلام صفة القيامة والجنة والنار

رقم الجزء: 1 رقم الصفحة: 884 (جہانگیری صحیح بخاری مطبوعہ شبیر برادرز، رقم الحدیث 3421)

1773 حديث أَبِي هُرَيْرَةَ رَضِيَ اللّٰهُ عَنْهُ،

عَنْ رَسُوْلِ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَالَ: إِنَّهُ لَيَأْتِي الرَّجُلُ الْعَظِيمُ السَّمِينُ يَوْمَ الْقِيَامَةِ لَا يَزِنُ عِنْدَ اللّٰهِ جَنَاحَ بَعُوضَةٍ وَقَالَ: اقْرَءُوْا (فَلَا نُقِيمُ لَهُمْ يَوْمَ الْقِيَامَةِ وَزْنًا)

رقم الحديث1772:

اخرجه ابويعلى الموصلى فى "مسنده" طبع دارالمامون للتراث دمشق شام، 1404ھ.1984ء، رقم الحديث: 3919

Marfat.com

✧✧ حضرت ابو ہریرہ رضی اللہ عنہ' نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کا یہ فرمان نقل کرتے ہیں: قیامت کے دن ایک موٹا تازہ' لمبا چوڑا آدمی آئے گا لیکن اللہ تعالیٰ کی بارگاہ میں وہ مچھر کے پر جتنا بھی وزنی نہیں ہوگا۔

(نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم یا شاید حضرت ابو ہریرہ رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں:) تم لوگ یہ آیت تلاوت کر سکتے ہو۔

(فَلَا نُقِيمُ لَهُمْ يَوْمَ الْقِيَامَةِ وَزْنًا)

''قیامت کے دن ہم ان کے لیے وزن قائم نہیں کریں گے''۔

أخرجه البخاري في: 92 كتاب التفسير: 18 سورة الكهف: 6 باب أولئك الذين كفروا بآيات ربهم ولقائه فحبطت أعمالهم فلا نقيم لهم يوم القيامة وزنا، رقم الجزء: 1 رقم الصفحة: 884 (جہانگیری صحیح بخاری، مطبوعہ شبیر برادرز، رقم الحدیث:4452)

1774 حديث عَبْدِ اللّٰهِ بْنِ مَسْعُوْدٍ رَضِيَ اللّٰهُ عَنْهُ،

قَالَ: جَاءَ حَبْرٌ مِّنَ الْأَحْبَارِ اِلٰى رَسُوْلِ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ، فَقَالَ: يَا مُحَمَّدُ إِنَّا نَجِدُ أَنَّ اللّٰهَ يَجْعَلُ السَّمٰوَاتِ عَلٰى إِصْبَعٍ، وَالْأَرَضِيْنَ عَلٰى إِصْبَعٍ، وَالشَّجَرَ عَلٰى إِصْبَعٍ، وَالْمَاءَ وَالثَّرٰى عَلٰى إِصْبَعٍ، وَسَائِرَ الْخَلَائِقِ عَلٰى إِصْبَعٍ فَيَقُوْلُ: أَنَا الْمَلِكُ فَضَحِكَ النَّبِيُّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ، حَتّٰى بَدَتْ نَوَاجِذُهُ، تَصْدِيْقًا لِقَوْلِ الْحَبْرِ ثُمَّ قَرَأَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ وَمَا قَدَرُوْا اللّٰهَ حَقَّ قَدْرِهٖ، وَالْأَرْضُ جَمِيْعًا قَبْضَتُهٗ يَوْمَ الْقِيَامَةِ، وَالسَّمٰوَاتُ مَطْوِيَّاتٌ بِيَمِيْنِهٖ، سُبْحَانَهٗ وَتَعَالٰى عَمَّا يُشْرِكُوْنَ

✧✧ حضرت عبداللہ رضی اللہ عنہ بیان کرتے ہیں: یہودیوں کا ایک بڑا عالم نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کی خدمت میں حاضر ہوا اور بولا: اے حضرت محمد! ہم (تورات میں) یہ پاتے ہیں کہ اللہ تعالیٰ تمام آسمانوں کو اپنی ایک انگلی پر رکھے گا اور تمام زمین اپنی ایک انگلی پر رکھے گا اور تمام درختوں کو ایک انگلی پر رکھے گا' پانی کو ایک انگلی پر رکھے گا' ثریٰ کو ایک انگلی پر رکھے گا اور ساری مخلوق کو ایک انگلی پر رکھے گا اور پھر اس دن یہ فرمائے گا: میں بادشاہ ہوں' نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم مسکرا دیئے یہاں تک کہ آپ کی داڑھیں نظر آنے لگیں' آپ اس یہودی عالم کی بات کی تصدیق کرتے ہوئے مسکرائے تھے' پھر نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے یہ آیت پڑھی۔

رقم الحديث1773

اخرجه ابوالحسين مسلم النيسابوري في ''صحيحه'' طبع داراحياء التراث العربي، بيروت، لبنان، رقم الحديث: **2785** اخرجه ابوالقاسم الطبراني في ''معجمه الاوسط'' طبع دارالحرمين، قاهره، مصر، **1415**ه، رقم الحديث:**192**

رقم الحديث : **1774**: اخرجه ابوالحسين مسلم النيسابوري في ''صحيحه'' طبع داراحياء التراث العربي، بيروت، لبنان، رقم الحديث:**2786** اخرجه ابو عيسى الترمذي، في ''جامعه''، طبع داراحياء التراث العربي، بيروت، لبنان، رقم الحديث:**3238** اخرجه ابوعبدالله الشيباني في ''مسنده'' طبع موسسه قرطبه، قاهره، مصر، رقم الحديث:**3590** اخرجه ابوحاتم البستي في ''صحيحه'' طبع موسسه الرساله، بيروت، لبنان، **1414**ه/**1993**ء، رقم الحديث:**7325** اخرجه ابوعبدالرحمن النسائي في ''سننه'' طبع مكتب المطبوعات الاسلاميه، حلب، شام، **1406**ه، **1986**ء، رقم الحديث:**11450** اخرجه ابويعلى الموصلي في ''مسنده'' طبع دارالمامون للتراث، دمشق، شام، **1404**ه-**1984**ء، رقم الحديث: **5460** اخرجه ابوالقاسم الطبراني في ''معجمه الكبير'' طبع مكتبه العلوم والحكم، موصل، **1404**ه/**1983**ء، رقم الحديث:**10334**

Marfat.com

''اور انہوں نے اللہ کی شان کے مطابق اس کو نہیں پہچانا اور قیامت کے دن ساری روئے زمین اس کے دست قدرت میں ہوگی اور تمام آسمان اس کے دائیں (یعنی دست قدرت) میں لپٹے ہوئے ہوں گے وہ اس پاک ہے ان لوگ (دوسروں کو) اس کا شریک ٹھہراتے ہیں''۔

أخرجه البخاري في: 65 كتاب التفسير: 39 سورة الزمر: 2 باب وما قدروا الله حق قدره

رقم الجزء: 1 رقم الصفحة: 885 (جہانگیری صحیح بخاری مطبوعہ شبیر برادرز، رقم الحدیث 4533)

1775 حديث أَبِي هُرَيْرَةَ رَضِيَ اللّٰهُ عَنْهُ،

عَنِ النَّبِيِّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَالَ: يَقْبِضُ اللّٰهُ الْأَرْضَ، وَيَطْوِي السَّمَاءَ بِيَمِينِهِ، ثُمَّ يَقُولُ: أَيْنَ مُلُوكُ الْأَرْضِ

✧✧ حضرت ابوہریرہ رضی اللہ عنہ نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کا یہ فرمان نقل کرتے ہیں: اللہ تعالیٰ زمین کو اپنے قبضے میں لے گا اور اپنے دائیں ہاتھ میں لپیٹ لے گا اور فرمائے گا: میں بادشاہ ہوں۔ زمینی بادشاہ کہاں ہیں؟

أخرجه البخاري في: 81 كتاب الرقاق: 44 باب يقبض الله الأرض

رقم الجزء: 1 رقم الصفحة: 886 (جہانگیری صحیح بخاری مطبوعہ شبیر برادرز، رقم الحدیث 6159)

1776 حديث ابْنِ عُمَرَ رَضِيَ اللّٰهُ عَنْهُمَا،

عَنْ رَسُولِ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ، أَنَّهُ قَالَ: إِنَّ اللّٰهَ يَقْبِضُ يَوْمَ الْقِيَامَةِ الْأَرْضَ، وَتَكُونُ السَّمَوَاتُ بِيَمِينِهِ، ثُمَّ يَقُولُ: أَنَا الْمَلِكُ

✧✧ حضرت ابن عمر رضی اللہ عنہما بیان کرتے ہیں: نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے ارشاد فرمایا ہے: بے شک اللہ تعالیٰ قیامت کے دن زمین کو اپنے ہاتھ میں لے گا اور آسمان اس کے دائیں ہاتھ میں ہوگا اور پھر وہ یہ فرمائے گا: میں بادشاہ ہوں۔

أخرجه البخاري في: 97 كتاب التوحيد: 19 باب قول الله تعالى (لما خلقت بيدي)

رقم الجزء: 1 رقم الصفحة: 886 (جہانگیری صحیح بخاری مطبوعہ شبیر برادرز، رقم الحدیث 6977)

•••———•••———•••

في البعث والنشور وصفة الأرض يوم القيامة

(قیامت کے دن) دوبارہ زندہ کیے جانا اور حشر ونشر ہونا اور قیامت کے دن زمین کی کیفیت

1777 حديث سَهْلِ بْنِ سَعْدٍ رَضِيَ اللّٰهُ عَنْهُ،

رقم الحديث: 1776

أخرجه أبو عبد الرحمن النسائي في "سننه" طبع مكتب المطبوعات الإسلامية حلب شام 1406ه 1986 رقم الحديث 7692 ... أبو القاسم الطبراني في "معجمه الأوسط" طبع دار الحرمين قاهرة مصر 1415ه رقم الحديث 1331 أخرجه في "معجمه الكبير" طبع مكتبة العلوم والحكم موصل 1404ه 1983 رقم الحديث 13398

Marfat.com

قَالَ: سَمِعْتُ النَّبِيَّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ يَقُوْلُ: يُحْشَرُ النَّاسُ يَوْمَ الْقِيَامَةِ عَلٰى أَرْضٍ بَيْضَاءَ عَفْرَاءَ كَقُرْصَةِ نَقِيٍّ لَيْسَ فِيْهَا مَعْلَمٌ لِأَحَدٍ

✧✧ حضرت سہل بن سعد رضی اللہ عنہ بیان کرتے ہیں: میں نے نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کو یہ ارشاد فرماتے ہوئے سنا ہے: قیامت کے دن لوگوں کو ایک سفید شفاف زمین پر اکٹھا کیا جائے گا جو صاف ٹکیہ کی مانند ہوگی۔ اس میں کوئی ابھار نہیں ہوگا۔

أخرجه البخاري في: 81 كتاب الرقاق: 44 باب يقبض الله الأرض

رقم الجزء: 1 رقم الصفحة: 886 (جہانگیری صحیح بخاری، مطبوعہ شبیر برادرز، رقم الحدیث:6156)

•••———•••———•••

نزل أهل الجنة

اہل جنت کی مہمان داری

﴿1778﴾ حديث أَبِي سَعِيْدٍ الْخُدْرِيِّ رَضِيَ اللّٰهُ عَنْهُ،

قَالَ النَّبِيُّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: تَكُوْنُ الْأَرْضُ يَوْمَ الْقِيَامَةِ خُبْزَةً وَّاحِدَةً يَتَكَفَّؤُهَا الْجَبَّارُ بِيَدِهٖ، كَمَا يَكْفَأُ أَحَدُكُمْ خُبْزَتَهُ فِي السَّفَرِ، نُزُلاً لِّأَهْلِ الْجَنَّةِ فَأَتٰى رَجُلٌ مِّنَ الْيَهُوْدِ، فَقَالَ: بَارَكَ الرَّحْمٰنُ عَلَيْكَ يَا أَبَا الْقَاسِمِ أَلَا أُخْبِرُكَ بِنُزُلِ أَهْلِ الْجَنَّةِ يَوْمَ الْقِيَامَةِ قَالَ: بَلٰى قَالَ: تَكُوْنُ الْأَرْضُ خُبْزَةً وَّاحِدَةً كَمَا قَالَ النَّبِيُّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ فَنَظَرَ النَّبِيُّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ إِلَيْنَا، ثُمَّ ضَحِكَ، حَتّٰى بَدَتْ نَوَاجِذُهُ ثُمَّ قَالَ: أَلَا أُخْبِرُكَ بِإِدَامِهِمْ قَالَ: إِدَامُهُمْ بَالَامٌ وَنُوْنٌ قَالُوْا: وَمَا هٰذَا قَالَ: ثَوْرٌ وَنُوْنٌ، يَأْكُلُ مِنْ زَائِدَةِ كَبِدِهِمَا سَبْعُوْنَ أَلْفًا

✧✧ حضرت ابوسعید خدری رضی اللہ عنہ بیان کرتے ہیں: نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے ارشاد فرمایا ہے: قیامت کے دن زمین ایک روٹی کی مانند ہوگی اور اللہ تعالیٰ اپنے دست قدرت میں اسے یوں الٹ پلٹ کرے گا جیسے کوئی شخص دسترخوان پر اپنی روٹی کو الٹتا ہے۔ اہل جنت کی مہمان نوازی ہوگی۔ ایک یہودی شخص حاضر خدمت ہوا اور بولا: اے ابوالقاسم! الرحمٰن آپ پر برکتیں نازل کرے کیا میں آپ کو قیامت کے دن اہل جنت کی مہمان نوازی کے بارے میں بتاؤں۔ نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: ہاں! اس نے کہا: اس دن زمین ایک روٹی کی مانند ہوگی۔ اس نے وہی بات کہی جو نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے ارشاد فرمائی تھی۔ نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے ہماری طرف دیکھا اور پھر آپ ہنس پڑے یہاں تک کہ آپ کی داڑھیں نکل آئیں (یعنی نظر آنے لگیں) پھر وہ بولا: کیا میں آپ کو ان کے سالن کے بارے میں بتاؤں؟ اس نے بتایا: ان لوگوں کا سالن بیل اور مچھلی ہوگا۔ آپ نے فرمایا: اس سے مراد کیا ہے؟ اس نے جواب دیا: بیل

رقم الحديث 1777:

اخرجه ابويعلى الموصلى فى ''مسنده'' طبع دارالمامون للتراث، دمشق، شام، 1404ھ-1984ء، رقم الحديث:7549

رقم الحديث 1778 اخرجه ابوالحسين مسلم النيسابورى فى ''صحيحه'' طبع داراحياء التراث العربى، بيروت، لبنان، رقم الحديث:2792

اخرجه ابومحمد الكسى فى ''مسنده'' طبع مكتبة السنة، قابره، مصر، 1408ھ/1988ء، رقم الحديث:962

Marfat.com

اور مچھلی' ان میں سے ستر ہزار افراد ان کے جگر کے ٹکڑوں کو کھائیں گے۔

أخرجه البخاري في: 81 كتاب الرقاق: 44 باب يقبض الله الأرض

رقم الجزء: 1 رقم الصفحة: 886 (جہانگیری صحیح بخاری مطبوعہ شبیر برادرز، رقم الحدیث: 6155)

1779 حديث أَبِي هُرَيْرَةَ رَضِيَ اللّٰهُ عَنْهُ،

عَنِ النَّبِيِّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَالَ: لَوْ اٰمَنَ بِي عَشَرَةٌ مِّنَ الْيَهُوْدِ لاٰمَنَ بِي الْيَهُوْدُ

✧✧ حضرت ابوہریرہ رضی اللہ عنہ نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کا یہ فرمان نقل کرتے ہیں: یہود سے تعلق رکھنے والے دس (مخصوص) افراد اگر مجھ پر ایمان لے آئیں تو تمام یہودی مجھ پر ایمان لے آئیں گے۔

أخرجه البخاري في: 63 كتاب مناقب الأنصار: 52 باب إتيان اليهود النبي صلى الله عليه وسلم حين قدم المدينة

رقم الجزء: 1 رقم الصفحة: 887 (جہانگیری صحیح بخاری مطبوعہ شبیر برادرز، رقم الحدیث: 3725)

•••———•••———•••

سؤال اليهود النبيّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ عن الروح وقوله تعالى يسئلونك عن الروح الْاٰية

یہودیوں کا نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم سے روح کے بارے میں دریافت کرنا

ارشاد باری تعالیٰ ہے: ''لوگ تم سے روح کے بارے میں دریافت کرتے ہیں''

1780 حديث عَبْدِ اللّٰهِ بْنِ مَسْعُوْدٍ رَضِيَ اللّٰهُ عَنْهُ،

قَالَ: بَيْنَا أَنَا أَمْشِي مَعَ النَّبِيِّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ، فِي خَرِبِ الْمَدِيْنَةِ، وَهُوَ يَتَوَكَّأُ على عَسِيْبٍ مَعَهُ فَمَرَّ بِنَفَرٍ مِّنَ الْيَهُوْدِ فَقَالَ بَعْضُهُمْ لِبَعْضٍ: سَلُوْهُ عَنِ الرُّوحِ وَقَالَ بَعْضُهُمْ: لاَ تَسْأَلُوْهُ، لاَ يَجِيْءُ فِيْهِ بِشَيْءٍ تَكْرَهُوْنَهُ فَقَالَ بَعْضُهُمْ: لَنَسْأَلَنَّهُ فَقَامَ رَجُلٌ مِّنْهُمْ فَقَالَ: يَا أَبَا الْقَاسِمِ مَا الرُّوحُ فَسَكَتَ فَقُلْتُ إِنَّهُ يُوحى إِلَيْهِ. فَقُمْتُ فَلَمَّا انْجَلى عَنْهُ، فَقَالَ: وَيَسْأَلُوْنَكَ عَنِ الرُّوحِ قُلِ الرُّوحُ مِنْ أَمْرِ رَبِّي وَمَا أُوْتِيتُمْ مِنَ الْعِلْمِ إِلَّا قَلِيْلًا

✧✧ حضرت عبداللہ بن مسعود بیان کرتے ہیں' ایک دن میں نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کے ہم راہ مدینہ منورہ کے ایک ویران حصے سے گزر رہا تھا' نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم ایک چھڑی سے ٹیک لگا کر چل رہے تھے۔ آپ کا گزر چند یہودیوں کے پاس سے ہوا تو ان میں سے ایک شخص دوسروں سے کہنے لگا' ان سے (نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم سے) روح کے بارے میں سوال کرو۔ ایک دوسرا شخص بولا' ایسا سوال

رقم الحديث: 1780

أخرجه أبوالحسين مسلم النيسابوري في "صحيحه" طبع دار احياء التراث العربي، بيروت، لبنان، رقم الحديث: 2794 أخرجه أبوعيسى الترمذي في "جامعه" طبع دار احياء التراث العربي، بيروت، لبنان، رقم الحديث: 3140 أخرجه أبوعبدالله القزويني في "سننه" موسسه قرطبه، قاهره، مصر، رقم الحديث: 3688

Marfat.com

کرنے کی کوئی ضرورت نہیں ہے کیونکہ ہوسکتا ہے کہ وہ کوئی ایسا جواب دے دیں جو بعد میں تمہیں ہی ناگوار ہو لیکن ایک اور شخص بولا کہ ہمیں یہ سوال ضرور ان سے پوچھنا چاہیے۔ ایک شخص کھڑے ہوکر بولا' اے ابوالقاسم! (حضرت محمد ﷺ) روح کیا ہے؟ نبی اکرم ﷺ تھوڑی دیر خاموش رہے (حضرت عبداللہ فرماتے ہیں) میں سمجھ گیا کہ آپ ﷺ پر وحی نازل ہورہی ہے اس لیے میں خاموش کھڑا رہا جب آپ ﷺ کی یہ کیفیت ختم ہوئی تو آپ ﷺ نے یہ آیات تلاوت کرکے سنائیں: ''لوگ تم سے روح کے بارے میں سوال کرتے ہیں' تم کہہ دو روح میرے رب کے حکم سے (بنی) ہے اور تمہیں بہت تھوڑا علم دیا گیا ہے۔''

أخرجه البخاري في: 3 كتاب العلم: 47 باب قول الله تعالى (وما أوتيتم من العلم إلا قليلاً)

رقم الجزء: 1 رقم الصفحة: 887 (جہانگیری صحیح بخاری، مطبوعہ شبیر برادرز، رقم الحدیث:125)

1781 حديث خَبَّابٍ رَضِيَ اللّٰهُ عَنْهُ

قَالَ: كُنْتُ قَيْنًا فِي الْجَاهِلِيَّةِ وَكَانَ لِي عَلَى الْعَاصِ بْنِ وَائِلٍ دَيْنٌ فَأَتَيْتُهُ أَتَقَاضَاهُ قَالَ لاَ أُعْطِيكَ حَتّٰى تَكْفُرَ بِمُحَمَّدٍ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ فَقُلْتُ: لاَ أَكْفُرُ حَتّٰى يُمِيتَكَ اللّٰهُ، ثُمَّ تُبْعَثَ قَالَ: دَعْنِي حَتّٰى أَمُوتَ وَأُبْعَثَ، فَسَأُوتَى مَالاً وَوَلَدًا، فَأَقْضِيَكَ، فَنَزَلَتْ (أَفَرَأَيْتَ الَّذِي كَفَرَ بِآيَاتِنَا، وَقَالَ لَأُوتَيَنَّ مَالاً وَوَلَدًا أَطَّلَعَ الغَيْبَ أَمِ اتَّخَذَ عِنْدَ الرَّحْمٰنِ عَهْدًا)

✧✧ حضرت خباب رضی اللہ عنہ بیان کرتے ہیں' میں زمانہ جاہلیت میں لوہار تھا میں نے عاص بن وائل سے کچھ قرض لینا تھا میں اس کے پاس آیا تاکہ اس سے مانگوں۔ اس نے جواب دیا: میں تمہیں اس وقت تک قرض واپس نہیں کروں گا۔ جب تک تم حضرت محمد ﷺ کا انکار نہ کرو میں نے جواب دیا: میں اس وقت تک انکار نہیں کروں گا جب تک اللہ تعالیٰ تمہیں موت دے کر دوبارہ زندہ نہ کرے اس نے کہا: پھر تم مجھے رہنے دو میں مرجاؤں گا پھر میں دوبارہ زندہ ہوں گا۔ پھر مجھے مال اور اولاد دی جائے گی تو میں تمہارا قرض ادا کردوں گا تو یہ آیت نازل ہوئی۔

''کیا تم نے اس شخص کو دیکھا جس نے ہماری آیات کا انکار کیا اور یہ بولا کہ مجھے مال اور اولاد ضرور دیئے جائیں گے۔ کیا اس نے غیب کا پتہ چل لیا ہے یا اس نے رحمٰن سے کوئی پختہ عہد لیا ہے''۔

أخرجه البخاري في: 34 كتاب البيوع: 29 باب ذكر القين والحداد

رقم الحديث 1781

أخرجه الحسن مسلم النيسابوري في "صحيحه" طبع دار احياء التراث العربي، بيروت، لبنان، رقم الحديث: **2795** اخرجه ابو عيسى [illegible] في "جامعه" طبع دار احياء التراث العربي، بيروت، لبنان، رقم الحديث: **3162** اخرجه ابوعبدالله الشيباني في "مسنده" طبع [illegible] رقم الحديث: **21105** اخرجه ابوحاتم البستي في "صحيحه" طبع موسسه الرساله، بيروت، لبنان، 1414ه 1993ء رقم الحديث: **4885** اخرجه ابوعبدالرحمن النسائي في "سننه الكبرى" طبع دار الكتب العلميه، بيروت، لبنان، **1411ه/ 1991ء** رقم الحديث: **11322** ذكره ابوبكر البيهقي في "سننه الكبرى" طبع مكتبه دار الباز، مكه مكرمه، سعودي عرب **1414ه/1994ء**، رقم الحديث: **11064** اخرجه ابوالقاسم الطبراني في "معجمه الكبير" طبع مكتبه العلوم والحكم، موصل، **1404ه/1983ء**، رقم الحديث: **3650** اخرجه ابوداؤد الطيالسي في "مسنده" طبع دار المعرفة، بيروت، لبنان، رقم الحديث: **1054**

Marfat.com

رقم الجزء: 1 رقم الصفحة: 888 (مرتب کردہ صحیح بخاری مطبوعہ شیخ یاسر ندیم قدیمی کتب خانہ حدیث 1985)

في قوله تعالى وما كان الله ليعذبهم وأنت فيهم الآية

ارشاد باری تعالیٰ ہے: ''اور اللہ تعالیٰ انہیں عذاب نہیں دے گا جبکہ تم ان کے درمیان موجود ہو''

1782 ۔ حديث أَنَسِ بْنِ مَالِك رَضِيَ اللّٰهُ عَنْهُ.

قَالَ: قَالَ أَبُو جَهْلٍ: اللّٰهُمَّ إِنْ كَانَ هٰذَا هُوَ الْحَقَّ مِنْ عِنْدِكَ فَأَمْطِرْ عَلَيْنَا حِجَارَةً مِنَ السَّمَاءِ أَوِ ائْتِنَا بِعَذَابٍ أَلِيمٍ فَنَزَلَتْ (وَمَا كَانَ اللّٰهُ لِيُعَذِّبَهُمْ وَأَنْتَ فِيهِمْ وَمَا كَانَ اللّٰهُ مُعَذِّبَهُمْ وَهُمْ يَسْتَغْفِرُونَ وما لهم أن لا يعذبهم الله وهم يصدون عن المسجد الحرام) الآية

☆☆ حضرت انس بن مالک رضی اللہ عنہ بیان کرتے ہیں ابوجہل نے کہا اے اللہ اگر یہ تیری طرف سے برحق ہے تو ہم پر آسمان سے پتھر نازل کر یا ہمارے اوپر دردناک عذاب لے آ تو یہ آیت نازل ہوئی

''اللہ تعالیٰ انہیں عذاب نہیں دے گا جبکہ تم ان کے درمیان موجود ہو اور اللہ تعالیٰ انہیں عذاب نہیں دے گا جبکہ وہ استغفار کرتے ہوں اور انہیں کیا ہے کہ اللہ تعالیٰ انہیں عذاب نہ دے جبکہ وہ مسجد حرام سے روکتے ہیں۔''

أخرجه البخاري في: 65 كتاب التفسير: 8 سورة الأنفال: 4 باب وما كان الله ليعذبهم وأنت فيهم

رقم الجزء: 1 رقم الصفحة: 889 (مرتب کردہ صحیح بخاری مطبوعہ شیخ یاسر ندیم قدیمی کتب خانہ حدیث 1743)

الدخان

دھوئیں کا بیان

1783 ۔ حديث عَبْدِ اللّٰهِ بْنِ مَسْعُودٍ رَضِيَ اللّٰهُ عَنْهُ

قَالَ: إِنَّمَا كَانَ هٰذَا، لِأَنَّ قُرَيْشًا لَمَّا اسْتَعْصَوْا عَلَى النَّبِيِّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ دَعَا عَلَيْهِمْ بِسِنِينَ كَسِنِي يُوسُفَ فَأَصَابَهُمْ قَحْطٌ وَجَهْدٌ حَتَّى أَكَلُوا الْعِظَامَ فَجَعَلَ الرَّجُلُ يَنْظُرُ إِلَى السَّمَاءِ فَيَرَى مَا بَيْنَهُ وَبَيْنَهَا كَهَيْئَةِ الدُّخَانِ مِنَ الْجَهْدِ فَأَنْزَلَ اللّٰهُ تَعَالَى (فَارْتَقِبْ يَوْمَ تَأْتِي السَّمَاءُ بِدُخَانٍ مُبِينٍ يَغْشَى النَّاسَ هٰذَا عَذَابٌ أَلِيمٌ) قَالَ: فَأُتِيَ رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ، فَقِيلَ: يَا رَسُولَ اللّٰهِ اسْتَسْقِ اللّٰهَ لِمُضَرَ، فَإِنَّهَا قَدْ هَلَكَتْ قَالَ: لِمُضَرَ إِنَّكَ لَجَرِيءٌ فَاسْتَسْقَى، فَسُقُوا، فَنَزَلَتْ (إِنَّكُمْ عَائِدُونَ) فَلَمَّا أَصَابَتْهُمُ الرَّفَاهِيَةُ، عَادُوا إِلَى حَالِهِمْ، حِينَ أَصَابَتْهُمُ الرَّفَاهِيَةُ فَأَنْزَلَ اللّٰهُ عَزَّ وَجَلَّ (يَوْمَ نَبْطِشُ الْبَطْشَةَ الْكُبْرَى إِنَّا مُنْتَقِمُونَ) قَالَ: يَعْنِي يَوْمَ

رقم الحديث 1782

أخرجه أبو الحسين مسلم النيسابوري في "صحيحه" طبع دار إحياء التراث العربي بيروت كتاب صفة القيامة 2796

Marfat.com

بَدْرٍ

✧✧ حضرت عبداللہ رضی اللہ عنہ نے فرمایا: جب ان قریشیوں نے نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کی بات نہیں مانی تو آپ صلی اللہ علیہ وسلم نے حضرت یوسف علیہ السلام کے زمانے کی قحط سالی کی طرح قحط سالی کی ان کے لئے دعائے ضرر کی تو ان پر قحط اور مصیبت نازل ہوگئی یہاں تک کہ انہوں نے ہڈیاں چوسنا شروع کردیں' ان میں سے کوئی شخص اگر آسمان کی طرف دیکھتا تھا تو اسے اپنے اور آسمان کے درمیان کمزوری کی وجہ سے دھواں سا نظر آنے لگتا تھا تو اللہ تعالیٰ نے یہ آیت نازل کی۔

''تم انتظار کرو اس دن کا جب آسمان واضح دھوئیں کو لے کر آئے گا جو لوگوں کو ڈھانپ دے گا (اور وہ کہیں گے یہ درد ناک عذاب ہے)''۔

راوی بیان کرتے ہیں: پھر نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کی خدمت میں ایک شخص آیا اور آپ سے یہ کہا گیا: اے اللہ کے رسول! آپ مضر قبیلے (قریش) کے لئے بارش کی دعا کریں کیونکہ وہ ہلاکت کا شکار ہوگئے ہیں' نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے دریافت کیا: کیا مضر کے لئے؟ تم نے بڑے حوصلے کا مظاہرہ کیا ہے' پھر نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے ان کے لئے دعا کی تو ان پر بارش نازل ہوگئی تو یہ آیت نازل ہوئی:

''تم لوگ واپس لوٹ جاؤ''

جب ان لوگوں کو خوشحالی نصیب ہوگئی تو وہ دوبارہ اپنی اسی حالت میں چلے گئے۔

جب انہیں خوشحالی نصیب ہوگئی تھی۔ تو اللہ تعالیٰ نے یہ آیت نازل کی:

''جب ہم بڑی پکڑ کریں گے بے شک ہم انتقام لینے والے ہیں''۔

اس سے مراد غزوۂ بدر ہے۔

أخرجه البخاري في: 65 كتاب التفسير: 44 سورة الدخان: 2 باب يغشى الناس هذا عذاب أليم رقم الجزء: 1 رقم الصفحة: 889 (جہانگیری صحیح بخاری، مطبوعہ شبیر برادرز، رقم الحدیث:4544)

•••————•••————•••

انشقاق الْقمر

چاند کا شق ہو جانا

﴿1784﴾ حديث عَبْدِ اللّٰهِ بْنِ مَسْعُوْدٍ رَضِيَ اللّٰهُ عَنْهُ،

رقم الحديث : 1784

اخرجه ابوالحسين مسلم النيسابوري في ''صحيحه'' طبع داراحياء التراث العربي، بيروت، لبنان، رقم الحديث: **2800** اخرجه ابو عيسىٰ الترمذي في ''جامعه''، طبع داراحياء التراث العربي، بيروت، لبنان، رقم الحديث: **2182** اخرجه ابوعبدالله الشيباني في ''مسنده'' طبع موسسه قرطبه، قاهره، مصر، رقم الحديث: **3583** اخرجه ابوحاتم البستي في ''صحيحه'' طبع موسسه الرساله، بيروت، لبنان، 1414ھ - 1993ء، رقم الحديث: **6495** اخرجه ابوعبدالله النيسابوري في ''المستدرک'' طبع دارالكتب العلميه، بيروت، لبنان 1411ھ / 1990ء، رقم الحديث:**3758**

Marfat.com

قَالَ: انْشَقَّ الْقَمَرُ عَلٰى عَهْدِ رَسُوْلِ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ شِقَّتَيْنِ فَقَالَ النَّبِيُّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: اشْهَدُوا

✧✧ حضرت عبداللہ بن مسعود رضی اللہ عنہ بیان کرتے ہیں' نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کے زمانہ اقدس میں چاند دوٹکڑے ہوگیا تھا۔ نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: تم گواہ ہوجاؤ۔

أخرجه البخاري في: 61 كتاب المناقب: 27 باب سؤال المشركين أن يريهم النبي صلى الله عليه وسلم اية فأراهم انشقاق القمر

رقم الجزء: 1 رقم الصفحة: 890 (جہانگیری صحیح بخاری، مطبوعہ شبیر برادرز، رقم الحدیث: 3437)

1785 حديث أَنَسِ بْنِ مَالِكٍ رَضِيَ اللّٰهُ عَنْهُ،

أَنَّ أَهْلَ مَكَّةَ سَأَلُوْا رَسُوْلَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ أَنْ يُرِيَهُمْ اٰيَةً فَأَرَاهُمُ انْشِقَاقَ الْقَمَرِ

✧✧ حضرت انس بن مالک رضی اللہ عنہ بیان کرتے ہیں' اہل مکہ نے نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم سے فرمائش کی کہ آپ انہیں کوئی معجزہ دکھائیں تو نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے انہیں چاند کے دوٹکڑے کرکے دکھایا۔

أخرجه البخاري في: 61 كتاب المناقب: 27 باب سؤال المشركين أن يريهم النبي صلى الله عليه وسلم اية فأراهم انشقاق القمر

رقم الجزء: 1 رقم الصفحة: 890 (جہانگیری صحیح بخاری، مطبوعہ شبیر برادرز، رقم الحدیث: 3438)

1786 حديث ابْنِ عَبَّاسٍ رَضِيَ اللّٰهُ عَنْهُمَا،

أَنَّ الْقَمَرَ انْشَقَّ فِيْ زَمَانِ النَّبِيِّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ

✧✧ حضرت ابن عباس رضی اللہ عنہما بیان کرتے ہیں' نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کے زمانہ اقدس میں چاند دوٹکڑے ہوگیا تھا۔

أخرجه البخاري في: 61 كتاب المناقب: 27 باب سؤال المشركين أن يريهم النبي صلى الله عليه وسلم اية فأراهم انشقاق القمر

رقم الجزء: 1 رقم الصفحة: 891 (جہانگیری صحیح بخاری، مطبوعہ شبیر برادرز، رقم الحدیث: 3439)

•••———•••———•••

لا أحد أصبر على أذى من الله عز وجل

اللہ تعالیٰ سے زیادہ کوئی اور کسی ایذاء پر صبر نہیں کرتا

1787 حديث أَبِيْ مُوْسٰى رَضِيَ اللّٰهُ عَنْهُ،

عَنِ النَّبِيِّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَالَ: لَيْسَ أَحَدٌ، أَوْ لَيْسَ شَيْءٌ أَصْبَرَ، عَلٰى أَذًى سَمِعَهُ، مِنَ اللّٰهِ إِنَّهُمْ لَيَدْعُوْنَ لَهُ وَلَدًا، وَإِنَّهُ لَيُعَافِيْهِمْ وَيَرْزُقُهُمْ

Marfat.com

✧✧ حضرت ابوموسیٰ رضی اللہ عنہ نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کا یہ فرمان نقل کرتے ہیں: کسی اذیت پہنچانے والی بات کوسن کرصبر کرنے میں کوئی اللہ تعالیٰ سے زیادہ نہیں ہے۔ کیونکہ لوگ اس کے لئے اولاد کو مانتے ہیں جبکہ وہ پھر بھی اسے معاف کردیتا ہے اورانہیں رزق دیتا ہے۔

أخرجه البخاري في: 78 كتاب الأدب: 71 باب الصبر على الأذى

رقم الجزء: 1 رقم الصفحة: 891 (جہانگیری صحیح بخاری، مطبوعہ شبیر برادرز، رقم الحدیث:5748)

•••———•••———•••

طلب الكافر الفداء بملء الأرض ذهبًا

کافر یہ آرزو کرے گا: کاش! وہ فدیے کے طور پر زمین کے برابر سونا دے کر (عذاب سے نجات حاصل کرسکتا)

1788 - حديث أَنَسٍ رَضِيَ اللّٰهُ عَنْهُ،

يَرْفَعُهُ، أَنَّ اللّٰهَ يَقُوْلُ لأَهْوَنِ أَهْلِ النَّارِ عَذَابًا: لَوْ أَنَّ لَكَ مَا فِي الْأَرْضِ مِنْ شَيْءٍ، كُنْتَ تَفْتَدِيْ بِهِ قَالَ: نَعَمْ قَالَ: لَقَدْ سَأَلْتُكَ مَا هُوَ أَهْوَنُ مِنْ هٰذَا، وَأَنْتَ فِي صُلْبِ اٰدَمَ، أَنْ لاَ تُشْرِكَ بِي، فَأَبَيْتَ إِلَّا الشِّرْكَ

✧✧ حضرت انس رضی اللہ عنہ مرفوع روایت کے طور پر یہ بات نقل کرتے ہیں: جہنم میں جس شخص کو سب سے ہلکا عذاب ہوگا اللہ تعالیٰ اس سے فرمائے گا: زمین میں جو کچھ ہے اگر وہ سب کچھ تمہیں مل جائے تو کیا تم وہ سب کچھ فدیے کے طور پر دے دو گے؟ وہ جواب دے گا: جی ہاں!

اللہ تعالیٰ فرمائے گا: میں نے تم سے اس سے آسان چیز کا مطالبہ کیا تھا، حالانکہ تم آدم کی پشت میں تھے' یہ کہ تم کسی کو میرا شریک

رقم الحدیث: 1787

1823 حديث أَبِي أَيُّوبَ رَضِيَ اللّٰهُ عَنْهُ

رقم الحديث: **1822**

خرجه ابوالحسين مسلم النيسابوري في "صحيحه" طبع داراحياء التراث العربي، بيروت، لبنان، رقم الحديث: **2866** اخرجه ابو عيسى ترمذي في "جامعه" طبع داراحياء التراث العربي، بيروت، لبنان، رقم الحديث: **1072** اخرجه ابوعبدالرحمن النسائي في "سننه" طبع مكتب المطبوعات الاسلاميه، حلب، شام، **1406**ه، **1986**ء، رقم الحديث: **2070** اخرجه ابو عبدالله القزويني في "سننه" طبع دارالفكر، بيروت، لبنان، رقم الحديث: **4270** اخرجه ابوعبدالله الاصبحي في "المؤطا" طبع داراحياء التراث العربي، تحقيق فواد عبدالباقي، رقم الحديث: **566** اخرجه ابوعبدالله الشيباني في "مسنده" طبع موسسه قرطبه، قاهره، مصر، رقم الحديث: **5119** اخرجه ابوحاتم البستي في "صحيحه" طبع موسسه الرساله، بيروت، لبنان، **1414**ه/**1993**ء، رقم الحديث: **3130** اخرجه ابوعبدالرحمن النسائي في "سننه" طبع مكتب المطبوعات الاسلاميه، حلب، شام، **1406**ه، **1986**ء، رقم الحديث: **2197** اخرجه ابويعلى الموصلي في "مسنده" طبع دارالمامون للتراث، دمشق، شام، **1404**ه-**1984**ء، رقم الحديث: **5830** اخرجه ابوالقاسم الطبراني في "معجمه الصغير" طبع المكتب الاسلامي، دارعمار، بيروت، لبنان/عمان، **1405**ه **1985**ء، رقم الحديث: **930** اخرجه ابوالقاسم الطبراني في "معجمه الاوسط" طبع دارالحرمين، قاهره، مصر، **1415**ه، رقم الحديث: **1907** اخرجه ابوداؤد الطيالسي في "مسنده" طبع دارالمعرفة، بيروت، لبنان، رقم الحديث: **1832** اخرجه ابومحمد الكسي في "مسنده" طبع مكتبة السنة، قاهره، مصر، **1408**ه/**1988**ء، رقم الحديث: **730** اخرجه ابوالقاسم الطبراني في "مسند الشاميين" طبع موسسة الرساله، بيروت، لبنان، **1405**ه/**1984**ء، رقم الحديث: **101** اخرجه ابوبكر الضحاني في "مصنفه" طبع المكتب الاسلامي، بيروت لبنان، طبع ثاني، **1403**ه، رقم الحديث: **6745**

Marfat.com

قَالَ: خَرَجَ النَّبِيُّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ، وَقَدْ وَجَبَتِ الشَّمْسُ، فَسَمِعَ صَوْتًا فَقَالَ: يَهُوْدُ تُعَذَّبُ فِيْ قُبُوْرِهَا

✧✧ حضرت ابوایوب رضی اللہ عنہ بیان کرتے ہیں: ایک مرتبہ نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم تشریف لائے۔ اس وقت سورج غروب ہو چکا تھا۔ آپ نے ایک آواز سنی تو آپ نے ارشاد فرمایا: یہودیوں کو ان کی قبروں میں عذاب ہو رہا ہے۔

أخرجه البخاري في: 23 كتاب الجنائز: 88 باب التعوذ من عذاب القبر

رقم الجزء: 1 رقم الصفحة: 906 (جہانگیری صحیح بخاری، مطبوعہ شبیر برادرز، رقم الحدیث:1309)

1824 حديث أَنَسِ بْنِ مَالِكٍ رَضِيَ اللّٰهُ عَنْهُ

أَنَّ رَسُوْلَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ، قَالَ: إِنَّ الْعَبْدَ إِذَا وُضِعَ فِيْ قَبْرِهِ، وَتَوَلّٰى عَنْهُ أَصْحَابُهُ، وَإِنَّهُ لَيَسْمَعُ قَرْعَ نِعَالِهِمْ، أَتَاهُ مَلَكَانِ، فَيُقْعِدَانِهِ فَيَقُوْلاَنِ: مَا كُنْتَ تَقُوْلُ فِيْ هٰذَا الرَّجُلِ (لِمُحَمَّدٍ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ) فَأَمَّا الْمُؤْمِنُ فَيَقُوْلُ: أَشْهَدُ أَنَّهُ عَبْدُ اللّٰهِ وَرَسُوْلُهُ فَيُقَالُ لَهُ: انْظُرْ إِلٰى مَقْعَدِكَ مِنَ النَّارِ، قَدْ أَبْدَلَكَ اللّٰهُ بِهِ مَقْعَدًا مِّنَ الْجَنَّةِ فَيَرَاهُمَا جَمِيعًا

✧✧ حضرت انس بن مالک رضی اللہ عنہ بیان کرتے ہیں: نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے ارشاد فرمایا ہے: جب بندے کو اس کی قبر میں رکھا جاتا ہے اور اس کے ساتھی اسے چھوڑ کر چلے جاتے ہیں تو وہ ان کے جوتوں کی آہٹ سنتا ہے۔ دو فرشتے اس کے پاس آتے ہیں اور اسے بٹھا دیتے ہیں اور اس سے دریافت کرتے ہیں تم ان صاحب حضرت محمد (صلی اللہ علیہ وسلم) کے بارے میں کیا جانتے ہو۔ اگر وہ بندہ مؤمن ہو تو وہ کہتا ہے کہ میں یہ گواہی دیتا ہوں کہ یہ اللہ کے بندے اور رسول ہیں تو اسے کہا جاتا ہے تم جہنم کے اپنے ٹھکانے کی طرف دیکھو۔ اس کے بدلے میں اللہ تعالیٰ نے تمہیں جنت میں ٹھکانہ عطا کر دیا ہے اور وہ ان دونوں کو دیکھ لیتا ہے۔

أخرجه البخاري في: 23 كتاب الجنائز: 87 باب ما جاء في عذاب القبر

رقم الجزء: 1 رقم الصفحة: 906 (جہانگیری صحیح بخاری، مطبوعہ شبیر برادرز، رقم الحدیث:)

1825 حديث الْبَرَاءِ بْنِ عَازِبٍ رَضِيَ اللّٰهُ عَنْهُ،

عَنِ النَّبِيِّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ، قَالَ: إِذَا أُقْعِدَ الْمُؤْمِنُ فِيْ قَبْرِهِ أُتِيَ، ثُمَّ شَهِدَ أَنْ لاَ إِلٰهَ إِلَّا اللّٰهُ، وَأَنَّ

رقم الحديث: 1823

اخرجه ابوعبدالرحمن النسائی فی ''سننه'' طبع مکتب المطبوعات الاسلامیه، حلب، شام، 1406ھ، 1986ء، رقم الحدیث:2059 اخرجه ابوعبدالله الشیبانی فی ''مسنده'' طبع موسسه قرطبه، قابره، مصر، رقم الحدیث:23586 اخرجه ابوحاتم البستی فی ''صحیحه'' طبع موسسه الرساله، بیروت، لبنان، 1414ھ/1993ء، رقم الحدیث:3124 اخرجه ابوعبدالرحمن النسائی فی ''سننه الکبریٰ'' طبع دارالکتب العلمیه، بیروت، لبنان، 1411ھ/1991ء، رقم الحدیث:2186 اخرجه ابوالقاسم الطبرانی فی ''معجمه الکبیر'' طبع مکتبه العلوم والحکم موصل، 1404ھ/1983ء، رقم الحدیث: 3856 اخرجه ابوبکر الشیبانی فی ''الاحادوالمثانی'' طبع دارالرایة، ریاض، سعودی عرب، 1411ھ 1991ء، رقم الحدیث: 1879 اخرجه ابومحمد الکسی فی ''مسنده'' طبع مکتبة السنة، قابره، مصر، 1408ھ/1988ء، رقم الحدیث:224 اخرجه ابوبکر الکوفی، فی ''مصنفه'' طبع مکتبه الرشد، ریاض، سعودی عرب، (طبع اول) 1409ھ، رقم الحدیث:12035

Marfat.com

مُحَمَّدًا رَّسُوْلُ اللّٰهِ، فَذٰلِكَ قَوْلُـهٗ (يُثَبِّتُ اللّٰهُ الَّذِيْنَ اٰمَنُوا بِالْقَوْلِ الثَّابِتِ)

✧✧ حضرت براء بن عازب رضی اللہ عنہ نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کا یہ فرمان نقل کرتے ہیں: جب مومن کو اس کی قبر میں بٹھایا جاتا ہے اور پھر وہ یہ گواہی دیتا ہے کہ اللہ تعالیٰ کے علاوہ کوئی اور معبود نہیں ہے اور حضرت محمد (صلی اللہ علیہ وسلم) اللہ کے رسول اور خاص بندے ہیں تو اللہ تعالیٰ کے اس فرمان سے یہی مراد ہے۔

''اللہ تعالیٰ ایمان والوں کو قول ثابت قدم رکھتا ہے''۔

أخرجه البخاري في: 23 كتاب الجنائز: 87 باب ما جاء في عذاب القبر

رقم الجزء: 1 رقم الصفحة: 906 (مہانگیری صحیح بخاری مطبوعہ شبیر برادرز، رقم الحدیث 1303)

1826 حديث أَبِي طَلْحَةَ رَضِيَ اللّٰهُ عَنْهُ،

أَنَّ نَبِـيَّ اللّٰـهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ، أَمَرَ يَوْمَ بَدْرٍ بِأَرْبَعَةٍ وَعِشْرِيْنَ رَجُلاً مِّنْ صَنَادِيْدِ قُرَيْشٍ، فَقُذِفُوْا فِيْ طَوِيٍّ مِنْ أَطْوَاءِ بَدْرٍ، خَبِيثٍ مُخْبِثٍ وَكَانَ إِذَا ظَهَرَ عَلٰى قَوْمٍ أَقَامَ بِالْعَرْصَةِ ثَلَاثَ لَيَالٍ فَلَمَّا كَانَ بِبَدْرٍ، الْيَوْمَ الثَّالِثَ، أَمَرَ بِرَاحِلَتِه فَشُدَّ عَلَيْهَا رَحْلُهَا ثُمَّ مَشٰى وَاتَّبَعَهٗ أَصْحَابُهٗ وَقَالُوْا مَا نُرٰى يَنْطَلِقُ إِلَّا لِبَعْضِ حَاجَتِه حَتّٰى قَامَ عَلٰى شَفَةِ الرَّكِيِّ فَجَعَلَ يُنَادِيْهِمْ بِأَسْمَائِهِمْ وَأَسْمَاءِ اٰبَائِهِمْ: يَا فُلَانُ بْنَ فُلَانٍ وَيَا فُلَانُ بْنَ فُلَانٍ أَيَسُرُّكُمْ أَنَّكُمْ أَطَعْتُمُ اللّٰهَ وَرَسُوْلَـهٗ فَإِنَّا قَدْ وَجَدْنَا مَا وَعَدَنَا رَبُّنَا حَقًّا، فَهَلْ وَجَدْتُّمْ مَا وَعَدَ رَبُّكُمْ حَقًّا قَالَ: فَقَالَ عُمَرُ: يَا رَسُوْلَ اللّٰهِ مَا تُكَلِّمُ مِنْ أَجْسَادٍ لَا أَرْوَاحَ لَهَا فَقَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: وَالَّذِيْ نَفْسُ مُحَمَّدٍ بِيَدِه مَا أَنْتُمْ بِأَسْمَعَ لِمَا أَقُوْلُ مِنْهُمْ

✧✧ حضرت ابوطلحہ رضی اللہ عنہ بیان کرتے ہیں: نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے غزوۂ بدر کے دن قریش کے چوبیس سرداروں کے بارے میں حکم دیا تو انہیں بدر کے ایک گندے گڑھے میں ڈال دیا گیا۔ نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کا یہ معمول تھا کہ جب آپ کسی قوم پر غلبہ حاصل کر لیا کرتے تھے تو اس علاقے میں تین دن قیام کیا کرتے تھے۔ بدر میں تین دن قیام کرنے کے بعد آپ نے کوچ کا حکم دیا اور سواری کو تیار کر لیا گیا آپ روانہ ہوئے اور آپ کے ساتھی آپ کے پیچھے تھے صحابہ بیان کرتے ہیں: ہم یہ سمجھے کہ آپ قضائے حاجت کے

رقم الحديث: 1825

أخرجه أبو الحسين مسلم النيسابوري في "صحيحه" طبع دار إحياء التراث العربي بيروت لبنان رقم الحديث 2871 أخرجه أبو داود السجستاني في "سننه" طبع دار الفكر بيروت لبنان رقم الحديث 4750 أخرجه أحمد بن حنبل في "مسنده" طبع دار التراث العربي بيروت لبنان رقم الحديث: 3120 أخرجه أبو عبدالرحمن النسائي في "سننه" طبع مكتب المطبوعات الإسلامية حلب سنة 1406ھ 1986ء رقم الحديث 2057 أخرجه ابن عبدالله الغزويني في "سننه" طبع دار الفكر بيروت لبنان رقم الحديث 4269 أخرجه أبو عبدالله الشيباني في "مسنده" طبع مؤسسة قرطبة قاهرة مصر رقم الحديث: 18505 أخرجه ابن حاتم البستي في "صحيحه" طبع مؤسسة الرسالة بيروت لبنان 1414ھ 1993ء رقم الحديث: 634 أخرجه أبو عبدالرحمن النسائي في "سننه" طبع مكتب المطبوعات الإسلامية حلب شام 1406ھ 1986ء رقم الحديث 2184 أخرجه ابن بكر الكوفي في "مصنفه" طبع مكتبة الرشد رياض سعودي عرب طبع اول 1409ھ رقم الحديث: 12048

Marfat.com

لئے جارہے ہیں لیکن آپ اس کنویں کے کنارے آکر کھڑے ہوئے (جس میں مشرکین کے سرداروں کی لاشیں موجود تھیں) آپ نے انہیں ان کے ناموں، ان کے باپ داداؤں کے نام لے کر پکارنا شروع کیا۔اے فلاں بن فلاں، اے فلاں بن فلاں! کیا اب تمہاری یہ خواہش ہے کہ تم نے اللہ اور اس کے رسول کی اطاعت کی ہوتی' ہمارے پروردگار نے ہمارے ساتھ جو وعدہ کیا تھا ہم نے تو اس کو سچا دیکھ لیا ہے تمہارے پروردگار نے تم سے جو وعدہ کیا تھا کیا تم نے بھی اسے سچ پایا تھا؟ حضرت عمر رضی اللہ عنہ نے عرض کی: یارسول اللہ ﷺ! آپ ایسے جسموں کے ساتھ کلام کررہے ہیں جن میں روحیں موجود نہیں ہیں۔ نبی اکرم ﷺ نے فرمایا: اس ذات کی قسم! جس کے دست قدرت میں میری جان ہے میں جو کہہ رہا ہوں اس بات کو تم ان سے بہتر طور پر نہیں سنتے۔

أخرجه البخاري في: 64 كتاب المغازى: 8 باب قتل أبي جهل

رقم الجزء: 1 رقم الصفحة: 907 (جہانگیری صحیح بخاری، مطبوعہ شبیر برادرز، رقم الحدیث:3757)

•••———•••———•••

إثبات الحساب

حساب کا اثبات

1827 حديث عَائِشَةَ رَضِيَ اللّٰهُ عَنْهَا، زَوْجِ النَّبِيِّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ

كَانَتْ لاَ تَسْمَعُ شَيْئًا لاَ تَعْرِفُهُ إِلَّا رَاجَعَتْ فِيهِ حَتَّى تَعْرِفَهُ وَأَنَّ النَّبِيَّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَالَ: مَنْ حُوسِبَ عُذِّبَ قَالَتْ عَائِشَةُ: فَقُلْتُ أَوَلَيْسَ يَقُولُ اللّٰهُ تَعَالَى (فَسَوْفَ يُحَاسَبُ حِسَابًا يَسِيرًا) قَالَتْ: فَقَالَ إِنَّمَا ذٰلِكَ الْعَرْضُ، وَلٰكِنْ مَنْ نُوقِشَ الْحِسَابَ يَهْلِكْ

✧✧ نبی اکرم ﷺ کی زوجہ محترمہ سیدہ عائشہ صدیقہ رضی اللہ عنہا کی یہ عادت تھی کہ جب آپ کوئی بات سنتی تھیں اور وہ آپ کو سمجھ نہ آتی تو آپ وہ بات دہرانے کی فرمائش کرتی تھیں یہاں تک کہ وہ بات اچھی طرح آپ کی سمجھ میں آجاتی تھی۔ایک مرتبہ نبی

رقم الحديث : **1827**

اخرجه ابوالحسين مسلم النيسابوري في ''صحيحه'' طبع داراحياء التراث العربي، بيروت، لبنان، رقم الحديث:**2876** اخرجه ابوداؤد السجستاني في ''سننه''، طبع دارالفكر، بيروت، لبنان، رقم الحديث:**3093** اخرجه ابو عيسىٰ الترمذي، في ''جامعه''، طبع داراحياء التراث العربي، بيروت، لبنان، رقم الحديث: **2426** اخرجه ابوعبدالله الشيباني في ''مسنده'' طبع موسسه قرطبه، قابره، مصر، رقم الحديث: **24649** اخرجه ابوبكر بن خزيمة النيسابوري، في ''صحيحه'' طبع المكتب الاسلامي، بيروت، لبنان، **1390**ھ/**1970**ء، رقم الحديث: **849** اخرجه ابوحاتم البستي في ''صحيحه'' طبع موسسه الرساله، بيروت، لبنان، **1414**ھ/**1993**ء، رقم الحديث:**7370** اخرجه ابوالقاسم الطبراني في ''معجمه الاوسط'' طبع دارالحرمين، قابره، مصر، **1415**ھ، رقم الحديث:**8959** اخرجه ابويعلى الموصلي في ''مسنده'' طبع دارالمامون للتراث، دمشق، شام، **1404**ھ-**1984**ء، رقم الحديث: **4453** اخرجه ابوبكر الكوفي، في ''مصنفه'' طبع مكتبه الرشد، رياض، سعودي عرب، (طبع اول) **1409**ھ، رقم الحديث:**34399** اخرجه ابوعبدالرحمن النسائي في ''سننه'' طبع مكتب المطبوعات الاسلاميه، حلب، شام، **1406**ھ، **1986**ء، رقم الحديث:**11618** اخرجه ابن رابويه الحنظلي في ''مسنده'' طبع مكتبه الايمان، مدينه منوره، (طبع اول) **1412**ھ/**1991**ء، رقم الحديث:**1249**

Marfat.com

اکرم ﷺ نے ارشاد فرمایا: ''جس شخص سے حساب لیا جائے گا وہ عذاب میں مبتلا کیا جائے گا۔'' سیدہ عائشہ صدیقہ رضی اللہ عنہا فرماتی ہیں: میں نے عرض کی: اللہ تعالیٰ نے یہ ارشاد نہیں فرمایا: فَسَوْفَ يُحَاسَبُ حِسَابًا يَسِيرًا ''اس شخص سے آسان حساب لیا جائے گا۔'' تو نبی اکرم ﷺ نے فرمایا: اس کا تعلق صرف پیشی سے ہے جس شخص سے سختی سے حساب لیا جائے گا وہ ہلاکت کا شکار ہوگا۔

أخرجه البخاري في: 3 كتاب العلم: 35 باب من سمع شيئا فراجع حتى يعرفه

رقم الجزء: 1 رقم الصفحة: 908 (جہانگیری صحیح بخاری مطبوعہ شبیر برادرز، رقم الحدیث 103)

1828 ۞ حديث ابْنِ عُمَرَ رَضِيَ اللّٰهُ عَنْهُمَا،

قَالَ: قَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: إِذَا أَنْزَلَ اللّٰهُ بِقَوْمٍ عَذَابًا، أَصَابَ الْعَذَابُ مَنْ كَانَ فِيهِمْ، ثُمَّ بُعِثُوا عَلَى أَعْمَالِهِمْ

✧✧ حضرت ابن عمر رضی اللہ عنہما بیان کرتے ہیں: نبی اکرم ﷺ نے ارشاد فرمایا ہے: جب اللہ تعالیٰ کسی قوم پر عذاب نازل کرتا ہے تو وہ عذاب اس میں موجود ہر شخص پر نازل ہوتا ہے لیکن ان لوگوں کو ان کے اعمال کے مطابق زندہ کیا جائے گا۔

أخرجه البخاري في: 92 كتاب الفتن: 19 باب إذا أنزل الله بقوم عذابا

رقم الجزء: 1 رقم الصفحة: 908 (جہانگیری صحیح بخاری مطبوعہ شبیر برادرز، رقم الحدیث: 6691)

رقم الحديث 1828

اخرجہ ابوالحسین مسلم النیسابوری فی ''صحیحہ'' طبع دار احیاء التراث العربی بیروت لبنان، رقم الحدیث: **2879** اخرجہ ابوعبداللہ الشیبانی فی ''مسندہ'' طبع موسسہ قرطبہ قاہرہ مصر، رقم الحدیث: **4885** اخرجہ ابوالحسن الدارقطنی فی ''صحیحہ'' طبع مؤسسہ الرسالہ بیروت لبنان، **1414**ھ/**1993**ء، رقم الحدیث: **7315** اخرجہ ابویعلی الموصلی فی ''مسندہ'' طبع دار المامون للتراث دمشق شام، **1404**ھ/**1984**ء، رقم الحدیث: **5582**

Marfat.com

كتاب الفتن وأشراط الساعة
فتنوں' قیامت کی نشانیوں کا بیان

اقتراب الفتن وفتح ردم يأجوج ومأجوج
فتنوں کا قریب آ جانا اور یاجوج ماجوج کے بند کا کھل جانا

﴿1829﴾ حديث زَيْنَبَ ابْنَةِ جَحْشٍ،

أَنَّ النَّبِيَّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ دَخَلَ عَلَيْهَا فَزِعًا يَقُوْلُ: لاَ إِلٰهَ إِلَّا اللّٰهُ وَيْلٌ لِّلْعَرَبِ مِنْ شَرٍّ قَدِ اقْتَرَبَ فُتِحَ الْيَوْمَ مِنْ رَدْمِ يَأْجُوْجَ وَمَأْجُوْجَ مِثْلُ هٰذِهِ وَحَلَّقَ بِإِصْبَعِهِ الْإِبْهَامِ وَالَّتِي تَلِيهَا قَالَتْ زَيْنَبُ ابْنَةُ جَحْشٍ: فَقُلْتُ: يَا رَسُوْلَ اللّٰهِ أَنَهْلِكُ وَفِينَا الصَّالِحُونَ قَالَ: نَعَمْ إِذَا كَثُرَ الْخَبَثُ

✧✧ سیّدہ زینب رضی اللہ عنہا بیان کرتی ہیں: ایک مرتبہ نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم ان کے ہاں تشریف لائے تو آپ گھبرائے ہوئے تھے۔ آپ نے فرمایا: اللہ کے علاوہ کوئی معبود نہیں ہے' اس شر کی وجہ سے عربوں کی بربادی ہے جو قریب آ چکا ہے۔ آج یاجوج اور ماجوج کی دیوار کا اتنا حصہ کھل گیا ہے۔ نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے انگوٹھے اور اس کے ساتھ والی انگلی سے حلقہ بنا کر دکھایا۔ سیّدہ زینب رضی اللہ عنہا بیان کرتی ہیں: میں نے عرض کی: یارسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم! ہمارے درمیان نیک لوگ ہوں گے کیا اس کے باوجود ہم ہلاکت کا شکار ہو جائیں گے؟ نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: جی ہاں! جب برائی زیادہ ہو جائے گی (تو سبھی لوگ ہلاکت کا شکار ہو جائیں گے)

أخرجه البخاري في: 60 كتاب الأنبياء: 7 باب قصة يأجوج ومأجوج

رقم الجزء: 1 رقم الصفحة: 908 (جہانگیری صحیح بخاری، مطبوعہ شبیر برادرز، رقم الحدیث:3168)

﴿1830﴾ حديث أَبِي هُرَيْرَةَ رَضِيَ اللّٰهُ عَنْهُ،

عَنِ النَّبِيِّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ، قَالَ: فَتَحَ اللّٰهُ مِنْ رَدْمِ يَاجُوْجَ وَمَاجُوْجَ مِثْلَ هٰذَا وَعَقَدَ بِيَدِهِ تِسْعِيْنَ

✧✧ حضرت ابوہریرہ رضی اللہ عنہ نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کا یہ فرمان نقل کرتے ہیں: اللہ تعالیٰ نے یاجوج اور ماجوج کی دیوار کا اتنا حصہ کھول دیا ہے' آپ نے اپنے دست مبارک کے ذریعے نوے کا ہندسہ بنایا۔

رقم الحديث : 1829

اخرجه ابوعبدالرحمن النسائي في "سننه" طبع مكتب المطبوعات الاسلاميه، حلب، شام، 1406ھ، 1986ء، رقم الحديث:11333 اخرجه ابوعبدالله الشيباني في "مسنده" طبع موسسه قرطبه، قابره، مصر، رقم الحديث: 27454 اخرجه ابوالقاسم الطبراني في "معجمه الكبير" طبع مكتبه العلوم والحكم، موصل، 1404ھ/1983ء، رقم الحديث:136

Marfat.com

أخرجه البخاري في: 60 كتاب الأنبياء: 7 باب قصة ياجوج وماجوج
رقم الجزء: 1 رقم الصفحة: 909 (جہانگیری صحیح بخاری مطبوعہ شبیر برادرز، رقم الحدیث: 3169)

•••———•••———•••

الخسف بالجيش الذي يؤم البيت
جولشکر خانہ کعبہ پر حملہ کرنے کیلئے آئیگا اس کا دھنس جانا

﴿1831﴾ حديث عَائِشَةَ رَضِيَ اللّٰهُ عَنْهَا،

قَالَتْ: قَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: يَغْزُوْ جَيْشٌ الْكَعْبَةَ، فَإِذَا كَانُوا بِبَيْدَاءَ مِنَ الْأَرْضِ، يُخْسَفُ بِأَوَّلِهِمْ وَآخِرِهِمْ قَالَتْ: قُلْتُ يَا رَسُوْلَ اللّٰهِ كَيْفَ يُخْسَفُ بِأَوَّلِهِمْ وَآخِرِهِمْ وَفِيْهِمْ أَسْوَاقُهُمْ وَمَنْ لَيْسَ مِنْهُمْ قَالَ: يُخْسَفُ بِأَوَّلِهِمْ وَآخِرِهِمْ، ثُمَّ يُبْعَثُوْنَ عَلٰى نِيَّاتِهِمْ

✧✧ حضرت عائشہ صدیقہ رضی اللہ عنہا بیان کرتی ہیں: نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے ارشاد فرمایا: ایک لشکر خانہ کعبہ پر حملے کے لئے آئے گا جب وہ لوگ بیداء کے مقام پر پہنچیں گے تو تمام اہل لشکر کو زمین میں دھنسا دیا جائے گا۔ سیدہ عائشہ صدیقہ رضی اللہ عنہا نے عرض کی: یارسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم! ان سب کو کیسے دھنسایا جائے گا جب کہ اس میں ان کے بازار بھی ہوں گے اور وہ لوگ بھی ہوں گے جو لشکر کا حصہ نہیں ہوں گے نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: ان سب کو دھنسایا جائے گا البتہ ان کی نیتوں کے مطابق انہیں (قیامت کے دن) زندہ کیا جائے گا۔

أخرجه البخاري في: 34 كتاب البيوع: 49 باب ما ذكر في الأسواق
رقم الجزء: 1 رقم الصفحة: 909 (جہانگیری صحیح بخاری مطبوعہ شبیر برادرز، رقم الحدیث: 2012)

•••———•••———•••

نزول الفتن كمواقع القطر
بارش کے قطروں کی طرح فتنوں کا نازل ہونا

رقم الحديث: 1831

اخرجه ابوالحسين مسلم النيسابوري في "صحيحه" طبع داراحياء التراث العربي، بيروت، لبنان، رقم الحديث: **2883** اخرجه ابو عيسى الترمذي، في "جامعه"، طبع داراحياء التراث العربي، بيروت، لبنان، رقم الحديث: **2184** اخرجه ابو عبدالرحمن النسائي في "سننه" طبع مكتب المطبوعات الاسلاميه، حلب، شام، **1406**ھ، **1986**ء، رقم الحديث: **2880** اخرجه ابو عبدالله القزويني في "سننه"، طبع دارالفكر بيروت، لبنان، رقم الحديث: **4064** اخرجه ابوعبدالله الشيباني في "مسنده" طبع موسسه قرطبه، قاهره، مصر، رقم الحديث: **26744** اخرجه ابوحاتم البستي في "صحيحه" طبع موسسه الرساله، بيروت، لبنان، **1414**ھ/**1993**ء، رقم الحديث: **6755** اخرجه ابوالقاسم الطبراني في "معجمه الكبير" طبع مكتبه العلوم والحكم، موصل، **1404**ھ/**1983**ء، رقم الحديث: **985**

Marfat.com

﴿1832﴾ حديث أُسَامَةَ رَضِيَ اللّٰهُ عَنْهُ،

قَالَ: أَشْرَفَ النَّبِيُّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ عَلٰى أُطُمٍ مِّنْ اٰطَامِ الْمَدِيْنَةِ، فَقَالَ: هَلْ تَرَوْنَ مَا أَرٰى إِنِّيْ لَأَرٰى مَوَاقِعَ الْفِتَنِ خِلَالَ بُيُوْتِكُمْ كَمَوَاقِعِ الْقَطْرِ

✧✧ حضرت اسامہ رضی اللہ عنہ بیان کرتے ہیں' نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم مدینہ منورہ کے ایک اونچے گھر کے پاس تشریف لائے آپ نے ارشادفرمایا: جو میں دیکھ رہا ہوں کیا تم بھی وہ دیکھ رہے ہو۔ میں دیکھ رہا ہوں کہ تمہارے گھروں کے درمیان یوں فتنے نازل ہوں گے جیسے بارش کے قطرے گرتے ہیں۔

أخرجه البخاري في: 29 كتاب فضائل المدينة: 8 باب اطام المدينة

رقم الجزء: 1 رقم الصفحة: 909 (جہانگیری صحیح بخاری مطبوعہ شبیر برادرز، رقم الحدیث:1779)

﴿1833﴾ حديث أَبِيْ هُرَيْرَةَ رَضِيَ اللّٰهُ عَنْهُ،

قَالَ: قَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: سَتَكُوْنُ فِتَنٌ الْقَاعِدُ فِيْهَا خَيْرٌ مِّنَ الْقَائِمِ، وَالْقَائِمُ فِيْهَا خَيْرٌ مِنَ الْمَاشِيْ، وَالْمَاشِيْ فِيْهَا خَيْرٌ مِّنَ السَّاعِيْ، وَمَنْ يُّشْرِفْ لَّهَا تَسْتَشْرِفْهُ، وَمَنْ وَّجَدَ مَلْجَأً أَوْ مَعَاذًا فَلْيَعُذْ بِهٖ

✧✧ حضرت ابو ہریرہ رضی اللہ عنہ سے روایت ہے' نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے ارشادفرمایا ہے: عنقریب ایسے فتنے آئیں گے' جب بیٹھنے والا کھڑا ہونے والے سے بہتر ہوگا اور کھڑا ہوا شخص چلنے والے سے بہتر ہوگا اور چلنے والا دوڑنے والے (کوشش کرنے والے) سے بہتر ہوگا۔ جو شخص ان کی طرف جھانک کر دیکھے گا وہ اسے اپنی طرف کرلیں گے (اس وقت) جس شخص کو کوئی پناہ گاہ ملے اسے اس پناہ گاہ میں چلے جانا چاہئے۔

أخرجه البخاري في: 61 كتاب المناقب: 25 باب علامات النبوة في الإسلام

رقم الحديث: 1832

اخرجه ابوالحسين مسلم النيسابوری فی "صحيحه" طبع داراحياء التراث العربی، بيروت، لبنان، رقم الحديث: 2885 اخرجه ابوعبدالله الشيبانی فی "مسنده" طبع موسسه قرطبه، قاہره، مصر، رقم الحديث: 21796 اخرجه ابوعبدالله النيسابوری فی "المستدرک" طبع دارالكتب العلميه، بيروت، لبنان 1411ھ/1990ء، رقم الحديث: 8549 اخرجه ابوبكر الحميدی فی "مسنده" طبع دارالكتب العلميه، مكتبه المتنبی، بيروت، قاہره، رقم الحديث: 542

رقم الحديث 1833: اخرجه ابوالحسين مسلم النيسابوری فی "صحيحه" طبع داراحياء التراث العربی، بيروت، لبنان، رقم الحديث: 2886 اخرجه ابوداؤد السجستانی فی "سننه" طبع دارالفكر، بيروت، لبنان، رقم الحديث: 4256 اخرجه ابو عيسىٰ الترمذی، فی "جامعه" طبع داراحياء التراث العربی، بيروت، لبنان، رقم الحديث: 2194 اخرجه ابوعبدالله الشيبانی فی "مسنده" طبع موسسه قرطبه، قاہره، مصر، رقم الحديث: 1446 اخرجه ابوحاتم البستی فی "صحيحه" طبع موسسه الرساله، بيروت، لبنان، 1414ھ/1993ء، رقم الحديث: 5959 اخرجه ابوعبدالله النيسابوری فی "المستدرک" طبع دارالكتب العلميه، بيروت، لبنان 1411ھ/1990ء، رقم الحديث: 5362 ذكره ابوبكر البيهقی فی "سننه الكبریٰ" طبع مكتبه دارالباز، مكه مكرمه، سعودی عرب 1414ھ/1994ء، رقم الحديث: 16573 اخرجه ابويعلی الموصلی فی "مسنده" طبع دارالمامون للتراث، دمشق، شام، 1404ھ-1984ء، رقم الحديث: 789 اخرجه ابوداؤد الطيالسی فی "مسنده" طبع دارالمعرفة، بيروت، لبنان، رقم الحديث: 2344

Marfat.com

رقم الجزء: 1 رقم الصفحة: 910 (جہانگیری صحیح بخاری مطبوعہ شبیر برادرز، رقم الحدیث 3406)

•••———•••———•••

إِذَا تواجه المسلمان بسيفيهما

جب دو مسلمان اپنی تلواریں لے کر ایک دوسرے کے مدمقابل آ جائیں

1834 حديث أَبِي بَكْرَةَ رَضِيَ اللّٰهُ عَنْهُ

عَنِ الْأَحْنَفِ بْنِ قَيْسٍ، قَالَ: ذَهَبْتُ لِأَنْصُرَ هٰذَا الرَّجُلَ، فَلَقِيَنِي أَبُوْ بَكْرَةَ، فَقَالَ: أَيْنَ تُرِيْدُ قُلْتُ: أَنْصُرُ هٰذَا الرَّجُلَ قَالَ: ارْجِعْ فَإِنِّي سَمِعْتُ رَسُوْلَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ يَقُوْلُ: إِذَا الْتَقَى الْمُسْلِمَانِ بِسَيْفَيْهِمَا، فَالْقَاتِلُ وَالْمَقْتُوْلُ فِي النَّارِ فَقُلْتُ: يَا رَسُوْلَ اللّٰهِ هٰذَا الْقَاتِلُ فَمَا بَالُ الْمَقْتُوْلِ قَالَ: إِنَّهُ كَانَ حَرِيْصًا عَلٰى قَتْلِ صَاحِبِهِ

✧✧ احنف بن قیس فرماتے ہیں: میں ایک شخص (حضرت علی رضی اللہ عنہ) کی حمایت میں (ان کے مخالفین سے) جنگ کرنے کے لیے روانہ ہوا تو راستے میں میری ملاقات (صحابی رسول) حضرت ابوبکرہ رضی اللہ عنہ سے ہوئی' انہوں نے مجھ سے دریافت کیا' کہاں کا ارادہ ہے؟ میں نے عرض کی: ان صاحب (حضرت علی کرم اللہ وجہہ) کی مدد کرنے کا' انہوں نے مجھے نصیحت کی: واپس چلے جاؤ کیونکہ میں نے نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کو یہ ارشاد فرماتے ہوئے سنا ہے: ''جب دو مسلمان باہم آمادہ پیکار ہوں تو قاتل اور مقتول دونوں جہنم میں جائیں گے (حضرت ابوبکرہ رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں) میں نے عرض کی' یارسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم! قاتل کے متعلق تو ٹھیک ہے لیکن مقتول کا کیا قصور ہے؟ تو آپ صلی اللہ علیہ وسلم نے ارشاد فرمایا' وہ بھی تو اپنے مقابل کو قتل کرنا چاہتا تھا۔''

أخرجه البخاري في: 2 كتاب الإيمان: 22 باب المعاصي من أمر الجاهلية

رقم الجزء: 1 رقم الصفحة: 910 (جہانگیری صحیح بخاری مطبوعہ شبیر برادرز، رقم الحدیث 31)

رقم الحديث: 1834

اخرجه ابوالحسين مسلم النيسابوري في "صحيحه" طبع دار احياء التراث العربي، بيروت، لبنان، رقم الحديث: 2888 اخرجه ابوداود السجستاني في "سننه" طبع دار الفكر، بيروت، لبنان، رقم الحديث: 4268 اخرجه ابوعبدالرحمن النسائي في "سننه" طبع مكتب المطبوعات الاسلاميه، حلب، شام، 1406ھ، 1986ء، رقم الحديث: 4118 اخرجه ابو عبدالله القزويني في "سننه" طبع دار الفكر، بيروت، لبنان، رقم الحديث: 3964 اخرجه ابوعبدالله الشيباني في "مسنده" طبع موسسه قرطبه، قاهره، مصر، رقم الحديث: 20456 اخرجه ابوحاتم البستي في "صحيحه" طبع موسسه الرساله، بيروت، لبنان، 1414ھ/1993ء، رقم الحديث: 5945 اخرجه ابوعبدالرحمن النسائي في "سننه" طبع مكتب المطبوعات الاسلاميه، حلب، شام، 1406ھ، 1986ء، رقم الحديث: 3586 ذكره ابوبكر البيهقي في "سننه الكبرى" طبع مكتبه دار الباز، مكه مكرمه، سعودي عرب 1414ھ/1994ء، رقم الحديث: 6569! اخرجه ابوبكر الشيباني في "الاحاد والمثاني" طبع دار الراية، رياض، سعودي عرب، 1411ھ/1991ء، رقم الحديث: 1563 اخرجه ابومحمد الكسي في "مسنده" طبع مكتبة السنة، قاهره، مصر، 1408ھ/1988ء، رقم الحديث: 543

Marfat.com

﴿1835﴾ حديث أَبِي هُرَيْرَةَ رَضِيَ اللّٰهُ عَنْهُ،

عَنِ النَّبِيِّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَالَ لاَ تَقُوْمُ السَّاعَةُ حَتّٰى يَقْتَتِلَ فِئَتَانِ فَيَكُوْنَ بَيْنَهُمَا مَقْتَلَةٌ عَظِيمَةٌ، دَعْوَاهُمَا وَاحِدَةٌ

✧✧ حضرت ابوہریرہ رضی اللہ عنہ بیان کرتے ہیں' نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے ارشاد فرمایا ہے: قیامت اُس وقت تک قائم نہیں ہوگی۔ جب تک دو فریق آپس میں جنگ نہیں کریں گے اور اُن دونوں کا دعویٰ ایک ہی ہوگا۔

أخرجه البخاري في: 61 كتاب المناقب: 25 باب علامات النبوة في الإسلام

رقم الجزء: 1 رقم الصفحة: 911 (جہانگیری صحیح بخاری مطبوعہ شبیر برادرز، رقم الحدیث:3413)

•••———•••———•••

إخبار النبيّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ فيما يكون إلى قيام الساعة

نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کا قیامت تک ہونیوالے اہم واقعات کی اطلاع دینا

﴿1836﴾ حديث حُذَيْفَةَ رَضِيَ اللّٰهُ عَنْهُ

قَالَ: لَقَدْ خَطَبَنَا النَبِيُّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ خُطْبَةً مَّا تَرَكَ فِيْهَا شَيْئًا إِلٰى قِيَامِ السَّاعَةِ إِلَّا ذَكَرَهُ، عَلِمَهُ مَنْ عَلِمَهُ، وَجَهِلَهُ مَنْ جَهِلَهُ؛ إِنْ كُنْتُ لَأَرَى الشَّيْءَ قَدْ نَسِيتُ.فَأَعْرِفُ مَا يَعْرِفُ الرَّجُلُ إِذَا غَابَ عَنْهُ فَرَاٰهُ فَعَرَفَهُ

✧✧ حضرت حذیفہ رضی اللہ عنہ بیان کرتے ہیں: نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے ہمیں خطبہ دیا اس میں آپ نے کوئی چیز ترک نہیں کی (قیامت تک آنیوالی ہر چیز کا ذکر کر دیا) تو جس شخص نے اسے یاد رکھا یاد رکھا جو اسے بھول گیا تو بھول گیا میں بھی کوئی چیز دیکھتا ہوں تو وہ چیز جو میں بھول چکا ہوتا ہوں مجھے یاد آجاتی ہے جیسے کوئی شخص کسی غیر موجود شخص کو پہچانتا نہیں ہے اور جب اسے دیکھ لیتا ہے تو یاد آجاتا ہے۔

رقم الحديث : 1835

اخرجه ابوعبدالله الشيباني في "مسنده" طبع موسسه قرطبه، قابره، مصر،رقم الحديث: 8121 اخرجه ابوحاتم البستي في "صحيحه" طبع موسسه الرساله، بيروت ، لبنان، 1414ھ/1993ء، رقم الحديث: 6734 ذكره ابوبكر البيهقي في "سننه الكبرٰى' طبع مكتبهٔ دارالباز، مكه مكرمه، سعودي عرب 1414ھ/1994ء، رقم الحديث: 16485 اخرجه ابوبكر الحميدي في "مسنده" طبع دارالكتب العلميه، مكتبه نشتبي، بيروت، قابره ، رقم الحديث: 1104

رقم الحديث 1836: اخرجه ابوالحسين مسلم النيسابوري في "صحيحه" طبع داراحياء التراث العربي، بيروت، لبنان، رقم الحديث: 2891 اخرجه ابوداؤد السجستاني في "سننه" ،طبع دارالفكر،بيروت، لبنان، رقم الحديث: 4240 اخرجه ابوعبدالله الشيباني في "مسنده" طبع موسسه قرطبه، قابره، مصر،رقم الحديث: 23357 اخرجه ابوحاتم البستي في "صحيحه" طبع موسسه الرساله، بيروت ، لبنان، 1414ھ/1993ء، رقم الحديث: 6636

Marfat.com

أخرجه البخاري في: 82 كتاب القدر: 4 باب وكان أمر الله قدرًا مقدورًا

رقم الجزء: 1 رقم الصفحة: 911 (جہانگیری صحیح بخاری، مطبوعہ شبیر برادرز، رقم الحدیث: 6230)

•••———•••———•••

في الفتنة التي تموج كموج البحر

اس فتنے کا بیان جو سمندر کی لہروں کی طرح بپھر کر آئے گا

1837 حديث حُذَيْفَةَ رَضِيَ اللّٰهُ عَنْهُ،

قَالَ: كُنَّا جُلُوسًا عِنْدَ عُمَرَ رَضِيَ اللّٰهُ عَنْهُ، فَقَالَ: أَيُّكُمْ يَحْفَظُ قَوْلَ رَسُوْلِ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ، فِي الْفِتْنَةِ قُلْتُ: أَنَا، كَمَا قَالَهُ قَالَ: إِنَّكَ عَلَيْهِ (أَوْ عَلَيْهَا) لَجَرِيءٌ قُلْتُ: فِتْنَةُ الرَّجُلِ فِي أَهْلِهِ وَمَالِهِ وَوَلَدِهِ وَجَارِهِ تُكَفِّرُهَا الصَّلاَةُ وَالصَّوْمُ وَالصَّدَقَةُ وَالأَمْرُ وَالنَّهْيُ قَالَ: لَيْسَ هٰذَا أُرِيْدُ وَلٰكِنِ الْفِتْنَةُ الَّتِي تَمُوجُ كَمَا يَمُوجُ الْبَحْرُ قَالَ: لَيْسَ عَلَيْكَ مِنْهَا بَأْسٌ، يَا أَمِيْرَ الْمُؤْمِنِيْنَ إِنَّ بَيْنَكَ وَبَيْنَهَا بَابًا مُغْلَقًا قَالَ: أَيُكْسَرُ أَمْ يُفْتَحُ قَالَ: يُكْسَرُ قَالَ: إِذًا لاَ يُغْلَقَ أَبَدًا

قُلْنَا: أَكَانَ عُمَرُ يَعْلَمُ الْبَابَ قَالَ: نَعَمْ كَمَا أَنَّ دُوْنَ الْغَدِ اللَّيْلَةَ إِنِّي حَدَّثْتُهُ بِحَدِيْثٍ لَيْسَ بِالأَغَالِيْطِ فَهِبْنَا أَنْ نَسْأَلَ حُذَيْفَةَ فَأَمَرْنَا مَسْرُوقًا، فَسَأَلَهُ فَقَالَ: الْبَابُ عُمَرُ

✧✧ حضرت حذیفہ بن یمان رضی اللہ عنہ بیان کرتے ہیں' ایک مرتبہ ہم حضرت عمر رضی اللہ عنہ کے پاس بیٹھے ہوئے تھے۔ حضرت عمر رضی اللہ عنہ نے دریافت کیا آپ میں کن صاحب کو' نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کا' فتنے کے بارے میں فرمان یاد ہے۔ میں نے جواب دیا: مجھے یہ بات اسی طرح یاد ہے جیسے نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے ارشاد فرمائی تھی۔ حضرت عمر رضی اللہ عنہ نے ان سے فرمایا: آپ بڑے اعتماد کے ساتھ یہ بات کہہ رہے ہیں' میں نے بتایا: (نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے ارشاد فرمایا تھا:) آدمی کا فتنہ اس کے اہل خانہ میں۔ اس کا مال ہے' اس کی اولاد ہے' اس کا پڑوسی ہے۔ نماز' روزہ اور صدقہ آدمی کے لئے کفارے کا باعث بنتے ہیں۔ اسی طرح (نیکی کا حکم دینا اور برائی سے منع کرنا حدیث میں شامل ہے۔ حضرت عمر رضی اللہ عنہ نے فرمایا: میرا مقصد یہ نہیں ہے بلکہ میں اس فتنے کی بات کر رہا ہوں جس کی موجیں سمندر کی

رقم الحديث: 1837

أخرجه أبو الحسن مسلم النيسابوري في "صحيحه" طبع دار احياء التراث العربي، بيروت، لبنان، رقم الحديث: 144 أخرجه أبو عيسى الترمذي في "جامعه" طبع دار احياء التراث العربي، بيروت، لبنان، رقم الحديث: 2258 أخرجه أبو عبدالله القزويني في "سننه" طبع دار الفكر، بيروت، لبنان، رقم الحديث: 3955 أخرجه أبو عبدالله الشيباني في "مسنده" طبع موسسه قرطبه، قاهره، مصر، رقم الحديث: 23460 أخرجه ابو حاتم البستي في "صحيحه" طبع موسسه الرساله، بيروت، لبنان، 1414ھ/1993ء، رقم الحديث: 5966 أخرجه أبو عبدالرحمن النسائي في "سننه" طبع مكتب المطبوعات الاسلاميه، حلب، شام، 1406ھ، 1986ء، رقم الحديث: 327 أخرجه أبو بكر الحميدي في "مسنده" طبع دار الكتب العلميه، مكتبه المتنبي، بيروت، قاهره، رقم الحديث: 447 أخرجه أبو القاسم الطبراني في "معجمه الاوسط" طبع دار الحرمين، قاهره، مصر، 1415ھ، رقم الحديث: 4835

Marfat.com

موجوں کی طرح ہوں گی۔ حضرت حذیفہ رضی اللہ عنہ نے کہا: اے امیر المومنین! آپ کو ان کا کوئی خطرہ نہیں ہونا چاہئے کیونکہ آپ کے اور ان کے درمیان ایک بند دروازہ ہے۔ حضرت عمر رضی اللہ عنہ نے دریافت کیا: کیا وہ دروازہ توڑ دیا جائے گا یا کھول دیا جائے گا۔ حضرت حذیفہ رضی اللہ عنہ نے جواب دیا: اسے توڑا جائے گا اور یہ بتایا کہ پھر وہ کبھی بھی بند نہیں ہوگا۔

راوی بیان کرتے ہیں: ہم نے دریافت کیا: کیا حضرت عمر رضی اللہ عنہ کو اس بات کا پتا تھا کہ اس دروازے سے مراد کون ہیں؟ انہوں نے جواب دیا: ہاں۔ بالکل اسی طرح پتا تھا جیسے اس بات کا پتا تھا کہ آج کل سے پہلے ہے۔

حضرت حذیفہ رضی اللہ عنہ بیان کرتے ہیں: میں نے ان کے سامنے ایسی حدیث بیان کی تھی جو اپنی رائے سے نہیں تھی۔

راوی بیان کرتے ہیں: ہمیں اس بات کا خوف ہوا کہ ہم حضرت حذیفہ رضی اللہ عنہ سے کیسے دریافت کریں تو ہم نے مسروق سے کہا: مسروق نے حضرت حذیفہ رضی اللہ عنہ سے سوال کیا تو انہوں نے جواب دیا: اس دروازے سے مراد حضرت عمر رضی اللہ عنہ تھے۔

أخرجه البخاري في: 9 كتاب مواقيت الصلاة: 4 باب الصلاة كفارة

رقم الجزء: 1 رقم الصفحة: 911 (جہانگیری صحیح بخاری، مطبوعہ شبیر برادرز، رقم الحدیث: 502)

•••———•••———•••

لا تقوم الساعة حتى يحسر الفرات عن جبل من الذهب

قیامت اس وقت تک قائم نہیں ہوگی جب تک فرات سونے کا پہاڑ باہر نہیں نکال دے گا

1838 حديث أَبِي هُرَيْرَةَ رَضِيَ اللّٰهُ عَنْهُ،

قَالَ: قَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: يُوشِكُ الْفُرَاتُ أَنْ يَّحْسِرَ عَنْ كَنْزٍ مِّنْ ذَهَبٍ، فَمَنْ حَضَرَهُ فَلَا يَأْخُذْ مِنْهُ شَيْئًا

✧✧ حضرت ابوہریرہ رضی اللہ عنہ بیان کرتے ہیں: نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے ارشاد فرمایا ہے: عنقریب فرات میں سے سونے کا خزانہ نکلے گا جو شخص وہاں موجود ہو وہ اس میں سے کچھ بھی نہ لے۔

أخرجه البخاري في: 92 كتاب الفتن: 24 باب خروج النار

رقم الجزء: 1 رقم الصفحة: 912 (جہانگیری صحیح بخاری، مطبوعہ شبیر برادرز، رقم الحدیث: 6702)

•••———•••———•••

رقم الحديث 1838

اخرجه ابوداؤد السجستانی فی "سننه"، طبع دار الفکر، بیروت، لبنان، رقم الحدیث: **4313** اخرجه ابو عیسیٰ الترمذی، فی "جامعه"، طبع دار احیاء التراث العربی، بیروت، لبنان، رقم الحدیث: **2569** اخرجه ابوحاتم البستی فی "صحیحه" طبع موسسه الرساله، بیروت، لبنان، 1414ھ 1993ء، رقم الحدیث: **6693**

Marfat.com

لا تقوم الساعة حتى تخرج نار من أرض الحجاز

قیامت اس وقت تک قائم نہیں ہوگی جب تک حجاز کی سرزمین سے آگ نہیں نکلے گی

﴿1839﴾ حديث أَبِي هُرَيْرَةَ رَضِيَ اللّٰهُ عَنْهُ،

أَنَّ رَسُوْلَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَالَ: لاَ تَقُوْمُ السَّاعَةُ حَتّٰى تَخْرُجَ نَارٌ مِّنْ أَرْضِ الْحِجَازِ، تُضِيءُ أَعْنَاقَ الْإِبِلِ بِبُصْرٰى

✧✧ حضرت ابوہریرہ رضی اللہ عنہ بیان کرتے ہیں: نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے ارشاد فرمایا ہے: قیامت اس وقت تک قائم نہیں ہوگی جب تک حجاز کی سرزمین سے وہ آگ نہیں نکلے گی جو بصریٰ میں موجود اونٹوں کی گردنوں کو روشن نہیں کر دے گی۔

أخرجه البخاري في: 92 كتاب الفتن: 24 باب خروج النار

رقم الجزء: 1 رقم الصفحة: 913 (جہانگیری صحیح بخاری مطبوعہ شبیر برادرز، رقم الحدیث: 6701)

•••————•••————•••

الفتنة من المشرق من حيث يطلع قرنا الشيطان

فتنہ مشرق کی طرف سے نکلے گا جہاں سے شیطان کے سینگ نکلتے ہیں

﴿1840﴾ حديث ابْنِ عُمَرَ رَضِيَ اللّٰهُ عَنْهُمَا،

أَنَّهُ سَمِعَ رَسُوْلَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ، وَهُوَ مُسْتَقْبِلٌ الْمَشْرِقَ، يَقُوْلُ: أَلاَ إِنَّ الْفِتْنَةَ هٰهُنَا، مِنْ حَيْثُ يَطْلُعُ قَرْنُ الشَّيْطَانِ

✧✧ حضرت ابن عمر رضی اللہ عنہما بیان کرتے ہیں۔ انہوں نے نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کو یہ ارشاد فرماتے ہوئے سنا۔ آپ نے اس وقت مشرق کی طرف رخ کیا ہوا تھا۔ آپ نے فرمایا: خبردار: فتنہ اس طرف سے آئے گا جہاں سے شیطان کا سینگ نکلتا ہے۔

أخرجه البخاري في: 92 كتاب الفتن: 16 باب قول النبي صلى الله عليه وسلم الفتنة من قبل المشرق

رقم الجزء: 1 رقم الصفحة: 913 (جہانگیری صحیح بخاری مطبوعہ شبیر برادرز، رقم الحدیث: 6680)

•••————•••————•••

رقم الحديث1839

خرجه ابوالحسين مسلم النيسابوري في "صحيحه" طبع دار احياء التراث العربي، بيروت، لبنان، رقم الحديث: 2902 اخرجه ابوعبدالله النيسابوري في "المستدرک" طبع دار الكتب العلميه، بيروت، لبنان 1411ھ / 1990ء، رقم الحديث: 8369 اخرجه ابوحاتم البستي في "صحيحه" طبع موسسه الرساله، بيروت، لبنان، 1414ھ / 1993ء، رقم الحديث: 6839 اخرجه ابوالقاسم الطبراني في "معجمه الكبير" طبع مكتبه العلوم والحكم، موصل، 1404ھ / 1983ء، رقم الحديث: 1229

Marfat.com

لا تقوم الساعة حتى تعبد دَوس ذا الخلصة

قیامت اس وقت تک قائم نہیں ہوگی جب تک دوس قبیلے کے لوگ ذوالخلصہ کی پرستش نہیں کریں گے

﴿1841﴾ حديث أَبِي هُرَيْرَةَ رَضِيَ اللّٰهُ عَنْهُ،

أَنَّ رَسُوْلَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَالَ: لاَ تَقُوْمُ السَّاعَةُ حَتّٰى تَضْطَرِبَ أَلَيَاتُ نِسَاءِ دَوْسٍ عَلٰى ذِي الْخَلَصَةِ وَذُو الْخَلَصَةِ طَاغِيَةُ دَوْسٍ الَّتِي كَانُوا يَعْبُدُوْنَ فِي الْجَاهِلِيَّةِ

✧✧ حضرت ابو ہریرہ رضی اللہ عنہ بیان کرتے ہیں: نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے ارشاد فرمایا ہے: قیامت اس وقت تک قائم نہیں ہوگی جب تک دوس قبیلے کی عورتوں کے سرین ''ذوالخلصہ'' (کے طواف) حرکت نہیں کریں گے (راوی کہتے ہیں:) ذوالخلصہ، ''دوس'' قبیلے کا بت ہے جس کی زمانہ جاہلیت میں لوگ عبادت کیا کرتے تھے۔

أخرجه البخاري في: 92 كتاب الفتن: 23 تغيير الزمان حتى يعبدوا الأوثان .

رقم الجزء: 1 رقم الصفحة: 913 (جہانگیری صحیح بخاری، مطبوعہ شبیر برادرز، رقم الحدیث:6699)

•••———•••———•••

لا تقوم الساعة حتى يمر الرجل بقبر الرجل

فيتمنى أن يكون مكان الميت من البلاء

قیامت اس وقت تک قائم نہیں ہوگی جب تک گزرنے والا شخص کسی دوسرے شخص کی قبر کے پاس سے گزر کر یہ آرزو نہیں کرے گا کہ کاش وہ اس مرحوم شخص کی جگہ ہوتا اور ایسا آزمائش کی وجہ سے ہوگا

﴿1842﴾ حديث أَبِي هُرَيْرَةَ رَضِيَ اللّٰهُ عَنْهُ،

عَنِ النَّبِيِّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ، قَالَ: لاَ تَقُوْمُ السَّاعَةُ حَتّٰى يَمُرَّ الرَّجُلُ بِقَبْرِ الرَّجُلِ فَيَقُوْلُ: يَا لَيْتَنِي مَكَانَهُ

✧✧ حضرت ابو ہریرہ رضی اللہ عنہ نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کا یہ فرمان نقل کرتے ہیں: قیامت اس وقت تک قائم نہیں ہوگی جب تک کوئی شخص کسی دوسرے کی قبر کے پاس سے نہیں گزرے گا اور کہے گا: (کاش) میں اس کی جگہ (قبر کے اندر) ہوتا۔

أخرجه البخاري في: 92 كتاب الفتن: 22 باب لا تقوم الساعة حتى يغبط أهل القبور

رقم الجزء: 1 رقم الصفحة: 913 (جہانگیری صحیح بخاری، مطبوعہ شبیر برادرز، رقم الحدیث:6698)

﴿1843﴾ حديث أَبِي هُرَيْرَةَ رَضِيَ اللّٰهُ عَنْهُ،

رقم الحديث 1841

أخرجه ابو عبدالله الشيباني في "مسنده" طبع موسسه قرطبه، قاهره، مصر، رقم الحديث:7663

Marfat.com

عَنِ النَّبِيِّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ، قَالَ: يُخَرِّبُ الْكَعْبَةَ ذُو السُّوَيْقَتَيْنِ مِنَ الْحَبَشَةِ

✧✧ حضرت ابوہریرہ رضی اللہ عنہ نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کا یہ فرمان نقل کرتے ہیں: خانہ کعبہ کو حبشہ سے تعلق رکھنے والے پتلی ٹانگوں والے لوگ خراب کریں گے۔

أخرجه البخاري في: 25 كتاب الحج: 47 باب قول الله تعالى (جعل الله الكعبة البيت الحرام)

رقم الجزء: 1 رقم الصفحة: 914 (جہانگیری صحیح بخاری مطبوعہ شبیر برادرز، رقم الحدیث: 1514)

1844 حديث أَبِي هُرَيْرَةَ رَضِيَ اللّٰهُ عَنْهُ،

عَنِ النَّبِيِّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ، قَالَ: لاَ تَقُوْمُ السَّاعَةُ حَتّٰى يَخْرُجَ رَجُلٌ مِّنْ قَحْطَانَ يَسُوْقُ النَّاسَ بِعَصَاهُ

✧✧ حضرت ابوہریرہ رضی اللہ عنہ نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کا یہ فرمان نقل کرتے ہیں۔ قیامت تب تک قائم نہیں ہوگی جب تک قحطان سے ایک فرد ایسا نہیں نکلے گا جو لوگوں کو اپنی لاٹھی کے ذریعے ہانک کر لے جائے گا۔

أخرجه البخاري في: 61 كتاب المناقب: 7 باب ذكر قحطان

رقم الجزء: 1 رقم الصفحة: 914 (جہانگیری صحیح بخاری مطبوعہ شبیر برادرز، رقم الحدیث: 3329)

1845 حديث أَبِي هُرَيْرَةَ رَضِيَ اللّٰهُ عَنْهُ،

عَنِ النَّبِيِّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ، قَالَ: لاَ تَقُوْمُ السَّاعَةُ حَتّٰى تُقَاتِلُوْا قَوْمًا نِعَالُهُمُ الشَّعَرُ، وَلاَ تَقُوْمُ السَّاعَةُ حَتّٰى تُقَاتِلُوْا قَوْمًا كَأَنَّ وُجُوهَهُمُ الْمَجَانُّ الْمُطْرَقَةُ

✧✧ حضرت ابوہریرہ رضی اللہ عنہ نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کا یہ فرمان نقل کرتے ہیں: قیامت اس وقت تک قائم نہیں ہوگی جب تک تم اس قوم کے ساتھ جنگ نہیں کر لیتے جن کے جوتے بالوں سے بنے ہوئے ہوتے ہیں اور قیامت اس وقت تک قائم نہیں ہوگی جب تک تم اس قوم کے ساتھ جنگ نہیں کر لیتے جن کے چہرے چوڑی ڈھالوں کی مانند ہیں۔

أخرجه البخاري في: 56 كتاب الجهاد: 96 باب قتال الذين ينتعلون الشعر

رقم الجزء: 1 رقم الصفحة: 914 (جہانگیری صحیح بخاری مطبوعہ شبیر برادرز، رقم الحدیث: 2771)

رقم الحديث: **1843**

اخرجه ابوالحسين مسلم النيسابوري في "صحيحه" طبع داراحياء التراث العربي، بيروت، لبنان، رقم الحديث: **2909** اخرجه ابوعبدالرحمن النسائي في "سننه" طبع مكتب المطبوعات الاسلاميه، حلب، شام **1406**ھ، **1986**ء، رقم الحديث: **2904** اخرجه ابوعبدالله الشيباني في "مسنده" طبع موسسه قرطبه، قاهره، مصر، رقم الحديث: **7053** اخرجه ابوحاتم البستي في "صحيحه" طبع موسسه الرساله، بيروت، لبنان، **1414**ھ/**1993**ء، رقم الحديث: **6751** اخرجه ابوعبدالرحمن النسائي في "سننه" طبع مكتب المطبوعات الاسلاميه، حلب، شام، **1406**ھ، **1986**ء، رقم الحديث: **3887** ذكره ابوبكر البيهقي في "سننه الكبرى" طبع مكتبه دارالباز، مكه مكرمه، سعودي عرب **1414**ھ/**1994**ء، رقم الحديث: **8481** اخرجه ابوبكر الحميدي في "مسنده" طبع دارالكتب العلميه، مكتبه المتنبي، بيروت، قاهره، رقم الحديث: **1146**

Marfat.com

﴿1846﴾ حديث أَبِي هُرَيْرَةَ رَضِيَ اللّٰهُ عَنْهُ،

قَالَ: قَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: يُهْلِكُ النَّاسَ هٰذَا الْحَيُّ مِنْ قُرَيْشٍ قَالُوْا: فَمَا تَأْمُرُنَا قَالَ: لَوْ أَنَّ النَّاسَ اعْتَزَلُوْهُمْ

✧✧ حضرت ابوہریرہ رضی اللہ عنہ بیان کرتے ہیں، نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے ارشاد فرمایا: قریش کا یہ قبیلہ لوگوں کو ہلاکت کا شکار کر دے گا لوگوں نے عرض کی: آپ ہمیں کیا حکم دیتے ہیں، نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: اگر لوگ ان سے دور رہیں (تو بہتر ہوگا)۔

أخرجه البخاري في: 61 كتاب المناقب: 25 باب علامات النبوة في الإسلام

رقم الجزء: 1 رقم الصفحة: 914 (جہانگیری صحیح بخاری، مطبوعہ شبیر برادرز، رقم الحدیث:3409)

﴿1847﴾ حديث أَبِي هُرَيْرَةَ رَضِيَ اللّٰهُ عَنْهُ،

عَنِ النَّبِيِّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ، قَالَ: هَلَكَ كِسْرٰى، ثُمَّ لَا يَكُوْنُ كِسْرٰى بَعْدَهُ وَقَيْصَرُ لَيَهْلِكَنَّ، ثُمَّ لَا يَكُوْنُ قَيْصَرُ بَعْدَهُ وَلَتُقْسَمَنَّ كُنُوْزُهُمَا فِيْ سَبِيْلِ اللّٰهِ

✧✧ حضرت ابوہریرہ رضی اللہ عنہ نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کا یہ فرمان نقل کرتے ہیں۔ کسریٰ ہلاکت کا شکار ہو جائے گا اس کے بعد کوئی کسریٰ نہیں ہوگا اور قیصر بھی ہلاک ہو جائے گا۔ اس کے بعد کوئی قیصر نہیں ہوگا اور تم ان دونوں کے خزانے اللہ کی راہ میں خرچ کرو گے۔

أخرجه البخاري في: 56 كتاب الجهاد: 157 باب الحرب خدعة

رقم الجزء: 1 رقم الصفحة: 915 (جہانگیری صحیح بخاری، مطبوعہ شبیر برادرز، رقم الحدیث:2864)

﴿1848﴾ حديث جَابِرِ بْنِ سَمُرَةَ رَضِيَ اللّٰهُ عَنْهُ،

قَالَ: قَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: إِذَا هَلَكَ كِسْرٰى فَلَا كِسْرٰى بَعْدَهُ وَإِذَا هَلَكَ قَيْصَرُ، فَلَا قَيْصَرَ بَعْدَهُ وَالَّذِيْ نَفْسِي بِيَدِهِ لَتُنْفَقَنَّ كُنُوْزُهُمَا فِيْ سَبِيْلِ اللّٰهِ

✧✧ حضرت جابر بن سمرہ رضی اللہ عنہ بیان کرتے ہیں، نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے ارشاد فرمایا: جب کسریٰ ہلاک ہو جائے گا تو اس کے بعد کوئی کسریٰ نہیں ہوگا اور جب قیصر ہلاک ہو جائے گا تو اس کے بعد کوئی قیصر نہیں ہوگا۔ اس ذات کی قسم! جس کے دست قدرت میں میری جان ہے تم ان دونوں کے خزانوں کو اللہ کی راہ میں خرچ کرو گے۔

رقم الحديث1846

اخرجه ابوالحسين مسلم النيسابوری فی ''صحيحه'' طبع داراحياء التراث العربی، بيروت، لبنان، رقم الحديث: **2917** اخرجه ابوعبدالله الشيبانی فی ''مسنده'' طبع موسسه قرطبه، قابره، مصر، رقم الحديث: **7992** اخرجه ابويعلی الموصلی فی ''مسنده'' طبع دارالمامون لتراث، دمشق، شام، **1404**ھ.**1984**ء، رقم الحديث: **6093**

رقم الحديث 1847: اخرجه ابوالحسين مسلم النيسابوری فی ''صحيحه'' طبع داراحياء التراث العربی، بيروت، لبنان، رقم الحديث:**2918** اخرجه ابوعبدالله الشيبانی فی ''مسنده'' طبع موسسه قرطبه، قابره، مصر، رقم الحديث:**8127**

رقم الحديث : 1848: اخرجه ابوالحسين مسلم النيسابوری فی ''صحيحه'' طبع داراحياء التراث العربی، بيروت، لبنان، رقم الحديث:**2919** اخرجه ابو عيسی الترمذی، فی ''جامعه''، طبع داراحياء التراث العربی، بيروت، لبنان، رقم الحديث:**2216** اخرجه ابوداؤد

Marfat.com

أخرجه البخاري في: 57 كتاب فرض الخمس: 8 باب قول النبي صلى الله عليه وسلم أحلت لكم الغنائم
رقم الجزء: 1 رقم الصفحة: 915 (جہانگیری صحیح بخاری مطبوعہ شبیر برادرز، رقم الحدیث: 2953)

1849 حديث عَبْدِ اللّٰهِ بْنِ عُمَرَ رَضِيَ اللّٰهُ عَنْهُمَا

قَالَ: سَمِعْتُ رَسُوْلَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ، يَقُوْلُ: تُقَاتِلُكُمُ الْيَهُوْدُ فَتُسَلَّطُوْنَ عَلَيْهِمْ، ثُمَّ يَقُوْلُ الْحَجَرُ: يَا مُسْلِمُ هٰذَا يَهُوْدِيٌّ وَرَائِيْ، فَاقْتُلْهُ

✧✧ حضرت عبداللہ بن عمر رضی اللہ عنہما بیان کرتے ہیں' میں نے نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کو یہ فرماتے ہوئے سنا ہے: یہودی تمہارے ساتھ جنگ کریں گے۔ اور تم ان پر غلبہ حاصل کرو گے پھر ایک پتھر کہے گا اے مسلمان! یہ یہودی میرے پیچھے چھپا ہوا ہے اسے قتل کر دو۔

أخرجه البخاري في: 61 كتاب المناقب: 25 باب علامات النبوة في الإسلام
رقم الجزء: 1 رقم الصفحة: 915 (جہانگیری صحیح بخاری مطبوعہ شبیر برادرز، رقم الحدیث: 3398)

1850 حديث أَبِيْ هُرَيْرَةَ رَضِيَ اللّٰهُ عَنْهُ،

عَنِ النَّبِيِّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَالَ: لَا تَقُوْمُ السَّاعَةُ حَتّٰى يُبْعَثَ دَجَّالُوْنَ كَذَّابُوْنَ قَرِيْبًا مِّنْ ثَلَاثِيْنَ، كُلُّهُمْ يَزْعُمُ أَنَّهُ رَسُوْلُ اللّٰهِ

✧✧ حضرت ابو ہریرہ رضی اللہ عنہ نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کا یہ فرمان نقل کرتے ہیں: قیامت اس وقت تک قائم نہیں ہوگی جب تک تیس کے قریب دجال ظاہر نہیں ہوں گے اور ان میں سے ہر ایک یہ کہے گا کہ وہ اللہ کا رسول ہے۔

أخرجه البخاري في: 61 كتاب المناقب: 25 باب علامات النبوة في الإسلام
رقم الجزء: 1 رقم الصفحة: 916 (جہانگیری صحیح بخاری مطبوعہ شبیر برادرز، رقم الحدیث: 3413)

•••———•••———•••

بقیہ حاشیہ رقم الحدیث: **1848**: الطیالسی فی "مسندہ" طبع دار المعرفۃ، بیروت، لبنان، رقم الحدیث: **2580** اخرجہ ابوبکر الحمیدی فی "مسندہ" طبع دار الکتب العلمیہ، مکتبہ المتنبی، بیروت، قاہرہ، رقم الحدیث: **1094** اخرجہ ابوعبداللہ الشیبانی فی "مسندہ" طبع موسسہ قرطبہ، قاہرہ، مصر، رقم الحدیث: **7266** اخرجہ ابوحاتم البستی فی "صحیحہ" طبع موسسہ الرسالہ، بیروت، لبنان، **1414ھ/1993ء**، رقم الحدیث: **6689** ذکرہ ابوبکر البیہقی فی "سننہ الکبریٰ" طبع مکتبہ دار الباز، مکہ مکرمہ، سعودی عرب **1414ھ - 1994ء**، رقم الحدیث: **18383** اخرجہ ابوالقاسم الطبرانی فی "معجمہ الصغیر" طبع المکتب الاسلامی، دار عمار، بیروت، لبنان، عمان، **1405ھ 1985ء**، رقم الحدیث: **689** اخرجہ ابوالقاسم الطبرانی فی "معجمہ الاوسط" طبع دار الحرمین، قاہرہ، مصر، **1415ھ**، رقم الحدیث: **1829** اخرجہ ابوالقاسم الطبرانی فی "معجمہ الکبیر" طبع مکتبہ العلوم والحکم، موصل، **1404ھ/1983ء**، رقم الحدیث: **1871** اخرجہ ابویعلی الموصلی فی "مسندہ" طبع دار المامون للتراث، دمشق، شام، **1404ھ-1984ء**، رقم الحدیث: **5881** اخرجہ ابن راہویہ الحنظلی فی "مسندہ" طبع مکتبہ الایمان، مدینہ منورہ، طبع اول، **1412ھ/1991ء**، رقم الحدیث: **269**

Marfat.com

ذکر ابن صیاد

ابن صیاد کا تذکرہ

﴿1851﴾ حديث عَبْدِ اللّٰهِ بْنِ عُمَرَ رَضِيَ اللّٰهُ عَنْهُمَا

قَالَ: إِنَّ عُمَرَ انْطَلَقَ فِيْ رَهْطٍ مِّنْ أَصْحَابِ النَّبِيِّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ، مَعَ النَّبِيِّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ، قِبَلَ ابْنِ صَيَّادٍ، حَتّٰى وَجَدُوْهُ يَلْعَبُ مَعَ الْغِلْمَانِ، عِنْدَ أُطُمِ بَنِيْ مَغَالَةَ، وَقَدْ قَارَبَ يَوْمَئِذٍ ابْنُ صَيَّادٍ يَحْتَلِمُ فَلَمْ يَشْعُرْ حَتّٰى ضَرَبَ النَّبِيُّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ، ظَهْرَهُ بِيَدِهِ ثُمَّ قَالَ النَّبِيُّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: أَتَشْهَدُ أَنِّيْ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ فَنَظَرَ إِلَيْهِ ابْنُ صَيَّادٍ، فَقَالَ: أَشْهَدُ أَنَّكَ رَسُوْلُ الْأُمِّيِّينَ فَقَالَ ابْنُ صَيَّادٍ لِلنَّبِيِّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: أَتَشْهَدُ أَنِّيْ رَسُوْلُ اللّٰهِ قَالَ لَهُ النَّبِيُّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: اٰمَنْتُ بِاللّٰهِ وَرُسُلِهِ قَالَ النَّبِيُّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: مَاذَا تَرٰى قَالَ ابْنُ صَيَّادٍ: يَأْتِيْنِيْ صَادِقٌ وَكَاذِبٌ قَالَ النَّبِيُّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: خُلِطَ عَلَيْكَ الْأَمْرُ قَالَ النَّبِيُّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: إِنِّيْ قَدْ خَبَأْتُ لَكَ خَبِيئًا قَالَ ابْنُ صَيَّادٍ: هُوَ الدُّخُّ قَالَ النَّبِيُّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: اخْسَأْ فَلَنْ تَعْدُو قَدْرَكَ قَالَ عُمَرُ: يَا رَسُوْلَ اللّٰهِ ائْذَنْ لِيْ فِيْهِ أَضْرِبْ عُنُقَهُ قَالَ النَّبِيُّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: إِنْ يَّكُنْهُ، فَلَنْ تُسَلَّطَ عَلَيْهِ وَإِنْ لَّمْ يَكُنْهُ، فَلَا خَيْرَ لَكَ فِيْ قَتْلِهِ

✧✧ حضرت ابن عمر رضی اللہ عنہما بیان کرتے ہیں' حضرت عمر رضی اللہ عنہ نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کے چند اصحاب سمیت، نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کے ہمراہ ابن صیاد کی طرف گئے۔ انہوں نے اسے بنومغالہ کے گھروں کے قریب دوسرے بچوں کے ساتھ کھیلتے ہوئے پایا۔ ابن صیاد ان دنوں بالغ ہونے کے قریب تھا۔ اسے پتہ نہیں چل سکا نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے اپنا دست مبارک اس کی کمر پر مارا پھر نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے دریافت کیا، کیا تم یہ گواہی دیتے ہو کہ میں اللہ تعالیٰ کا رسول ہوں۔ ابن صیاد نے نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کی طرف دیکھا اور بولا: میں یہ گواہی دیتا ہوں کہ آپ اُمیوں کے رسول ہیں پھر ابن صیاد نے نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم سے دریافت کیا، کیا آپ یہ گواہی دیں گے کہ میں اللہ تعالیٰ کا رسول ہوں۔ نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: میں اللہ تعالیٰ اور اس کے سچے رسولوں پر ایمان رکھتا ہوں پھر نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے دریافت کیا: تم کیا دیکھتے ہو۔ ابن صیاد نے کہا میرے پاس ایک سچا نمائندہ آتا ہے اور ایک جھوٹا نمائندہ آتا ہے۔ نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: پھر تمہارا معاملہ واضح نہیں ہے پھر نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: میں نے تمہارے بارے میں ایک بات ذہن میں رکھی ہے۔ ابن صیاد نے کہا: وہ دخ ہے نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: تمہارا ستیاناس ہو! تم اپنی اوقات سے آگے نہیں بڑھ سکو گے حضرت عمر رضی اللہ عنہ نے عرض کی: یارسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم! آپ مجھے اجازت دیں میں اس کی گردن اڑادوں۔ نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: اگر تو یہ وہی ہے تو تم اس پر قابو نہیں پا سکو گے اور اگر یہ وہ نہیں ہے تو تمہیں اسے قتل کرنے کا کوئی فائدہ نہیں ہے۔

أخرجه البخاري في: 56 كتاب الجهاد: 178 باب كيف يعرض الإسلام على الصبي

رقم الجزء: 1 رقم الصفحة: 916 (جہانگیری صحیح بخاری، مطبوعہ شبیر برادرز، رقم الحدیث:2890)

Marfat.com

1852 حدیث ابْنِ عُمَرَ رَضِيَ اللّٰهُ عَنْهُمَا،

قَالَ: انْطَلَقَ النَّبِيُّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ، وَأُبَيُّ بْنُ كَعْبٍ، يَأْتِيَانِ النَّخْلَ الَّذِيْ فِيْهِ ابْنُ صَيَّادٍ حَتّٰى إِذَا دَخَلَ النَّخْلَ، طَفِقَ النَّبِيُّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ يَتَّقِي بِجُذُوْعِ النَّخْلِ، وَهُوَ يَخْتِلُ ابْنَ صَيَّادٍ، أَنْ يَسْمَعَ مِنِ ابْنِ صَيَّادٍ شَيْئًا قَبْلَ أَنْ يَرَاهُ وَابْنُ صَيَّادٍ مُضْطَجِعٌ عَلٰى فِرَاشِهِ، فِيْ قَطِيْفَةٍ لَّهُ، فِيْهَا رَمْزَةٌ فَرَأَتْ أُمُّ صَيَّادٍ النَّبِيَّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ، وَهُوَ يَتَّقِي بِجُذُوْعِ النَّخْلِ فَقَالَتْ لاِبْنِ صَيَّادٍ: أَيْ صَافِ (وَهُوَ اسْمُهُ) فَثَارَ ابْنُ صَيَّادٍ فَقَالَ النَّبِيُّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: لَوْ تَرَكَتْهُ بَيَّنَ

حضرت ابن عمر رضی اللہ عنہما بیان کرتے ہیں' ایک مرتبہ نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم اور حضرت ابی بن کعب رضی اللہ عنہ کھجور کے اس باغ میں آئے جس میں ابن صیاد موجود تھا۔ جب نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم باغ میں داخل ہوئے تو آپ نے کھجور کی شاخوں کے پیچھے خود کو چھپانا شروع کیا۔ آپ ابن صیاد کا جائزہ لینا چاہتے تھے اور اس کی زبانی کچھ سننا چاہتے تھے اس سے پہلے کہ وہ آپ کو دیکھ لے' ابن صیاد ایک چادر لے کر اس وقت اپنے بستر پر لیٹا ہوا تھا اس کی ہلکی سی گنگناہٹ کی آواز آ رہی تھی۔ ابن صیاد کی ماں نے نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کو دیکھا آپ کھجور کی شاخوں کے پیچھے چھپ رہے تھے۔ اس نے ابن صیاد سے کہا: اے صاف! یہ ابن صیاد کا نام ہے وہ اچھل کر کھڑا ہو گیا، نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: اگر یہ عورت اسے رہنے دیتی تو معاملہ واضح ہو جاتا۔

أخرجه البخاري في: 56 كتاب الجهاد: 178 باب كيف يعرض الإسلام على الصبي

رقم الجزء: 1 رقم الصفحة: 917 (جہانگیری صحیح بخاری مطبوعہ شبیر برادرز، رقم الحدیث: 2891)

1853 حدیث ابْنِ عُمَرَ رَضِيَ اللّٰهُ عَنْهُمَا

قَالَ: ثُمَّ قَامَ النَّبِيُّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ، فِي النَّاسِ، فَأَثْنٰى عَلَى اللّٰهِ بِمَا هُوَ أَهْلُهُ ثُمَّ ذَكَرَ الدَّجَّالَ، فَقَالَ: إِنِّيْ أُنْذِرُكُمُوْهُ، وَمَا مِنْ نَبِيٍّ إِلَّا قَدْ أَنْذَرَهُ قَوْمَهُ لَقَدْ أَنْذَرَهُ نُوْحٌ قَوْمَهُ وَلٰكِنْ سَأَقُوْلُ لَكُمْ فِيْهِ قَوْلًا لَمْ يَقُلْهُ نَبِيٌّ لِقَوْمِهِ تَعْلَمُوْنَ أَنَّهُ أَعْوَرُ، وَأَنَّ اللّٰهَ لَيْسَ بِأَعْوَرَ

حضرت ابن عمر رضی اللہ عنہما بیان کرتے ہیں' پھر نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم لوگوں کے درمیان کھڑے ہوئے اور آپ نے اللہ تعالیٰ کی شان کے مطابق اس کی حمد وثناء بیان کی پھر آپ نے دجال کا تذکرہ کرتے ہوئے فرمایا: میں تم لوگوں کو اس سے ڈرا رہا ہوں۔ ہر نبی نے اپنی قوم کو اس سے ڈرایا ہے حضرت نوح علیہ السلام نے اپنی قوم کو اس سے ڈرایا تھا لیکن میں تمہیں اس کے بارے میں ایسی بات بتا رہا ہوں جو کسی نبی نے اپنی قوم کو نہیں بتائی یہ بات یاد رکھنا وہ ''کانا'' ہوگا اور بے شک اللہ تعالیٰ ''کانا'' نہیں ہے۔

أخرجه البخاري في: 56 كتاب الجهاد: 178 باب كيف يعرض الإسلام على الصبي

رقم الجزء: 1 رقم الصفحة: 918 (جہانگیری صحیح بخاری مطبوعہ شبیر برادرز، رقم الحدیث: 2892)

Marfat.com

ذكر الدجال وصفته وما معه

دجال کا تذکرہ اس کی صفت اوراس کے ساتھ (جو کچھ بھی ہوگا' اس کا تذکرہ)

1854 حديث عَبْدِ اللّٰهِ بْنِ عُمَرَ رَضِيَ اللّٰهُ عَنْهُمَا

قَالَ: ذَكَرَ النَّبِيُّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ يَوْمًا، بَيْنَ ظَهْرَيِ النَّاسِ، الْمَسِيحَ الدَّجَالَ فَقَالَ: إِنَّ اللّٰهَ لَيْسَ بِأَعْوَرَ، أَلاَ إِنَّ الْمَسِيحَ الدَّجَالَ أَعْوَرُ الْعَيْنِ الْيُمْنَى، كَأَنَّ عَيْنَهُ عِنَبَةٌ طَافِيَةٌ

✧✧ حضرت عبداللہ رضی اللہ عنہ بیان کرتے ہیں' نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے لوگوں کے سامنے مسیح دجال کا ذکر کیا اور فرمایا: بے شک اللہ تعالیٰ ''کانا'' نہیں ہے اور مسیح دجال ''کانا'' ہوگا اس کی دائیں آنکھ ''کانی'' ہوگی اس کی آنکھ ایسی ہوگی جیسے انگور کا بڑا دانہ ہوتا ہے۔

أخرجه البخاري في: 60 كتاب الأنبياء: 48 باب واذكر في الكتاب مريم

رقم الجزء: 1 رقم الصفحة: 918 (جہانگیری صحیح بخاری مطبوعہ شبیر برادرز، رقم الحدیث:3256)

1855 حديث أَنَسٍ رَضِيَ اللّٰهُ عَنْهُ،

قَالَ: قَالَ النَّبِيُّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: مَا بُعِثَ نَبِيٌّ إِلَّا أَنْذَرَ أُمَّتَهُ الأَعْوَرَ الكَذَّابَ أَلاَ إِنَّهُ أَعْوَرُ، وَإِنَّ رَبَّكُمْ لَيْسَ بِأَعْوَرَ وَإِنَّ بَيْنَ عَيْنَيْهِ مَكْتُوبٌ كَافِرٌ

✧✧ حضرت انس رضی اللہ عنہ بیان کرتے ہیں: نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے ارشاد فرمایا ہے: جس بھی نبی کو مبعوث کیا گیا اس نے اپنی امت کو کانے کذاب سے ڈرایا ہے بے شک وہ کانا ہوگا اور تمہارا پروردگار ''کانا'' نہیں ہے۔ اس کی دونوں آنکھوں کے درمیان ''کافر'' لکھا ہوا ہوگا۔

أخرجه البخاري في: 92 كتاب الفتن: 26 باب ذكر الدجال

رقم الجزء: 1 رقم الصفحة: 918 (جہانگیری صحیح بخاری مطبوعہ شبیر برادرز، رقم الحدیث:6712)

1856 حديث حُذَيْفَةَ رَضِيَ اللّٰهُ عَنْهُ

قَالَ عُقْبَةُ بْنُ عَمْرٍو لِحُذَيْفَةَ: أَلاَ تُحَدِّثُنَا مَا سَمِعْتَ مِنْ رَسُولِ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَالَ: إِنِّي سَمِعْتُهُ يَقُولُ: إِنَّ مَعَ الدَّجَّالِ، إِذَا خَرَجَ، مَاءً وَنَارًا فَأَمَّا الَّذِي يَرَى النَّاسُ أَنَّهَا النَّارُ، فَمَاءٌ بَارِدٌ وَأَمَّا الَّذِي يَرَى النَّاسُ أَنَّهُ مَاءٌ بَارِدٌ، فَنَارٌ تُحْرِقُ فَمَنْ أَدْرَكَ مِنْكُمْ، فَلْيَقَعْ فِي الَّذِي يَرَى أَنَّهَا نَارٌ، فَإِنَّهُ عَذْبٌ بَارِدٌ

✧✧ عقبہ بن عمرو نے حضرت حذیفہ رضی اللہ عنہ سے کہا: آپ ہمیں وہ حدیث نہیں سنائیں گے؟ جو آپ نے نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کی زبانی سنی ہے۔ انہوں نے کہا: میں نے نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کو یہ فرماتے ہوئے سُنا ہے: جب دجال کا عروج ہوگا تو اس کے ساتھ پانی ہوگا اور آگ ہوگی جسے لوگ آگ سمجھ رہے ہوں گے اصل میں وہ ٹھنڈا پانی ہوگا اور جسے لوگ ٹھنڈا پانی سمجھ رہے ہوں گے وہ آگ ہوگی جو جلا دے گی۔ تم میں سے جو اُسے پائے اسے اس میں داخل ہو جانا چاہیے جسے وہ آگ محسوس کر رہا ہو۔ کیونکہ وہ میٹھا ٹھنڈا پانی ہوگا۔

Marfat.com

أخرجه البخاري في: 60 كتاب الأنبياء: 50 باب ما ذكر عن بني إسرائيل

رقم الجزء: 1 رقم الصفحة: 919 (جہانگیری صحیح بخاری مطبوعہ شبیر برادرز، رقم الحدیث: 3266)

1857 حديث أَبِي هُرَيْرَةَ رَضِيَ اللّٰهُ عَنْهُ،

قَالَ: قَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: أَلاَ أُحَدِّثُكُمْ حَدِيْثًا عَنِ الدَّجَّالِ، مَا حَدَّثَ بِهِ نَبِيٌّ قَوْمَهُ إِنَّهُ أَعْوَرُ وَإِنَّهُ يَجِيْءُ مَعَهُ بِمِثَالِ الْجَنَّةِ وَالنَّارِ فَالَّتِي يَقُوْلُ إِنَّهَا الْجَنَّةُ، هِيَ النَّارُ وَإِنِّي أُنْذِرُكُمْ كَمَا أَنْذَرَ بِهِ نُوْحٌ قَوْمَهُ

✧✧ حضرت ابوہریرہ رضی اللہ عنہ بیان کرتے ہیں' نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے ارشاد فرمایا: کیا میں تمہیں دجال کے بارے میں ایسی بات بتاؤں؟ جو کسی نبی نے بھی اپنی قوم کو نہیں بتائی وہ ''کانا'' ہوگا اس کے ہمراہ جہنم کی مانند ایک چیز ہوگی اور جنت کی مانند ایک چیز ہوگی۔ جسے وہ جنت کہے گا درحقیقت وہ جہنم ہوگی میں تمہیں ڈرا رہا ہوں اسی طرح جیسے اس کے بارے میں حضرت نوح علیہ السلام نے اپنی قوم کو ڈرایا تھا۔

أخرجه البخاري في: 60 كتاب الأنبياء: 3 باب قول الله عز وجل (ولقد أرسلنا نوحا إلى قومه)

رقم الجزء: 1 رقم الصفحة: 919 (جہانگیری صحیح بخاری مطبوعہ شبیر برادرز، رقم الحدیث: 3160)

في صفة الدجال وتحريم المدينة عليه وقتله المؤمن وإحيائه

دجال کا حلیہ' مدینہ منورہ کا اس کیلئے حرام ہونا اور اس کا ایک مومن کو قتل کر کے زندہ کرنا

1858 حديث أَبِي سَعِيْدٍ الْخُدْرِيِّ رَضِيَ اللّٰهُ عَنْهُ،

قَالَ: حَدَّثَنَا رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ، حَدِيْثًا طَوِيْلاً عَنِ الدَّجَّالِ فَكَانَ فِيمَا حَدَّثَنَا بِهِ أَنْ قَالَ: يَأْتِي الدَّجَّالُ، وَهُوَ مُحَرَّمٌ عَلَيْهِ أَنْ يَدْخُلَ نِقَابَ الْمَدِيْنَةِ، بَعْضَ السِّبَاخِ الَّتِي بِالْمَدِيْنَةِ فَيَخْرُجُ إِلَيْهِ يَوْمَئِذٍ رَجُلٌ هُوَ خَيْرُ النَّاسِ، أَوْ مِنْ خَيْرِ النَّاسِ فَيَقُوْلُ الدَّجَّالُ: أَرَأَيْتُ إِنْ قَتَلْتُ هذَا ثُمَّ أَحْيَيْتُهُ، هَلْ تَشُكُّوْنَ فِي الْأَمْرِ فَيَقُوْلُوْنَ: لاَ فَيَقْتُلُهُ ثُمَّ يُحْيِيْهِ فَيَقُوْلُ، حِيْنَ يُحْيِيْهِ: وَاللّٰهِ مَا كُنْتُ قَطُّ أَشَدَّ بَصِيْرَةً مِنِّي الْيَوْمَ فَيَقُوْلُ الدَّجَّالُ: أَقْتُلُهُ، فَلاَ أُسَلَّطُ عَلَيْهِ

✧✧ حضرت ابوسعید خدری رضی اللہ عنہ بیان کرتے ہیں: نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے ہمیں طویل حدیث سنائی جو دجال کے بارے میں تھی اس میں انہوں نے ہمیں یہ بھی بتایا: دجال آئے گا لیکن اس کا مدینہ منورہ میں کسی بھی راستے سے داخلہ ممکن نہیں ہوگا۔ اس دن

رقم الحديث: 1858

أخرجه أبو الحسين مسلم النيسابوري في "صحيحه" طبع دار إحياء التراث العربي بيروت لبنان، رقم الحديث: 2938 أخرجه أبو عبد الله الشيباني في "مسنده" طبع مؤسسة قرطبة، قاهرة، مصر، رقم الحديث: 11336 أخرجه أبو بكر الصنعاني في "مصنفه" طبع المكتب الإسلامي بيروت لبنان، الطبع الثاني، 1403هـ، رقم الحديث: 20824 أخرجه أبو عبد الرحمن النسائي في "سننه" طبع مكتب المطبوعات الإسلامية حلب شام، 1406هـ 1986ء، رقم الحديث: 4275

Marfat.com

ایک شخص دجال کے پاس جائے گا جو اس وقت کا سب سے بہترین آدمی ہوگا وہ شخص یہ کہے گا: میں یہ گواہی دیتا ہوں کہ تم وہی دجال ہو جس کے بارے میں نبی اکرم ﷺ نے ہمیں اپنی حدیث میں بتایا تھا' دجال کہے گا: اگر میں اس شخص کو قتل کر کے پھر سے زندہ کر دوں تو کیا تم لوگ میرے بارے میں شک کرو گے؟ تو وہ لوگ کہیں گے' نہیں۔ دجال اسے قتل کر دے گا پھر اسے زندہ کرے گا۔ جب دجال انہیں زندہ کرے گا تو وہ صاحب یہ کہیں گے اللہ کی قسم! جتنی بصیرت مجھے اب حاصل ہے پہلے کبھی اتنی حاصل نہیں تھی تو دجال یہ کہے گا: اب اگر میں اسے قتل کرنے کی کوشش کروں تو میں ایسا نہیں کر سکوں گا۔

أخرجه البخاري في: 29 كتاب فضائل المدينة: 9 باب لا يدخل الدجال المدينة

رقم الجزء: 1 رقم الصفحة: 920 (جہانگیری صحیح بخاری، مطبوعہ شبیر برادرز، رقم الحدیث:1783)

•••———•••———•••

في الدجال وهو أهون على الله عز وجل

دجال کا بیان' وہ اللہ تعالیٰ کے نزدیک سب سے کمتر حیثیت کا مالک ہوگا

1859 حديث الْمُغِيرَةِ بْنِ شَعْبَةَ رَضِيَ اللّٰهُ عَنْهُ

قَالَ: مَا سَأَلَ أَحَدٌ النَّبِيَّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ، عَنِ الدَّجَّالِ، مَا سَأَلْتُهُ وَإِنَّهُ قَالَ لِيْ: مَا يَضُرُّكَ مِنْهُ قُلْتُ: لِأَنَّهُمْ يَقُوْلُوْنَ إِنَّ مَعَهُ جَبَلَ خُبْزٍ وَنَهَرَ مَاءٍ قال: هُوَ أَهْوَنُ عَلَى اللّٰهِ مِنْ ذٰلِكَ

✧✧ حضرت مغیرہ بن شعبہ رضی اللہ عنہ بیان کرتے ہیں: نبی اکرم ﷺ سے دجال کے بارے میں جتنے میں نے سوال کئے (اتنے کسی اور نے نہیں کئے) نبی اکرم ﷺ نے مجھ سے فرمایا: وہ تمہیں کوئی نقصان نہیں پہنچا سکے گا میں نے عرض کی: میں اس لئے اس سے ڈر رہا ہوں کیونکہ لوگ یہ کہتے ہیں' اس کے ساتھ ایک روٹیوں کا پہاڑ ہوگا اور ایک پانی کی نہر ہوگی۔ نبی اکرم ﷺ نے فرمایا: وہ اللہ تعالیٰ کے نزدیک اس سے زیادہ آسان ہے۔

أخرجه البخاري في: 92 كتاب الفتن: 26 باب ذكر الدجال

رقم الجزء: 1 رقم الصفحة: 920 (جہانگیری صحیح بخاری، مطبوعہ شبیر برادرز، رقم الحدیث:6705)

•••———•••———•••

رقم الحديث: 1859

اخرجه ابوالحسين مسلم النيسابوري في "صحيحه" طبع داراحياء التراث العربي، بيروت، لبنان، رقم الحديث: 2152 اخرجه ابو عبدالله القزويني في "سننه"، طبع دارالفكر، بيروت، لبنان، رقم الحديث: 4073 اخرجه ابوعبدالله الشيباني في "مسنده" طبع موسسه قرطبه، قاهره، مصر، رقم الحديث: 18180 اخرجه ابوحاتم البستي في "صحيحه" طبع موسسه الرساله، بيروت، لبنان، 1414ھ/1993ء، رقم الحديث: 6782 اخرجه ابوالقاسم الطبراني في "معجمه الكبير" طبع مكتبه العلوم والحكم، موصل، 1404ھ/1983ء، رقم الحديث: 950

Marfat.com

في خروج الدجال، ومكثه في الأرض

دجال کا خروج اوراس کا زمین میں ٹھہرنا

﴿1860﴾ حديث أَنَسِ بْنِ مَالِكٍ رَضِيَ اللّٰهُ عَنْهُ،

عَنِ النَّبِيِّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ، قَالَ: لَيْسَ مِنْ بَلَدٍ إِلَّا سَيَطَؤُهُ الدَّجَّالُ، إِلَّا مَكَّةَ وَالْمَدِينَةَ لَيْسَ لَهُ مِنْ نِقَابِهَا نَقْبٌ، إِلَّا عَلَيْهِ الْمَلَائِكَةُ صَافِّينَ يَحْرُسُونَهَا ثُمَّ تَرْجُفُ الْمَدِينَةُ بِأَهْلِهَا ثَلَاثَ رَجَفَاتٍ، فَيُخْرِجُ اللّٰهُ كُلَّ كَافِرٍ وَمُنَافِقٍ

✧✧ حضرت انس بن مالک رضی اللہ عنہ نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کا یہ فرمان نقل کرتے ہیں: ہر شہر کو دجال روندے گا۔ البتہ مکہ اور مدینہ کے ساتھ ایسا نہیں کر سکے گا۔ ان میں داخل ہونیوالے ہر راستے پر فرشتے صف وار کھڑے ہوئے ہیں جو ان کی حفاظت کرتے ہیں پھر مدینہ منورہ میں زلزلے کے تین جھٹکے آئیں گے تو اللہ تعالیٰ ہر کافر اور منافق شخص کو یہاں سے نکال دے گا۔

أخرجه البخاري في: 29 كتاب فضائل المدينة: 9 باب لا يدخل الدجال المدينة

رقم الجزء: 1 رقم الصفحة: 921 (جہانگیری صحیح بخاری مطبوعہ شبیر برادرز، رقم الحدیث: 1782)

•••————•••————•••

قرب الساعة

قیامت کا قریب ہونا

﴿1861﴾ حديث ابْنِ مَسْعُودٍ رَضِيَ اللّٰهُ عَنْهُ

قَالَ: سَمِعْتُ النَّبِيَّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ، يَقُولُ: مِنْ شِرَارِ النَّاسِ مَنْ تُدْرِكُهُمُ السَّاعَةُ وَهُمْ أَحْيَاءٌ

✧✧ حضرت عبداللہ بن مسعود رضی اللہ عنہ بیان کرتے ہیں: میں نے نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کو یہ ارشاد فرماتے ہوئے سنا ہے۔ لوگوں میں بدترین وہ لوگ ہونگے جنہیں قیامت زندہ پائے گی (یعنی جن پر قیامت قائم ہوگی)

أخرجه البخاري في: 92 كتاب الفتن: 5 باب ظهور الفتن

رقم الجزء: 1 رقم الصفحة: 921 (جہانگیری صحیح بخاری مطبوعہ شبیر برادرز، رقم الحدیث: 6656)

﴿1862﴾ حديث سَهْلِ بْنِ سَعْدٍ رَضِيَ اللّٰهُ عَنْهُ،

قَالَ: رَأَيْتُ رَسُولَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ، قَالَ بِإِصْبَعَيْهِ هٰكَذَا، بِالْوُسْطَى وَالَّتِي تَلِي الْإِبْهَامَ بُعِثْتُ

رقم الحديث: 1860

اخرجه ابوالحسين مسلم النيسابوري في "صحيحه" طبع داراحياء التراث العربي، بيروت، لبنان، رقم الحديث: 2943 اخرجه ابوحاتم البستي في "صحيحه" طبع موسسه الرساله، بيروت، لبنان، 1414ھ/1993ء، رقم الحديث: 6803 اخرجه ابوعبدالرحمن النسائي في "سننه" طبع مكتب المطبوعات الاسلاميه، حلب، شام، 1406ھ، 1986ء، رقم الحديث: 4274

Marfat.com

وَالسَّاعَةَ كَهَاتَيْنِ

✧✧ حضرت سہل بن سعد رضی اللہ عنہ بیان کرتے ہیں: میں نے نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کو دیکھا' آپ نے اپنی درمیان والی انگلی اور انگوٹھے کے ذریعے اشارہ کر کے فرمایا: مجھے اور قیامت کو اس طرح مبعوث کیا گیا ہے۔

أخرجه البخاري في 65 كتاب التفسير: 79 باب سورة والنازعات

رقم الجزء: 1 رقم الصفحة: 921 (جہانگیری صحیح بخاری، مطبوعہ شبیر برادرز، رقم الحدیث:4652)

1863 حديث أَنَسٍ رَضِيَ اللّٰهُ عَنْهُ،

عَنِ النَّبِيِّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ، قَالَ: بُعِثْتُ وَالسَّاعَةَ كَهَاتَيْنِ

✧✧ حضرت انس رضی اللہ عنہ نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کا یہ فرمان نقل کرتے ہیں: مجھے اور قیامت کو ان دو کی طرح مبعوث کیا گیا ہے۔

أخرجه البخاري في: 81 كتاب الرقاق: 39 باب قول النبي صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ بعثت أنا والساعة كهاتين

رقم الجزء: 1 رقم الصفحة: 922 (جہانگیری صحیح بخاری، مطبوعہ شبیر برادرز، رقم الحدیث:6139)

•••———•••———•••

ما بين النفختين

(صور میں) دو مرتبہ پھونک مارے جانے کے درمیان (کتنا وقفہ ہوگا)

1864 حديث أَبِي هُرَيْرَةَ رَضِيَ اللّٰهُ عَنْهُ،

قَالَ: قَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: مَا بَيْنَ النَّفْخَتَيْنِ أَرْبَعُوْنَ قَالَ: أَرْبَعُوْنَ يَوْمًا قَالَ: أَبَيْتُ قَالَ:

رقم الحديث: 1862

أخرجه ابوالحسين مسلم النيسابوري في "صحيحه" طبع داراحياء التراث العربي، بيروت، لبنان، رقم الحديث: **2951** اخرجه ابو عيسى الترمذي في "جامعه"، طبع داراحياء التراث العربي، بيروت، لبنان، رقم الحديث: **2214** اخرجه ابو عبدالله القزويني في "سننه"، طبع دارالفكر، بيروت، لبنان، رقم الحديث: **4040** اخرجه ابومحمد الدارمي في "سننه" طبع دارالكتاب العربي، بيروت، لبنان، **1407**ھ، **1987**ء، رقم الحديث: **2759** اخرجه ابوعبدالله الشيباني في "مسنده" طبع موسسه قرطبه، قابره، مصر، رقم الحديث: **13343** اخرجه ابوحاتم البستي في "صحيحه" طبع موسسه الرساله، بيروت، لبنان، **1414**ھ/**1993**ء، رقم الحديث: **6641** اخرجه ابوداؤد الطيالسي في "مسنده" طبع دار المعرفة، بيروت، لبنان، رقم الحديث: **2089**

رقم الحديث **1863**: اخرجه ابوالحسين مسلم النيسابوري في "صحيحه" طبع داراحياء التراث العربي، بيروت، لبنان، رقم الحديث: **2950** اخرجه ابو عيسى الترمذي، في "جامعه"، طبع داراحياء التراث العربي، بيروت، لبنان، رقم الحديث: **2214** اخرجه ابو عبدالله القزويني في "سننه"، طبع دارالفكر، بيروت، لبنان، رقم الحديث: **4040** اخرجه ابومحمد الدارمي في "سننه" طبع دارالكتاب العربي، بيروت، لبنان، **1407**ھ، **1987**ء، رقم الحديث: **2759** اخرجه ابوعبدالله الشيباني في "مسنده" طبع موسسه قرطبه، قابره، مصر، رقم الحديث: **13311** اخرجه ابوحاتم البستي في "صحيحه" طبع موسسه الرساله، بيروت، لبنان، **1414**ھ/**1993**ء، رقم الحديث: **6641** اخرجه ابوبكر الشيباني في "الاحادو المثاني" طبع دارالراية، رياض، سعودي عرب، **1411**ھ/**1991**ء، رقم الحديث: **1460**

Marfat.com

أَرْبَعُوْنَ شَهْرًا قَالَ: أَبَيْتُ قَالَ: أَرْبَعُوْنَ سَنَةً قَالَ: أَبَيْتُ قَالَ: ثُمَّ يُنْزِلُ اللّٰهُ مِنَ السَّمَاءِ مَاءً، فَيَنْبُتُوْنَ كَمَا يَنْبُتُ الْبَقْلُ، لَيْسَ مِنَ الْإِنْسَانِ شَيْءٌ إِلَّا يَبْلٰى، إِلَّا عَظْمًا وَّاحِدًا، وَهُوَ عَجْبُ الذَّنَبِ، وَمِنْهُ يُرَكَّبُ الْخَلْقُ يَوْمَ الْقِيَامَةِ

✧✧ حضرت ابوہریرہ رضی اللہ عنہ بیان کرتے ہیں: نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے ارشاد فرمایا ہے: دوبار پھونک ماری جائے گی درمیان چالیس کا فاصلہ ہوگا ایک شخص نے دریافت کیا: چالیس دن کا؟ حضرت ابوہریرہ رضی اللہ عنہ نے جواب دیا: میں یہ نہیں کہتا لوگوں نے دریافت کیا: چالیس مہینوں کا' حضرت ابوہریرہ رضی اللہ عنہ نے کہا' میں یہ نہیں کہتا: لوگوں نے کہا چالیس برس کا' حضرت ابوہریرہ رضی اللہ عنہ نے کہا' میں یہ نہیں کہتا۔ حضرت ابوہریرہ رضی اللہ عنہ بیان کرتے ہیں: پھر اللہ تعالیٰ آسمان سے پانی نازل کرے گا اور وہ لوگ اس کے ذریعے یوں پیدا ہوں گے جیسے سبزہ پیدا ہوتا ہے۔ کسی بھی انسان کا کوئی بھی حصہ سلامت نہیں رہے گا صرف ایک ہڈی ہوگی اور وہ بھی ریڑھ کی ہڈی کا ایک مخصوص حصہ ہوگا۔ قیامت کے دن اسی کے ذریعے اس کی تخلیق دوبارہ ہوگی۔

أخرجه البخاري في: 65 كتاب التفسير: 78 باب سورة عم يتساءلون

رقم الجزء: 1 رقم الصفحة: 922 (جہانگیری صحیح بخاری مطبوعہ شبیر برادرز رقم الحدیث: 4651)

Marfat.com

كتاب الزهد والرقائق
زُہداورر قائق کابیان

•••———•••———•••

1865 حديث أَنَس بن مَالِكٍ رَضِيَ اللّٰهُ عَنْه

قَالَ: قَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: يَتْبَعُ الْمَيِّتَ ثَلَاثَةٌ فَيَرْجِعُ اثْنَانِ وَيَبْقَى مَعَهُ وَاحِدٌ يَتْبَعُهُ أَهْلُهُ وَمَالُهُ وَعَمَلُهُ فَيَرْجِعُ أَهْلُهُ وَمَالُهُ، وَيَبْقَى عَمَلُهُ

✧✧ حضرت انس بن مالک رضی اللہ عنہ بیان کرتے ہیں: نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے ارشادفرمایا ہے: میت کے ساتھ تین چیزیں جاتی ہیں ان میں سے دو واپس آجاتی ہیں اور ایک ساتھ رہ جاتی ہے' اہل خانہ، مال اور عمل ساتھ جاتے ہیں' جن میں سے اہل خانہ اور مال واپس آجاتے ہیں اور عمل ساتھ رہ جاتا ہے۔

أخرجه البخاري في: 81 كتاب الرقاق: 42 باب سكرات الموت

رقم الجزء: 1 رقم الصفحة: 922 (جہانگیری صحیح بخاری، مطبوعہ شبیر برادرز، رقم الحدیث:6149)

1866 حديث عَمْرِو بْنِ عَوْفٍ الْأَنْصَارِيّ،

وَهُوَ حَلِيفٌ لِبَنِي عَامِرِ بْنِ لُؤَيٍّ، وَكَانَ شَهِدَ بَدْرًا قَالَ: إِنَّ رَسُوْلَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ بَعَثَ أَبَا عُبَيْدَةَ بْنَ الْجَرَّاحِ إِلَى الْبَحْرَيْنِ يَأْتِي بِجِزْيَتِهَا وَكَانَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ، هُوَ صَالَحَ أَهْلَ الْبَحْرَيْنِ، وَأَمَّرَ عَلَيْهِمُ الْعَلَاءَ بْنَ الْحَضْرَمِيِّ فَقَدِمَ أَبُوْ عُبَيْدَةَ بِمَالٍ مِّنَ الْبَحْرَيْنِ فَسَمِعَتِ الْأَنْصَارُ بِقُدُومِ أَبِي عُبَيْدَةَ فَوَافَتْ صَلَاةَ الصُّبْحِ مَعَ النَّبِيِّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ فَلَمَّا صَلَّى بِهِمُ الْفَجْرَ انْصَرَفَ فَتَعَرَّضُوْا لَهُ

رقم الحديث1865

اخرجه ابوالحسين مسلم النيسابوری فی ''صحيحه'' طبع داراحياء التراث العربی، بيروت، لبنان، رقم الحديث: **2960** اخرجه ابو عيسیٰ الترمذی، فی ''جامعه''، طبع داراحياء التراث العربی، بيروت، لبنان، رقم الحديث: **2379** اخرجه ابوعبدالرحمن النسائی فی ''سننه'' طبع مكتب المطبوعات الاسلاميه، حلب، شام، **1406**ھ، **1986**ء، رقم الحديث: **1937** اخرجه ابوعبدالله النيسابوری فی ''المستدرک'' طبع دار الكتب العلميه، بيروت، لبنان **1411**ھ/**1990**ء، رقم الحديث: **249** اخرجه ابوعبدالله الشيبانی فی ''مسنده'' طبع موسسه قرطبه، قابره، مصر، رقم الحديث: **12101** اخرجه ابوحاتم البستی فی ''صحيحه'' طبع موسسه الرساله، بيروت، لبنان، **1414**ھ/**1993**ء، رقم الحديث: **3107** اخرجه ابوعبدالرحمن النسائی فی ''سننه'' طبع مكتب المطبوعات الاسلاميه، حلب، شام، **1406**ھ، **1986**ء، رقم الحديث: **2064** اخرجه ابوبكر الحميدی فی ''مسنده'' طبع دارالكتب العلميه، مكتبه المتنبی، بيروت، قابره، رقم الحديث: **1186**

Marfat.com

فَتَبَسَّمَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ، حِيْنَ رَاٰهُمْ وَقَالَ: أَظُنُّكُمْ قَدْ سَمِعْتُمْ أَنَّ أَبَا عُبَيْدَةَ قَدْ جَاءَ بِشَيْءٍ قَالُوْا: أَجَلْ يَا رَسُوْلَ اللّٰهِ قَالَ: فَأَبْشِرُوا وَأَمِّلُوا مَا يَسُرُّكُمْ فَوَاللّٰهِ لاَ الْفَقْرَ أَخْشَى عَلَيْكُمْ، وَلٰكِنْ أَخْشَى عَلَيْكُمْ أَنْ تُبْسَطَ عَلَيْكُمُ الدُّنْيَا كَمَا بُسِطَتْ عَلٰى مَنْ كَانَ قَبْلَكُمْ، فَتَنَافَسُوهَا كَمَا تَنَافَسُوهَا، وَتُهْلِكَكُمْ كَمَا أَهْلَكَتْهُمْ

✧✧ (حضرت مسور بن مخرمہ رضی اللہ عنہ بیان کرتے ہیں:) انہیں حضرت عمرو بن عوف انصاری رضی اللہ عنہ نے یہ بتایا جو بنو عامر کے حلیف تھے اور غزوۂ بدر میں شرکت کا شرف انہیں حاصل ہے۔ انہوں نے یہ بتایا کہ نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے حضرت ابوعبیدہ بن جراح رضی اللہ عنہ کو بحرین بھیجا تا کہ وہ وہاں سے جزیہ کی رقم لے کر آئیں۔ نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے بحرین والوں سے صلح کر لی تھی اور علاء بن حضرمی کو ان کا امیر مقرر کیا تھا۔ حضرت ابوعبیدہ رضی اللہ عنہ بحرین سے مال لے کر واپس آئے۔ انصار نے حضرت ابوعبیدہ رضی اللہ عنہ کی آمد کی خبر سنی تو صبح کی نماز میں نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کی اقتداء میں شریک ہوئے نماز سے فارغ ہونے کے بعد یہ لوگ حضور اکرم کے سامنے آئے تو نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم انہیں دیکھ کر مسکرا دیئے۔ آپ نے فرمایا: میرا خیال ہے کہ تمہیں پتہ چل گیا ہے کہ ابوعبیدہ کوئی سامان لے کر آئے ہیں۔ انہوں نے جواب دیا: جی ہاں، یارسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم! آپ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: تمہیں خوشخبری ہو اور تم لوگ وہ امید رکھو جو تمہیں خوش کرے۔ اللہ کی قسم! مجھے تمہارے بارے میں غربت کا اندیشہ نہیں ہے۔ لیکن تمہارے بارے میں مجھے یہ اندیشہ ہے کہ دنیا تمہارے لئے کشادہ کر دی جائے گی۔ جیسے تم سے پہلے لوگوں کے لئے کشادہ کر دی گئی تھی تو تم اس کی طرف راغب ہو جاؤ گے جیسے اس نے ان لوگوں کو اپنی طرف راغب کر لیا تھا اور وہ تمہیں ہلاکت کا شکار کر دے گی جیسے اس نے ان لوگوں کو ہلاکت کا شکار کر دیا تھا۔

أخرجه البخاري في: 58 كتاب الجزية: 1 باب الجزية والموادعة مع أهل الحرب

رقم الجزء: 1 رقم الصفحة: 923 (جہانگیری صحیح بخاری، مطبوعہ شبیر برادرز، رقم الحدیث: 2988)

1867 حديث أَبِي هُرَيْرَةَ رَضِيَ اللّٰهُ عَنْهُ،

عَنْ رَسُوْلِ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَالَ: إِذَا نَظَرَ أَحَدُكُمْ إِلٰى مَنْ فُضِّلَ عَلَيْهِ فِي الْمَالِ وَالْخَلْقِ، فَلْيَنْظُرْ إِلٰى مَنْ هُوَ أَسْفَلَ مِنْهُ

✧✧ حضرت ابوہریرہ رضی اللہ عنہ نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کا یہ فرمان نقل کرتے ہیں: جب کوئی شخص اس شخص کی طرف دیکھے جسے مال اور

رقم الحديث: 1866

اخرجه ابوالحسين مسلم النيسابوري في "صحيحه" طبع داراحياء التراث العربي، بيروت، لبنان، رقم الحديث: 2961 اخرجه ابو عيسى الترمذي في "جامعه" طبع داراحياء التراث العربي، بيروت، لبنان، رقم الحديث: 2462 اخرجه ابو عبدالله القزويني في "سننه" طبع دارالفكر، بيروت، لبنان، رقم الحديث: 3997 اخرجه ابوعبدالله الشيباني في "مسنده" طبع موسسه قرطبه، قاهره، مصر، رقم الحديث: 1836 اخرجه ابوعبدالرحمن النسائي في "سننه" طبع مكتب المطبوعات الاسلاميه، حلب، شام، 1406ھ، 1986ء، رقم الحديث: 8766 ذكره ابوبكر البيهقي في "سننه الكبرىٰ" طبع مكتبه دارالباز، مكه مكرمه، سعودي عرب 1414ھ/1994ء، رقم الحديث: 18438 اخرجه ابوبكر الشيباني في "الاحادوالمثاني" طبع دارالراية، رياض، سعودي عرب، 1411ھ/1991ء، رقم الحديث: 321 اخرجه ابوالقاسم الطبراني في "معجمه الكبير" طبع مكتبه العلوم والحكم، موصل، 1404ھ/1983ء، رقم الحديث: 38

Marfat.com

خوبصورتی کے لحاظ سے فضیلت دی گئی ہے تو اسے اس شخص کا بھی جائزہ لینا چاہئے جوان دونوں اعتبار سے اس سے کم حیثیت کا مالک ہے۔

أخرجه البخاري في: 81 كتاب الرقاق: 30 باب لينظر إلى من هو أسفل منه ولا ينظر إلى من هو فوقه رقم الجزء: 1 رقم الصفحة: 924 (جہانگیری صحیح بخاری، مطبوعہ شبیر برادرز، رقم الحدیث:6125)

1868 حديث أَبِي هُرَيْرَةَ رَضِيَ اللّٰهُ عَنْهُ،

أَنَّهُ سَمِعَ رَسُوْلَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ، يَقُوْلُ: إِنَّ ثَلَاثَةً فِي بَنِي إِسْرَائِيْلَ، أَبْرَصَ وَأَقْرَعَ وَأَعْمى بَدَا لِلّٰهِ أَنْ يَّبْتَلِيَهُمْ فَبَعَثَ إِلَيْهِمْ مَلَكًا فَأَتَى الْأَبْرَصَ فَقَالَ: أَيُّ شَيْءٍ أَحَبُّ إِلَيْكَ قَالَ: لَوْنٌ حَسَنٌ وَجِلْدٌ حَسَنٌ قَدْ قَذِرَنِي النَّاسُ قَالَ: فَمَسَحَهُ، فَذَهَبَ عَنْهُ فَأُعْطِيَ لَوْناً حَسَناً فَقَالَ: أَيُّ المَالِ أَحَبُّ إِلَيْكَ قَالَ: الْإِبِلُ فَأُعْطِيَ نَاقَةً عُشَرَاءَ فَقَالَ: يُبَارَكُ لَكَ فِيْهَا

وَأَتَى الْأَقْرَعَ فَقَالَ: أَيُّ شَيْءٍ أَحَبُّ إِلَيْكَ قَالَ: شَعَرٌ حَسَنٌ، وَيَذْهَبُ عَنِّي هٰذَا قَدْ قَذِرَنِي النَّاسُ قَالَ: فَمَسَحَهُ فَذَهَبَ وَأُعْطِيَ شَعَرًا حَسَنًا قَالَ: فَأَيُّ الْمَالِ أَحَبُّ إِلَيْكَ قَالَ: الْبَقَرُ قَالَ: فَأَعْطَاهُ بَقَرَةً حَامِلاً وَّقَالَ: يُبَارَكُ لَكَ فِيْهَا

وَأَتَى الْأَعْمى، فَقَالَ: أَيُّ شَيْءٍ أَحَبُّ إِلَيْكَ قَالَ: يَرُدُّ اللّٰهُ إِلَيَّ بَصَرِي، فَأُبْصِرُ بِهِ النَّاسَ قَالَ: فَمَسَحَهُ فَرَدَّ اللّٰهُ إِلَيْهِ بَصَرَهُ قَالَ: فَأَيُّ الْمَالِ أَحَبُّ إِلَيْكَ قَالَ: الْغَنَمُ فَأَعْطَاهُ شَاةً وَّالِدًا فَأُنْتِجَ هٰذَانِ وَوَلَّدَ هٰذَا فَكَانَ لِهٰذِهِ وَادٍ مِّنْ إِبِلٍ، وَلِهٰذَا وَادٍ مِّنْ بَقَرٍ، وَلِهٰذَا وَادٍ مِّنَ الْغَنَمِ

ثُمَّ إِنَّهُ أَتَى الْأَبْرَصَ فِي صُوْرَتِهِ وَهَيْئَتِهِ، فَقَالَ: رَجُلٌ مِسْكِيْنٌ تَقَطَّعَتْ بِيَ الْحِبَالُ فِي سَفَرِي فَلَا بَلَاغَ الْيَوْمَ إِلَّا بِاللّٰهِ، ثُمَّ بِكَ أَسْأَلُكَ، بِالَّذِي أَعْطَاكَ اللَّوْنَ الْحَسَنَ، وَالجِلْدَ الْحَسَنَ، وَالْمَالَ، بَعِيْرًا أَتَبَلَّغُ عَلَيْهِ فِي سَفَرِي فَقَالَ لَهُ: إِنَّ الْحُقُوقَ كَثِيْرَةٌ فَقَالَ لَهُ: كَأَنِّي أَعْرِفُكَ أَلَمْ تَكُنْ أَبْرَصَ يَقْذَرُكَ النَّاسُ، فَقِيْرًا فَأَعْطَاكَ اللّٰهُ فَقَالَ: لَقَدْ وَرِثْتُ لِكَابِرٍ عَنْ كَابِرٍ فَقَالَ: إِنْ كُنْتَ كَاذِبًا، فَصَيَّرَكَ اللّٰهُ إِلَى مَا كُنْتَ

وَأَتَى الْأَقْرَعَ فِي صُوْرَتِهِ وَهَيْئَتِهِ، فَقَالَ لَهُ مِثْلَ مَا قَالَ لِهٰذَا فَرَدَّ عَلَيْهِ مِثْلَ مَا رَدَّ عَلَيْهِ هٰذَا فَقَالَ: إِن كُنْتَ كَاذِبًا فَصَيَّرَكَ اللّٰهُ إِلَى مَا كُنْتَ وَأَتَى الْأَعْمى فِي صُوْرَتِهِ فَقَالَ: رَجُلٌ مِسْكِيْنٌ، وَابْنُ سَبِيْلٍ، وَتَقَطَّعَتْ بِيَ الْحِبَالُ فِي سَفَرِي فَلَا بَلَاغَ الْيَوْمَ إِلَّا بِاللّٰهِ، ثُمَّ بِكَ أَسْأَلُكَ، بِالَّذِي رَدَّ عَلَيْكَ بَصَرَكَ، شَاةً أَتَبَلَّغُ بِهَا فِي سَفَرِي

رقم الحديث1867

اخرجه ابوالحسين مسلم النيسابوری فی ''صحيحه''طبع داراحياء التراث العربی، بيروت، لبنان، رقم الحديث: **2963** اخرجه ابوعبدالله الشيبانی فی ''مسنده'' طبع موسسه قرطبه، قابره، مصر،رقم الحديث:**8132** اخرجه ابوحاتم البستی فی ''صحيحه'' طبع موسسه الرساله، بيروت، لبنان، **1414**ھ/**1993**ء، رقم الحديث:**712** اخرجه ابوبكر الحميدی فی ''مسنده'' طبع دارالكتب العلميه، مكتبه المتنبی، بيروت، قابره، رقم الحديث:**1066** اخرجه ابوالقاسم الطبرانی فی ''معجمه الاوسط'' طبع دارالحرمين، قابره، مصر، **1415**ھ، رقم الحديث: **578** اخرجه ابويعلی الموصلی فی ''مسنده'' طبع دار المامون للتراث، دمشق، شام، **1404**ھ.**1984**ء، رقم الحديث:**6261**

Marfat.com

فَقَالَ: قَدْ كُنْتُ أَعْمى فَرَدَّ اللّٰهُ بَصَرِی، وَفَقِيرًا فَقَدْ أَغْنَانِي فَخُذْ مَا شِئْتَ فَوَاللّٰهِ لاَ أَجْهَدُكَ الْيَوْمَ بِشَيْءٍ أَخَذْتَهُ لِلّٰهِ فَقَالَ: أَمْسِكْ مَالَكَ فَإِنَّمَا ابْتُلِيتُمْ فَقَدْ رَضِيَ اللّٰهُ عَنْكَ، وَسَخِطَ عَلى صَاحِبَيْكَ

✧✧ حضرت ابو ہریرہ رضی اللہ عنہ بیان کرتے ہیں' نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے ارشاد فرمایا ہے: بنی اسرائیل میں تین لوگ تھے ایک برص کا مریض تھا ایک گنجا تھا اور ایک اندھا تھا۔ اللہ تعالیٰ نے اُنہیں آزمانے کا ارادہ کیا ان کی طرف ایک فرشتے کو بھیجا وہ پہلے برص کے مریض کے پاس گیا۔ اس نے دریافت کیا: تمہارے نزدیک سب سے زیادہ پسندیدہ چیز کیا ہے؟ اس نے کہا: اچھا رنگ اور اچھی جلد کیونکہ لوگ اس وجہ سے مجھے ناپسند کرتے ہیں۔ اس فرشتے نے اس پر ہاتھ پھیرا اس کی بیماری ٹھیک ہوگئی۔ اسے اچھا رنگ اور اچھی جلد دے دی گئی۔ فرشتے نے دریافت کیا: تمہیں کون سا مال محبوب ہے؟ اس نے جواب دیا: اونٹ (راوی کو شک ہے یا شاید) گائے کہا۔ یہ شک اس بارے میں ہے کہ برص کے مریض اور گنجے میں سے ایک نے اونٹ کا نام لیا تھا اور ایک نے گائے کا۔ اسے حاملہ اونٹنیاں دے دی گئیں۔ فرشتے نے کہا: تمہارے لئے ان میں برکت ہو

پھر وہ گنجے کے پاس آیا اور کہا: تمہیں کون سی چیز زیادہ محبوب ہے۔ اس نے کہا: اچھے بال اور مجھ سے یہ بیماری ختم ہو جائے۔ جس کی وجہ سے لوگ مجھے ناپسند کرتے ہیں' فرشتے نے اس کے سر پر ہاتھ پھیرا' اس کی بیماری ختم ہوگئی اور اسے اچھے بال مل گئے۔ فرشتے نے دریافت کیا: تمہیں کون سا مال پسند ہے؟ اس نے کہا: گائے! فرشتے نے اسے حاملہ گائے دے دی اور دعا دی اللہ تعالیٰ تمہارے لئے اس میں برکت دے۔

پھر وہ اندھے کے پاس آیا اور دریافت کیا: تمہارے نزدیک کون سی چیز پسندیدہ ہے۔ اُس نے کہا: یہ کہ اللہ تعالیٰ میری بینائی واپس کر دے اور میں لوگوں کو دیکھ سکوں۔ فرشتے نے اس پر ہاتھ پھیرا تو اللہ تعالیٰ نے اس کی بینائی واپس کر دی۔ فرشتے نے کہا: تمہارے نزدیک کون سا مال زیادہ محبوب ہے؟ اس نے کہا: بکریاں۔ فرشتے نے اسے بچے دینے والی بکریاں دے دیں۔ ان سب جانوروں کے بہت سے بچے ہوگئے۔ جن میں سے ہر ایک کے پاس بہت سارے اونٹ اور گائے ہوگئیں اور بہت سی بکریاں ہوگئیں۔

پھر وہ فرشتہ برص کے مریض کے پاس ایک اور شکل میں آیا اور بولا: میں ایک غریب آدمی ہوں میرا سفر کا سامان ختم ہوگیا ہے۔ اب میں اللہ کے سہارے ہی اپنی منزل تک پہنچ سکتا ہوں۔ میں تم سے اس اللہ کے واسطے سے تم سے مانگتا ہوں جس نے تمہیں اچھی جلد اور اچھا رنگ عطا کیا اور مال میں اونٹ عطا کیا ہے کہ تم میرے سفر کے بارے میں میری امداد کرو! اس برص کے مریض نے جواب دیا: بھئی میرے اپنے بہت سے خرچے ہیں۔ فرشتے نے اس سے کہا: میرا خیال ہے میں تمہیں جانتا ہوں تم وہی برص کے مریض ہو؟ جسے لوگ غریب سمجھ کر ناپسند کرتے تھے۔ اللہ تعالیٰ نے تمہیں یہ نعمتیں عطا کی ہیں وہ بولا: یہ تو ہمیں باپ دادا کی طرف سے ملتی چلی آرہی ہیں۔ فرشتے نے کہا: اگر تم جھوٹ بول رہے ہو تو اللہ تعالیٰ تمہیں اسی حالت میں کر دے۔ جس حالت میں تم پہلے تھے۔

پھر فرشتہ گنجے کے پاس آیا اسی صورت اور اسی حالت میں اس سے بھی یہی بات کہی جو پہلے سے کہی تھی اس نے وہی جواب دیا' جو پہلے نے دیا تھا۔ تو فرشتے نے کہا: اگر تم جھوٹ بول رہے ہو تو اللہ تعالیٰ تمہیں اسی حالت میں کر دے جس میں تم پہلے تھے۔

Marfat.com

پھر فرشتہ اندھے کے پاس آیا اسی شکل اور حالت میں اور بولا: میں ایک غریب آدمی ہوں مسافر ہوں میرا سفر کا سامان ختم ہوگیا ہے اب اللہ کے سہارے ہی گھر پہنچ سکتا ہوں میں اس ذات کے واسطے سے تم سے مانگتا ہوں جس نے تمہیں بینائی عطا کی اور بکریاں عطا کی ہیں کہ تم سفر کے سامان کے بارے میں میری مدد کرو تا کہ میں اپنی منزل تک پہنچ جاؤں۔ اندھے نے جواب دیا: میں پہلے اندھا تھا پھر اللہ تعالیٰ نے مجھے بینائی عطا کی میں غریب آدمی تھا پھر اللہ تعالیٰ نے مجھے غنی کر دیا' تم جو چاہو وصول کرلو! اللہ کی قسم! آج میں کسی چیز کے بارے میں تم سے پوچھوں گا نہیں۔ فرشتے نے کہا: تم اپنا مال اپنے پاس رکھو! اللہ تعالیٰ نے تمہیں آزمائش میں مبتلا کیا تھا وہ تم سے راضی ہوگیا ہے اور تمہارے دونوں ساتھیوں سے ناراض ہوگیا ہے۔

أخرجه البخاري في: 60 كتاب الأنبياء 51 باب حديث أبرص وأقرع وأعمى في بني إسرائيل

رقم الجزء: 1 رقم الصفحة: 924 (جہانگیری صحیح بخاری، مطبوعہ شبیر برادرز، رقم الحدیث: 3277)

1869 حديث سَعْدٍ، قَالَ: إِنِّي لَأَوَّلُ الْعَرَبِ رَمَى بِسَهْمٍ فِي سَبِيلِ اللَّهِ وَرَأَيْتُنَا نَغْزُو وَمَا لَنَا طَعَامٌ إِلَّا وَرَقُ الْحُبْلَةِ وَهَذَا السَّمُرُ وَإِنَّ أَحَدَنَا لَيَضَعُ كَمَا تَضَعُ الشَّاةُ، مَالَهُ خِلْطٌ ثُمَّ أَصْبَحَتْ بَنُو أَسَدٍ تُعَزِّرُنِي عَلَى الْإِسْلَامِ خِبْتُ إِذًا، وَضَلَّ سَعْيِي

✧✧ حضرت سعد رضی اللہ عنہ بیان کرتے ہیں: میں وہ سب سے پہلا عرب ہوں جس نے اللہ کی راہ میں تیر پھینکا تھا۔ مجھے اچھی طرح یاد ہے ہم جنگ میں شریک ہوئے تھے ہماری خوراک صرف درختوں کے پتے اور کیکر کے پتے ہوا کرتے تھے اور ہم میں سے کوئی ایک شخص اس طرح پاخانہ کرتا تھا جیسے بکری مینگنیاں کرتی ہے۔ اس میں کچھ نہیں ملا ہوا کرتا تھا۔ اب بنو اسد اگر مجھے اسلام کے بارے میں طعنے دیں تو پھر تو میں خسارے کا شکار ہوگیا اور میری کوشش رائیگاں گئی۔

أخرجه البخاري في: 81 كتاب الرقاق: 17 باب كيف كان عيش النبي صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ وأصحابه وتخليهم من الدنيا

رقم الجزء: 1 رقم الصفحة: 926 (جہانگیری صحیح بخاری، مطبوعہ شبیر برادرز، رقم الحدیث: **6088**)

1870 حديث أَبِي هُرَيْرَةَ رَضِيَ اللَّهُ عَنْهُ،

رقم الحديث: **1869**

اخرجه ابوالحسين مسلم النيسابوری فی ''صحيحه'' طبع داراحياء التراث العربی، بيروت، لبنان، رقم الحديث: **2964** اخرجه ابوحاتم البستی فی ''صحيحه'' طبع موسسه الرساله، بيروت، لبنان، **1414**ھ/**1993**ء، رقم الحديث: **314** ذكره ابوبكر البيهقی فی ''سننه الكبریٰ'' طبع مكتبه دارالباز، مكه مكرمه، سعودی عرب **1414**ھ/**1994**ء، رقم الحديث: **14029**

رقم الحديث **1870**: اخرجه ابوالحسين مسلم النيسابوری فی ''صحيحه'' طبع داراحياء التراث العربی، بيروت، لبنان، رقم الحديث: **1055** اخرجه ابو عيسیٰ الترمذی، فی ''جامعه''، طبع داراحياء التراث العربی، بيروت، لبنان، رقم الحديث: **2361** اخرجه ابو عبدالله القزوينی فی ''سننه''، طبع دارالفكر، بيروت، لبنان، رقم الحديث: **4139** اخرجه ابوعبدالله الشيبانی فی ''مسنده'' طبع موسسه قرطبه، قاهره، مصر، رقم الحديث: **7173** اخرجه ابوحاتم البستی فی ''صحيحه'' طبع موسسه الرساله، بيروت، لبنان، **1414**ھ/**1993**ء، رقم الحديث: **6343** ذكره ابوبكر البيهقی فی ''سننه الكبریٰ'' طبع مكتبه دارالباز، مكه مكرمه، سعودی عرب **1414**ھ/**1994**ء، رقم الحديث: **6842** اخرجه ابويعلی الموصلی فی ''مسنده'' طبع دارالمامون للتراث، دمشق، سام، **1404**ھ-**1984**ء، رقم الحديث: **6103** اخرجه ابن راويه الحنظلی فی ''مسنده'' طبع مكتبه الايمان، مدينه منوره، (طبع اول) **1412**ھ/**1991**ء، رقم الحديث: **175**

Marfat.com

قَالَ: قَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: اللّٰهُمَّ ارْزُقْ اٰلَ مُحَمَّدٍ قُوتًا

✧✧ حضرت ابو ہریرہ رضی اللہ عنہ بیان کرتے ہیں: نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے ارشاد فرمایا ہے: اے اللہ! محمد کے گھر والوں کو بقدر ضرورت خوراک عطا فرما۔

أخرجه البخاري في: 81 كتاب الرقاق: 17 باب كيف كان عيش النبي صلى الله عليه وسلم وأصحابه
رقم الجزء: 1 رقم الصفحة: 927 (جہانگیری صحیح بخاری مطبوعہ شبیر برادرز، رقم الحدیث: 6095)

1871 ۞ حديث عَائِشَةَ رَضِيَ اللّٰهُ عَنْهَا،

قَالَتْ: مَا شَبِعَ اٰلُ مُحَمَّدٍ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ، مُنْذُ قَدِمَ الْمَدِيْنَةَ، مِنْ طَعَامِ الْبُرِّ، ثَلَاثَ لَيَالٍ تِبَاعًا، حَتّٰى قُبِضَ

✧✧ سیدہ عائشہ صدیقہ رضی اللہ عنہا بیان کرتی ہیں: نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کے مدینہ منورہ تشریف لانے کے بعد ان کے اہل خانہ نے کبھی بھی گندم کی روٹی لگاتار تین دن تک نہیں کھائی یہاں تک کہ آپ کا وصال ہو گیا۔

أخرجه البخاري في: 70 كتاب الأطعمة: 23 باب ما كان النبي صلى الله عليه وسلم وأصحابه يأكلون
رقم الجزء: 1 رقم الصفحة: 927 (جہانگیری صحیح بخاری مطبوعہ شبیر برادرز، رقم الحدیث: 5100)

1872 ۞ حديث عَائِشَةَ رَضِيَ اللّٰهُ عَنْهَا،

قَالَتْ: مَا أَكَلَ اٰلُ مُحَمَّدٍ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ، أَكْلَتَيْنِ فِيْ يَوْمٍ، إِلَّا إِحْدَاهُمَا تَمْرٌ

✧✧ حضرت عائشہ صدیقہ رضی اللہ عنہا بیان کرتی ہیں: نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کے گھر والوں نے کبھی بھی ایک دن میں دو کھانے نہیں کھائے ان دو میں سے کوئی ایک چیز کھجور ہوتی تھی۔

أخرجه البخاري في: 81 كتاب الرقاق: 17 باب كيف كان عيش النبي صلى الله عليه وسلم وأصحابه
رقم الجزء: 1 رقم الصفحة: 927 (جہانگیری صحیح بخاری مطبوعہ شبیر برادرز، رقم الحدیث: 6090)

1873 ۞ حديث عَائِشَةَ رَضِيَ اللّٰهُ عَنْهَا،

رقم الحديث: **1871**

اخرجه ابوالحسين مسلم النيسابوري في "صحيحه" طبع دار احياء التراث العربي بيروت لبنان رقم الحديث: **2970** اخرجه ابوعبدالله الشيباني في "مسنده" طبع موسسه قرطبه قاهره مصر رقم الحديث: **25581** اخرجه ابوالقاسم الطبراني في "معجمه الاوسط" طبع دار الحرمين قاهره مصر، **1415**ھ رقم الحديث: **5098** اخرجه ابويعلى الموصلي في "مسنده" طبع دار المامون للتراث دمشق شام، **1404**ھ-**1984**ء رقم الحديث: **4539** اخرجه ابن راهويه الحنظلي في "مسنده" طبع مكتبه الايمان مدينه منوره طبع اول، **1412**ھ **1991**ء رقم الحديث: **1552** ذكره ابوبكر البيهقي في "سننه الكبرى" طبع مكتبه دار الباز مكه مكرمه سعودي عرب، **1414**ھ **1994**ء رقم الحديث: **13093** اخرجه ابوعبدالرحمن النسائي في "سننه" طبع مكتب المطبوعات الاسلاميه حلب شام، **1406**ھ **1986**ء رقم الحديث: **6637** اخرجه ابوبكر الكوفي في "مصنفه" طبع مكتبه الرشد رياض سعودي عرب طبع اول **1409**ھ رقم الحديث: **34743**

Marfat.com

أَنَّهَا قَالَتْ لِعُرْوَةَ: ابْنَ أُخْتِي إِنْ كُنَّا لَنَنْظُرُ إِلَى الْهِلَالِ ثُمَّ الْهِلَالِ، ثَلَاثَةَ أَهِلَّةٍ فِي شَهْرَيْنِ، وَمَا أُوقِدَتْ فِي أَبْيَاتِ رَسُوْلِ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ نَار

(قَالَ عُرْوَةُ) فَقُلْتُ: يَا خَالَةُ مَا كَانَ يُعِيشُكُمْ قَالَتِ: الْأَسْوَدَانِ: التَّمْرُ وَالْمَاءُ إِلَّا أَنَّهُ قَدْ كَانَ لِرَسُوْلِ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ، جِيرَانٌ مِّنَ الْأَنْصَارِ، كَانَتْ لَهُمْ مَنَائِحُ، وَكَانُوا يَمْنَحُونَ رَسُوْلَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ مِنْ أَلْبَانِهِمْ فَيَسْقِينَا

✧✧ سیدہ عائشہ صدیقہ رضی اللہ عنہا کے بارے میں منقول ہے' انہوں نے اپنے بھانجے عروہ سے کہا: اے میرے بھانجے! ہم لوگ پہلی کا چاند دیکھتے تھے پھر اگلی پہلی کا چاند دیکھتے تھے پھر اس سے اگلی پہلی کا چاند دیکھتے تھے یہ دو مہینے بن جاتے ہیں لیکن اس دوران نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کے کسی بھی گھر میں آگ نہیں جلتی تھی۔ عروہ کہتے ہیں: میں نے دریافت کیا: خالہ جان! آپ لوگ گزارا کیسے کرتے تھے؟ انہوں نے جواب دیا: دو سیاہ چیزوں کے ذریعے' یعنی پانی اور کھجور کے ذریعے۔ البتہ نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کے پڑوس میں کچھ انصاری رہتے تھے ان کی کچھ بکریاں تھیں وہ کبھی بکریوں کا دودھ' دوہ کر' نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کی خدمت میں بھیج دیا کرتے تھے۔ تو نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم وہ دودھ ہمیں پلا دیتے تھے۔

أخرجه البخاري في: 51 كتاب الهبة: 1 باب الهبة وفضلها والتحريض عليها

رقم الجزء: 1 رقم الصفحة: 927 (جہانگیری صحیح بخاری، مطبوعہ شبیر برادرز، رقم الحدیث:2428)

1874 حديث عَائِشَةَ رَضِيَ اللّٰهُ عَنْهَا،

قَالَتْ: تُوُفِّيَ النَّبِيُّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ حِينَ شَبِعْنَا مِنَ الْأَسْوَدَيْنِ: التَّمْرِ وَالْمَاءِ

✧✧ سیّدہ عائشہ رضی اللہ عنہا بیان کرتی ہیں: جب نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کا وصال ہوا تو ہم دو سیاہ چیزوں کھجور اور پانی سے پیٹ بھرتے تھے۔

أخرجه البخاري في: 70 كتاب الأطعمة 60 باب من أكل حتى شبع

رقم الجزء: 1 رقم الصفحة: 928 (جہانگیری صحیح بخاری، مطبوعہ شبیر برادرز، رقم الحدیث:5068)

1875 حديث أَبِي هُرَيْرَةَ رَضِيَ اللّٰهُ عَنْهُ

رقم الحديث : 1873

اخرجه ابو عبدالله القزوينى فى ''سننه''، طبع دار الفكر، بيروت، لبنان، رقم الحديث: **4145** اخرجه ابوعبدالله الشيبانى فى ''مسنده'' طبع موسسه قرطبه، قاىره، مصر، رقم الحديث: **9238** اخرجه ابوحاتم البستى فى ''صحيحه'' طبع موسسه الرساله، بيروت، لبنان، **1414**ھ/**1993**ء، رقم الحديث: **6372** ذكره ابوبكر البيهقى فى ''سننه الكبرىٰ' طبع مكتبه دار الباز، مكه مكرمه، سعودى عرب **1414**ھ/**1994**ء، رقم الحديث: **11722** اخرجه ابومحمد الكسى فى ''مسنده'' طبع مكتبة السنة، قاىره، مصر، **1408**ھ/**1988**ء، رقم الحديث: **1491**

رقم الحديث : **1874**: اخرجه ابوالحسين مسلم النيسابورى فى ''صحيحه'' طبع داراحياء التراث العربى، بيروت، لبنان، رقم الحديث: **2975** اخرجه ابوعبدالله الشيبانى فى ''مسنده'' طبع موسسه قرطبه، قاىره، مصر، رقم الحديث: **25007** اخرجه ابن راهويه الحنظلى فى ''مسنده'' طبع مكتبه الايمان، مدينه منوره، (طبع اول) **1412**ھ/**1991**ء، رقم الحديث: **1166**

Marfat.com

قَالَ: مَا شَبِعَ اٰلُ مُحَمَّدٍ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ، مِنْ طَعَامٍ، ثَلَاثَةَ أَيَّامٍ، حَتّٰى قُبِضَ

✧✧ حضرت ابو ہریرہ رضی اللہ عنہ بیان کرتے ہیں: نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کے اہل خانہ نے کبھی بھی تین دن تک سیر ہو کر کھانا نہیں کھایا یہاں تک کہ آپ کا وصال ہو گیا۔

أخرجه البخاري في: 70 كتاب الأطعمة: 1 باب قول الله تعالى (كلوا من طيبات ما رزقناكم)

رقم الجزء: 1 رقم الصفحة: 928 (جہانگیری صحیح بخاری مطبوعہ شبیر برادرز، رقم الحدیث: 5059)

•••———•••———•••

لا تدخلوا مساكن الذين ظلموا أنفسهم إلا أن تكونوا باكين

(فرمان نبوی ہے) ''جن لوگوں نے اپنے اوپر ظلم کیا' ان کے علاقے میں روتے ہوئے داخل ہو''

﴿1876﴾ حديث عَبْدِ اللّٰهِ بْنِ عُمَرَ رَضِيَ اللّٰهُ عَنْهُ،

أَنَّ رَسُوْلَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَالَ: لَا تَدْخُلُوْا عَلٰى هٰؤُلَاءِ الْمُعَذَّبِيْنَ، إِلَّا أَنْ تَكُوْنُوْا بَاكِيْنَ فَإِنْ لَّمْ تَكُوْنُوْا بَاكِيْنَ، فَلَا تَدْخُلُوْا عَلَيْهِمْ لَا يُصِيْبُكُمْ مَا أَصَابَهُمْ

✧✧ حضرت عبداللہ بن عمر رضی اللہ عنہما نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کا یہ فرمان نقل کرتے ہیں: ان عذاب یافتہ لوگوں کے علاقے میں روتے ہوئے داخل ہو اگر تمہیں رونا نہ آئے تو وہاں داخل نہ ہو کہیں تمہیں بھی وہ مصیبت لاحق نہ ہو جو انہیں لاحق ہوئی۔

أخرجه البخاري في: 8 كتاب الصلاة: 53 باب الصلاة في مواضع الخسف والعذاب

رقم الجزء: 1 رقم الصفحة: 928 (جہانگیری صحیح بخاری مطبوعہ شبیر برادرز، رقم الحدیث: 423)

﴿1877﴾ حديث عَبْدِ اللّٰهِ بْنِ عُمَرَ رَضِيَ اللّٰهُ عَنْهُ،

رقم الحديث1875:

اخرجه ابوحاتم البستی فی ''صحیحه'' طبع موسسه الرساله، بیروت، لبنان، **1414**ھ/**1993**ء، رقم الحدیث: **6345** ذکره ابوبکر البیهقی فی ''سننه الکبریٰ'' طبع مکتبه دارالباز، مکه مکرمه، سعودی عرب **1414**ھ/**1994**ء، رقم الحدیث: **2684** اخرجه ابوالقاسم الطبرانی فی ''معجمه الاوسط'' طبع دارالحرمین، قاہره، مصر، **1415**ھ، رقم الحدیث: **3268**

رقم الحدیث: 1876: اخرجه ابوالحسین مسلم النیسابوری فی ''صحیحه'' طبع داراحیاء التراث العربی، بیروت، لبنان، رقم الحدیث: **2980** اخرجه ابوعبدالله الشیبانی فی ''مسنده'' طبع موسسه قرطبه، قاہره، مصر، رقم الحدیث: **4561** اخرجه ابوحاتم البستی فی ''صحیحه'' طبع موسسه الرساله، بیروت، لبنان، **1414**ھ/**1993**ء، رقم الحدیث: **6200** اخرجه ابوعبدالرحمن النسائی فی ''سننه'' طبع مکتب المطبوعات الاسلامیه، حلب، شام، **1406**ھ، **1986**ء، رقم الحدیث: **11270** ذکره ابوبکر البیهقی فی ''سننه الکبریٰ'' طبع مکتبه دارالباز، مکه مکرمه، سعودی عرب **1414**ھ/**1994**ء، رقم الحدیث: **4160** اخرجه ابویعلی الموصلی فی ''مسنده'' طبع دارالمامون للتراث، دمشق، شام، **1404**ھ-**1984**ء، رقم الحدیث: **5575** اخرجه ابوبکر الحمیدی فی ''مسنده'' طبع دارالکتب العلمیه، مکتبه المتنبی، بیروت، قاہره، رقم الحدیث: **653** اخرجه ابوبکر الصنعانی فی ''مصنفه'' طبع المکتب الاسلامی، بیروت لبنان، طبع ثانی، **1403**ھ، رقم الحدیث: **1624**

Marfat.com

أَنَّ النَّاسَ نَزَلُوْا مَعَ رَسُوْلِ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ أَرْضَ ثَمُودَ، الْحِجْرَ، فَاسْتَقَوْا مِنْ بِئْرِهَا، وَاعْتَجَنُوا بِهِ فَأَمَرَهُمْ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ أَنْ يُّهَرِيْقُوْا مَا اسْتَقَوْا مِنْ بِئْرِهَا، وَأَنْ يَّعْلِفُوا الْإِبِلَ الْعَجِيْنَ وَأَمَرَهُمْ أَنْ يَّسْتَقُوْا مِنَ الْبِئْرِ الَّتِيْ كَانَ تَرِدُهَا النَّاقَةُ

✧✧ حضرت عبداللہ بن عمر رضی اللہ عنہما بیان کرتے ہیں' لوگوں نے نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کے ہمراہ اس جگہ پڑاؤ کیا جو قوم ثمود کی زمین تھی یہ ''حجر'' نامی جگہ تھی ان لوگوں نے وہاں کے کنوؤں سے پانی بھرلیا اور اس پانی کے ذریعے آٹا بھی گوندھ لیا تو نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے انہیں ہدایت کی: وہ اس پانی کو بہادیں جو انہوں نے وہاں کے کنوؤں سے بھرا ہے اور وہ آٹا اونٹوں کو ڈال دیں۔ نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے لوگوں کو ہدایت کی: وہ اس کنویں سے پانی بھریں جہاں وہ اونٹنی آیا کرتی تھی۔

أخرجه البخاري في: 60 كتاب الأنبياء: 17 باب قول الله تعالى (وإلى ثمود أخاهم صالحًا)

رقم الجزء: 1 رقم الصفحة: 929 (جہانگیری صحیح بخاری، مطبوعہ شبیر برادرز، رقم الحدیث:3199)

•••———•••———•••

الإحسان إلَى الأرملة والمسكين واليتيم

بیوہ عورتوں' غریبوں اور یتیموں کے ساتھ اچھا سلوک کرنا

1878 حديث أَبِيْ هُرَيْرَةَ رَضِيَ اللّٰهُ عَنْهُ،

قَالَ: قَالَ: النَّبِيُّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: السَّاعِيْ عَلَى الْأَرْمَلَةِ وَالْمِسْكِيْنِ كَالْمُجَاهِدِ فِيْ سَبِيْلِ اللّٰهِ، أَوِ الْقَائِمِ اللَّيْلَ الصَّائِمِ النَّهَارَ

✧✧ حضرت ابو ہریرہ رضی اللہ عنہ بیان کرتے ہیں: نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے ارشاد فرمایا ہے: بیوہ عورت اور غریب شخص کے لیے کوشش کرنے والا اللہ تعالیٰ کی راہ میں جہاد کرنے والے کی مانند ہے (راوی کو شک ہے یا شاید یہ الفاظ ہیں) رات کے وقت قیام کرنے اور دن کے وقت روزہ رکھنے والے کی مانند ہے۔

رقم الحديث : **1878**

اخرجه ابوالحسين مسلم النيسابوری فی ''صحيحه'' طبع داراحياء التراث العربی، بيروت، لبنان، رقم الحديث: **2982** اخرجه ابو عيسى الترمذی فی ''جامعه''، طبع داراحياء التراث العربی، بيروت، لبنان، رقم الحديث: **1969** اخرجه ابوعبدالرحمن النسائی فی ''سننه'' طبع مكتب المطبوعات الاسلاميه، حلب، شام، **1406**ھ، **1986**، رقم الحديث: **2577** اخرجه ابو عبدالله القزوينی فی ''سننه''، طبع دارالفكر، بيروت، لبنان، رقم الحديث: **2140** اخرجه ابوعبدالله الشيبانی فی ''مسنده'' طبع موسسه قرطبه، قابره، مصر، رقم الحديث: **8717** اخرجه ابوحاتم البستی فی ''صحيحه'' طبع موسسه الرساله، بيروت، لبنان، **1414**ھ/**1993**ء، رقم الحديث: **4245** اخرجه ابوعبدالرحمن النسائی فی ''سننه'' طبع مكتب المطبوعات الاسلاميه، حلب، شام، **1406**ھ، **1986**ء، رقم الحديث: **2358** ذكره ابوبكر البيهقی فی ''سننه الكبرىٰ'' طبع مكتبه دارالباز، مكه مكرمه، سعودی عرب **1414**ھ/**1994**ء، رقم الحديث: **12444** اخرجه ابوالقاسم الطبرانی فی ''معجمه الاوسط'' طبع دارالحرمين، قابره، مصر، **1415**ھ، رقم الحديث: **306** اخرجه ابن رابويه الحنظلی فی ''مسنده'' طبع مكتبه الايمان، مدينه منوره، طبع اول **1412**ھ/**1991**ء، رقم الحديث: **374**

Marfat.com

أخرجه البخاري في: 69 كتاب النفقات: 1 باب فضل النفقة على الأهل

رقم الجزء: 1 رقم الصفحة: 929 (جہانگیری صحیح بخاری مطبوعہ شبیر برادرز، رقم الحدیث: 5038)

•••———•••———•••

فضل بناء المساجد

مسجد تعمیر کرنے کی فضیلت

1879 حديث عُثْمَانَ بْنِ عَفَّانَ رَضِيَ اللّٰهُ عَنْهُ

عَنْ عُبَيْدِ اللّٰهِ الْخَوْلَانِيِّ، أَنَّهُ سَمِعَ عُثْمَانَ بْنَ عَفَّانَ يَقُوْلُ، عِنْدَ قَوْلِ النَّاسِ فِيْهِ، حِيْنَ بَنَى مَسْجِدَ الرَّسُوْلِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: إِنَّكُمْ أَكْثَرْتُمْ وَإِنِّي سَمِعْتُ النَّبِيَّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ، يَقُوْلُ: مَنْ بَنَى مَسْجِدًا يَبْتَغِي بِهِ وَجْهَ اللّٰهِ، بَنَى اللّٰهُ لَهُ مِثْلَهُ فِي الْجَنَّةِ

✧✧ حضرت عثمان غنی رضی اللہ عنہ کے بارے میں منقول ہے جب انہوں نے مسجد نبوی کی تعمیر کا ارادہ کیا اور اس کے بارے میں لوگوں کے تحفظات کے بارے میں سنا تو ارشاد فرمایا: تم بہت زیادہ باتیں کرتے ہو۔ میں نے نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کو یہ ارشاد فرماتے ہوئے سنا ہے: جو شخص مسجد بنائے گا۔ (ایک روایت میں یہ الفاظ ہیں) اللہ تعالیٰ کی رضا کے حصول کے لئے مسجد بنائے گا تو اللہ تعالیٰ جنت میں اسی کی مانند گھر بنا دے گا۔

أخرجه البخاري في: 8 كتاب الصلاة: 65 باب من بنى مسجدًا

رقم الجزء: 1 رقم الصفحة: 929 (جہانگیری صحیح بخاری مطبوعہ شبیر برادرز، رقم الحدیث: 439)

•••———•••———•••

تحريم الرياء

ریاکاری حرام ہے

1880 حديث جُنْدَب

قَالَ: قَالَ النَّبِيُّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: مَنْ سَمَّعَ سَمَّعَ اللّٰهُ بِهِ، وَمَنْ يُّرَائِي يُرَائِي اللّٰهُ بِهِ

رقم الحديث: **1879**

اخرجه ابوالحسين مسلم النيسابوري في "صحيحه" طبع دار احياء التراث العربي بيروت لبنان، رقم الحديث: **533** اخرجه ابو عيسى الترمذي في "جامعه" طبع دار احياء التراث العربي بيروت لبنان، رقم الحديث: **318** اخرجه ابوعبدالرحمن النسائي في "سننه" طبع مكتب المطبوعات الاسلاميه حلب شام، **1406**ھ **1986**ء، رقم الحديث: **688** اخرجه ابو عبدالله القزويني في "سننه" طبع دار الفكر بيروت لبنان، رقم الحديث: **735** اخرجه ابومحمد الدارمي في "سننه" طبع دار الكتاب العربي بيروت لبنان، **1407**ھ **1987**ء، رقم الحديث: **1392** اخرجه ابوعبدالله الشيباني في "مسنده" طبع موسسه قرطبه قاهره مصر، رقم الحديث: **506**

Marfat.com

✧✧ حضرت جندب رضی اللہ عنہ بیان کرتے ہیں: نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے ارشادفرمایا ہے:
جوشخص دکھاوے کے لئے کچھ کرے گا اللہ تعالیٰ اس کا دکھاوا ظاہر کردے گا اور جوشخص ریاکاری کے لئے کچھ کرے گا تو اللہ تعالیٰ اس کی ریاکاری کوظاہر کردے گا۔

أخرجه البخاري في: 81 كتاب الرقاق: 36 باب الرياء والسمعة

رقم الجزء: 1 رقم الصفحة: 930 (جہانگیری صحیح بخاری، مطبوعہ شبیر برادرز، رقم الحدیث:6134)

•••———•••———•••

حفظ اللسان

زبان کی حفاظت کرنا

1881 حديث أَبِي هُرَيْرَةَ رَضِيَ اللّٰهُ عَنْهُ،

سَمِعَ رَسُوْلَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ، يَقُوْلُ: إِنَّ الْعَبْدَ لَيَتَكَلَّمُ بِالْكَلِمَةِ، مَا يَتَبَيَّنُ فِيْهَا، يَزِلُّ بِهَا فِي النَّارِ، أَبْعَدَ مِمَّا بَيْنَ الْمَشْرِقِ

✧✧ حضرت ابوہریرہ رضی اللہ عنہ بیان کرتے ہیں: انہوں نے نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کو یہ ارشادفرماتے ہوئے سنا ہے: بندہ کوئی بات کہتا ہے حالانکہ اس میں وہ غوروفکر نہیں کرتا اوراس کی وجہ سے وہ جہنم میں گرجاتا ہے۔اس سے زیادہ (گہرائی) میں جتنا مشرق دور ہے۔

أخرجه البخاري في: 81 كتاب الرقاق: 23 باب حفظ اللسان

رقم الجزء: 1 رقم الصفحة: 930 (جہانگیری صحیح بخاری، مطبوعہ شبیر برادرز، رقم الحدیث:6112)

•••———•••———•••

عقوبة من يأمر بالمعروف ولا يفعله وينهى عن المنكر ويفعله

جوشخص نیکی کا حکم دے اور خود اس پر عمل نہ کرے

رقم الحديث: **1880**

اخرجه ابوالحسين مسلم النيسابوری فی ''صحيحه'' طبع داراحياء التراث العربی، بيروت، لبنان، رقم الحديث: **2986** اخرجه ابوعبدالله الشيبانی فی ''مسنده'' طبع موسسه قرطبه، قابره، مصر، رقم الحديث: **20474** اخرجه ابوعبدالرحمن النسائی فی ''سننه'' طبع مكتب المطبوعات الاسلاميه، حلب، شام، **1406**ھ، **1986**ء، رقم الحديث: **11700** اخرجه ابوالقاسم الطبرانی فی ''معجمه الكبير'' طبع مكتبه العلوم والحكم، موصل، **1404**ھ/**1983**ء، رقم الحديث: **1699** اخرجه ابويعلی الموصلی فی ''مسنده'' طبع دارالمامون للتراث، دمشق، شام، **1404**ھ-**1984**ء، رقم الحديث: **1527**

رقم الحديث **1881**: اخرجه ابوالحسين مسلم النيسابوری فی ''صحيحه'' طبع داراحياء التراث العربی، بيروت، لبنان، رقم الحديث: **2988** اخرجه ابوحاتم البستی فی ''صحيحه'' طبع موسسه الرساله، بيروت، لبنان، **1414**ھ/**1993**ء، رقم الحديث: **5707** ذكره ابوبكر البيهقی فی ''سننه الكبریٰ'' طبع مكتبه دارالباز، مكه مكرمه، سعودی عرب **1414**ھ/**1994**ء، رقم الحديث: **16441**

Marfat.com

اور برائی سے روکے لیکن خود اس کا ارتکاب کرے اس کی سزا

1882 حدیث أُسَامَةَ رَضِيَ اللّٰهُ عَنْهُ

قِيلَ لَهُ: لَوْ أَتَيْتَ فُلَانًا فَكَلَّمْتَهُ قَالَ: إِنَّكُمْ لَتَرَوْنَ أَنِّي لاَ أُكَلِّمُهُ إِلَّا أُسْمِعُكُمْ إِنِّي أُكَلِّمُهُ فِي السِّرِّ. دُوْنَ أَنْ أَفْتَحَ بَابًا لاَ أَكُوْنُ أَوَّلَ مَنْ فَتَحَهُ وَلاَ أَقُوْلُ لِرَجُلٍ، أَنْ كَانَ عَلَيَّ أَمِيرًا: إِنَّهُ خَيْرُ النَّاسِ، بَعْدَ شَيْءٍ سَمِعْتُهُ مِنْ رَسُوْلِ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَالُوْا: وَمَا سَمِعْتَهُ يَقُوْلُ قَالَ سَمِعْتُهُ يَقُوْلُ: يُجَاءُ بِالرَّجُلِ يَوْمَ الْقِيَامَةِ. فَيُلْقَى فِي النَّارِ، فَتَنْدَلِقُ أَقْتَابُهُ فِي النَّارِ، فَيَدُوْرُ كَمَا يَدُوْرُ الْحِمَارُ بِرَحَاهُ، فَيَجْتَمِعُ أَهْلُ النَّارِ عَلَيْهِ، فَيَقُوْلُوْنَ: أَيْ فُلَانُ مَا شَأْنُكَ أَلَيْسَ كُنْتَ تَأْمُرُنَا بِالْمَعْرُوْفِ، وَتَنْهَى عَنِ الْمُنْكَرِ قَالَ: كُنْتُ آمُرُكُمْ بِالْمَعْرُوْفِ وَلاَ آتِيْهِ، وَأَنْهَاكُمْ عَنِ الْمُنْكَرِ وَآتِيْهِ

✧✧ (ابووائل بیان کرتے ہیں) حضرت اسامہ رضی اللہ عنہ سے کہا گیا: اگر آپ فلاں صاحب (یعنی خلیفہ وقت حضرت عثمان غنی رضی اللہ عنہ) کے پاس جا کر بات چیت کر لیتے تو زیادہ بہتر تھا۔ حضرت اسامہ رضی اللہ عنہ نے فرمایا: تم کیا سمجھتے ہو؟ میں ان سے بات نہیں کروں گا؟ یا تمہیں دکھا کر کروں گا۔ میں ان سے خفیہ بات کروں گا۔ لیکن میں وہ دروازہ نہیں کھولنا چاہتا میں وہ شخص نہیں بننا چاہتا جو سب سے پہلے اس دروازے کو کھولے اور میں ایک ایسے شخص کو کچھ نہیں کہنا چاہتا جو میرا امیر ہے اور سب سے بہتر ہے اس کے بعد جو میں نے نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم سے سنی ہے لوگوں نے دریافت کیا: آپ نے نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کی زبانی کیا سنا ہے۔ انہوں نے بتایا: میں نے آپ کو یہ ارشاد فرماتے ہوئے سنا ہے: قیامت کے دن ایک شخص آئے گا اور اسے جہنم میں ڈال دیا جائے گا اس کی انتڑیاں نکل کر جہنم میں جائیں۔ وہ شخص یوں چکر کھائے گا جیسے گدھا اپنی چکی کے گرد چکر کھاتا ہے اہل جہنم اس کے گرد اکٹھے ہوں گے اور پوچھیں گے: اے فلاں! تمہیں کیا ہوا ہے؟ تم تو ہمیں نیکی کا حکم دیتے تھے اور برائی سے روکتے نہیں تھے۔ وہ جواب دے گا: میں تمہیں نیکی کا حکم دیتا تھا مگر خود اس پر عمل نہیں کرتا تھا۔ اور (میں تمہیں) برائی سے منع کرتا تھا لیکن خود اس پر عمل کرتا تھا۔

أخرجه البخاري في: 59 كتاب بدء الخلق: 10 باب صفة النار وأنها مخلوقة

رقم الجزء: 1 رقم الصفحة: 930 (جہانگیری صحیح بخاری مطبوعہ شبیر برادرز، رقم الحدیث: 3094)

•••———•••———•••

رقم الحديث : 1882

اخرجه ابوالحسين مسلم النيسابوري في "صحيحه" طبع دار احياء التراث العربي، بيروت، لبنان، رقم الحديث: **2989** اخرجه ابوعبدالله النيسابوري في "المستدرک" طبع دارالكتب العلميه، بيروت، لبنان **1411**ھ/**1990**ء، رقم الحديث: **7010** اخرجه ابوبكر الحميدي في "مسنده" طبع دارالكتب العلميه، مكتبه المتنبي، بيروت، قاهره، رقم الحديث: **457** اخرجه ابوعبدالله الشيباني في "مسنده" طبع موسسه قرطبه، قاهره، مصر، رقم الحديث: **21868** ذكره ابوبكر البيهقي في "سننه الكبرى" طبع مكتبه دار الباز، مكه مكرمه، سعودي عرب **1414**ھ/**1994**ء، رقم الحديث: **19996**

Marfat.com

النهي عن هتك الإنسان ستر نفسه

انسان کا اپنی ذات کے پردے کوفاش کرنا منع ہے

﴿1883﴾ حديث أَبِي هُرَيْرَةَ رَضِيَ اللّٰهُ عَنْهُ،

قَالَ: سَمِعْتُ رَسُوْلَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ يَقُوْلُ: كُلُّ أُمَّتِي مُعَافًى، إِلَّا الْمُجَاهِرِينَ وَإِنَّ مِنَ الْمَجَانَةِ أَنْ يَعْمَلَ الرَّجُلُ بِاللَّيْلِ عَمَلاً، ثُمَّ يُصْبِحُ، وَقَدْ سَتَرَهُ اللّٰهُ، فَيَقُوْلُ: يَا فُلَانُ عَمِلْتُ الْبَارِحَةَ كَذَا وَكَذَا وَقَدْ بَاتَ يَسْتُرُهُ رَبُّهُ، وَيُصْبِحُ يَكْشِفُ سِتْرَ اللّٰهِ عَنْهُ

✧✧ حضرت ابو ہریرہ رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں: میں نے نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کو یہ ارشاد فرماتے ہوئے سنا ہے: میری امت کا ہر گناہ معاف ہو جائے گا، میرے ہر امتی کو معافی مل جائے گی ماسوائے اعلانیہ کرنے والے کے اور اعلانیہ گناہ کرنے میں یہ بات شامل ہوتی ہے کہ کوئی شخص رات کے وقت عمل کرے اور صبح کے وقت جبکہ اللہ تعالیٰ نے اس کی پردہ پوشی کی تھی' وہ یہ کہے: اے فلاں! میں نے گزشتہ رات یہ عمل کیا ہے۔ رات کے وقت اس کے پروردگار نے اس پر پردہ رکھا تھا اور وہ صبح کے وقت اللہ تعالیٰ کے پردے کو ختم کر رہا ہو۔

أخرجه البخاري في: 78 كتاب الأدب: 60 باب ستر المؤمن على نفسه

رقم الجزء: 1 رقم الصفحة: 931 (جہانگیری صحیح بخاری، مطبوعہ شبیر برادرز، رقم الحدیث: 5721)

•••———•••———•••

تشميت العاطس وكراهة التثاؤب

چھینکنے والے کو جواب دینا اور جماہی کا مکروہ ہونا

﴿1884﴾ حديث أَنَسِ بْنِ مَالِكٍ رَضِيَ اللّٰهُ عَنْهُ،

رقم الحديث1883

اخرجه ابوالحسين مسلم النيسابوری فی ''صحيحه''طبع داراحياء التراث العربی، بيروت، لبنان، رقم الحديث:**2990**ذكره ابوبكر البيبقی فی ''سنه الكبریٰ'' طبع مكتبه دارالباز، مكه مكرمه، سعودی عرب **1414**ھ/**1994**ء، رقم الحديث: **17377**اخرجه ابوالقاسم الطبرانی فی ''معجمه الصغير'' طبع المكتب الاسلامی، دارعمار، بيروت، لبنان/عمان، **1405**ھ **1985**ء، رقم الحديث: **632**اخرجه ابوالقاسم الطبرانی فی ''معجمه الاوسط'' طبع دارالحرمين، قابره، مصر، **1415**ھ، رقم الحديث:**4498**

رقم الحديث: **1884**: اخرجه ابوالحسين مسلم النيسابوری فی ''صحيحه''طبع داراحياء التراث العربی، بيروت، لبنان، رقم الحديث: **2991**اخرجه ابوداؤد السجستانی فی ''سننه''، طبع دارالفكر، بيروت، لبنان، رقم الحديث: **5039**اخرجه ابو عيسیٰ الترمذی، فی ''جامعه''، طبع داراحياء التراث العربی، بيروت، لبنان، رقم الحديث: **2742** اخرجه ابو عبدالله القزوينی فی ''سننه''، طبع دارالفكر، بيروت، لبنان، رقم الحديث: **3713** اخرجه ابومحمد الدارمی فی ''سننه'' طبع دارالكتاب العربی، بيروت، لبنان، **1407**ھ، **1987**ء، رقم الحديث:**2660** اخرجه ابوعبدالله النيسابوری فی ''المستدرک'' طبع دارالكتب العلميه، بيروت، لبنان **1411**ھ/**1990**ء، رقم

Marfat.com

قَالَ: عَطَسَ رَجُلاَنِ عِنْدَ النَّبِيِّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ، فَشَمَّتَ أَحَدَهُمَا، وَلَمْ يُشَمِّتِ الآخَرَ فَقِيلَ لَهُ فَقَالَ: هٰذَا حَمِدَ اللّٰهَ، وَهٰذَا لَمْ يَحْمَدِ اللّٰهَ

✧✧ حضرت انس بن مالک رضی اللہ عنہ بیان کرتے ہیں: نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کی موجودگی میں دو حضرات نے چھینکا تو آپ نے ان میں سے ایک کو جواب دیا اور دوسرے کو جواب نہیں دیا' آپ سے اس بارے میں دریافت کیا گیا تو آپ نے فرمایا: اس نے اللہ کی حمد بیان کی تھی اور اس نے اللہ کی حمد بیان نہیں کی تھی۔

أخرجه البخاري في: 78 كتاب الأدب: 123 باب الحمد للعاطس

رقم الجزء: 1 رقم الصفحة: 932 (جہانگیری صحیح بخاری، مطبوعہ شبیر برادرز، رقم الحدیث: 5867)

1885 حديث أَبِي هُرَيْرَةَ رَضِيَ اللّٰهُ عَنْهُ،

عَنِ النَّبِيِّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَالَ: التَّثَاؤُبُ مِنَ الشَّيْطَانِ، فَإِذَا تَثَاءَبَ أَحَدُكُمْ فَلْيَرُدَّهُ مَا اسْتَطَاعَ

حضرت ابوہریرہ رضی اللہ عنہ نبی کریم صلی اللہ علیہ وسلم کا یہ فرمان نقل کرتے ہیں: جماہی شیطان کی طرف سے ہوتی ہے جب کسی کو جماہی آئے تو اسے روکنے کی پوری کوشش کرے۔

أخرجه البخاري في: 59 كتاب بدء الخلق: 11 باب صفة إبليس وجنوده

رقم الجزء: 1 رقم الصفحة: 932 (جہانگیری صحیح بخاری، مطبوعہ شبیر برادرز، رقم الحدیث: 3115)

•••———•••———•••

في الفأر وأنه مسخ

چوہے کا تذکرہ اور اس بات کی وضاحت کہ یہ مسخ شدہ مخلوق ہے

1886 حديث أَبِي هُرَيْرَةَ رَضِيَ اللّٰهُ عَنْهُ،

بقيه حاشيه رقم الحديث: **1884**: الحديث: **7689** اخرجه ابوعبدالله الشيباني في "مسنده" طبع موسسه قرطبه قاهره مصر رقم الحديث: **11980** اخرجه ابوحاتم البستي في "صحيحه" طبع موسسه الرساله بيروت لبنان **1414**ھ / **1993**ء رقم الحديث: **601** اخرجه ابوعبدالرحمن النسائي في "سننه" طبع مكتب المطبوعات الاسلاميه حلب شام **1406**ھ **1986**ء رقم الحديث: **10050**

رقم الحديث: **1885**: اخرجه ابوالحسين مسلم النيسابوري في "صحيحه" طبع دار احياء التراث العربي بيروت لبنان رقم الحديث: **2994** اخرجه ابوداؤد السجستاني في "سننه" طبع دار الفكر بيروت لبنان رقم الحديث: **5026** اخرجه ابوعبدالله الشيباني في "مسنده" طبع دار الفكر بيروت لبنان رقم الحديث: **968** اخرجه ابوعبدالله الشيباني في "مسنده" طبع موسسه قرطبه قاهره مصر رقم الحديث: **10706** اخرجه ابوحاتم البستي في "صحيحه" طبع موسسه الرساله بيروت لبنان **1414**ھ / **1993**ء رقم الحديث: **2357**

رقم الحديث **1886**: اخرجه ابوالحسين مسلم النيسابوري في "صحيحه" طبع دار احياء التراث العربي بيروت لبنان رقم الحديث: **2997** اخرجه ابوعبدالله الشيباني في "مسنده" طبع موسسه قرطبه قاهره مصر رقم الحديث: **7196** اخرجه ابوحاتم البستي في "صحيحه" طبع موسسه الرساله بيروت لبنان **1414**ھ / **1993**ء رقم الحديث: **6258** اخرجه ابويعلى الموصلي في "مسنده" دار المامون للتراث دمشق شام **1404**ھ **1984**ء رقم الحديث: **6031**

Marfat.com

عَنِ النَّبِيِّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَالَ: فُقِدَتْ أُمَّةٌ مِّنْ بَنِي إِسْرَائِيْلَ لا يُدْرى مَا فَعَلَتْ، وَإِنِّي لا أُرَاهَا إِلَّا الْفَارَ إِذَا وُضِعَ لَهَا أَلْبَانُ الْإِبِلِ لَمْ تَشْرَبْ؛ وَإِذَا وُضِعَ لَهَا أَلْبَانُ الشَّاءِ شَرِبَتْ فَحَدَّثْتُ كَعْبًا فَقَالَ: أَنْتَ سَمِعْتَ النَّبِيَّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ يَقُوْلُهُ قُلْتُ: نَعَمْ قَالَ لِيْ مِرَارًا فَقُلْتُ: أَفَأَقْرَأُ التَّوْرَاةَ

✧✧ حضرت ابوہریرہ رضی اللہ عنہ نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کا یہ فرمان نقل کرتے ہیں: بنی اسرائیل کی ایک قوم گم ہوگئی یہ پتہ نہیں چل سکا کہ اس کے ساتھ کیا ہوا؟ میرا یہ خیال ہے کہ وہ یہ چوہے ہیں' کیونکہ جب ان کے سامنے اونٹ کا دودھ رکھا جاتا ہے تو وہ نہیں پیتے اور جب ان کے سامنے بکری کا دودھ رکھا جاتا ہے تو وہ پی لیتے ہیں۔

حضرت ابوہریرہ رضی اللہ عنہ بیان کرتے ہیں: میں نے یہ حدیث حضرت کعب رضی اللہ عنہ کو سنائی تو انہوں نے دریافت کیا: تم نے خود نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کو یہ بیان کرتے ہوئے سنا ہے؟ میں نے جواب دیا: جی ہاں۔ انہوں نے چند مرتبہ مجھ سے یہی سوال کیا تو میں نے جواب دیا: کیا میں تورات پڑھ رہا ہوں۔

أخرجه البخاری فی: 59 کتاب بدء الخلق: 15 باب خیر مال المسلم غنم یتبع بها شعف الجبال

رقم الجزء: 1 رقم الصفحة: 932 (جہانگیری صحیح بخاری، مطبوعہ شبیر برادرز، رقم الحدیث:3129)

•••———•••———•••

لا يلدغ المؤمن من جحر مرتين

مومن ایک سوراخ سے دومرتبہ نہیں ڈسا جاتا

1887 حديث أَبِيْ هُرَيْرَةَ رَضِيَ اللّٰهُ عَنْهُ،

رقم الحديث 1887

اخرجه ابوالحسين مسلم النيسابوری فی ''صحيحه'' طبع داراحياء التراث العربی، بيروت، لبنان، رقم الحديث: **2998** اخرجه ابوداؤد السجستانی فی ''سننه'' ،طبع دارالفكر،بيروت، لبنان، رقم الحديث: **4862** اخرجه ابو عبدالله القزوينی فی ''سننه'' ، طبع دارالفكر، بيروت، لبنان، رقم الحديث: **3982** اخرجه ابومحمد الدارمی فی ''سننه'' طبع دارالكتاب العربی، بيروت، لبنان، **1407**ھ، **1987**ء،رقم الحديث: **2781** اخرجه ابوعبدالله الشيبانی فی ''مسنده'' طبع موسسه قرطبه، قاہره، مصر،رقم الحديث: **5964** اخرجه ابوحاتم البستی فی ''صحيحه'' طبع موسسه الرساله، بيروت ، لبنان، **1414**ھ/**1993**ء، رقم الحديث: **663** ذكره ابوبكر البيبقی فی ''سننه الكبرٰی' طبع مكتبه دارالباز، مكه مكرمه، سعودی عرب **1414**ھ/**1994**ء، رقم الحديث: **20205** اخرجه ابوداؤد الطيالسی فی ''مسنده'' طبع دارالمعرفة، بيروت، لبنان، رقم الحديث: **1813** اخرجه ابوالقاسم الطبرانی فی ''معجمه الاوسط'' طبع دارالحرمين، قاہره، مصر، **1415**ھ ، رقم الحديث: **78** اخرجه ابوالقاسم الطبرانی فی ''معجمه الكبير'' طبع مكتبه العلوم والحكم، موصل، **1404**ھ/**1983**ء، رقم الحديث: **13138** اخرجه ابوعبدالله البخاری فی ''الادب المفرد'' طبع دارالبشائر الاسلاميه، بيروت، لبنان، **1409**ھ/**1989**ء، رقم الحديث: **1278** اخرجه ابوعبدالله القضاعی فی ''مسنده'' طبع موسسة الرسالة، بيروت، لبنان **1407**ھ/ **1986**ء، رقم الحديث: **827** اخرجه ابومحمد الكسی فی ''مسنده'' طبع مكتبة السنة، قاہره، مصر، **1408**ھ/**1988**ء، رقم الحديث: **735** اخرجه ابن راہويه الحنظلی فی ''مسنده'' طبع مكتبه الايمان، مدينه منوره، (طبع اول) **1412**ھ/**1991**ء، رقم الحديث: **431**

Marfat.com

عَنِ النَّبِيِّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ، أَنَّهُ قَالَ: لاَ يُلْدَغُ الْمُؤْمِنُ مِنْ جُحْرٍ وَاحِدٍ مَرَّتَيْنِ

✧✧ حضرت ابوہریرہ رضی اللہ عنہ بیان کرتے ہیں: نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے ارشاد فرمایا ہے: مومن ایک سوراخ سے دومرتبہ نہیں ڈسا جاتا۔

أخرجه البخاري في: 78 كتاب الأدب: 83 باب لا يلدغ المؤمن من جحر مرتين

رقم الجزء: 1 رقم الصفحة: 933 (جہانگیری صحیح بخاری مطبوعہ شبیر برادرز، رقم الحدیث: 5782)

•••———•••———•••

النهي عن المدح إذا كان فيه إفراط وخيف منه فتنة الممدوح

تعریف کرنے کی ممانعت جبکہ اس میں افراط کا پہلو پایا جاتا ہو

اور ممدوح کے آزمائش میں مبتلا ہونے کا اندیشہ ہو

1888 حديث أَبِي بَكْرَةَ،

قَالَ: أَثْنى رَجُلٌ عَلى رَجُلٍ عِنْدَ النَّبِيِّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ، فَقَالَ: وَيْلَكَ قَطَعْتَ عُنُقَ صَاحِبِكَ، قَطَعْتَ عُنُقَ صَاحِبِكَ مِرَارًا ثُمَّ قَالَ: مَنْ كَانَ مِنْكُمْ مَادِحًا أَخَاهُ، لاَ مَحَالَةَ، فَلْيَقُلْ أَحْسِبُ فُلاَنًا وَاللّٰهُ حَسِيبُهُ وَلاَ أُزَكِّي عَلَى اللّٰهِ أَحَدًا أَحْسِبُهُ كَذَا وَكَذَا، إِنْ كَانَ يَعْلَمُ ذَلِكَ مِنْهُ

✧✧ حضرت ابی بکرہ رضی اللہ عنہ بیان کرتے ہیں، نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کے سامنے ایک شخص نے دوسرے کی تعریف کی تو آپ نے فرمایا: تمہارا ستیاناس ہو! تم نے اپنے ساتھی کی گردن کاٹ دی ہے۔ آپ نے پھر یہی فرمایا: پھر آپ نے فرمایا: اگر کسی نے اپنے بھائی کی تعریف ضرور کرنی ہو تو یہ کہے: فلاں کے بارے میں میرا یہ گمان ہے باقی اللہ بہتر جانتا ہے۔ میں اللہ تعالیٰ کی طرف سے کسی کو نیک قرار نہیں دیتا میں تو اپنی طرف سے یہی سمجھتا ہوں' لیکن یہ اس وقت کہے' جب اس کو اس کے بارے میں اس (خوبی) کا علم ہو۔

أخرجه البخاري في: 52 كتاب الشهادات: 16 باب إذا زكى رجل رجلاً كفاه

رقم الجزء: 1 رقم الصفحة: 933 (جہانگیری صحیح بخاری مطبوعہ شبیر برادرز، رقم الحدیث: 2519)

1889 حديث أَبِي مُوسَى رَضِيَ اللّٰهُ عَنْهُ،

قَالَ: سَمِعَ النَّبِيُّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ، رَجُلاً يُثْنِي عَلَى رَجُلٍ وَيُطْرِيهِ فِي مَدْحِهِ فَقَالَ: أَهْلَكْتُمْ (أَوْ

رقم الحديث: **1888**

اخرجه ابوالحسين مسلم النيسابوري في "صحيحه" طبع داراحياء التراث العربي، بيروت، لبنان، رقم الحديث: **3000** اخرجه ابوداؤد السجستاني في "سننه" طبع دارالفكر، بيروت، لبنان، رقم الحديث: **4805** اخرجه ابو عبدالله القزويني في "سننه" طبع دارالفكر، بيروت، لبنان، رقم الحديث: **3744** اخرجه ابوعبدالله الشيباني في "مسنده" طبع موسسه قرطبه، قاهره، مصر، رقم الحديث: **20480** اخرجه ابوحاتم البستي في "صحيحه" طبع موسسه الرساله، بيروت، لبنان، **1414**ھ/**1993**ء، رقم الحديث **5766**

Marfat.com

قَطَعْتُمْ) ظَهْرَ الرَّجُلِ

✧✧ حضرت ابوموسیٰ اشعری رضی اللہ عنہ بیان کرتے ہیں' نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے ایک شخص کو دوسرے کی تعریف بیان کرتے ہوئے سنا' وہ اس کی تعریف میں مبالغہ کررہا تھا۔ نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: تم نے اسے ہلاک کردیا (راوی کو شک ہے شاید یہ الفاظ ہیں) تم نے اس کی پیٹھ کاٹ دی۔

أخرجه البخاري في: 52 كتاب الشهادات: 17 باب ما يكره من الإطناب في المدح وليقل ما يعلم

رقم الجزء: 1 رقم الصفحة: 933 (جہانگیری صحیح بخاری، مطبوعہ شبیر برادرز، رقم الحدیث:2520)

•••———•••———•••

مناولة الأكبر

بڑی عمر والے کو فوقیت دینا

1890 حديث ابْنِ عُمَرَ رَضِيَ اللّٰهُ عَنْهُمَا

أَنَّ النَّبِيَّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ، قَالَ: أَرَانِي أَتَسَوَّكُ بِسِوَاكٍ فَجَاءَنِي رَجُلاَنِ أَحَدُهُمَا أَكْبَرُ مِنَ الْآخَرِ فَنَاوَلْتُ السِّوَاكَ الْأَصْغَرَ مِنْهُمَا فَقِيْلَ لِيْ: كَبِّرْ فَدَفَعْتُهُ إِلَى الْأَكْبَرِ مِنْهُمَا

✧✧ حضرت ابن عمر رضی اللہ عنہما' نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کا یہ فرمان نقل کرتے ہیں۔ میں نے خواب میں خود کو مسواک کرتے ہوئے دیکھا پھر میرے پاس دو اشخاص آئے ان میں سے ایک دوسرے سے بڑا تھا' میں نے چھوٹے کی طرف مسواک بڑھائی تو مجھ سے کہا گیا' بڑے کو عنایت کریں' میں نے بڑے کو دے دی۔

أخرجه البخاري في: 4 كتاب الوضوء: 74 باب دفع السواك إلى الأكبر

رقم الجزء: 1 رقم الصفحة: 934 (جہانگیری صحیح بخاری، مطبوعہ شبیر برادرز، رقم الحدیث:243)

•••———•••———•••

التثبت في الحديث وحكم كتابة العلم

سوچ سمجھ کر بات کرنا اور علم کو تحریر کرنے کا حکم

1891 حديث عَائِشَةَ رَضِيَ اللّٰهُ عَنْهَا،

أَنَّ النَّبِيَّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ كَانَ يُحَدِّثُ حَدِيْثًا، لَوْ عَدَّهُ الْعَادُّ لَأَحْصَاهُ

✧✧ سیدہ عائشہ صدیقہ رضی اللہ عنہا بیان کرتی ہیں: نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم جب کوئی بات بیان کرتے تھے تو (کوئی بھی) گننے والا شخص

رقم الحديث: **1890**

أخرجه ابوالحسين مسلم النيسابوري في "صحيحه" طبع داراحياء التراث العربي، بيروت، لبنان، رقم الحديث: **2271** ذكره ابوبكر البيهقي في "سننه الكبرى" طبع مكتبه دارالباز، مكه مكرمه، سعودي عرب **1414**ھ/**1994**ء، رقم الحديث:**170**

Marfat.com

آپ ﷺ کے الفاظ گن سکتا تھا۔

أخرجه البخاري في: 61 كتاب المناقب: 23 باب صفة النبي صلى الله عليه وسلم

رقم الجزء: 1 رقم الصفحة: 934 (جہانگیری صحیح بخاری مطبوعہ شبیر برادرز، رقم الحدیث: 3374)

•••———•••———•••

في حديث الهجرة

ہجرت کا واقعہ

1892 حديث أَبِي بَكْرٍ عَنِ الْبَرَاءِ بْنِ عَازِبٍ

قَالَ: جَاءَ أَبُو بَكْرٍ، إِلَى أَبِي فِي مَنْزِلِهِ فَاشْتَرَى مِنْهُ رَحْلاً فَقَالَ لِعَازِبٍ: ابْعَثِ ابْنَكَ يَحْمِلْهُ مَعِي قَالَ: فَحَمَلْتُهُ مَعَهُ وَخَرَجَ أَبِي يَنْتَقِدُ ثَمَنَهُ فَقَالَ لَهُ أَبِي: يَا أَبَا بَكْرٍ حَدِّثْنِي كَيْفَ صَنَعْتُمَا حِينَ سَرَيْتُمْ مَعَ رَسُولِ اللَّهِ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَالَ: نَعَمْ أَسْرَيْنَا لَيْلَتَنَا، وَمِنَ الْغَدِ، حَتَّى قَامَ قَائِمُ الظَّهِيرَةِ وَخَلاَ الطَّرِيقُ، لاَ يَمُرُّ فِيهِ أَحَدٌ فَرُفِعَتْ لَنَا صَخْرَةٌ طَوِيلَةٌ، لَهَا ظِلٌّ، لَمْ تَأتِ عَلَيْهِ الشَّمْسُ فَنَزَلْنَا عِنْدَهُ، وَسَوَّيْتُ لِلنَّبِيِّ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ مَكَانًا بِيَدِي يَنَامُ عَلَيْهِ وَبَسَطْتُ فِيهِ فَرْوَةً وَقُلْتُ: نَمْ يَا رَسُولَ اللَّهِ وَأَنَا أَنْفُضُ لَكَ مَا حَوْلَكَ، فَنَامَ وَخَرَجْتُ أَنْفُضُ مَا حَوْلَهُ، فَإِذَا أَنَا بِرَاعِ مُقْبِلٍ بِغَنَمِهِ إِلَى الصَّخْرَةِ، يُرِيدُ مِنْهَا مِثْلَ الَّذِي أَرَدْنَا فَقُلْتُ: لِمَنْ أَنْتَ يَا غُلاَمُ فَقَالَ: لِرَجُلٍ مِنْ أَهْلِ الْمَدِينَةِ (أَوْ مَكَّةَ) قُلْتُ: أَفِي غَنَمِكَ لَبَنٌ قَالَ: نَعَمْ قُلْتُ: أَفَتَحْلُبُ قَالَ. نَعَمْ فَأَخَذَ شَاةً فَقُلْتُ: انْفُضِ الضَّرْعَ مِنَ التُّرَابِ وَالشَّعَرِ وَالْقَذَى (قَالَ الرَّاوِي: فَرَأَيْتُ الْبَرَاءَ يَضْرِبُ إِحْدَى يَدَيْهِ عَلَى الأُخْرَى، يَنْفُضُ) فَحَلَبَ فِي قَعْبٍ كُثْبَةً مِنْ لَبَنٍ، وَمَعِي إِدَاوَةٌ حَمَلْتُهَا لِلنَّبِيِّ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ، يَرْتَوِي مِنْهَا، يَشْرَبُ وَيَتَوَضَّأُ فَأَتَيْتُ النَّبِيَّ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ، فَكَرِهْتُ أَنْ أُوقِظَهُ فَوَافَقْتُهُ حِينَ اسْتَيْقَظَ فَصَبَبْتُ مِنَ الْمَاءِ عَلَى اللَّبَنِ، حَتَّى بَرَدَ أَسْفَلُهُ فَقُلْتُ: اشْرَبْ يَا رَسُولَ اللَّهِ قَالَ: فَشَرِبَ حَتَّى رَضِيتُ ثُمَّ قَالَ: أَلَمْ يَأْنِ لِلرَّحِيلِ قُلْتُ: بَلَى قَالَ: فَارْتَحَلْنَا بَعْدَ مَا مَالَتِ الشَّمْسُ وَاتَّبَعَنَا سُرَاقَةُ بْنُ مَالِكٍ فَقُلْتُ: أُتِينَا يَا رَسُولَ اللَّهِ فَقَالَ: لاَ تَحْزَنْ إِنَّ اللَّهَ مَعَنَا فَدَعَا عَلَيْهِ النَّبِيُّ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ، فَارْتَطَمَتْ بِهِ فَرَسُهُ إِلَى بَطْنِهَا، أُرَى فِي جَلَدٍ مِنَ الأَرْضِ فَقَالَ: إِنِّي أُرَاكُمَا قَدْ دَعَوْتُمَا عَلَيَّ فَادْعُوَا لِي فَاللَّهُ لَكُمَا أَنْ أَرُدَّ عَنْكُمَا الطَّلَبَ فَدَعَا لَهُ النَّبِيُّ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ، فَنَجَا فَجَعَلَ لاَ يَلْقَى أَحَدًا إِلاَّ قَالَ: كَفَيْتُكُمْ مَا هُنَا فَلاَ يَلْقَى أَحَدًا إِلاَّ رَدَّهُ قَالَ: وَوَفَى لَنَا

رقم الحديث: 1892

حدیث ابوالحسین مسلم النیسابوری فی "صحیحه" طبع دار احیاء التراث العربی، بیروت، لبنان، رقم الحدیث: 2009 اخرجه ابوعبدالله البستی فی "صحیحه" طبع مؤسسة الرسالة، بیروت، لبنان، 1414ھ/1993ء، رقم الحدیث: 6281 اخرجه ابویعلی الموصلی فی "مسنده" طبع دار المامون للتراث، دمشق، شام، 1404ھ-1984ء، رقم الحدیث: 116

Marfat.com

✧✧ حضرت براء بن عازب رضی اللہ عنہ بیان کرتے ہیں' حضرت ابوبکر رضی اللہ عنہ میرے والد کے ہاں آئے اوران سے ایک پالان خریدا۔ انہوں نے (میرے والد) عازب سے کہا: اپنے بیٹے کو میرے ساتھ بھیجیں وہ اسے اٹھا کر میرے ساتھ چلا جائے۔ حضرت براء رضی اللہ عنہ بیان کرتے ہیں' میں اسے اٹھا کر ان کے ساتھ چلا گیا، میرے والد بھی دینار کی جانچ کروانے کے لئے نکلے میرے والد نے کہا: اے ابوبکر! آپ ہمیں بتایئے جب آپ نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کے ہمراہ (ہجرت کے موقع پر) سفر کر رہے تھے تو کیا واقعہ پیش آیا۔ حضرت ابوبکر رضی اللہ عنہ نے فرمایا: ہاں! ہم نے رات کے وقت سفر شروع کیا اور اگلے دن بھی سفر کرتے رہے یہاں تک کہ جب دوپہر کا وقت ہوگیا اور راستہ خالی ہوگیا۔ وہاں سے کوئی بھی شخص نہیں گزر رہا تھا تو ہمارے سامنے ایک بڑی سی چٹان آئی جس کا سایہ تھا اس سائے میں دھوپ نہیں آتی تھی ہم نے وہاں پڑاؤ کیا۔ میں نے نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کے لئے ہاتھ کے ذریعے جگہ برابر کی تا کہ آپ اُس پر سو جائیں پھر میں نے آپ کے لئے ایک پوستین بچھا دی اور عرض کی: یارسول اللہ (صلی اللہ علیہ وسلم)! آپ سو جایئے میں آپ کے اردگرد کا جائزہ لیتا رہوں گا۔ نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم سو گئے میں آس پاس کا جائزہ لینے کے لئے نکلا تو سامنے سے ایک چرواہا اپنی بکریوں کے ساتھ چٹان کی طرف آ رہا تھا وہ بھی اس کے سائے میں آنا چاہتا تھا۔ میں نے اس سے کہا: اے نوجوان! تم کس کے چرواہے ہو؟ وہ بولا: شہر (یا شاید لفظ استعمال کیا مکہ کے ایک شخص کا) میں نے کہا: کیا تمہاری بکریوں میں دودھ ہے؟ اس نے کہا: جی ہاں! میں نے دریافت کیا: کیا تم دودھ دوہ کے دو گے؟ اس نے کہا: جی ہاں! اس نے ایک بکری پکڑی میں نے کہا: تم اس کے تھنوں سے مٹی، بال اور گندگی صاف کر دو۔

راوی بیان کرتے ہیں' میں نے دیکھا کہ یہ بات کہتے ہوئے حضرت براء رضی اللہ عنہ اپنا ایک ہاتھ دوسرے ہاتھ پر مار کر اسے جھاڑ رہے تھے (حضرت ابوبکر رضی اللہ عنہ بیان کرتے ہیں) اس چرواہے نے ایک پیالہ دودھ دوہ کر دے دیا۔ میرے پاس ایک برتن موجود تھا جسے میں نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کے لئے لایا تھا، آپ اسے استعمال کرتے تھے آپ اس میں پی بھی لیتے تھے اور اُس میں سے وضو بھی کر لیتے تھے۔ میں نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کی خدمت میں حاضر ہوا مجھے یہ بات اچھی نہیں لگی کہ میں نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کو بیدار کروں میں آپ کے انتظار میں رہا۔ یہاں تک کہ آپ خود بیدار ہوئے میں نے اُس دودھ میں پانی ملایا یہاں تک کہ اس کا نیچے والا حصہ ٹھنڈا ہوگیا (یعنی وہ اچھی طرح بھر گیا) میں نے عرض کی: یارسول اللہ (صلی اللہ علیہ وسلم)! اسے پی لیجئے۔ نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے پی لیا یہاں تک کہ میں راضی ہوگیا پھر آپ نے فرمایا: کیا روانگی کا وقت نہیں ہوا؟ میں نے عرض کی: جی ہاں! سورج ڈھل جانے کے بعد ہم وہاں سے روانہ ہوئے۔ سراقہ بن مالک ہمارے پیچھے آیا میں نے عرض کی: یارسول اللہ (صلی اللہ علیہ وسلم)! ہم تک کوئی پہنچ گیا ہے۔ نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: ڈرو نہیں! بے شک اللہ تعالیٰ ہمارے ساتھ ہے۔ پھر آپ نے اس کے لئے دعائے ضرر کی تو اس کا گھوڑا پیٹ تک زمین میں دھنس گیا (راوی بیان کرتے ہیں) میرا خیال ہے' انہوں نے کہا تھا' سخت زمین میں دھنس گیا۔

سراقہ بولا: میرا آپ دونوں حضرات کے بارے میں یہ خیال ہے' آپ نے میرے لئے دعائے ضرر کی ہے آپ دونوں میرے لئے دعا کیجئے میں اللہ تعالیٰ کے نام پر یہ وعدہ کرتا ہوں کہ آپ کی تلاش میں آنے والوں کو آپ سے پھیر دوں گا۔ نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے اس کے حق میں دعا کی تو اسے نجات حاصل ہوگئی اس کے بعد اسے جو بھی شخص ملا تو اس نے یہی کہا اس طرف جانے کی ضرورت نہیں ہے اسے جو بھی شخص ملا اس نے اسے واپس کر دیا اور ہمارے ساتھ کیا ہوا وعدہ اس نے پورا کیا۔

أخرجه البخاري في: 61 كتاب المناقب: 25 باب علامات النبوة في الإسلام

رقم الجزء: 1 رقم الصفحة: 934 (جہانگیری صحیح بخاری، مطبوعہ شبیر برادرز، رقم الحدیث:3419)

Marfat.com

كتاب التفسير
تفسیر کا بیان

•••———•••———•••

﴿1893﴾ حديث أَبِي هُرَيْرَةَ رَضِيَ اللّٰهُ عَنْهُ،

قَالَ: قَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: قِيْلَ لِبَنِيْ إِسْرَائِيْلَ: ادْخُلُوا الْبَابَ سُجَّدًا، وَقُوْلُوْا حِطَّةٌ، فَبَدَّلُوْا فَدَخَلُوْا يَزْحَفُوْنَ عَلٰى أَسْتَاهِهِمْ، وَقَالُوْا: حَبَّةٌ فِيْ شَعْرَةٍ

✧✧ حضرت ابوہریرہ رضی اللہ عنہ بیان کرتے ہیں' نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے ارشاد فرمایا ہے: بنی اسرائیل سے کہا گیا'' دروازے میں سجدے کی حالت میں داخل ہو اور حطۃ کہو'' تو انہوں نے اس لفظ کو تبدیل کر دیا وہ اپنے سرین کے بل وہاں داخل ہوئے اور انہوں نے کہا: حبة فی شعرة۔

أخرجه البخاري في: 60 كتاب الأنبياء: 28 باب حدثني إسحٰق بن نصر

رقم الجزء: 1 رقم الصفحة: 936 (جہانگیری صحیح بخاری مطبوعہ شبیر برادرز، رقم الحدیث: 3222)

﴿1894﴾ حديث أَنَسِ بْنِ مَالِكٍ رَضِيَ اللّٰهُ عَنْهُ،

أَنَّ اللّٰهَ تَعَالٰى تَابَعَ عَلٰى رَسُوْلِهِ، قَبْلَ وَفَاتِهِ حَتّٰى تَوَفَّاهُ أَكْثَرَ مَا كَانَ الْوَحْيُ ثُمَّ تُوُفِّيَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ، بَعْدُ

✧✧ حضرت انس بن مالک رضی اللہ عنہ بیان کرتے ہیں: اللہ تعالیٰ نے نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کی وفات سے پہلے آپ پر لگاتار وحی نازل کی یہاں تک کہ آپ کو وفات دیدی۔ نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کی وفات سے پہلے وحی بکثرت نازل ہوئی پھر آپ کا وصال ہوگیا۔

أخرجه البخاري في: 66 كتاب فضائل القرآن: 1 باب كيف نزول الوحي

رقم الجزء: 1 رقم الصفحة: 937 (جہانگیری صحیح بخاری مطبوعہ شبیر برادرز، رقم الحدیث: 4697)

رقم الحديث: 1893

اخرجه ابوالحسين مسلم النيسابوری فی ''صحيحه'' طبع داراحياء التراث العربی، بيروت، لبنان، رقم الحديث: 3015 اخرجه ابوداؤد السجستانی فی ''سننه'' طبع دارالفكر، بيروت، لبنان، رقم الحديث: 4006

رقم الحديث 1894: اخرجه ابوالحسين مسلم النيسابوری فی ''صحيحه'' طبع داراحياء التراث العربی، بيروت، لبنان، رقم الحديث: 3016 اخرجه ابوعبدالله الشيبانی فی ''مسنده'' طبع موسسه قرطبه، قاهره، مصر، رقم الحديث: 13504 اخرجه ابوعبدالرحمن النسائی فی ''سننه'' طبع مكتب المطبوعات الاسلاميه، حلب، شام، 1406ھ، 1986ء، رقم الحديث: 7983

Marfat.com

1895 حديث عُمَرَ بْنِ الْخَطَّابِ رَضِيَ اللّٰهُ عَنْهُ،

أَنَّ رَجُلاً مِّنَ الْيَهُوْدِ قَالَ لَـهُ: يَا أَمِيْرَ الْمُؤْمِنِيْنَ اٰيَةٌ فِيْ كِتَابِكُمْ تَقْرَءُ وْنَهَا، لَوْ عَلَيْنَا، مَعْشَرَ الْيَهُوْدِ نَزَلَتْ، لاَتَّـخَـذْنَا ذٰلِكَ الْيَوْمَ عِيْدًا قَالَ: أَيُّ اٰيَةٍ قَالَ ﴿الْيَوْمَ أَكْمَلْتُ لَكُمْ دِيْنَكُمْ وَأَتْمَمْتُ عَلَيْكُمْ نِعْمَتِيْ وَرَضِيْتُ لَكُمُ الْإِسْلاَمَ دِيْنًا﴾ قَالَ عُمَرُ: قَدْ عَرَفْنَا ذٰلِكَ الْيَوْمَ، وَالْمَكَانَ الَّذِيْ نَزَلَتْ فِيْهِ عَلَى النَّبِيِّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ وَهُوَ قَائِمٌ بِعَرَفَةَ، يَوْمَ جُمُعَةٍ

✧✧ حضرت عمر رضی اللہ عنہ کے بارے میں منقول ہے۔ ''ایک مرتبہ ایک یہودی نے انہیں مخاطب کرتے ہوئے کہا' اے امیر المومنین! آپ کی کتاب (قرآن مجید) میں ایک ایسی آیت موجود ہے اگر وہ ہماری قوم یہود پر نازل ہوتی تو ہم اس (کے نزول کے) دن کو عید (کا دن) سمجھتے۔ حضرت عمر رضی اللہ عنہ نے دریافت کیا' کون سی آیت؟ اس یہودی نے عرض کی: (سورۂ نسا کی وہ آیت جس کا ترجمہ درج ذیل ہے) ''آج کے دن ہم نے تمہارے لیے' تمہارے دین کو مکمل کر دیا اور تمہارے اوپر اپنی نعمت تمام کر دی اور تمہارے لیے دین کے طور پر اسلام کو پسند کر لیا۔'' حضرت عمر رضی اللہ عنہ نے فرمایا: نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم پر جس دن اور جس جگہ یہ آیت نازل ہوئی تھی ہم اس سے واقف ہیں اس دن جمعہ کا دن تھا اور آپ عرفہ میں قیام پذیر تھے (یعنی عید کا دن تھا)۔

أخرجه البخاري في: 2 كتاب الإيمان: 33 باب زيادة الإيمان ونقصانه

رقم الجزء: 1 رقم الصفحة: 937 (جہانگیری صحیح بخاری، مطبوعہ شبیر برادرز، رقم الحدیث:45)

1896 حديث عَائِشَةَ رَضِيَ اللّٰهُ عَنْهَا،

عَنْ عُرْوَةَ ابْنِ الزُّبَيْرِ، أَنَّه سَأَلَ عَائِشَةَ عَنْ قَوْلِ اللّٰهِ تَعَالٰى (وَإِنْ خِفْتُمْ) إِلٰى (وَرُبَاعَ) فَقَالَتْ: يَا ابْنَ أُخْتِيْ هِـيَ الْيَتِيْمَةُ تَكُوْنُ فِيْ حَجْرِ وَلِيِّهَا، تُشَارِكُهُ فِيْ مَالِـهِ، فَيُعْجِبُهُ مَالُهَا وَجَمَالُهَا فَيُرِيْدُ وَلِيُّهَا أَنْ يَّتَزَوَّجَهَا بِغَيْرِ أَنْ يُّقْسِطَ فِيْ صَدَاقِهَا، فَيُعْطِيَهَا مِثْلَ مَا يُعْطِيهَا غَيْرُهُ فَنُهُوا أَنْ يَّنْكِحُوْهُنَّ إِلَّا أَنْ يُّقْسِطُوْا لَهُنَّ، وَيَبْلُغُوْا بِهِنَّ أَعْلٰى سُنَّتِهِنَّ مِنَ الصَّدَاقِ، وَأُمِرُوْا أَنْ يَّنْكِحُوْا مَا طَابَ لَهُمْ مِنَ النِّسَآءِ سِوَاهُنَّقَالَتْ عَائِشَةُ: ثُمَّ إِنَّ النَّاسَ اسْتَفْتَوْا رَسُوْلَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ، بَعْدَ هٰذِهِ الْاٰيَةِ فَأَنْزَلَ اللّٰهُ (وَيَسْتَفْتُوْنَكَ فِي النِّسَآءِ) إِلٰى قَوْلِهِ (وَتَرْغَبُوْنَ أَنْ تَـنْـكِـحُـوْهُـنَّ) وَالَّـذِيْ ذَكَـرَ اللّٰهُ أَنَّهُ يُتْلٰى عَلَيْكُمْ فِي الْكِتَابِ، الْاٰيَةُ الْأُوْلَى الَّتِيْ قَالَ فِيْهَا (وَإِنْ خِفْتُمْ أَنْ لاَ

رقم الحديث: 1895

اخرجه ابوالحسين مسلم النيسابوري في "صحيحه" طبع داراحياء التراث العربي، بيروت، لبنان، رقم الحديث: **3017** اخرجه ابو عيسى الترمذي في "جامعه" طبع داراحياء التراث العربي، بيروت، لبنان، رقم الحديث: **3043** اخرجه ابوعبدالرحمن النسائي في "سننه" طبع مكتب المطبوعات الاسلاميه، حلب، شام، **1406**ھ، **1986**ء، رقم الحديث:**5012** اخرجه ابوعبدالله الشيباني في "مسنده" طبع موسسه قرطبه، قاہره، مصر، رقم الحديث: **188** اخرجه ابوعبدالرحمن النسائي في "سننه" طبع مكتب المطبوعات الاسلاميه، حلب، شام، **1406**ھ، **1986**ء، رقم الحديث: **11743** ذكره ابوبكر البيهقي في "سننه الكبرٰى" طبع مكتبه دار الباز، مكه مكرمه، سعودي عرب **1414**ھ، **1994**ء، رقم الحديث: **5412** اخرجه ابوبكر الحميدي في "مسنده" طبع دارالكتب العلميه، مكتبه المتنبي، بيروت، قاہره، رقم الحديث:**31** اخرجه ابومحمد الكسي في "مسنده" طبع مكتبة السنة، قاہره، مصر، **1408**ھ/**1988**ء، رقم الحديث:**30**

Marfat.com

تُقْسِطُوْا فِي الْيَتَامٰى فَانْكِحُوْا مَا طَابَ لَكُمْ مِنَ النِّسَآءِ)

قَالَتْ عَائِشَةُ: وَقَوْلُ اللّٰهِ فِي الْاٰيَةِ الْاُخْرٰى (وَتَرْغَبُوْنَ أَنْ تَنْكِحُوْهُنَّ) يَعْنِي هِيَ رَغْبَةُ أَحَدِكُمْ لِيَتِيْمَتِهِ الَّتِي تَكُوْنُ فِي حَجْرِهِ، حِيْنَ تَكُوْنُ قَلِيْلَةَ الْمَالِ وَالْجَمَالِ فَنُهُوا أَنْ يَّنْكِحُوْا مَا رَغِبُوْا فِي مَالِهَا وَجَمَالِهَا مِنْ يَتَامَى النِّسَآءِ، إِلَّا بِالْقِسْطِ، مِنْ أَجْلِ رَغْبَتِهِمْ عَنْهُنَّ

✧✧ عروہ بیان کرتے ہیں' انہوں نے سیّدہ عائشہ صدیقہ رضی اللہ عنہا سے اللہ تعالیٰ کے اس فرمان کے بارے میں دریافت کیا۔

''اگر تمہیں یہ اندیشہ ہو کہ تم انصاف نہیں کر سکو گے''۔

سیدہ عائشہ رضی اللہ عنہا نے فرمایا: اے میرے بھتیجے! یہ یتیم لڑکی کے بارے میں ہے جو اپنے ولی کی زیر پرورش ہو اور اس کے مال میں اس کی شریک ہو اس ولی کو اس لڑکی کا مال اور خوبصورتی پسند آئے اور اس کا ولی اس کے ساتھ شادی کرنا چاہے' لیکن اسے مہر دینے میں انصاف سے کام نہ لے اور اسے اتنا مہر نہ دے جتنا کوئی دوسرا دیتا تو لوگوں کو اس بات سے منع کر دیا گیا۔ ایسی لڑکیوں کے ساتھ شادی کرنے سے' البتہ اگر وہ ان کے ساتھ انصاف سے کام لیں اور مہر میں انہیں مناسب طریقے سے ادائیگی کریں تو اس چیز کی اجازت ہے۔ لوگوں کو یہ حکم دیا گیا ہے کہ وہ ان یتیم لڑکیوں کے علاوہ' جو لڑکیاں انہیں پسند آتی ہیں' ان سے شادی کر سکتے ہیں۔

عروہ بیان کرتے ہیں' حضرت عائشہ رضی اللہ عنہا نے بتایا: لوگوں نے اس آیت کے بعد یہ مسئلہ نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم سے دریافت کیا تو یہ آیت نازل ہوئی:

''وہ لوگ تم سے خواتین کے بارے میں حکم دریافت کرتے ہیں''۔

یہ آیت یہاں تک ہے ''اور تم اس بات میں ان سے رغبت رکھتے ہو کہ تم ان سے نکاح کرو''۔ جس چیز کا ذکر اللہ تعالیٰ نے کیا ہے وہ تمہارے سامنے کتاب میں تلاوت کی جاتی ہے جس کی پہلی آیت یہ ہے جس میں اس نے ارشاد فرمایا ہے:

''اگر تمہیں یہ اندیشہ ہو کہ تم یتیم لڑکیوں کے بارے میں انصاف سے کام نہیں لے سکو گے تو تمہیں جو خواتین پسند ہوں ان کے ساتھ شادی کر لو''۔

سیدہ عائشہ رضی اللہ عنہا بیان کرتی ہیں دوسری آیت میں اللہ تعالیٰ کا یہ فرمان ہے۔

''اور تم یہ رغبت رکھتے ہو کہ ان کے ساتھ شادی کرو''۔

یعنی کسی شخص کا رغبت رکھنا اس لڑکی کے بارے میں جو اس کے زیر پرورش ہو اور اس کا مال کم ہو اور اس کی خوبصورتی بھی کم ہو تو لوگوں کو اس بات سے منع کیا گیا ہے کہ وہ ان کے ساتھ شادی کریں جن کے مال اور خوبصورتی میں وہ دلچسپی رکھتے ہیں' ان خواتین میں سے جو یتیم ہیں' البتہ اگر وہ انصاف سے کام لیں تو وہ ایسا کر سکتے ہیں یعنی ان خواتین میں دلچسپی کی وجہ سے وہ ایسا کر سکتے ہیں۔

أخرجه البخاري في: 47 كتاب الشركة: 7 باب، شركة اليتيم وأهل الميراث

رقم الجزء: 1 رقم الصفحة: 937 (جہانگیری صحیح بخاری مطبوعہ شبیر برادرز، رقم الحدیث: 2362)

Marfat.com

﴿1897﴾ حديث عَائِشَةَ رَضِيَ اللّٰهُ عَنْهَا

قَالَتْ: (وَمَنْ كَانَ غَنِيًّا فَلْيَسْتَعْفِفْ، وَمَنْ كَانَ فَقِيرًا فَلْيَأْكُلْ بِالْمَعْرُوْفِ) أُنْزِلَتْ فِيْ وَالِي الْيَتِيْمِ الَّذِيْ يُقِيْمُ عَلَيْهِ، وَيُصْلِحُ فِيْ مَالِهِ، إِنْ كَانَ فَقِيرًا أَكَلَ مِنْهُ بِالْمَعْرُوْفِ

✧✧ حضرت عائشہ صدیقہ رضی اللہ عنہا بیان کرتی ہیں ارشاد باری تعالیٰ ہے:

''اور جو سرپرست غنی ہو اسے (یتیم کا مال استعمال کرنے سے) بچنا چاہیے اور جو غریب ہو اسے مناسب طریقے سے خرچ کرنا چاہیے''۔

سیّدہ عائشہ صدیقہ رضی اللہ عنہا فرماتی ہیں یہ آیت یتیم کے سرپرست کے بارے میں نازل ہوئی تھی۔ جو اس کی نگرانی کرتا ہے اس کے مال کا خیال رکھتا ہے اگر وہ غریب ہو تو وہ اس یتیم کے مال میں سے مناسب طور پر استعمال (یا خرچ) کر سکتا ہے۔

أخرجه البخاري في: 34 كتاب البيوع: 95 باب من أجرى أمر الأنصار على ما يتعارفون بينهم

رقم الجزء: 1 رقم الصفحة: 939 (جہانگیری صحیح بخاری، مطبوعہ شبیر برادرز، رقم الحدیث:2098)

﴿1898﴾ حديث عَائِشَةَ رَضِيَ اللّٰهُ عَنْهَا

(وَإِنِ امْرَأَةٌ خَافَتْ مِنْ بَعْلِهَا نُشُوْزًا أَوْ إِعْرَاضًا) قَالَتْ: الرَّجُلُ تَكُوْنُ عِنْدَهُ الْمَرْأَةُ لَيْسَ بِمُسْتَكْثِرٍ مِنْهَا، يُرِيْدُ أَنْ يُفَارِقَهَا فَتَقُوْلُ: أَجْعَلُكَ مِنْ شَأْنِيْ فِيْ حِلٍّ فَنَزَلَتْ هٰذِهِ الْآيَةُ فِيْ ذٰلِكَ

✧✧ سیدہ عائشہ صدیقہ رضی اللہ عنہا بیان کرتی ہیں (ارشاد باری تعالیٰ ہے:)

''اور اگر عورت کو اپنے شوہر کی طرف سے زیادتی یا بے رغبتی کا خوف ہو''۔

سیدہ عائشہ صدیقہ رضی اللہ عنہا فرماتی ہیں: ایک شخص کی بیوی ہے وہ اس کے ساتھ نہیں رہنا چاہتا بلکہ اس سے الگ ہونا چاہتا ہے تو عورت یہ کہتی ہے: میں تمہیں اپنا حق معاف کرتی ہوں تو اس بارے میں یہ آیت نازل ہوئی۔

أخرجه البخاري في: 46 كتاب المظالم: 11 باب إذا حلله من ظلمه فلا رجوع فيه

رقم الجزء: 1 رقم الصفحة: 939 (جہانگیری صحیح بخاری، مطبوعہ شبیر برادرز، رقم الحدیث:2318)

رقم الحديث: 1897

اخرجه ابوالحسين مسلم النيسابوری فی ''صحيحه'' طبع داراحياء التراث العربی، بيروت، لبنان، رقم الحديث: **3019** ذكره ابوبكر البيهقی فی ''سننه الكبرىٰ'' طبع مكتبه دارالباز، مكه مكرمه، سعودی عرب **1414**ھ/**1994**ء، رقم الحديث: **10773** اخرجه ابن رابويه الحنظلی فی ''مسنده'' طبع مكتبه الايمان، مدينه منوره، (طبع اول) **1412**ھ/**1991**ء، رقم الحديث: **1160** اخرجه ابوبكر الكوفی، فی ''مصنفه'' طبع مكتبه الرشد، رياض، سعودی عرب، (طبع اول) **1409**ھ، رقم الحديث: **21386**

رقم الحديث: **1898**: اخرجه ابوالحسين مسلم النيسابوری فی ''صحيحه'' طبع داراحياء التراث العربی، بيروت، لبنان، رقم الحديث: **3021** اخرجه ابوعبدالرحمن النسائی فی ''سننه'' طبع مكتب المطبوعات الاسلاميه، حلب، شام، **1406**ھ، **1986**ء، رقم الحديث: **11125** ذكره ابوبكر البيهقی فی ''سننه الكبرىٰ'' طبع مكتبه دارالباز، مكه مكرمه، سعودی عرب **1414**ھ/**1994**ء، رقم الحديث: **14506**

Marfat.com

1899 حدیث ابْنِ عَبَّاسٍ رَضِیَ اللّٰهُ عَنْهُمَا

عَنْ سَعِيْدِ بْنِ جُبَيْرٍ، قَالَ: اٰيَةٌ اخْتَلَفَ فِيْهَا أَهْلُ الْكُوْفَةِ فَرَحَلْتُ فِيْهَا إِلَى ابْنِ عَبَّاسٍ رَضِيَ اللّٰهُ عَنْهُمَا، فَسَأَلْتُهُ عَنْهَا فَقَالَ: نَزَلَتْ هٰذِهِ الْاٰيَةُ (وَمَنْ يَّقْتُلْ مُؤْمِنًا مُّتَعَمِّدًا فَجَزَاؤُهُ جَهَنَّمُ) هِيَ اٰخِرُ مَا نَزَلَ، وَمَا نَسَخَهَا شَيْءٌ

✧✧ حضرت سعید بن جبیر رضی اللہ عنہ بیان کرتے ہیں: ایک آیت کے بارے میں اہل کوفہ نے اختلاف کیا تو اس کے بارے میں دریافت کرنے کے لیے میں حضرت ابن عباس رضی اللہ عنہما کے پاس آیا' میں نے ان سے اس بارے میں دریافت کیا تو انہوں نے فرمایا: یہ آیت نازل ہوئی تھی۔

''جو شخص کسی مؤمن کو جان بوجھ کر قتل کرے اس کی جزا جہنم ہے''۔

یہ نازل ہونیوالی آخری آیت ہے کسی دوسری آیت نے اسے منسوخ نہیں کیا۔

أخرجه البخاري في: 65 كتاب التفسير: 4 سورة النساء: 16 باب ومن يقتل مؤمنا متعمدا فجزاؤه جهنم

رقم الجزء: 1 رقم الصفحة: 940 (جہانگیری صحیح بخاری، مطبوعہ شبیر برادرز، رقم الحدیث: 4314)

1900 حدیث ابْنِ عَبَّاسٍ رَضِیَ اللّٰهُ عَنْهُمَا

قَالَ ابْنُ أَبْزٰى: سُئِلَ ابْنُ عَبَّاسٍ رَضِيَ اللّٰهُ عَنْهُمَا عَنْ قَوْلِهِ تَعَالٰى (وَمَنْ يَّقْتُلْ مُؤْمِنًا مُّتَعَمِّدًا فَجَزَاؤُهُ جَهَنَّمُ)، وَقَوْلِهِ (وَلَا يَقْتُلُوْنَ النَّفْسَ الَّتِيْ حَرَّمَ اللّٰهُ إِلَّا بِالْحَقِّ) حَتّٰى بَلَغَ (إِلَّا مَنْ تَابَ) فَسَأَلْتُهُ، فَقَالَ: لَمَّا نَزَلَتْ قَالَ أَهْلُ مَكَّةَ: فَقَدْ عَدَلْنَا بِاللّٰهِ وَقَتَلْنَا النَّفْسَ الَّتِيْ حَرَّمَ اللّٰهُ إِلَّا بِالْحَقِّ، وَأَتَيْنَا الْفَوَاحِشَ فَأَنْزَلَ اللّٰهُ (إِلَّا مَنْ تَابَ وَاٰمَنَ وَعَمِلَ عَمَلًا صَالِحًا) إِلٰى قَوْلِهِ (غَفُوْرًا رَّحِيْمًا)

✧✧ سعید بن جبیر رحمۃ اللہ علیہ بیان کرتے ہیں: ابن ابزی نے کہا: حضرت ابن عباس رضی اللہ عنہ سے اللہ تعالیٰ کے اس فرمان کے بارے میں دریافت کیا گیا۔

''جو شخص کسی مؤمن کو جان بوجھ کر قتل کردے تو اس کی جزا جہنم ہوگی اور وہ اس میں ہمیشہ رہے گا''۔

اور اس فرمان کے بارے میں بھی دریافت کیا گیا۔

''وہ لوگ کسی ایسی جان کو ناحق طور پر قتل نہیں کرتے' جسے اللہ تعالیٰ نے حرام قرار دیا ہو''۔

یہ آیت یہاں تک ہے۔ ''البتہ جو شخص توبہ کرے اور ایمان لے آئے''۔

راوی بیان کرتے ہیں: میں نے ان سے اس بارے میں دریافت کیا تو انہوں نے فرمایا: جب یہ آیت نازل ہوئی تو اس وقت اہل مکہ نے کہا: ہم نے (اسلام قبول کرنے سے پہلے کسی کو اللہ تعالیٰ کا شریک بھی بنایا ہوا تھا ہم نے اس جان کو بھی قتل کیا ہوا ہے جس کے قتل کو اللہ تعالیٰ نے حرام قرار دیا اور ہم نے زنا کا ارتکاب بھی کیا ہوا ہے تو اللہ تعالیٰ نے یہ آیت نازل کی:

''البتہ جو لوگ توبہ کرلیں اور ایمان لے آئیں اور نیک اعمال کریں''۔

Marfat.com

یہ آیت یہاں تک ہے۔ ''وہ مغفرت کرنے والا اور رحم کرنے والا ہے''۔

أخرجه البخاري في: 65 كتاب التفسير: 25 سورة الفرقان: 3 باب يضاعف له العذاب يوم القيامة

رقم الجزء: 1 رقم الصفحة: 940 (جہانگیری صحیح بخاری، مطبوعہ شبیر برادرز، رقم الحدیث: 4487)

﴿1901﴾ حديث ابْنِ عَبَّاسٍ رَضِيَ اللّٰهُ عَنْهُمَا (وَلاَ تَقُوْلُوْا لِمَنْ أَلْقٰى إِلَيْكُمُ السَّلاَمَ لَسْتَ مُؤْمِنًا) قَالَ: كَانَ رَجُلٌ فِيْ غُنَيْمَةٍ لَّهُ، فَلَحِقَهُ الْمُسْلِمُوْنَ، فَقَالَ: السَّلاَمُ عَلَيْكُمْ فَقَتَلُوْهُ وَأَخَذُوْا غُنَيْمَتَهُ فَأَنْزَلَ اللّٰهُ فِيْ ذٰلِكَ، إِلٰى قَوْلِهِ (عَرَضَ الْحَيَاةِ الدُّنْيَا) تِلْكَ الْغُنَيْمَةُ

✧✧ حضرت ابن عباس رضی اللہ عنہما بیان کرتے ہیں: ارشاد باری تعالیٰ ہے:

''اور جو لوگ تمہیں سلام کہیں تم ان کو یہ نہ کہو کہ تم لوگ مؤمن نہیں ہو''۔

حضرت ابن عباس رضی اللہ عنہما بیان کرتے ہیں: ایک شخص اپنی کچھ بکریاں لے کر آیا جب اس کا سامنا مسلمانوں سے ہوا تو اس نے کہا: السلام علیکم! مسلمانوں نے اسے قتل کر دیا اور اس کی بکریاں حاصل کر لیں' اللہ تعالیٰ نے اس بارے میں آیت نازل کی یہ آیت یہاں تک ہے۔

''تم لوگ دنیاوی زندگی کا سامان حاصل کرنا چاہتے ہو''۔

اس سے مراد وہ بکریاں ہیں۔

أخرجه البخاري في: 65 كتاب التفسير: 4 سورة النساء: 17 باب ولا تقولوا لمن ألقى إليكم السلام لست مؤمنا

رقم الجزء: 1 رقم الصفحة: 941 (جہانگیری صحیح بخاری، مطبوعہ شبیر برادرز، رقم الحدیث: 4315)

﴿1902﴾ حديث الْبَرَاءِ رَضِيَ اللّٰهُ عَنْهُ،

قَالَ: نَزَلَتْ هٰذِهِ الْآيَةُ فِيْنَا كَانَتِ الْأَنْصَارُ، إِذَا حَجُّوْا فَجَاءُوْا، لَمْ يَدْخُلُوْا مِنْ قِبَلِ أَبْوَابِ بُيُوْتِهِمْ، وَلٰكِنْ مِنْ ظُهُوْرِهَا فَجَاءَ رَجُلٌ مِّنَ الْأَنْصَارِ فَدَخَلَ مِنْ قِبَلِ بَابِهِ، فَكَأَنَّهُ عُيِّرَ بِذٰلِكَ، فَنَزَلَتْ (وَلَيْسَ الْبِرُّ بِأَنْ تَأْتُوا الْبُيُوْتَ مِنْ ظُهُوْرِهَا وَلٰكِنَّ الْبِرَّ مَنِ اتَّقٰى وَأْتُوا الْبُيُوْتَ مِنْ أَبْوَابِهَا)

✧✧ حضرت براء رضی اللہ عنہ بیان کرتے ہیں' یہ آیت انصار کے بارے میں نازل ہوئی جب وہ حج کر کے واپس آئے تھے تو گھروں میں سامنے کے دروازوں سے داخل نہیں ہوتے تھے۔ بلکہ پیچھے کی طرف سے آتے تھے انصار سے تعلق رکھنے والا ایک شخص آیا وہ دروازے کی طرف سے داخل ہو گیا لوگوں نے اس پر اسے شرمندہ کرنا چاہا تو یہ آیت نازل ہوئی۔

رقم الحديث 4315:

اخرجه ابوداؤد السجستانی فی ''سننه'' ،طبع دارالفکر،بیروت، لبنان، رقم الحدیث: 3974 اخرجه ابوالحسین مسلم النیسابوری فی ''صحیحه''طبع داراحیاء التراث العربی، بیروت، لبنان، رقم الحدیث: 3025 اخرجه ابوعبدالرحمن النسائی فی ''سننه'' طبع مکتب المطبوعات الاسلامیه، حلب، شام، 1406ھ، 1986ء، رقم الحدیث: 58590 ذکره ابوبکر البیهقی فی ''سننه الکبریٰ' طبع مکتبه دارالباز، مکه مکرمه، سعودی عرب 1414ھ/1994ء، رقم الحدیث: 18045

Marfat.com

''نیکی یہ نہیں ہے کہ تم گھر میں پیچھے کے دروازے سے آؤ بلکہ نیکی یہ ہے کہ جو شخص پرہیز گاری اختیار کرے اور گھر میں دروازے کی طرف سے آئے''۔

أخرجه البخاري في: 26 كتاب العمرة: 18 باب قول الله تعالى (وأتوا البيوت من أبوابها)

رقم الجزء: 1 رقم الصفحة: 941 (جہانگیری صحیح بخاری مطبوعہ شبیر برادرز، رقم الحدیث: 4315)

•••———•••———•••

في قوله تعالىٰ أولئك الذين يدعون يبتغون إلى ربهم الوسيلة

ارشاد باری تعالیٰ ہے: ''جن لوگوں کی وہ عبادت کرتے ہیں وہ تو خود اپنے پروردگار کی بارگاہ میں وسیلہ تلاش کرتے ہیں''

﴿1903﴾ حديث ابْنِ مَسْعُوْدٍ رَضِيَ اللّٰهُ عَنْهُ (إِلٰى رَبِّهِمُ الْوَسِيْلَةَ)

قَالَ: كَانَ نَاسٌ مِّنَ الْإِنْسِ يَعْبُدُوْنَ نَاسًا مِّنَ الْجِنِّ، فَأَسْلَمَ الْجِنُّ، وَتَمَسَّكَ هٰؤُلَاءِ بِدِيْنِهِمْ

✧✧ حضرت عبداللہ رضی اللہ عنہ بیان کرتے ہیں: (ارشاد باری تعالیٰ ہے:)

''ان کے پروردگار کی بارگاہ میں وسیلہ''۔

حضرت عبداللہ رضی اللہ عنہ بیان کرتے ہیں: کچھ انسان' جنات کی عبادت کیا کرتے تھے پھر ان جنات نے اسلام قبول کرلیا اور وہ انسان اپنے دین پر سختی سے کاربند رہے۔

أخرجه البخاري في: 65 كتاب التفسير: 17 سورة بني إسرائيل: 7 باب قل ادعوا الذين زعمتم من دونه

رقم الجزء: 1 رقم الصفحة: 942 (جہانگیری صحیح بخاری مطبوعہ شبیر برادرز، رقم الحدیث: 4437)

•••———•••———•••

في سورة براءة والأنفال والحشر

سورہ توبہ' سورہ انفال اور سورہ حشر کا بیان

﴿1904﴾ حديث ابْنِ عَبَّاسٍ رَضِيَ اللّٰهُ عَنْهُمَا

عَنْ سَعِيْدِ بْنِ جُبَيْرٍ، قَالَ: قُلْتُ لِابْنِ عَبَّاسٍ، سُوْرَةُ التَّوْبَةِ قَالَ: التَّوْبَةُ هِيَ الْفَاضِحَةُ مَا زَالَتْ تَنْزِلُ (وَمِنْهُمْ، وَمِنْهُمْ)، حَتّٰى ظَنُّوْا أَنَّهَا لَمْ تُبْقِ أَحَدًا مِّنْهُمْ إِلَّا ذُكِرَ فِيْهَا قَالَ: قُلْتُ: سُوْرَةُ الْأَنْفَالِ قَالَ: نَزَلَتْ فِيْ بَدْرٍ قَالَ: قُلْتُ، سُوْرَةُ الْحَشْرِ قَالَ: نَزَلَتْ فِيْ بَنِي النَّضِيْرِ

✧✧ سعید بن جبیر رحمۃ اللہ علیہ بیان کرتے ہیں: میں نے حضرت ابن عباس رضی اللہ عنہما سے سورہ توبہ کے بارے میں کچھ کہا تو انہوں نے فرمایا: سورہ توبہ رسوا کرنے والی ہے (یعنی اس میں کفار کی رسوائی کا تذکرہ ہے) اس کا جو بھی حصہ نازل ہوتا تھا اس میں یہی ہوتا

Marfat.com

تھا' یہاں تک کہ صحابہ اکرام نے یہ گمان کیا کہ اب یہ ان میں سے کسی ایک شخص کو بھی نہیں چھوڑے گی جس کا ذکر نہ ہوا ہو۔

سعید بن جبیر رحمۃ اللہ علیہ بیان کرتے ہیں: میں نے سورہ انفال کا تذکر کیا تو' انہوں نے فرمایا: یہ غزوۂ بدر کے بارے میں نازل ہوئی تھی۔

سعید بن جبیر رحمۃ اللہ علیہ کہتے ہیں میں نے سورہ حشر کا تذکرہ کیا تو انہوں نے بتایا: یہ بنونضیر کے بارے میں نازل ہوئی تھی۔

أخرجه البخاري في: 65 كتاب التفسير: 59 سورة الحشر: 1 باب حدثنا محمد بن عبد الرحيم

رقم الجزء: 1 رقم الصفحة: 942 (جہانگیری صحیح بخاری، مطبوعہ شبیر برادرز، رقم الحدیث:4600)

•••———•••———•••

في نزول تحريم الخمر

شراب کی حرمت کا حکم نازل ہونا

1905 حديث عُمَرَ بْنِ الْخَطَّابِ رَضِيَ اللّٰهُ عَنْهُ

عَنِ ابْنِ عُمَرَ رَضِيَ اللّٰهُ عَنْهُمَا، قَالَ: خَطَبَ عُمَرُ عَلٰى مِنْبَرِ رَسُوْلِ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ فَقَالَ: إِنَّهُ قَدْ نَزَلَ تَحْرِيْمُ الْخَمْرِ وَهِيَ مِنْ خَمْسَةِ أَشْيَاءَ: الْعِنَبِ وَالتَّمْرِ وَالْحِنْطَةِ وَالشَّعِيْرِ وَالْعَسَلِ وَالْخَمْرُ مَا خَامَرَ الْعَقْلَ وَثَلَاثٌ، وَدِدْتُّ أَنَّ رَسُوْلَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ لَمْ يُفَارِقْنَا حَتّٰى يَعْهَدَ إِلَيْنَا عَهْدًا: الْجَدُّ وَالْكَلَالَةُ وَأَبْوَابٌ مِّنْ أَبْوَابِ الرِّبَا

✧✧ حضرت ابن عمر رضی اللہ عنہما بیان کرتے ہیں: حضرت عمر رضی اللہ عنہ نے نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کے منبر پر خطبہ دیتے ہوئے یہ کہا: جب شراب کی حرمت کا حکم نازل ہوا تو یہ پانچ چیزوں سے بنائی جاتی تھی۔

انگور، کھجور، گندم، جو اور شہد، اور ''خمر'' اس چیز کو کہتے ہیں جو عقل کو ڈھانپ لے۔ تین باتیں ایسی ہیں میری یہ آرزو تھی نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم دنیا سے رخصت ہونے سے پہلے ہمارے سامنے ان کی وضاحت کر جائیں۔ دادا کی وراثت کا حکم، کلالہ کا حکم اور تیسرا سود سے متعلق کچھ مسائل ہیں۔

أخرجه البخاري في: 74 كتاب الأشربة: 5 باب ما جاء فِيْ أن الخمر ما خامر العقل من الشراب

رقم الجزء: 1 رقم الصفحة: 942 (جہانگیری صحیح بخاری، مطبوعہ شبیر برادرز، رقم الحدیث:5266)

•••———•••———•••

في قوله تعالى هذان خصمان اختصموا فِيْ ربهم

ارشاد باری تعالیٰ ہے: ''یہ دو فریق ہیں جنہوں نے اپنے پروردگار کے بارے میں آپس میں جنگ کی''

1906 حديث أَبِيْ ذَرٍّ عَنْ قَيْسٍ رَضِيَ اللّٰهُ عَنْهُ،

Marfat.com

قَالَ: سَمِعْتُ أَبَا ذَرٍّ يُقْسِمُ قَسَمًا، إِنَّ هٰذِهِ الْآيَةَ (هٰذَانِ خَصْمَانِ اخْتَصَمُوْا فِيْ رَبِّهِمْ) نَزَلَتْ فِي الَّذِيْنَ بَرَزُوْا يَوْمَ بَدْرٍ: حَمْزَةَ، وَعَلِيٍّ، وَعُبَيْدَةَ بْنِ الْحَارِثِ، وَعُتْبَةَ وَشَيْبَةَ ابْنَيْ رَبِيْعَةَ، وَالْوَلِيْدِ بْنِ عُتْبَةَ

✧✧ حضرت ابوذر غفاری رضی اللہ عنہ قسم اٹھا کر یہ کہا کرتے تھے: یہ آیت

''یہ دو فریق جنہوں نے اپنے پروردگار کے بارے میں جھگڑا کیا تھا''

یہ آیت ان لوگوں کے بارے میں نازل ہوئی جن لوگوں کا بدر کے دن ایک دوسرے سے سامنا ہوا تھا (مسلمانوں کی طرف سے) حضرت حمزہ رضی اللہ عنہ، حضرت علی رضی اللہ عنہ اور حضرت عبیدہ بن حارث رضی اللہ عنہ تھے (اور کافروں کی طرف سے) عتبہ اور شیبہ یہ دونوں ربیعہ کے بیٹے ہیں' اور ولید بن عتبہ تھے۔

أخرجه البخاري في: 64 كتاب المغازي: 8 باب قتل أبي جهل

رقم الجزء: 1 رقم الصفحة: 943 (جہانگیری صحیح بخاری، مطبوعہ شبیر برادرز، رقم الحدیث: 3751)

Marfat.com

ذٰلِكَ فَضْلُ اللّٰهِ يُؤْتِيهِ مَنْ يَّشَاءُ

20 کتب سے تخریج

جہانگیری

صحیح بخاری شریف

ترجمہ

قدوۃ علماء المحققین

زبدۃ فضلاء المدققین

ابوالعلا محمد محی الدین جہانگیر

8 جلدیں مکمل

احادیث نبویہ کی سب سے مستند کتاب کا عام فہم، آسان، سلیس، بامحاورہ ترجمہ

امام احمد رضا خان رحمۃ اللہ علیہ کی تعلیقات علی البخاری

کا ترجمہ، وضاحتی الفاظ کے ہمراہ

صحیح بخاری
- آیات و الفاظ قرآنی
- صحابہ کرام کے آثار
- تابعین و آئمہ متبوعین کے اقوال
- امام بخاری کی فقہی و تحقیقی آراء

جملہ افراد • اشخاص • قبائل • بلاد و اماکن • دیگر کی

مفصل فہرستیں پہلی مرتبہ منصہ شہود پر

ایک ایسی خدمت جس کی عربی، فارسی، اردو میں کہیں بھی، کوئی بھی مثال نہیں پیش کی جا سکتی

شیخ برادرز

وہ کارِ عطاءِ ربِّ محظورا

Marfat.com

Marfat.com

شبیر برادرز
زبیدہ سنٹر ۴۰ اردو بازار لاہور
فون: 042-37246006
شبیر برادرز
اردو بازار لاہور

Marfat.com